افادات اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ
فوائد تفسیریہ
و
علوم قرآنیہ
فتاویٰ رضویہ کی روشنی میں
جلد سوم
ترتیب
علامہ حافظ محمد عبد الستار سعیدی
شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور
رضا فاؤنڈیشن
جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور
0321-9415300, 0300-9475300

افادات اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ
فوائدِ تفسیریہ و علومِ قرآنیہ
فتاویٰ رضویہ کی روشنی میں
ترتیب
علامہ حافظ محمد عبد الستار سعیدی
رضا فاؤنڈیشن
جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

افادات اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ

# فوائدِ تفسیریہ و علومِ قرآنیہ

فتاویٰ رضویہ کی روشنی میں

جلد سوم

ترتیب

علامہ حافظ محمد عبد الستار سعیدی

شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

رضا فاؤنڈیشن

جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

0321-9415300 0300-9415300

Ikram sb1c

1/1

نام کتاب ——— فوائدِ تفسیریہ وعلومِ قرآنیہ فتاوٰی رضویہ کی روشنی میں جلد ۳
ترتیب ——— حافظ محمد عبدالستار سعیدی شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور
فیضانِ کرامت ——— مفتی اعظم پاکستان علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
سرپرستی ——— صاحبزادہ مولانا محمد عبدالمصطفٰی ہزاروی ناظمِ اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور، شیخوپورہ
اہتمام ——— صاحبزادہ مولانا محمد عبدالمجتبٰی ہزاروی ناظم شعبۂ نشر واشاعت 〃 〃 〃 〃
تخریج وتصحیح ——— مولانا نذیر احمد سعیدی ۔ حافظ محمد شہزاد ہاشمی
کتابت ——— محمد شریف گل، کڑیال کلاں (گوجرانوالا)
صفحات ——— ۶۳۸
اشاعت ——— رجب المرجب ۱۴۲۹ھ/جولائی ۲۰۰۸ء
ناشر ——— رضا فاؤنڈیشن جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری دروازہ، لاہور
مطبع ———
قیمت ———

## ملنے کے پتے

(۱) رضا فاؤنڈیشن، جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری دروازہ، لاہور
۷۶۶۵۷۷۲ ۰۳۰۰/۹۴۱۵۳۰۰

(۲) مکتبۂ اہلسنت، جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری دروازہ، لاہور

(۳) ضیاء القرآن پبلیکیشنز، گنج بخش روڈ، لاہور

(۴) شبیر برادرز ۔ ۴۰ بی اردو بازار، لاہور

(۵) مکتبہ برکات المدینہ، بہادر آباد، کراچی
۰۲۱-۴۲۱۹۳۲۴

# فہرست مضامین

## جلد ۲۶

# جلد ۲۷

## جلد ۲۸

## جلد ۲۹

## جلد ۳۰

# فہرست آیاتِ قرآنی

## سُورۃ الفاتحۃ



## سُورۃ البقرۃ

2

لاینال عہدی الظّٰلمین ۔ (آیت : ۱۲۴) ص : ۲۴۶

ءانتم اعلم ام اللہ ۔ (آیت : ۱۴۰) ص : ۲۳۵ - ۳۹۲

یضل بہ کثیرًا ویہدی بہ کثیرا ۔ (آیت : ۲۶) ص : ۳۵۳

واذا سألك عبادی عنّی فانّی قریب ۔ (آیت : ۱۸۶) ص : ۳۷۷ - ۳۸۶

اینما تولّوا فثم وجہ اللہ (آیت : ۱۱۵) ص : ۳۷۷

امر تقولون علی اللہ ما لا تعلمون ۔ (آیت : ۸۰) ص : ۳۸۲

ان طہرا بیتی ۔ (آیت : ۱۲۵) ص : ۳۸۹

وکنتم امواتا فاحیاکم ثم یمیتکم ثم یحییکم ۔ (آیت : ۲۸) ص : ۳۹۹

رب ارنی کیف تحی الموتیٰ ۔ (آیت : ۲۶۰) ص : ۴۰۳

یغفر لمن یشاء (آیت : ۲۸۴) ص : ۴۰۵

ان الذین کفروا سواء علیہم ءانذرتہم ام لم تنذرہم لا یؤمنون ۔ (آیت ۶) ص : ۴۰۶

ولا تلقوا بایدیکم الی التہلکۃ ۔ (آیت : ۱۹۵) ص : ۴۱۷

ولو لا دفع اللہ الناس بعضہم ببعض لفسدت الارض ولکن اللہ ذو فضل علی العٰلمین ۔ (آیت : ۲۵۱) ص : ۴۱۹ - ۶۰۴

ولکم فی القصاص حیٰوۃ یاولی الالباب لعلکم تتقون ۔ (آیت : ۱۷۹) ص : ۴۱۹

وتزوّدوا فان خیر الزاد التقویٰ واتقون یاولی الالباب ۝ لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلا من ربکم ۔ (آیت : ۱۹۷ - ۱۹۸) ص : ۴۲۲

اقیموا الصلٰوۃ ۔ (آیت : ۴۳) ص : ۴۳۳

ربنا لا تؤاخذنا ان نسینا او اخطأنا ۔ (آیت : ۲۸۶) ص : ۴۳۶

یؤمنون بالغیب ۔ (آیت : ۳) ص : ۴۴۰

اوکالذی مرّ علیٰ قریۃ وھی خاویۃ علیٰ عروشہا قال انّٰی یحیی ھٰذہ اللہ بعد موتہا (الیٰ قولہ تعالیٰ) قال اعلم انّ اللہ علیٰ کلّ شیٔ قدیر ۔ (آیت : ۲۵۹) ص : ۴۶۷

اللہ ولی الذین اٰمنوا ۔ (آیت : ۲۵۷) ص : ۴۶۸

اتامرون الناس بالبرّ وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتٰب افلا تعقلون ۔ (آیت : ۴۴) ص : ۴۸۰

2/2

وكانوا من قبل يستفتحون على الذين كفروا فلما جاءهم ما عرفوا كفروا به فلعنة الله على الكفرين۔ (آيت : ۸۹) ص: ۴۸۶ - ۵۱۲

يسمعون كلٰم الله۔ (آيت : ۷۵) ص: ۴۹۲

وهو بكل شئ عليم۔ (آيت : ۲۹) ص: ۴۹۹

تلك الرسل فضلنا بعضهم على بعض منهم من كلم الله ورفع بعضهم درجٰت۔ (آيت : ۲۵۳) ص: ۵۲۷

يآدم اسكن انت وزوجك الجنة۔ (آيت : ۳۵) ص: ۵۲۹

يٰموسٰى لن نصبر على طعام واحد۔ (آيت : ۶۱) ص: ۵۳۲

يايها الذين اٰمنوا۔ (آيت : ۱۸۳) ص: ۵۳۴

فلنولينك قبلة ترضٰها۔ (آيت : ۱۴۴) ص: ۵۲۹

والعبد مؤمن خير من مشرك۔ (آيت : ۲۲۱) ص: ۵۵۶

بل لعنهم الله بكفرهم فقليلا ما يؤمنون۔ (آيت : ۸۸) ص: ۵۹۱

ليس البران تولوا وجوهكم قبل المشرق والمغرب ولكن البر من اٰمن بالله واليوم الاٰخر والملٰئكة والكتٰب والنبيين۔ (آيت : ۱۷۷) ص: ۵۹۵

افتؤمنون ببعض الكتٰب وتكفرون ببعض فما جزاء من يفعل ذٰلك منكم الاخزى فى الحيٰوة الدنيا ويوم القيٰمة يردون الى اشد العذاب (الٰى قوله تعالٰى) ولاهم ينصرون۔ (آيت : ۸۵ - ۸۶) ص: ۵۹۸ - ۶۳۴

ربنا وابعث فيهم رسولا منهم يتلوا عليهم اٰيٰتك ويعلمهم الكتٰب والحكمة ويزكيهم انك انت العزيز الحكيم۔ (آيت : ۱۲۹) ص: ۶۱۰ - ۶۲۸

كما ارسلنا فيكم رسولا منكم يتلوا عليكم اٰيٰتنا ويزكيكم ويعلمكم الكتٰب والحكمة ويعلمكم مالم تكونوا تعلمون۔ (آيت : ۱۵۱) ص: ۶۱۱

## سورۃ اٰل عمران

والراسخون فى العلم يقولون اٰمنا به كل من عند ربنا وما يذكر الا اولوا الالباب۔ (آيت : ۷) ص: ۹۶ - ۳۵۰ - ۳۵۴ - ۳۷۵

انّ اللہ لا یخفی علیہ شیئٌ فی الارض ولا فی السماء ۝ ھو الذی یصورکم فی الارحام
کیف یشاءُ ط لا الٰہ الا ھو العزیز الحکیم۔ (آیت: ۵-۶) ص: ۱۰۵ - ۳۴۱

ولا یحسبن الذین کفروا انما نملی لھم خیر لانفسھم ط انما نملی لھم لیزدادوا اثما
ولھم عذاب مھین۔ (آیت: ۱۷۸) ص: ۱۳۹

بل احیاء عند ربھم۔ (آیت: ۱۶۹) ص: ۱۴۶ - ۲۲۷

ابرئُ الاکمہ والابرص واُحی الموتیٰ باذن اللہ۔ (آیت: ۴۹) ص: ۲۰۰

نزل علیک الکتٰب بالحق مصدقًا لما بین یدیہ۔ (آیت: ۳) ص: ۲۱۱

ومصدقا لما بین یدیّ من التورٰیۃ۔ (آیت: ۵۰) ص: ۲۱۲

انّ الدین عند اللہ الاسلام۔ (آیت: ۱۹) ص: ۲۴۴

وما محمد الا رسول۔ (آیت: ۱۴۴) ص: ۲۸۷

ھم للکفر یومئذ اقرب منھم للایمان۔ (آیت: ۱۶۷) ص: ۳۰۷

یقولون بافواھھم مالیس فی قلوبھم ط واللہ اعلم بما یکتمون۔ (آیت: ۱۶۷) ص: ۳۰۷

لو نعلم قتالا لاتبعنٰکم۔ (آیت: ۱۶۷) ص: ۳۰۷

فانّ اللہ غنی عن العٰلمین۔ (آیت: ۹۷) ص:

ھو الذی انزل علیک الکتٰب منہ اٰیٰت محکمٰت ھن ام الکتٰب و اُخر متشٰبھٰت ط فاما ۳۵۱
الذین فی قلوبھم زیغ (الیٰ قولہ تعالیٰ) وما یذکر الا اولوا الالباب۔ (آیت: ۷)
ص: ۳۵۲ - ۳۵۳ - ۳۵۴ -

خلقہ من تراب ثم قال لہ کن فیکون۔ (آیت: ۵۹) ص: ۳۷۱

وما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء۔
(آیت: ۱۷۹) ص: ۴۴۰ - ۶۰۲ - ۶۳۶

لاٰیٰت لاولی الالباب ۝ الذین یذکرون اللہ قیامًا وقعودًا وعلیٰ جنوبھم۔
(آیت: ۱۹۰ - ۱۹۱) ص: ۵۰۰

واذ اخذ اللہ میثاق النبیّٖن لما اٰتیتکم من کتٰب وحکمۃ (الیٰ قولہ تعالیٰ)
ھم الفٰسقون۔ (آیت: ۸۱ - ۸۲) ص: ۵۱۰

لتؤمنن بہ ولتنصرنہ۔ (آیت: ۸۱) ص: ۵۱۵ - ۵۵۶

## سُورۃ النّساء

اِنِ امرؤٌ اھلك لیس لہ ولد ولہ اخت فلھا نصف ما ترك ۔ (آیت: ۱۷۶) ص: ۶۹
وَلھن الربع مما ترکتم ان لم یکن لکم ولد فان کان لکم ولد فلھن الثمن مما ترکتم
من بعد وصیة توصون بھا اودین ۔ (آیت: ۱۲) ص: ۶۹-۷۳-۷۵
لَن یجعل اللہ للکٰفرین علی المؤمنین سبیلا۔ (آیت: ۱۴۱) ص: ۷۱
اَلَم ترالی الذین یزعمون انھم اٰمنوا بما انزل الیك وما انزل من قبلك یریدون
ان یتحاکموا الی الطاغوت (الیٰ قولہ تعالیٰ) ضللاً بعیدا۔ (آیت: ۶۰) ص: ۷۲
وَاِن کانت واحدۃ فلھا النصف ۔ (آیت: ۱۱) ص: ۷۳
فلا وربك لایؤمنون حتّٰی یحکّموك فیما شجر بینھم ثم لا یجدوا فی انفسھم
حرجًا مما قضیت ویسلّموا تسلیما ۔ (آیت: ۶۵) ص: ۷۴
اِنّ الذین یاکلون اموال الیتٰمیٰ ظلمًا انما یاکلون فی بطونھم نارًا ط وسیصلون
سعیرا ۔ (آیت: ۱۰) ص: ۷۵
یٰایھا الذین اٰمنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم ۔ (آیت: ۵۹)
ص: ۷۹-۱۰۰-۱۰۱-۲۰۰-۴۱۸
وَعلّمك مالم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیك عظیما ۔ (آیت: ۱۱۳)
ص: ۱۰۹-۴۲۵-۵۸۲
وَلو ردّوہ الی الرسول واِلیٰ اولی الامر منھم لعلمہ الذین یستنبطونہ منھم ۔
(آیت: ۸۳) ص: ۲۰۰
فَاذا فریق منھم یخشون الناس کخشیة اللہ او اشد خشیة ۔ (آیت: ۷۷) ص: ۲۰۸
ویقولون طاعة فاذا برزوا من عندك بیّت طائفة منھم غیر الذی تقول ط
واللہ یکتب مایبیّتون ۔ (آیت: ۸۱) ص: ۲۶۶
وَکان اللہ بکل شیءٍ علیما ۔ (آیت: ۱۲۶) ص: ۳۷۲-۳۷۷
وَجئنا بك علیٰ ھٰؤلاء شھیدًا ۔ (آیت: ۴۱) ص: ۴۴۹
وَلو انھم اذ ظلموا انفسھم جاءوك فاستغفروا اللہ واستغفر لھم الرسول
لوجدوا اللہ توابا رحیما ۔ (آیت: ۶۴) ص: ۴۶۲ - ۴۶۹ - ۶۰۳
وَلا تؤتوا السفھاء اموالکم التی جعل اللہ لکم قیٰما وارزقوھم فیھا

## سُورۃ المائدۃ

## سورۃ الانعام

لاتزر وازرۃ وزر اخری ۔ (آیت: ۱۶۴) وبنی اسراءیل (آیت: ۱۵) و فاطر (آیت: ۱۸)

ص: ۲۰۱

وھٰذا کتاب انزلنٰہ مبارک مصدق الذی بین یدیہ ۔ (آیت: ۹۲) ص: ۲۱۱

ذٰلک ان لم یکن ربک مھلک القرٰی بظلم و اھلھا غٰفلون ۔ (آیت: ۱۳۱) ص: ۲۴۱

ان تقولوا انما انزل الکتٰب علیٰ طائفتین من قبلنا و ان کنا عن دراستھم لغٰفلین ۔

(آیت: ۱۵۶) ص: ۲۴۲

الذین اٰمنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم ۔ (آیت: ۸۲) ص: ۲۸۳

ولو ردوا لعادوا لما نھوا عنہ ۔ (آیت: ۲۸) ص: ۳۰۵

کتب علیٰ نفسہ الرحمۃ ۔ (آیت: ۱۲) ص: ۳۰۵

ان الذین فرقوا دینھم وکانوا شیعا لست منھم فی شیٔ ۔ (آیت: ۱۵۹) ص: ۳۴۰

خالق کل شیٔ فاعبدوہ ۔ (آیت: ۱۰۲) ص: ۳۷۴

ھو اللہ فی السمٰوٰت و فی الارض ۔ (آیت: ۳) ص: ۳۸۶

کتب ربکم علیٰ نفسہ الرحمۃ ۔ (آیت: ۵۴) ص: ۳۹۲

ولٰکن الظّٰلمین باٰیٰت اللہ یجحدون ۔ (آیت: ۳۳) ص: ۴۰۳

ولو شاء اللہ لجمعھم علی الھدٰی فلا تکونن من الجٰھلین ۔ (آیت: ۳۵) ص: ۴۰۷

ذٰلک جزینٰھم ببغیھم و انا لصٰدقون ۔ (آیت: ۱۴۶) ص: ۴۱۰

ولا حبۃ فی ظلمٰت الارض ولا رطب ولا یابس الا فی کتٰب مبین ۔ (آیت: ۵۹)

ص: ۴۱۵-۴۵۷

الا ان یشاء ربی شیئا ۔ (آیت: ۸۰) ص: ۴۲۶

لانذرکم بہ ومن بلغ ۔ (آیت: ۱۹) ص: ۴۳۴

وکذٰلک نری ابرٰھیم ملکوت السمٰوٰت والارض ۔ (آیت: ۷۵) ص: ۴۴۸

ما فرطنا فی الکتٰب من شیٔ ۔ (آیت: ۳۸) ص: ۴۵۶

وھم ینھون عنہ وینئون عنہ وان یھلکون الا انفسھم وما یشعرون (آیت: ۲۶)

ص: ۴۷۸

قال النار مثوٰکم ۔ (آیت: ۱۲۸) ص: ۵۰۷

## سُورۃ الاعراف

قَالَ یٰمُوسٰی انی اصطفیتك علی الناس برسٰلتی و بکلامی ۔ (آیت: ۱۴۴) ص: ۴۹۲

لقد ارسلنا نوحا الی قومه ۔ (آیت: ۵۹) ص: ۵۱۹

والی عاد اخاهم هودا ۔ (آیت: ۶۵) ص: ۵۱۹

والی ثمود اخاهم صٰلحًا ۔ (آیت: ۷۳) ص: ۵۱۹

ولوطا اذ قال لقومه ۔ (آیت: ۸۰) ص: ۵۱۹

والی مدین اخاهم شعیبا ۔ (آیت: ۸۵) ص: ۵۱۹

ثم بعثنا من بعدهم موسٰی بایٰتنا الی فرعون وملائه ۔ (آیت: ۱۰۳) ص: ۵۱۹

قل یایها الناس انی رسول الله الیکم جمیعا ۔ (آیت: ۱۵۸) ص: ۵۲۰

یٰموسی ادع لنا ربك بما عهد عندك ۔ (آیت: ۱۳۴) ص: ۵۳۲

یٰصٰلح ائتنا بما تعدنا ۔ (آیت: ۷۷) ص: ۵۳۲

انا لنرٰیك فی ضلٰل مبین ۔ (آیت: ۶۰) ص: ۵۳۷

یٰقوم لیس بی ضلالة ولٰکنی رسول من رب العٰلمین ۔ (آیت: ۶۱) ص: ۵۳۷

انا لنرٰیك فی سفاهة وانا لنظنك من الکٰذبین ۔ (آیت: ۶۶) ص: ۵۳۷

یٰقوم لیس بی سفاهة ولکن رسول من رب العٰلمین ۔ (آیت: ۶۷) ص: ۵۳۸

ولقد ذرأنا لجهنم کثیرا من الجن والانس (الی قوله تعالیٰ) اولٰئك کالانعام
بل هم اضل اولٰئك هم الغٰفلون ۔ (آیت: ۱۷۹) ص: ۵۸۴

واتل علیهم نبا الذی اٰتینٰه اٰیٰتنا فانسلخ منها (الی قوله تعالیٰ) ومن یضلل
فاولٰئك هم الخٰسرون ۔ (آیت: ۱۷۵ تا ۱۷۸) ص: ۵۸۹

الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونه مکتوبا عندهم فی التورٰة والانجیل
(الی قوله تعالیٰ) ویضع عنهم اصرهم والاغلٰل التی کانت علیهم ۔ (آیت: ۱۵۷) ص: ۶۱۰

اذا جاءتهم رسلنا یتوفونهم ۔ (آیت: ۳۷) ص: ۶۳۱

## سورة الانفال

واولوا الارحام بعضهم اولیٰ ببعض فی کتاب الله ط ان الله بکل شئ علیم ۔ (آیت: ۷۵)

ص: ۶۵-۷۴-۱۷۹

## سُورۃ التوبة

ولو انھم رضوا ما اٰتٰھم اللہ ورسولہ وقالوا حسبنا اللہ سیؤتینا اللہ من فضلہ ورسولہ انّا الی اللہ راغبون۔ (آیت: ۵۹) ص: ۲۰۰ - ۲۰۶

انّما یعمر مسٰجد اللہ من اٰمن باللہ والیوم الاٰخر۔ (آیت: ۱۸) ص: ۲۰۶

فاللہ احق ان تخشوہ ان کنتم مؤمنین۔ (آیت: ۱۳) ص: ۲۰۸ - ۲۰۹

یوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم۔ (آیت: ۲۵) ص: ۲۳۰

ولئن سألتھم لیقولن انما کنا نخوض ونلعب قل اباللہ و اٰیٰتہ ورسولہ کنتم تستھزءون ○ لا تعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم۔ (آیت: ۶۵-۶۶)

ص: ۳۹۵ - ۵۹۳ - ۵۹۸

خضتم کالذی خاضوا۔ (آیت: ۶۹) ص: ۴۲۶

لا تعلمھم۔ (آیت: ۱۰۱) ص: ۴۵۸

والذین یؤذون رسول اللہ لھم عذاب الیم۔ (آیت: ۶۱) ص: ۴۶۰ - ۵۴۲ - ۵۷۸

ما کان للنبی والذین اٰمنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربیٰ من بعد ما تبیّن انھم اصحٰب الجحیم۔ (آیت: ۱۱۳) ص: ۴۷۲ - ۴۸۹

فاجرہ حتی یسمع کلام اللہ۔ (آیت: ۶) ص: ۴۹۲

ورحمۃ للذین اٰمنوا منکم۔ (آیت: ۶۱) ص: ۵۲۴ - ۵۴۲

ھو اذن۔ (آیت: ۶۱) ص: ۵۴۱

اذن خیر لکم۔ (آیت: ۶۱) ص: ۵۴۲

یؤمن باللہ۔ (آیت: ۶۱) ص: ۵۴۲

وایّدہ بجنود لم تروھا۔ (آیت: ۴۰) ص: ۵۴۹

عفا اللہ عنک لم اذنت لھم۔ (آیت: ۴۳) ص: ۵۵۵

انّما المشرکون نجس۔ (آیت: ۲۸) ص: ۵۵۸

قل ان کان اٰباؤکم وابناؤکم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموالُ اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا ومسٰکن ترضونھا (الیٰ قولہ تعالیٰ) واللہ لا یھدی القوم الفٰسقین۔ (آیت: ۲۴) ص: ۵۷۴

یٰایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا اٰباءکم واخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی

الایمانؕ و من یتولہم منکم فاولٰئک ھو الظّٰلمون ۔ (آیت : ۲۳) ص : ۵۷۷

یحلفون باللہ ما قالوا ولقد قالوا کلمۃ الکفر وکفروا بعد اسلامھم ۔ (آیت : ۷۴)

ص : ۵۹۲ - ۵۹۸ - ۶۰۲

وما منعھم ان تقبل منھم نفقٰتھم الّا انھم کفروا باللہ و برسولہ ولا یأتون الصلٰوۃ الّا وھم کسالٰی ولا ینفقون الا وھم کٰرھون ۔ (آیت : ۵۴) ص : ۵۹۵

فان تابوا و اقاموا الصلوٰۃ و اٰتوا الزکوٰۃ فاخوانکم فی الدینؕ ونفصل الاٰیٰت لقومٍ یعلمون ○ وان نکثوا ایمانھم من بعد عھدھم وطعنوا فی دینکم فقاتلوا ائمۃ الکفر انھم لا ایمان لھم لعلھم ینتھون ۔ (آیت : ۱۱ - ۱۲) ص : ۵۹۶

خُذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم وتزکیھم بھا وصل علیھم انّ صلٰوتک سکن لھم ۔ (آیت : ۱۰۳) ص : ۶۱۳

والمؤمنون والمؤمنٰت بعضھم اولیاء بعض ۔ (آیت : ۷۱) ص : ۶۲۱

قاتلوا الذین لا یؤمنون باللہ ولا بالیوم الاٰخر ولا یحرمون ما حرم اللہ و رسولہ ۔ (آیت : ۲۹) ص : ۶۳۴

## سُورۃ یُونس

انّ الذین یفترون علی اللہ الکذب لا یفلحون ۔ (آیت : ۶۹) و النحل (آیت : ۱۱۶)

ص : ۱۲۲ - ۱۵۷

قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذٰلک فلیفرحوا ۔ (آیت : ۵۸) ص : ۱۲۳ - ۳۴۴ - ۳۹۵ - ۳۹۶

قل من یرزقکم من السماء والارض امن یملک السمع والابصار ومن یخرج الحیّ من المیت ویخرج المیت من الحیّ ومن یدبر الامر فسیقولون اللہ فقل افلا تتقون ۔ (آیت : ۳۱) ص : ۱۲۲ - ۱۴۳ - ۶۱۷

یدبر الامر ۔ (آیت : ۳) ص : ۱۴۳

جعل الشمس ضیاء والقمر نورا ۔ (آیت : ۵) ص : ۱۴۷

سبحٰنہ وتعالٰی عمّا یشرکون ۔ (آیت : ۱۸) والنحل (آیت : ۱) والروم (آیت : ۴۰)

ص : ۱۴۸

وَمَا یعزب عن ربّک من مثقال ذرّۃ فی الارض ولا فی السماء ۔ (آیت: ۶۱) ص: ۱۵۱

مَاکان ھٰذا القرآن ان یفتریٰ من دون اللہ ولکن تصدیق الذی بین یدیہ ۔ (آیت: ۳۷) ص: ۲۱۲

اِنّ ربکم اللہ الذی خلق السمٰوٰت والارض فی ستّۃ ایام ثم استویٰ علی العرش ۔ (آیت: ۳) ص: ۲۵۶

حَتّیٰ اذا ادرکہ الغرق قال اٰمنت انہ لا الٰہ الا الذی اٰمنت بہ بنوا اسراءیل و انا من المسلمین ۝ آلٰئن وقد عصیت قبل وکنت من المفسدین ۔ (آیت: ۹۰ ۔ ۹۱)

ص: ۴۸۸

## سُورۃ ھُود

اِنّہ لیس من اھلک انہ عمل غیر صالح ۔ (آیت: ۴۶) ص: ۶۷ ۔ ۴۶۸ ۔ ۵۶۹

وَلا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار ۔ (آیت: ۱۱۳) ص: ۷۰

اَلا لعنۃ اللہ علی الظّٰلمین ۝ الذین یصدّون عن سبیل اللہ ویبغونھا عوجا ط وھم بالاٰخرۃ ھم کٰفرون ۔ (آیت: ۱۸ ۔ ۱۹) ص: ۱۲۲ ۔ ۵۹۸

اِنّ ربک فعال لما یرید ۔ (آیت: ۱۰۷) والبروج (آیت: ۱۶) ص: ۱۴۹ ۔ ۱۹۶ ۔ ۴۲۶

اِنّ الحسنات یذھبن السیّاٰت ۔ (آیت: ۱۱۴) ص: ۳۰۶

تِلک من انباء الغیب نوحیھا الیک ۔ (آیت: ۴۹) ص: ۳۴۳

اِلّا ماشاء ربک ۔ (آیت: ۱۰۷ ۔ ۱۰۸) ص: ۴۰۰ ۔ ۴۰۱

مَادامت السمٰوٰت والارض ۔ (آیت: ۱۰۷ ۔ ۱۰۸) ص: ۴۰۰

وَمن خزی یومئذ ۔ (آیت: ۶۶) ص: ۴۹۵ ۔ ۵۰۱

یٰنوح اھبط بسلٰم منّا ۔ (آیت: ۴۸) ص: ۵۲۹

یٰنوح قد جادلتنا ۔ (آیت: ۳۲) ص: ۵۳۲

یٰشعیب ما نفقہ کثیرا ممّا تقول ۔ (آیت: ۹۱) ص: ۵۳۲

اِنّا لنرٰک فینا ضعیفا ج ولولا رھطک لرجمنٰک وما انت علینا بعزیز ۔ (آیت: ۹۱)

ص: ۵۳۸

یٰقوم ارھطی اعز علیکم من اللہ ط واتخذ تموہ وراءکم ظھریا ۔ (آیت: ۹۲) ص: ۵۳۸

## سورة يوسف



## سورة الرّعد

وَاللہ یحکم لامعقب لحکمہ۔ (آیت : ۴۱) ص : ۱۵۰

لہ معقبٰت من بین یدیہ ومن خلفہ یحفظونہ من امراللہ۔ (آیت : ۱۱)

ص : ۱۹۹ - ۶۰۶

اِن ربک لذو مغفرۃ للناس علیٰ ظلمہم۔ (آیت ۶) ص : ۳۰۶

لہم اللعنۃ ولہم سوء الدار۔ (آیت : ۲۵) ص : ۳۴۲

اللہ الذی رفع السمٰوٰت بغیرعمد ترونہا ثم استوٰی علی العرش۔ (آیت ۲)

ص : ۳۵۶

لست مرسلا۔ (آیت : ۴۳) ص : ۵۴۱

# سُورۃ ابراھیم

یاتیہ الموت من کل مکان وماھوبمیّت۔ (آیت : ۱۷) ص : ۱۲۴

وذکرھم بایّام اللہ۔ (آیت : ۵) ص : ۱۳۳ - ۳۴۴ - ۳۹۵ - ۳۹۶ -

یفعل اللہ مایشاء۔ (آیت : ۲۷) ص : ۱۴۹ - ۱۹۶ - ۴۰۸

وقد مکروا مکرھم وعند اللہ مکرھم ط وان کان مکرھم لتزول منہ الجبال۔

(آیت : ۴۶) ص : ۱۷۲ - ۲۲۷

وانذر الناس یوم یاتیہم العذاب فیقول الذین ظلموا ربنا اخرنا الیٰ اجل قریب نجب دعوتک ونتّبع الرسل ط اولم تکونوا اقسمتم من قبل مالکم من زوال۔ (آیت : ۴۴) ص : ۱۷۷ - ۱۷۸

وسخرالشمس والقمر دائبین۔ (آیت : ۳۳) ص : ۱۹۴ - ۵۰۷

وان تعدوا نعمۃ اللہ لاتحصوھا۔ (آیت : ۳۴) ص : ۴۳۱

وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ۔ (آیت : ۴) ص : ۵۱۸

ربنا اغفرلی ولوالدیّ وللمؤمنین یوم یقوم الحساب۔ (آیت : ۴۱) ص : ۵۵۱

ربنا وتقبل دعاء۔ (آیت : ۴۰) ص : ۵۵۲

الٓرٰ ۰ کتٰب انزلنٰہ الیک لتخرج الناس من الظلمٰت الی النور باذن ربہم الیٰ صراط العزیز الحمید۔ (آیت : ۱) ص : ۶۲۳

3 ولقد ارسلنا موسٰی بایٰتنا ان اخرج قومك من الظلمٰت الی النور ۔ (آیت : ۵) ص : ۶۳۳

## سُورۃ الحجر

وان من شیٔ عندنا الا خزائنه وما ننزله الا بقدر معلوم ۔ (آیت : ۲۱) ص : ۸۰

وانا له لحٰفظون ۔ (آیت : ۹) ص : ۹۱

فاصدع بما تؤمر واعرض عن المشرکین ۔ (آیت : ۹۴) ص : ۴۸۴

لا تمدن عینیك الٰی ما متعنا به ازواجا منهم ۔ (آیت : ۸۸) ص : ۵۲۴

وقالوا یایها الذی نزل علیه الذکر انك لمجنون ۔ (آیت : ۶) ص : ۵۳۲ - ۵۳۹

لعمرك انهم لفی سکرتهم یعمهون ۔ (آیت : ۷۲) ص : ۵۳۵

## سُورۃ النّحل

واللہ اخرجکم من بطون امھٰتکم لا تعلمون شیئا وجعل لکم السمع والابصار الخ ۔ (آیت : ۷۸) ص ۱۱۰

ونزلنا علیك الکتٰب تبیانا لکل شیٔ وھدی ورحمة وبشری للمسلمین ۔ (آیت : ۸۹) ص : ۱۲۸ - ۳۴۹ - ۴۵۶ - ۴۵۷

وانزلنا الیك الذکر لتبین للناس ما نزل الیهم ۔ (آیت : ۴۴) ص : ۱۲۸ - ۳۴۸

فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون ۔ (آیت : ۴۳) والانبیاء (آیت : ۷) ص ۱۲۸ - ۱۹۸ - ۴۳۰

ان کنتم لا تعلمون ○ بالبینٰت والزبر وانزلنا الیك الذکر الاٰیة ۔ (آیت : ۴۳ - ۴۴)

ص : ۱۲۸

والقٰی فی الارض رواسی ان تمید بکم ۔ (آیت : ۱۵) ص : ۱۴۰

ما ملکت ایمانهم ۔ (آیت : ۷۱) ص : ۱۴۷

واقسموا باللہ جهد ایمانهم لا یبعث اللہ من یموت ۔ (آیت : ۳۸) ص : ۱۷۶

اتٰی امر اللہ فلا تستعجلوہ ۔ (آیت : ۱) ص : ۳۰۳

وما ظلمنٰهم ولکن کانوا انفسهم یظلمون ۔ (آیت : ۱۱۸) ص : ۴۱۰

ولا تقولوا لما تصف السنتکم الکذب ھٰذا حلال وھٰذا حرام لتفتروا علی اللہ الکذب

ان الذین یفترون علی اللہ الکذب لا یفلحون ۔ (آیت : ۱۱۶ - ۱۱۷) ص : ۴۳۹

والشمس والقمر ط والنجوم مسخرات بامرہ ۔ (آیت : ۱۲) ص : ۵۰۹

فرہنگ تفسیر جلد ۳

انّ الخزی الیوم والسوء علی الکفرین o الذین تتوفّٰھم الملٰئکۃ ظالمی انفسھم ۔
(آیت: ۲۷ - ۲۸)
ص: ۶۳۲

کذٰلک یجزی اللہ المتقین o الذین تتوفّٰھم الملٰئکۃ طیّبین ۔ (آیت: ۳۱ - ۳۲)

ص: ۶۳۲

## سُورۃ بنی اسرائیل

سبحٰن الذی اسرٰی بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام ۔ (آیت: ۱)

ص: ۱۳۰ - ۴۶۴ - ۴۶۶ - ۵۴۸

تسبح لہ السمٰوٰت السبع والارض ومن فیھن ط وان من شئ الّا یسبح بحمدہ ولٰکن
لا تفقھون تسبیحھم ۔ (آیت: ۴۴) ص: ۱۳۵ - ۱۳۶

سبحٰنہ وتعالٰی عما یقولون علوّا کبیرا ۔ (آیت: ۴۳) ص: ۱۴۱

اقم الصلوٰۃ لدلوک الشمس ۔ (آیت: ۷۸) ص: ۱۸۳ - ۱۸۶

وماکنّا معذّبین حتّٰی نبعث رسولا ۔ (آیت: ۱۵) ص: ۲۴۰

ابعث اللہ بشرا رسولا ۔ (آیت: ۹۴) ص: ۲۴۴

لا تقل لھما اف ولا تنھرھما ۔ (آیت: ۲۳) ص: ۳۴۸

ومن اراد الاٰخرۃ وسعٰی لھا سعیھا وھو مؤمن فاولٰئک کان سعیھم مشکورا ۔
(آیت: ۱۹) ص: ۴۲۰

عسٰی ان یبعثک ربک مقاما محمودا ۔ (آیت: ۷۹)

ص: ۴۵۹ - ۴۶۱ - ۴۶۹ - ۵۴۵ - ۵۵۱

ولا تجعل یدک مغلولۃ الٰی عنقک ۔ (آیت: ۲۹) ص: ۵۲۴

انّی لاظنک یٰموسٰی مسحورا ۔ (آیت: ۱۰۱) ص: ۵۳۸

لقد علمت ما انزل ھٰؤلاء الّا رب السمٰوٰت والارض بصائر وانی لاظنک یٰفرعون
مثبورا ۔ (آیت: ۱۰۲) ص: ۵۳۸

# سُورۃ الکہف



# سُورۃ مریم

## سورة طٰـهٰ

وعجلت الیک رب لترضیٰ الخ۔ (آیت: ۸۴) ص: ۵۴۹

واناَ اخترتک فاستمع لما یوحیٰ ٥ اننی انا اللہ لا الٰہ الا انا فاعبدنی واقم الصلوٰۃ لذکری۔
(آیت: ۱۳-۱۴) ص: ۵۵۰

ربنا اننا نخاف ان یفرط علینا او ان یطغیٰ۔ (آیت: ۴۵) ص: ۵۵۴

لا تخافا اننی معکما اسمع واریٰ۔ (آیت: ۴۶) ص: ۵۵۴

# سورۃ الانبیاء

وجعلنٰھم ائمۃ یھدون بامرنا۔ (آیت: ۷۳) ص: ۷۹

وربنا الرحمٰن المستعان علیٰ ما تصفون۔ (آیت: ۱۱۲) ص: ۱۴۴

لا یسئل عما یفعل وھم یسئلون۔ (آیت: ۲۳) ص: ۱۴۹ - ۴۰۸

اقترب للناس حسابھم وھم فی غفلۃ معرضون۔ (آیت: ۱) ص: ۲۲۵

ان الذین سبقت لھم منا الحسنیٰ اولٰئک عنھا مبعدون ٥ لا یسمعون حسیسھا وھم فی ما اشتھت انفسھم خٰلدون ٥ لا یحزنھم الفزع الاکبر وتتلقٰھم الملٰئکۃ ط ھٰذا یومکم الذی کنتم توعدون ٥ (آیت: ۱۰۱ تا ۱۰۳)

ص: ۳۰۶ - ۳۴۵ - ۳۹۲ - ۳۹۳ - ۴۰۱ - ۴۰۴ - ۴۲۷ - ۴۲۸

وعلمنٰہ صنعۃ لبوس لکم لتحصنکم من بأسکم فھل انتم شاکرون۔ (آیت: ۸۰) ص: ۵۱۴

ومن یقل منھم انی الٰہ من دونہ فذٰلک نجزیہ جھنم ط کذٰلک نجزی الظٰلمین۔ (آیت: ۲۹)
ص: ۵۱۷

وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین۔ (آیت: ۱۰۷) ص: ۵۱۷ - ۶۰۳ - ۶۲۸

ءانت فعلت ھٰذا بالٰھتنا یا براھیم۔ (آیت: ۶۲) ص: ۵۳۲

# سورۃ الحج

ونقر فی الارحام ما نشاء الیٰ اجل مسمی۔ (آیت: ۵) ص: ۱۰۵

ومن یعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب۔ (آیت: ۳۲) ص: ۱۳۲ - ۳۲۷

ومن یعظم حرمٰت اللہ فھو خیر لہ عند ربہ۔ (آیت: ۳۰) ص: ۱۳۲

ضعف الطالب والمطلوب ۔ (آیت : ۷۳) ص : ۱۴۴

یاایہا الناس ضرب مثل فاستمعوالہ ط ان الذین تدعون من دون اللہ لن یخلقوا ذبابا ولو اجتمعوالہ ۔ (آیت : ۷۳) ص : ۱۴۴

انہا لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور ۔ (آیت : ۴۶) ص : ۱۴۹

ولولا دفع اللہ الناس بعضہم ببعض لہدمت صوامع وبیع وصلوٰت و مسٰجد یذکر فیہا اسم اللہ کثیرا ۔ (آیت : ۴۰) ص : ۲۰۶ - ۳۳۸ - ۴۱۹ - ۶۰۴

ثم محلہا الی البیت العتیق ۔ (آیت : ۳۳) ص : ۲۲۷

واذن فی الناس بالحج ۔ (آیت : ۲۷) ص : ۲۳۲

ھو سمّٰکم المسلمین من قبل ۔ (آیت : ۷۸) ص : ۲۴۵

ولن یخلف اللہ وعدہ ط (آیت : ۴۷) ص : ۴۰۰

وتری الناس سکٰری وما ھم بسکٰری ۔ (آیت : ۲) ص : ۴۹۴

## سورۃ المؤمنون

ثم ارسلنا موسٰی واخاہ ھارون بایٰتنا وسلطٰن مبین ۝ الی فرعون وملائہ فاستکبروا وکانوا قوما عالین ۔ (آیت : ۴۵ - ۴۶) ص : ۹۷

فتبٰرک اللہ احسن الخالقین ۔ (آیت : ۱۴) ص : ۱۴۳

ان ھی الا حیاتنا الدنیا نموت ونحیا وما نحن بمبعوثین ۔ (آیت : ۳۷) ص : ۱۷۶

قل لمن الارض ومن فیہا ان کنتم تعلمون سیقولون للہ ط قل افلا تذکرون ۝ (الی قولہ تعالٰی) قل فانّٰی تسحرون ۔ (آیت : ۸۴ تا ۸۹) ص : ۲۴۲

ولقد خلقنا الانسان من سلٰلۃ من طین ۝ ثم جعلنا نطفۃ فی قرار مکین ۝ (آیت : ۱۲ - ۱۳) ص : ۳۰۳

## سُورۃ النّور



## سُورۃ الفرقان

تبٰرک الذی نزل الفرقان علٰی عبدہ لیکون للعٰلمین نذیرا۔ (آیت ۱)

ص ۲۷۷ - ۴۶۴ - ۵۲۰ - ۶۲۹

لم یکن لہ شریک فی الملک۔ (آیت ۲) ص ۴۲۴

تبٰرک الذی ان شاء جعل لک خیرا من ذٰلک جنّٰت تجری من تحتہا الانھٰر و یجعل لک قصورا۔ (آیت ۱۰) ص ۴۶۰

وقدمنا الٰی ما عملوا من عمل فجعلنٰہ ھباء منثورا۔ (آیت ۲۳)

ص ۴۶۸ - ۵۶۲ - ۵۷۳

والذین یبیتون لربھم سجّدا و قیاما۔ (آیت ۶۴) ص ۴۹۳

ارءیت من اتخذ الٰھہ ھواہ افانت تکون علیہ وکیلا ۰ ام تحسب ان اکثرھم یسمعون او یعقلون ۰ ان ھم الا کالانعام بل ھم اضل سبیلا۔ (آیت ۴۳ - ۴۴) ص ۵۸۵

## سُورۃ الشعراء

وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔ (آیت ۲۲۷) ص ۱۲۳ - ۳۴۶ - ۴۶۰

وما اسئلکم علیہ من اجر ان اجری الا علٰی رب العٰلمین۔ (آیت ۱۰۹ - ۱۲۷ - ۱۴۵ - ۱۶۴ - ۱۸۰) ص ۴۰۶

قال الم نربک فینا ولیدا و لبثت فینا من عمرک سنین۔ (آیت ۱۸) ص ۴۸۴

واخفض جناحک لمن اتبعک من المؤمنین۔ (آیت ۲۱۵) ص ۵۲۳

ولا تخزنی یوم یبعثون۔ (آیت ۸۷) ص ۵۴۸

ففررت منکم لما خفتکم۔ (آیت ۲۱) ص ۵۴۹

واجعل لی لسان صدق فی الاٰخرین۔ (آیت ۸۴) ص ۵۵۱

ویضیق صدری ولا ینطلق لسانی فارسل الٰی ھارون۔ (آیت ۱۳) ص ۵۵۳

وتوکل علی العزیز الرحیم ۰ الذی یراک حین تقوم ۰ وتقلبک فی السٰجدین۔ (آیت ۲۱۷ تا ۲۱۹) ص ۵۵۹

## سُورۃ النّمل

امن یھدیکم فی ظلمٰت البرّ والبحر ومن یرسل الریٰح بشرا بین یدی رحمتہ (آیت ۶۳) ص ۲۱۳

فلما جاءها نودی ان بورك من فی النار ومن حولها ط وسبحٰن الله رب العٰلمین۔
(آیت: ۸) ص: ۳۸۷

قل لا یعلم من فی السمٰوٰت والارض الغیب الا الله۔ (آیت: ۶۵) ص: ۴۰۰-۶۰۰

انی لا یخاف لدی المرسلون۔ (آیت: ۱۰) ص: ۵۲۴

انی وجدت امرأة تملكهم واوتیت من كل شیء ولها عرش عظیم۔ (آیت: ۲۳)
ص: ۶۱۹

## سورة القصص

وجد من دونهم امرأتین تزودان۔ (آیت: ۲۳) ص: ۱۰۳

احسن كما احسن الله الیك۔ (آیت: ۷۷) ص: ۱۱۴

انما اوتیته علی علم عندی۔ (آیت: ۷۸) ص: ۱۱۴

فخسفنا به وبداره الارض فما كان له من فئة ینصرونه من دون الله وما كان من المنتصرین۔ (آیت: ۸۱) ص: ۱۱۴

وربك یخلق ما یشاء ویختار ط ما كان لهم الخیرة ط سبحٰن الله وتعالیٰ عما یشركون۔ (آیت: ۶۸) ص: ۱۵۰

فجاءته احدٰهما تمشی علی استحیاء۔ (آیت: ۲۵) ص: ۲۳۱

جعل لكم الیل والنهار لتسكنوا فیه ولتبتغوا من فضله ولعلكم تشكرون (آیت: ۷۳)
ص: ۳۳۷

ولما بلغ اشده واستوٰی۔ (آیت: ۱۴) ص: ۳۵۵

قال انی ارید ان انكحك احدی ابنتی هاتین علیٰ ان تاجرنی ثمنی حجج (الیٰ قوله تعالیٰ) والله علیٰ ما نقول وكیل۔ (آیت: ۲۷-۲۸) ص: ۴۱۶-۵۰۷

فوكزه موسٰی فقضٰی علیه۔ (آیت: ۱۵) ص: ۴۲۶

انك لا تهدی من احببت ولكن الله یهدی من یشاء وهو اعلم بالمهتدین۔
(آیت: ۵۶) ص: ۴۷۰-۶۳۴

فالتقطه آل فرعون لیکون لهم عدوا وحزنا الآیة (آیت: ۸) ص: ۴۸۴
یموسٰی انی انا اللّٰه ۔ (آیت: ۳۰) ص: ۵۳۰
نودی من شاطئ الواد الایمن فی البقعة المبٰرکة من الشجرة ۔ (آیت: ۳۰) ص: ۵۵۲

## سورۃ العنکبوت

وما یعقلها الا العٰلمون ۔ (آیت: ۴۳) ص: ۱۹۸
ولئن سألتهم من خلق السمٰوٰت والارض وسخر الشمس والقمر ط لیقولن اللّٰه
فانی یؤفکون ۔ (آیت: ۶۱) ص: ۲۴۲
ان فیها لوطا ۔ (آیت: ۳۲) ص: ۵۵۲
نحن اعلم بمن فیها ۔ (آیت: ۳۲) ص: ۵۵۲
الٓمٓ ۝ احسب الناس ان یترکوا ان یقولوا اٰمنا وهم لا یفتنون ۔ (آیت: ۱-۲)
ص: ص: ۵۷۵

## سورۃ الروم

اللّٰه الذی خلقکم ثم رزقکم ثم یمیتکم ثم یحییکم هل من شرکائکم من یفعل
من ذٰلکم من شیء ط سبحٰنه وتعالٰی عما یشرکون ۔ (آیت: ۴۰) ص: ۱۴۵-۴۲۴
وهو الذی یبدأ الخلق ثم یعیده وهو اهون علیه ۔ (آیت: ۲۷) ص: ۳۱۵
وکان حقا علینا نصر المؤمنین (آیت: ۴۷) ص: ۳۹۲

## سورۃ لقمٰن

ان اللّٰه عنده علم الساعة وینزل الغیث ویعلم ما فی الارحام ط وما تدری نفس
ماذا تکسب غدا ط وما تدری نفس بای ارض تموت ط ان اللّٰه علیم
خبیر ۔ (آیت: ۳۴) ص: ۱۰۶
هٰذا خلق اللّٰه فارونی ماذا خلق الذین من دونه ط بل الظّٰلمون فی ضلٰل
مبین ۔ (آیت: ۱۱) ص: ۱۴۵

وَلئن سألتهم من خلق السمٰوٰت والارض لیقولن اللّٰه ۔ (آیت : ۲۵) والزمر (آیت : ۳۸)
ص : ۱۴۵

اِنّ اللّٰه ھوالغنی الحمید ۔ (آیت : ۲۶) ص : ۱۵۱۳

کلّ یجری الیٰ اجل مسمًّی ۔ (آیت : ۲۹) ص : ۵۰۷

اَن اشکرلی ولوالدیك ۔ (آیت : ۱۴) ص : ۵۶۳

## سُورۃ السّجدۃ

قُل یتوفّٰکم ملك الموت الذی وکّل بکم ۔ (آیت : ۱۱) ص : ۱۹۹ - ۶۱۸

یدبّر الامر ۔ (آیت : ۵) ص : ۶۱۵

## سُورۃ الاحزاب

وَما جعل ادعیائکم ابناءکم (الیٰ قولہ تعالیٰ) اُدعوھم لاٰبائھم ھو اقسط عند اللّٰه ۔ (آیت : ۴ - ۵) ص : ۶۷

ادعوھم لاٰبائھم ھو اقسط عند اللّٰه ج فان لم تعلموا اٰبائھم فاخوانکم فی الدین وموالیکم ۔ (آیت : ۵) ص : ۷۱

مَاکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰه وخاتم النبیّن ط وکان اللّٰه بکل شئ علیما ۔ (آیت : ۴۰) ص : ص : ۷۱ - ۶۰۱

لکی لایکون علی المؤمنین حرج فی ازواج ادعیائھم ۔ (آیت : ۳۷) ص : ۷۲

اذکروا اللّٰه ذکرا کثیرا ۔ (آیت : ۴۱) ص : ۱۳۰

وَالذین یؤذون المؤمنین والمؤمنٰت بغیر ما اکتسبوا فقد احتملوا بھتانا و اثما مبینا ۔ (آیت : ۵۸) ص : ۱۹۸

اِنّ الذین یؤذون اللّٰه ورسولہ لعنھم اللّٰه فی الدنیا والاٰخرۃ واعد لھم عذابا مھینا (آیت : ۵۷)
ص : ۴۶۱ - ۵۷۹

وَدَع اذاھم وتوکل علی اللّٰه ۔ (آیت : ۴۸) ص : ۵۲۳

یاایھا النبی انا ارسلنٰك ۔ (آیت : ۴۵) ص : ۵۳۰

انعم اللہ علیہ و انعمت علیہ (آیت: ۳۷) ص: ۶۰۶

وما کان لمؤمن ولا مؤمنۃ اذا قضی اللہ ورسولہ امرا ان یکون لہم الخیرۃ من امرھم ط ومن یعص اللہ ورسولہ فقد ضل ضللا مبینا۔ (آیت: ۴۵-۴۶) ص: ۶۳۵

یایہا النبی انا ارسلنک شاھدا ومبشرا ونذیراہ وداعیا الی اللہ باذنہ وسراجا منیرا۔ (آیت: ۴۵-۴۶) ص: ۶۳۷

## سورۃ سبا

علم الغیب لایعزب عنہ مثقال ذرۃ فی السموٰت ولا فی الارض ولا اصغر من ذلک ولا اکبر الا فی کتٰب مبین۔ (آیت: ۳) ص: ص: ۱۱۱ - ۱۵۶ - ۳۷۵

ورزقنٰھم کل ممزق ط (آیت: ۱۹) ص: ۱۹۶

وقال الذین کفروا لن نؤمن بھذا القراٰن ولا بالذی بین یدیہ۔ (آیت: ۳۱) ص: ۲۱۲

افلم یروا الٰی ما بین ایدیھم وما خلفھم من السماء والارض۔ (آیت: ۹) ص: ۲۱۴

ومن الجن من یعمل بین یدیہ باذن ربہ ط (الٰی قولہ تعالٰی) یعملون لہ مایشاء من محاریب وتماثیل وجفان کالجواب وقدور رّٰسیٰت۔ (آیت: ۱۲-۱۳) ص: ۲۱۴

ما بصاحبکم من جنۃ ط ان ھو الا نذیر لکم بین یدی عذاب شدید۔ (آیت: ۴۶) ص: ۲۱۴

انہ سمیع قریب۔ (آیت: ۵۰) ص: ۳۸۷

والنا لہ الحدیدہ ان اعمل سٰبغٰت وقدر فی السرد واعملوا صالحا انی بما تعملون بصیر۔ (آیت: ۱۰-۱۱) ص: ۴۱۵

وما ارسلنٰک الا کافۃ للناس بشیرا ونذیرا ولکن اکثر الناس لا یعلمون۔ (آیت: ۲۸) ص: ۵۲۰

تبینت الجن ان لوکانوا یعلمون الغیب ما لبثوا فی العذاب المھین (آیت: ۱۴) ص: ۶۰۰

## سورۃ فاطر

واللہ خلقکم من تراب ثم من نطفۃ ثم جعلکم ازواجا ط وما تحمل من انثٰی ولا تضع الا بعلمہ ط وما یعمر من معمر ولا ینقص من عمرہ الا فی کتٰب ط ان ذلک علی اللہ یسیرہ (آیت: ۱۱) ص: ۱۰۶

ھل من خالق غیر اللہ۔ (آیت: ۳) ص: ۱۴۴ - ۴۱۰ - ۴۲۴

ان اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہٖ انہ کان حلیما غفورا۔ (آیت: ۴۱) ص: ۱۶۴ - ۱۷۷ - ۱۸۵ - ۵۰۸

وسخر الشمس والقمر کل یجری لاجل مسمی۔ (آیت، ۱۳) ص: ۱۹۴

الیہ یصعد الکلم الطیبت والعمل الصالح یرفعہٗ (آیت: ۱۰) ص: ۴۶۳

## سُورہ یٰسٓ

والشمس تجری لمستقر لہا ذٰلک تقدیر العزیز العلیم۔ (آیت: ۳۸)
ص: ۱۴۱ - ۱۶۳ - ۱۹۳ - ۵۰۷

فھم لہا مالکون۔ (آیت: ۷۱) ص: ۱۴۷

کل فی فلک یسبحون۔ (آیت: ۴۰) ص: ۱۶۴ - ۱۹۴ - ۱۹۶ - ۵۰۷ - ۵۰۹

وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا۔ (آیت: ۹) ص: ۲۱۴ - ۲۲۴

واذا قیل لھم اتقوا ما بین ایدیکم وما خلفکم۔ (آیت: ۴۵) ص: ۲۱۴

تنزیل العزیز الرحیم ۝ لتنذر قوما ما انذر اٰباءھم فھم غٰفلون۔ (آیت: ۵-۶)
ص: ۲۴۱ - ۲۴۴

بیدہٖ ملکوت کل شیء۔ (آیت: ۸۳) ص: ۳۷۵

وکل شیء احصینٰہ فی امام مبین۔ (آیت: ۱۲) ص: ۴۱۵ - ۴۵۷

یٰسٓ ۝ والقراٰن الحکیم ۝ انک لمن المرسلین ۝ (آیت: ۱تا۳) ص: ۵۳۰ - ۵۴۱

وما علمنٰہ الشعر وما ینبغی لہٗ ان ھو الا ذکر وقراٰن مبین۔ (آیت: ۶۹) ص: ۵۴۱

## سُورۃ الصّٰٓفّٰت

ان الیاس لمن المرسلین۔ (آیت: ۱۲۳) ص: ۷۶

ائفکا اٰلھۃ دون اللہ تریدون۔ (آیت: ۸۶) ص: ۱۰۲

وما منا الا لہٗ مقام معلوم۔ (آیت: ۱۶۴) ص: ۲۲۷

وارسلنٰہ الی مائۃ الف او یزیدون۔ (آیت: ۱۴۷) ص: ۵۱۹

یٰابرٰھیم ۝ قد صدقت الرءیا (آیت: ۱۰۴-۱۰۵) ص: ۵۳۰

انّی ذاهب الی ربّی سیھدین ۔(آیت : ۹۹) ص: ۵۴۸

## سُورۃ ص

فسجد الملٰئکۃ کلھم اجمعون ۔ (آیت : ۷۳) ص: ۹۸

واذکر عبدنا ابرٰھیم واسحٰق ویعقوب اولی الایدی والابصار ۔ (آیت : ۴۵) ص: ۱۱۰

یٰداؤد انّا جعلنٰک خلیفۃ فی الارض ۔ (آیت : ۲۶) ص: ۲۰۰-۵۳۰

انّا سخّرنا الجبال معہ یسبّحن بالعشیّ والاشراق ۝ والطیر محشورۃ ط کل لہ اوّاب ۔ (آیت : ۱۸ ۔ ۱۹) ص: ۲۰۰

فسخّرنا لہ الریح تجری بامرہٖ رخاءً حیث اصاب ۔ (آیت : ۳۶) ص: ۲۰۰

والشیٰطین کل بنّاء وغواص ۔ (آیت : ۳۷) ص: ۲۰۰ - ۲۲۲

واٰخرین مقرنین فی الاصفاد ۔ (آیت : ۳۸) ص: ۲۰۰

ھٰذا عطاؤنا فامنن او امسک بغیر حساب ۔ (آیت : ۳۹) ص: ۲۰۰

ولا تتبع الھوٰی فیضلک عن سبیل اللہ ۔ (آیت : ۲۶) ص: ۵۵۰

حتّی توارت بالحجاب ۔ (آیت : ۳۲) ص: ۶۲۹

ردّوھا علیّ ط (آیت : ۳۳) ص: ۶۲۹

## سُورۃ الزّمر

فی ظلمٰت ثلٰث ط (آیت : ۶) ص: ۱۱۱

ضرب اللہ مثلا رجلا فیہ شرکاء متشاکسون ورجلا سلما لرجل ط ھل یستوٰین مثلاً الحمد للہ بل اکثرھم لا یعلمون ۔ (آیت : ۲۹) ص: ۱۳۴

ولکن حقّت کلمۃ العذاب علی الکٰفرین ۔ (آیت : ۷۱) ص: ۴۲۶

ثم نفخ فیہ اخرٰی فاذا ھم قیام ینظرون ۔ (آیت : ۶۸) ص: ۴۹۳

قل ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون ۔ (آیت : ۹) ص: ۱-۶

اللہ یتوفی الانفس حین موتھا ۔ (آیت : ۴۲) ص: ۶۱۸

# سُورۃ المؤمن

كذٰلك يطبع الله علىٰ كل قلب متكبر جبار۔ (آیت: ۳۵) ص: ۱۱۴

اٰمنّا بالله وحده۔ (آیت: ۸۴) ص: ۱۴۳

وقال ربکم ادعونی استجب لکم۔ (آیت: ۶۰) ص: ۴۱۷-۵۵۲

واستغفر لذنبك (آیت: ۵۵) و محمد صلی اللہ علیہ وسلم (آیت: ۱۹) ص: ۴۳۳

ومنهم من لم نقصص علیك۔ (آیت: ۷۸) ص: ۴۵۷

فلم یك ینفعهم ایمانهم لمّا رأوا بأسنا ط سنّت الله التی قد خلت فی عباده ج
وخسر هنالك الكٰفرون۔ (آیت: ۸۵) ص: ۴۸۷

# سُورۃ حٰمٓ السّجدۃ

الیه یردّ علم الساعة ط وما تخرج من ثمرٰت من اکمامها و ما تحمل من انثٰی
ولا تضع الا بعلمه۔ (آیت: ۴۷) ص: ۱۰۶-۱۵۲

وانه لکتٰب عزیز۔ لا یاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه۔ (آیت: ۴۱-۴۲)
ص: ۲۱۲

اذ جاءتهم الرسل من بین ایدیهم ومن خلفهم۔ (آیت: ۱۴) ص: ۲۱۳-۲۱۶

وقیضنا لهم قرناء فزیّنوا لهم ما بین ایدیهم وما خلفهم۔ (آیت: ۲۵) ص: ۲۱۴

فالذین عند ربك یسبحون له۔ (آیت: ۳۸) ص: ۲۲۷

انه هو السمیع العلیم۔ (آیت: ۳۶) ص: ۲۲۸

فان اعرضوا فقل انذرتکم صٰعقة مثل صٰعقة عاد وثمود۔ (آیت: ۱۳) ص: ۳۰۳

الا انهم فی مریة من لقاء ربهم ط الا انه بکل شئ محیط۔ (آیت: ۵۴) ص: ۳۷۲

اعملوا ما شئتم انه بما تعملون بصیر۔ (آیت: ۴۰) ص: ۴۱۱

# سُورۃ الشّورٰی

وما اصابکم من مصیبة فبما کسبت ایدیکم ویعفوا عن کثیر۔ (آیت: ۳۰) ص: ۱۴۰

## سُورۃ الزخرف



## سُورۃ الجاثیۃ



## سُورۃ الاحقاف

4

## سُورۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ولا تبطلوا اعمالکم۔ (آیت : ۳۳) ص: ۱۳۸

فاعلم انہ لا الٰہ الا اللہ واستغفر لذنبک وللمؤمنین والمؤمنٰت۔ (آیت : ۱۹)

ص : ۴۳۵ ۔ ۴۶۲ ۔ ۴۶۹ ۔ ۵۵۱

واللہ یعلم متقلبکم و مثوٰکم۔ (آیت : ۱۹) ص: ۴۳۵

## سُورۃ الفتح

انا ارسلنٰک شاھدًا ومبشرًا ونذیرًا لتؤمنوا باللہ ورسولہ وتعزروہ وتوقروہ۔

(آیت : ۸ ۔ ۹) ص : ۱۳۱ ۔ ۳۴۴ ۔ ۳۹۷ ۔ ۵۸۳

ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم۔ (آیت : ۱۰)

ص: ۱۳۴ ۱۳۶ ۔ ۱۳۸

لقد رضی اللہ عن المؤمنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ۔ (آیت : ۱۸) ص: ۱۳۵ ۔ ۱۳۷

فمن نکث فانما ینکث علیٰ نفسہ۔ (آیت : ۱۰) ص: ۱۹۷

کزرع اخرج شطأہ فاٰزرہ فاستغلظ فاستویٰ علیٰ سوقہٖ۔ (آیت : ۲۹) ص: ۳۵۶

لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر۔ (آیت : ۲) ص: ۲۲۶۔ ۴۵۸

لیدخل المؤمنین والمؤمنٰت جنٰتٍ تجری من تحتھا الانھٰر خٰلدین فیھا و

یکفر عنھم سیاٰتھم وکان ذٰلک عند اللہ یسیرًا۔ (آیت : ۵) ص: ۴۵۸

ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہٖ

وکفیٰ باللہ شھیدًا۔ (آیت : ۲۸) ص: ۴۶۴ ۔ ۵۲۹

محمد رسول اللہ۔ (آیت : ۲۹) ص: ۴۶۹

یریدون ان یبدلوا کلٰم اللہ۔ (آیت : ۱۵) ص: ۴۹۲

ویھدیک صراطًا مستقیمًا۔ (آیت : ۲) ص: ۵۴۸

وینصرک اللہ نصرًا عزیزًا۔ (آیت : ۳) ص: ۵۵۱

ولولا رجال مؤمنون ونساء مؤمنٰت لم تعلموھم ان تطؤھم فتصیبکم منھم

4/4

معرۃ بغیر علم ج لید خل اللہ فی رحمتہ من یشاء ج لو تزیلوا لعذبنا الذین
کفروا منہم عذابا الیما ○ (آیت : ۲۵) ص: ۶۰۴
انا فتحنا لک فتحا مبینا ۔ (آیت : ۱) ص: ۶۰۵

## سورۃ الحجرات

یایہا الذین لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ولا تجہروا لہ بالقول کجہر
بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون (الیٰ قولہ تعالیٰ) لہم مغفرۃ
واجر عظیم ۔ (آیت : ۲ ۔ ۳) ص: ۲۰۷
یایہا الذین اٰمنوا لا تقدموا بین یدی اللہ ورسولہ ۔ (آیت : ۱) ص: ۲۱۵
ان الذین یغضون اصواتہم عند رسول اللہ الآیۃ (آیت : ۳) ص: ۲۲۵
یایہا الناس انا خلقنٰکم من ذکر وانثیٰ وجعلنٰکم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم
عند اللہ اتقٰکم ان اللہ علیم خبیر ○ (آیت : ۱۳) ص: ۲۲۸ ۔ ۳۲۵ ۔ ۴۲۹ ۔ ۵۶۵
اولٰئک الذین امتحن اللہ قلوبہم للتقویٰ ۔ (آیت : ۳) ص: ۳۲۷
قالت الاعراب اٰمنا ط قل لم تؤمنوا ولٰکن قولوا اسلمنا ولما یدخل الایمان فی
قلوبکم ۔ (آیت : ۱۴) ص: ۵۹۲

## سورۃ ق

وسبح بحمد ربک قبل طلوع الشمس وقبل الغروب ۔ (آیت : ۳۹) ص: ۱۸۶
افلم ینظروا الی السماء فوقہم کیف بنینٰہا وزیّنّٰہا وما لہا من فروج ۔ (آیت : ۶)
ص: ۱۹۷
ونحن اقرب الیہ من حبل الورید ۔ (آیت : ۱۶) ص: ۳۷۷ ۔ ۳۸۶
ما یبدل القول لدی ۔ (آیت : ۲۹) ص: ۴۰۰
قال قرینہ ربنا ما اطغیتہ ولٰکن کان فی ضلال بعید ○ قال لا تختصموا لدی و
قد قدمت الیکم بالوعید ○ ما یبدل القول لدی وما انا بظلام للعبید ○ (آیت : ۲۷ تا ۲۹)
ص: ۴۱۱

## سُورۃ الذّٰریٰت



## سُورۃ الطّور



## سُورۃ النّجم

## سُورۃ القمر

اقتربت الساعة وانشق القمر ۔(آیت ۱) ص: ۲۲۵ - ۲۷۱

ان المتقین فی جنّٰت ونهر ۝ فی مقعد صدق عند ملیك مقتدر ۝ (آیت ۵۴-۵۵)

ص: ۲۲۶ - ۲۸۳

وکل صغیر وکبیر مستطر ۔(آیت ۵۳) ص: ص: ۴۱۴

## سُورۃ الرحمٰن

الرحمٰن ۝ علم القراٰن ۝ خلق الانسان ۝ علمه البیان ۔ (آیت ۱ تا ۴) ص: ۱۱۰

کل من علیها فان ۝ ویبقٰی وجه ربك ذوالجلال والاکرام ۔(آیت ۲۶ - ۲۷)

ص: ۱۵۴

الشمس والقمر بحسبان ۔ (آیت : ۵) ص: ۱۹۳

## سُورۃ الحدید

ذٰلك فضل الله یؤتیه من یشاء ط والله ذوالفضل العظیم ۔(آیت ۲۱) ص: ۱۲۳، ۵۳۹

یوم تری المؤمنین والمؤمنٰت یسعٰی نورهم بین ایدیهم وبایمانهم ۔ (آیت ۱۲) ص: ۲۱۵

والذین اٰمنوا بالله ورسله اولٰئك هم الصدیقون والشهداء عند ربهم ط لهم

اجرهم ونورهم ۔(آیت ۱۹) ص: ۳۴۲-۳۹۴

لایستوی منکم من انفق من قبل الفتح وقٰتل ط اولٰئك اعظم درجة من الذین

انفقوا من بعد وقٰتلوا ط وکلا وعد الله الحسنٰی ط والله بما تعملون خبیر۔

(آیت ۱۰) ص: ۳۴۴ - ۳۵۴ - ۳۹۱ - ۳۹۳ - ۴۰۱ - ۴۰۲ - ۴۰۳ - ۴۰۴۔

۔۴۲۷ - ۴۲۸۔

هو الذی خلق السمٰوٰت والارض فی ستة ایام ثم استوٰی علی العرش ط (آیت ۴)

ص: ۳۵۷

وهو معکم این ما کنتم ۔ (آیت : ۴) ص: ۳۸۷

## سُورۃ المجادلۃ

اِن اُمّھٰتُھم اِلّا الّٰئِی وَلَدنَھم ۔ (آیت ۲) ص: ۶۳

یرفع اللہ الذین اٰمنوا منکم والذین اُوتوا العلم درجٰت ۔ (آیت ۱۱) ص: ۱۱۰

یٰاَیھا الذین اٰمنوا اذا ناجیتم الرسول فقدموا بین یدی نجوٰکم صدقۃ ۔
(آیت ۱۲) ص: ۲۱۵

ءَاشفقتم ان تقدموا بین یدی نجوٰکم صدقات ۔ (آیت ۱۳) ص: ۲۱۵

لاتجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الاٰخر یوآدّون من حآدّ اللہ ورسولہ ولوکانوا
اٰبائھم او ابنآئھم او اخوانھم او عشیرتھم (الیٰ قولہ تعالیٰ) الا ان حزب اللہ
ھم المفلحون ۔ (آیت ۲۲) ص: ۵۶۱

## سُورۃ الحشر

وما اٰتٰکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا ۔ (آیت ۷) ص: ۱۲۸

ولٰکن اللہ یسلط رسولہ علیٰ من یشاء ۔ (آیت ۶) ص: ۲۰۰

اُولٰئِک ھم الصّٰدقون ۔ (آیت ۸) ص: ۲۸۸

الملک القدوس السلٰم ۔ (آیت ۲۳) ص: ۳۵۱

لایستوی اصحٰب النار واصحٰب الجنۃ اصحٰب الجنۃ ھم الفائزون ۔ (آیت ۲۰)
ص: ۵۶۳

وینصرون اللہ ورسولہ ۔ (آیت ۸) ص: ۶۳۷

## سُورۃ المُمتحنۃ

یٰاَیھا النبی اذا جاءک المؤمنٰت یبایعنک علیٰ ان لایشرکن باللہ شیئا ولا یسرقن
ولایزنین ولا یقتلن اولادھن ولایأتین ببھتان یفترینہ بین ایدیھن و
ارجلھن ولا یعصینک فی معروف (الیٰ قولہ تعالیٰ) ان اللہ غفور رحیم ۔
(آیت ۱۲) ص: ۱۳۷ - ۲۱۵

یاایہا الذین اٰمنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء (الیٰ قولہ تعالیٰ) تسرون الیہم بالمودۃ وانا اعلم بما اخفیتم وما اعلنتم ومن یفعلہ منکم فقد ضل سواء السبیل (الیٰ قولہ تعالیٰ) واللہ بما تعملون بصیر۔ (آیت: ۱ تا ۳) ص: ۵۸۱

قد کانت لکم اسوۃ حسنۃ فی ابراہیم (الیٰ قولہ تعالیٰ) ومن یتول فان اللہ ھو الغنی الحمید۔ (آیت: ۴ تا ۶) ص: ۵۸۷

## سُورۃ الصّفّ

مصدقا لما بین یدیّ من التوراۃ ومبشرا برسول یأتی من بعدی اسمہ احمد۔ (آیت: ۶) ص: ۲۱۲، ۵۱۲

یاایہا الذین اٰمنوا لم تقولون ما لا تفعلون ○ کبر مقتا عند اللہ ان تقولوا ما لا تفعلون۔ (آیت: ۲-۳) ص: ۴۸۰

## سُورَۃ الجُمُعَۃ

یاایہا الذین اٰمنوا اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الیٰ ذکر اللہ۔ (آیت: ۹) ص: ۲۰۵

وذروا البیع۔ (آیت: ۹) ص: ۲۰۵

ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم۔ (آیت: ۴) ص: ۲۴۳

ھو الذی بعث فی الامیین رسولا منہم۔ (آیت: ۲) ص: ۴۶۳

مثل الذین حملوا التوراۃ ثم لم یحملوھا کمثل الحمار یحمل اسفارا بئس مثل القوم الذین کذبوا بآیٰت اللہ واللہ لا یہدی القوم الظّٰلمین۔ (آیت: ۵) ص ۵۸۹

ھو الذی بعث فی الامیین رسولا منہم یتلوا علیہم اٰیٰتہ ویزکیہم ویعلمہم الکتٰب والحکمۃ (الیٰ قولہ تعالیٰ) واللہ ذو الفضل العظیم۔ (آیت: ۲ تا ۴) ص: ۶۱۱

## سُورۃ المنٰفقون

واذا قیل لہم تعالوا یستغفر لکم رسول اللہ لووا رءوسہم ورأیتہم یصدون وھم مستکبرون۔ (آیت: ۵) ص: ۱۵۹ - ۴۶۳

## سُورۃ الطلاق



## سُورۃ التحریم



## سُورۃ الملک

## سورۃ القلم



## سورۃ المعارج



## سورۃ نوح

## سُورۃ الجن

وَمِنّا دون ذٰلک۔ (آیت ۱۱) ص: ۱۰۲

عٰلم الغیب فلا یظہر علٰی غیبہٖ احدًا ۝ الّا من ارتضٰی من رسول فانّہ یسلک من بین یدیہ ومن خلفہٖ رصدا۔ (آیت ۲۶-۲۷)

ص: ۲۱۵ - ۳۴۳ - ۴۰۴ - ۴۴۰ - ۴۵۳ - ۶۳۶

## سُورۃ المزّمّل

طعامًا ذا غصّۃ۔ (آیت ۱۳) ص: ۹۶

انّا سنلقی علیک قولًا ثقیلا۔ (آیت ۵) ص: ۵۲۲

یٰاَیّہا المزّمّل ۝ قم الّیل۔ (آیت ۱-۲) ص: ۵۳۰ - ۵۳۱

## سُورۃ المدّثّر

وما یعلم جنود ربّک الّا ھو۔ (آیت ۳۱) ص: ۱۵۲

یٰاَیّہا المدّثّر ۝ قم فانذر۔ (آیت ۱-۲) ص: ۵۳۰-۵۳۱

## سُورۃ القیٰمۃ

انّا علینا جمعہ وقراٰنہ۔ (آیت ۱۷) ص: ص: ۸۳، ص: ۹۰

وجوہ یومئذٍ ناضرۃ ۝ الٰی ربّہا ناظرۃ۔ (آیت ۲۲-۲۳) ص: ۱۵۵

## سُورۃ الدّھر

فجعلنٰہ سمیعًا بصیرا۔ (آیت ۲) ص: ۱۴۶

## سُورۃ المرسلٰت

فبایّ حدیث بعدہٗ یؤمنون۔ (آیت ۵۰) ص: ۱۴۳

## سُورۃ النّبا



## سُورۃ النّزعٰت



## سُورۃ التّکویر



## سُورۃ المطفّفین



## سُورۃ البُروج



## سُورۃ الطارق

# سُورة الاعلیٰ

یتجنبہا الاشقی ٥ الذی یصلی النار الکبریٰ ۔ (آیت: ۱۱-۱۲) ص: ۲۸۲

سبّح اسم ربّک الاعلی ۔ (آیت: ۱) ص: ۳۱۸

# سُورة الغاشیة

عاملة ناصبة ٥ تصلیٰ نارًا احامیة ۔ (آیت، ۳-۴) ص: ۵۷۳

# سُورة البلد

ثم کان من الذین امنوا ۔ (آیت: ۱۷) ص: ۳۷۱

لا اقسم بھٰذا البلد ٥ وانت حل بھٰذا البلد ۔ (آیت: ۱-۲) ص: ۵۳۵

# سُورة اللّیل

وسیجنّبہا الاتقی ٥ الذی ماله یتزکّٰی ٥ ومالاحد عنده من نعمة تجزٰی ٥
الا ابتغاء وجه ربه الاعلیٰ ٥ ولسوف یرضٰی ۔ (آیت، ۱۷ تا ۲۱) ص: ۲۵۱-۳۰۲-۳۳۲-۴۲۹
فانذرتکم نارًا تلظّٰی ٥ لایصلٰها الا الاشقی ٥ الذی کذب وتولّٰی ۔ (آیت: ۱۴ تا ۱۶)

ص: ۲۸۱ - ۲۹۴ - ۳۰۲

فسنیسّرهٗ للیسرٰی ۔ (آیت، ۷) ص: ۴۲۰

فسنیسّرهٗ للعسرٰی ۔ (آیت، ۱۰) ص: ۴۲۰

# سُورة والضّحیٰ

واما بنعمة ربّک فحدّث ۔ (آیت، ۱۱) ص: ۱۳۱ - ۱۳۳ - ۳۴۴ - ۳۹۵ - ۳۹۶

وللاٰخرة خیرلک من الاولیٰ ۔ (آیت: ۴) ص: ۴۵۹ - ۵۴۰

ولسوف یعطیک ربّک فترضٰی ۔ (آیت: ۵) ص: ۴۵۹ - ۵۴۱ - ۵۴۹ - ۵۶۰

والضّحٰی ٥ والّیل اذا سجٰی ۔ (آیت: ۱-۲) ص: ۵۴۰

## سُورۃ الانشراح



## سُورۃ العلق



## سُورۃ البیّنۃ



## سورۃ العصر



## سُورۃ الھُمَزۃ

## سورۃ القریش



## سورۃ الکوثر



## سورۃ اللّھب



## سورۃ الاخلاص



---

# فتاوی رضویہ جلد ۲۶

(۱) متبنّٰی بنانے کے بارے میں فرمایا:

رہا متبنّٰی کرنا، وہ شرعًا کوئی چیز نہیں،

قال اللہ تعالٰی ان امھٰتھم الا الّٰئی ولدنھم[۲] واللہ سبحٰنہ و تعالٰی اعلم۔

اللہ تعالٰی نے فرمایا کہ ان کی مائیں تو وہی ہیں جن سے وہ پیدا ہوئے ہیں۔ واللہ سبحٰنہ و تعالٰی اعلم (ت)

(فتاوی رضوی ج ۲۶ ص ۹۲)

(۲) زید ادائیگی مہر سے قبل فوت ہوگیا۔ زوجہ تقدیم مہر جبکہ ورثاء تقدیم تقسیم ترکہ چاہتے ہیں۔ اس مسئلہ کا شرعی حکم بیان کرتے ہوئے فرمایا:

ادائے مہر تقسیم ترکہ پر مقدم ہے جب تک مہر ادا یا معاف نہ ہولے کوئی وارث کچھ نہیں پا سکتا جبکہ اس کی مقدار ترکہ سے زائد ہے۔

قال تعالٰی "من بعد وصیّۃ توصون بھا او دین[۳]"

اللہ تعالٰی نے فرمایا: اس وصیّت کے بعد جو تم کر جاؤ اور قرض کے بعد۔ (ت)

مگر عین جائداد کا مہر میں دیا جانا ضروری نہیں ورثہ کو اختیار ہے کہ مہر اپنے پاس سے ادا کریں اور جائداد تقسیم ترکہ کے لئے بچا لیں یا جائداد بیچ کر ادائے مہر میں صرف کی جائے۔

(فتاوی رضویہ ج ۲۶ ص ۹۶)

(۳) ارث جبری ہے ساقط نہیں ہوسکتی نیز بیٹیوں اور شوہر کے حصہ شرعی کے بارے میں فرمایا:

یہاں تک کہ نہ مانگنا درکنار اگر وارث صراحۃً کہہ دے کہ میں نے اپنا حصہ چھوڑ دیا جب بھی اس کی

---

[۱] القرآن الکریم ۴/۲۴

[۲] " " ۲/۵۸

[۳] " " ۱۲/۴

ملک زائل نہ ہوگی تو شاہ محمد علیہ کے ترکہ میں بشرطِ عدمِ مانع ارث و وارث آخر و تقدیم دین و وصیت، ہر دختر سات سہام سے ایک سہم کی مالک ہوئی اور ہر دختر کے متروکہ سے بشرائط مذکورہ اگر اولاد تھی شوہر نصف ورنہ ربع کا، جس کے ثبوت میں دو آیۂ قرآنیہ:

یوصیکم اللّٰہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین[1]

اللہ تعالٰی تمھیں حکم دیتا ہے تمھاری اولاد کے بارے میں، بیٹے کا حصہ دو بیٹیوں کے برابر ہے۔ (ت)

وقولہ تعالٰی "ولکم نصف ما ترك ازواجکم ان لم یکن لھن ولد فان کان لھن ولد فلکم الربع مما ترکن من بعد وصیۃ یوصین بھا اودین[2]"

اور اس کا فرمان ہے: اور تمھاری بیبیاں جو چھوڑ جائیں اس میں سے تمھیں آدھا ہے اگر ان کی اولاد نہ ہو، پھر اگر ان کی اولاد ہو تو ان کے ترکہ میں سے تمھارے لئے چوتھائی ہے جو وصیت وہ کرگئیں اور دین نکال کر۔ (ت)

اشباہ میں ہے:

لایدخل ملك الانسان شیئ بغیر اختیارہ الا الارث اتفاقا الخ[3]۔

انسان کی ملکیت میں اس کے اختیار کے بغیر کوئی شے داخل نہیں ہوتی مگر میراث بالاتفاق داخل ہوتی ہے الخ (ت)

اسی میں ہے:

لوقال الوارث ترکت حقی لم یبطل حقہ اذ الملك لایبطل بالترك[4]

اگر وارث نے کہا کہ میں نے اپنا حق چھوڑ دیا ہے تو اس کا حق باطل نہیں ہوگا کیونکہ ملک چھوڑ دینے سے باطل نہیں ہوتا۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۱۱۳، ۱۱۴)

(۴) عورت لاولد فوت ہوئی جس کا مہر شوہر کے ذمہ ہے تو کیا شوہر (زید) اس واجب الادا مہر میں سے نصف حصہ پاسکتا ہے؟ اس سوال کے جواب میں فرمایا:

صورتِ مستفسرہ میں ضرور نصف مہر ذمۂ زید سے ساقط ہوا نہ بمعنی عدم وجوب راسًا کہ مہر بعد تاکد

---

[1] القرآن الکریم ۴/ ۱۱

[2] " " ۴/ ۱۲

[3] الاشباہ والنظائر الفن الثالث القول فی الملك ادارۃ القرآن کراچی ۲/ ۲۰۲

[4] " " " " احکام النقد " ۲/ ۱۹۰

بالموت بایں معنی قابلیت سقوط نہیں رکھتا اور رعایت مذکورہ میں اگر کچھ نقص آتا تو اسی صورت سے، بلکہ بمعنی تملک بخلافت و وراثت زوجہ لقولہ تعالیٰ[1] "ولکم نصف ما ترك ازواجکم ان لم یکن لھن ولد[1]" (اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے "اور تمھاری بیبیاں جو چھوڑ جائیں ان میں سے تمھیں آدھا ہے اگر ان کی اولاد نہ ہو۔ت) اور شک نہیں کہ مہر بھی متروکۂ زوجہ میں داخل ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۱۴۸)

(۵) زید فوت ہوا، ایک بیوی اس کی فوت ہو چکی ہے دُوسری زندہ ہے، مہر دونوں کا واجب الادا ہے، زید کی اولاد بھی ہے، اور ترکہ سے پُورا مہر بھی ادا نہیں ہوسکتا، تو اب حکمِ شرعی کیا ہے؟ اس سوال کے جواب میں فرمایا:

صورتِ مستفسرہ میں دونوں مہر اور اسی طرح اور جو دَین ذمۂ زید ہو حصّۂ رسد ادا کریں، پہلی بی بی اس سبب سے کہ اس کا نکاح پہلے ہُوا پہلے پانے کی (کہ جب تک اس کا مہر ادا نہ ہولے زوجۂ ثانیہ کا بقیہ مہر یا اور کسی دائن کا دَین ثابت ادا نہ کیا جائے) ہرگز مستحق نہیں بلکہ وہ سب ایک ساتھ ادا کئے جائیں گے اور جبکہ جائداد اور نہیں، کافی نہیں دونوں مہروں اور ہر دَین ثابت کو حصۂ رسد ادا کیا جائے گا اور جب کچھ نہ بچے ورثہ کچھ بذریعہ وراثت نہ پائیں گے۔

قال اللہ تعالیٰ "من بعد وصیة توصون بھا اودین[2]"

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس وصیت کے بعد جو تم کر جاؤ اور قرض کے بعد۔(ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۱۵۰)

(۶) عصبہ بنفسہ، خصوصًا اس کی قسم چہارم میں جو الفاظ "او عالیھا" ہیں ان کا مأخذ کیا ہے، اس کے بارے میں فرمایا:

مأخذ اس کا کلام اللہ عزوجل و سنتِ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہے۔ قال اللہ تبارک و تعالےٰ:

واولوا الارحام بعضھم اولٰی ببعض فی کتٰب اللہ ان اللہ بکل شئ علیم[3]

اور رشتہ والے ایک سے دوسرے زیادہ نزدیک ہیں اللہ کی کتاب میں۔ بیشک اللہ سب کچھ

---

[1] القرآن الکریم ۴/ ۱۲
[2] " ۴/ ۱۲
[3] " ۸/ ۷۵

فتاوٰی رضویہ جلد ۲۶

جانتا ہے۔ (ت)

**حدیث اوّل**[1]: عبد بن حمید و ابن جریر اپنی تفسیر میں قتادہ سے راوی:

ان ابابکر الصدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ قال فی خطبتہ الا ان الاٰیۃ التی ختم بہا سورۃ الانفال انزلہا فی اولی الارحام بعضہم اولٰی ببعض فی کتاب اللہ ما جرت بہ الرحم من العصبۃ[1]، ھذا مختصر۔

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا: خبردار وہ آیت جس میں سورۃ انفال ختم کی گئی اللہ تبارک وتعالٰی نے اس کو رشتہ والوں کے بارے میں نازل فرمایا کہ "ان میں سے بعض بعض سے اولٰی ہیں اللہ تعالٰی کی کتاب میں"۔ یعنی ہر وہ عصبہ جس میں نسبی رشتہ جاری ہو۔ یہ مختصر ہے (ت)

**حدیث دوم**[2]: احمد و بخاری و مسلم و ترمذی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

الحقوا الفرائض باھلہا فما بقی فھو لاولٰی رجل ذکر[2]۔

فرائض ذوی الفروض کو دو، اور جو بچ جائے وہ قریب ترین مرد کے لئے۔ (ت)

**حدیث سوم**[3]: صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی، حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ما من مؤمن الا وانا اولٰی بہ فی الدنیا والاٰخرۃ اقرؤا ان شئتم "النبی اولٰی بالمؤمنین من انفسہم" فایما مؤمن مات وترک مالا فلیرثہ عصبتہ من کانوا ومن ترک دینا او ضیاعا فلیأتنی فانا مولاہ، والحدیث عند الشیخین[3] واحمد والنسائی وابن ماجۃ وغیرھم عنہ نحوہ۔

کوئی مومن نہیں مگر یہ کہ میں دنیا و آخرت میں اس کا ولی ہوں، اگر تم چاہو تو آیت پڑھ لو "یہ نبی (صلی اللہ

---

[1] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت الآیۃ ۴/ ۱۷۶ دار احیاء التراث العربی بیروت ۶/ ۵۰
الدر المنثور بحوالہ عبد بن حمید وغیرہ " " " " " " ۲/ ۷۰۳

[2] صحیح البخاری کتاب الفرائض باب میراث الولد من ابیہ وامہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۹۹۷
صحیح مسلم کتاب الفرائض ۲/ ۳۴ و جامع الترمذی ۲/ ۳۱ و مسند احمد بن حنبل ۱/ ۳۲۵

[3] صحیح البخاری کتاب فی الاستقراض الخ باب الصلوٰۃ علی من ترک دینا قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۳۲۳
" کتاب التفسیر سورۃ الاحزاب " " ۲/ ۷۰۵

تعالیٰ علیہ وسلم ) مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہے"۔ پس جو کوئی مومن مرگیا اور اس نے کوئی مال چھوڑا تو وہ اس کے قریبی وارثوں اور عصبہ کے لئے ہے جو بھی وہ ہوں، اور جس نے قرض یا کمزور اولاد چھوڑی ہو تو وہ میرے پاس آئے میں اس کا مولیٰ ہوں۔ اور یہ حدیث شیخین، امام احمد اور نسائی وغیرہ کے نزدیک ثابت ہے۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۱۵۵، ۱۵۶)

( ۷ ) کیا عصبات نسبی کا غیر موجود ہونا ممکن ہے؟ اس کے جواب میں فرمایا:

ہرگز ناممکن نہیں بلکہ بارہا واقع ہوا اور خود زمانۂ رسالت میں ہوا، اور اب واقع ہے اور عادۃً واقع ہوتا رہے گا۔

**اوّلاً** فرض کیجئے مجوس وہنود ونصارٰی ویہود وغیرہم کفار کی اقوام سے ایک شخص مسلمان ہوا اور اس کے باقی رشتہ دار اپنے کفر پر ہیں ان میں ان کا عصبۂ نسبی کون ہے کوئی نہیں۔

قال اللہ تعالیٰ انہ لیس من اھلک انہ عمل غیر صالح[1]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ تیرے گھر والوں میں نہیں بیشک اس کے کام بڑے نالائق ہیں۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۱۵۸)

( ۸ ) کسی کا منہ بولا بیٹا اپنے حقیقی باپ کے ترکہ سے پائے گا یا نہیں۔ اس کے بارے میں فرمایا:

پسر خواندہ چنیں کس را پسر میشود نہ خود بے علاقہ از پدر ان الحقائق لا تتغیر، شرعًا وارثِ پدرِ دست نہ اینکس دیگر، خواستہ اش حسب خواستہ است کہ وصیت کرد بدست متبنّٰی آمدہ باشد ایں وراثت نیست الا لاوصیۃ لوارث[2]، قال اللہ تعالیٰ "وما جعل ادعیاء کم ابناء کم" الی قولہ تعالیٰ "ادعوھم لاٰبائھم ھو اقسط عند اللہ" الاٰیۃ[3]، وقال اللہ تعالیٰ "یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین"[4] نیست خاصہ تبنّی کسے از موانع ارث ارث پسر از پدر و ھذا اظھر من ان یظھر۔

منہ بولا بیٹا نہ ایسے شخص کا بیٹا ہوتا ہے اور نہ ہی اپنے باپ سے بے تعلق ہوتا ہے کیونکہ حقیقتوں میں

---

[1] القرآن الکریم ۱۱/ ۴۶
[2] سنن ابن ماجہ ابواب الوصایا باب لاوصیۃ لوارث ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۱۹۹
[3] القرآن الکریم ۳۳/ ۴ و ۵
[4] " " ۴/ ۱۱

تغیر نہیں ہوتا۔ شرعی طور پر وہ اپنے باپ کا وارث ہے نہ کہ اس دوسرے شخص کا جس نے اُس کو منہ بولا بیٹا بنایا ہے۔ اگر دوسرا شخص چاہے تو منہ بولے بیٹے کے حق میں وصیت کر دے تاکہ اس کا مال اس کے منہ بولے بیٹے کے ہاتھ میں آجائے۔ اور یہ وراثت نہ ہوگی۔ خبردار وارث کے لئے وصیت نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے پالکوں کو تمہارا بیٹا نہیں بنایا" (اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد تک) "انھیں ان کے باپ ہی کا کہہ کر پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ ٹھیک ہے" الآیہ۔ اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اللہ تمھیں حکم دیتا ہے تمہاری اولاد کے بارے میں، بیٹے کا حصّہ دو بیٹیوں کے برابر ہے۔" اور کسی کا منہ بولا بیٹا بن جانا اس کے لئے باپ کی میراث سے مانع نہیں ہوتا۔ اور یہ بات سب سے زیادہ ظاہر ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۱۷۸، ۱۷۹)

(۹) نافرمان اولاد سخت گنہگار ہے مگر نافرمانی کی وجہ سے میراث سے محروم نہ ہوگی اگرچہ والدین لکھ دیں۔

اس مسئلہ میں ارشاد فرمایا:

اگر اللہ عزّوجل والدین کو راضی کر کے اس کا گناہ معاف نہ فرمائے تو اس کی سزا جہنم ہے والعیاذ باللہ، مگر میراث پر اس سے کوئی اثر نہیں پڑتا، نہ والدین کا لکھ دینا کہ ہماری اولاد میں فلاں شخص عاق ہے ہمارا ترکہ اسے نہ پہنچے اصلاً وجہ محرومی ہو سکتا ہے کہ اولاد کا حقِ میراث قرآن عظیم نے مقرر فرمایا ہے۔

قال اللہ تعالیٰ "یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین[1]"۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمھیں حکم دیتا ہے تمہاری اولاد کے بارے میں بیٹے کا حصہ دو بیٹیوں کے برابر ہے۔ (ت)

والدین خواہ تمام جہان میں کسی کا لکھا اللہ عزّوجل کے لکھے پر غالب نہیں آ سکتا ولہذا تمام کتبِ فرائض و فقہ میں کسی نے اسے موانع ارث سے نہ گنا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۱۸۱، ۱۸۲)

(۱۰) مولوی عبد الحی لکھنوی کے ایک فتوٰی کی رُو سے بہن کو بیوی کا حصہ نکال کر نصفِ باقی ملنا لازم آتا ہے، اعلیحضرت علیہ الرحمہ مولوی صاحب کی اس لغزش کی نشان دہی کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

اس تقدیر پر بہن کا حصّہ نصفِ باقی بعد فرض الزوجہ ہو جائے گا یعنی زوجہ کا حصہ نکال کر جو بچا اس کا آدھا، حالانکہ نصِ قطعی قرآن عظیم سے بہن کا سہم نصف کل متروکہ تھا۔

قال اللہ تعالیٰ "ان امرؤا ھلک لیس لہ ولد ولہ اخت فلھا

---

[1] القرآن الکریم ۴/۱۱

نصف ما ترك[1]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا : اگر کسی مرد کا انتقال ہو جو بے اولاد ہے اور اس کی ایک بہن ہو تو ترکہ میں اس کی بہن کا آدھا ہے۔ (ت)

لاجرم یہ سراسر غلط اور حسبِ تصریح علمائے کرام خلافِ اجماع ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۲۱۵، ۲۱۶)

(۱۱) شوہر مقروض کے ترکہ سے بیوی اپنا آٹھواں حصہ الگ کر کے دیون دوسرے وارثوں کے سہام پر ڈالنا چاہتی ہے۔ اس کے بارے میں ارشاد فرمایا :

عورت کا مہر اگر باقی ہے تو وُہ بھی مثل سائر دیون ایک دَین ہے اس کے ذریعہ سے حصہ رسد ثمن سدس نصف ثلث کم زائد جو کچھ پڑے اپنے لئے بچا سکتی ہے مگر یہ خواہش کہ ترکہ سے اپنا ثمن حق زوجیت بذریعہ وراثت جدا کرے اور دیون صرف دیگر ورثہ سہام پر ڈالے یہ محض باطل تغیرِ حکمِ شرع ہے۔

قال تعالیٰ "فلھن الثمن مما ترکتم من بعد وصیۃ توصون بھا او دین[2]"

اللہ تعالیٰ نے فرمایا : ان (بیویوں) کے لئے آٹھواں حصہ ہے اس وصیت کو نکالنے کے بعد جو تم کر جاؤ اور قرض کی ادائیگی کے بعد۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۲۷۸، ۲۷۹)

(۱۲) ترکہ میں سے لڑکیوں کو حصہ نہ دینے والوں کے بارے میں فرمایا :

لڑکیوں کو حصہ نہ دینا حرام قطعی ہے اور قرآن مجید کی صریح مخالفت ہے۔

قال اللہ تعالیٰ "یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین[3]"

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : اللہ تعالیٰ تمھیں حکم دیتا ہے تمھاری اولاد کے بارے میں کہ بیٹے کا حصہ دو بیٹیوں کے برابر ہے۔ (ت)

ابن ماجہ وغیرہ کی حدیث میں ہے رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من فر من میراث وارثہ قطع اللہ میراثہ من الجنۃ[4]

---

[1] القرآن الکریم ۴/۱۷۶

[2] " ۴/۱۲

[3] " ۴/۱۱

[4] سنن ابن ماجہ کتاب الوصایا باب الحیف فی الوصیۃ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۱۹۸

جو اپنے وارث کو میراث پہنچنے سے بھاگے گا اللہ تعالیٰ جنّت سے اس کی میراث قطع فرما دے گا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۱۴)

(۱۳) باپ کی اجازت کے بغیر غیر کفو میں نکاح کرنے والی لڑکی اپنے باپ کے ترکہ سے محروم نہیں ہوتی چنانچہ اس سلسلہ میں فرمایا:

پھر اگر غیر کفو کے معنی یہ ہیں کہ جس سے نکاح ہوا وہ مذہب یا نسب یا چال چلن یا پیشہ میں ایسا کم ہے کہ اس کے ساتھ اس عورت کا نکاح اس کے باپ کے لئے باعثِ ننگ و عار ہو تو وہ نکاح سرے سے ہوا ہی نہیں محض باطل ہے اگر قربت ہوگی زنا ہوگی، ان دونوں مرد و عورت پر فوراً جُدا ہو جانا لازم ہے بایں ہمہ لڑکی ترکہ سے محروم نہ ہوگی۔

قال اللہ تعالیٰ "یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین[1]"

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمھیں حکم دیتا ہے تمھاری اولاد کے بارے میں کہ بیٹے کا حصہ دو بیٹیوں کے برابر ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۱۵)

(۱۴) مرتد کی امامت کے بارے میں فرمایا:

اس کی امامت کے کیا معنی، جو اس کی اس حالت پر آگاہ ہو کر اسے قابلِ امامت جانے گا اس کی نماز درکنار ایمان بھی نہ رہے گا،

لان من شك فی عذابه وکفره فقد کفر[2]

اس لئے کہ جو اس کے عذاب اور کُفر میں شک کرے وہ خود کافر ہے۔ (ت)

قال اللہ تعالیٰ "ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار[3]"

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اور ظالموں کی طرف نہ جھکو کہ تمھیں آگ چھوئے گی (ت)

"وقال اللہ تعالیٰ "واما ینسینك الشیطٰن فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظّٰلمین[4]"

---

[1] القرآن الکریم ۴/۱۱

[2] حسام الحرمین مکتبہ نبویہ لاہور ص ۱۳

الدر المختار کتاب الجہاد باب المرتد مطبع مجتبائی دہلی ۱/۳۵۶

[3] القرآن الکریم ۱۱/۱۱۳

[4] ؍؍ ۶/۶۸

اور اللہ تعالےٰ نے فرمایا: اور جو کہیں تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آنے پر ظالموں کے پاس نہ بیٹھ۔(ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۱۸)

(۱۵) کیا زید کے مسلمان بچے زید کی ہندو ماں کو پرورش کے لئے دیئے جاسکتے ہیں؟ اس سوال کے جواب میں فرمایا:

زید کی ماں یا کسی ہندو کا اُن میں کچھ حق نہیں۔ قرآن عظیم میں ہے:

لن یجعل اللہ للکٰفرین علی المؤمنین سبیلا۔[1]

اور اللہ تعالےٰ ہرگز کافروں کو مومنین پر کوئی راہ نہیں دے گا۔(ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۲۷)

(۱۶) متبنٰی کرنے اور اس کو وارث بنانے سے متعلق حکم شرعی کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا:

متبنٰی کرنا اسلام میں کچھ اصل نہیں رکھتا، نہ وہ وارث ہو سکے۔

قال اللہ تعالیٰ "ادعوھم لاٰبائھم ھو اقسط عند اللہ فان لم تعلموا اٰبائھم فاخوانکم فی الدین وموالیکم۔[2]"

اللہ تعالےٰ نے فرمایا: انھیں ان کے باپ ہی کا کہہ کر پکارو یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ ٹھیک ہے پھر اگر تمھیں ان کے باپ معلوم نہ ہوں تو دین میں وہ تمھارے بھائی ہیں اور بشریت میں تمھارے چچا زاد۔(ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۳۱، ۳۳۲)

(۱۷) متبنٰی کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

اگر یہ بیان صحیح ہے تو مولوی یعقوب علی خاں صاحب وزیر خاں کے پسر ہیں، نواب غلام احمد خاں سے کوئی تعلق نہیں، متبنٰی بنانے کا مسئلہ ہنود کے یہاں ہے شریعتِ مطہرہ نے اسے باطل فرمادیا ہے۔

قال اللہ تعالیٰ "ادعوھم لاٰبائھم ھو اقسط عند اللہ فان لم تعلموا اٰبائھم فاخوانکم فی الدین وموالیکم[3]" وقال اللہ تعالیٰ "ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین[4]۔" وقال اللہ تعالیٰ "لکیلا یکون علی المؤمنین حرج

---

[1] القرآن الکریم ۴/ ۱۴۱
[2] القرآن الکریم ۳۳/ ۵
[3] " ۳۳/ ۵
[4] " ۳۳/ ۴۰

فی ازواج ادعیائهم[1]

اللہ تعالٰی نے فرمایا کہ انھیں ان کے باپ ہی کا کہہ کر پکارو یہ اللہ تعالٰی کے نزدیک زیادہ ٹھیک ہے، پھر اگر تمھیں ان کے باپ معلوم نہ ہوں تو دین میں وہ تمھارے بھائی ہیں اور بشریت میں تمھارے چچا زاد۔ اور اللہ تعالٰی نے فرمایا، محمد (صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم) تمھارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں، ہاں اللہ تعالٰی کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے۔ اور اللہ تعالٰی نے فرمایا کہ مسلمانوں پر کچھ حرج نہ رہے ان کے لئے پالکوں کی بیویوں میں۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۳۳، ۴۳۴)

(۱۸) دنیوی فائدے کے لئے اپنے آپ کو ہندو دھرم شاستر کا پابند بنانے اور اپنے خاندان کو اس کی طرف منسوب کرنے والے شخص کے بارے میں فرمایا:

اپنے دُنیوی فائدے مال حرام خلافِ شرع ملنے کے لئے اپنے آپ کو برخلاف احکامِ قرآن مجید ہندو دھرم شاستر کا پابند بنانا معاذ اللہ اپنے کفر کا اقرار کرنا ہے اور اپنے سارے خاندان کی طرف اُسے نسبت کرنا سارے خاندان کو کافر بنانا ہے، ایسے لوگوں کو تجدیدِ اسلام کا حکم ہے پھر از سرِ نو اپنی عورتوں سے نکاح کریں۔

قال اللہ تعالٰی ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولٰئك هم الکٰفرون[2]۔ والعیاذ باللہ تعالٰی۔
اللہ تعالٰی نے فرمایا: اور جو اللہ کے اتارے پر حکم نہ کرے وہی لوگ کافر ہیں۔ والعیاذ باللہ تعالٰی۔ (ت)
(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۴۱)

(۱۹) قانونِ شریعت کے بجائے ہندو مذہب کے مطابق میراث لینے اور دینے والوں کے بارے میں فرمایا:

قال اللہ عزّوجل اُلم تر الی الذین یزعمون انهم اٰمنوا بما انزل الیك وما انزل من قبلك یریدون ان یتحاکموا الی الطاغوت وقد امروا ان یکفروا به ط ویرید الشیطٰن ان یضلهم ضلٰلاً بعیدا[3]۔

(اللہ عزّوجل نے فرمایا:) کیا تم انھیں نہیں دیکھتے جن کا زبانی دعوٰی تو یہ ہے کہ وہ ایمان لائے اس پر جو تمھاری طرف اتارا گیا اور جو تم سے پہلے اتارا گیا، پھر فیصلہ چاہتے ہیں کفر کا، اور انھیں حکم

---

[1] القرآن الکریم ۳۳/۳۷
[2] " ۵/۴۴
[3] " ۴/۶۰

تو یہ تھا کہ اس سے انکار کریں، اور شیطان چاہتا ہے کہ انھیں گمراہ کر کے دُور پھینک دے۔

جو لوگ شریعتِ مطہرہ کے خلاف میراث مانگیں یا لیں یا بخوشی دیں یا اس میں سعی کریں سب گمراہ میں اور عذابِ شدید کے سزاوار، اور اگر اسے پسند کریں تو کُھلے کفار۔ بہرحال وہ مال اُن کے لئے حرام و قطعۂ نار، اور جو مجبور ہو کر دے وہ مظلوم و معذور۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۴۷)

(۲۰) جس بیٹے کو والد عاق قرار دے وہ والد کا وارث بنے گا یا نہیں؟ اس کے جواب میں فرمایا:

اولاد کسی طرح اولاد ہونے سے خارج نہیں ہو سکتی سوا کفر کے، والعیاذ باللہ تعالٰی۔ اور کسی طرح ترکہ سے محروم نہیں ہو سکتی سوا موانع خمسہ معلومہ کے کہ دِین[۱] مختلف ہو یا دار[۲] مختلف یا مملوک[۳] ہو یا معاذ اللہ مورث[۴] کو قتل کرے یا دونوں[۵] کا اس طرح انتقال ہو کہ معلوم نہ ہو ان میں پہلے کون مرا، ان کے سوا وہی عام حکم ہے کہ،

یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین[۱]۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

اللہ تعالٰی تمھیں حکم دیتا ہے تمھاری اولاد کے بارے میں کہ بیٹے کا حصہ دو[۲] بیٹیوں کے برابر ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۴۹)

(۲۱) ایک شخص ایک بیٹی، دو حقیقی بہنیں، چار بھتیجے اور ایک بیوی چھوڑ کر فوت ہوا، اس کے ترکہ کی تقسیم کے بارے میں فرمایا:

صورتِ مستفسرہ میں حسبِ شرائط فرائض ترکہ اس شخص کا سولہ[۱۶] سہام ہو کر دو[۲] سہم اس کی زوجہ اور آٹھ[۸] سہم دختر اور تین[۳] تین سہم ہر بہن کو ملیں گے اور بھتیجے کچھ نہ پائیں گے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

فان کان لکم ولد فلھن الثمن مما ترکتم[۲]۔

پھر اگر تمھاری اولاد ہو تو ان (بیویوں) کا تمھارے ترکہ میں سے آٹھواں حصہ ہے (ت)

اور فرماتا ہے:

وان کانت واحدۃ فلھا النصف[۳]۔

اور اگر ایک لڑکی ہو تو اس کا حصہ آدھا ہے (یعنی ترکہ کا نصف)۔ (ت)

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

---

[۱] القرآن الکریم ۴/ ۱۱

[۲] " ۴/ ۱۲

[۳] " ۴/ ۱۱

اجعلوا الاخوات مع البنات عصبۃ[1]۔

بہنوں کو بیٹیوں کے ساتھ عصبہ بنادو۔(ت)

اور اللہ عزّوجل فرماتا ہے:

واولوا الارحام بعضھم اولٰی ببعض فی کتاب اللہ[2]

اور رشتہ والے ایک دُوسرے سے زیادہ نزدیک ہیں اللہ کی کتاب میں۔(ت)

جو لوگ بیٹیوں اور بہنوں کو ترکہ نہیں دیتے قرآن مجید کے خلاف ہیں، اور جن کا یہ قول ہو کہ ان کو میت کے مال سے کچھ نہیں پہنچتا جس کے ظاہر معنٰی یہ ہیں کہ اُن کا ترکہ میں کوئی حق نہیں ہوتا یہ صریح کلمۂ کفر ہے، ایسوں پر توبہ فرض ہے نئے سرے سے کلمۂ اسلام پڑھیں اس کے بعد اپنی عورتوں سے نکاح دوبارہ کریں۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۵۲، ۳۵۳)

(۲۲) کچھ ہندو مسلمان ہو گئے مگر اسلامی قانونِ وراثت کو نہیں مانتے، ان کے بارے میں حکمِ شرع کیا ہے؟ اور کیا وہ مسجد کے متولی ہو سکتے ہیں؟ اس سوال کا جواب دیتے ہُوئے فرمایا:

یہ لوگ ہرگز مسلمان نہیں، اگر مسلمان ہُوئے بھی تھے تو دربارہ وراثت احکامِ شرعیہ ماننے سے انکار کرکے مرتد ہو گئے، وہ مسجد کے متولی کئے جا سکتے ہیں نہ اوقافِ مسلمین کے۔

قال اللہ تعالٰی "فلا وربك لایؤمنون حتی یحکموك فیما شجر بینھم ثم لایجدوا فی انفسھم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما"[3]

اللہ تعالٰی نے فرمایا: تو اے محبوب! تمھارے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک آپس کے جھگڑے میں تمھیں حاکم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم حکم فرمادو اپنے دلوں میں اس سے رُکاوٹ نہ پائیں اور دل سے مان لیں۔(ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۵۴)

(۲۳) زید نے بوقتِ نکاح زوجہ کے لئے مہر معجل رکھا جو بعد ازمدتِ طویلہ بواسطہ کچہری ادا ہوا۔ زید کے مرنے کے بعد اس کی زوجہ وارث ہے یا نہیں کیونکہ طلاق کا کوئی ثبوت تقریری و تحریری نہیں ہے۔

---

[1] سُنن الدارمی کتاب الفرائض باب فی بنت و اخت حدیث ۲۸۸۴ دار المحاسن للطباعۃ القاہرۃ ۲/ ۲۵۱
السراجی فی المیراث فصل فی النساء مکتبہ ضیائیہ راولپنڈی ص ۱۶

[2] القرآن الکریم ۸/ ۷۵

[3] " " ۴/ ۶۵

اس سوال کے جواب میں فرمایا:

مہرِ معجل کا ادا کرنا پیش رخصت ضرور ہوتا ہے اور اگر عورت قبل رخصت نہ مانگے تو جب طلب کرے اس کا ادا کرنا کسی طرح طلاق دینے کی دلیل کیا شُبہہ بھی نہیں ہوسکتا اور بے ثبوت شرعی طلاق ہرگز نہیں مانی جاسکتی عورت ضرور مستحقِ میراث ہے۔

قال اللہ تعالیٰ "ولھن الربع مما ترکتم ان لم یکن لکم ولد فان کان لکم ولد فلھن الثمن مما ترکتم من بعد وصیۃ توصون بھا او دین"[1]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اور تمھارے ترکہ میں عورتوں کا چوتھائی حصّہ ہے اگر تمھاری اولاد نہ ہو، پھر اگر تمھاری اولاد ہو تو ان کا تمھارے ترکہ میں سے آٹھواں حصّہ ہے بعد اس کے جو وصیت تم کرجاؤ اور قرض نکال کر۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۵۶)

(۲۴) اناث کو ترکہ سے محروم سمجھنے والوں کے بارے میں فرمایا:

اناث کو محروم کرنا حرام قطعی ہے، ہنود کا اتباع اور شریعتِ مطہرہ سے منہ پھیرنا ہے جبکہ اس میں نابالغوں کا حق مخلوط ہے اور معلوم ہے کہ یہ خالص اپنے حصے سے نہیں کرتے بلکہ کُل کو اپنا ہی حصہ جانتے ہیں تو اس میں سے نہ کھانا جائز نہ کچھ لینا۔

قال اللہ تعالیٰ "ان الذین یاکلون اموال الیتٰمٰی ظلما انما یاکلون فی بطونھم نارا و سیصلون سعیرا"[2]

(اللہ تعالیٰ نے فرمایا) وُہ جو یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں نہیں بھرتے مگر آگ اور عنقریب بھڑکتی آگ میں جائیں گے۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۶۶)

(۲۵) ہاروت و ماروت کی حقیقت کے بارے میں سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

ان کو جن یا انس مانا جائے جب بھی درازیٔ عمر مستبعد نہیں۔ سیّدنا خضر و سیّدنا الیاس و سیّدنا عیسٰے صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم انس ہیں اور ابلیس جن ہے۔

اور راجح یہی ہے کہ ہاروت و ماروت دو فرشتے ہیں جن کو رب عزوجل نے ابتلائے خلق کے لئے مقرر فرمایا کہ جو سحر سیکھنا چاہے اسے نصیحت کریں کہ:

---

[1] القرآن الکریم ۴/۱۲

[2] " ۴/۱۰

انما نحن فتنة فلا تکفر[1]

ہم تو آزمائش ہی کے لئے مقرر ہوئے ہیں تو کفر نہ کر۔

اور جو نہ مانے اپنے پاؤں جہنم میں جائے اسے تعلیم کریں تو وہ طاعت میں ہیں نہ کہ معصیت میں۔

به قال اکثر المفسرین علی ماعزا الیهم فی الشفاء الشریف[2]

اکثر مفسرین نے یہی کہا ہے جیساکہ شفا شریف میں یہی ان کی طرف منسوب ہے (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۹۷)

(۲۶) اعراب قرآن کی ایجاد کس سنہ میں ہوئی اور اس کا بانی کون ہے؟ اس سوال کے جواب میں فرمایا:

زمن عبدالملک بن مروان میں اس کی درخواست سے مولٰی علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم کے شاگرد رشید حضرت ابوالاسود دُئلی نے یہ کار نیک کیا، بدعت حسنہ تھا، اور تمام ممالک عجم میں یقیناً واجب کہ عام لوگ بے اس کے اس کی صحیح تلاوت نہیں کرسکتے۔ بدعت ضلالت وہ ہے کہ رد و مزاحمت سنت کرے، اور یہ تو مؤید و معین سنت، بلکہ ذریعہ ادائے فرض ہے،

فان اللحن حرام بلاخلاف کما فی العلمگیریة[3] فترکه فرض وهذا سبیله۔

کیونکہ لحن بلاخلاف حرام ہے جیساکہ عالمگیری میں ہے۔ لہٰذا اس کا چھوڑنا فرض ہے اور یہ اس سے بچنے کا راستہ ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۳۹۹)

(۲۷) حضرت خضر و الیاس علیہما السلام کے آپس میں رشتہ داری کے بارے میں سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

سیدنا الیاس علیہ السلام نبی مرسل ہیں،

قال اللہ تعالٰی "ان الیاس لمن المرسلین[4]"

اللہ تعالٰی نے فرمایا: بیشک الیاس (علیہ السلام) مرسلین میں سے ہیں (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲/۱۰۲

[2] الشفاء بتعریف حقوق المصطفٰی فصل فی القول فی عصمة الملائکة دارالکتب العلمیة بیروت ۲/۱۰۹

[3] فتاوٰی ہندیة کتاب الکراہیة الباب الرابع نورانی کتب خانہ پشاور ۵/۳۱۷

[4] القرآن الکریم ۳۷/۱۲۳

اور سیدنا خضر علیہ السلام بھی جمہور کے نزدیک نبی ہیں اور ان کو خاص طور سے علم غیب عطا ہوا ہے۔
قال اللہ تعالٰی "وعلمناہ من لدنا علما[1]"
اللہ تعالٰی نے فرمایا: اور ہم نے اسے اپنا علم لدنی عطا فرمایا۔ (ت)
یہ دونوں حضرات ان چار انبیاء میں ہیں جن کی وفات ابھی واقع ہی نہیں ہوئی۔ دو آسمان پر زندہ اٹھا لئے گئے، سیدنا ادریس وسیدنا عیسٰی علیہما الصلٰوۃ والسلام۔ اور یہ دونوں (خضر اور الیاس) زمین پر تشریف فرما ہیں، دریا خضر علیہ السلام کے متعلق ہے اور خشکی سیدنا الیاس علیہ الصلٰوۃ والسلام کے۔ دونوں صاحبان حج کو ہر سال تشریف لاتے ہیں، بعد حج آب زمزم شریف پیتے ہیں کہ وہی سال بھر تک ان کے کھانے پینے کو کفایت کرتا ہے۔ دونوں صاحب اور تمام انبیاء علیہم الصلٰوۃ والسلام آپس میں بھائی ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:
الانبیاء بنو علات[2]
سارے نبی آپس میں بھائی ہیں (ت)
اس کے سوا ان دونوں صاحبوں کا اور کوئی رشتہ معلوم نہیں۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۰۱، ۴۰۲)

(۲۸) زمانۂ جاہلیت میں مہینوں کی تعیین کے بارے میں فرمایا:
**لکنی اقول** وباللہ التوفیق (لیکن میں اللہ تعالٰی کی توفیق سے کہتا ہوں۔ ت) مہینے زمانہ جاہلیت میں معین نہ تھے اہل عرب ہمیشہ شہر حرم کی تقدیم تاخیر کر لیتے جس کے سبب ذی الحجہ ہر ماہ میں دورہ کر جاتا۔
قال اللہ تعالٰی انما النسیئ زیادۃ فی الکفر یضل بہ الذین کفروا یحلونہ عاما و یحرمونہ عاما لیواطئوا عدۃ ما حرم اللہ[3]
اللہ تعالٰی نے فرمایا: ان کا مہینے پیچھے ہٹانا نہیں مگر اور کفر میں بڑھنا، اس سے کافر بہکائے جاتے ہیں، ایک برس اسے حلال ٹھہراتے ہیں اور دوسرے برس اسے حرام مانتے ہیں کہ اس گنتی کے برابر

---

[1] القرآن الکریم ۱۸/ ۶۵
[2] مسند احمد بن حنبل عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ المکتب الاسلامی بیروت ۲/ ۳۱۹، ۴۳۷، ۴۶۳، ۵۴۱
صحیح البخاری کتاب الانبیاء باب قول اللہ تعالٰی واذکر فی الکتاب مریم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۴۸۹
صحیح مسلم کتاب الفضائل باب فضائل عیسٰی علیہ السلام " " ۲/ ۲۶۴، ۲۶۵
[3] القرآن الکریم ۹/ ۳۷

ہو جائیں جو اللہ تعالیٰ نے حرام فرمائی (ت)

یہاں تک کہ صدیقِ اکبر و مولےٰ علی کرم اللہ تعالےٰ وجہما نے جو ہجرت سے نویں سال حج کیا وہ مہینہ واقع میں ذیقعدہ تھا سال دہم میں ذی الحجہ اپنے ٹھکانے سے آیا سیدِ عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج فرمایا اور ارشاد کیا:

ان الزمان قد استدار کھیأتہ یوم خلق السمٰوٰت والارض۔ الحدیث، رواہ الشیخان[1]۔

یعنی زمانہ دورہ کرکے اُسی حالت پر آگیا جس پر روزِ تخلیق زمین و آسمان تھا اس حدیث کو امام بخاری و امام مسلم نے روایت فرمایا ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۰۹، ۴۱۰)

(۲۹) بارہ اماموں کے بارے میں سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

اگر امامت بمعنی خلافتِ عامہ مراد ہے تو وہ ان میں صرف امیر المومنین مولیٰ علی و سیدنا امام حسن مجتبیٰ کو ملی اور اب سیدنا امام مہدی کو ملے گی وبس رضی اللہ تعالےٰ عنہم اجمعین، باقی جو منصبِ امامت ولایت سے بڑھ کر ہے وہ خاصہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ہے جس کو فرمایا:

انی جاعلك للناس اماما[2] (میں تمھیں لوگوں کا پیشوا بنانے والا ہوں۔ ت)

---

ع[5] اس پر اعتراض ہے کہ بروز عرفہ صدیق و مرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے اعلان احکام الٰہیہ فرمایا جسے رب عزوجل نے واذان من اللہ ورسولہ الی الناس یوم الحج الاکبر ان اللہ بریٔ من المشرکین ورسولہ[3] (اور منادی پکار دینا ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے سب لوگوں میں بڑے حج کے دن کہ اللہ بیزار ہے مشرکوں سے اور اس کا رسول صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم۔ ت) فرمایا اگر وہ ذی الحجہ نہ ہوتا ایسا نہ فرماتا اقول وفیہ نظر بوجوہ فتامل منہ غفرلہ (میں کہتا ہوں اس میں کئی وجوہ سے نظر ہے پس غور کرو۔ ت)

---

[1] صحیح البخاری کتاب التفسیر سورۃ براءۃ باب قولہ ان عدۃ الشہور الخ قدیمی کتب خانہ پشاور ۲/۶۷۲
صحیح مسلم کتاب القسامۃ باب تغلیظ تحریم الدماء " " ۲/۶۰

[2] القرآن الکریم ۲/۱۲۴ [3] القرآن الکریم ۹/۳

وہ امامت کسی غیر نبی کے لئے نہیں مانی جاسکتی۔

اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم[1]

حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور ان کا جو تم میں حکومت والے ہیں۔ (ت)

ہر نبی کی امامت اولی الامر منکم تک ہے جیسے فرمایا:

وجعلنٰھم ائمۃ یھدون بامرنا[2]

اور ہم نے انھیں امام کیا کہ ہمارے حکم سے بُلاتے ہیں۔ (ت)

مگر اطیعوا الرسول کے مرتبہ تک نہیں ہوسکتی اس حد پر ماننا جیسے روافض مانتے ہیں صریح ضلالت و بے دینی ہے۔ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالٰی عنہ تک تو بلاشبہہ یہ حضرات مجتہدین و ائمہ مجتہدین تھے، اور باقی حضرات بھی غالباً مجتہد ہوں گے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۳۰، ۴۳۱)

(۳۰) سورۂ فاتحہ کے شانِ نزول سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

سورۂ فاتحہ رحمتِ الٰہی ہے، دُعا و ثنا ہے کہ رب عزوجل نے اپنے بندوں کو تعلیم فرمائی، کسی خاص واقع کے لئے اس کا نزول نہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۳۵)

(۳۱) آیت کریمہ "انما اموالکم و اولادکم فتنۃ" اور آیت کریمہ "یایھا الذین لا تلھکم اموالکم و اولادکم عن ذکر اللہ" کے مصداق کے بارے میں سوال آیا۔ اس کے جواب میں فرمایا:

یہ خطاب عام ہے خاص اشخاص اس سے مراد نہیں، سب مسلمانوں سے فرمایا جاتا ہے کہ تمھارے مال و اولاد آزمائش ہیں ایسا نہ ہو کہ ان کے سبب یادِ الٰہی سے تم غافل ہوجاؤ اور جو ایسا کرے گا وہ نقصان پائے گا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۳۵، ۴۳۶)

(۳۲) ایک سوال کہ خضر علیہ السلام مالک بری ہیں یا بحری اور ادریس علیہ السلام اب کہاں ہیں؟ اس کے جواب میں فرمایا:

مالک بحر و بر و ہر خشک و تر اللہ عزوجل ہے اور اس کی عطا سے حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم، حضور کی نیابت سے خضر علیہ السلام کے تصرفات خشکی و دریا دونوں میں ہیں۔ ادریس علیہ السلام آسمان پر ہیں، قال اللہ تعالٰی ورفعنٰہ مکانا علیا[3] (اللہ تعالٰی کا فرمان ہے اور ہم نے اسے بلند مکان پر اٹھالیا۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۳۰، ۴۳۱)

---

[1] القرآن الکریم ۴/ ۵۹
[2] القرآن الکریم ۲۱/ ۷۳
[3] " ۱۹/ ۵۷

(۳۳) معراج شریف سے متعلق ایک روایت کے بارے میں سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا :
یہ روایت بعض کتبِ تصوف[1] میں ہے، حدیث میں اس کی کچھ اصل نہیں، اور ہو تو وہ عالمِ مثال کی تصویریں ہیں۔

قال اللہ تعالٰی "وان من شئ الاعندنا خزائنہ وما ننزلہ الا بقدر معلوم[2]"

اللہ تعالٰی نے فرمایا : اور کوئی چیز نہیں جس کے ہمارے پاس خزانے نہ ہوں، ہم اسے نہیں اتارتے مگر ایک معلوم اندازے سے۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۳۷)

(۳۴) تاریخ جمع و تدوین قرآن اور اس کو حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ کی طرف منسوب کرنے کا سبب بیان کرتے ہوئے اعلٰحضرت علیہ الرحمہ نے ایک مستقل رسالہ تحریر فرمایا جو مندرجہ ذیل ہے :

# جمع القرآن وبم عزوہ لعثمان (۱۳۲۲ھ)

(قرآن کو جمع کرنا اور اس کی نسبت حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ کی طرف کیوں کرتے ہیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

**مسئلہ ۲۴۸** از شہر کہنہ بریلی ۱۳ جمادی الاولٰی ۱۳۲۲ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس امر میں کہ قرآن شریف حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے جمع کیا تھا یا ان سے پہلے بھی کسی نے جمع کیا؟ اور یہ جو سُنا جاتا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ نے جمع کیا، اور ان کا جمع کیا ہوا مدفون کردیا گیا' یہ سچ ہے یا غلط؟ بینوا توجروا (بیان فرمائیے اجر دیئے جاؤ گے۔ت)

## الجواب

قرآن عظیم کی جمع و ترتیب آیات و تکمیل و تفصیلِ سُوَر زمانہ اقدس حضور پُرنور سید المرسلین صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں بامرِ الٰہی حسبِ بیانِ جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم وارشاد و تعلیم حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم واقع ہوئی تھی، مگر قرآنِ عظیم صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم کے سینوں اور متفرق کاغذوں، پتھروں کی تختیوں، بکری دُنبے کی پوستوں، شانوں

---

[1] رہبر حق ص ۴۰
[2] القرآن الکریم ۱۵/۲۱

پسلیوں وغیرہا میں تھا، ایک جگہ سارا قرآن عظیم مجموع نہ تھا۔ جب جنگِ یمامہ میں کہ مسیلمہ کذاب ملعون مدعی نبوت سے زمانۂ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہوئی صدہا صحابہ کرام حفّاظِ قرآن نے شہادت پائی امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دل الہام منزل میں حق جل وعلا نے القا کیا کہ حضرت خلیفۂ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر گزارش کی کہ اس لڑائی میں بہت صحابہ جن کے سینوں میں قرآن عظیم تھا شہید ہوئے، یونہی جہادوں میں حفّاظ صحابہ شہید ہوتے گئے اور قرآن عظیم متفرق رہا تو بہت قرآن جاتے رہنے کا اندیشہ ہے میری رائے میں حکم دیجئے کہ قرآن عظیم کی سب سورتیں یکجا کر لی جائیں۔ خلیفۂ رسول صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی رائے پسند فرمائی اور حضرت زید بن ثابت وغیرہ حفّاظ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اس امرِ جلیل کا حکم دیا کہ بحمد اللہ تعالےٰ سارا قرآن عظیم یکجا ہو گیا، ہر سورت ایک جدا صحیفے میں تھی، وہ صحیفے تاحیاتِ صدیقی حضرت خلیفۂ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے بعد حضرت امیر المومنین سیدنا فاروق اعظم اور ان کے بعد حضرت ام المومنین حفصہ بنت الفاروق زوجہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہم وسلم کے پاس رہے۔ عرب میں ہر قوم وقبیلہ کی زبان بعض الفاظ کے تلفظ میں مختلف تھی، مثلاً حرفِ تعریف میں کوئی الف لام کہتا تھا کوئی الف میم کہ اسی لغت پر حدیث:

لیس من امبر امصیام فی امسفر[1]

سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں ہے۔ (ت)

وارد ہے۔ علاماتِ مضارع حروف اتین کو کوئی مفتوح پڑھاتا تھا کوئی مکسور، ما شبہ بلیس کی خبر کو کوئی منصوب کرتا کوئی مرفوع، اِنَّ و اَنَّ وغیرہما کے اسم کو کوئی نصب دیتا کوئی رفع پر رکھتا۔ بعض قبائل ہر جگہ (ب) کو (م) بولتے (م) کو (ب)، تاء رحمۃ ونحوہا کو حالت وقفی میں کوئی (ہ) کہتا کوئی (ت) منصوب منون پر، کوئی (الف) سے وقف کرتا کوئی صرف سکون سے، بعض مرفوع ومجرور پر بھی واؤ و یا سے وقف کرتے۔ بعض قومیں حروفِ مدہ حرکاتِ موافقہ پر قناعت کرتیں اَعُوْذُ کو اَعُذُ، تعالیٰ کو تَعَالَ وغیرہ ذٰلک کہتیں۔ اسی قسم کے بہت سے تفاوتِ لہجہ وطرزِ ادا تھے۔ قرآن عظیم خاص لغتِ قریش پر اترا تھا کہ صاحبِ قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قریشی تھے ؎

گلبن تو کہ زگلزار قریشی گل کرد | زاں سبب آمدہ قرآن بزبان قرشی

(آپ کا شجرہ گلاب چونکہ قریش کے باغ سے ظاہر ہوا اسی سبب سے قرآن مجید قریش کی لغت پر آیا۔ ت)

---

[1] شرح معانی الآثار کتاب الصیام باب الصیام فی السفر ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/۳۸۵

زمانۂ اقدس حضور پُرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ میں کہ قرآنِ عظیم نیا نیا اُترا تھا اور ہر قوم و قبیلہ کو اپنے مادری لہجہ قدیمی عادات کا دفعۃً بدل دینا دشوار تھا آسانی فرمائی گئی تھی کہ ہر قوم عرب اپنے طرز و لہجہ میں قراءتِ قرآنِ عظیم کرے، زمانۂ نبوت کے بعد شُدہ شُدہ اقوامِ مختلفہ سے بعض بعض لوگوں کے ذہن میں جم گیا جس لہجہ و لغت میں ہم پڑھتے ہیں اسی میں قرآنِ کریم نازل ہوا ہے یہاں تک کہ زمانۂ امیر المومنین عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں بعض لوگوں کو اس بات پہ باہم جنگ و جدل و زد و کوب کی نوبت پہنچی یہ کہتا تھا قرآن اس لہجہ میں ہے وہ کہتا تھا نہیں بلکہ دوسرے میں ہے، ہر ایک اپنے لغت پر دعوٰی کرتا تھا، جب یہ خبر امیر المومنین عثمانِ غنی کو پہنچی فرمایا ابھی سے تم میں اختلاف پیدا ہوا تو آئندہ کیا امید ہے۔ لہٰذا حسبِ مشورۂ امیر المومنین سیدنا علی مرتضٰے کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم و دیگر اعیانِ صحابہ رضی اللہ تعالٰے عنہم یہ قرار پایا کہ اب ہر قوم کو اس کے لب و لہجہ کی اجازت میں مصلحت نہ رہی بلکہ فتنہ اٹھتا ہے لہٰذا تمام اُمت کو خاص لغتِ قریش پر جس میں قرآنِ عظیم نازل ہُوا ہے جمع کر دینا اور باقی لغات سے باز رکھنا چاہیے، صحیفہائے خلیفۂ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کہ حضرت ام المومنین بنت الفاروق رضی اللہ تعالٰے عنہما کے پاس محفوظ ہیں منگا کر اُن کی نقلیں لے کر تمام سُورتیں ایک مصحف میں جمع کریں اور وہ مصاحف بلادِ اسلام میں بھیج دیں کہ سب اسی لہجہ کا اتباع کریں اِس کے خلاف اپنے اپنے طرزِ ادا کے مطابق جو صحائف یا مصاحف بعض لوگوں نے لکھے ہیں دفعِ فتنہ کے لئے تلف کر دیئے جائیں۔ اسی رائے صائب کی بنا پہ امیر المومنین عثمانِ غنی رضی اللہ تعالٰے عنہ نے حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہلا بھیجا کہ صحیفہائے صدیقی بھیج دیجئے ہم ان کی نقلیں لے کر شہروں کو بھیجیں اور اصل آپ کو واپس کر دیں گے۔ اُمّ المومنین نے بھیج دیئے، امیر المومنین نے زید بن ثابت و عبد اللہ بن زبیر و سعید بن عاص و عبد الرحمٰن بن حارث بن ہشام رضی اللہ تعالٰے عنہم کو نقلیں کرنے کا حکم دیا، وہ نقلیں مکۂ معظمہ و شام و یمن و بحرین و بصرہ و کوفہ کو بھیجی گئیں اور ایک مدینۂ طیبہ میں رہی اور اصل صحیفے جمع فرمودۂ صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالٰے عنہ جن سے یہ نقلیں ہوئی تھیں حضرت ام المومنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو واپس کر دیئے، ان کی نسبت معاذ اللہ دفن کرنے یا کسی طرح تلف کرا دینے کا بیان محض جھُوٹ ہے، وہ مبارک صحیفے خلافتِ عثمانی پھر خلافتِ مرتضوی پھر خلافتِ امام حسن پھر خلافتِ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم تک بعینہا محفوظ تھے یہاں تک کہ مروان نے لے کر چاک کر دیئے۔ بالجملہ اصل جمعِ قرآن تو بحکمِ رب العزت حسبِ ارشاد حضور پُرنور سید الاسیاد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہو لیا تھا سب سُور کا یکجا کرنا باقی تھا امیر المومنین صدیقِ اکبر نے بمشورۂ امیر المومنین فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما جمع کیا پھر اُسی جمع فرمودۂ صدیقی کی نقلوں سے مصاحف بنا کر امیر المومنین عثمانِ غنی نے بمشورۂ امیر المومنین مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما بلادِ اسلام میں شائع کئے اور تمام اُمت کو اصل لہجۂ قریش پر مجتمع ہونے کی ہدایت فرمائی اسی وجہ سے وہ جناب جامع القرآن کہلائے ورنہ حقیقۃً

جامع القرآن رب العزت تعالیٰ شانہٗ ہے، کما قال عزمن قائل:

انّ علینا جمعہٗ و قرانہٗ[1]

بیشک اس کا جمع کرنا اور پڑھنا ہمارے ذمے ہے۔ (ت)

اور بنظرِ ظاہر حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ایک جگہ اجتماع کے لحاظ سے سب میں پہلے جامع القرآن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، حاکم مستدرک میں بشرطِ بخاری و مسلم حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال کنّا عند رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نؤلف القراٰن من الرقاع[2]۔

یعنی ہم زمانہ اقدس حضور سیدِ عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم میں قرآن پارچوں میں جمع کرتے تھے۔

امام جلال الدین سیوطی اتقان شریف میں فرماتے ہیں:

قد کان القراٰن کتب کلہ فی عہد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لکن غیر مجموع فی موضع واحد ولا مرتب السور[3]۔

سارا قرآن رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے عہدِ اقدس میں لکھا گیا تھا لیکن وہ ایک جگہ جمع نہیں تھا اور سورتیں مرتب نہیں ہوئی تھیں۔ (ت)

صحیح بخاری شریف میں اُنھیں سے مروی:

فارسل الیّ ابوبکر مقتل اھل الیمامۃ فاذا عمر بن الخطاب عندہ فقال ابوبکر ان عمر اتانی فقال ان القتل قد استحر یوم الیمامۃ بقراء القراٰن وانی اخشی ان یستحر القتل بالقراء بالمواطن فیذھب کثیر من القراٰن وانی اری ان تأمر بجمع القراٰن قال زید قال ابوبکر انک رجل شابّ عاقل لانتھمک وقد کنت تکتب الوحی لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتتبع القراٰن فاجمعہ فتتبعت القراٰن اجمعہ من العسب واللّخاف وصدور الرجال، فکانت الصحف عند ابی بکر حتی توفاہ اللہ ثم عند عمر حیاتہ ثم عند حفصۃ بنت عمر[4] وھذا مختصر۔

---

[1] القرآن الکریم ۷۵/۱۷

[2] المستدرک للحاکم کتاب التفسیر جمع القرآن لم یکن مرۃ واحدۃ دار الفکر بیروت ۲/۲۲۹

[3] الاتقان النوع الثامن عشر فی جمعہ و ترتیبہ دار الکتاب العربی بیروت ۱/۲۰۲

[4] صحیح البخاری کتاب فضائل القرآن باب جمع القرآن قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/۷۴۵، ۷۴۶

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جنگِ یمامہ کے موقع پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے بلوایا میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی وہاں موجود تھے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میرے پاس حضرت عمر آئے ہیں اور کہا ہے کہ جنگ یمامہ میں بہت سے قراءِ قرآن شہید ہوئے ہیں مجھے خوف ہے کہ اگر جنگوں میں قرا کثرت سے شہید ہوتے رہے تو قرآن مجید کا بہت سا حصہ ضائع ہوجائیگا میری رائے یہ ہے کہ آپ قرآن مجید کو جمع کرنے کا حکم دیں، حضرت زید نے کہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے فرمایا تم ایک نوجوان عقلمند مرد ہو ہم آپ کو کسی معاملے میں تہمت نہیں لگاتے اور آپ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وحی لکھا کرتے تھے قرآن مجید کو تلاش کرو اور اُس کو جمع کردو، چنانچہ میں نے قرآن مجید کو ڈھونڈھا اور اس کو کھجور کے پٹھوں، پتھر کی سلوں اور لوگوں کے سینوں سے جمع کرتا تھا، وہ صحیفے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات تک ان کے پاس رہے پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس رہے آپ کے وصال کے بعد سیدہ حفصہ بنت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس موجود رہے، اختصار۔ (ت)

اس حدیثِ طویل کا خلاصہ وہی ہے کہ بعد جنگِ یمامہ فاروق نے صدیق کو جمعِ قرآن کا مشورہ دیا اور صدیق نے زید بن ثابت کو اس کا حکم دیا کہ متفرق پرچوں سے سب سورتیں یکجا ہو کر صدیق پھر عمر فاروق پھر امیر المومنین کے پاس رہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ امیر المومنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں:

اعظم الناس فی المصاحف اجرا ابوبکر رحمۃ اللہ علی ابی بکر ھو اول من جمع کتاب اللہ۔[1] رواہ ابن ابی داؤد فی المصاحف بسند حسن عن عبد خیر قال سمعت علیا یقول فذکرہ۔

مصاحف میں سب سے زیادہ ثواب ابوبکر کا ہے اللہ ابوبکر پر رحمت کرے سب سے پہلے اُنھیں نے قرآن جمع کیا (اس کو ابن ابی داؤد نے مصاحف میں سند حسن کے ساتھ عبد خیر سے روایت کیا انھوں نے کہا کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو فرماتے سنا، پھر وہی حدیث ذکر کی۔ ت)

امام اجل عارف باللہ محاسبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتاب فہم السنن میں فرماتے ہیں:

کتابۃ القراٰن لیست بمحدثۃ فانہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یأمر بکتابتہ ولکنہ کان مفرقا فی الرقاع والاکتاف والعسب فانما امر الصدیق بنسخھا من مکان الی مکان مجتمعا وکان ذٰلک بمنزلۃ اوراق وجدت فی بیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فیھا القراٰن منتشر فجمعھا جامع وربطھا بخیط حتی لا یضیع منھا

---

[1] الاتقان بحوالہ ابن ابی داؤد فی المصاحف النوع الثامن عشر دار الکتاب العربی بیروت ۱/۲۰۸

شئ ۔ نقلہ فی الاتقان[1]۔

یعنی قرآن کا لکھنا کوئی نیا کام نہیں، یہ تو زمانۂ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں بحکم اقدس ہوچکا تھا مگر متفرق تھا، پارچوں، شانے کی ہڈیوں اور کھجور کے پٹھوں پر لکھا ہوا تھا، صدیق نے یکجا کر دیا، تو گویا یہ ایسا ہوا کہ قرآن کے اوراق جو حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے کاشانۂ مبارک میں منتشر تھے وہ جمع کرنے والے نے ایک ڈورے میں باندھ دیئے تاکہ اس میں سے کوئی شئے ضائع نہ ہو (اس کو اتقان میں نقل کیا۔ ت)۔

صحیح بخاری شریف میں ہے:

حدثنا موسٰی ثنا ابراھیم ثنا ابن شھاب ان انس بن مالك حدثه ان حذیفة بن الیمان قدم علٰی عثمان وکان یغازی اھل الشام فی فتح ارمینیة واذربیجان مع اھل العراق فافزع حذیفة اختلافھم فی القراءة فقال حذیفة لعثمان یا امیر المؤمنین ادرك ھذه الامة قبل ان یختلفوا فی الکتاب اختلاف الیھود والنصارٰی فارسل عثمٰن الی حفصة رضی اللہ تعالٰی عنھا ان ارسلی الینا بالصحف ننسخھا فی المصاحف ثم نردھا الیك فارسلت بھا حفصة الی عثمٰن فامر زید بن ثابت وعبد اللہ بن زبیر وسعید بن العاص وعبد الرحمٰن بن الحارث ابن ھشام فنسخوھا فی المصاحف وقال عثمٰن للرھط القرشیین الثلٰثة اذا اختلفتم انتم وزید بن ثابت فی شیئ من القراٰن فاکتبوه بلسان قریش فانما نزل بلسانھم ففعلوا حتی اذا نسخوا الصحف فی المصاحف رد عثمٰن الصحف الٰی حفصة وارسل الی کل افق بمصحف مما نسخوا وامر بما سواه من القراٰن فی کل صحیفة او مصحف ان یحرق[2]۔

ہمیں موسٰی نے حدیث بیان کی انھوں نے کہا ہمیں ابراہیم نے انھوں نے کہا ہمیں ابن شہاب نے حدیث بیان کی کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ نے انھیں حدیث بیان کی کہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالٰی عنہ سیدنا حضرت عثمان رضی اللہ تعالٰی عنہ کے پاس آئے جبکہ وہ اہل شام اور اہل عراق کو آرمینیہ اور آذربائیجان کے ساتھ جنگ کرنے اور ان کو فتح کرنے کے لئے لشکر تیار کر رہے تھے حذیفہ کو اہل شام اور اہل عراق کے قرآن پڑھنے کے اختلاف نے گھبراہٹ میں ڈال دیا تو انھوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ

---

[1] الاتقان بحوالہ المحاسبی فی کتاب فہم السنن النوع الثامن عشر دار الکتاب العربی بیروت ۱/۲۱۰ و ۲۱۱

[2] صحیح البخاری کتاب فضائل القرآن باب جمع القرآن قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/۷۴۶

سے کہا اے امیر المومنین! اس امت کو یہود و نصاریٰ کی طرح کتاب اللہ میں اختلاف کرنے سے روکیں۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کسی کو اُم المومنین سیدہ حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس بھیجا کہ وہ صحیفے ہمارے پاس بھیج دیں ہم ان کو مصحف میں لکھ کر پھر آپ کو واپس کر دیں گے۔ اُم المومنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے صحیفے امیر المومنین کے پاس بھیج دیئے تو انھوں نے زید بن ثابت، عبداللہ بن زبیر، سعید بن عاص اور عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام رضی اللہ تعالےٰ عنہم کو حکم دیا، انھوں نے اس کو مصاحف میں لکھ دیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تینوں قریشیوں کو حکم دیا کہ جب تمہارا اور زید بن ثابت کا قرآن مجید کے کسی کلمے میں اختلاف ہو جائے تو اس کو لغتِ قریش کے مطابق لکھو کیونکہ قرآن مجید صرف لغتِ قریش پر نازل ہوا تو انھوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حکم کی تعمیل کی حتی کہ جب انھوں نے صحیفوں کو مصاحف میں لکھ دیا تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے وہ صحیفے ام المومنین سیدہ حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو واپس بھیج دیئے، اور ملک کے ہر کونے میں ایک مصحف بھیج دیا جو انھوں نے لکھا تھا اور حکم دیا اس کے سوا جو قرآن کسی صحیفہ یا مصحف میں ہے اس کو جلا دیا جائے۔ (ت)

دیکھو یہ حدیث صحیح بخاری صاف گواہ عدل ہے کہ امیر المومنین عثمان نے اختلاف لہجہ و لغات سُن کر صحیفہائے صدیقی حضرت حفصہ سے منگائے اور انھیں کی نقلوں سے مصحف بنا کر بلادِ اسلام میں بھیجے اور وہ صحیفے بعد نقل حضرت ام المومنین کو واپس دیئے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

ابن اشتہ کتاب المصاحف میں راوی:

اختلفوا فی القراءۃ علیٰ عہد عثمٰن رضی اللہ تعالیٰ حتی اقتتل الغلمان والمعلمون فبلغ ذٰلک عثمٰن بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقال عندی تکذبون بہ و تلحنون فیہ، فمن نأی عنی کان اشد تکذیبا و اکثر لحنا یا اصحاب محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم اجتمعوا فاکتبو اللناس اماما فاجتمعوا فکتبوا الحدیث رواہ من طریق ایوب عن ابی قلابۃ قال حدثنی رجل من بنی عامر یقال لہ انس بن مالک[1] فذکرہ۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے عہد میں لوگوں میں قرآن مجید کے اندر اس قدر اختلاف پڑ گیا جس کی وجہ سے پڑھنے والے بچوں اور پڑھانے والے اساتذہ میں لڑائی ہونے لگی، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر پہنچی تو انھوں نے فرمایا کہ تم میرے سامنے قرآن کو جھٹلاتے اور اس میں غلطی کرتے ہو تو جو مجھ سے دُور ہیں

---

[1] الاتقان بحوالہ ابن اشتہ النوع الثامن عشر دار الکتاب العربی بیروت ۱/۲۱۲

وہ اس سے بھی زیادہ جھٹلاتے اور غلطی کرتے ہوں گے، اے اصحاب محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم! جمع ہوجاؤ اور لوگوں کے لئے ایک امام (قرآن) لکھو۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم نے جمع ہوکر قرآن لکھا۔ اس حدیث کو ابن اشتہ نے ایوب کے طریق پر ابوقلابہ سے روایت کیا اس نے کہا مجھ سے بنی عامر کے ایک مرد نے بیان کیا جس کو انس بن مالک کہا جاتا ہے، پھر وہی حدیث مذکور ذکر کی۔ (ت)

سیدنا مولا علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم فرماتے ہیں:

لا تقولوا فی عثمٰن الاخیرا فواللہ ما فعل فی المصاحف الاعن ملأمنا قال ما تقولون فی هذا القراءة فقد بلغنی ان بعضهم یقول ان قراءتی خیر من قراءتك و هذا یکاد یکون کفرا قلنا فما تری، قال اری ان یجمع الناس علی مصحف واحد فلا تکون فرقة ولا اختلاف، قلنا نعم ما رأیت[1]۔ رواہ ابوبکر بن ابی داؤد بسند صحیح عن سوید بن غفلة قال قال علی رضی اللہ تعالٰی عنه فذکرہ۔

یعنی عثمان کے حق میں سوا کلمہ خیر کے کچھ نہ کہو خدا کی قسم معاملہ مصاحف میں انھوں نے جو کچھ کیا ہم سب کے مشورہ و اتفاق سے کیا انھوں نے ہم سے کہا کہ تم ان مختلف لہجوں میں کیا کہتے ہو مجھے خبر پہنچی ہے کہ کچھ لوگ اوروں سے کہتے ہیں میری قرارت تیری قرارت سے اچھی ہے اور یہ بات کفر کے قریب تک پہنچی ہوئی ہے، ہم نے کہا بھلا آپ کی کیا رائے ہے، فرمایا میری رائے یہ ہے کہ سب لوگوں کو ایک مصحف پر جمع کردیں کہ پھر باہم نزاع و اختلاف نہ ہو، ہم سب نے کہا آپ کی رائے بہت خوب ہے (اس کو ابوبکر بن ابوداؤد نے سندِ صحیح کے ساتھ سُوید بن غفلہ سے ذکر کیا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا، پھر حدیثِ مذکور ذکر کی۔ ت)

اتقان میں ہے:

قال ابن التین وغیرہ الفرق بین جمع ابی بکر وجمع عثمٰن ان جمع ابی بکر کان لخشیة ان یذهب من القراٰن شئ بذهاب حملته لانه لم یکن مجموعا فی موضع واحد فجمعه فی صحائف مرتبا لاٰیات سورہ علی ما وقفهم علیه النبی صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم، وجمع عثمٰن کان لما کثر الاختلاف فی وجوہ القراءة حین قرؤوہ بلغاتهم علی اتساع اللغات فادی ذٰلك بعضهم الی تخطئة بعض فخشی من تفاقم الامر فی ذٰلك فنسخ تلك الصحف فی مصحف واحد مرتبا لسورہ واقتصر من سائر اللغات علی لغة

---

[1] الاتقان بحوالہ ابن اشتہ النوع الثامن عشر دار الکتاب العربی بیروت ۱/۲۱۳

قریش محتجا بانہ نزل بلغتھم، وان کان قد وسّع قراءتہ بلغۃ غیرھم رفعا للحرج والمشقۃ فی ابتداء الامر فرأی ان الحاجۃ الی ذلک انتھت فاقتصر علی لغۃ واحدۃ [1]"

ابن تین وغیرہ نے کہا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ اور عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ کے قرآن جمع کرنے میں فرق یہ ہے کہ ابوبکر رضی اللہ تعالٰی عنہ کا جمع کرنا اس خوف سے تھا کہ قرار قرآن کی شہادت کے سبب سے قرآن کا کچھ حصہ ضائع نہ ہو جائے کیونکہ قرآن مجید یکجا نہ تھا، چنانچہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ نے قرآن مجید کو صحیفوں میں اس طرح جمع کردیا کہ ہر ایک سورت کی آیتیں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بیان کے مطابق مرتب کرکے درج فرمادیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالٰی عنہ نے اس وقت قرآن مجید جمع فرمایا جب قرات کی وجوہ میں بکثرت اختلاف واقع ہوا، جبکہ عربوں نے وسیع لغات کی بنا پر اپنی اپنی زبانوں میں الگ الگ قرات میں قرآن پڑھنا شروع کردیا اور ایک زبان والے دوسری زبان والوں کی قرات کو غلط قرار دینے لگے تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ کو لوگوں کے درمیان معاملہ حد سے بڑھ جانے کا خوف محسوس ہوا اس لئے آپ نے تمام صحیفوں کو ایک مصحف میں سورتوں کی ترتیب کے ساتھ جمع کردیا اور تمام لغات کو چھوڑ کر صرف لغت قریش پر اکتفار کیا۔ اس بات سے استدلال کرتے ہوئے کہ قرآن مجید لغت قریش پر نازل ہوا اگرچہ حرج اور مشقت سے بچنے کے لئے شروع شروع غیر قریش کی لغات میں پڑھنے کی بھی اجازت تھی، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے سمجھا کہ اب اس کی حاجت نہیں رہی لہذا آپ نے ایک ہی لغت پر انحصار فرمایا۔ (ت)

امام بدرالدین عینی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری میں فرماتے ہیں،

کان ھذا سببا لجمع عثمٰن القراٰن فی المصحف، والفرق بینہ وبین الصحف ان الصحف ھی الاوراق المحررۃ التی جمع فیھا القراٰن فی عھد ابی بکر رضی اللہ تعالٰی عنہ وکانت سورا مفرقۃ کل سورۃ مرتبۃ بایاتھا علی حدۃ، لکن لم یرتب بعضھا اثر بعض فلما نسخت ورتب بعضھا اثر بعض صارت مصحفا ولم یکن مصحفا الا فی عھد عثمٰن رضی اللہ تعالٰی عنہ [2]

یہ تھا سبب حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ کے مصحف میں قرآن جمع کرنے کا۔ صحیفوں اور مصحف میں فرق یہ ہے کہ صحیفے وہ اوراق ہیں جن میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ کے عہد مبارک میں قرآن مجید

---

[1] الاتقان النوع الثامن عشر دار الکتاب العربی بیروت ۱/۲۱۳

[2] عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری کتاب فضائل القرآن باب جمع القرآن " " " ۲۰/۲۶

لکھا گیا اس میں سورتیں الگ الگ تھیں، ہر سورت اپنی آیات کے ساتھ الگ مرتب تھی لیکن بعض کو بعض کے بعد بالترتیب نہیں رکھا گیا تھا، جب اُن کو اس طرح لکھا گیا بعض سورتوں کو بعض کے بعد بالترتیب رکھا گیا تو مصحف بن گیا۔ چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالٰی عنہ کے عہد سے پہلے مصحف نہ تھا۔ (ت)

عمدۃ القاری و اتقان شریف میں ابوبکر بن ابی داؤد سے منقول:

قال سمعت اباحاتم السجستانی یقول کتب سبعۃ مصاحف فارسل الی مکۃ و الی الشام و الی الیمن و الی البحرین و الی البصرۃ و الی الکوفۃ وحبس بالمدینۃ واحدا[1]

اس نے کہا میں نے ابوحاتم سجستانی کو کہتے سنا کہ حضرت عثمان نے سات مصحف تحریر فرمائے، ایک مکہ مکرمہ، ایک شام، ایک یمن، ایک بحرین، ایک بصرہ اور ایک کوفہ میں بھیج دیا جبکہ ایک مدینہ منورہ میں رکھ لیا۔ (ت)

امام قسطلانی ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں:

(حتی اذا نسخوا الصحف فی المصاحف رد عثمٰن الصحف الی حفصۃ) فکانت عندھا حتی توفیت فاخذھا مروان حین کان امیرا علی المدینۃ من قبل معٰویۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ فامر بھا فشققت وقال انما فعلت ھذا لانی خشیت ان طال بالناس زمان ان یرتاب فیھا مرتاب، رواہ ابن ابی داؤد[2] وغیرہ۔

(یہاں تک کہ جب انھوں نے صحیفے مصحف میں لکھ لئے تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے وہ صحیفے حضرت حفصہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کو واپس بھیج دیئے) وہ وصال تک حضرت حفصہ کے پاس رہے، پھر مروان امیر معاویہ کی طرف سے مدینہ منورہ کا امیر بنا تو اس نے ان کو لے کر پھاڑ دینے کا حکم دیا اور کہا میں نے یہ اس لئے کیا ہے کہ زیادہ عرصہ گزر جانے پر کوئی شک کرنے والا اس میں شک نہ کرے۔ اس کو ابن ابی داؤد وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ (ت)

اُسی میں ہے:

کان التالیف فی الزمن النبوی والجمع فی المصحف فی زمن الصدیق والنسخ فی المصاحف فی زمن عثمٰن وقد کان القراٰن کلہ مکتوبا فی عھدہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لکنہ غیر مجموع فی موضع واحد ولا مرتب

---

[1] عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری کتاب فضائل القرآن باب جمع القرآن دار الکتب العلمیۃ بیروت ۲۰/ ۲۶

[2] ارشاد الساری " " " " " " " " " " ۱۱/ ۲۶۵

السور[1] انتهی واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم۔

قرآن مجید کی تالیف عہدِ نبوی میں ہوئی۔ صحیفوں میں جمع زمانہ صدیقی میں ہوا اور مصاحف میں اس کی کتابت زمانۂ عثمانی میں ہوئی، بیشک سارا قرآن مجید نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے زمانہ میں لکھا ہوا تھا لیکن وہ سارا یکجا لکھا ہوا نہیں تھا اور نہ ہی سورتیں ترتیب وار لکھی ہوئی تھیں انتہی (ت) (فتاوٰی رضویہ ۲۶ ص ۴۴۹ تا ۴۵۰)

(۳۵) سیدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ کو جامع قرآن کہنے کے بارے میں ایک اور سوال کے جواب میں فرمایا:

قرآن عظیم کا جامع حقیقی اللہ تعالٰی ہے، قال جل وعلا:

انّ علینا جمعہ وقرانہ[2]۔

بیشک ہمارے ذمّے ہے قرآن کا جمع کرنا اور پڑھنا۔

پھر جامع عزوجل کے مظہرِ اولٰی واتم واکمل حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہوئے۔ آیاتِ قرآنیہ اسی ترتیبِ جمیل پر کہ مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے مطابق ترتیب لوحِ محفوظ حسب تبلیغ جبریل وتعلیم جلیل صاحبِ تنزیل صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں اپنی اپنی سورتوں میں جمع ہولیں، قرآن عظیم ۲۳ برس میں حسبِ حاجت عبادت متفرق آیتیں ہوکر اُترا، کسی سورت کی کچھ آیات اُترتیں پھر دوسری سورت کی آیتیں آتیں پھر سورتِ اولٰی کی نازل ہوتیں، حضور پُرنور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہر بار ارشاد فرماتے کہ یہ آیات فلاں سورت کی ہیں فلاں آیت کے بعد فلاں کے پہلے رکھی جائیں، اسی طرح سورۂ قرآنیہ منتظم ہوتیں، اور حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پھر حضور سے سُن کر صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم اسی ترتیب پر اُسے نمازوں تلاوتوں میں پڑھتے، قرآن عظیم صرف ایک واحد لغتِ قریش پر نازل ہُوا، عرب میں مختلف قبائل اور ان کے لہجے باہم حرکات وسکنات وبعض اجزائے کلمات میں مختلف تھے، علاماتِ مضارع کو قریش مفتوح رکھتے، دیگر بعض قبائل ات ن کو مکسور کرکے نِعبد نِستعین کہتے، لغتِ قریش میں "تابوت" آخر میں تائے قرشت سے تھا دوسروں کی لغت میں "تابوہ" ہائے ہوز سے۔ اسی قسم کے بالائی اختیارات بکثرت تھے جن سے معنٰی کلام بلکہ جوہرِ نظم کو بھی کوئی ضرر نہ پہنچتا، اور مادری لہجہ زبانوں پر چڑھا ہوا دفعۃً بدل دینا سخت دشوار۔ لہٰذا حضور پُرنور رحمت مہدہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے رب سے عرض کرکے دیگر قبائل والوں کے لئے ان کے لہجوں کی

---

[1] ارشاد الساری شرح صحیح البخاری کتاب فضائل القرآن باب جمع القرآن دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۱/ ۲۶۰

[2] القرآن الکریم ۷۵/ ۱۷

رخصت لے لی تھی، جبریل امین علیہ التحیۃ والتسلیم ہر رمضان مبارک میں جس قدر قرآن عظیم اب تک اُتر چکا ہوتا حضور اقدس صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے ساتھ اس کا دَور کرتے جو سنت سنیہ اب تک بحمد اللہ تعالٰے حفاظِ اہلسنت میں باقی ہے اور باقی رہے گی حتی یاتی امر اللہ وھم علٰی ذٰلك (یہاں تک کہ اللہ تعالٰی کا امر آجائے گا اور وہ اس پر قائم ہوں گے۔ ت) سالِ اخیر میں حاملِ وحی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دوبار صرف اصل لغتِ قریش پر جس میں قرآن مجید نازل ہوا تھا حضور پرنور صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے ساتھ دَور کیا، اور اس کی تکرار سے اشارہ ہُوا کہ وہ رخصت منسوخ اور اب صرف اسی لغت پر جس میں اصل نزول ہے استقرار امر ہوا سُور اگرچہ زمانۂ اقدس میں مرتب ہوچکی تھیں مگر یکجا مجتمع نہ تھیں متفرق پرچوں، بکری کے شانوں وغیرہا میں متفرق جگہ تھیں سوا اُن مبارک سینوں کے جن میں سارا قرآن عظیم محفوظ تھا حالی یہی تھا یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے نظرِ عوام سے احتجاب فرمایا، خلافتِ خلیفۂ برحق صدیق اکبر رضی اللہ تعالٰی عنہ میں جنگِ یمامہ واقع ہوئی جس میں بکثرت صحابہ کرام حافظانِ قرآن شہید ہوئے، حافظ حقیقی جامع ازلی جل جلالہ نے اپنا وعدہ صادقہ وانا لہ لحفظون[1] (اور بیشک ہم خود اس کے نگہبان ہیں۔ ت) پورا فرمانے کو پہلے یہ کریم داعیہ قلب کریم حضرت موافق الرائے بالوحی والکتاب سیدنا امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالٰے عنہ میں ڈالا حضرت فاروق نے بارگاہِ صدیقی میں عرض کی کہ جنگِ یمامہ میں بہت حُفّاظ شہید ہُوئے اور میں ڈرتا ہوں کہ یوں ہی قرآن متفرق پرچوں میں رہا اور حفّاظ شہادت پاگئے تو بہت سا قرآن مسلمانوں کے ہاتھ سے جاتا رہے گا میری رائے ہے کہ حضرت جمع قرآن کا حکم فرمائیں، صدیق اکبر رضی اللہ تعالٰے عنہ کو ابتداءً اس میں تامل ہوا کہ جو فعل حضور اقدس صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے نہ کیا ہم کیونکر کریں، فاروق اعظم رضی اللہ تعالٰے عنہ نے عرض کیا کہ اگرچہ حضور پُرنور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے نہ کیا مگر واللہ وہ کام خیر ہے، بالآخر رائے صدیق بھی موافق ہوئی اور زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالٰے عنہ کو بلا کر فرمان خلافت نسبت جمع کتاب اللہ صادر ہوا زید رضی اللہ تعالٰی عنہ کو بھی وہی شبہہ پیش کہ کیونکر کیجئے گا وُہ کام جو حضور سید الانام علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام نے نہ کیا۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالٰے عنہ نے وہی جواب دیا کہ اگرچہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے نہ کیا مگر واللہ وہ کام خیر کا ہے، یہاں تک کہ صدیق و فاروق و زید بن ثابت و جملہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم کے اجماع سے یہ مسئلہ طے ہُوا اور قرآن عظیم متفرق مواضع سے جمع کرلیا گیا، اور وہابیہ کا یہ شبہہ جس پر آدھی وہابیت کا دارومدار ہے کہ جو فعل حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے نہ کیا دُوسرا کیا اُن سے زیادہ مصالح دین جانتا ہے کہ

---

[1] القرآن الکریم ۱۵/ ۹

اُسے کرے گا باجماعِ صحابہ مردود قرار پایا، والحمد للہ رب العالمین، سُوَرِ قرآنیہ اگرچہ متفرق مواقع سے ایک مجموعہ میں مجتمع ہوگئی تھیں اور وہ مجموعہ صدیق پھر فاروق پھر اُم المومنین حفصہ رضی اللہ تعالٰی عنہم کے پاس تھا مگر ہنوز تین کام باقی تھے:

(۱) ان مجموع صحیفوں کا ایک مصحفِ واحد میں نقل ہونا۔

(۲) اُس مصحف کے نسخے معظم بلادِ اسلام مملکتِ اسلامیہ کے عظیم عظیم قسمتوں میں تقسیم ہونا۔

(۳) رخصتِ سابقہ کی بناء پر جو بعض اختلافاتِ لہجہ کے آثار کتابتِ قرآنِ عظیم میں متفرق لوگوں کے پاس تھے اور وہ قرآنِ عظیم کے حقیقی اصل منزّل من اللہ ثابت مستقر غیر منسوخ لہجے سے جدا تھے دفعِ فتنہ کے لئے اُن کا محو ہونا۔

یہ تینوں کام حفظ حافظ حقیقی جامع ازلی جلالہٗ نے اپنے تیسرے بندے امیر المومنین جامع القرآن ذی النورین عثمان رضی اللہ تعالٰی عنہ سے لئے اور قرآنِ عظیم کا جمع کرنا حسبِ وعدۂ الٰہیہ تام و کامل ہوا اس لئے اس جناب کو جامع القرآن کہتے ہیں۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۵۰ تا ۴۵۲)

(۳۶) آیت کریمہ "ومنھم من عاھد اللہ لئن اٰتٰنا من فضلہ لنصدقن ولنکونن من الصّٰلحین"[1] کا شانِ نزول حدیث ثعلبہ ابن حاطب ہے یا کوئی اور؟ یہ ثعلبہ بن حاطب بدری ہیں یا کوئی اور؟ اس سوال کا تفصیلی جواب دیتے ہوئے فرمایا:

بدری حضرت سیدنا ثعلبہ بن حاطب بن عمرو بن عبید انصاری ہیں رضی اللہ تعالٰی عنہ۔ اور یہ شخص جس کے باب میں یہ آیت اُتری ثعلبہ ابن ابی حاطب ہے اگرچہ یہ بھی قومِ اَوس سے تھا۔ اور بعض نے اس کا نام ثعلبہ ابن حاطب کہا۔ مگر وہ بدری خود زمانۂ اقدس حضور پرنور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں جنگِ اُحد میں شہید ہوئے، اور یہ منافق زمانۂ خلافتِ امیر المومنین عثمانِ غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ میں مرا جب اس نے زکوٰۃ دینے سے انکار کیا، اور آیۂ کریمہ اس کی مذمت میں اُتری۔ حضور پرنور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں زکوٰۃ لے کر حاضر ہوا حضور نے قبول نہ فرمائی، پھر صدیق اکبر رضی اللہ تعالٰی عنہ کی خلافت میں لایا انھوں نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے تیری زکوٰۃ قبول نہ فرمائی اور میں قبول کرلوں، ہرگز نہ ہوگا۔ پھر خلافتِ فاروق اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ میں حاضر لایا۔ فرمایا: رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم و ابوبکر قبول نہ فرمائیں اور میں لے لوں، یہ کبھی نہ ہوگا۔ پھر خلافتِ عثمان ذی النورین رضی اللہ تعالٰی عنہ میں لایا۔ فرمایا: رسول اللہ صلے اللہ

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۷۵

تعالٰی علیہ وسلم و صدیق و فاروق نے قبول نہ فرمائی میں بھی نہ لوں گا۔ آخر انھیں کی خلافت میں مر گیا۔
اللہ عزّ وجل اہلِ بدر رضی اللہ تعالٰی عنہم کی نسبت فرما چکا:

اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم[1]

جو چاہو کرو میں تمھیں بخش چکا۔

اور اس منافق کے باب میں فرماتا ہے:

فاعقبھم نفاقا فی قلوبھم الٰی یوم یلقونہ[2]

اس کے پیچھے اللہ نے اُن کے دلوں میں نفاق پیدا کیا کہ مرتے دم تک نہ جائے گا۔

حاشا للہ نور و ظلمت کیونکر جمع ہو سکتے ہیں۔

امام حافظ الشان اصابہ میں فرماتے ہیں:

ثعلبۃ بن حاطب بن عمرو الانصاری ذکرہ موسٰی بن عقبۃ و ابن اسحٰق فی البدریین وکذا ذکرہ ابن الکلبی و زاد انہ قتل باحد[3]

ثعلبہ بن حاطب بن عمرو انصاری کو موسٰی بن عقبہ اور ابن اسحاق نے اہل بدر میں ذکر کیا۔ اسی طرح ابن کلبی نے ذکر کیا اور یہ اضافہ کیا کہ وہ اُحد میں شہید ہوئے۔ (ت)

تفسیر امام ابن جریر میں ہے:

حدثنی محمد ابن سعد حدثنی ابی حدثنی عمی حدثنی ابی عن ابیہ عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما ان رجلا یقال لہ ثعلبۃ ابن حاطب اخلف ما وعدہ فقص اللہ تعالٰی شانہ فی القراٰن ومنھم من عاھد اللہ الٰی قولہ یکذبون[4]

مجھ سے محمد بن سعد نے بیان کیا انھوں نے کہا مجھ سے میرے باپ نے بیان کیا اس نے کہا مجھ سے میرے چچا نے بیان کیا اس نے کہا مجھ سے میرے باپ نے اپنے باپ سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا انھوں نے ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا ایک شخص کو ثعلبہ بن

---

[1] الاصابہ فی تمییز الصحابۃ ترجمہ ۹۲۸ دار صادر بیروت ۱/ ۱۹۸
کنز العمال حدیث ۳۷۹۵۷ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۴/ ۶۹

[2] القرآن الکریم ۹/ ۷۷

[3] الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ ترجمہ ۹۲۷ دار صادر بیروت ۱/ ۱۹۸

[4] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت الآیۃ ۹/ ۷۵ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۰/ ۲۱۳

حاطب کہا جاتا ہے جس نے اللہ تعالٰی کے ساتھ کئے ہوئے وعدے کی خلاف ورزی کی اللہ تعالٰی نے اس کے حال کو قرآن مجید میں بیان فرمایا یعنی "ومنھم من عٰھد اللہ" سے "یکذبون" تک۔ (ت)

تفسیر معالم میں ہے:

قال الحسن ومجاھد نزلت فی ثعلبۃ بن حاطب[1] الخ۔

امام حسن اور مجاہد نے کہا یہ آیت ثعلبہ بن حاطب کے بارے میں نازل ہوئی الخ (ت)

تفسیر ابن جریر وثعلبی وغیرہم میں حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی:

فانزل اللہ تعالٰی فیہ "ومنھم من عاھد اللہ الخ وعند رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم رجل من اقارب ثعلبۃ فسمع ذٰلک فخرج حتی اتاہ فقال ویحک یا ثعلبۃ قد انزل اللہ فیک کذا وکذا فخرج ثعلبۃ حتی اتی النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فسألہ ان یقبل منہ صدقتہ فقال ان اللہ منعنی ان اقبل منک صدقتک، ثم اتی ابابکر حین استخلف فقال اقبل صدقتی فقال ابوبکر لم یقبلہا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وانا اقبلہا؟ فلما ولی عمر اتاہ فقال یا امیر المؤمنین اقبل صدقتی فقال لم یقبلہا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ولا ابوبکر وانا لا اقبلہا منک ثم ولی عثمٰن فاتاہ فسألہ فقال لم یقبلہا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ولا ابوبکر ولا عمر رضوان اللہ تعالٰی علیہما وانا لا اقبلہا منک فلم یقبلہا منہ وھلک ثعلبۃ فی خلافۃ عثمٰن رضی اللہ تعالٰی عنہ[2] اھ مختصرًا۔

تو اللہ تعالٰی نے اس کے بارے میں یہ آیت نازل فرمائی "اور ان میں کوئی وہ ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا" الخ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے پاس ثعلبہ کے قریبی رشتہ داروں میں سے ایک شخص موجود تھا جس نے اس آیت کو سنا تو وہ وہاں سے نکلا اور ثعلبہ کے پاس آکر کہا اے ثعلبہ! تیرے لئے ہلاکت ہو اللہ تعالٰی نے تیرے بارے میں ایسا حکم نازل فرمایا ہے۔ تو ثعلبہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا اور درخواست کی کہ اس کا صدقہ قبول کیا جائے تو نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالٰی نے مجھے منع فرمادیا ہے کہ میں تیرا صدقہ قبول کروں۔ پھر جب ابوبکر صدیق

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۹/ ۷۵ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲/ ۲۶۴

[2] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) " " دار احیاء التراث العربی " ۱۰/ ۲۱۴

رضی اللہ تعالٰی عنہ خلیفہ بنے تو ثعلبہ نے ان کے پاس آکر کہا میرا صدقہ قبول کرلیں۔ ابوبکرصدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے قبول نہیں فرمایا اور میں قبول کرلوں؟ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالٰی عنہ امیر المومنین بنے تو ثعلبہ نے آکر کہا اے امیر المومنین! میرا صدقہ قبول فرمالیں، تو آپ نے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اسے قبول نہیں فرمایا اور نہ ہی ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ نے اسے قبول فرمایا اور میں بھی اس کو قبول نہیں کرتا۔ پھر جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ امیر المومنین بنے تو اس نے آکر صدقہ قبول کرنے کی درخواست پیش کی آپ نے فرمایا اسے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے قبول نہیں فرمایا اور نہ ہی ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما نے قبول فرمایا تو میں بھی اسے قبول نہیں کرتا ہوں۔ چنانچہ آپ نے قبول نہیں فرمایا اور آپ ہی کی خلافت میں ثعلبہ مرگیا اھ اختصار (ت)

یہ سب اس حدیثِ ثعلبہ کی تسلیم پر ہے، ورنہ وہ سرے سے ثابت الصحت نہیں۔ امام ابن حجر عسقلانی نے اصابہ میں فرمایا:

ان صح الخبر و لا اظنه یصح[1]۔

اگر یہ خبر صحیح ہو اور میں اس کو صحیح گمان نہیں کرتا۔ (ت)

**اقول** یہ حدیثِ ابی امامہ رضی اللہ تعالٰی عنہ جس میں بجائے ابن ابی حاطب، ابن حاطب کہا۔ ابن جریر و بغوی و ثعلبی و ابن السکن و ابن شاہین و باوردی سب کے یہاں بطریق معاذ ابن رفاعہ عن علی بن یزید عن القاسم عن ابی امامہ رضی اللہ تعالٰی عنہ ہے، اور علی بن یزید میں کلام معلوم ہے۔ حافظ الشان نے تقریب میں فرمایا: ضعیف[2]۔ امام دارقطنی نے فرمایا: متروک[3]۔ امام بخاری نے فرمایا: منکر الحدیث[4]۔ اور فرمایا:

کل من اقول فیه منکر الحدیث لا تحل الروایة عنه[5]۔

جسے میں منکر الحدیث کہوں اس سے روایت حلال نہیں۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۵۳ تا ۴۵۷)

---

[1] الاصابة فی تمییز الصحابة ترجمہ ۹۲۸ دار صادر بیروت ۱/۱۹۸
[2] تقریب التہذیب ترجمہ علی بن یزید ۴۸۳۳ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱/۷۰۵
[3] میزان الاعتدال بحوالہ الدارقطنی ترجمہ ۵۹۶۶ دار المعرفۃ بیروت ۳/۱۶۱
[4] 〃 〃 بحوالہ البخاری 〃 〃 〃 〃
[5] 〃 〃 ترجمہ ابان بن جبلہ ۳ 〃 〃 ۱/۶

(۳۷) ترجمہ قرآن مجید کے بارے میں مولوی حکیم غلام محی الدین لاہوری کے سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:
فقیر کی رائے قاصر یہ ہے کہ مولانا شاہ عبدالقادر صاحب کا ترجمہ پیشِ نظر رکھا جائے اور اس میں چار تبدیلیں محفوظ رہیں:

(۱) وُہ الفاظ کہ متروک یا نامانوس ہو گئے فصیح و سلیس و رائج الفاظ سے بدل دیئے جائیں۔

(۲) مطلب اصح جس کے مطالعہ کو جلالین کہ اصح الاقوال پر اقتصار کا جن کو التزام ہے سرِ دست بس ہے ہاتھ سے نہ جائے۔

(۳) اصل معنی لفظ اور محاورات عرفیہ دونوں کے لحاظ سے ہر مقام پر اس کے کمال پاس رہے، مثلاً غیر المغضوب علیہم[1] کا یہ ترجمہ کہ "جن پر غصہ ہوا یا تُو نے غصہ کیا" فقیر کو سخت ناگوار ہے، غصہ کے اصل معنی اُچھو کے ہیں یعنی کھانے کا گلے میں پھنسنا، جیسے طعاماً ذا غصّۃ[2] فرمایا، اس سے استعارہ کرکے ایسے غضب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جسے آدمی کسی خوف یا لحاظ سے ظاہر نہ کرسکے، گویا دل کا جوش گلے میں پھنس کر رہ گیا۔ عوام کہ دقائق کلام سے آگاہ نہیں فرق نہ کریں، مگر اصل حقیقت یہی ہے کہ علماء پر اس کا لحاظ لازم ہے۔ ترجمہ یُوں ہُوا: "نہ ان کی جن پر تُو نے غضب فرمایا" یا جن پر تیرا غضب ہے، یا جن پر غضب ہوا، یا جو غضب میں ہیں" خیال کرنے سے ان کے ترجمہ میں اس کی بہت سی نظائر معلوم ہوسکتی ہیں۔

(۴) سب سے اہم و اعظم و اقدم و الزم مراعات و متشابہات کہ ان میں ہمارے ائمہ کرام سے دو مذہب ہیں:

**اوّل** ہم نصوص پر ایمان لائے، نہ تاویل کریں نہ اپنی رائے کو دخل دیں اٰمنّا بہ کل من عند ربّنا[3] (ہم اس پر ایمان لائے سب ہمارے رب کے پاس سے ہے۔ ت) معنی ہمیں معلوم ہی نہیں، ان سے اگر قولہ تعالٰی ثم استوٰی الی السماء[4] کا ترجمہ کرائیے تو وہ فرمائیں گے: "پھر استواء فرمایا آسمان کی طرف" اگر پوچھئے استوٰی کے کیا معنی، تو لاندری (ہم نہیں جانتے۔ ت) سے جواب ملے گا۔

**دوم** تاویل کہ متاخرین نے تفہیمِ جہّال کے لئے اختیار کیا کہ کسی خوبصورت معنی کی طرف پھیر دیں

---

[1] القرآن الکریم ۱/ ۷
[2] القرآن الکریم ۷۳/ ۱۳
[3] " " ۳/ ۷
[4] " " ۲/ ۲۹

7

جس کا ظاہر شانِ عزت پر محال نہ ہو۔ اور طرفِ تجویز و تجارب میں لفظِ کریم سے قرب بھی رکھتا ہو۔ ان سے اگر آیۂ کریمہ مذکورہ کا ترجمہ کراتیے تو وہ کہیں گے: "پھر آسمان کی طرف قصد فرمایا" مگر یہ کہ تفویض چھوڑیں اور تاویل بھی نہ کریں بلکہ معنیٰ محال و ظاہر کا صریح ادا کرنے والا لفظ قائم کر دیں جیسے کریمۂ مذکورہ کا ترجمہ "پھر چڑھ گیا آسمان کو" کہ چڑھنا اور اُترنا شانِ عزت پر محال قطعی اور جہال کے لئے معاذ اللہ موہم بلکہ مصرح بر جسمانیت ہے۔ یہ ہمارے ائمہ متقدمین کا دین نہ متاخرین کا مسلک، اس سے احتراز فرض قطعی ہے۔ فقیر نے جہاں تک دیکھا ترجمہ منسوبہ بحضرتِ قدسی منزلت سیّدنا مصلح الدین سعدی قدس سرہ العزیز اس عیب مشابہ سے پاک و منزہ ہے، ان میں اس سے مدد لی جائے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲۶ ص ۴۵۷، ۴۵۸)

**(۳۸)** آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار پر ابلیس کو خطاب کرتے ہوئے اللہ عزوجل نے فرمایا:
"استکبرت ام کنت من العالین" یہ عالین کون لوگ ہیں؟ اس سوال کے جواب میں فرمایا:

عالی بمعنی متکبر ہے، قال اللہ تعالیٰ:

ثم ارسلنا موسٰی و اخاہ ھارون بایٰتنا وسلطٰن مبین ○ الی فرعون و ملائہ فاستکبروا وکانوا قوما عالین [۱]

پھر ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیوں اور روشن حجت کے ساتھ فرعون اور اس کے جتھے کی طرف بھیجا تو انھوں نے تکبر کیا اور وہ تھے ہی متکبر لوگ۔

تو معنیٔ آیت یہ ہوئے کہ رب عزوجل نے شیطانِ لعین سے فرمایا کہ تُو نے جو آدم کو سجدہ نہ کیا یہ ایک تکبر تھا کہ اس وقت تجھے پیدا ہوا، یا تو قدیم سے متکبر ہی تھا۔ تفسیر ابن جریر میں ہے:

یقول تعالیٰ لابلیس تعظمت عن السجود لاٰدم فترکت السجود لہ استکبارا علیہ، و لم تکن من المتکبرین العالین قبل ذٰلك "ام کنت من العالین" یقول ام کنت کذٰلك من قبل ذا علو و تکبر علی ربك [۲]

اللہ تعالےٰ نے ابلیس سے فرمایا تُو نے حضرت آدم کے سجدہ سے اپنے کو بڑا سمجھا اور اُن پر بڑائی ظاہر کرتے تُو نے سجدہ ترک کر دیا دراصل تُو متکبرین میں سے نہ تھا، یا یہ کہ پہلے ہی سے اپنے رب پر علو و تکبر ظاہر کرنے والا تھا۔

---

[۱] القرآن الکریم ۲۳/ ۴۵، ۴۶

[۲] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت الآیۃ ۳۸/ ۷۵ داراحیاء التراث العربی بیروت ۲۳/ ۲۱۷

7/7

یا یہ کہ تکبر خاص تجھی میں پیدا ہوا، یا تیری قوم ہی متکبر ہے۔ معالم میں ہے،

"امرکنت من العالین" المتکبرین یقول استکبرت بنفسك ام کنت من القوم الذین یتکبرون فتکبرت عن السجود لکونك منهم[1]۔

"یا تو عالین متکبرین میں سے تھا" فرماتا ہے کہ تُو نے خود ہی تکبر کیا، یا تو متکبرین کے گروہ میں سے تھا تو سجدہ سے تکبر کیا۔ (ت)

یا عالین کو بمعنٰی بلند و رفیع المرتبت لیں، اور معنٰی یہ ہوں کہ تُو نے جو سجدہ نہ کیا یہ تیرا تکبر تھا کہ واقع میں تجھے آدم پر بڑائی نہیں اور براہِ غرور آپ کو بڑا ٹھہرایا یا واقع ہی میں تجھے اس پر فضیلت ہے۔ بیضاوی میں ہے؛

"استکبرت ام کنت من العالین" تکبرت من غیر استحقاق او کنت ممن علا واستحق التفوق[2]۔

"تو نے تکبر کیا یا عالین میں سے تھا" مطلب یہ کہ بے استحقاق کے تُو غرور میں مبتلا ہوا یا ان میں سے تھا جن کو بلندی اور تفوق حاصل ہے۔

اور یہ معنٰی نہیں کہ ملائکہ میں کوئی گروہ عالین ہے کہ وہ حکم سجود سے مستثنٰی تھا وان وقع فی کلام سیدنا الشیخ الاکبر رضی اللہ تعالٰی عنہ (اگرچہ ہمارے سردار شیخ اکبر رضی اللہ تعالٰی عنہ کے کلام میں واقع ہوا ہے۔ ت) رب عزوجل نے متعدد تاکیدوں سے مؤکد فرمایا فسجد الملٰئکۃ کلھم اجمعون[3] تمام، جمیع، سب ملائکہ نے سجدہ کیا، فاللام للاستغراق واکدت بکل واکد باجمعون (لام استغراق کے لئے ہے پھر کل اور اجمعون کے ساتھ تاکید لائی گئی ہے (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۵۹، ۴۶۰)

(۴۹) ایک استفتاء میں تین سوال پوچھے گئے؛

(۱) بعد ولادتِ حضرت عیسٰے علیہ السلام حضرت مریم باکرہ تھیں یا نہیں؟

(۲) قرآن مجید میں ناسخ آیات کتنی اور منسوخ کتنی ہیں؟

(۳) آنحضرت اور حضرت عیسٰے علیہما السلام کے درمیان کوئی اور رسول تھے یا نہیں؟

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۳۸/ ۷۵ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/ ۶۰

[2] انوار التنزیل (تفسیر البیضاوی) 〃 〃 دار الفکر بیروت ۵/ ۵۵

[3] القرآن الکریم ۳۸/ ۷۳

اس استفتاء میں مندرج تینوں سوالوں کا ترتیب وار جواب دیتے ہوئے فرمایا :

(۱) سیدنا عیسٰے کلمۃ اللہ علٰے نبینا الکریم وعلیہ الصلوٰۃ و التسلیم کی ولادت کے بعد بھی حضرت بتول طیبہ طاہرہ سیدنا مریم بکر تھیں، بکر ہی رہیں، اور بکر ہی اٹھیں گی، اور بکر ہی جنت النعیم میں داخل ہوں گی یہاں تک کہ حضور پُرنور سید المرسلین صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم وعلیہم اجمعین کے نکاحِ اقدس سے مشرف ہوں گی۔ ان کی شانِ کریم :

لم یمسسنی بشر ولم اك بغیا۔[1]

نہ مجھے کسی نے ہاتھ لگایا اور نہ میں بدکار ہوں۔

ظاہر ہے کہ بعد ولادت بھی صادق ہے، اور یہی معنی بکریت ہے۔ رہا بکارت بمعنی پردۂ عروق کا زوال، اوّلاً اس ولادتِ معجزہ میں ہونا کیا ضرور اور اس کا کہاں ثبوت۔ جو بے باپ کے پیدا کرسکتا ہے بے زوالِ بکارت ولادت دینے پر بھی قادر ہے۔ بکر کے لئے بھی منفذ ہوتا ہے جس سے خون آتا ہے، اور بالفرض اس کا زوال ہو بھی تو منافیِ بکریت نہیں۔ بہت ابکار کا یہ پردہ کسی صدمہ یا خونِ حیض کی حدت وغیرہ سے جاتا رہتا ہے، مگر وہ بکر سے ثیب، نارسیدہ سے شوہر دیدہ نہیں ہوجاتیں بلکہ حقیقۃً بھی بکر ہوتی ہیں، اور حکمِ شرع میں بھی بکر ہی رہتی ہیں۔ ان کا نکاح ابکار کی طرح ہوتا ہے اور وہ ابکار کے لئے وصیت میں داخل ہوتی ہیں۔ تنویر الابصار میں ہے :

من زالت بکارتھا بوثبۃ او درور حیض او جراحۃ اوکبر بکر حقیقۃ۔[2]

جس کا پردۂ بکارت کُودنے، حیض آنے یا زخم یا زیادتیِ عمر کی وجہ سے زائل ہوا وہ عورت حقیقۃ باکرہ ہے۔

فتاوٰی ظہیریہ اور رد المحتار میں ہے :

البکر اسم لامرأۃ لم تجامع بنکاح ولا غیرہ۔[3]

باکرہ اس عورت کو کہتے ہیں جس سے بہ نکاح یا بلا نکاح صحبت نہ کی گئی ہو۔ (ت)

بحر و شامی میں ہے :

حاصل کلامھم ان الزائل فی ھذا المسائل العذرۃ ای الجلدۃ التی علی

---

[1] القرآن الکریم ۱۹/ ۲۰

[2] الدر المختار شرح تنویر الابصار کتاب النکاح باب الولی مطبع مجتبائی دہلی ۱/ ۱۹۲

[3] رد المحتار کتاب النکاح باب الولی دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۳۰۲

المحل لا البکارۃ فکانت بکرا حقیقۃ وحکما ولذا تدخل فی الوصیۃ لابکار بنی فلان[1]

ان کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ ان مسائل میں عذرۃ زائل ہوئی ہے یعنی وہ جھلی جو شرمگاہ میں ہوتی ہے، تو عورت ان صورتوں میں حقیقۃً اور حکماً ہر طرح باکرہ ہوتی ہے، اس لئے کہ اگر کسی نے بنی فلاں کی باکرہ عورتوں کے لئے وصیت کی تو یہ بھی ان میں داخل ہوگی۔ (ت)

(۲) اس میں اختلافِ کثیرہ ہیں۔ حازمی کی کتاب الناسخ والمنسوخ اور اتقان وغیرہ میں مفصل بیان ہے اور اختلاف کا بڑا منشاء اختلافِ اصطلاح بھی ہے کما لایخفی علی من سیر ونظر وتامل وتدبر (جیسا کہ اس شخص پر پوشیدہ نہیں جو گھوما پھرا، دیکھا اور غور وفکر کیا۔ ت) واللہ تعالٰی اعلم۔

(۳) رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا اولی الناس بعیسی بن مریم فی الدنیا والاٰخرۃ لیس بینی وبینہ نبی، رواہ احمد[2] والشیخان وابوداؤد عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

دنیا وآخرت میں سب سے زیادہ عیسٰی ابن مریم کا ولی میں ہوں، مجھ میں اور اُن میں کوئی نبی نہیں۔ (اس کو امام احمد، بخاری، مسلم اور ابوداؤد نے سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کیا۔ ت)

دوسری حدیث میں ہے کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم:

انا دعوۃ ابراھیم وکان اٰخر من بشر بی عیسٰی بن مریم۔ رواہ الطیالسی وابن عساکر[3] وغیرھما عن عبادۃ بن الصامت رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

میں اپنے باپ ابراہیم کی دُعا ہوں اور سب میں پچھلے میری بشارت دینے والے عیسٰی علیہم الصلوٰۃ والسلام تھے (اس کو طیالسی اور ابن عساکر وغیرہ نے سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کیا ہے۔

---

[1] ردالمحتار کتاب النکاح باب الولی دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۳۰۲

[2] صحیح البخاری کتاب الانبیاء باب قول اللہ تعالٰی واذکر فی الکتاب مریم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۴۸۹، ۴۹۰
صحیح مسلم کتاب الفضائل ۲/ ۲۶۴، ۲۶۵ و سنن ابی داؤد ۲/ ۲۸۶
مسند احمد بن حنبل عن ابی ھریرۃ المکتب الاسلامی بیروت ۲/ ۳۱۹

[3] کنز العمال حدیث ۳۱۸۸۹ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۱/ ۴۰۵

حدیث صحیحین اصح ما ورد فی الباب ہے۔ فلا یعارضہ ما یذکر من حدیث خالد بن سنان وغیرہ لہٰذا خالد بن سنان وغیرہ کی روایت سے مذکور حدیث اس کا معارضہ نہیں کرسکتی۔ت)

معہذا انبیاء علیہم السلام میں احتیاط یہ ہے کہ:

اٰمنّا بانبیاء اللہ جمیعا لا نفرق بین احد من رسلہ۔

ہم تمام انبیاء پر ایمان لائے ان میں سے کسی میں فرق نہیں کرتے،

کہ بعض پر ایمان لائیں اور معاذ اللہ بعض پر نہیں، جیساکہ یہود و نصارٰی خذلہم اللہ تعالٰی نے کیا، اور بالیقین کسی کو نبی ماننے کے لئے تواتر شرط ہے، یہاں احاد کافی نہیں لما تقرر ان الاحاد لا تفید الاعتماد فی مثل الاعتقاد واللہ الھادی الی سبیل الرشاد (کیونکہ یہ بات ثابت شدہ ہے کہ اخبار احاد اعتقادیات جیسے امور میں اعتماد کا فائدہ نہیں دیتیں اور اللہ تعالٰی ہی راہِ ہدایت عطا فرمانے والا ہے۔ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۵۹ تا ۴۶۳)

(۴۰) "اولی الامر" کے معنٰی کی تعیین اور حدیث "جس نے امام وقت کو نہ پہچانا جاہلیت کی موت مرا" کے معنٰی کی توضیح کرتے ہوئے فرمایا:

"اولی الامر" میں اصح قول یہی ہے کہ اس سے مراد علماءِ دین ہیں کما نص علیہ الزرقانی وغیرہ (جیساکہ اس پر زرقانی وغیرہ نے نص فرمائی ہے۔ت) نہ کہ سلاطین جن کے بہت احکام خلافِ شرع ہوتے ہیں۔ یزید پلید کے وقت میں بکثرت صحابہ کرام و تابعین اعلام تھے وہی "اولی الامر" تھے نہ کہ یزید علیہ مایستحقہ۔ ہر رسالت کے زمانہ میں وہ رسول اور اس کی کتاب امام ہوتی ہے۔

قال تعالٰی "کتٰب موسٰی اماما و رحمۃ۔[۲]"

اللہ تعالٰی نے فرمایا: موسٰی علیہ السلام کی کتاب پیشوا اور مہربانی ہے۔(ت)

زمانۂ ختمیت میں آخر دہر تک قرآن عظیم و حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم امام ہیں، جس نے انھیں نہ پہچانا ظاہر کہ وہ جاہلیت کی موت مرا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۶۳، ۴۶۴)

(۴۱) خطبہ میں "لا یکلف اللہ نفسا الا دون وسعھا" پڑھنا کیسا ہے؟ اس سوال کے جواب میں لفظ دون کے معانی بیان کرتے ہوئے فرمایا:

---

[۱] القرآن الکریم ۴/ ۵۹
[۲] " " ۴۶/ ۱۲

آیۂ کریمہ بدونِ "دون" ہے، خطبہ میں اگرچہ نہ وہ آیت ہونا ضرور نہ قرآنِ عظیم سے اقتباس محذور، مگر زیاداتِ موہومہ خلافِ مراد محذور۔

دون زبانِ عرب میں دس معنیٰ پر مشتمل ہے:

(۱) غیر، أئفکا اٰلھۃ دون اللہ تریدون[1]، ای غیرہ[2]۔

غیر، کیا بہتان سے اللہ تعالیٰ کے سوا اور خدا چاہتے ہو یعنی اس کا غیر۔ (ت)

(۲) تحت، ومنا دون ذٰلک[3]۔

تحت، اور ہم میں سے کچھ اس سے کمتر ہیں۔ (ت)

(۳) فوق، فھی اذن من الاضداد کما افادہ المجد[4]۔

فوق، تو اس صورت میں یہ اضداد کے قبیلہ سے ہوگا جیسا کہ مجد نے اس کا افادہ فرمایا ہے۔ (ت)

(۴) اقل، لیس فیما دون خمس اواق صدقۃ[5]۔

اقل، پانچ اوقیہ سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے۔ (ت)

(۵و۶) وراء و امام، یعنی اِس پار یا اُس پار سے

کیف الوصول الٰی سعاد "ودونھا" قلل الجبال ودونھن حتوف[6]

وراء و امام، سعاد تک کیسے پہنچا جا سکتا ہے حالانکہ اس کے سامنے بلند چوٹیوں والے پہاڑ ہیں اور ان کے پیچھے موتی ہیں۔ (ت)

وفی الحدیث من قتل دون اھلہ فھو شھید[7] ای امامھم فی حفظھم والدفاع عنھم،

---

[1] القرآن الکریم ۳۷/ ۸۶

[2] تفسیر جلالین تحت الآیۃ ۳۷/ ۸۶ اصح المطابع دہلی ص ۳۷۶

[3] القرآن الکریم ۷۲/ ۱۱

[4] القاموس المحیط باب النون فصل الدال تحت لفظ "دون" مصطفی البابی مصر ۴/ ۲۲۵

[5] صحیح البخاری کتاب الزکوٰۃ ۱/ ۱۸۹، ۱۹۴ و صحیح مسلم کتاب الزکوٰۃ ۱/ ۳۱۵

[6] المنجد العلوم علم التعابی فی الحروب ۲/ ۱۶۵

[7] جامع الترمذی ابواب الدیات باب ما جاء فیمن قتل دون مالہ فھو شھید الخ امین کمپنی دہلی ۱/ ۱۷۰

وفی الحدیث لیس دونہ تعالٰی منتھی ای ورائہ، وقد جمعھا قولہ فی الخمر ع[1]
تریك القذی من دونھا وھی دونہ[2]

اور حدیث میں ہے جو اپنے اہل وعیال کے سامنے قتل کیا گیا وہ شہید ہے یعنی ان کے سامنے ان کا دفاع کرتے ہوئے۔ اور حدیث میں ہے: اللہ تعالٰی سے آگے کوئی منتھی نہیں۔ اور شراب سے متعلق شاعر کے قول نے ان معانی کو جمع کر دیا ہے یہ شراب تجھے دکھاتی ہے کہ تنکا اس کے آگے ہے اور وہ اس کے پیچھے ہے۔ (ت)

(٧) حقیر، ع:

ویقنع بالدون من کان دونہ[3]

حقیر چیز پر قناعت کر لیتا ہے وہ جو حقیر ہوتا ہے۔ (ت)

(٨) شریف،

حکاہ بعض النحاۃ وقال المجد علیہ ضد[4]۔

بعض نحویوں نے اس کو حکایت کیا ہے، اور مجد نے کہا کہ یہ پہلے معنی کی ضد ہے۔ (ت)

(٩) نزدیک تر چیزے بہ نسبت مضاف الیہ، ووجد من دونھم امرأتین تذودان[5]

مضاف الیہ کی بہ نسبت زیادہ قریب چیز، اور اس نے ان مردوں کے قریب دو عورتوں کو دیکھا جو اپنے جانور روک رہی ہیں۔ (ت)

(١٠) مقارب مضاف الیہ مکانا مکانۃ "ھذا دونك" ای قریب[6]۔

مضاف الیہ کے قریب مکان، یہ تیرے قریب ہے۔

ظاہر ہے کہ معنی ٧، ٨ کو تو یہاں سے تعلق ہی نہیں، اور باقی معانی سب مخالف قرآن ہیں۔

---

[1] مجمع بحار الانوار باب الدال مع الواو تحت لفظ "دون" مکتبۃ دار الایمان المدینۃ المنورۃ ٢/ ٢١٦

[2] تاج العروس باب النون فصل الدال " " " دار احیاء التراث العربی بیروت ٩/ ٢٠٣

[3] " " " " " " " " "

[4] القاموس المحیط " " " " مصطفی البابی مصر ٤/ ٢٢٥
تاج العروس تحت لفظ دون دار احیاء التراث العربی بیروت ٩/ ٢٠٣

[5] القرآن الکریم ٢٨/ ٢٣

[6] تاج العروس باب النون فصل الدال تحت لفظ "دون" دار احیاء التراث العربی بیروت ٩/ ٢٠٣

قرآن عظیم یہ حصر فرماتا یہ چاہتا ہے کہ اللہ عزّوجل کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر بقدرِ قدرت و وسعت و طاقت۔ اور یہاں یہ حصر ہوگا کہ اللہ سبحانہ، کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اس کی طاقت کے سوا، یا طاقت سے نیچے، یا طاقت کے اوپر، یا طاقت سے کم، یا طاقت سے اُس پار، یا طاقت سے اِس پار۔ اور یہی نیچے اور کم اور اِس پار کا حاصل۔ دو معنی اخیر میں نکلے گا کہ ان پانچوں معنی میں منتہیٰ تک نہ پہنچنا ملحوظ ہے۔ صحاح و صراح و مجمع البحار وغیرہا میں ہے:

معناہ تقصیر عن الغایۃ۔[1]

اس کا معنی ہے کہ غایت تک نہ پہنچنا۔ (ت)

تو ان پانچوں کا حصر صریح مخالفِ قرآن ہے اور ان دو یعنی اوپر اور اُس پار کا شدید مناقض۔ اور سوا تو صراحۃً نقیضِ معنی قرآن ہے، وبعد التیا والتی تاویلات دُور از کار کو گنجائش دی جائے تو ایہامِ معانی باطلہ نقد وقت ہے اور اسی قدر منع کے لئے بس ہے۔

فی رد المحتار وغیرہ من معتمدات الاسفار "مجرد ایھام المعنی المحال کاف فی المنع"۔[2]

ردالمحتار وغیرہ معتمد کتابوں میں ہے کہ محض معنی محال کا ایہام ممانعت کے لئے کافی ہے (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۶۴ تا ۴۶۶)

(۴۲) حضرت مولانا قاضی محمد عبدالوحید حنفی فردوسی کی طرف سے ایک استفتاء اعلیٰحضرت کی خدمت میں پیش ہُوا کہ اللہ پاک قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ پیٹ کا حال کوئی نہیں جانتا کہ بچّہ ذکور سے ہے یا اناث سے حالانکہ ایک آلہ نکلا ہے جس سے سب حال معلوم ہو جاتا ہے اور پتا ملتا ہے؛ اس سوال کا تفصیلی وتحقیقی جواب دیتے ہوئے رسالہ **الصمصام علیٰ مشکک فی اٰیۃ علوم الارحام** تحریر فرمایا جو حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی "لایخفٰی علیہ شیئ فی الارض ولا فی السماء ھوالذی یصورکم فی الارحام کیف یشاء"، والصلٰوۃ والسلام علٰی خاتم الانبیاء، الاٰتی بکتاب مبین فیہ رحمۃ

---

[1] مجمع البحار تحت لفظ دون ۲/ ۲۱۶ و الصحاح تحت لفظ دون ۵/ ۲۱۱۵

[2] ردالمحتار کتاب الحظر والاباحۃ فصل فی البیع داراحیاء التراث العربی بیروت ۵/ ۲۵۳

وشفاءٌ وماحظّ الکٰفرین منه الّا نقمة وشقاء وعلٰی اٰله وصحبه البررة الاتقیاء، الذین هم فی بطون امھاتھم سعداء ماجَنّ جنینٌ فی ظلمٰتٍ ثلٰثٍ بین غشاء وغطاء، اٰمین!

تمام تعریفیں اللہ تعالٰی کے لئے ہیں جس پر زمین و آسمان کی کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔ وہ وہی ہے جو تمھاری صورت بناتا ہے ماں کے پیٹ میں جیسے چاہے، اور درود و سلام ہو خاتم الانبیاء پر جو روشن کتاب لے کر تشریف لانے والے ہیں جس میں رحمت و شفاء ہے، کافروں کا اس سے سوائے انتقام اور بدبختی کے کچھ حصہ نہیں، اور آپ کے آل واصحاب پر جو نیک اور متقی ہیں اور وہ ماؤں کے پیٹوں میں سعادتمند ہوئے، جبکہ جنین تین تاریکیوں میں پردے اور اندھیرے کے درمیان پوشیدہ رہے۔ آمین! (ت)

مولٰنا حامیِ سُنّت، ماحیِ بدعت اکرمکم اللہ تعالٰی، السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ، اللہ تعالٰی جلّ وعلا سُورۂ آل عمران شریف میں ارشاد فرماتا ہے:

انّ اللّٰه لا یخفٰی علیه شیٔ فی الارض ولا فی السماء ○ ھوالذی یصوّرکم فی الارحام کیف یشاء ط لا اله الّا اللّٰه ھوالعزیز الحکیم○[1]

بیشک اللہ پر کوئی چیز چھپی نہیں زمین میں اور نہ آسمان میں، وہی ہے جو تمھارا نقشہ بناتا ہے ماں کے پیٹ میں جیسا چاہے، کوئی سچا معبود نہیں مگر وہی زبردست حکمت والا۔

سورۂ رعد شریف میں فرماتا ہے:

اللّٰه یعلم ما تحمل کل انثٰی وما تغیض الارحام وما تزداد ط وکل شیٔ عندہ بمقدار ○ عٰلم الغیب والشھادۃ الکبیر المتعال○[2]

اللہ جانتا ہے جو کچھ پیٹ میں رکھتی ہے ہر مادہ اور جتنے سمٹتے ہیں پیٹ اور جتنے پھیلتے یا جو کچھ گھٹتے ہیں اور جو کچھ بڑھتے، اور ہر چیز اس کے یہاں ایک اندازے سے ہے، جاننے والا نہاں وعیاں کا سب سے بڑا بلندی والا۔

سورۂ حج شریف میں فرماتا ہے:

ونقر فی الارحام مانشاء الٰی اجل مسمّی[3]

اور ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں مادہ کے پیٹ میں جو کچھ چاہیں ایک مقرر وعدے تک۔

---

[1] القرآن الکریم ۳/ ۵، ۶

[2] القرآن الکریم ۱۳/ ۸، ۹

[3] " " ۲۲/ ۵

سورۂ لقمان شریف میں فرماتا ہے:

ان اللہ عندہ علم الساعۃ ج وینزل الغیث ج ویعلم ما فی الارحام ط وما تدری نفس ماذا تکسب غدا ط وما تدری نفس بای ارض تموت ط ان اللہ علیم خبیر[1]۔

بیشک اللہ ہی کے پاس ہے علم قیامت کا اور اتارتا ہے مینہ، اور جانتا ہے جو کچھ مادہ کے پیٹ میں ہے اور کوئی جی نہیں جانتا کہ کل کیا کرے گا، اور کسی کو اپنی خبر نہیں کہ کہاں مرے گا، بیشک اللہ ہی جاننے والا خبردار۔

اور سورۂ ملٰئکہ شریف میں فرماتا ہے:

واللہ خلقکم من تراب ثم من نطفۃ ثم جعلکم ازواجا ط وما تحمل من انثٰی ولا تضع الا بعلمہ ط وما یعمر من معمر ولا ینقص من عمرہ الا فی کتب ط ان ذٰلک علی اللہ یسیر[2]○

اللہ نے بنایا تمھیں مٹی سے، پھر منی سے، پھر کیا تمھیں جوڑے جوڑے، اور نہیں گابھن ہوتی کوئی مادہ اور نہ جنے مگر اس کے علم سے، اور نہ کوئی عمر والا عمر دیا جائے اور نہ گھٹایا جائے اس کی عمر سے، مگر یہ سب لکھا ہے ایک نوشتہ میں، بیشک یہ سب اللہ کو آسان ہے۔

سورہ حٰم السجدہ شریف میں فرماتا ہے:

الیہ یرد علم الساعۃ ط وما تخرج من ثمرٰت من اکمامھا وما تحمل من انثٰی ولا تضع الا بعلمہ[3]

اللہ ہی کی طرف پھرا جاتا ہے علم قیامت کا اور نہیں نکلتا کوئی پھل اپنے غلاف سے، اور نہ پیٹ رہے کسی مادہ کو اور نہ جنے مگر اس کی آگاہی سے۔

اور سورۂ والنجم شریف میں فرماتا ہے:

ھو اعلم بکم اذ انشأکم من الارض واذ انتم اجنۃ فی بطون امھٰتکم ج فلا تزکوا انفسکم ط ھو اعلم بمن اتقٰی[4]

اللہ خوب جانتا ہے تمھیں جب اس نے بنایا تم کو زمین سے اور جب تم چھپے ہوئے تھے ماں کے

---

[1] القرآن الکریم ۳۱/ ۳۴ — [2] القرآن الکریم ۳۵/ ۱۱
[3] 〃 ۴۱/ ۴۷ — [4] 〃 ۵۳/ ۳۲

پیٹ میں، تو آپ اپنی جان کو ستھرا نہ کہو، اسے خوب خبر ہے کون پرہیزگار ہوا۔

آیاتِ کریمہ میں مولیٰ سبحٰنہ وتعالےٰ اپنے بے پایاں علوم کے بے شمار اقسام سے ایک سہل قسم کا بہت اجمالی ذکر فرماتا ہے کہ ہر مادہ کے پیٹ میں جو کچھ ہے سب کا سارا حال پیٹ رہتے وقت اور اس سے پہلے اور پیدا ہوتے اور پیٹ میں رہتے اور جو کچھ اس پر گزرا اور گزرنے والا ہے، جتنی عمر پائے گا، جو کچھ کام کرے گا، جب تک پیٹ میں رہے گا، اس کا اندرونی بیرونی ایک ایک عضو ایک ایک پُرزہ جو صورت دیا گیا جو دیا جائے گا، ہر ہر رونگٹا جو مقدار مساحت وزن پائے گا۔ بچے کی لاغری، فربہی، غذا، حرکتِ خفیفہ زائدہ، انبساط، انقباض اور زیادت وقلتِ خون، طمث وحصول فضلات وہوا ورطوبات وغیرہا کے باعث آن آن پر پیٹ جو سمٹتے پھیلتے ہیں غرض ذرہ ذرہ سب اُسے معلوم ہے ان میں کہیں نہ تخصیص ذکورت وانوثت کا ذکر، نہ مطلق علم کی نفی وحصر، تو یہ مہمل ومختل اعتراض پا در ہوا کہ بعض پادریان پادر بند ہوا کی تازہ گھڑت ہے اس کا اصل منشا معنی آیات میں بے فہمی محض یا حسبِ عادت دیدہ ودانستہ کلامِ الٰہی پر افتراء وتہمت ہے۔ قرآن عظیم نے کس جگہ فرمایا ہے کہ کوئی کبھی کسی مادہ کے حمل کو کسی طرح تدبیر سے اتنا معلوم نہیں کرسکتا کہ نر ہے یا مادہ۔ اگر کہیں ایسا فرمایا ہو تو نشان دو۔ اور جب یہ نہیں تو بعض وقت بعض اناث کے بعض حمل کا حال بعض تدابیر سے بعض اشخاص نے بعد جہل طویل وعجز مدید کے بعض آلات بیجان کا فقیر ومحتاج ہو کر اس فانی وزائل وبے اصل وبے حقیقت نام کے ایک ذرہ علم وقدرت سے (کہ وہ بھی اسی بارگاہِ علیم وقدیر سے حصہ رسد چند روز سے چند روز کے لئے پائے اور اب بھی اسی کے قبضہ واقتدار میں ہیں کہ بے اس کے کچھ کام نہ دیں) اگر صحرا سے ذرہ سمندر سے قطرہ معلوم کرلیا تو یہ آیاتِ کریمہ کے کس حرف کا خلاف ہوا، وہ خود فرماتا ہے:

یعلم ما بین ایدیہم وما خلفہم ج ولا یحیطون بشیءٍ من علمہ الا بما شاء[1] ج

اللہ جانتا ہے جو ان کے آگے ہے اور جو کچھ پیچھے اور وہ نہیں پاتے اس کے علم سے کسی چیز کو مگر جتنی وہ چاہے۔

تمام جہان میں روزِ اول سے ابدالآباد تک جس نے جو کچھ جانا یا جانے گا سب اسی الا بما شاء کے استثناء میں داخل ہے جس کے لاکھوں کروڑوں سر بفلک کشیدہ پہاڑوں سے ایک نہایت قلیل وذلیل وبمقدار ذرہ یہ آلہ بھی ہے، ایسا ہی اعتراض کرنا ہو تو بے گنتی گزشتہ وآئندہ باتوں کا جو علم ہم کو ہے اسی سے کیوں نہ اعتراض کرے جو صیغہ یعلم ما فی الارحام میں ہے کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ مادہ کے پیٹ میں ہے

---

؎۱ القرآن الکریم ۲/ ۲۵۵

بعینہٖ وہی صیغہ یعلم مابین ایدیھم وماخلفھم[1] میں ہے کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ آئے گا اور جو کچھ گزرا۔

جب ان بے شمار علوم تاریخی و آسمانی ملنے میں کسی عاقل منصف کے نزدیک اس آیت کا کچھ خلاف نہ ہوا، نہ تیرہ سو[۱۳۰۰] برس سے آج تک کسی پادری صاحب کو ان علوم کے باعث اس آیۂ کریمہ پر لب کشائی کا جنون اُچھلا تو اب ایک ذراسی آلیا نکال کر اس آیت کا کیا بگاڑ متصور ہو سکتا ہے، ہاں عقل نہ ہو تو بندہ مجبور ہے، یا انصاف نہ ملے تو انکھیارا ابھی کور ہے۔ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ثمّ **اقول** وباللہ التوفیق (پھر میں کہتا ہوں اور توفیق اللہ ہی سے ہے۔ ت) مفصلاً حق واضح کو واضح تر کروں — **اصل** یہ ہے کہ کسی علم کی حضرت عزت عزوجل سے تخصیص اور اس کی ذات پاک میں حصر اور اس کے غیر سے مطلقاً نفی چند وجہ پر ہے:

**اوّل** علم کا ذاتی ہونا کہ بذاتِ خود بے عطائے غیر ہو۔

**دوم** علم کا غنا کہ کسی آلۂ جارحہ و تدبیر و فکر و نظر و التفات و انفعال کا اصلاً محتاج نہ ہو۔

**سوم** علم کا سرمدی ہونا کہ ازلاً ابداً ہو۔

**چہارم** علم کا وجوب کہ کبھی کسی طرح اس کا سلب ممکن نہ ہو۔

**پنجم** علم کا ثبات و استمرار کہ کبھی کسی وجہ سے اس میں تغیّر، تبدّل، فرق، تفاوت کا امکان نہ ہو۔

**ششم** علم کا اقصٰی غایات کمالات پر ہونا کہ معلوم کی ذات، ذاتیات، اعراض، احوال، لازمہ مفارقہ، ذاتیہ، اضافیہ، ماضیہ، آتیہ، موجودہ، ممکنہ سے کوئی ذرّہ کسی وجہ پر مخفی نہ ہو سکے۔

ان چھ[۶] وجہ پر مطلق علم حضرت احدیت جل وعلا سے خاص اور اس کے غیر سے قطعاً مطلقاً منفی یعنی کسی کو کسی ذرہ کا ایسا علم جو ان چھ[۶] وجوہ سے ایک وجہ بھی رکھتا ہو حاصل ہونا ممکن نہیں جو کسی غیر الٰہی کے لئے عقول مفارقہ ہوں خواہ نفوس ناطقہ ایک ذرّے کا ایسا علم ثابت کرے یقیناً اجماعاً کافر مشرک ہے۔ ان تمام وجوہ کی طرف آیاتِ کریمہ میں باطلاق کلمۂ **یعلم** اشارہ فرمایا کہ یہاں علم کو مطلق رکھا اور مطلق فرد کامل کی طرف منصرف اور علم کامل بلکہ علم حقیقی حق الحقیقیہ وہی ہے جو ان وجوہِ ستّہ کا جامع ہو اسی لحاظ پر ہے وہ جو قرآن عظیم میں ارشاد ہوا:

یوم یجمع اللہ الرسل فیقول ماذا اجبتم قالوا لاعلم لنا[2]

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۵۵
[2] القرآن الکریم ۵/ ۱۰۹

جس دن اللہ عزّوجل رسولوں کو جمع کرکے فرمائے گا تمھیں کیا جواب ملا، عرض کریں گے، ہمیں کچھ علم نہیں۔

کفّار کے پاس ان محبوبانِ خدا صلوات اللہ تعالٰی وسلامہ علیہم کا تشریف لانا ہدایت فرمانا ان ملاعنہ کا تکذیب وانکار و اصرار و استکبار و بیہودہ گفتار سے پیش آنا کسے معلوم نہیں، مگر حضرات انبیاء عرض کریں گے لا علم لنا ہمیں اصلاً علم نہیں، لا نفی جنس کا ہے سلب مطلق فرمائیں گے یعنی وہی علمِ کامل کہ بحقیقت حقیہ علم اسی کا نام ہے اصلاً اس کا کوئی فرد ہمیں حاصل نہیں، حقِ حقیقت تو یہ ہے جب اس سے تجاوز کرکے حقیقت عرفیہ یعنی مطلق دانستن کی طرف چلئے خواہ بالذات ہو یا بالغیر ہو، غنی ہو یا محتاج، سرمدی ہو یا حادث، ابدی ہو یا فانی، واجب ہو یا ممکن، ثابت ہو یا متغیر، تام ہو یا ناقص، بالکنہ ہو یا بالوجہ، بایں معنی مطلق علم کہ ایک آدھ چیز کے جاننے سے بھی صادق زنہار مختص بحضرت عزّت عزّت عظمۃ نہیں، نہ معاذ اللہ قرآن عظیم نے ہرگز کہیں اس کا دعوٰی کیا بلکہ جس طرح معنی اوّل کا غیر کے لئے اثبات کفر ہے اس معنی کے غیر سے نفی مطلق بھی کفر ہے کہ یہ خود صدہا نصوص قرآن عظیم بلکہ تمام قرآن عظیم بلکہ تمام ملل و شرائع و عقل و نقل و حس سب کی تکذیب ہوگی قرآن عظیم نے اپنے محبوبوں کے لئے بے شمار علوم عظیمہ ثابت فرمائے اور ان کے عطا سے منت رکھی۔

- قال تعالٰی "وعلّمك مالم تكن تعلم ؕ وكان فضل الله عليك عظيما"[1]
  (اللہ تعالٰی نے فرمایا) اور سکھا دیا اللہ نے تجھے اے نبی! جو تجھے معلوم نہ تھا اور اللہ کا فضل تجھ پر بہت بڑا ہے۔
- وبشروه بغلم عليم[2]
  اور فرشتوں نے ابراہیم کو مژدہ دیا علم والے لڑکے کا۔
- وانّه لذو علم لما علّمنٰه[3]
  اور بیشک یعقوب علم والا ہے ہمارے علم عطا فرمانے سے۔
- وعلّم اٰدم الاسماء كلها[4]
  سکھا دئے آدم کو سب نام۔

---

[1] القرآن الکریم ۴/ ۱۱۳ [2] القرآن الکریم ۵۱/ ۲۸
[3] ؍؍ ۱۲/ ۶۸ [4] ؍؍ ۲/ ۳۱

○ واذکر عبدنا ابراھیم واسحٰق ویعقوب اولی الایدی والابصار[1]

اور یاد کرو ہمارے بندوں ابراہیم واسحٰق ویعقوب قدرت والوں اور علم والوں کو۔

○ یرفع اللہ الذین اٰمنوا منکم والذین اوتوا العلم درجٰت[2] ط

بلند کرے گا اللہ تعالٰے تمھارے ایمان والوں کو اور ان کو جنھیں علم عطا ہوا درجوں میں۔

بلکہ عام بشر کو فرماتا ہے ؛

○ الرحمٰن ہ علم القراٰن ہ خلق الانسان ہ علمہ البیان ہ[3]

رحمان نے سکھایا قرآن ، بنایا آدمی، اسے بتایا بیان۔

○ علم الانسان مالم یعلم[4]

سکھایا آدمی کو جو نہ جانتا تھا۔

○ واللہ اخرجکم من بطون امھٰتکم لاتعلمون شیئا وجعل لکم السمع والابصار والافئدۃ لا لعلکم تشکرون ہ[5]

اللہ نے نکالا تمھیں تمھاری ماؤں کے پیٹوں سے نرے نادان، اور دیئے تمھیں کان اور آنکھیں اور دل، شاید تم حق مانو۔

بلکہ عام تر فرماتا ہے ؛

○ الم تر ان اللہ یسبح لہ من فی السمٰوٰت والارض والطیر صٰفٰت ط کل قد علم صلاتہ وتسبیحہ ط واللہ علیم بما یفعلون ہ[6]

کیا تُو نے نہ دیکھا کہ اللہ کی پاکی بولتے ہیں جو آسمان و زمین میں ہیں اور پرندے پرا باندھے، سب نے جان لی ہے اپنی نماز و تسبیح ، اور اللہ کو خوب خبر ہے جو وہ کرتے ہیں۔

تو کوئی اندھے سے اندھا بھی کسی آیت کا یہ مطلب نہیں کہہ سکتا کہ بایں معنی مطلق علم کو غیر سے نفی فرمایا ہے ہاں اس معنی پر علم مطلق غیر سے ضرور مسلوب۔ اور یہ وجہ، مفہم حصر وتخصیص کی ہے یعنی تمام موجودات وممکنات ومفہومات و ذوات وصفات ونصب واضافات و واقعیات وموہومات غرض

---

[1] القرآن الکریم ۳۸/ ۴۵
[2] القرآن الکریم ۵۸/ ۱۱
[3] 〃 ۵۵/ ۱تا۴
[4] 〃 ۹۶/ ۵
[5] 〃 ۱۶/ ۷۸
[6] 〃 ۲۴/ ۴۱

ہر شے ومفہوم کو علم کا عام وتام ومحیط ومستغرق ہونا کہ غیر متناہی معلومات کے غیر متناہی سلاسل اور ہر سلسلے کے ہر فرد سے غیر متناہی علوم متعلق اور یہ سب نامتناہی نامتناہی نامتناہی علوم معًا حاصل ہوں جن کے احاطے سے کوئی فرد اصلاً خارج نہ ہو جیسے فرماتا ہے :

وان اللّٰہ قد احاط بکل شیئ علما[1]

بیشک اللہ کا علم ہر چیز کو محیط ہوا ۔

اور فرماتا ہے :

عٰلم الغیب ج لایعزب عنه مثقال ذرۃ فی السمٰوٰت و لا فی الارض ولا اصغر من ذٰلک ولا اکبر الا فی کتٰب مبین[2]

جاننے والا ہر چھپی چیز کا ، اس سے چھپی نہیں کوئی ذرہ بھر چیز آسمانوں میں نہ زمین میں ، اور نہ اس سے چھوٹی اور نہ بڑی مگر سب ایک روشن کتاب میں ہے ۔

ایسا علم بھی غیر کے لئے محال اور دوسرے کے واسطے اس کا اثبات کفر وضلال کما بیّنّاہ فی رسالتنا "مقامع الحدید علیٰ خد المنطق الجدید" (جیسا کہ ہم نے اس کو اپنے رسالہ مقامع الحدید علیٰ خدّ المنطق الجدید میں بیان کر دیا ہے ۔ ت) مانحن فیہ میں مولیٰ سبحٰنہ وتعالیٰ نے اس وجہ ہفتم کی طرف اشارہ فرمایا کل انثیٰ میں کلمۂ کل اور ماتحمل من انثیٰ میں نکرۂ منفیہ پھر تاکید بہ من اور مافی الارحام عموم ما اور لام استغراق سے ، وعلیٰ ھذا القیاس ۔
اب آلۂ محدثہ کی طرف چلئے ، فقیر اس پر مطلع نہ ہوا ، نہ کسی سے اس کا کچھ حال سنا ، ظاہر ایسی صورت میسر نہیں کہ جنین رحم میں بحال وفی ظلمٰت ثلٰث[3] تین اندھیریوں میں رہے اور بذریعۂ آلہ مشہود ہو جائے اس کا جسم بالتفصیل آنکھوں سے نظر آئے کہ بعد علوق فمِ رحم سخت منضم ہو جاتا ہے جس میں میل سرمہ بدقت جائے اور اس جائے تنگ وتار میں جنین محبوس ہوتا ہے وہ بھی یوں نہیں بلکہ خود اس پر تین غلاف اور چڑھے ہوتے ہیں ایک غشائے رقیق ملاقی جسم جنین جس میں اس کا فضلۂ عرق جمع ہوتا ہے اس پر ایک اور حجاب اس سے کثیف تر مسمّٰی بہ غشائے لفافی جس میں فضلۂ بول مجتمع رہتا ہے اس پر ایک اور

---

[1] القرآن الکریم ٦٥/ ١٢

[2] " " ٣٤/ ٣

[3] " " ٣٩/ ٦

غلافِ الکثف کہ سب کو محیط ہے جسے مشیمہ کہتے ہیں، ایسی حالتوں میں بدن نظر آنے کا کیا محل ہے، تو ظاہرًا آلے کا محصّل صرف بعض علامات و امارات ممیزہ منجملہ خواص خارجیہ کا بتانا ہوگا جن سے ذکور و انوثت کا قیاس ہو سکے جیسے رحم کی تجویف الیمن یا الیسر میں حمل کا ہونا یا اور بعض تجربیات کہ تازہ حاصل کئے گئے ہوں اگر اسی قدر ہے جب تو کوئی نئی بات نہیں پہلے بھی مجربین قیاسات فارقہ رکھتے تھے جیسے دہنی یا بائیں طرف جنین کا بیشتر جنبش، یا حاملہ کی پستانِ راست یا چپ کے حجم میں افزائش، یا سرہائے پستان میں سُرخی یا ادواہٹ آنا، یا رنگ رُوئے زن پر شادابی یا تیرگی چھانا، یا حرکاتِ زن میں خفت یا ثقل پانا، یا قارورے میں اکثر اوقات حمرت یا بیاض غالب رہنی، یا عورت کے خلافِ عادت بعض اطعمہ جیدہ یا ردیہ کی رغبت ہونی، یا پشم کبود میں زراندود مدقوق بعسل سرشتہ کا صبح علی الریق حمول اور ظہر تک مثل صائم رہ کر مزۂ دہن کا امتحان کہ شیریں ہوا یا تلخ، الٰی غیر ذٰلک مما یعرفہ اھل الفن و لکل شروط یراعیھا البصیر فیصیب الظن (اس کے علاوہ جس کو اہلِ فن جانتا ہے، اور عقلمند تمام شرائط کو ملحوظ رکھتا ہے تو گمان درست ہوتا ہے۔ ت)۔

اور عجائب صنع الٰہی جلت حکمتہ سے یہ بھی محتمل کہ کچھ ایسی تدابیر القاء فرمائی ہوں جن سے جنین مشاہدہ ہی ہو جاتا ہو مثلاً بذریعہ قواسر پانچوں حجابوں میں بقدر حاجت کچھ توسیع و تفریج دے کر روشنی پہنچا کر کچھ شیشے ایسی اوضاع پر لگائیں کہ باہم تادیۂ عکوس کرتے ہوئے زجاج اقرب پر عکس لے آئیں یا زجاجات متخالفۃ الملا ایسی وضعیں پائیں کہ اشعۂ بصریہ کو حسبِ قاعدۂ معروضۂ علم مناظر انعطاف دیتے ہوئے جنین تک لے جائیں جس طرح آفتاب کا کنارہ کہ ہنوز افق سے دُور اور مقابلۂ نظر سے محجوب و مستور ہوتا ہے بوجہ اختلاف ملا و غلظت عالم نسیم ہمیں محاذاتِ بصر سے پہلے ہی نظر آجاتا اور طلوع حقیقی سے طلوع مرئی کہ وہی ملحوظ فی الشرع ہے پیشتر ہوتا ہے یوں ہی جانب غروب بعد زوال محاذات و وقوع حجاب میں کچھ دیر تک دکھائی دیتا اور غروب مرئی معتبر فی الشرع غروب حقیقی کے بعد ہوتا ہے، ولہذا فقیر غفر اللہ تعالٰی لہ نے جب کبھی مو امرات زیجیہ سے محاسبہ کیا اور اسے مشاہدۂ بصری سے ملایا ہے ہمیشہ نہار عرفی کو نہار نجومی پر اس سے بھی زائد پایا ہے جو طرفین طلوع و غروب میں تفاوت افقین حسی و حقیقی بحسب ارتفاع قامت معتدلۂ انسانی و تفاضل نیم قطر فاصل میان حاجت و مرکز کا مقتضٰی ہے نیز اسی لئے فقیر کا مشاہدہ ہے کہ قرص شمس تمام و

---

ع ہر سہ غشاہائے مذکورہ و فوق آنہا زیر و بالا دو طبقۂ زہدان بر ہمدگر غلاف است ۱۲

تینوں مذکورہ پردے اور ان پر اُوپر نیچے دو طبقے زہد کے ایک دوسرے پر غلاف ہیں ۱۲ (ت)

کمال بالائے افق مشہور ہوتے پر بھی ظلمت شب مطلع و مغرب میں نظر آتی ہے حالانکہ مخروط ظلی و شمسی میں ہرگز نیم دور سے کم فصل نہیں اور اختلاف منظر آفتاب غایت قلت میں ہے کہ مقدار عشر قطر تک بھی نہیں پہنچتا۔ خیر کچھ بھی ہو ہم یہی صورت فرض کرتے ہیں کہ مجرد کسی امارت خارجہ کی بنا پر قیاس ہی نہیں بلکہ بذریعہ آلہ اعضائے جنیں باچناں وچنیں حجابات وکمیں مشہود ہوجاتے ہیں بہرحال آخر تمام منشا و بنائے اعتراض مہمل صرف اس قدر کہ جو علم قرآن عظیم نے مولٰی سبحٰنہ وتعالٰی کے لئے خاص مانا تھا ہمیں اس آلے سے حاصل ہوجاتا ہے حالانکہ "لا واللہ کبرت کلمۃ تخرج من افواھھم ط ان یقولون الا کذباً[1]" کیا بڑا بول ہے جو اُن کے منہ سے نکلتا ہے وہ تو نہیں کہتے مگر جھوٹ۔ ہم پوچھتے ہیں اس آلے سے تم کو اُتنا ہی علم دیا جو وجہ ہشتم عام و شامل میں ہے جس کا باری عزوجل سے خاص جاننا محال اور خود بحکم قرآن عظیم کفر و ضلال تھا جب تو اعتراض کتنا مالیخولیا اور کس درجہ کا جنون ہے کہ سرے سے ملنی ہی باطل وملعون ہے اس قسم علم یعنی دانستن کو اگرچہ کیسا ہی ہو حضرت عزت عزت عظمتہ سے قرآن عظیم نے کب خاص مانا تھا اس قسم کے کروڑوں علم عام انسان بلکہ تمام حیوانات کو روزانہ ملتے رہتے ہیں اور قرآن عظیم خود غیر خدا کے لئے انھیں ثابت فرماتا ہے ایک اس کے ملنے میں کیا نئی شاخ نکلی کہ آیت الٰہی کا خلاف ہوگیا یہ بھی اس علم الانسان مالم یعلم[2] (انسان کو سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا) کے ناپیدا کنار صحراؤں سے ایک ذلیل ذرہ ہے کہ اللہ تعالٰی نے سکھایا آدمی کو جو اسے معلوم نہ تھا دیکھو ابھی تمھیں آیت سنا چکا ہوں کہ اللہ نے تمھیں نکالا ماں کے پیٹ سے نِرے جاہل کہ کچھ نہ جانتے تھے پھر تمھیں عقل و ہوش و چشم و گوش دیئے کہ اس کا حق مانو، تم نے اچھا حق مانا کہ اسی کی برابری کرنے لگے۔ اور اگر یہ مقصود کہ اس سے تمھیں اُن سات وجوہ مخصوصہ بحضرت باری عزوجل سے کسی وجہ کا علم مل گیا تو یہ اس سے بھی لاکھوں درجہ بدتر جنون ہے۔ کیا یہ علم تمھارا ذاتی ہے، عطائے الٰہی سے نہیں؟ اہل کتاب کہلاتے ہو شاید، ایسا خدائی دعوٰی تو نہ کرو، ابھی چند روز ہوئے تم اس آلے سے جاہل تھے اللہ عزوجل نے تمھیں تمھاری بساط کے لائق عقل دی، ریاضی سکھائی، دنیا کمانے کی راہ بتائی، تمھارے ذہن میں اس کا طریقہ ڈالا، آنکھیں ہاتھ جوارح دیئے جن کے ذریعہ سے کام کرسکو، جس چیز کا کوئی آلہ بناؤ اور جس چیز پر اسے استعمال میں لاؤ انھیں تمھارے لئے مسخر کیا اسباب مہیا کرکے تمھارے دل میں اس کا خیال ڈالا پھر تمھارے جوارح کو کام کی طرف مصروف فرمایا پھر محض اپنی

---

[1] القرآن الکریم ۱۸/ ۵

[2] " ۹۶/ ۵

8/8

قدرتِ کاملہ سے بنادیا اور اس کا بننا تمھارے ہاتھوں پر ظاہر ہوا تم سمجھے ہم نے اپنی قدرت اپنے علم سے بنالیا اندھے ہمیشہ ایسا ہی سمجھا کرتے ہیں جو ظاہری سبب کے غلام اور حلقہ بگوش اور مسبب و خالق و عالم و قادرِ حقیقی سے غافل و بیہوش ہیں کذٰلک یطبع اللّٰہ علٰی کل قلب متکبر جبار[1] (اللہ تعالٰی یوں ہی مہر کردیتا ہے متکبر سرکش کے سارے دل پر۔ ت) جیسے قارون ملعون جسے اللہ عزّوجل نے بے شمار خزانے دیئے دنیا بھر کی نعمتیں بخشیں جب اس سے کہا گیا:

احسن کما احسن اللّٰہ الیک[2]

بھلائی کر جیسے اللہ نے تیرے ساتھ بھلائی کی۔ (ت)

تو کافر کیا بکتا ہے:

انما اوتیتہ علٰی علم عندی[3] ط

یہ تو مجھے ایک علم سے ملا ہے جو مجھے آتا ہے۔

پھر بدلا دیکھا کس مزے کا چکھا:

فخسفنا بہ وبدارہ الارض قف فما کان لہ من فئۃ ینصرونہ من دون اللّٰہ ق وما کان من المنتصرین[4]

دھنسا دیا ہم نے اسے اور اس کے گھر کو زمین میں پھر نہ ہوئے اس کے کچھ یار کہ اسے بچالیتے اللہ کی گرفت سے اور نہ وہ مدد لاسکا۔

اور[2] اس علم کا غنی نہ ہونا خود بدیہی کہ ایک بے جان آلے کی بودگی پر ہے جب تک آلہ نہ تھا تو ڈاکٹر صاحب کچھ نہ کہہ سکتے تھے کہ میم صاحب کے پیٹ میں مس میڈیم ہے یا باوا لوگ، ازلی ابدی واجب[4] کیسے کہہ سکتے ہو جب تم خود ہی حادث فانی باطل ہو۔ ازلی بڑی چیز ہے ایامِ حمل ہی میں مدتوں اپنے جہل وعجز کا اقرار کرنا پڑے گا جب تک نطفہ صورت نہ پکڑے پانی کی بوند یا خون بستہ یا گوشت کا ٹکڑا رہے ڈاکٹر صاحب کی ڈاکٹری کچھ نہیں چل سکتی کہ نر نظر آتا ہے یا مادہ۔ کیا[5] تمھارا علم ثابت[6] ناقابلِ نقصان وزیادت ہے استغفر اللہ قبل مشاہدہ کی حالت کو مشاہدہ اجمالی، مشاہدہ اجمالی کو نظر تفصیلی، نظر تفصیلی بالائی کو نظر بعد تصریح عملی سے ملاؤ۔ حالتِ التفات و ذہول کا فرق دیکھو پھر طریانِ نسیان تو سرے سے ارتفاع ہے۔ کیا

---

[1] القرآن الکریم ۴۰/ ۳۵
[2] القرآن الکریم ۲۸/ ۷۷
[3] 〃 ۲۸/ ۷۸
[4] 〃 ۲۸/ ۸۱

تمھارا علم کامل ہے، حاش للہ اضافات بتانے کی کیا قدرت کہ وہ غیر متناہی ہیں مثلاً اس کے بدن کا کوئی ذرّہ لے لیجئے اور اس کی ماں کے بدن اور تمام اجسام عالم میں جتنے نقطے فرض کئے جا سکتے ہیں اس کے بدن کے ہر ذرّے کا اس ہر نقطہ ارضی وسماوی و شرقی و غربی و جنوبی و شمالی و نزدیک و دُور و موجود و حال و ماضی و استقبال سے بعد بتاؤ یہ لاتعدو لاتحصٰے خطوط جو ہر نقطۂ جسم جنین سے تمام نقاط عالم تک نکل کر بیحد و بلیشمار زاویے بناتے آئے ہر زاویے کی مقدار بولو، نہ سہی یہی بتادو کتنے خطوط پیدا ہوں گے، نہ سہی یہی کہہ دو کہ تمام اجسام جہان میں کتنے نقطے نکلیں گے، نہ سہی اتنا ہی کہو کہ صرف جنین کے بدن میں کس قدر نقاط مانے جائیں گے اور جب یہ ادنیٰ علم جو علوم الٰہیہ متعلقۂ جنین کے کرور ہا کرور کے حصوں سے ایک حصہ بھی نہیں ایک جنین میں بھی اس قلیل کے اقل القلیل حصّے کا جواب نہیں دے سکتے اگرچہ دنیا بھر کے ڈاکٹر و پادری اکٹھے ہو جاؤ تو باقی علوم کی کیا گنتی ہے حالانکہ واللہ العظیم یہ تمام علوم، تمام نسبتیں، تمام خطوط، تمام نقاط، تمام زاویے، تمام مقادیر گزشتہ و موجودہ و آئندہ تمام جن و بشر و حیوانات کے تمام حملوں میں رب العزت آنِ واحد میں معاً تفصیلاً ازلاً ابداً جانتا ہے اور یہ اس کے بحارِ علوم سے ایک قطرہ بلکہ بے شمار یم سے ادنیٰ نم ہے اور یہ سب کا سب مع ایسے ایسے ہزار ہا علوم کے جن کی اجناس کلیہ تک بھی وہم بشری نہ پہنچ سکے شمار افراد درکنار سب انھیں دو کلموں کے شرح میں داخل ہیں کہ یعلم ما فی الارحام جانتا ہے جو کچھ پیٹ میں ہے۔ تمھاری تنگ نظری، کوتاہ فہمی دو لفظ دیکھ کر ایسے سستے سمجھ لئے کہ ایک آلے کی ناچیز و بے حقیقت ہستی پر علم ارحام کے مدعی بن بیٹھے، ہاں نصب و اضافات کو جانے دو کہ نامتناہی ہیں معدود و محدود ہی اشیاء بتاؤ اور وہ بھی کسی ایک جنین کی نسبت اور وہ بھی خاص اپنے گھر کے کہ آدمی کو گھر کا حال خوب معلوم ہوتا ہے اپنا اور اپنی جورو کا واقعہ تو خود اسی پر گزرا اس کے سامنے ہی گزرا اور اوپر سے مدد دینے کو آلہ موجود۔ کوئی پادری صاحب آلہ لگا کر بولیں کہ جس وقت ان کی میم صاحب کو پیٹ رہا نطفہ کتنے وزن کا گرا تھا اس مین کتنے حیوان منوی تھے، گرتے وقت رحم کے کس حصّہ پر پڑا، رحم میں کتنی دیر بعد کون سی خمل و نقرہ میں مستقر ہوا، جب سے اب تک کتنا خونِ حیض اس کے کام آیا، یہ اصل نطفہ کس کس غذا کے کس کس کے جُز اور کتنے وزن کا فضلہ تھا، وہ کہاں کی مٹّی سے پیدا ہوئی تھی، کھانے کے کتنی دیر بعد اس نے صورتِ نطفیہ اخذ کی تھی، جب سے اب تک ایک ایک منٹ کے فاصلہ پر اس کی وزن و مساحت و ہیأت میں کیا کیا اور کتنا کتنا تغیّر ہوا، حوادث مذکورہ بالا کے باعث جب سے اب تک میم صاحبہ کی رحم شریف کے بار اور کتنی کتنی دیر کو اور کس کس قدر سمٹی پھیلی، بچّہ کتنی دفعہ اور کس کس قدر اور کدھر کدھر کو پھر پھرایا، ہر جنبش پر وضع اعضا میں کیا کیا تغیّر ہوا۔ یہی سب احوال اب سے پیدا ہونے تک کس کس طرح گزریں گے، منٹ منٹ پر وضع و وزن و مساحت و مکان و حرکت و سکون و

غذا و احوال جنین و رحم میں کیا کیا تغیرات ہوں گے، یا وا لوگ رحم شریف میں کب تک لبسیں گے، کس گھنٹے منٹ سکنڈ تھرڈ پر برآمد ہوں گے، پہلے کون سا عضو آگے بڑھائیں گے، اس وقت کتنے فربہ کتنے دراز ہوں گے، دروازہ برآمد کی وسعت کس مقدار مخصوص تک چاہیں گے، آسانی گزر کو کتنی رطوبت کی پچکاریاں ساتھ لائیں گے، آپ کے بار زور لگائیں گے، میم صاحبہ سے کتنے کرائیں گے، کون سی چیخ پر باہر آئیں گے، برآمد بھی ہوں گے یا کچے ہی گر جائیں گے، جی بچے تو کیا عمر پائیں گے، کہاں کہاں بسیں گے، کیا کیا کھائیں گے، کس مشن میں لونڈے پڑھائیں گے، الٰی غیر ذٰلك مما لا یعد و لا یحصی (اس کے علاوہ جن کی گنتی اور شمار نہیں کیا جا سکتا۔ ت)۔

واللہ کہ تمام عالم کی تمام ماضی و موجود و مستقبل حملوں رحموں کے ایک ایک ذرّہ احوال مذکورہ و غیر مذکورہ گزشتہ و موجودہ و آئندہ کو ربّ العزّت عزّوجل کا علم ازلاً ابداً معاً تفصیلاً محیط ہے اور یہ سب انھیں دو پاک کلمۂ یعلم ما فی الارحام (جانتا ہے جو کچھ پیٹوں میں ہے۔ ت) کی شرح میں داخل، تم اپنے ہی گھر کے ایک ہی پیٹ کے مختصر احوال کے کروڑوں حصوں سے ایک حصہ کا بھی ہزارواں حصہ نہیں بتا سکتے اور عالم ارحام بننے کے مدعی نہ سہی ماضیہ و آتیہ کو بھی جانے دو صرف موجودہ ہی لو اور حالات میں بھی فقط موجودہ ہی پر قناعت کرو۔ کیا انھیں کو تمہارا علم عام ہے، سبحان اللہ!

**اوّلاً** ان کا بھی علم بالفعل کہاں، تمام عالم میں جتنے حمل اس وقت موجود ہیں سب کی گنتی تو کوئی بتا ہی نہیں سکتا سب کے حال پر اطلاع کجا۔

**ثانیاً** اچھا علم بالفعل سے بھی گزرو صرف بذریعہ آلہ امکان علم ہی پر قناعت کرو کہ گو ہمیں کچھ معلوم نہیں مگر جو پاس آئے اور قدرت ملے تو آلہ لگا کر جان سکتے ہیں اگرچہ صاف ظاہر کہ یہ علم نہ ہوا کھلا جہل و اقرارِ جہل ہوا، تاہم موجود حملوں میں آدمی کے حمل اور ہر گونہ جانور طیر و وحش و سباع و بہائم و ہوام سب کے سب گا بہ داخل، ذرا کوئی پادری صاحب آلہ آپ لگا کر یا کسی ڈاکٹر صاحب سے لگوا کر بتائیں تو کہ چیونٹی کے پیٹ میں کے انڈے ہیں ان میں کتنی چیونٹیاں ہیں کتنے چیونٹے ہیں۔ ایک چیونٹی کیا خفاش کے سوا سب پرند اور نیز مچھلیاں، سانپ، گرگٹ، گوہ، ناکا، سقنقور وغیرہا لاکھوں میں داخل نہ تھے۔

**ثالثاً** اور اتروں فقط بچّے ہی والوں پر قناعت سہی کیا ان سب کے پیٹ آلے کے قابل ہیں۔

**رابعاً خامساً تا عاشراً** وغیرہ، اس سے بھی درگزروں فقط قابل آلہ بلکہ فقط

انسان بلکہ فقط امریکا یا انگلستان بلکہ فقط پادریان بلکہ فقط پادری فلاں بلکہ ان کے گھر کا بھی فقط ایک ہی پیٹ بلکہ وہ بھی فقط اسی وقت جب بچّہ خوب بن لیا اور اپنی نہایت تصویر کو پہنچ چکا اور وہ بھی فقط اتنی دیر کے لئے جبکہ میم صاحبہ کے پیٹ میں آلہ لگا ہوا ہے کلام کروں اب لو لاکھوں عموم کے دریا سمٹ کر صرف بالشت بھر کی ایک ہی گھڑیا کی تلاش رہ گئی کیوں پادری صاحب! کیا آپ کے مافی الرحم میں صرف بچّہ کا آلۂ تناسل داخل ہے کہ نر مادہ بتایا اور یعلم ما فی الارحام صادق آیا اس کے اعضائے اندرونی کیا رحم میں نہیں جنین کے دل و دماغ گردے شش سپرز شانے تلخے امعا معدے رگ پٹھے عظم عضلے ایک ایک پرزے کا وزن مقدار مساحت طول عرض عمق فربہی لاغری کے اختلافات غرض سب حالات صحیح صحیح محقق مفصل نہ فقط شرابی کی زق زق یا اندھے کی اٹکل بیان کرو۔ اچھا جانے دو اندرونی اعضائے آلہ و آلہ پرست سب کورے ہیں بیرونی ہی سطح کا حصہ سہی۔ بولو مسٹر میڈم! جو پیٹ میں جلوہ آرا ہیں ان کے سر پر کتنے بال ہیں، ہر بال کا طول کس قدر، عرض کتنا، عمق کس قدر، وزن کتنا، جلد میں مسام کتنے ہیں، ہر سوراخ کے ابعاد ثلثہ کیا کیا ہیں، ان میں کتنے باہم ایک دوسرے سے $\frac{9}{14}$ کی نسبت رکھتے ہیں ہر ایک باقی سے کتنا متفاوت ہے بغل اور سینے اور ران اور پیر اور دونوں لب بالا چاروں لب زیریں وغیرہا جوڑوں وصلوں میں ہر ایک کا زاویہ کس حد نہایت تک پھیل سکتا ہے، کے درجے دقیقے ثانیے عاشرے وغیرہا تک پہنچتا ہے دس تجاویف[عہ] ظاہرہ میں طبعاً و قسراً کہاں تک پھیلنے کی قابلیت ہے کہ اس سے ذرّہ بھر قسر زائد واقع ہو تو قطعاً خارق ہو اور اس حد تک یقیناً تحمل کے قابل ولائق ہو تجاویف حاصلہ و تجاویف صالحہ میں ہر جگہ کتنا تفرقہ ہے الی غیر ذٰلک من احوال الزاھرۃ فی السطوح الظاھرۃ (اس کے علاوہ روشن احوال، ظاہر سطحوں میں۔ ت) یہ تمام تفاصیل تو یعلم ما فی الارحام کے لاکھوں سمندروں سے ایک خفیف

---

عہ پنج در نصف بالا صماخین و منخرین و دہن و پنج در نصف زیریں ثقبہ در قلہ جبل الزہرہ کہ سرّہ و ناف نامند وسہ در دامان ازانہا دو در ابرۃ الزہرہ کہ بطر و نوف خوانندہ یکے پائینش کہ مہبل گویند کہ و پنجم فرجہ پسین ۱۲۔

پانچ اوپر والے نصف میں، دو کانوں کے اندر، دو ناک کے اندر اور ایک منہ۔ اسی طرح پانچ نیچے والے نصف میں، جبل الزہرہ کے بالائی حصہ میں سوراخ جسے سرّہ اور ناف کہا جاتا ہے، اور تین اس کے دامان میں ہیں جن میں سے دو ابرۃ الزہرہ میں جن کا نام بظر اور نوف ہے اور ایک نیچے کی طرف جسے مہبل کہتے ہیں، اور پانچواں سوراخ پیچھے کی طرف ۱۲ (ت)

قطرہ بھی نہیں اسی کو بتادو۔

فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار التی وقودھا الناس والحجارۃ اعدت للکفرین[1]۔

پھر اگر نہ بتاؤ اور ہرگز نہ بتا سکو گے تو ڈرو اس آگ سے جس کا ایندھن ہیں آدمی اور پہاڑ، تیار رکھی ہے کافروں کے لئے۔

بالجملہ اس اعتراض کی ایک بہت ناقص نظیر یہ ہوسکتی کہ بادشاہ تمام رُوئے زمین اپنی مدح کرے میں ہوں مالکِ خزائن عامرہ، میں ہوں صاحبِ اموالِ متکاثرہ، میرے لئے ہیں بلاد وقریے کے محصول، پہاڑوں کے حاصل، صحراؤں کی کانیں، دریاؤں کے محاصل۔ یہ سُن کر ایک بے ادب، گستاخ، فقیر، قلاش، گداگر، بے معاش، لنجھا، بولا، اندھا، ہیولے چوتڑوں کے بَل گھسٹتا بادشاہی کے کسی گاؤں میں بادشاہی کی رعیت سے ہاتھ پاؤں جوڑ کر بادشاہی کے دیئے ہُوئے مال سے ایک پھوٹی کوڑی مانگ لائے اور سرِبازار تالیاں بجائے کہ لیجئے بادشاہ تو اپنے ہی آپ کو مالکِ خزائن واموال ومحاصل معادن وبحار وجبال بتاتا تھا یہ دیکھو مدّتوں مصیبت جھیل کر پاپڑ بیل کر ہم نے بھی ایک کانی کوڑی پائی ہے کیوں ہم بھی مالکِ خزائن ومحاصل بحار ہوئے یا نہیں، مسلمانو! نہ فقط مسلمانو، ہر قوم کے عاقلو! کیا اس اندھے کا ہلکا سا لقب مجنون نہ ہوگا کیا اس سے نہ کہا جائے گا کہ او بے عقل اندھے! کیا بادشاہ نے کہیں یہ فرمایا تھا کہ ہمارے خزانہائے عامرہ کے سوا ممکن نہیں کسی کے پاس کوئی پھوٹی کوڑی نکل سکے اگرچہ ہماری عطا کی ہُوئی ہو، حاش للہ! سلطان نے تو جابجا صاف فرمادیا ہے کہ ہم نے اپنی رعایا کو بہت اموال کثیرہ عطایائے عزیزہ انعام فرمائے ہیں اور ہمیشہ فرمائیں گے، ہاں اصل مالک ہمارے سوا کوئی نہیں، نہ ہمارے برابر کسی کا خزانہ ہو، او مجنوں اندھے! کیا یہ بھیک کی کوڑی لاکر تو اس کا ذاتی مالک بے عطائے سلطان ہوگیا یا اُس پھُوٹی کوڑی سے تیرا مال خزائن شاہی کے برابر ہولیا اور جب کچھ نہیں تو کس ملعون بنا پر فرمانِ شاہی کی تکذیب کرتا اور قہرِ جبار قہار سے نہیں ڈرتا ہے۔ ہاں ہاں یہ پادری معترض اس اندھے سے بھی بہت بدتر حالت میں ہے اندھا فقیر اور وہ بادشاہ کبیر دونوں ان باتوں میں کانٹے کی تول برابر ہیں کہ دونوں مالک بالذات نہیں، دونوں مالک حقیقی نہیں، دونوں کی ملک مجازی حادث، دونوں کی ملک فانی زائل، دونوں حقیقت میں نِرے محتاج، دونوں بیشمار خزانوں کے مجازاً بھی مالک نہیں، پھر اس کوڑی کو اس کے خزائن سے ایک نسبت ضرور کہ دونوں محدود اور ہر متناہی کو دوسری متناہی سے کچھ نسبت ضرور دے سکتے ہیں اگرچہ نسبت نما میں ہزار صفر لگا کر، بخلاف

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۴

علم حقیقی خالق وعلم اسمی مخلوق جن میں اصلاً کوئی تناسب ہی نہیں وہ ذاتی یہ عطائی، وہ غنی یہ محتاج، وہ ازلی یہ حادث، وُہ ابدی یہ فانی، وہ واجب یہ ممکن، وہ ثابت یہ متغیر، وہ کامل یہ ناقص، وہ محیط یہ قاصر، وہ ازلاً ابداً نامتناہی در نامتناہی در نامتناہی، یہ ہمیشہ ہر وقت معدود و محدود، پھر متناہی کو نامتناہی سے کوئی نسبت بتا ہی نہیں سکتے کہ یہ اس کا فلاں حصّہ ہے، بھلا اُس اندھے کو تو ہر عاقل مجنون کہتا ان اندھوں کو کیا کہا جائے، یہ تو مجنون سے بھی کئی لاکھ درجے بدتر ہُوئے، اور اندھے پن میں بھی اس سے کہیں بڑھ کر، اس کی آنکھیں تو باقی ہیں اگرچہ بے نور ہیں، یہاں آنکھوں کا نشان تک نہیں، ہاں ہاں کون سی آنکھیں، یہ دو چتلی کوڑیاں نہیں خر و خوک سب کے منہ پر لگی ہوتی ہیں بلکہ دل کی، جنھیں قرآن عظیم میں فرماتا ہے:

فانہا لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور[1]

تو ہے یُوں کہ ان کافروں کی آنکھیں اندھی نہیں وہ دل اندھے ہیں جو سینوں میں ہیں۔

والعیاذ باللہ رب العٰلمین ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

خیر کسی کافر سے کیا شکایت، مجھے تو ان ناسمجھ مسلمانوں سے تعجب آتا ہے جو مہمل و بے معنی شکوک واہیہ سُن کر متحیر ہوتے ہیں، سبحان اللہ، اللہ اللہ اللہ، کہاں اللہ رب السمٰوٰت والارض عالم الغیب و الشہادہ سبحٰنہ وتعالیٰ اور کہاں کوئی بے تمیز بونگا ہیولٰی ہبنقہ ناپاک ناشستہ کھڑے ہو کر مُوتنے والا ع

ببیں کہ از کہ بریدی و باکہ پیوستی

(دیکھا تُو نے کس سے قطع تعلق کیا اور کس کے ساتھ منسلک ہوا ہے۔ ت)

خدارا انصاف، وہ عقل کے دشمن، دین کے رہزن، جنم کے کودن کہ ایک اور تین میں فرق نہ جانیں، ایک خدا کے تین مانیں، پھر ان تینوں کو ایک ہی جانیں، بے مثل بے کفو کے لئے جورو بتائیں، بیٹا ٹھہرائیں، اس کی پاک باندی سُتھری کنواری پاکیزہ بتول مریم پر ایک بڑھئی کی جورو ہونے کی تہمت لگائیں، پھر خاوند کی حیات خاوند کی موجودگی میں بی بی کے جو بچّہ ہوا سے دوسرے کا گائیں، خدا کا بیٹا ٹھہرا کر ادھر کافروں کے ہاتھ سے سُولی دلوائیں، ادھر آپ کے خون کے پیاسے بوٹیوں کے بھُوکے روٹی کو اس کا گوشت بنا کر دَر دَر چبائیں، شراب ناپاک کو اس پاک معصوم کا خون ٹھہرا کر غٹ غٹ چڑھائیں، دنیا یوں گزری اُدھر موت کے بعد کفّارے کو اسے بھینٹ کا بکرا بنا کر جہنم بھجوائیں، لعنتی کہیں ملعون بنائیں، اے سبحان اللہ اچھا خدا جسے سُولی دی جائے، عجب خدا جسے دوزخ جلائے۔ طرفہ خدا جس پر لعنت آئے جو بکرا بنا کر بھینٹ دیا جائے۔

---

[1] القرآن الکریم ۲۲/ ۴۶

اے سبحان اللہ باپ کی خدائی اور بیٹے کو سُولی، باپ خدا بیٹا کس کھیت کی مُولی، باپ کی جہنم کو بیٹے ہی سے لاگ، سرکشوں کو چھٹی بے گناہ پر آگ، اُمتی ناجی رسول ملعون، معبود پر لعنت بندے مامون۔ تف تف وہ بندے جو اپنے ہی خدا کا خون چکھیں، اسی کے گوشت پر دانت رکھیں۔ اُف اُف وُہ گندے جو انبیاء و رسل پر وہ الزام لگائیں کہ بھنگی چمار بھی جن سے گھن کھائیں، سخت فحش بیہودہ کلام گھڑیں اور کلام الٰہی ٹھہرا کر پڑھیں، زہ زہ بندگی خہ خہ تعظیم پہ پہ تہذیب قہ قہ تعلیم (مثال کے لئے دیکھو بائبل پرانا عہدنامہ لیسعیاہ نبی کی کتاب باب ۲۳ ورس ۱۵ تا ۱۸[۱]) خدا کا معاذ اللہ زنا کی خرچی کو مقدس ٹھہرانا اور اپنے مقربوں کے لئے اسے چُن رکھا کہ کھائیں اور مستائیں۔ ایضاً کتاب پیدائش باب ۱۹ ورس ۳۰ تا ۳۸[۲] سیدنا لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام کا معاذ اللہ اپنی دختروں سے زنا کرنا بیٹیوں کا باپ سے حاملہ ہو کر بیٹے جننا۔ ایضاً کتاب دوم اشمویل نبی باب ۱۱ ورس ۲ تا ۵[۳] سیدنا داؤد

[۱] وہ عبارت یہ ہے (۱۵) اس دن ایسا ہوگا کہ صور کسی بادشاہ ایام کے مطابق ستر برس تک فراموش ہو جائیگی اور ستر برس کے پیچھے صور کو چھنال کے مانند گیت گانے کی نوبت ہوگی (۱۶) اوچھنال جو کہ فراموش ہو گئی ہے بربط اٹھالے اور شہر میں پھرا کر تار کو خوب چھیڑ اور بہت سی غزلیں گا تا کہ تجھے یاد کریں (۱۷) کیونکہ ستر برس کے بعد ایسا ہوگا کہ خداوند صور کی خبر لینے آئے گا اور پھر خرچی کے لئے جائے گی اور روئے زمین کی ساری مملکتوں سے زنا کرے گی (۱۸) لیکن اس کی تجارت اور اس کی خرچی خداوند کے لئے مقدس ہوگی اس کا مال ذخیرہ نہ کیا جائے گا اور رکھ چھوڑا جائے گا بلکہ اس کی تجارت کا حاصل ان کے لئے ہوگا جو خداوند کے حضور رہتے ہیں کہ کھا کے سیر ہوں اور نفیس پوشاک پہنیں۔

[۲] (۳۰) لوط اپنی دونوں بیٹیوں سمیت پہاڑ پر جا رہا (۳۱) پہلوٹھی نے چھوٹی سے کہا (۳۲) آؤ ہم باپ کو مے پلائیں اور اس سے ہم بستر ہوں (۳۳) پہلوٹھی اندر گئی اور اپنے باپ سے ہم بستر ہوئی (۳۴) دوسرے روز پہلوٹھی نے چھوٹی سے کہا دیکھ کل رات میں اپنے باپ سے ہمبستر ہُوئی آؤ آج رات بھی اس کو مے پلائیں اور تو بھی جا کے اس سے ہمبستر ہو (۳۵) سو اس رات چھوٹی اس سے ہمبستر ہوئی (۳۶) سو لوط کی دونوں بیٹیاں اپنے باپ سے حاملہ ہوئیں (۳۷) اور بڑی ایک بیٹا جنی اس کا نام موآب رکھا وہ موآبیوں کا جواب تک ہیں باپ ہو (۳۸) اور چھوٹی بھی ایک بیٹا جنی اس کا نام بنی عمی رکھا وہ بنی عمون کا جواب تک ہیں باپ ہوا مختصراً ۱۲۔

[۳] (۲) ایک دن شام کو داؤد چھت پہ ٹہلنے لگا وہاں سے اس نے ایک عورت کو دیکھا جو نہا رہی تھی اور وہ عورت نہایت خوبصورت تھی (۳) تب داؤد نے اس عورت کا حال دریافت کرنے آدمی بھیجے انھوں نے کہا حتی اوریاہ کی جورو (۴) داؤد نے لوگ بھیج کے اس عورت کو بلالیا اور اس سے ہمبستر ہوا وہ اپنے گھر چلی گئی (۵) اور وہ عورت حاملہ ہو گئی سو اس نے داؤد کے پاس خبر بھیجی کہ میں حاملہ ہوں اھ مختصراً۔

علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اپنے ہمسائے کی خوبصورت جورو کو ننگی نہاتے دیکھ کر بلانا اور معاذ اللہ اس سے زنا کر کے پیٹ رکھانا، ایضاً کتاب حزقیل نبی باب ۲۳ ورس یکم تا ۲۱ معاذ اللہ خدا کی دو جوروؤں کا قصہ

---

عہ (۱) خداوند کا کلام مجھے پہنچا اس نے کہا (۲) اے آدم زاد! دو عورتیں تھیں جو ایک ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئیں (۳) انھوں نے مصر میں زنا کاری کی وے اپنی جوانی میں یار باز ہوئیں وہاں ان کی چھاتیاں ملی گئیں ان کی بکر کے پستان چھوئے گئے (۴) ان میں بڑی کا نام اہولہ اور اس کی بہن اہولیبہ اور وے میری جورواں ہوئیں (۵) اہولیہ جن دنوں میں میری تھی چھنالا کرنے لگی اور اسوریوں پہ عاشق ہوگئی (۶) وے سرلشکر اور حاکمان تھے دلپسند جوان ارغوانی پوشاک (۷) اس نے ان سب کے ساتھ چھنالہ کیا (۸) اس نے ہرگز اس زنا کاری کو جو اس نے مصر میں کی تھی نہ چھوڑا کیونکہ انھوں نے اس کی بکر کی پستانوں کو ملا تھا اور اپنی زنا اس پر انڈیلی تھی (۹) اس لئے میں نے اس کے یاروں کے یاروں کے ہاتھ میں، ہاں اسوریوں کے ہاتھ میں ہاں اسوریوں کے ہاتھ میں جن پر وہ مرتی تھی کردیا (۱۰) انھوں نے اسکو بے ستر کیا (۱۱) اس کی بہن اہولیبہ نے یہ سب کچھ دیکھا پر وہ شہوت پرستی میں اس سے بدتر ہوئی، اس نے اپنی بہن کی زنا کاری سے زیادہ زنا کاری کی (۱۲) وہ بنی اسور جو اس کے ہمسایہ تھے جو بھڑکیلی پوشاک پہنتے اور گھوڑوں پر چڑھتے اور دلپسند جوان تھے، عاشق ہوئی (۱۳) اور میں نے دیکھا کہ وہ بھی ناپاک ہوگئی (۱۴) بلکہ اس نے زنا کاری زیادہ کی کیونکہ جب اس نے دیوار پر مردوں کی صورتیں دیکھیں کسدیوں کی تصویریں شنگرف سے کھچی تھیں (۱۵) کمروں پر پٹکے کسے، سروں پر اچھی رنگین پگڑیاں (۱۶) تب دیکھتے ہی وہ ان پہ مرنے لگی اور قاصدوں کو ان کے پاس بھیجا (۱۷) سو بابل کے بیٹے اس پاس آ کے بستر پر چڑھے اور انھوں نے اس سے زنا کر کے اسے آلودہ کیا اور جب وہ ان سے ناپاک ہوئی تو اس کا جی ان سے بھر گیا (۱۸) تب اس کی زنا کاری علانیہ ہوئی اور اس کی برہنگی بے ستر ہوئی تب جیسا میرا جی اس کی بہن سے ہٹ گیا تھا ویسا میرا دل اس سے بھی ہٹا (۱۹) اس پر بھی اس نے اپنی جوانی کے دنوں کو یاد کر کے جب وہ مصر کی زمین میں چھنالا کرتی تھی زنا کاری پر زنا کاری کی (۲۰) سو وہ پھر اپنے ان یاروں پہ مرنے لگی جن کا بدن گدھوں کا سا بدن اور جن کا انزال گھوڑوں کا سا انزال تھا (۲۱) اس طرح تو نے اپنی جوانی کی شہوت پرستی کہ جس وقت مصری تیری جوانی کے پستانوں کے سبب تیری چھاتیاں ملتے تھے یاد دلائی اھ ملخصاً۔

اور سخت شرمناک الفاظ میں ان کی بیحد زناکاریوں سے شہوت رانیوں کا تذکرہ نیا عہدنامہ پولس رسول کا خط گلیتوں کو باب ۳ ورس ۱۳ عہ نصارٰی کے یسوع مسیح مصنوع کا ملعون ہونا الٰی غیر ذٰلک مما لا یعد ولا یحصی۔

اٰمنّا باللّٰہ وما انزل الینا و ما انزل الی ابراھیم و اسمٰعیل و اسحٰق و یعقوب و الاسباط وما اوتی موسٰی وعیسٰی و ما اوتی النبیون من ربھم لا نفرق بین احد منھم ونحن لہ مسلمون۝[1]

ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس پر جو ہماری طرف اُترا اور جو اتارا گیا ابراہیم و اسمٰعیل و اسحٰق و یعقوب اور ان کی اولاد پر، اور جو عطا کیے گئے باقی انبیاء اپنے رب کے پاس سے ہم ان میں کسی پر ایمان میں فرق نہیں کرتے اور ہم اللہ کے حضور گردن رکھے ہیں۔ (ت)

الا لعنۃ اللّٰہ علی الظالمین ۝ الذین یصدون عن سبیل اللّٰہ ویبغونھا عوجا وھم بالاٰخرۃ ھم کٰفرون۝[2]

ارے ظالموں پر خدا کی لعنت جو اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور اس میں کجی چاہتے ہیں اور وہی آخرت کے منکر ہیں۔ (ت)

ان الذین یفترون علی اللّٰہ الکذب لا یفلحون۝[3]

وُہ جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کا بھلا نہ ہوگا۔ (ت)

فویل للذین یکتبون الکتٰب بایدیھم ثم یقولون ھذا من عند اللّٰہ لیشتروا بہ ثمنا قلیلا فویل لھم مما کتبت ایدیھم وویل لھم مما یکسبون۝[4]

تو خرابی ہے ان کے لیے جو کتاب اپنے ہاتھ سے لکھیں پھر کہہ دیں یہ خدا کے پاس سے ہے کہ اس کے عوض تھوڑے دام حاصل کریں، تو خرابی ہے ان کے لیے ان کے ہاتھوں کے لکھے سے اور خرابی ہے ان کے لیے اس کمائی سے۔ (ت)

اللہ اللہ یہ قوم یہ قوم یہ سراسر لوم، یہ لوگ یہ لوگ جنھیں عقل سے لاگ جنھیں جنون کا روگ، یہ اس قابل ہوئے کہ خدا پر اعتراض کریں اور مسلمان ان کی لغویات پر کان دھریں انا للّٰہ وانا الیہ راجعون،

---

عہ مسیح نے ہمیں مول لے کر شریعت کی لعنت سے چھڑایا کہ وہ ہمارے بدلے میں لعنت ہوا کیونکہ لکھا ہے جو کوئی کاٹھ پر لٹکا دیا گیا سو لعنتی ہے ۱۲۔

---

[1] القرآن الکریم ۲/۱۳۶

[2] القرآن الکریم ۱۱/۱۸ و ۱۹

[3] القرآن الکریم ۱۰/۶۹ و ۱۶/۱۱۶

[4] القرآن الکریم ۲/۷۹

ولاحول ولاقوۃ الّا باللہ العلی العظیم (بے شک ہم اللہ تعالٰی کے لئے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں، اور نہیں ہے گناہ سے بچنے کی طاقت اور نہ نیکی کرنے کی قوت مگر اللہ تعالٰی کی توفیق سے جو بلندی وعظمت والا ہے۔ ت) یہ پہلے اپنی ساختہ بائبل تو سنبھالیں قاہر اعتراض باہر ایراد اس پر سے اٹھالیں، انگریزی میں ایک مثل کیا خوب ہے کہ شیش محل کے رہنے والو پتھر پھینکنے کی ابتدا نہ کرو یعنی رب جبار قہار کے محکم قلعوں کو تمہاری کنکریوں سے کیا ضرر پہنچ سکتا ہے مگر ادھر سے ایک پتھر بھی آیا تو حجارۃ من سجیل (کنکر کا پتھر۔ ت) کا سماں کعصف ماکول (کھائی ہوئی کھیتی۔ ت) کا مزہ چکھا دے گا۔

وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون[1]○ و اٰخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العٰلمین والصلٰوۃ والسلام علٰی خاتم النبیین سیدنا و مولانا محمد و اٰلہٖ وصحبہٖ اجمعین اٰمین!

اور اب جاننا چاہتے ہیں ظالم کہ کس کروٹ پر پلٹا کھائیں گے۔ اور ہماری دعا کا خاتمہ یہ ہے کہ سب خوبیوں سراہا اللہ ہے جو رب ہے سارے جہانوں کا، اور درود و سلام ہو آخری نبی پر جو ہمارے آقا و مولا محمد مصطفٰی ہیں اور آپ کے تمام آل واصحاب پر، آمین! (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۶۸ تا ۴۸۷)

(۴۳) سوال ہوا کہ قرآن مجید میں اہلِ نار کی حالت یُوں لکھی ہے "لایموت فیھا ولایحیٰی"۔ اس سے ارتفاع نقیضین لازم آتا ہے تو یہ کیسے جائز ہوگا؟ اس سوال کے جواب میں فرمایا:

قرآن عظیم محاورۂ عرب پر اُترا ہے،

قال اللہ تعالٰی "فورب السماء والارض انہ لحق مثل ما انکم تنطقون[2]○"

اللہ تعالٰی نے فرمایا، تو آسمان اور زمین کے رب کی قسم بیشک یہ قرآن حق ہے ویسی ہی زبان میں جو تم بولتے ہو۔ (ت)

اور عرب بلکہ تمام عرب وعجم کا محاورہ ہے کہ ایسی کرب شدید ومصیبت مدید کی زندگی کو یوں ہی کہتے ہیں کہ نہ جیتے ہیں نہ مرتے ہیں نہ زندوں میں نہ مُردوں میں، لاحی فیرجی ولامیت فیرثی (نہ زندہ ہے کہ امید رکھی جائے اور نہ مُردہ ہے کہ مرثیہ کہا جائے۔ ت) اس کا بیان دوسری آیتِ کریمہ

---

[1] القرآن الکریم ۲۶/ ۲۲۷

[2] " ۵۱/ ۲۳

میں ہے کہ :

یاتیہ الموت من کل مکان وما ھو بمیت[1]

اسے ہر طرف سے موت آئے گی اور مرے گا نہیں۔

"یاتیہ الموت من کل مکان یہ "لا یحیٰی" ہوا، اور ما ھو بمیت یہ "لا یموت فیھا" ہوا، اور موت وحیات نقیضین نہیں کہ انسان نہ موت ہے نہ حیات، بلکہ ان میں تقابل وتضاد ہے اگر موت وجودی ہے اور عدم وملکہ اگر عدمی۔

والاول ھو الصحیح عندی لظاھر قولہ تعالٰی "خلق الموت والحیٰوۃ"[2] ولحدیث ذبح الکبش یوم القیٰمۃ[3]"

اور اول ہی میرے نزدیک صحیح ہے اللہ تعالٰی کے ظاہر فرمان کی وجہ سے کہ اس نے موت اور حیات کو پیدا کیا، اور قیامت کے دن مینڈھے کو ذبح کرنے والی حدیث کی وجہ سے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۸۸، ۴۸۹)

(۴۴) آیۂ کریمہ "فلما اخذتھم الرجفۃ"[4] میں رجفہ کا معنی ایک شخص "کڑکڑانا" اور دوسرا "زلزلہ" بتاتا ہے، کون سا معنی صحیح ہے؟ اس سوال کے جواب میں لفظ رجفہ کی معنوی تحقیق کرتے ہوئے فرمایا :

رجفہ کے معنی میں یہ کڑکڑانا محض باطل و بے اصل ہے جس پر نہ لغت شاہد نہ تفسیر، تو یہ ضرور تفسیر بالرائے ہے اور اس کا حصر کرنا کہ یہی ہیں حضرت عزت عظمتہ پر افترا، اور اس کا استدلال کہ وہ سببِ استدلال آیت میں دوسری تحویل اور لفظ کو حقیقت سے مجاز کی طرف تبدیل ہے کہ اخذِ عذاب حقیقت ہے اور سبب کی طرف اسناد مجازی یا بحذف مضاف تقدیر وبال کی جائے، بہر حال محض بلا وجہ بلکہ بلا مجال وحی عدول بمجاز ہے کہ باطل نامجاز ہے۔ اسی قصہ میں دوسری جگہ فاخذتکم الصٰعقۃ[5] (تو تم کو صاعقہ نے پکڑا۔ ت) فرمایا ہے

---

[1] القرآن الکریم ۱۴/ ۱۷

[2] " " ۶۷/ ۲

[3] روح البیان تحت آیۃ وفدیناہ بذبح عظیم ۲۳/ ۴۷۷ و مرقاۃ المفاتیح تحت الحدیث ۵۵۹۱ ۹/ ۵۵۵

[4] القرآن الکریم ۷/ ۱۵۵

[5] " " ۲/ ۵۵

صاعقہ کے معنٰی میں بھی اسی دلیل سے یہی کڑکڑانا ہوگا بلکہ جہاں جہاں قرآن عظیم نے اقوالِ کفار پر نار یا حمیم یا غساق وغیرہا کا ذکر فرمایا ہے ان سب کے معنٰی میں یہی کڑکڑانا آئے گا کہ یہی اس عذاب کا سبب ہوا ایسی بات علم تو علم عقل سے بعید ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۸۹، ۴۹۰)

(۴۵) ایک تفسیری قول کے حوالہ سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

دُرمنثور جلد ۴ ص ۵۸:

اخرج ابن المنذر وابن مردویہ عن انس رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم کان یأتی اُحداً کل عام فاذا تفوہ الشعب سلم علی قبور الشہداء فقال "سلٰم علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار" وابوبکر وعمر وعثمٰن رضی اللّٰہ تعالٰی عنہم[1]

ابن منذر اور ابن مردویہ رضی اللہ تعالٰی عنہما سے سیدنا حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے تخریج کی کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہر سال اُحد میں تشریف لاتے تھے، جب گھاٹی کی فراخی میں داخل ہوتے تو قبورِ شُہداء پر سلام کہتے ہوئے یوں فرماتے: سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو پچھلا گیا ہی خُوب مِلا۔ سیدنا ابوبکر صدیق، حضرت عمر اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ (ت)

ابن جریر جلد ۱۳ ص ۸۴:

حدثنی المثنی ثنا سوید قال اخبرنا ابن المبارک عن ابراہیم بن محمد عن سہل بن ابی صالح عن محمد بن ابراہیم قال کان النبی صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم یأتی قبور الشہداء علی رأس کل حول فیقول "السلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار" وابوبکر وعمر وعثمٰن[2] رضی اللّٰہ تعالٰی عنہم۔

مجھے مثنّی نے بحوالہ سوید حدیث بیان کی، سوید نے کہا ہمیں ابن المبارک نے خبر دی، انھوں نے ابراہیم بن محمد سے، انھوں نے سہل بن ابوصالح سے، انھوں نے محمد بن ابراہیم سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہر سال کے اختتام پر شہداء کی قبروں پر تشریف لاتے اور یُوں فرماتے: تم پر سلامتی ہو تمھارے صبر کا

---

[1] الدر المنثور تحت الآیۃ ۱۳/ ۲۴ دار احیاء التراث العربی بیروت ۴/ ۵۶۷، ۵۶۸

[2] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت آیۃ ۱۳/ ۲۴ " " " " ۱۳/ ۱۷۰

بدلہ تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا۔ ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ تعالٰی عنہم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ (ت)

تفسیر کبیر جلد ۵ ص ۲۹۵ :

عن رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انہ کان یأتی قبور الشھداء رأس کل حول فیقول "السلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار" والخلفاء الاربعۃ ھکذا کانوا یفعلون[۱] رضی اللہ تعالٰی عنہم۔

رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہر سال کے اختتام پر شہیدوں کی قبروں پر تشریف لاتے اور یوں فرماتے : سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو آخرت کا گھر کیا ہی خوب ملا۔ خلفاءِ اربعہ رضی اللہ تعالٰی عنہم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ (ت)

تفسیر نیشاپوری جلد ۱۳ ص ۹۲ :

وروی عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انہ کان یأتی قبور الشھداء علی رأس کل حول فیقول "سلم علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار[۲]"

نبی انور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہر سال کے اختتام پر شہیدوں کی قبروں پر تشریف لاتے اور یوں فرماتے : سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۹۰ تا ۴۹۲)

(۴۶) قرآن مجید کی تیس ۳۰ پاروں پر تقسیم سے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا :

پاروں پر تقسیم امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے نہ کی نہ کسی صحابی نہ کسی تابعی نے۔ معلوم نہیں اس کی ابتدا کس نے کی، یہ بہت حادث ہے، ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص نے اس کی ابتداء کی اس نے اپنے پاس کے مصحف شریف کو تیس ۳۰ حصوں پر کہ باعتبارِ عدد اوراق مساوی تھے تقسیم کرلیا اور یہ تقسیم ان ان مواقع پر آکے واقع ہوئی، اور یہی ان بلاد میں رائج ہوگئی، سب جگہ اس پر اتفاق بھی نہیں بلکہ شام وغیرہ کی تقسیم اس سے کچھ مختلف ہے۔ بہرحال یہ کچھ ضروری بات نہیں، نہ اس کے ماننے میں حرج۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۹۲)

(۴۷) قرآن مجید پر اعراب لگانے سے متعلق سوال کے جواب میں فرمایا :

---

[۱] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۱۳/ ۲۴ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۹/ ۳۷

[۲] غرائب القرآن " " مصطفی البابی مصر ۱۳/ ۸۳

حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پر قرآن عظیم کی عبارت کریمہ نازل ہوئی عبارت میں اعراب نہیں لگائے جاتے حضور کے حکم سے صحابہ کرام مثل امیر المومنین عثمان غنی وحضرت زید بن ثابت و امیر معاویہ وغیرہم رضی اللہ تعالےٰ عنہم اسے لکھتے ان کی تحریر میں بھی اعراب نہ تھے یہ تابعین کے زمانے سے رائج ہوئے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۹۲ ، ۴۹۳)

(۴۸) بوقتِ ذکرِ ولادتِ مبارکہ قیام تعظیمی کے اثبات میں رسالہ "اقامۃ القیامۃ علٰی طاعن القیام لنبی تھامۃ" میں فرمایا:

**مقامِ اوّل:** اللہ عزوجل نے شریعتِ غرا، بیضا، زہرا، عامہ، تامہ، کاملہ، شاملہ اتاردی اور بحمدہٖ تعالےٰ ہمارے لئے ہمارا دین کامل فرمادیا اور اس کے کرم نے اپنے حبیب اکرم حضور پُرنور سیّدِ عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے صدقہ میں اپنی نعمت ہم پر تمام فرمادی۔ قال اللہ تعالےٰ:

الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دینا۔[1]

آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کردیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کردی اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند فرمایا۔ (ت)

والحمد للہ رب العٰلمین وصلی اللہ تعالٰی علٰی من بہ انعم علینا فی الدنیا والدین و بہ ینعم ان شاء اللہ تعالٰی فی الاٰخرۃ الٰی ابد الاٰبدین۔

تمام تعریفیں اللہ تعالےٰ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اور درود نازل ہو اس ذات پر جس کے صدقے اللہ تعالٰی نے دین و دنیا کی نعمتیں ہمیں عطا فرمائیں، اور ان کے طفیل اِن شاء اللہ ابدالآباد تک آخرت کی نعمتیں بھی ہمیں عطا ہوں گی۔ (ت)

الحمد للہ ہماری شریعتِ مطہرہ کا کوئی حکم قرآن عظیم سے باہر نہیں، امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں:

حسبنا کتاب اللہ[2] (ہمیں قرآن عظیم بس ہے۔ ت)

مگر قرآن عظیم[ع] کا پورا سمجھنا اور ہر جزئیہ کا صریح حکم اس سے نکال لینا عام کو نامقدور ہے اس لئے قرآن کریم

ع قرآن امامِ حدیث ہے، حدیث امامِ مجتہدین، مجتہدین امامِ علماء، علماء امامِ عوام الناس۔ اس سلسلہ کا توڑنا گمراہ کا کام۔

---

[1] القرآن الکریم ۵/ ۳

[2] صحیح البخاری کتاب العلم باب کتابۃ العلم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۲۲

نے دو مبارک قانون ہمیں عطا فرمائے :

**اوّل** : ما اٰتٰکم الرسول فخذوہ و ما نھٰکم عنہ فانتھوا۔[1]

جو کچھ رسول تمھیں دیں وہ لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو۔

**اقول** (میں کہتا ہوں ۔ت) "لو" صیغہ امر کا ہے اور امر وجوب کے لئے ہے تو پہلی قسم واجباتِ شرعیہ ہوئی، اور "باز رہو" نہی ہے، اور نہی منع فرمانا ہے، یہ دوسری قسم ممنوعاتِ شرعیہ ہوئی۔

حاصل یہ کہ اگرچہ قرآن مجید میں سب کچھ ہے :

ونزلنا علیک الکتٰب تبیانًا لکل شیئ[2]

اے محبوب! ہم نے تم پر یہ کتاب اتاری جس میں ہر شے ہر چیز ہر موجود کا روشن بیان ہے۔

مگر اُمت اسے بے نبی کے سمجھائے نہیں سمجھ سکتی، لہذا فرمایا :

وانزلنا الیک الذکر لتبین للناس ما نُزِّل الیھم[3]

اے محبوب! ہم نے تم پر یہ قرآن مجید اتارا کہ تم لوگوں کے لئے بیان فرمادو جو کچھ اُن کی طرف اُترا ہے۔

یعنی اے محبوب! تم پر تو قرآن حمید نے ہر چیز روشن فرمادی اس میں جس قدر امت کے بتانے کو ہے وہ تم ان پر روشن فرمادو، لہذا آیہ کریمہ اولیٰ میں نزلنا علیک فرمایا جو خاص حضور کی نسبت ہے اور آیہ کریمہ ثانیہ میں ما نزّل الیھم فرمایا جو نسبت بہ امت ہے۔

**دوم** : فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون[4]ع

علم والوں سے پوچھو جو تمھیں نہ معلوم ہو۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۴۹۷ تا ۴۹۹)

---

ع اس آیہ کریمہ کے متصل ہی کریمہ ثانیہ ہے :

ان کنتم لا تعلمون بالبینٰت والزبر وانزلنا الیک الذکر[5] الاٰیۃ۔

اگر تمھیں علم نہیں تو روشن دلیلوں اور کتابوں کے جاننے والوں سے پوچھو اور اے محبوب! ہم نے تمھاری طرف یہ قرآن مجید اتارا الاٰیۃ۔ (ت)

(باقی بر صفحہ آئندہ)

---

[1] القرآن الکریم ۵۹/ ۷
[2] القرآن الکریم ۱۶/ ۸۹
[3] " ۱۶/ ۴۴
[4] " ۱۶/ ۴۳ والانبیاء ۷
[5] " ۱۶/ ۴۳ و ۴۴

9

(۴۹) وہابیہ صرف تسکینِ عوام کے لئے قرآن وحدیث کا نام لیتے ہیں، چنانچہ اس کی تائید میں فرمایا:
ان سب کے مُنہ سے قرآن وحدیث کا نام محض برائے تسکین عوام ہے کہ کھلا منکر نہ جان لیں ورنہ حالت وہ ہے جو ان کے مذہبی قرآن تقویۃ الایمان سے ظاہر، جو کہے "اللہ ورسول نے غنی کر دیا وہ مشرک"[1] حالانکہ حالانکہ خود قرآن عظیم فرماتا ہے:

اغنٰھم اللہ ورسولہ من فضلہ[2]

اللہ ورسول نے انھیں دولتمند کر دیا اپنے فضل سے۔

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

مصنف نے یہاں معالم التنزیل کے حاشیہ پر تحریر فرمایا:

اقول ھذا من محاسن نظم القراٰن العظیم امر الناس ان یسئلوا اھل الذکر العلماء بالقراٰن العظیم وارشد العلماء ان لا یعتمدوا علٰی اذھانھم فی فھم القراٰن بل یرجعوا الٰی ما بیّن لھم النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرد الناس الی العلماء والعلماء الی الحدیث والحدیث الی القراٰن وان الی ربک المنتھٰی فکما ان المجتھدین لو ترکوا الحدیث ورجعوا الی القراٰن لضلوا کذٰلک العامۃ لو ترکوا المجتھدین ورجعوا الی الحدیث فضلوا ولھذا قال الامام سفیٰن بن عیینۃ احد ائمۃ الحدیث قریب زمن الامام الاعظم والامام المالک رضی اللہ تعالٰی عنھم الحدیث مضلۃ الا للفقہاء نقلہ عنہ الامام ابن الحاج المکی فی المدخل[3]

میں کہتا ہوں کہ یہ عبارت قرآن عظیم کی خوبیوں سے ہے، لوگوں کو حکم دیا کہ علماء سے پوچھو جو قرآن مجید کا علم رکھتے، اور علماء کو ہدایت فرمائی کہ قرآن کے سمجھنے میں اپنے ذہن پر اعتماد نہ کریں بلکہ جو کچھ نبی صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے بیان فرمایا اس کی طرف رجوع لائیں، تو لوگوں کو علماء کی طرف پھیرا اور علماء کو حدیث کی طرف اور حدیث کو قرآن کی طرف، اور بیشک تیرے رب ہی کی طرف انتہا ہے، تو جس طرح مجتہدین اگر حدیث چھوڑ کر قرآن کی طرف رجوع کرتے بہک جاتے، یونہی غیر مجتہد اگر مجتہدین کو چھوڑ کر حدیث کی طرف رجوع لائیں تو ضرور گمراہ ہوجائیں، اسی لئے امام سفیان بن عیینہ نے کہ امام اعظم وامام مالک کے زمانہ کے قریب حدیث کے اماموں سے تھے فرمایا کہ حدیث بہت گمراہ کر دینے والی ہے مگر فقہاء کو۔ اسے امام ابن حاج مکی نے ان سے مدخل میں نقل فرمایا ۱۲ مصحح غفرلہ (ت)

---

[1] تقویۃ الایمان
[2] القرآن الکریم ۹/ ۷۴
[3] تعلیقات المصنف علی معالم التنزیل تحت الآیۃ ۱۶/ ۴۳، ۴۴ مرکزی مجلس رضا لاہور ص ۳۲

محمد بخش، احمد بخش نام رکھنا شرک، حالانکہ خود قرآن حمید فرماتا ہے کہ جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم جب حضرت سیدتنا مریم کے پاس آئے کیا کہا یہ کہ:

انما انا رسول ربك لاهب لك غلٰما زكيا[1]

میں تمھارے رب کا رسول ہوں اس لئے کہ میں تم کو ستھرا بیٹا دوں۔

صرف محمد بخش نام شرک ہوا حالانکہ وہ معنی عطا میں متعین بھی نہیں، بخش بہرہ وحصہ کو بھی کہتے ہیں تو جبریل کہ صریح لفظوں میں اپنا بیٹا دینا کہہ رہے ہیں دین اسمٰعیلی میں کیسے مشرک نہ ہوں گے اور قرآن عظیم کہ اس شرک وہابیت کو ذکر فرما کر مقرر رکھتا ہے کیوں نہ اسے شرک پسند کتاب ٹھہرائیں گے۔

(فتاوی رضویہ ۲۶ ص ۵۰۴)

(۵۰) ذکرِ نبی بعینہٖ ذکرِ خدا ہے، اس نکتہ کو بیان کرتے ہوئے فرمایا:

اب سنئے ذکرِ الٰہی کی خوبی شرع سے مطلقاً ثابت:

قال الله تعالٰی "اذكروا الله ذكرا كثيرا[2]"

(اللہ تعالٰی نے فرمایا:) خدا کو یاد کرو بہت یاد کرنا۔

اور نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بلکہ تمام انبیاء و اولیاء اللہ علیہم الصلوٰۃ والسلام کی یاد میں خدا کی یاد ہے[ف] کہ ان کی یاد ہے تو اسی لئے کہ وہ اللہ کے نبی ہیں یہ اللہ کے ولی ہیں، معہذا نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی یاد مجالس ومحافل میں یونہی ہوتی ہے کہ حضرت حق تبارک وتعالٰی نے انھیں یہ مراتب بخشے یہ کمال عطا فرمائے اب چاہے اسے نعمت سمجھ لو یعنی ہمارے آقا صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم ایسے ہیں جنھیں حق سبحانہٗ وتعالٰے نے ایسے درجے دیئے اس وقت یہ کلام کریمہ ورفع بعضهم درجات[3] (اور کوئی وہ ہے جس کو سب پر درجوں بلند کیا۔ ت) کی قبیل سے ہوگا، چاہے حمد سمجھ لو یعنی ہمارا مالک ایسا ہے جس نے اپنے محبوب کو یہ رتبے بخشے اس وقت یہ کلام کریمہ سبحٰن الذی اسرٰی بعبدہٖ[4] (پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا۔ ت) و آیۂ کریمہ هو الذی ارسل رسوله بالهدٰی[5] (وہ وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت کے ساتھ بھیجا۔ ت) کے طور پر ہو جائے گا۔ حق سبحانہٗ وتعالٰی اپنے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے فرماتا ہے: ورفعنا لك ذكرك[6] اور بلند کیا ہم نے تمھارے لئے تمھارا ذکر۔

---

ف: نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا ذکر بعینہٖ تعالٰی اللہ تعالٰی کا ذکر ہے۔

---

[1] القرآن الکریم ۱۹/ ۱۹ [2] القرآن الکریم ۳۳/ ۴۱ [3] القرآن الکریم ۲/ ۲۵۳

[4] 〃 ۱۷/ ۱ [5] 〃 ۹/ ۳۳ [6] 〃 ۹۴/ ۴

امام قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ شفاء شریف میں اس آیۃ کریمہ کی تفسیر سیدی ابن عطا قدس سرہ العزیز سے یوں نقل فرماتے ہیں :

جعلتك ذكرا من ذكري فمن ذكرك ذكرني۔[1]

یعنی حق تعالےٰ اپنے حبیب صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے فرماتا ہے میں نے تمھیں اپنی یاد میں سے ایک یاد کیا تو جو تمھارا ذکر کرے اس نے میرا ذکر کیا۔

بالجملہ کوئی مسلمان اس میں شک نہیں کرسکتا کہ مصطفےٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یاد بعینہٖ خدا کی یاد ہے پس بحکمِ اطلاق جس جس طریقہ سے ان کی یاد کی جائے گی حسن ومحمود ہی رہے گی اور مجلس میلاد وصلوٰۃ بعد اذان وغیرہما کسی خاص طریقے کے لئے ثبوت مطلق کے سوا کسی نئے ثبوت کی ہرگز حاجت نہ ہوگی ہاں جو کوئی ان طُرق کو ممنوع کہے وہ ان کی خاص ممانعت ثابت کرے، اسی طرح نعمتِ الٰہی کے بیان واظہار کا ہمیں مطلقاً حکم دیا گیا،

قال اللہ تعالیٰ " واما بنعمة ربك فحدث۔[2] "

(اللہ تعالےٰ نے فرمایا) اپنے رب کی نعمت خوب بیان کرو۔

اور ولادتِ اقدس حضور صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام نعمتوں کی اصل ہے تو اس کے خوب بیان واظہار کا نص قطعی قرآن سے ہمیں حکم ہوا اور بیان واظہار مجمع میں بخوبی ہوگا تو ضرور چاہیئے کہ جس قدر ہو سکے لوگ جمع کئے جائیں اور انھیں ذکرِ ولادت باسعادت سنایا جائے اسی کا نام مجلس میلاد ہے علیٰ ہذا القیاس نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر مسلمان کا ایمان ہے اور اس کی خوبی قرآن عظیم سے مطلقاً ثابت۔ قال اللہ تعالےٰ :

انا ارسلنك شاهدا ومبشرا ونذيرا ○ لتؤمنوا بالله ورسوله وتعزروه وتوقروه۔[3]

اے نبی! ہم نے تمھیں بھیجا گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا تاکہ اے لوگو! تم خدا اور رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم کرو۔

---

[1] الشفاء بتعریف حقوق المصطفےٰ الباب الاول الفصل الاول دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱/ ۲۱

[2] القرآن الکریم ۹۳/ ۱۱

[3] " " ۴۸/ ۸، ۹

وقال تعالیٰ و من یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب[1]

(اللہ تعالیٰ نے فرمایا) جو خدا کے شعاروں کی تعظیم کرے تو وہ بیشک دلوں کی پرہیزگاری سے ہے۔

وقال تعالیٰ ومن یعظم حرمٰت اللہ فھو خیر لہ عند ربہ[2]

(اللہ تعالیٰ نے فرمایا) جو تعظیم کرے خدا کی حُرمتوں کی تو یہ بہتر ہے اس کے لئے اس کے رب کے یہاں۔

پس بوجہ اطلاق آیات حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم جس طریقے سے کی جائے گی حسن ومحمود رہے گی اور خاص خاص طریقوں کے لئے ثبوت جُداگانہ درکار نہ ہوگا، ہاں اگر کسی خاص طریقہ کی بُرائی بالتخصیص شرع سے ثابت ہوجائے گی تو وہ بیشک ممنوع ہوگا جیسے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کرنا یا جانوروں کو ذبح کرتے وقت بجائے تکبیر حضور کا نام لینا۔ اسی لئے علامہ ابن حجر مکی جوہر منظم میں فرماتے ہیں:

تعظیم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بجمیع انواع التعظیم التی لیس فیھا مشارکۃ اللہ تعالیٰ فی الالوھیۃ امر مستحسن عند من نور اللہ ابصارھم[3]

یعنی نبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تعظیم تمام انواعِ تعظیم کے ساتھ جن میں اللہ تعالےٰ کے ساتھ الوہیت میں شریک کرنا لازم نہ آئے ہر طرح امر مستحسن ہے ان کے نزدیک جن کی آنکھوں کو اللہ نے نور بخشا ہے۔

پس یہ قیام کہ وقت ذکرِ ولادت شریفہ اہلِ اسلام محض بنظرِ تعظیم واکرام حضور سید الانام علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام بجالاتے ہیں بیشک حسن ومحمود ٹھہرے گا تاوقتیکہ مانعین خاص اس صورت کی بُرائی کا قرآن وحدیث سے ثبوت دیں وانّٰی لھم ذٰلك (اور یہ ان کے لئے کہاں سے ہوگا۔ ت)۔

**تنبیہ:** یہاں سے ثابت ہوا کہ تابعین وتبع تابعین تو درکنار خود قرآن عظیم سے مجلس وقیام کی خُوبی ثابت ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۵۲۹ تا ۵۳۱)

---

ف: نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کا نفیس طریقہ۔

---

[1] القرآن الکریم ۲۲/ ۳۲

[2] " ۲۲/ ۳۰

[3] الجوہر المنظم مقدمہ فی آداب السفر الفصل الاول المکتبۃ القادریۃ فی الجامعۃ النظامیہ لاہور ص ۱۲

(۵۱) جو میلاد شریف آج کل مروج ہے اس کا حکم شرعی بیان کرتے ہوئے فرمایا:

مسلمانوں کو جمع کرکے ذکرِ ولادتِ اقدس وفضائلِ علیہ حضور سرورِ عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سنانا، ولادتِ اقدس کی خوشی کرنی، اس میں حاضرین کو کھانا یا شیرینی تقسیم کرنی بلاشبہہ جائز و مستحب ہے اور جائز زینت فی نفسہٖ جائز، اور بہ نیتِ فرحتِ ولادت شریفہ و تعظیمِ ذکرِ انور قطعاً مستحب۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

واما بنعمة ربك فحدث[1]

اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔ (ت)

اور فرماتا ہے:

وذكرهم بايام الله[2]

اور انھیں اللہ کے دن یاد دلاؤ۔ (ت)

اور فرماتا ہے:

قل بفضل الله وبرحمته فبذلك فليفرحوا[3]

تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اسی کی رحمت اور اسی پر چاہئے کہ لوگ خوشی کریں۔ (ت)

اور فرماتا ہے:

قل من حرم زينة الله التي اخرج لعباده والطيبت من الرزق[4]

تم فرماؤ کس نے حرام کی اللہ کی وہ زینت جو اس نے اپنے بندوں کے لئے نکالی اور پاک رزق۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۵۵۳، ۵۵۴)

(۵۲) ایک شخص کے دو شیخ طریقت ہو سکتے ہیں؟ اور مرید و طالب میں کیا فرق ہے؟ اس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

مرید غلام ہے اور طالب وہ کہ غیبتِ شیخ میں بضرورت یا باوجود شیخ کسی مصلحت سے، جسے شیخ جانتا ہے یا مرید شیخ غیر شیخ سے استفادہ کرے، اسے جو کچھ اس سے حاصل ہو وہ بھی فیضِ شیخ ہی جانے ورنہ دَر دَر کبھی فلاح نہیں پاتا۔ اولیائے کرام فرماتے ہیں:

---

[1] القرآن الکریم ۹۳/ ۱۱
[2] القرآن الکریم ۱۴/ ۵
[3] 〃 〃 ۱۰/ ۵۸
[4] 〃 〃 ۷/ ۳۲

لایفلح مرید بین شیخین[1]

جو دو پیروں کے درمیان ہو وہ کامیاب نہیں ہوتا۔ (ت)

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

ضرب اللہ مثلاً رجلاً فیہ شرکاء متشاکسون و رجلاً سلماً لرجل ط ھل یستویان مثلاً ط الحمد للہ بل اکثرھم لایعلمون[2]

اللہ تعالٰی ایک مثال بیان فرماتا ہے، ایک غلام میں کئی بدخو آقا شریک ہوں اور ایک نرے ایک مولٰی کا، کیا ان دونوں کا حال ایک سا ہے۔ سب خوبیاں اللہ کو ہیں بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۵۵۸)

(۵۳) کوئی شیخ طریقت اپنی زوجہ مرید بنا سکتا ہے یا نہیں؟ اس کے جواب میں فرمایا:

زوجہ کو مرید کرنا جائز ہے۔ تمام اُمّت انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی مرید ہی ہوتی ہے پھر وہ انھیں میں سے تزوج فرماتے ہیں۔ مرید حقیقۃً اولاد نہیں ہوتی وُہ ایک دینی علاقہ ہے جو نہ صرف پیر بلکہ استاذِ علمِ دین کو بھی شاگرد پر حاصل ہے۔

قال صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انما انا لکم بمنزلۃ الوالد اعلمکم[3]

رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمھارے والد کی طرح ہوں تمھیں تعلیم دیتا ہُوں۔ (ت)

اور زوجہ کو مسائلِ دینی تعلیم کرنے کا زوج کو حکم ہے۔

قال تعالٰی "قوا انفسکم و اھلیکم ناراً"[4]

اللہ تعالٰے نے فرمایا کہ خود اپنی ذاتوں کو اور اپنے اہل وعیال کو آگ سے بچاؤ۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۵۶۴)

(۵۴) بیعت غائبانہ کے جواز کے بارے میں سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا اللہ عزوجل فرماتا ہے:

ان الذین یبایعونك انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم[5]

---

[1]

[2] القرآن الکریم ۳۹/۲۹

[3] سنن ابی داؤد کتاب الطہارۃ باب کراہیۃ استقبال القبلہ الخ آفتاب عالم پریس لاہور ۱/۳

[4] القرآن الکریم ۶۶/۶

[5] القرآن الکریم ۴۸/۱۰

وہ جو تم سے بیعت کرتے ہیں تو وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھ پر ہے۔
اور فرماتا ہے:

لقد رضی اللہ عن المؤمنین اذ یبایعونك تحت الشجرۃ۔[1]

بیشک اللہ راضی ہوا مسلمانوں سے جب وہ تم سے بیعت کرتے ہیں درخت کے نیچے۔

صحیح بخاری شریف میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے ہے جب یہ بیعت ہوئی ہے امیر المومنین عثمانِ غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ غائب تھے۔ بیعت حدیبیہ میں ہوئی اور وہ مکہ معظمہ گئے ہوئے تھے، رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے داہنے ہاتھ کو فرمایا یہ عثمان کا ہاتھ ہے، پھر اسے اپنے دوسرے دستِ مبارک پر مار کر ان کی طرف سے بیعت فرمائی اور فرمایا یہ عثمان کی بیعت ہے۔ لفظِ حدیث یہ ہیں:

واما تغیبه عن بیعة الرضوان فانه لوکان احد اعز ببطن مکة من عثمان بن عفان لبعثه مکانه فبعث رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم عثمان وکانت بیعة الرضوان بعد ما ذهب عثمان الٰی مکة فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم بیده الیمنٰی هٰذه ید عثمان فضرب بها علٰی یده وقال هٰذه لعثمان۔[2]

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۵۶۵، ۵۶۶)

**(۵۵)** بوجہ غفلت تسبیح گر جانے والے درخت یا پتہ اور ذبح ہو جانے والے جانور کا تسبیح میں مشغول ہونا ثابت ہے یا نہیں؛ اس کے جواب میں فرمایا:

رب عزوجل فرماتا ہے:

تسبح له السمٰوٰت السبع والارض ومن فیهن ؕ وان من شیئ الا یسبح بحمده ولکن لا تفقهون تسبیحهم ؕ[3]

اس کی تسبیح کرتے ہیں آسمان اور زمین اور جو کوئی ان میں ہے، اور کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح نہ کرتی ہو مگر تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے۔

یہ کلیہ عامہ جمیع اشیائے عالم کو شامل ہے، ذی روح ہو یا بے روح۔ اجسام محضہ جن کے ساتھ

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۱۸

[2] صحیح البخاری کتاب المغازی باب قول اللہ تعالٰی ان الذین تولوا منکم الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۵۸۲

[3] القرآن الکریم ۱۷/ ۴۴

کوئی روحِ نباتی بھی متعلق نہیں، دائم التسبیح ہیں کہ "ان من شئ" کے دائرے سے خارج نہیں، مگران کی تسبیح بے منصب ولایت نہ مسموع نہ مفہوم۔ اور وہ اجسام جن سے روحِ انسی یا ملکی یا جنّی یا حیوانی یا نباتی متعلق ہے ان کی دو[2] تسبیحیں ہیں، ایک تسبیح جسم، کہ اس رُوحِ متعلق کے اختیار میں نہیں وہ اسی ان من شئ کے عموم میں اس کی اپنی ذاتی تسبیح ہے دوسری تسبیح روح، یہ ارادی اختیاری ہے اور برزخ میں ہر مسلمان کو مسموع و مفہوم۔ اِس تسبیح ارادی میں غفلت کی سزا حیوان و نبات کو قطع سے دی جاتی ہے۔ اور اس کے بعد یا جب جانور مر جائے یا نبات خشک ہو جائے منقطع ہو جاتی ہے۔ ولہٰذا ائمہ دین نے فرمایا کہ تر گھاس مقابر سے نہ اکھاڑیں فانہ مادام رطبا یسبح لله فیؤنس المیت[1] کہ جب تک وہ تر ہے اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے تو میت کا دل بہلتا ہے مگر قتل و قطع موت و یبس کے بعد بھی وہ تسبیح کہ نفسِ جسم کی تھی جب تک اس کا ایک جزء لایتجزی باقی رہے گا منقطع نہ ہوگی کہ "ان من شئ الا یسبح بحمدہ[2]" (اور کوئی چیز نہیں جو اسے سراہتی ہوئی اس کی پاکی نہ بولے۔ ت) اسے رُوح سے تعلق نہ تھا کہ تعلق روح نہ رہنے سے منقطع ہو۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۵۶۹)

(۵۶) مرید ہونے کا حکمِ شرعی اور اس کا فائدہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

مرید ہونا سُنّت ہے اور اس سے فائدہ حضور سیدِ عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے اتصال مسلسل۔ تفسیر عزیزی دیکھو آیۂ کریمہ:

صراط الذین انعمت علیھم[3]

راستہ اُن کا جن پر تُو نے انعام کیا۔ (ت)

میں اُس کی طرف ہدایت ہے، یہاں تک فرمایا گیا:

من لا شیخ لہ فشیخہ الشیطٰن[4]

جس کا کوئی پیر نہیں اس کا پیر شیطان ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۵۷۰)

---

[1] رد المحتار باب صلوٰۃ الجنائز مطلب فی وضع الجرید ونحو الآس علی القبور دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/۶۰۶
[2] القرآن الکریم ۱۷/۴۴
[3] 〃 〃 ۱/۷
[4] عوارف المعارف الباب الثانی عشرۃ مطبعۃ المشہد الحسینی القاھرۃ ص ۷۸
الرسالۃ القشیریۃ الوصیۃ للمریدین دار الفکر بیروت ص ۲۵۵

(۵۷) بیعت کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

بیعت بیشک سنت محبوبہ ہے۔ امام اجل شیخ الشیوخ شہاب الحق والدین عمر رحمہ اللہ تعالٰی کی عوارف شریف سے شاہ ولی اللہ دہلوی کی قول الجمیل تک اس کی تصریح اور ائمہ واکابر کا اس پر عمل ہے، اور رب العزت عزوجل فرماتا ہے:

انّ الذین یبایعونك انما یبایعون اللہ[1]

بیشک وہ جو تمہاری بیعت کرتے ہیں وہ تو اللہ ہی کی بیعت کرتے ہیں۔ (ت)

اور فرماتا ہے:

ید اللہ فوق ایدیھم[2]

ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔ (ت)

اور فرماتا ہے:

لقد رضی اللہ عن المؤمنین اذ یبایعونك تحت الشجرۃ[3]

بے شک اللہ تعالٰی راضی ہوا ایمان والوں سے جب وہ اس پیڑ کے نیچے تمہاری بیعت کرتے تھے۔ (ت)

اور بیعت کو خاص بجہاد سمجھنا جہالت ہے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

یایھا النبی اذا جاءك المؤمنٰت یبایعنك علٰی ان لایشرکن باللہ شیئا و لا یسرقن ولا یزنین ولا یقتلن اولادھن ولا یاتین ببھتان یفترینہ بین ایدیھن وارجلھن و لا یعصینك فی معروف فبایعھن و استغفر لھن اللہ ان اللہ غفور رحیم[4]

اے نبی! جب تمہارے حضور مسلمان عورتیں حاضر ہوں اس پر بیعت کرنے کو کہ اللہ کا کچھ شریک نہ ٹھہرائیں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ وہ بہتان لائیں گی جسے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان یعنی موضع ولادت میں اٹھائیں اور کسی نیک بات میں تمہاری نافرمانی نہیں کریں گی، تو ان سے بیعت لو اور اللہ سے ان کی مغفرت چاہو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ (ت)

(۵۸) پیالہ پلا کر بیعت کرنے کو سنتِ رسول قرار دینے والے شخص کی تردید کرتے ہوئے فرمایا:

اُس شخص نے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلّم پر افترا کیا کہ حضور کا طریقہ بیعت پانی پلانا تھا

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۱۰
[2] القرآن الکریم ۴۸/ ۱۰
[3] ؍؍ ۴۸/ ۱۸
[4] ؍؍ ۶۰/ ۱۲

حاشا للہ بلکہ ہاتھ پر ہاتھ مارنا، اور یہی طریقہ آج تک مشائخ میں ہے، پیالہ پلانا بھنگڑ دں بیقیدوں کے یہاں ہے۔
اللہ عزوجل فرماتا ہے:

انّ الذین یبایعونك انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم[1]

اے نبی! یہ جو تم سے بیعت کر رہے ہیں یہ تو اللہ سے بیعت کرتے ہیں یہ تمھارا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر نہیں اللہ کا دستِ قدرت اُن کے ہاتھوں پر ہے۔

معلوم ہوا کہ طریقۂ بیعت ہاتھ پر ہاتھ رکھنا تھا نہ کہ پیالہ پلانا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۶ ص ۵۸۹)

(۵۹) نماز میں حرکات اور شور و غل کرنے والوں کا رَد کرتے ہُوئے فرمایا:

صحابہ کرام اور اکابر اولیاءِ عظام سے ایسا کبھی منقول نہ ہوا ان سے زیادہ تاثیر و برکت کس کی ہو سکتی ہے۔ مگر صادقین سے برکت ہوتی ہے اور کاذبین سے حرکت۔

قال اللہ تعالیٰ "ولا تبطلوا اعمالکم[2]"

(اللہ تعالیٰ نے فرمایا) اپنے عمل باطل نہ کرو۔

وقال تعالیٰ "وقوموا للہ قٰنتین[3]"

(اللہ تعالیٰ نے فرمایا) اللہ کے حضور ادب سے کھڑے رہو۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۶ ص ۵۹۲)

(۶۰) اللہ تبارک و تعالیٰ کی شان جمال و جلال کی مثالیں پیش کرتے ہوئے فرمایا:

اللہ جل و علا رحیم بھی ہے اور قہار بھی ہے رحمت شان جمال ہے اور قہر شان جلال۔ دوستوں کو انواعِ نعمت سے نوازنا اُن کے لئے بہشت اور اس کی خوبیاں آراستہ فرمانا، انھیں اپنی رضا و دیدار سے بہرہ مندی بخشنا تجلی شان جمال ہے۔ دشمنوں کو اقسام عذاب کی سزا دینا ان کے لئے دوزخ اور اس کی سختیاں مہیّا فرمانا اُنھیں اپنے غضب و حجاب میں مبتلا کرنا تجلی شان جلال ہے۔ پھر دنیا میں جو کچھ نعمت و نقمت و راحت و آفت ہے انھیں دونوں شانوں کی تجلی سے ہے۔ کبھی یہ شانیں ایک دوسرے کے لباس میں جلوہ گر ہوتی ہیں۔ مثلاً دُنیا میں اپنے محبوبوں کے لئے بلا بھیجنا کہ:

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۱۰ [2] القرآن الکریم ۴۷/ ۳۳
[3] " " ۲/ ۲۳۸

اشد الناس بلاء الانبیاء ثم الامثل فالامثل[1]

تمام لوگوں سے بڑھ کر تکلیفیں نبیوں پر آئیں پھر ان سے کم درجہ والوں پر پھر ان سے کم درجہ والوں پر۔ (ت)

بظاہر شانِ جلال ہے اور حقیقۃً شانِ جمال کہ اس کے باعث وہ اللہ تعالیٰ کی بڑی بڑی نعمتیں پاتے ہیں۔ قال اللہ تعالیٰ:

لا تحسبوہ شرًا لکم بل ہو خیر لکم[2]

اسے اپنے لئے بُرا نہ جانو بلکہ وہ تمھارے حق میں بہتر ہے۔

کفار کو کثرتِ مال وغیرہ دُنیا کی راحتیں دینا بظاہر شانِ جمال ہے اور درحقیقت شانِ جلال ہے کہ اُس کے سبب وہ اپنی غفلت و گمراہی کے نشے میں پڑے رہتے ہیں اور ہدایت کی توفیق نہیں پاتے۔ قال اللہ تعالیٰ:

ولا یحسبن الذین کفروا انما نملی لھم خیر لانفسھم انما نملی لھم لیزدادوا اثما ولھم عذاب مھین[3]

کافر ہرگز اس خیال میں نہ رہیں کہ یہ ڈھیل جو ہم انھیں دے رہے ہیں کچھ اُن کے لئے بھلا ہے، یہ ڈھیل تو ہم اس لئے دیتے ہیں کہ وہ اور گناہ میں پڑیں، اور ان کے لئے ذلت کی مار ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۵۹۶، ۵۹۷)

(۶۱) سورۂ یٰسٓ میں اللہ تعالیٰ کے ایک اسمِ مقدس کے بارے میں سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

وہ سورۂ مبارکہ کی ایک پُوری آیت ہے، کارڈ میں آیت نہیں لکھی جا سکتی، اس کا اول س ل م اور آخر ر ح ی م۔ اس سائل نے ۱۶ حرف یُوں بتائے کہ سلام چار حرف سمجھے یہ غلط ہے مصحف کریم میں یہ لفظ بے الف ہے تو پندرہ ہی حرف ہیں اور اس میں چار حرف منقوط ہیں ق ن ب ي، مگر نون کے اوپر نقطہ کہنا نہ چاہئے کہ وُہ جوف میں ہے فقط۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۶ ص ۶۰۹)

---

[1] کنز العمال حدیث ۶۷۸۰ و ۶۷۸۳ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۳/۳۲۸ و ۳۲۹

[2] القرآن الکریم ۲۴/۱۱

[3] " " ۳/۱۷۸

# فتاوٰی رضویّہ جلد ۲۷

(۱) ابتدائے آفرینش زمین کے بارے میں بیان کرتے ہوئے فرمایا:

خطیب تاریخ بغداد اور ضیائے مقدسی صحیح مختارہ میں عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی:

قال ان اول شیئ خلق اللہ القلم فقال لہ اکتب، فقال یارب وما اکتب؟ قال اکتب القدر فجری من ذٰلک الیوم ما ھو کائن الی ان تقوم الساعۃ ثم طوی الکتاب و ارتفع القلم وکان عرشہ علی الماء فارتفع بخار الماء ففتقت منہ السمٰوٰت ثم خلق النون فبسطت الارض علیہ والارض علی ظھر النون فاضطرب النون فمادت الارض فاثبتت بالجبال[1] کما قال تعالٰی "والجبال اوتادا[2]" وقال تعالٰی "والقٰی فی رواسی ان تمید بکم[3]"

فرمایا: اللہ عزوجل نے ان مخلوقات میں سب سے پہلے قلم پیدا کیا اور اس سے قیامت تک کے تمام مقادیر لکھوائے، اور عرشِ الٰہی پانی پر تھا، پانی کے بخارات اُٹھے اُن سے آسمان جُدا جُدا بنائے گئے، پھر مولٰی عزوجل نے مچھلی پیدا کی اس پر زمین بچھائی، زمین پشتِ ماہی پر ہے، مچھلی تڑپی، زمین جھونکے لینے لگی اس پر پہاڑ جما کر بوجھل کر دی گئی۔ جیسا کہ اللہ تعالٰی نے فرمایا: اور پہاڑوں کو میخیں بنایا۔ اور اللہ تعالٰی نے فرمایا: اور اس نے زمین میں لنگر ڈالے کہ کہیں تمھیں لے کر نہ کانپے۔ (ت)

مگر یہ زلزلہ ساری زمین کو تھا۔ خاص خاص مواضع میں زلزلہ آنا دوسری جگہ نہ ہونا، اور جہاں ہونا وہاں بھی شدت وخفت میں مختلف ہونا، اس کا سبب وہ نہیں جو عوام بتاتے ہیں، سببِ حقیقی تو وہی ارادۃ اللہ ہے، اور عالمِ اسباب میں باعث اصلی بندوں کے معاصی۔

ما اصابکم من مصیبۃ فبما کسبت ایدیکم ویعفوا عن کثیر[4]

---

[1] الدر المنثور تحت الآیۃ ۱/ ۶۸ دار احیاء التراث العربی بیروت ۸/ ۲۲۴

[2] القرآن الکریم ۷۸/ ۷

[3] القرآن الکریم ۱۶/ ۱۵

[4] " " ۴۲/ ۳۰

تمھیں جو مصیبت پہنچتی ہے تمھارے ہاتھوں کی کمائیوں کا بدلہ ہے، اور بہت کچھ وُہ معاف فرمادیتا ہے۔(ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۹۵، ۹۶)

(۲) دن رات کی تبدیلی کا سبب گردشِ ارضی ہے یا سماوی ؛ اس سوال کے جواب میں فرمایا ؛

دن رات کی تبدیلی گردشِ ارضی سے ماننا قرآن عظیم کے خلاف اور نصارٰی کا مذہب ہے، اور گردشِ سماوی بھی ہمارے نزدیک باطل ہے، حقیقۃً اس کا سبب گردشِ آفتاب ہے۔ قال اللہ تعالٰے ؛

والشمس تجری لمستقر لھا ذٰلك تقدیر العزیز العلیم[1]

اورسورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لئے، یہ اندازہ ہے زبردست علم والے کا۔(ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۰۲)

(۳) مولوی محمد حسن صاحب سنبھلی کی آٹھ فلسفیانہ اقوال پر مشتمل کتاب "المنطق الجدید لناطق النالہ الحدید" کا ردِّ بلیغ کرنے کے لئے اعلحضرت علیہ الرحمہ نے مستقل کتاب "مقامع الحدید علٰی خد المنطق الجدید" لکھی، اس میں سنبھلی صاحب کے پہلے قول کا رد کرتے ہوئے فرمایا:

**قولِ اوّل** کہ اس میں بالتصریح باری عزّ مجدہٗ کو تدبیر و تصرفِ مادیات سے بے علاقہ مانا ــــ مثلاً بدن انسانی میں جو مُبین متین، ظاہر باہر، زاہر قاہر تدبیریں صبح شام، دن رات ہر وقت عیاں و نہاں ہوتی رہتی ہیں جن کی حکمتوں میں عقولِ مُتوسّطہ انگشت بر دنداں ہیں، یہ سب جلیل و جمیل کام نفسِ ناطقہ کی خوبیاں ہیں، اللہ تعالٰے کو اصلاً ان سے تعلق نہیں، نہ اس کا بندوں کے بدنوں میں کوئی تصرف۔

لا الٰہ الّا اللہ محمد رسول اللہ (اللہ کے بغیر کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔ ت) ــــ استغفر اللہ (میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔ ت) ــــ والعیاذ باللہ (اللہ کی پناہ۔ ت) ــــ ہیہات ہیہات!! اس سے بڑھ کر کون سا کفر ملعون ہوگا ــــ سبحٰنہ وتعالٰی عمّا یقولون علوًّا کبیرًا ۝[2] (اُسے پاکی اور برتری اُن کی باتوں سے بڑی برتری۔ ت)۔

---

[1] القرآن الکریم ۳۶/۳۸

[2] 〃 ۱۷/۴۳

سورۂ یونس و سورۂ رعد و سورۂ الم تنزیل السجدہ کے پہلے رکوع اس نزعہ فلسفیہ کے رد کو بس ہیں ــــ اور سورۂ یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کے رکوع چہارم میں فرماتا ہے:

قل من یرزقکم من السماء والارض امن یملك السمع والابصار ومن یخرج الحی من المیت و یخرج المیت من الحی ومن یدبر الامر فسیقولون اللہ ج فقل افلا تتقون[1]

تو فرما کون تمھیں روزی دیتا ہے آسمان سے (مینہ اتار کر) اور زمین سے (کھیتی اتار کر) یا کون مالک ہے شنوائی اور نگاہوں کا ــــ (کہ مسببات کو اسباب سے ربطِ عادی دیتا ہے۔ اور قرع سے ہوا کو صوت کا حامل کرتا، پھر اُسے اذن حرکت دیتا، پھر اُسے عصبہ مفروشہ تک پہنچاتا، پھر اس کے بچنے کو محض اپنی قدرتِ کاملہ سے ذریعۂ ادراک فرماتا ہے ــ اور اگر وہ نہ چاہے تو صور کی آواز بھی کان تک نہ جائے۔ یونہی جو چیز آنکھ کے سامنے ہو اور موانع و شرائط عادیہ مرتفع و مجتمع ــــ واللہ اعلم اِنَّ ذٰلك بالانطباع او خروج الشعاع، کما قد شاع، اوکیفما شاء (اور اللہ تعالٰی خوب جانتا ہے کہ وہ انطباع کے ساتھ ہو یا شعاع کے نکلنے سے ہو، جیسا کہ مشہور ہے یا جیسے اس نے چاہا۔ ت) اُس وقت ابصار کا حکم دیتا ہے ــــ اور اگر وہ نہ چاہے روشن دن میں بلند پہاڑ نظر نہ آئے) ــــ اور وہ کون ہے جو نکالتا ہے زندے کو مُردے سے (کافر سے مومن، نطفہ سے انسان، انڈے سے پرند) اور نکالتا ہے مردے کو زندے سے (مومن سے کافر، انسان سے نطفہ، پرندے سے انڈا) اور کون تدبیر فرماتا ہے ہر کام کی (آسمان میں اس کے کام، زمین میں اس کے کام ــــ ہر بدن میں اس کے کام کہ غذا پہنچاتا ہے، پھر اسے روکتا ہے، پھر ہضم بخشتا ہے، پھر سہولتِ دفع کو پیاس دیتا ہے۔ پھر پانی پہنچاتا ہے۔ پھر اس کے غلیظ کو رقیق، لزج کو مُنزلق کرتا ہے۔ پھر ثقلِ کیلوس کو امعاء کی طرف پھینکتا ہے۔ پھر ماساریقا کی راہ سے خالص کو جگر میں لے جاتا ہے، وہاں کیموس دیتا ہے۔ تلچھٹ کا سودا، جھاگوں کا صفرا، کچے کا بلغم، پکے کا خون بناتا ہے۔ فُضلہ کو مثانہ کی طرف پھینکتا ہے۔ پھر انھیں بابُ الکَبِد کے راستہ سے عُروق میں بہاتا ہے۔ پھر وہاں سہ بارہ پکاتا ہے۔ بے کار کو پسینہ بنا کر نکالتا ہے۔ عِطر کو بڑی رگوں سے جَدَاول، جَداول سے سَواقی، سواقی سے باریک عُروق، پیچ در پیچ تنگ بر تنگ راہیں چلاتا ہوا، رگوں کے دہانوں سے اعضاء پر انڈیلتا ہے۔ پھر یہ محال نہیں کہ ایک عضو کی غذا دوسرے پر گرے۔ جو جس کے مناسب ہے اسے پہنچاتا ہے۔ پھر اعضاء میں چوتھا طبخ دیتا ہے کہ اس صورت کو چھوڑ کر صورتِ عضویہ لیں ــ اِن حکمتوں سے بقائے شخص کو مَا یَتَحَلَّلُ کا عوض بھیجتا ہے ــــ جو حاجت سے بچتا ہے اُس سے بالیدگی

---

[1] القرآن الکریم ۱۰/ ۳۱

دیتا ہے ـــــ اور وہ اِن طریقوں کا محتاج نہیں، چاہے تو بے غذا ہزار برس جِلائے اور نمائے کام پر پہنچائے۔ پھر جو فضلہ رہا اُسے منی بنا کر صُلب و ترائب میں رکھتا ہے۔ عقد و انعقاد کی قوت دیتا ہے۔ زن و مرد میں تالیف کرتا ہے۔ عورت کو باوجود مشقتِ حمل و صعوبتِ وضع شوق بخشتا ہے۔ حفظِ نوع کا سامان فرماتا ہے۔ رحم کو اذنِ جذب دیتا ہے ـــــ پھر اس کے اِمساک کا حکم کرتا ہے ـــــ پھر اُسے پکا کر خون بناتا ہے ـــــ پھر طبخ دے کر گوشت کا ٹکڑا کرتا ہے ـــــ پھر اس میں کلیاں، کنچھیاں نکالتا ہے ـــــ قسم قسم کی ہڈیاں، ہڈیوں پر گوشت، گوشت پر پوست، سیکڑوں رگیں، ہزاروں عجائب ـــــ پھر جیسی چاہے تصویر بناتا ہے ـــــ پھر اپنی قدرت سے رُوح ڈالتا ہے۔ بے دست و پا کو اِن ظلمتوں میں رزق پہنچاتا ہے۔ پھر قوت آنے کو ایک مدت تک رو کے رہتا ہے ـــــ پھر وقتِ معین پر حرکت و خروج کا حکم دیتا ہے۔ اُس کے لئے راہ آسان فرماتا ہے ـــــ مٹی کی مورت کو پیاری صورت، عقل کا پتلا، چمکتا تارا، چاند کا ٹکڑا کر دکھاتا ہے ـــــ فتبٰرك الله احسن الخالقين[1] (تو بڑی برکت والا ہے اللہ سب سے بہتر بنانے والا۔ت) اور وہ ان باتوں کا محتاج نہیں، چاہے تو کروڑوں انسان پتھر سے نکالے، آسمان سے برسا لے۔

ہاں بتاؤ وہ کون ہے جس کے یہ سب کام ہیں؟ فسيقولون الله[2] فقل افلا تتقون ○
(اب کہا چاہتے ہیں کہ اللہ، تو فرما پھر ڈرتے کیوں نہیں؟)

اٰمنّا بالله وحده[3] (ہم ایک اللہ پر ایمان لائے۔ت) ـــــ آہ! آہ! اے مُتفلسف مسکین! کیوں اب بھی یقین آیا یا نہیں کہ تدبیر و تصرف اسی حکیم علیم کے کام ہیں! جَلَّ جلالُهٗ وعَمَّ نوالُهٗ۔
فبایّ حدیث بعده یؤمنون[4] (پھر اس کے بعد کون سی بات پر ایمان لائیں گے۔ت)۔

فقیر غفر اللہ تعالٰی لہٗ نے اس آیۂ کریمہ کی تفسیر میں یہ دو حرف مختصر بقدرِ ضرورت ذکر کئے، ورنہ روزِ اوّل سے اب تک جو کچھ ہوا اور آج سے قیامت، اور قیامت سے ابدُ الآباد تک جو کچھ ہوگا وہ سب کا سب اِن دو لفظوں کی شرح ہے کہ:

يُدَبِّرُ الامر[5] (وہ تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے۔ت)

سُبحانهٗ ما اَعظمَ شانهٗ (وہ پاک ہے اور کتنی عظیم اس کی شان ہے۔ت)

مسلمان غور کرے کہ یہ عظیم حکیم کام جن کے بحر سے ایک قطرے، اور صحرا سے ایک ذرّے کی طرف ہم نے

---

[1] القرآن الکریم ۲۳/ ۱۴
[2] القرآن الکریم ۱۰/ ۳۱
[3] القرآن کریم ۴۰/ ۸۴
[4] 〃 ۷۷/ ۵۰
[5] 〃 ۱۰/ ۳

اجمالی اشارہ کیا، شبانہ روز انسان کے بدن میں ہوا کرتے ہیں اور لاکھوں کروروں نفوسِ ناطقہ کی زمین کو اُن کی خبر نہیں ہوتی ـــــ ہزاروں میں دو ایک، سالہا سال کے ریاض و تعلیم میں، اُن میں سے اَقَل قلیل پر بقدرِ قُدرت اطلاع پاتے ہیں ـــ اِس پر جو کَل بگڑی بنائے نہیں بنتی ـــــ جو ڈور اُلجھے سُلجھائے نہیں سُلجھے ـــــ پھر کیسا سخت جاہل ہے جو تدبیرِ ابدان نفس کے سر دھرے ـــــ اچھا مُدَبِّر اور اچھے مُعْتَقِدْ!! ـــــ ضعف الطالب والمطلوب[1] (کتنا کمزور چاہنے والا اور وہ جس کو چاہا۔ ت)۔

سُبحٰن اللہ! اگر یہی بات واقعی ہے، اور ہمارے رب تعالٰی کو اِن امور سے اصلاً علاقہ نہیں، جیسا کہ اِس مُتَفَلْسِفْ نے اِدّعا کیا تو وائے جہالت! نفس ہی کو نہ پُوجے جو ایسی قدرتِ قاہرہ رکھتا، اور بہ طورِ خود اپنے بدن کی یہ جلیل تدبیر کیا کرتا ہے ـــــ وربُّنا الرحمٰن المستعان علٰی ما تصفون[2] (اور ہمارے رب رحمان ہی کی مدد درکار ہے ان باتوں پر جو تم بتاتے ہو۔ ت)۔

زید کے اِس قول میں ایک کُفرِ جلی تو یہ ہے ـــــ **ثمّ اقول** (میں پھر کہتا ہوں۔ ت) ناظرِ عارف، مناظرِ منصف آگاہ و واقف کہ سَوقِ عبارت سے خالقیتِ عقول متبادر و منکشف ـــــ اور قائلانِ عقول کا یہ مسلک ہونا اس کا اقویٰ مُشَیِّد و مرصِّف ـــ اگرچہ پائے مکابر لنگ، نہ مجالِ مناقشہ تنگ ـــ اور اگر نہ سہی، تاہم تعادُلِ کِفَّتَیْن میں اشتباہ نہیں ـــ اور نہ بھی مانو تو اِیہامِ شدید سے بچنے کی راہ نہیں ـــ اور ایسی جگہ مجرّد اِیہام بحکمِ شرع ممنوع و حرام، کما سیأتی۔

بہر حال اگر یہی مقصود، تو اس کا کفرِ بواح ہونا خود ایسا بیّن کہ محتاجِ بیان نہیں ـــــ رب تبارک و تعالٰی فرماتا ہے:

هل من خالق غیرُ اللہ۔[3]

کیا کوئی اور بھی خالق ہے خدا کے سوا۔

اور ارشاد فرماتا ہے عزّ و جلّ:

یٰایھا الناس ضرب مثل فاستمعوا له ان الذین تدعون من دون اللہ لن یخلقوا ذباباً ولو اجتمعوا له۔[4]

اے لوگو! ایک کہاوت بیان کی گئی اسے کان لگا کر سنو، بیشک وہ جنھیں تم اللہ کے سوا معبود

---

[1] القرآن الکریم ۲۲/ ۷۳
[2] القرآن کریم ۲۱/ ۱۱۲
[3] " ۳۵/ ۳
[4] " ۲۲/ ۷۳

10 ٹھہراتے ہو ہرگز ایک مکھی نہ بنائیں اگرچہ اس پر ایکا کرلیں۔
اور فرماتا ہے جَلَّتْ عَظْمَتُہٗ:
الا لہ الخلق والامر تبٰرك اللّٰہ رب العٰلمین[1]۔
سُن لو! خاص اُسی کے کام ہیں خلق وتکوین، برکت والا ہے اللہ مالک سارے جہان کا۔
اور فرماتا ہے تعالٰی شانہٗ:
اللّٰہ الذی خلقکم ثم رزقکم ثم یمیتکم ثم یحییکم ھل من شرکائکم من یفعل من ذٰلکم من شیئ سبحٰنہ وتعالٰی عما یشرکون[2]۔
اللہ وہ ہے جس نے تمھیں بنایا، پھر روزی دی، پھر مارے گا، پھر جِلائے گا۔ تمھارے شریکوں میں کوئی ایسا ہے جو اِن کاموں میں سے کچھ کرے؟ پاکی اور برتری ہے اسے ان کے شرک سے۔
اور سورۂ لقمٰن میں افلاک وعناصر وجمادات وحیوانات وآثارِ عَلَوِیّہ ونباتات سب کی طرف اجمالی اشارہ کرکے اِرشاد فرماتا ہے تَقَدَّسَ اسْمُہٗ:
ھٰذا خلق اللّٰہ فارونی ماذا خلق الذین من دونہ بل الظّٰلمون فی ضلٰل مبین[3]۔
یہ تو سب خدا کا بنایا ہوا ہے وہ مجھے دکھاؤ کہ اس کے سوا اوروں نے کیا بنایا، بلکہ ناانصاف لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔
صدق اللّٰہ سبحٰنہٗ ——— یہاں تک کہ اِس امر کا باری عَزَّ اِسْمُہٗ سے خاص ہونا مدارکِ مشرکینِ عَرب میں بھی مرتسم تھا۔ قال جَلَّ ذِکْرُہٗ:
ولئن سألتھم من خلق السمٰوٰت والارض لیقولن اللّٰہ[4]۔
اور بیشک اگر تو اُن سے پُوچھے کہ آسمان وزمین کس نے بنائے، ضرور کہیں گے اللہ نے۔
یہ سخافتِ جلیّہ وخرافاتِ عَلیّہ جس نے انھیں اَمیرُ الحمیر بنایا عُقَلائے فلسفہ کا حصہ تھی قاتلھم اللّٰہ انّٰی یؤفکون[5] (اللہ انھیں مارے کہاں اوندھے جاتے ہیں۔ ت)۔
سَلَّمنا کہ زید کا یہ مطلب نہیں، نہ وُہ عقولِ عشرہ کو خالق بالذّات وموجِدِ مستقل مانے بلکہ انھیں صرف

---

[1] القرآن الکریم ۷/ ۵۴
[2] القرآن الکریم ۳۰/ ۴۰
[3] 〃 ۳۱/ ۱۱
[4] 〃 ۳۱/ ۲۵ و ۳۹/ ۲۸
[5] 〃 ۹/ ۳۰ و ۶۳/ ۴

شرط و واسطہ جاننا، اور باری تعالٰی کی تاثیر و فاعلیت کا مُتمِّم ماننا ہے تو گویا "مثلاً" اسی تنویع کی طرف مُشیر، کہ علاقہ خلق ہو یا وساطت فی الخلق ـــــ اور اِس قدر سے اُسے انکار کی گنجائش نہیں کہ دوسرے رسالہ میں خود اس کا اقرار کیا اور اُسے مذہب مُحقَّق و مشربِ حق قرار دیا ـــــ تو یہ خود کفرِ واضح و ارتدادِ فاضح ہونے میں کیا کم ہے کہ اس میں صراحۃً اُس قادرِ ذوالجلال، غنی مُتعال تبارک و تعالٰی کو خلق و ایجاد میں غیر کافی، اور دُوسری چیز کے توسّط و آلیت کا محتاج ـــــ اور صاف صاف اس قدیر مجید عزّوجل کو فاعلیت میں ناقص، اور عقولِ عشرہ کو اُس کا کامل و تام کرنے والا ماننا ـــــ وَاَیُّ کُفْرٍ اَفْحَشُ مِنْ هٰذَا؟ (اور کون سا کفر اس سے بدتر ہے؟۔ ت) ـــــ یہ ایک کُفر نہیں بلکہ معدنِ کُفر ہے۔

باری کا عجز ایک کفر ـــــ دوسرے کی طرف نیاز دو کفر ـــــ آپ ناقص ہونا تین کفر غیر سے تکمیل پانا چار کفر ـــــ خالق مستقل نہ ہونا پانچ کفر ؎

فکفرٌ فوق کفرٍ فوق کفرٍ ــــ کانّ الکفر من کثرٍ وفرٍ

کماءٍ اٰسنٍ فی نتنِ دفرٍ ــــ تتابعَ قطرہٗ من ثقبِ کفرٍ

(وہ ایک کُفر ہے اوپر کفر کے اوپر کفر کے۔ گویا کہ کفر اس کی کثرت و بہتات سے ہے جیسے گندہ بدبُودار متعفن پانی جس کے قطرے بڑے پہاڑ کے سوراخ سے پے در پے نکل رہے ہیں۔ ت)

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

**ثمّ اقول** (پھر میں کہتا ہوں۔ ت) اِستقصاء کیجئے تو ہنوز تعدد خالق کے لوائح، کلامِ زید سے عَلانیہ لائح ـــــ قولِ وسیط کی تقریر ـــــ اس میں چاند سورج کی تنظیر ـــــ قیدِ "بالذات" کی بار بار تکریر صاف صاف بتا رہی ہے کہ عقول سے صرف خالقیتِ ذاتیہ مُنتفی ماننا ہے ـــــ نہ خالقیتِ مُستفادہ۔ اور اِس قدر واقع و نفسُ الامر میں صدقِ خالق کا منافی نہیں ـــــ یُوں تو علم و سمع و بصر و حیات بلکہ نفس وجود تمام عالم سے منفی اور حضرت حق جل و عُلا سے خاص ـــــ پھر بایں ہمہ اِنّہٗ لذو علم[1] (بیشک وہ صاحبِ علم ہے۔ ت) فجعلنٰہ سمیعًا بصیرًا[2] (ہم نے اسے سُنتا دیکھتا کر دیا۔ ت) و "بل احیاءٌ عند ربھم"[3] (بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں۔ ت) فانما یقول لہٗ

---

[1] القرآن الکریم ۱۲/ ۶۸

[2] القرآن الکریم ۷۶/ ۲

[3] القرآن الکریم ۳/ ۱۶۹

کن فیکون[1] (تو اس سے یہی فرماتا ہے کہ ہوجا تو وہ فوراً ہوجاتی ہے۔ ت) قضایائے حقہ صادقہ ہیں۔ اور حقائق الاشیاء ثابتۃ[2] (اشیاء کی حقیقتیں ثابت ہیں۔ ت)۔

پہلا عقیدہ خود اپنی ہی نظیر میں دیکھے کہ نورِ قمر تابِ آفتاب سے مستفاد ہونا جعل الشمس ضیاء والقمر نورا[3] (اس نے سورج کو جگمگاتا بنایا اور چاند چمکتا۔ ت) کے مخالف نہ ٹھہرا۔

اور لفظ "مجازی" جس طرح "حقیقت" کے مقابل بولتے ہیں، یونہی بہ مقابلۂ ذاتی اطلاق، اور ذاتی کو بہ لفظِ حقیقت خاص کرتے ہیں ـــــ ہماری مِلک مِلکِ مجازی ہے یعنی بہ عطائے الٰہی، نہ اپنی ذات سے، نہ یہ کہ حقیقت و نفس الامر میں باطل ہے۔

قال تعالٰی: فھم لھا مالکون[4] (تو یہ ان کے مالک ہیں۔ ت) وقال تعالٰی: ما ملکت ایمانھم[5] (وہ جس کے مالک ہوئے ان کے دائیں ہاتھ۔ ت)

ولہذا واسئل القریۃ[6] (اور اس بستی سے پوچھ۔ ت) مجاز ہوا کہ علم و سماع و قدرت علی الجواب جو مصحح استفسارِ حقیقی ہیں وہاں مسلوب و معدوم ـــــ اور سلھم ایھم بذلك زعیم[7] (تم ان سے پوچھو ان میں کون سا اس کا ضامن ہے۔ ت) قطعاً حقیقت کہ ثبوت یقینی ـــــ اگرچہ عطائی ہے۔

ہر عاقل جانتا ہے کہ مدارِ حقیقت ثبوت فی الواقع پر ہے ـــــ اور وہ ذاتی و مستفاد دونوں سے عام ـــــ ع

ھٰذا الذی تعرف البطحاء وطأتہ

(یہ وہی ہے جس کے روندنے کو وادیٔ بطحا پہچانتی ہے۔ ت)

اور ـــــ ع

العرب تعرف من انکرت والعجم

(جس کا تو نے انکار کیا اس کو عرب و عجم پہچانتے ہیں۔ ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۱۱۷

[2] شرح العقائد النسفیہ دار الاشاعۃ العربیۃ قندھار افغانستان ص ۸

[3] القرآن الکریم ۱۰/ ۵

[4] القرآن الکریم ۳۶/ ۷۱

[5] ″ ″ ۱۶/ ۷۱

[6] ″ ″ ۱۲/ ۸۲

[7] ″ ″ ۶۸/ ۴۰

میں جو فرقِ استعمال ہے عاقل پر مستور نہیں ـــ ہیہات! اگر حقیقت منوط بہ ذاتیت ہو تو لازم آئے کہ معاذ اللہ خلقِ اشیاء حقیقۃً جناب باری سے مسلوب بلکہ محال ہو اور اس کا اثبات فقط مجازی خیال کہ جب حقیقۃً افاضہ وجود نہ ہوا تو واقع میں کچھ نہ بنا ـــ اعطٰی کل شیئ خلقہ[1] (اس نے ہر چیز کو اس کے لائق صورت دی۔ ت) کیونکر صادق آئے، وقس علٰی ھذا اشنا ئع اُخرٰی (اسی پر دوسری برائیوں کو قیاس کرلو۔ ت)۔

لاجرم ایسی مجازیت صدقِ حقیقی کی نافی، نہ ثبوتِ واقعی کے منافی ـــ تو زید کا یہ بیان علی الاعلان مُنادی کہ عقولِ عشرہ سے صرف خالقیتِ ذاتیہ منفی، ورنہ حقیقۃً وہ خالقِ عالم ہیں۔ جیسے چاند منیرِ زمین اگرچہ خالقیت حق جل وعلا سے مُستعار، جس طرح شمس سے قمر کے انوار۔

قرآن واہلِ قرآن سے پُوچھ دیکھئے کہ یہ عقیدہ اُن کے نزدیک کس درجہ بُطلان پر ہے۔ حاش للہ! نہ اللہ کے سوا کوئی خالق بالذات، نہ ہرگز ہرگز اُس نے منصبِ ایجادِ عالم کسی کو عطا فرمایا کہ قدرت مستفادہ سے خالقیت کیا کرے۔ سبحٰنہ وتعالٰی عما یشرکون[2] (اسے پاکی اور برتری ہے ان کے شرک سے۔ ت)۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۱۳ تا ۱۲۴)

(۴) سنبھلی صاحب کے پانچویں قول کا رَد کرتے ہوئے فرمایا:

**ثانیاً** اور اشد واعظم قباحت لازم کہ اس تقدیر پر قدرتِ الٰہیہ صرف انواعِ موجودہ میں منحصر ہوئی جاتی ہے۔ اور جو نوع نہ بنی اس کے یہ معنٰی کہ حق جلّ وعلا کو اس پر قدرت ہی نہ تھی کہ اگر مقدور ہوتی تو ممکن ہوتی۔ اور طبیعتِ مُطلقہ میں نفسِ امکان مُستلزم فیضان ـــ تو انتفائے لازم انتفائے ملزوم پر دلیلِ جازم۔ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

یہ شناعتِ خبیثہ تو ایسی ہے کہ جس طرح اسلامیوں کے نزدیک کفر، یُونہی شاید فلسفیوں کو بھی مقبول نہ ہو کہ وہ بھی تقاسیمِ کُلی میں کلی معدوم الافراد کو قسیم ممتنع الافراد کی قسم بتاتے ہیں۔ کما صُرِّحَ بہ فی اسفارھم (جیسا کہ ان کی معتمد کتابوں میں اس کی تصریح کی گئی ہے۔ ت)۔

یا للعجب! اگر باقر غافل تھا تو "متبقر" تو عاقل تھا، ولکن صَدَقَ ربُّنا تبارک وتعالٰی (لیکن ہمارے رب تعالٰی نے صدق فرمایا۔ ت):

---

[1] القرآن الکریم ۲۰/ ۵۰

[2] القرآن الکریم ۱۰/ ۱۸ و ۱۶/ ۱ و ۳۰/ ۴۰

انہا لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور[1]۔

آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں۔(ت)

**ثالثًا** تابع ومتبوع کا یہ قول کہ "جانب مبدء میں بخل نہ ہونا مستلزمِ فیضان ہے" اصولِ سنّت سے محض مباین۔ اہلِ سنّت کا ایمان ہے کہ مبدیٔ تبارک وتعالٰے جواد، کریم، اکرم الاکرمین ہے جل جلالہ وتقدس فعالہٗ۔ مگر بایں ہمہ کوئی شے اس پر واجب نہیں مانتے۔

عالم جب نہ بنایا تھا وہ جب بھی جواد تھا، اور اگر کبھی نہ بناتا تاہم جواد ہوتا۔ نہ اِس نہ بنانے سے کوئی عیب اُسے لگتا نہ کوئی نقصان اس کے کمالِ اکمل میں آتا۔ کسی شے کا ایجاد و اِعدام کچھ اس پر ضرور نہیں۔

قال تعالٰے: فعّال لما یرید[2] (تمہارا رب جو چاہے کرے۔ت) وقال تعالٰے: یفعل اللہ ما یشاء[3] ویحکم ما یرید[4] (اور اللہ جو چاہے کرے اور وہ حکم فرماتا ہے جو چاہے۔ت) وقال تعالٰے: لا یسئل عمّا یفعل وھم یسئلون[5] (اس سے نہیں پوچھا جاتا جو وہ کرے اور ان سب سے سوال ہوگا۔ت) وھذا واضح جلیّ عند کل من نوّر اللہ بصیرتہ (اور یہ واضح اور خوب روشن ہے ہر اُس شخص پر جس کی بصیرت کو اللہ تعالٰے نے منوّر فرمایا۔ت) —— ومن لم یجعل اللہ لہٗ نورًا فما لہٗ من نور[6] (اللہ تعالٰے کا فرمان ہے جسے اللہ تعالٰی نور نہ دے اس کے لئے کہیں نور نہیں۔ت)۔

تو یہ استلزام بھی اسی فلسفۂ ملعونہ پر مبنی کہ قادرِ مختار تعالٰی شانہٗ کو فاعلِ موجِب اور ایجادِ عالم کو اس کے کمال کا سبب جانتے ہیں۔ تعالی اللہ عمّا یقول الظّٰلمون علوًّا کبیرا (اللہ تعالٰی اس سے بہت بلند ہے جو ظالم کہتے ہیں۔ت)۔

**رابعًا** متفلسف تابع نے شطرنج میں بغلہ اور طنبور میں ایک نغمہ اور زائد کیا کہ "اگر غیر اَحق صادر اور اَحق غیر صادر ہو تو ترجیح مرجوح لازم آئے گی"۔

سُبحان اللہ! نہ وہاں کوئی اَحق، نہ قادر حمید، فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ پر بھی تمہاری عقول سخیفہ

---

[1] القرآن الکریم ۲۲/ ۴۶
[2] القرآن الکریم ۱۱/ ۱۰۷ و ۸۵/ ۱۶
[3] 〃 ۱۴/ ۲۷
[4] 〃 ۵/ ۱
[5] 〃 ۲۱/ ۲۳
[6] 〃 ۲۴/ ۴۰

حاکم — نہ ہمارے نزدیک اس کے ارادہ کے سوا کوئی مُرَجِّح — اور ہو بھی تو اس پر کچھ اعتراض نہیں۔

قال تعالیٰ: اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ[1] (حکم نہیں مگر اللہ کا۔ ت) — وقال تعالیٰ: واللہ یحکم لا معقب لحکمہ[2] (اور اللہ حکم فرماتا ہے اس کا حکم پیچھے ڈالنے والا کوئی نہیں۔ ت) —

وقال تعالیٰ:

وربك یخلق ما یشاء ویختار ما کان لھم الخیرۃ سبحٰن اللہ وتعالیٰ عما یشرکون[3]

اور تمہارا رب پیدا کرتا ہے جو چاہے اور پسند فرماتا ہے ان کا کچھ اختیار نہیں، پاکی اور برتری ہے اللہ کو ان کے شرک سے۔ (ت)

واضح تر کہوں — حاصلِ مذہبِ اہلِ سُنّت یہ ہے کہ تمام مقدورات اُس جنابِ رفیع کے حضور یکساں ہیں۔ کوئی اپنی ذات سے کچھ استحقاق نہیں رکھتا کہ ایک کو راجح دوسرے کو مرجوح کہیں۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۳۸ تا ۱۴۰)

(۵) اسی سلسلہ میں مزید فرمایا:

شرح عقائد نسفی میں ہے:

لیت شعری ما معنی وجوب الشیٔ علی اللہ تعالیٰ، اذ لیس معناہ استحقاق تارکہ الذم والعقاب وھو ظاھر، ولا لزوم صدورہ عنہ تعالیٰ بحیث لا یتمکن من الترك بناءً علی استلزامہ محالاً من سفہ او جھل او عبث او بخل او نحو ذٰلك — لانہ رفضٌ لقاعدۃ الاختیار، ومیلٌ الی الفلسفۃ الظاھرۃ العوار[4]

کاش میرا علم حاضر ہو، اللہ تعالیٰ پر کسی شَے کے واجب ہونے کا کیا معنیٰ ہے اس لئے کہ یہاں یہ معنیٰ تو ہو نہیں سکتا کہ اس کا تارک ذم وعقاب کا مستحق ہے اور وہ ظاہر ہے۔ اور نہ ہی یہ معنیٰ ہو سکتا ہے کہ اُس واجب کا صدور اللہ تعالیٰ سے لازم ہے بایں طور کہ اس کے ترک پر قادر نہیں

---

[1] القرآن الکریم ۱۲/ ۴۰

[2] 〃 ۱۳/ ۴۱

[3] 〃 ۲۸/ ۶۸

[4] شرح عقائد النسفی دار الاشاعۃ العربیۃ قندھار افغانستان ص ۷۶

اس بنیاد پر یہ محال کو مستلزم ہے یعنی سفہ، جہل، عبث، بخل یا اس کی مثل کوئی اور قباحت لازم آئے گی۔ یہ معنی اس لئے نہیں ہوسکتا کہ اس سے مختار ہونے کے قاعدے کا ٹوٹ جانا اور اس سے فلسفہ کی طرف میلان لازم آتا ہے جس کا عیب ظاہر ہے۔ (ت)

دیکھو اس عبارت میں اس فلسفی کے الزام بخل کا بھی رَدّ ہے وللہ الحجۃ السامیۃ (اور اللہ تعالیٰ ہی کی حجت بلند ہے۔ ت) —— اور یہ سب مطالب کہ علماء نے افادہ فرمائے فرداً فرداً اُن آیات کریمہ سے کہ فقیر نے تلاوت کیں، ثابت۔ اور اگر کچھ نہ ہوتا سوا آیۂ کریمہ "ان اللہ علیٰ کل شیٔ قدیر[1] (بیشک اللہ سب کچھ کرسکتا ہے۔ ت) کے، تو بس تھی، کہ مرجوح بھی ایک شے ہے اور ہر شے مقدور —— اور معنیٰ قدرت نہیں مگر صحتِ فعل و ترک، یعنی کرے یا نہ کرے دونوں یکساں، اور کسی تقدیر پر کچھ حرج و نقصان نہیں۔ طوالع میں ہے :

القادر ھو الذی یَصِحُّ منہ ان یفعل المقدور وان لا یفعل[2] اھ۔

قادر وہ ہے جس سے مقدور کو کرنا اور نہ کرنا دونوں صحیح ہوں اھ۔ (ت)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۷ ص ۱۴۲، ۱۴۳)

(۶) سنبھلی صاحب کے چھٹے قول کی تردید میں فرمایا :

قولِ ششم میں کہ "عقولِ عشرہ کا تمام نقائص و قبائح سے مقدس و مُنزّہ، اور ان کے علم کا تام و محیط باحاطۂ تامہ ہونا نقل کیا، یہاں تک کہ کوئی ذرہ ذراتِ عالم سے اُن پر مخفی رہنا ممکن نہیں"۔ یہ خاص صفت حضرت عالم الغیب والشہادۃ کی ہے جَلَّ وَعَلَا۔ قال تعالیٰ :

وما یعزب عن ربك من مثقال ذرۃ فی الارض ولا فی السماء[3]

نہیں چھپتی تیرے رب سے ذرہ برابر چیز زمین میں اور نہ آسمان میں۔

اور اس کا غیر خدا کے لئے ثابت کرنا قطعاً کفر، العزۃ للہ (عزت اللہ کے لئے ہے۔ ت) اِس عَدَمِ اِمکان کو مسلمان غور کرے کہ کیسا کفر و اشتگاف، اور کتنے صریح نصوصِ قرآنیہ کا خلاف ہے۔ قال تعالیٰ :

---

[1] القرآن الکریم ۲/۲۰ و ۲/۱۰۹ و ۲/۱۴۸

[2] طوالع الانوار من مطالع الانظار

[3] القرآن الکریم ۱۰/۶۱

وما یعلم جنود ربك الّا ھو[1]
کوئی نہیں جانتا تیرے رب کے لشکروں کو اس کے سوا۔
وقال تعالٰی :
الیہ یردّ علم الساعۃ[2]
اسی کی طرف پھیرا جاتا ہے علم قیامت کا۔
وقال تعالٰی :
ویقولون متٰی ھٰذا الوعد ان کنتم صٰدقین ○ قل انّما العلم عند اللہ وانّما انا نذیر مبین ○[3]
کافر کہتے ہیں یہ قیامت کا وعدہ کب ہے اگر تم سچّے ہو۔ تو فرما اس کا علم تو خدا ہی کو ہے، اور میں تو یہی ڈر سنانے والا ہوں صاف صاف۔
وقال تعالٰی :
لا یحیطون بشیٔ من علمہٖ الّا بما شاء[4]
نہیں گھیرتے اس کے علم سے کچھ، مگر جتنا وہ چاہے۔
وقال تعالٰی حکایۃً عن ملٰئکتہٖ :
سبحٰنك لا علم لنا الّا ما علّمتنا انّك انت العلیم الحکیم[5]
پاکی ہے تجھے ہمیں کچھ علم نہیں مگر جتنا تُو نے ہمیں سکھایا، بیشک تُو ہی ہے دانا، حکمت والا۔
سبحان اللہ! متفلسفہ کہتے ہیں کہ "عقولِ عشرہ" ملٰئکہ سے عبارت ہے۔ اگرچہ یہ بات محض غلط کہ جو امور وہ بے عقول اِن دس عقول کے لئے ثابت کرتے ہیں صفاتِ ملائکہ سے اصلاً علاقہ نہیں رکھتے۔ ولا اکذب ممّن کذب بہ القراٰن (اس سے بڑھ کر کوئی جھوٹا نہیں جس کو قرآن نے جھوٹا قرار دیا۔ ت) بلکہ یہ صرف اُن سُفہاء کے اوہام تراشیدہ ہیں جن کی اصل نام کو نہیں۔

---

[1] القرآن الکریم ۷۴/ ۳۱ — [2] القرآن الکریم ۴۱/ ۴۷
[3] 〃 ۶۷/ ۲۵، ۲۶ — [4] 〃 ۲/ ۲۵۵
[5] 〃 ۲/ ۳۲

اِن ھی الّا اسماء سمیتموھا انتم و اٰباء کم ما انزل اللہ بھا من سلطٰن[1]

وہ تو نہیں مگر کچھ نام کہ تم نے اور تمھارے باپ دادوں نے رکھ لئے ہیں، اللہ نے ان کی کوئی سند نہیں اتاری۔ (ت)

تاہم اگر مان لیں، اور یُوں سمجھیں کہ مشرکینِ عرب نے شانِ اَملاک (فرشتے) میں غُلو کے ساتھ تفریط بھی کی کہ اُنھیں عورتیں ٹھہرایا۔ کفارِ یونان نے وُہ اِفراطِ خالص بنایا کہ اوصافِ خَلق سے متعالی بتایا۔ تو اب اس آیۂ کریمہ سے اُن عقول کی حالتِ اِدراک کیجئے۔

کس طرح اِن احمقوں کو جھٹلاتے، اور اپنے مالک کے حضور اپنے عجز و بے علمی کا اقرار لاتے، اور پاکی و قدوسی اُس کے وجہِ کریم کے لئے خاص ٹھہراتے ہیں۔ صدق اللہ تعالیٰ:

سیکفرون بعبادتھم ویکونون علیھم ضدّا[2]

عنقریب وہ ان کی بندگی سے منکر ہوں گے اور ان کے مخالف ہو جائیں گے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۴۴ تا ۱۴۶)

(۷) سنبھلی صاحب کے ساتویں قول کا رَد کرتے ہوئے فرمایا:

**قولِ ہفتم** میں اس کفرِ بَواح کو خوب چمکایا اور رُوئے ریا سے پردۂ حیا اٹھا کر حقِّ مبین و قولِ محققین ٹھہرایا، صاف لکھا کہ:

"عدم زمانی حقیقۃً عدم نہیں جس نے کسی وقت میں خلعتِ وجود پایا یا پائے گا وہ نہ معدوم تھا، نہ معدوم ہو، بلکہ یہ فقط پردہ وحجاب ہیں — پہلے نہ تھا، یعنی پوشیدہ تھا۔ اور اب نہ رہا، یعنی چُھپ گیا۔ ورنہ حقیقۃً وہ واقع ونفسُ الامر میں وجود سے مُنفک نہیں" — انّا للہِ و اِنّا اِلَیۡہِ رَاجعون (بیشک ہم اللہ کے مال ہیں اور ہم کو اسی کی طرف پھرنا ہے۔ ت)۔

اِس قولِ شنیع پر جو شناعاتِ شدیدہ لازم، عَدّ عَدّ سے خارج۔ ولٰکن مالا یُدۡرَکُ کُلّہٗ لایترک کُلّہٗ (لیکن جو چیز مکمل طور پر پائی نہ جا سکتی ہو وہ مکمل طور پر چھوڑی نہ جائے گی۔ ت)۔

**فاقول** وباللہ التوفیق (تو میں کہتا ہُوں اور اللہ تعالٰی ہی کی طرف سے توفیق ہے۔ ت)

**اوّلاً** نصوصِ صریحۂ قرآنیہ کا خلاف، اللہ تبارک وتعالٰی فرماتا ہے:

---

[1] القرآن الکریم ۵۳/ ۲۳

[2] " " ۱۹/ ۸۲

اَوَلَا یذکر الانسان انّا خلقنٰہ من قبل ولم یک شیئاً[1]

کیا آدمی یاد نہیں کرتا کہ ہم نے اسے بنایا اِس سے پہلے، اور وہ کچھ نہ تھا۔

زید مُتَفَلسِف کہتا ہے: تھا کیوں نہیں؟ البتہ پوشیدہ تھا۔ حق جلّ وعلا فرماتا ہے:

وانّہ اہلک عادًا الاولیٰ ۝ وثمودَ فما ابقیٰ[2]

اللہ نے ہلاک کر دیا اگلی قومِ عاد اور ثمود کو، سو ان میں کوئی باقی نہ رکھا۔

زید متفلسف کہتا ہے: باقی کیسے نہیں؟ واقع ونفس الامر میں رُوحیں بدن سے متعلق ہیں ہاں نگاہوں سے چھُپ گئے۔

رب تعالیٰ وتقدس فرماتا ہے:

کل من علیہا فان ۝ ویبقیٰ وجہ ربک ذو الجلال والاکرام[3]

جتنے زمین پر ہیں سب فنا ہونے والے ہیں اور باقی رہے گا تیرے رب کا وجہ کریم عظمت و تکریم والا۔

زید متفلسف کہتا ہے: باقی تو سبھی رہیں گے مگر — اور پردہ میں، اور تو ظاہر۔

اسی طرح صدہا آیات واحادیث ہیں جن سے زنہار زید کو جواب ممکن نہیں، مگر یہ کہ جہاں جہاں قرآن و حدیث میں خلق و ایجاد و ابداع وتکوین واقع ہوئے ہیں، انھیں بمعنی ظہور اور اِمات و اِہلاک و اِفنا و اِعدام کو بمعنی تغییب، اور عدم وفنا وموت و ہلاک کو بمعنی غیبوبت (کہے ع)۔

اور پُرظاہر کہ یہ تاویل نہیں، تبدیل ہے کہ ہرگز لغت وعرف کچھ اس کے مُساعد نہیں — اشقیائے فلاسفہ قرآن عظیم میں یُوں ہی تحریفِ معنوی کرتے ہیں — جنّت کیا ہے؟ — لذّتِ نفسانی نار کیا ہے؟ — اَلَمِ روحانی — تطلع علی الافئدۃ[4] (وہ آگ جو دلوں پر چڑھ جائے گی۔ ت) دیکھا،

---

ع سقط من نسختنا المخطوطۃ ولا بد منہ او من نحوہ ۱۲ محمد احمد

---

[1] القرآن الکریم ۱۹/ ۶۷

[2] 〃 ۵۳/ ۵۰، ۵۱

[3] 〃 ۵۵/ ۲۶، ۲۷

[4] 〃 ۱۰۴/ ۷

فی عمد ممددۃ[1] (لمبے لمبے ستونوں میں اُن پر بند کردی جائے گی ۔ ت) سے کام نہیں ۔ عِیاذاً باللّٰہِ (اللہ تعالٰی کی پناہ ۔ ت)۔

وُہ دن قریب آتا ہے کہ :

یوم یدعون الٰی نار جھنم دعا[2]۔

جس دن جہنم کی طرف دھکا دے کر دھکیلے جائیں گے ۔ (ت)

جہنم میں دھکا دے کر پُوچھا جائے گا :

افسحرٌ ھٰذا ام انتم لا تبصرون[3]۔

کیوں بھلا یہ جادو ہے یا تمھیں سُوجھتا نہیں ؟

اُس وقت اِن تاویلوں کا مزہ آئے گا ۔

فانتظروا انّی معکم من المنتظرین[4]۔

تو راستہ دیکھو میں بھی تمھارے ساتھ دیکھتا ہُوں ۔ (ت)

اور ایک اِنھیں پر کیا ہے ، دُنیا بھر کے بدعتی نصوصِ شرع کے ساتھ یُوں ہی کھیلتے ہیں ۔ خود اصلِ بدعت و منشارِ ضلالت اسی قسم کی تاویلیں ہیں ۔ معتزلہ کہتے ہیں :

والوزن یومئذ الحق[5] تول اس دن حق ہے یعنی جانچ ہوگی ، میزان کچھ نہیں ۔

وجوہ یومئذ ناضرۃ ۝ الٰی ربہا ناظرۃ[6]۔

کچھ منہ اس دن ترو تازہ ہوں گے اپنے رب کی طرف دیکھتے ۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۴۷ تا ۱۴۹)

(۸) اسی سلسلہ میں مزید فرمایا :

**ثالثاً** جو مسلمان بہ شفاعتِ سیّد الشافعین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یا بہ محض رحمتِ ارحم الراحمین

---

[1] القرآن الکریم ۱۰۴/ ۹
[2] " " ۵۲/ ۱۳
[3] " " ۵۲/ ۱۵
[4] " " ۷/ ۷۱ و ۱۰/ ۲۰ و ۱۰۲
[5] " " ۷/ ۸
[6] القرآن الکریم ۷۵/ ۲۲ ، ۲۳

جلّت عظمتہ، جہنّم سے نکل کر جنّت میں جائیں اِس مذہب پر لازم کہ وہ واقع و نفسُ الامر میں جہنّم میں ہوں، اور اس نکلنے کا صرف یہ حاصل کہ اُن کا دوزخ میں ہونا مخفی ہے۔

یُوں ہی ابلیس قبلِ انکارِ سجود جنّت میں تھا۔ قال تعالیٰ:

فاھبط منھا فما یکون لك ان تتکبّر فیھا[1]

اُتر جنّت سے کہ تیرے لئے یہ نہ ہوگا کہ تُو اس میں غرور کرے۔

تو لازم کہ واقع و نفسُ الامر میں وُہ جنت میں ہے اور یہ نکالنا فقط اُس امر کا چُھپا ڈالنا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۵۰)

(۹) مزید فرمایا:

اے مسکین! البتہ یہ شان ہمارے نزدیک علمِ باری عزّ مجدُہٗ کی ہے کہ ازلاً و ابداً تمام کوائن ماضیہ و آتیہ کو محیط، اور زمانہ سے مُنزّہ۔

لایعزب عنه مثقال ذرّۃٍ فی السمٰوٰت ولا فی الارض[2]

اس سے غائب نہیں ذرّہ بھر کوئی چیز آسمانوں میں اور نہ زمین میں۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۵۳)

(۱۰) سنبھلی کی کتاب کے نام کی تغلیط کرتے ہوئے فرمایا:

**فاقول** وبعون اللہ اَجُوْل (چنانچہ میں کہتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کی مدد سے گھومتا ہوں۔ت)
اُس میں باعتبارِ اختلافِ اضافت و توصیفِ لفظ "ناطق" احتمالاتِ عدیدہ پیدا۔ مگر کوئی محذورِ شرعی سے خالی نہیں۔

**برتقدیرِ اضافت** عام ازاں کہ نام میں لام ہو یا من۔ ظاہر و متبادر "ناطق اَلتّالہ الحدید" سے جناب الٰہی ہے تعالیٰ و تقدس — کہ اس کا صریح ترجمہ اَلتّالہ الحدید کہنے والے کا منطقِ جدید — یا — اس کی طرف سے منطق جدید — اور پُر ظاہر کہ اِس کلام کا فرمانے والا کون ہے؛ ہمارا مولٰے تبارک و تعالیٰ۔

اِس تقدیر پر متعدد شناعاتِ شدیدہ لازم:

---

[1] القرآن الکریم ۷/۱۳
[2] 〃 ۳۴/۳

**اوّلاً** مضامینِ کتاب کو حضرتِ عزّت تبارک مجدہٗ کی طرف نسبت کرنا، کہ جنابِ الٰہی جلّ ذکرہٗ پر کُھلا افترا۔ حق عزّ من قائل فرماتا ہے:

ان الذین یفترون علی اللہ الکذب لا یفلحون۔[1]

بیشک جو لوگ اللہ پر جُھوٹ باندھتے ہیں مراد کو نہ پہنچیں گے۔

اور فرماتا ہے:

فمن اظلم ممن افتری علی اللہ کذبا۔[2]

اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر بُہتان اُٹھائے۔

یہاں تک کہ جمہور علماء ایسے شخص کو مطلقاً کافر کہتے ہیں۔ شرحِ فقہِ اکبر میں ہے:

فی الفتاوی الصغری من قال "یعلم اللہ انی فعلت کذا" وکان لم یفعل کفر، ای لانہ کذب علی اللہ۔[3]

فتاوٰی صغریٰ میں ہے جس نے کہا اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں نے یہ کام کیا ہے حالانکہ اس نے وہ کام نہ کیا ہو تو کافر ہو جائے گا، کیونکہ اس نے اللہ تعالےٰ پر جُھوٹ باندھا ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۶۲)

(۱۱) مزید فرمایا:

**ثانیاً** یہود و نصاریٰ سے کامل مشابہت۔ قال تعالیٰ:

فویل للذین یکتبون الکتٰب باید یھم ثمّ یقولون ھذا من عند اللہ لیشتروا بہ ثمناً قلیلاً فویل لھم ممّا کتبت اید یھم وویل لھم ممّا یکسبون۔[4]

سو خرابی ہے اُن کے لئے جو اپنے ہاتھوں کتاب لکھتے ہیں پھر کہتے ہیں یہ اللہ کے پاس سے ہے تاکہ اس کے بدلے تھوڑی قیمت لیں۔ سو خرابی ہے اُنھیں ان کے ہاتھوں کے لکھے سے۔ اور خرابی ہے انھیں اس چیز سے جو کماتے ہیں:

---

[1] القرآن الکریم ۱۰/ ۶۹ و ۱۶/ ۱۱۶

[2] 〃 ۶/ ۱۴۴ و ۷/ ۳۷ و ۱۰/ ۱۷ و ۱۸/ ۱۵

[3] منح الروض الازہر شرح الفقہ الاکبر مسائل متفرقہ دارالبشائر الاسلامیہ بیروت ص ۵۱۱

[4] القرآن الکریم ۲/ ۷۹

نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من تشبّہ بقومٍ فھو منھم ۔ اخرجہ احمد وابوداؤد[1] وابویعلٰی والطّبرانی فی الکبیر عن ابن عمر باسنادٍ حسنٍ ، وعلّقہ خ ۔ واخرجہ الطبرانی فی الاوسط بسندٍ حَسَنٍ عن حُذَیفَۃ رضی اللہ تعالٰی عنھم۔

جو کسی قوم سے مشابہت پیدا کرے وہ انھیں میں سے ہے ۔ ( احمد ، ابوداؤد ، ابویعلٰی اور طبرانی نے معجم کبیر میں اسنادِ حسن کے ساتھ ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے تخریج کی ۔ اور خ نے اس کو بطورِ تعلیق بیان کیا ۔ اور طبرانی نے معجم اوسط میں سندِ حسن کے ساتھ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے تخریج کی ہے ۔ (ت ) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۶۳ ، ۱۶۴)

(۱۲) کتاب " مقامع الحدید " کے خاتمہ میں چند تنبیہات ذکر کرتے ہوئے فرمایا :

**تنبیہ اوّل :** اے عزیز ! آدمی کو اس کی انانیت نے ہلاک کیا ، گناہ کرتا ہے ، اور جب اس سے کہا جائے توبہ کر ، تو اپنی کسرِ شان سمجھتا ہے ۔ عقل رکھتا تو اصرار میں زیادہ ذلت وخواری جانتا ۔

یا ھذا ، ہرگز منصبِ علم کے منافی نہیں کہ حق کی طرف رجوع کیجئے ، بلکہ یہ عین مقتضائے علم ہے اور سخن پروری ہر جہل سے بدتر جہل — وہ بھی کاہے میں ؟ کفریات میں — والعیاذ باللہ (اللہ کی پناہ ۔ت) ۔

یا ھذا ، صغیرہ پر اصرار اُسے کبیرہ کر دیتا ہے — کفریات پر اصرار کس قعرِ نار میں پہنچائے گا ۔

یا ھذا ، تیرا رب ایک شخص کی مذمت کرتا ہے :

واذا قیل لہ اتق اللہ اخذتہ العزّۃ بالاثم فحسبہ جھنم ولبئس المھاد[2] ۔

یعنی جب اس سے کہا جائے خدا سے ڈر ، تو اُسے غرور کے مارے گناہ کی ضد چڑھتی ہے ۔ سو کافی ہے اسے جہنّم ، اور بیشک کیا بُرا ٹھکانا ہے ۔

للہ ! اپنی جان پر رحم کر ، اور اس شخص کا شریکِ حاصل نہ ہو ۔

یا ھذا ، تیرا مالک ایک قوم پر رَد فرماتا ہے :

واذا قیل لھم تعالوا یستغفر لکم رسول اللہ لوّوا رؤسھم ورأیتھم یصدّون

---

[1] سُنن ابی داوٗد کتاب اللباس باب فی لبس الشھرۃ آفتاب عالم پریس لاہور ۲ / ۲۰۳
المعجم الاوسط حدیث ۸۳۲۳ مکتبۃ المعارف ریاض ۹ / ۱۵۱
[2] القرآن الکریم ۲ / ۲۰۶

وھم مستکبرون[1]

جب ان سے کہا جائے آؤ تمھارے لئے بخشش چاہے خدا کا رسول، تو اپنے سر پھیر لیتے ہیں اور تو انھیں دیکھے کہ باز رہتے ہیں تکبّر کرتے ہوئے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۸۶، ۱۸۷)

(۱۳) مزید فرمایا:

عزیزو! احمد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان، حاکم، بیہقی، عبد بن حمید بغوی باسانید صحیحہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی، سیّد عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انّ العبد اذا اخطأ خطیئۃ نکتت فی قلبہ نکتۃ سوداء فان ھو نزع واستغفر وتاب صقل قلبہ، وان عاد زید فیھا حتی تعلو علی قلبہ، وھو الرّان الذی ذکر اللہ تعالٰی: "کلّا بل ران علی قلوبھم ما کانوا یکسبون[2]"

جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک سیاہ دھبّا پڑ جاتا ہے، پس اگر وہ اس سے جُدا ہو گیا اور توبہ استغفار کی تو اس کے دل پر صیقل ہو جاتی ہے۔ اور اگر دوبارہ کیا تو سیاہی بڑھتی ہے یہاں تک کہ اس کے دل پر چڑھ جاتی ہے۔ اور یہی ہے وہ زنگ جس کا اللہ تعالٰی نے ذکر فرمایا کہ: یوں نہیں بلکہ زنگ چڑھا دی ہے اُن کے دلوں پر ان کے گناہوں نے کہ وہ کرتے تھے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۹۱)

(۱۴) حضرت مولانا پروفیسر حاکم علی صاحب نے زمین و آسمان کی حرکت و سکون سے متعلق کچھ تفسیری حوالہ جات پر مشتمل ایک مفصل استفتاء اعلحضرت علیہ الرحمہ کی خدمت میں بھیجا۔ اس کے جواب میں آپ نے آیاتِ قرآنیہ اور ان کی تفاسیر پر مشتمل ایک رسالہ بنام "نزول آیات فرقان بسکون زمین و آسمان" تحریر فرمایا، چونکہ وہ رسالہ مکمل طور پر فوائد و ابحاثِ تفسیریہ پر مشتمل ہے لہٰذا مع استفتاء درج کیا جاتا ہے۔

---

[1] القرآن الکریم ۶۳/۵

[2] کنز العمال برمز حم، ت، ہ، حب، ن، حب عن ابی ہریرہ حدیث ۱۰۱۸۹ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۴/۲۱۰
جامع الترمذی ابواب التفسیر سورۃ ویل للمطففین امین کمپنی دہلی ۲/۱۶۸ و ۱۶۹
موارد الظمآن کتاب التفسیر // حدیث ۱۷۷۰ المکتبۃ السلفیہ ص ۴۳۹
// کتاب التوبۃ باب ماجاء فی الذنوب // ۲۴۴۸ ص ۶۰۷

**مسئلہ** از موتی بازار، لاہور مسئولہ مولوی حاکم علی صاحب ۱۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۹ھ

یاسیّدی اعلیٰحضرت سلمکم اللہ تعالٰی، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

امّا بعد ھذا من تفسیر جلالین (انّ اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا) ای یمنعھما من الزوال[1]، وایضاً (اَوَلم تکونوا اقسمتم) حلفتم (من قبل) فی الدنیا (مالکم من) زائدۃ (زوال) عنھا الی الاٰخرۃ[2]، وایضاً (وان) ما (کان مکرھم) وان عظم (لتزول منہ الجبال) المعنی لایعبأ بہ ولایضر الا انفسھم والمراد بالجبال ھنا قیل حقیقتھا وقیل شرائع الاسلام المشبھۃ بھا فی القرار والثبات وفی قراءۃ بفتح لام لتزول ورفع الفعل فان مخففۃ والمراد تعظیم[ع] مکرھم وقیل المراد بالمکر کفرھم ویناسبہ علی الثانیۃ "تکاد السمٰوٰت یتفطرن منہ وتنشق الارض وتخر الجبال ھدا" وعلی الاول ماقرئ وماکان[3]۔ وسرورِ من وامت برکاتکم واین ست از تفسیر حسینی (انّ اللہ) بدرستیکہ خدائے تعالیٰ (یمسک السمٰوٰت والارض) نگاہ میدارد آسمانہا وزمین را (ان تزولا) برائے آنکہ زائل نہ شوند از اماکن خود چہ ممکن را در حال بقانا چاراست از نگاہ دارندہ آوردہ اند کہ چوں یہود ونصارٰی عزیر وعیسٰی را بفرزندی حق سبحنہ نسبت کردند آسمان وزمین نزدیک بآں رسید کہ شگافتہ گردد حق تعالٰے فرمود کہ من بقدرت نگاہ می دارم ایشاں را تا زوال نیابند یعنی از جائے خود نروند[4] وایضاً

---

ع والمعنی ولان کان مکرھم من الشدۃ بحیث تزول عنھا الجبال تنقطع عن اماکنھا[5] ۱۲ کمالین۔

معنی یہ ہے کہ اُن کا مکر اس قدر شدید ہے کہ اس سے پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں ۱۲ کمالین۔ (ت)

---

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| [1] تفسیر جلالین | تحت الآیۃ ۳۵/ ۴۱ | مطبع مجتبائی دہلی | نصف ثانی | ص ۳۶۵ |
| [2] " | " ۱۴/ ۴۴ | " " | " اول | " ۲۰۸ |
| [3] " | " ۱۴/ ۴۶ | " " | " " | " " |
| [4] تفسیر حسینی | تحت الآیہ ۳۵/ ۴۱ | مطبع محمدی واقع بمبئی انڈیا | | ص ۷۰۵ |
| [5] کمالین علی ہامش جلالین | " ۱۴/ ۴۶ | مطبع مجتبائی دہلی | نصف اول | " ۲۰۸ |

(اولم تکونوا) درجواب ایشاں گویند فرشتگان آیا نبود دید شما کہ از روئے مبالغہ (اقسمتم من قبل) سوگندمے خوردید پیش ازیں در دنیا کہ شما پاینده و خوابیده بودید (مالکم من زوال) نباشد شمارا ہیچ زوالے مراد آنست کہ می گفتند کہ ما در دنیا خواہیم بود و لبسرائے دیگر نقل نخواہیم نمود[1]، وایضاً (و ان کان مکرھم) و بدرستیکہ بود مکر ایشاں در سختی و ہول ساختہ و پرداختہ (لتزول) تا از جائے برود (منہ الجبال[2]) ازاں مکر کوہ ہا۔

بعدازیں یہ تفسیر جلالین کی عبارت ہے (بیشک اللہ تعالیٰ روکے ہوئے ہے آسمانوں اور زمین کو کہ جنبش نہ کریں) یعنی ان کو زوال سے روکے ہوئے ہے۔ یہ بھی اسی میں ہے (تو کیا تم پہلے قسم نہ کھا چکے تھے) دنیا میں (نہیں ہے تمھیں) من زائدہ ہے (ہٹ کے کہیں جانا) دنیا سے آخرت کی طرف۔ اور یہ بھی اسی میں ہے (اور نہیں ہے ان کا مکر) اگرچہ بہت بڑا ہے (کہ اس سے پہاڑ ٹل جائیں) معنیٰ یہ ہے کہ اس کا کوئی اعتبار نہیں اور ان کا نقصان خود انہی کو ہے۔ اور یہاں پہاڑوں سے مراد ایک قول کے مطابق حقیقتاً خود پہاڑ ہیں، اور ایک قول کے مطابق احکامِ شرع ہیں جن کو قرار و ثبات میں پہاڑوں کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ اور جس قراءۃ میں لتزول کا لام مفتوح اور فعل مرفوع ہے اُس قراءۃ میں اِنْ مخففہ ہوگا اور مراد ان کے مکر کی بڑائی۔ اور کہا گیا ہے کہ مکر سے مراد ان کا کفر ہے۔ اور قراءۃِ ثانیہ کی صورت میں اس قول کی تائید قرآن مجید کی یہ آیت کریمہ کرتی ہے (قریب ہے کہ آسمان اس سے پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ گر جائیں ڈھہ کر) اور اول کی صورت میں جو پڑھا گیا ہے وما کان یعنی نہیں تھا (اُن کا مکر)، اور میرے سردار! آپ کی برکتیں ہمیشہ رہیں، یہ ہے تفسیر حسینی کی عبارت (انّ اللہ) بیشک اللہ تعالیٰ (یمسک السمٰوٰت والارض) محفوظ رکھتا ہے آسمانوں اور زمین کو (ان تزولا) اس واسطے کہ اپنی جگہوں سے زائل نہ ہو جائیں کیونکہ ممکن کے لئے حالتِ بقاء میں کسی محافظ کا ہونا ضروری ہے۔ منقول ہے کہ جب یہود و نصاریٰ نے حضرت عزیر اور حضرت عیسٰے علیہما السلام کو اللہ تعالےٰ کا بیٹا قرار دیا تو آسمان و زمین پھٹنے کے قریب ہو گئے، اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ میں اپنی قدرت کے ساتھ ان کو محفوظ رکھتا ہوں تاکہ یہ زوال نہ پائیں یعنی اپنی جگہ سے ہٹ نہ جائیں۔ اُسی میں ہے (اولم تکونوا اقسمتم من قبل) ان کے جواب میں فرشتے بطورِ مبالغہ کہیں گے کہ کیا تم نے اس سے پہلے دنیا میں قسمیں نہیں کھائی تھیں کہ تم دنیا میں ہمیشہ رہو گے

---

[1] تفسیر حسینی قادری تحت آیۃ ۱۴/۴۴ مطبع محمدی واقع بمبئی انڈیا ص ۴۱۹

[2] " " " ۱۴/۴۶ " " " "

11/11

(مالکم من زوال) تمہارے لئے کوئی زوال نہیں ہوگا۔ مراد یہ ہے کہ وہ کہتے تھے کہ ہم دنیا میں ہمیشہ رہیں گے اور دوسرے جہان میں منتقل نہیں ہوں گے۔ اور اسی میں ہے (وان کان مکرھم) یقیناً ان کا مکر سختی و ہولناکی میں اس حد تک بڑھا ہوا تھا کہ (لتزول منه الجبال) اس کی وجہ سے پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جاتے۔ (ت)

اے محبوب و محبِ فقیر ایدکم اللہ تعالیٰ فی کل حال (اللہ تعالیٰ ہر حال میں آپ کی مدد فرمائے۔ ت) جب کافروں کے زوال کا معنیٰ ان کا اس دنیا سے دار الآخرۃ میں جانا مسلّم ہوا تو معاملہ صاف ہوگیا کیونکہ کافر زمین پر پھرتے چلتے ہیں، اس پھرنے چلنے کا نام زوال نہ ہوا کہ یہ اُن کا چلنا پھرنا اپنے اماکن میں ہے کہ جہاں تک اللہ تعالیٰ نے ان کو حرکت کرنے کا امکان دیا ہے وہاں تک ان کا حرکت کرنا ان کا زوال نہ ہوا، یہی حال پہاڑوں کا ہوا کہ ان کا اپنے اماکن سے زائل ہوجانا ان کا زوال ہوا۔ جب یہ حال ہے تو زمین کا بھی اپنے اماکن سے زائل ہوجانا اس کا زوال ہوگا اور اپنے اماکن میں اس کا حرکت کرنا زوال نہیں ہوسکتا، شکر ہے اس پروردگار کا کہ کسی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جھگڑا نہ ہوا اور میری مشکل بھی از بارگاہِ حل المشکلات حل ہوگئی ببرکۃ کلامِ کریم:

ومن یتق اللہ یجعل له مخرجا ویرزقه من حیث لا یحتسب[1]۔

اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کے لئے نجات کی راہ نکال دے گا اور وہ اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں اس کا گمان نہ ہوگا۔ (ت)

اور یہ اس طرح ہوا کہ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آسمان کے سکون فی مکان کی تصریح فرمادی مگر زمین کے بارے میں ایسا نہ فرمایا یعنی آسمان کی تصریح کی طرح تصریح نہ فرمائی یعنی خاموشی فرمائی۔ قربان جاؤں احسن الخالقین تبارک وتعالیٰ کے اور باعثِ خلقِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اور حضرت معلم التحیات رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کہ سائنس کی سرکوبی کے لئے زمین کے زوال اس کے اماکن کے معنےٰ آپ کے اس تابعدار مجاہدِ کبیر پر عیاں فرمائے کہ زمین کے زوال نہ کرنے کے یہ معنی ہیں کہ جن اماکن میں اللہ تعالیٰ نے اس کو امساک کیا ہے اس سے یہ باہر نہیں سرک سکتی مگر ان اماکن میں اس کو حرکتِ امر کردہ شدہ عطا فرمائی ہوئی ہے جیسے کہ اس پر کافر چلتے پھرتے ہیں اور یہ اُن کا زوال نہیں ہے۔ اسی طرح سے اپنے مدار میں اور سورج کی ہمراہی میں امساک کردہ شدہ ہے اور

---

[1] القرآن الکریم ۶۵/ ۲، ۳

جاذبہ اور رفتار کیا ہے صرف اللہ پاک کے امساک کا ایک ظہور ہے اور کچھ نہیں، اب چاہیں تو جاذبہ اور رفتار دونوں کو معدوم کردیں اور ہر چیز کو اس کے حیّز میں ساکن فرمادیں اس سے زائل نہیں ہوسکتی جیسے کہ سورج والشمس تجری لمستقر لها[1] (اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لئے۔ ت) کی رُو سے اپنے مجرے میں امساک میں امساک کیا گیا ہُوا ہے اور اپنے مجرے میں چل رہا ہے مگر اس کے اس چلنے کا نام زوال نہیں بلکہ جریان ہے، تو زمین کا بھی اپنے مدار میں اور سورج کی ہمراہی میں چلنا اس کا جریان ہے نہ کہ زوال۔

ذٰلك فضل الله يؤتيه من يشاء[2]، فالحمد لله رب العٰلمين والشكر والمنّة۔

یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے، اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا، اور اس کا شکر اور احسان ہے۔ (ت)

غریب نواز! کرم فرماکر میرے ساتھ متفق ہوجاؤ تو پھر ان شاء اللہ تعالٰی سائنس کو اور سائنسدانوں کو مسلمان کیا ہوا ہاں الم نجعل الارض مهادًا[3] (کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہ کیا۔ ت) کے بجائے الذی جعل لكم الارض مهدًا[4] الخ (وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا کیا۔ ت) درج فرمادیں دیباچہ میں۔ سب کو سلام مسنون قبول ہو۔

## الجواب

بسم الله الرحمٰن الرحيم

الحمد لله الذی بامره قامت السماء والارض والصلٰوة والسلام علٰی شفيع يوم العرض وٰاله وصحبه وابنه وحزبه اجمعين، اٰمين!

تمام تعریفیں اللہ تعالٰی کے لئے ہیں جس کے حکم سے آسمان و زمین قائم ہیں، اور درود و سلام ہو روزِ قیامت شفاعت کرنے والے پر اور ان کی آل، اصحاب، اولاد اور تمام امت پر، آمین۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۳۶/ ۳۸
[2] " " ۵۷/ ۲۱
[3] " " ۷۸/ ۶
[4] " " ۲۰/ ۵۳ و ۴۳/ ۱۰

مجاہدِ کبیر، مخلص فقیر، حق طلب حق پذیر سلمہ اللہ القدیر! وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ دسواں دن ہے آپ کی رجسٹری آئی میری ضروری کتاب کہ طبع ہو رہی ہے اس کی اصل کے صفحہ ۸۰۰ تک کاتب لکھ چکے اور ۱۰۹۰ کے بعد سے مجھے تقریباً چالیس صفحات کے قدر مضامین بڑھانے کی ضرورت محسوس ہوئی، یہ مباحث جلیلہ دقیقہ پر مشتمل تھی، میں نے ان کی تکمیل مقدم جانی کہ طبع جاری ہے، اُدھر طبیعت کی حالت آپ خود ملاحظہ فرماگئے ہیں وہی کیفیت اب تک ہے، اب بھی چار آدمی کرسی پر بٹھا کر مسجد کو لے جاتے لاتے ہیں، ان اوراق کی تحریر اور اُن مباحث جلیلہ غامضہ کی تنقیح وتقریر سے بحمدہٖ تعالٰی رات فارغ ہوا اور آپ کی محبت پر اطمینان تھا کہ اس ضروری دینی کام کی تقدیم کو ناگوار نہ رکھیں گے۔

آپ نے اپنا لقب مجاہدِ کبیر رکھا ہے مگر میں تو اپنے تجربے سے آپ کو مجاہدِ اکبر کہہ سکتا ہوں۔ حضرت مولانا اسد اللہ الاسد الاشد مولوی محمد وصی احمد صاحب محدث سورتی رحمۃ اللہ علیہ کا لہجہ جلد سے جلد حق قبول کرلینے والا میں نے آپ کے برابر نہ دیکھا اپنے جمے ہوئے خیال سے فوراً حق کی طرف رجوع لے آنا جس کا میں بارہا آپ سے تجربہ کرچکا نفس سے جہاد ہے اور نفس سے جہاد جہادِ اکبر ہے تو آپ اس میں مجاہدِ اکبر ہیں بارك الله تعالٰی وتقبل آمین! امید ہے کہ بعونہٖ تعالٰی اس مسئلہ میں بھی آپ ایسا ہی جلد از جلد قبولِ حق فرمائیں گے کہ باطل پر ایک آن کے لئے بھی اصرار میں نے آپ سے نہ دیکھا وللہ الحمد۔

اسلامی مسئلہ یہ ہے کہ زمین وآسمان دونوں ساکن ہیں کواکب چل رہے ہیں کل فی فلك یسبحون[1] ہر ایک ایک فلک میں تیرتا ہے، جیسے پانی میں مچھلی۔ اللہ عزوجل کا ارشاد آپ کے پیشِ نظر ہے:

ان اللہ یمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا ۵ ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہ انہ کان حلیما غفورا[2] ۵

بیشک اللہ آسمان وزمین کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے نہ پائیں اور اگر وہ سرکیں تو اللہ کے سوا انھیں کون روکے، بے شک وہ حلم والا بخشنے والا ہے۔ (ت)

میں یہاں اوّلاً اجمالاً چند حرف گزارش کروں کہ ان شاء اللہ تعالٰی آپ کی حق پسندی کو وہی کافی ہوں، پھر قدرے تفصیل۔

---

[1] القرآن الکریم ۳۶/ ۴۰

[2] " ۳۵/ ۴۱

**اجمال** یہ کہ افقہ الصحابہ بعد الخلفاء الاربعہ سیدنا عبداللہ بن مسعود وصاحب سرِ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم وحضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالےٰ عنہم نے اس آیۂ کریمہ سے مطلق حرکت کی نفی مانی، یہاں تک کہ اپنی جگہ قائم رہ کر محور پر گھومنے کو بھی زوال بتایا (دیکھئے نمبر ۲)

حضرت امام ابومالک تابعی ثقہ جلیل تلمیذ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے زوال کو مطلق حرکت سے تفسیر کیا۔ (دیکھئے آخر نمبر ۲)

ان حضرات سے زائد عربی زبان ومعانیِ قرآن سمجھنے والا کون!

علامہ نظام الدین حسن نیشاپوری نے تفسیر رغائب الفرقان میں اس آیۂ کریمہ کی تفسیر فرمائی:

(ان تزولا) کراھۃ زوالھما عن مقرھما ومرکزھما۔[1]

یعنی اللہ تعالیٰ آسمان وزمین کو روکے ہوئے ہے کہ کہیں اپنے مقر ومرکز سے ہٹ نہ جائیں۔

مقر ہی کافی تھا کہ جائے قرار وآرام ہے، قرار سکون ہے منافیِ حرکت۔ قاموس میں آتا ہے: قرسکن۔[2] مگر انھوں نے اس پر اکتفا نہ کیا بلکہ اس کا عطف تفسیری مرکزھما زائد کیا مرکز جائے رکز۔ رکز گاڑنا، جمانا۔ یعنی آسمان وزمین جہاں جمے ہوئے گڑے ہوئے ہیں وہاں سے نہ سرکیں۔ نیز غرائب القرآن میں زیرِ قولہ تعالےٰ:

الذی جعل لکم الارض فراشا (اور جس نے تمھارے لئے زمین کو بچھونا بنایا ت)

فرمایا:

لایتم الافتراش علیھا مالم تکن ساکنۃ، ویکفی فی ذٰلک ما اعطاھا خالقھا ورکز فیھا من المیل الطبیعی الی الوسط الحقیقی بقدرتہ واختیارہ "ان اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا"۔[3]

زمین کو بچھونا بنانا اس وقت تک تام نہیں ہوتا جب تک وہ ساکن نہ ہو۔ اور اس میں کافی ہے وہ جو اللہ تعالےٰ نے اپنی قدرت واختیار کے ساتھ اس میں وسط حقیقی کی طرف میل طبعی مرتکز فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: بیشک اللہ تعالےٰ آسمانوں اور زمینوں کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے

---

[1] غرائب القرآن (تفسیر نیشاپوری) تحت الآیۃ ۳۵/ ۴۱ مصطفی البابی مصر ۲۲/ ۸۴

[2] القاموس المحیط باب الراء فصل القاف " " " ۲/ ۱۱۹

[3] غرائب القرآن (تفسیر نیشاپوری) تحت الآیۃ ۲/ ۲۲ " " " ۱/ ۱۹۲، ۱۹۳

نہ پائیں ۔(ت)

اِسی آیت کے نیچے تفسیر کبیر امام فخرالدین رازی میں ہے :

اعلم ان کون الارض فراشا مشروط بکونها ساکنة ، فالارض غیر متحرکة لا بالاستدارة ولا بالاستقامة ، وسکون الارض لیس الا من الله تعالٰی بقدرته واختیاره ولهذا قال الله تعالٰی ان الله یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا[1] اھ ملتقطا۔

جان لے کہ زمین کا بچھونا ہونا اس کے ساکن ہونے کے ساتھ مشروط ہے ۔ لہذا زمین نہ تو حرکت مستدیرہ کے ساتھ متحرک ہے اور نہ ہی حرکت مستقیمہ کے ساتھ ۔ اور زمین کا ساکن ہونا محض اللہ تعالٰے کی قدرت واختیار سے ہے جیساکہ اللہ تعالٰے نے فرمایا : بیشک اللہ تعالٰے آسمانوں اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے نہ پائیں اھ التقاط (ت)

قرآن عظیم کے وہی معنی لینے ہیں جو صحابہ وتابعین ومفسرین معتمدین نے لئے ان سب کے خلاف وہ معنی لینا جن کا پتا نصرانی سائنس میں ملے مسلمان کو کیسے حلال ہوسکتا ہے ۔ قرآن کریم کی تفسیر بالرائے اشد کبیرہ ہے جس پر حکم ہے :

فلیتبوأ مقعده من النار[2]۔

وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے ۔

یہ تو اُس سے بھی بڑھ کر ہوگا کہ قرآن مجید کی تفسیر اپنی رائے سے بھی نہیں بلکہ رائے نصارٰی کے موافق والعیاذ باللہ ، یہ حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالٰے عنہما وہ صحابی جلیل القدر ہیں جن کو رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے اسرار سکھائے ان کا لقب ہی صاحب سِرِّ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم ہے امیر المومنین فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالٰے عنہ اُن سے اسرارِ حضور کی باتیں پُوچھتے ، اور عبداللہ تو عبداللہ ہیں ، رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ یہ جو فرمائیں اسے مضبوط تھامو تمسکوا بعهد ابن مسعود[3] (ابن مسعود کے فرمان کو مضبوطی سے تھامو ۔ ت) ، اور ایک حدیث میں ارشاد ہے :

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۲/ ۲۲ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۲/ ۹۴ و ۹۵

[2] جامع الترمذی ابواب التفسیر باب ماجاء فی الذی یفسر القرآن برایہ امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۱۹

[3] جامع الترمذی باب المناقب مناقب عبداللہ بن مسعود ؍؍ ؍؍ ؍؍ ۲/ ۲۲۱

حلیۃ الاولیاء ترجمہ ۲۱ عبداللہ بن مسعود حدیث ۳۹۲ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱/ ۱۷۶

رضیت لامتی ما رضی لها ابن ام عبد وکرهت لامتی ما کرہ لها ابن ام عبد[1]۔
میں نے اپنی امت کے لئے پسند فرمایا جو اس کے لئے عبداللہ ابن مسعود پسند کریں اور میں نے اپنی امت کے لئے ناپسند رکھا جو اس کے لئے ابن مسعود ناپسند رکھیں۔

اور خود ان کے علمِ قرآن کو اس درجہ ترجیح بخشی کہ ارشاد فرمایا:

استقرأوا القراٰن من اربعۃ من عبد اللہ ابن مسعود[2] الحدیث۔

قرآن چار شخصوں سے پڑھو۔ سب میں پہلے عبداللہ ابن مسعود کا نام لیا۔

یہ حدیث صحیح بخاری و صحیح مسلم میں بروایت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما حضرت اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے ہے۔

اور عجائب نعمائے الٰہیہ سے یہ کہ آیۂ کریمہ ان تزولا کی یہ تفسیر اور یہ کہ محور پر حرکت بھی موجب زوال ہے چہ جائے حرکت علی المدار۔ ہم نے دو صحابی جلیل القدر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کی، دونوں کی نسبت حضورِ انور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ یہ جو بات تم سے بیان کریں اس کی تصدیق کرو۔ دونوں حدیثیں جامع ترمذی شریف کی ہیں۔ اوّل:

ماحدثکم ابن مسعود فصدقوہ[3]۔

جو بات تم سے ابن مسعود بیان کرے اس کی تصدیق کرو۔ (ت)

دوم:

ماحدثکم حذیفۃ فصدقوہ[4]۔

جو بات تم سے حذیفہ بیان کرے اس کی تصدیق کرو۔ (ت)

اب یہ تفسیر ان دونوں حضرات کی نہیں بلکہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اسے مانو

---

[1] مجمع الزوائد کتاب المناقب باب ما جاء فی عبداللہ بن مسعود دارالکتاب العربی بیروت ۹/ ۲۹۰
[2] صحیح البخاری " " " قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۵۳۱
صحیح مسلم کتاب الفضائل فضائل " " " ۲/ ۲۹۳
[3] جامع الترمذی ابواب المناقب مناقب عمار بن یاسر امین کمپنی دہلی ۲/ ۲۲۱
مسند احمد بن حنبل حدیث حذیفہ بن الیمان المکتب الاسلامی بیروت ۵/ ۳۸۵، ۴۰۲
[4] جامع الترمذی ابواب المناقب النبی صلی اللہ علیہ وسلم مناقب حذیفہ ابن الیمان امین کمپنی دہلی ۲/ ۲۲۲

اس کی تصدیق کرو، والحمد للہ رب العلمین، ہمارے معنی کی تو یہ عظمت شان ہے کہ مفسرین سے ثابت، تابعین سے ثابت، اجلہ صحابہ کرام سے ثابت، خود حضور سید الانام علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام سے اُس کی تصدیق کا حکم۔

اور عنقریب ہم بفضل اللہ تعالیٰ اور بہت **آیات** اور صدہا **احادیث اور اجماع اُمت** اور خود اقرار مجاہد کبیر سے اس معنیٰ کی حقیقت اور زمین کا سکون مطلق ثابت کریں گے و باللہ التوفیق۔

آپ نے جو معنیٰ لئے کیا کسی صحابی، کسی تابعی، کسی امام، کسی تفسیر، یا جانے دیجئے چھوٹی سے چھوٹی کسی اسلامی عام کتاب میں دکھا سکتے ہیں کہ آیت کے معنی یہ ہیں کہ زمین گرد آفتاب دورہ کرتی ہے اللہ تعالیٰ اسے صرف اتنا روکے ہوئے ہے کہ اس مدار سے باہر نہ جائے لیکن اس پر اسے حرکت کرنے کا امر فرمایا ہے۔

حاش للہ! ہرگز کسی اسلامی رسالہ، پرچے، رقعہ سے اس کا پتا نہیں دے سکتے سوا سائنس نصاریٰ کے۔ آگے آپ انصاف کرلیں کہ معنیٔ قرآن وہ لئے جائیں یا یہ۔ مجا مخلصا! وہ کون سانص ہے جس میں کوئی تاویل نہیں گھڑ سکتے یہاں تک کہ قادیانی کافر نے وخاتم النبیین میں تاویل گھڑدی کہ رسالت کی افضلیت اُن پر ختم ہوگئی اُن جیسا کوئی رسول نہیں[۱]۔ نانوتوی نے گھڑدی کہ وہ نبی بالذات اور سوائے آپ کے اور نبی بالعرض، اور موصوف بالعرض کا قصہ موصوف بالذات پر ختم ہو جاتا ہے[۲] ان کے بعد بھی اگر کوئی نبی ہو تو ختم نبوت کے خلاف نہیں حتی کہ یوں ہی کوئی مشرک لا الٰہ الا اللہ میں تاویل کر سکتا ہے کہ اعلیٰ میں حصر ہے یعنی اللہ کے برابر کوئی خدا نہیں اگرچہ اس سے چھوٹے بہت سے ہوں، جیسے حدیث شریف میں ہے:

لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار[۳]۔

نہیں ہے کوئی جوان مگر علی (کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم) اور نہیں ہے کوئی تلوار مگر ذوالفقار۔ (ت)

دوسری حدیث:

لا وجع الا وجع العین ولا ھم الا ھم الدین[۴]۔

---

[۱]

[۲] تحذیر الناس — کتب خانہ رحیمیہ سہارن پور انڈیا — ص ۴

[۳] الاسرار المرفوعہ — حدیث ۱۰۶۰ — دار الکتب العلمیہ بیروت — ص ۲۶۵

[۴] الدرر المنتثرۃ فی الاحادیث المشتہرہ — حرف لا — حدیث ۴۴۹ — المکتب الاسلامی بیروت — ص ۱۸۷

درد نہیں مگر آنکھ کا درد، اور پریشانی نہیں مگر قرض کی پریشانی۔

ایسی تاویلوں پر خوش نہ ہونا چاہئے بلکہ جو تفسیر ماثور ہے اس کے حضور سر رکھ دیا جائے اور جو مسئلہ تمام مسلمانوں میں مشہور و مقبول ہے مسلمان اُسی پر اعتقاد لائے۔

محبی مخلصی! اللہ عزوجل نے آپ کو پکا مستقل سُنّی کیا ہے آپ جانتے ہیں کہ اب سے پہلے رافضی جو مرتد نہ تھے کاہے سے رافضی ہوئے، کیا اللہ یا قرآن یا رسول یا قیامت وغیرہا ضروریاتِ دین سے کسی کے منکر تھے؟ ہرگز نہیں، انھیں اسی نے رافضی کیا کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی عظمت نہ کی۔

محبا! دل کو صحابہ کی عظمت سے مملو کرلینا فرض ہے انھوں نے قرآن کریم صاحبِ قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پڑھا حضور سے اس کے معانی سیکھے اُن کے ارشاد کے آگے اپنی فہم ناقص کی وہ نسبت سمجھنی بھی ظلم ہے جو ایک علامہ متبحر کے حضور کسی جاہل گنوار بے تمیز کو۔

محبا! صحابہ اور خصوصًا حذیفہ و عبداللہ ابن مسعود جیسے صحابہ کی یہ کیا عظمت ہوئی اگر ہم خیال کریں کہ جو معنیٰ قرآن عظیم اُنھوں نے سمجھے غلط ہیں ہم جو سمجھے وہ صحیح ہیں۔ میں آپ کو اللہ عزوجل کی پناہ میں دیتا ہوں اس سے کہ آپ کے دل میں ایسا خطرہ بھی گزرے۔

فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الرٰحمین[1]۔

تو اللہ تعالیٰ سب سے بہتر نگہبان ہے اور وہ ہر مہربان سے بڑھ کر مہربان ہے۔ (ت)

میں امیدِ واثق رکھتا ہوں کہ اسی قدر اجمالِ جمیل آپ کے انصافِ جزیل کو بس۔ اب قدرے تفصیل بھی عرض کروں:

(ا) زوال کے اصلی معنیٰ سرکنا، ہٹنا، جانا، حرکت کرنا، بدلنا ہیں۔

قاموس میں ہے:

الزوال الذھاب والاستحالۃ[2]

زوال کا معنیٰ ہے جانا اور ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہونا۔ (ت)

اُسی میں ہے:

کل ما تحول فقد حال واستحال[3]

---

[1] القرآن الکریم ۱۲/ ۶۴
[2] القاموس المحیط فصل الزاء باب اللام تحت لفظ "الزوال" مصطفی البابی مصر ۳/ ۴۰۲
[3] 〃 فصل الحاء 〃 〃 الحول 〃 〃 ۳/ ۳۷۴

ہر وہ جس نے جگہ بدلی تو بیشک اس نے حال بدلا اور ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہوا۔(ت)

ایک نسخہ میں ہے:

کل ما تحرك او تغير[1]

ہر وہ جس نے حرکت کی یا تبدیل ہوا۔(ت)

یوں ہی عباب میں ہے:

تحول او تحرك[2] (بدلا یا حرکت کی۔ت)

تاج العروس میں ہے:

(ازال اللہ تعالٰی زوالہ) ای اذھب اللہ حرکتہ وزال زوالہ ای ذھبت حرکتہ[3]

اللہ تعالٰی نے اس کے زوال کا ازالہ فرمایا یعنی اس کی حرکت کو ختم فرمادیا۔ اور اس کا زوال زائل ہوا یعنی اس کی حرکت ختم ہوگئی۔(ت)

نہایہ ابن اثیر میں ہے:

فی حدیث جندب الجھنی "واللہ لقد خالطہ سھمی ولوکان زائلۃ لتحرك" الزائلۃ کل شیئ من الحیوان یزول عن مکانہ ولایستقر، وکان ھذا المرمی قد سکن نفسہ لایتحرك لئلا یحس بہ فیجھز علیہ[4]

کہتے ہیں جو اپنی جگہ سے ہٹ جائے اور قرار نہ پکڑے۔ جس کو تیر لگا تھا اس نے اپنے آپ کو حرکت سے روک لیا تاکہ اس کے بارے میں پتا نہ چل سکے اور اس کو ہلاک نہ کر دیا جائے(ت)

(ا) دیکھو زوال بمعنی حرکت ہے اور قرآن عظیم نے آسمان و زمین سے اس کی نفی فرمائی تو حرکتِ زمین و حرکتِ آسمان دونوں باطل ہوئیں۔

(ب) "زوال" جانا اور بدلنا ہے، حرکتِ محوری میں بدلنا ہے اور مدار پر حرکت میں جانا بھی، تو دونوں کی نفی ہوئی۔

(ج) نیز نہایہ و دُرِ منثور امام جلال الدین سیوطی میں ہے:

---

[1] تاج العروس فصل الحاء من باب اللام تحت لفظ "الحول" داراحیاء التراث العربی بیروت ۷/ ۲۹۴

[2] " " بحوالہ العباب " " " " " " " " " " " "

[3] " فصل الزاء " " " " " " " " ۷/ ۳۶۲

[4] النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر باب الزاء مع الواو تحت لفظ "زول" دارالکتب العلمیہ بیروت ۲/ ۲۸۰

النزویل الانزعاج بحیث لا یستقر علی المکان وھو والنزوال بمعنی[1]

"نزویل" کا معنی بیقراری ہے اس طور پر کہ کسی ایک جگہ قرار نہ پکڑے۔ نزویل اور نزوال کا معنی ایک ہی ہے۔(ت)

قاموس میں ہے:

زعجه اقلقه وقلعه من مکانه کازعجه فانزعج[2]

اس کو بیقرار و مضطرب کیا اور اس کو اپنی جگہ سے ہٹایا، جیسے اس کو بیقرار کیا تو وہ بیقرار ہوگیا۔(ت)

لسان میں ہے:

الانزعاج نقیض الاقرار[3]

انزعاج (بیقرار کرنا) اقرار (ایک جگہ ٹھہرانے) کی ضد ہے۔(ت)

تاج میں ہے:

قلق الشیئ قلقا وھو ان لا یستقر فی مکان واحد[4]

قلق الشیئ قلقاً کا معنی یہ ہے کہ شے ایک جگہ میں قرار نہ پکڑے۔(ت)

مفرداتِ امام راغب میں ہے:

قر فی مکانه یقر قرارًا اذا ثبت ثبوتا جامدا واصله من القر وھو البرد وھو یقتضی السکون والحر یقتضی الحرکة[5]

قرفی مکانه یقر قرارًا کا معنی یہ ہے کہ شے اپنی جگہ ثابت ہو کر ٹھہر گئی۔ یہ اصل میں مشتق ہے قر سے، جس کا معنی سردی ہے اور وہ سکون کا تقاضا کرتی ہے جبکہ گرمی حرکت کی مقتضی ہے۔(ت)

---

[1] النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر باب الزاء مع الواو تحت لفظ "زول" دارالکتب العلمیۃ بیروت ۲/

[2] القاموس المحیط فصل الراء والزاء باب الجیم تحت لفظ "زعجہ" مصطفی البابی مصر ۱/ ۱۹۸

[3] لسان العرب تحت لفظ "زعج" دارصادر بیروت ۲/ ۲۸۸

[4] تاج العروس فصل القاف تحت لفظ "القلق" داراحیاء التراث العربی بیروت ۷/ ۵۸

[5] المفردات فی غرائب القرآن القاف مع الراء نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ص ۴۰۶

قاموس میں ہے :

قر بالمکان ثبت وسکن کاستقر[1]

قر بالمکان کا معنٰی ٹھہرنا اور ساکن ہونا جیسا کہ استقر کا معنٰی بھی یہی ہے۔ (ت)

دیکھو زوال انزعاج ہے، اور انزعاج قلق، اور قلق مقابل قرار، اور قرار سکون تو زوال مقابل سکون ہے اور مقابل سکون نہیں مگر حرکت، تو ہر حرکت زوال ہے۔ قرآن عظیم آسمان و زمین کے زوال سے انکار فرماتا ہے، لاجرم ان کی ہر گونہ حرکت کی نفی فرماتا ہے۔

( د ) صراح میں ہے :

زائلہ جنبیدہ و رونده و آئندہ[2]

زائلہ کا معنٰی جنبش کرنے والا، جانے والا اور آنے والا ہے۔ (ت)

زمین اگر محور پر حرکت کرتی جنبیدہ ہوتی اور مدار پر تو آئندہ و رونده بھی بہر حال زائلہ ہوتی اور قرآن عظیم اس کے زوال کو باطل فرماتا ہے، لاجرم اس سے ہر نوعِ حرکت زائل۔

( ۲ ) کریمہ وان کان مکرھم لتزول منه الجبال[3] ان کا مکر اتنا نہیں جس سے پہاڑ جگہ سے ٹل جائیں، یا اگرچہ اُن کا مکر ایسا بڑا ہو کہ جس سے پہاڑ ٹل جائیں، یہ قطعاً ہماری ہی مؤید اور گونہ حرکتِ جبال کی نفی ہے۔

( ا ) ہر عاقل بلکہ غبی تک جانتا ہے کہ پہاڑ ثابت ساکن و مستقر ایک جگہ جمے ہوئے ہیں جن کو اصلاً جنبش نہیں۔ تفسیر عنایۃ القاضی میں ہے :

ثبوت الجبل یعرفه الغبی والذکی[4]

پہاڑ کے ثبوت و قرار کو کند ذہن اور تیز ذہن والا دونوں جانتے ہیں۔ (ت)

قرآن عظیم میں ان کو رواسی فرمایا، راسی ایک جگہ جما ہُوا پہاڑ، اگر ایک اُنگل بھی سرک جائے گا قطعاً زال الجبل صادق آئے گا نہ یہ کہ تمام دُنیا میں لُڑھکتا پھرے۔ اور زال الجبل نہ کہا جائے

---

[1] القاموس المحیط فصل القاف باب الراء مصطفی البابی مصر ۲/ ۱۱۹

[2] صراح فصل الزاء باب اللام نولکشور لکھنؤ ص ۳۴۳

[3] القرآن الکریم ۱۴/ ۴۶

[4] عنایۃ القاضی وکفایۃ الراضی حاشیۃ الشہاب تحت الآیہ ۱۴/ ۴۶ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۵/ ۴۸۶

ثبات وقرار ثابت رہے کہ ابھی دنیا سے آخرت کی طرف گیا ہی نہیں زوال کیسے ہوگیا۔ اپنی منقولہ عبارت جلالین دیکھئے پہاڑ کے اسی ثبات و استقرار پر شرائع اسلام کو اُس سے تشبیہ دی ہے جن کا ذرہ بھر ہلانا ممکن نہیں۔

(ب) اسی عبارتِ جلالین کا آخر دیکھئے کہ تفسیر دوم پر یہ آیت آیۂ وتخر الجبال هدًّا کے مناسب ہے یعنی ان کی ملعون بات ایسی سخت ہے جس سے قریب تھا کہ پہاڑ ڈھہ کر گر پڑتے۔ یوں ہی معالم التنزیل میں ہے،

وهو معنى قوله تعالىٰ "وتخر الجبال هدًّا"[۱]

اور یہی معنیٰ ہے اللہ تعالیٰ کے اس قول کا "اور پہاڑ ڈھہ کر گر پڑتے"۔ (ت)

یہ مضمون ابوعبید و ابن جریر و ابن المنذر و ابن ابی حاتم نے عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت کیا، نیز جویبر ضحاک سے راوی ہوئے:

كقوله تعالىٰ "وتخر الجبال هدًّا"[۲]

جیسا کہ اللہ تعالےٰ کا قول "اور وہ پہاڑ گر جائیں گے ڈھہ کر"۔ (ت)

اسی طرح قتادہ شاگرد انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کیا۔ ظاہر ہے کہ ڈھہ کر گرنا اُس جنگل سے بھی اسے نہ نکال دے گا جس میں تھا نہ کہ دنیا سے۔ ہاں جما ہوا ساکن مستقر نہ رہے گا تو اُسی کو زوال سے تعبیر فرمایا اور اسی کی نفی زمین سے فرمائی تو وہ ضرور جمی ہوئی ساکن مستقر ہے۔

(ج) رب عزوجل نے سیدنا موسیٰ علیٰ نبینا الکریم وعلیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے فرمایا:

لن ترانی ولکن انظر الی الجبل فان استقر مکانه فسوف ترانی[۳]

تم ہرگز مجھے نہ دیکھو گے ہاں پہاڑ کی طرف دیکھو اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہے تو عنقریب تم مجھے دیکھ لو گے۔

پھر فرمایا:

فلما تجلّٰی ربه للجبل جعله دكًّا وخرّ موسٰی صعقًا[۴]

---

[۱] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت آیۃ ۱۹/ ۹۰ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳/ ۳۶
[۲] جامع البیان عن الضحاک (تفسیر ابن جریر) " ۱۹/ ۹۰ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۶/ ۱۳۰
[۳] القرآن الکریم ۷/ ۱۴۳
[۴] " ۷/ ۱۴۳

جب ان کے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی اسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور موسٰی غش کھا کر گرے۔ کیا ٹکڑے ہو کر دُنیا سے نکل گیا یا ایشیا یا اُس مُلک سے۔ اس معنٰی پر تو ہرگز جگہ سے نہ ٹلا، ہاں وہ خاص محل جس میں جما ہوا تھا وہاں نہ جما رہا۔ تو معلوم ہوا اسی قدر عدمِ استقرار کو کافی ہے۔ اور اوپر گزرا کہ عدمِ استقرار عین زوال ہے، زمین بھی جہاں جمی ہوئی ہے وہاں سے سرکے تو بیشک زائلہ ہوگی اگرچہ دُنیا یا مدار سے باہر نہ جائے۔

(د) اس آیہ کریمہ کے نیچے تفسیر ارشاد العقل السلیم میں ہے،

ولئن کان مکرھم فی غایۃ المتانۃ والشدۃ معد الازالۃ الجبال عن مقارھا۔[1]

اگرچہ ان کا مکر مضبوطی اور سختی کی زیادتی کے سبب سے پہاڑوں کو اپنی جگہوں سے ہٹانے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ (ت)

نیشاپوری میں ہے،

ازالۃ الجبال عن اماکنھا۔[2]

پہاڑوں کو ان کی جگہوں سے ہٹانا۔ (ت)

خازن میں ہے،

تزول عن اماکنھا[3] (پہاڑ اپنی جگہوں سے ہٹ جائیں۔ ت)

کشاف میں ہے،

تتقلع عن اماکنھا[4] (پہاڑ اپنی جگہوں سے اُکھڑ جائیں۔ ت)

مدارک میں ہے،

تنقطع عن اماکنھا[5] (پہاڑ اپنی جگہوں سے جُدا ہو جائیں۔ ت)

اسی کے مثل آپ نے کمالین سے نقل کیا، یہاں بھی مکان ومقر سے قطعًا وہی مراد ہے جو کریمہ فات

---

[1] ارشاد العقل السلیم (تفسیر ابی السعود) تحت الآیۃ ۱۴/ ۴۶ دار احیاء التراث العربی بیروت ۵/ ۵۸

[2] غرائب القرآن ورغائب القرآن " " مصطفی البابی مصر ۱۳/ ۱۴۲

[3] لباب التاویل فی معانی التنزیل (تفسیر خازن) " " دار الکتب العلمیۃ بیروت ۳/ ۴۴

[4] الکشاف تحت الآیۃ ۱۴/ ۴۶ مکتب الاعلام الاسلامی قم ایران ۲/ ۵۶۶

[5] مدارک التنزیل (تفسیر نسفی) " " دار الکتاب العربی بیروت ۲/ ۲۶۶

استقر مکانہ[۱] میں تھا ارشاد کا ارشاد مقامہا جا بائے قرار اور کشاف کا لفظ تنقلع خاص قابل لحاظ ہے کہ اُکھڑ جانے ہی کو زوال بتایا۔

(۵) سعید بن منصور اپنے سنن اور ابن ابی حاتم تفسیر میں حضرت ابو مالک غزوان غفاری کوفی استاذ امام سُدی کبیر و تلمیذ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی،

وان کان مکرھم لتزول منه الجبال قال تحرکت[۲]

اگرچہ ان کا مکر اس حد تک تھا کہ اس سے پہاڑ ٹل جائیں۔ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا اس کا معنٰی یہ ہے کہ حرکت کریں۔ (ت)

اُنھوں نے صاف تصریح کر دی کہ زوالِ جبال ان کا حرکت کرنا جنبش کھانا ہے۔ اسی کی زمین سے نفی ہے وللہ الحمد۔

(۶) اُوپر گزرا کہ زوال مقابل قرار و ثبات ہے اور قرار و ثبات حقیقی سکون مطلق ہے، دربارۂ قرار عبارات امام راغب گزریں۔ اور قاموس میں ہے:

المثبت کمکرم من لاحراك به من المرض و بکسر الباء الذی ثقل فلم یبرح الفراش وداء ثبات بالضم معجز عن الحرکة[۳]

مثبَت بروزن مکرَم وہ شخص ہے جس میں بیماری کی وجہ سے حرکت نہ ہو، اور اگر مثبِت یعنی بار کے کسرہ کے ساتھ ہو تو اس کا معنی ہوگا وہ شخص جس کی بیماری بڑھ گئی اور وہ صاحبِ فراش ہوگیا۔ اور داء کا معنی ثُبات ہوا، ثار پر ضمہ کے ساتھ، یعنی حرکت سے عاجز کر دینے والا مرض۔ (ت)

مگر توسعاً قرار و ثبات ایک حالت پر بقار کو کہتے ہیں اگرچہ اس میں سکون مطلق نہ ہو تو اس کا مقابل زوال اُسی حالت سے انفصال ہوگا۔ یونہی مقر و مستقر و مکان ہر جسم کے لئے حقیقۃً وہ سطح یا بُعد مجرد یا موہوم ہے جو جمیع جوانب سے اس جسم کو حاوی اور اس سے ملاصق ہے یعنی علمائے اسلام کے نزدیک وہ فضائے متصل جسے یہ جسم بھرے ہوئے ہے ظاہر ہے کہ وہ دَبنے و سِرکنے سے بدل گئی، لہذا اس حرکت کو حرکت اینیہ کہتے ہیں یعنی جس سے دمبدم اَین کہ مکان وجائے کا نام ہے بدلتا ہے یہی جسم کا مکان خاص ہے اور اسی میں

---

[۲] الدر المنثور تحت الآیۃ ۱۴/ ۴۶ دار احیاء التراث العربی بیروت ۵/ ۴۹
تفسیر القرآن العظیم (ابن ابی حاتم) تحت الآیۃ ۱۴/ ۴۶ مکتبہ نزار مصطفٰی الباز ۷/ ۲۲۵۲
[۳] القاموس المحیط فصل الثاء والثاء باب التاء مصطفٰی البابی مصر ۱/ ۱۵۰

قرار و ثبات حقیقی ہے اس کے لئے یہ بھی ضرور کہ وضع بھی نہ بدلے، کُرہ کہ اپنی جگہ قائم رہ کر اپنے محور پر گھومے مکان نہیں بدلتا مگر اسے قار و ثابت و ساکن نہ کہیں گے بلکہ زائل و حائل و متحرک۔ پھر اسی توسّع کے طور پر بیت بلکہ دار بلکہ محلّے بلکہ شہر بلکہ کثیر ملکوں کے حاوی حصّۂ زمین مثل ایشیا بلکہ ساری زمین بلکہ تمام دنیا کو مقر و مستقر و مکان کہتے ہیں، قال تعالٰی :

ولکم فی الارض مستقر و متاع الٰی حین [1]

اور تمھیں ایک وقت تک زمین میں ٹھہرنا اور برتنا ہے۔ (ت)

اور اس سے جب تک جدائی نہ ہو اُسے قرار و قیام بلکہ سکون سے تعبیر کرتے ہیں اگرچہ ہزاروں حرکات پر مشتمل ہو ولہذا کہیں گے کہ موتی بازار بلکہ لاہور بلکہ پنجاب بلکہ ہندوستان بلکہ ایشیا بلکہ زمین ہمارے مجاہد کبیر کا مسکن ہے وہ ان میں سکونت رکھتے ہیں وہ ان کے ساکن ہیں حالانکہ ہر عاقل جانتا ہے کہ سکون و حرکت متبائن، مگر یہ معنیٰ مجازی ہیں، لہذا جائے اعتراض نہیں۔ لاجرم محلِ نفی میں ان کا مقابل زوال بھی انھیں کی طرح مجازی و توسّع ہے اور وہ نہ ہوگا جب تک اُن سے انتقال نہ ہو، کفار کی وہ قسم کہ مالنا من زوال اسی معنیٰ پر تھی یہ قسم نہ کھاتے تھے کہ ہم ساکن مطلق ہیں چلتے پھرتے نہیں، نہ یہ کہ ہم ایک شہر یا ملک کے پابند ہیں اس سے منتقل نہیں ہوسکتے بلکہ دنیا کی نسبت قسم کھاتے تھے کہ ہمیں یہاں سے آخرت میں جانا نہیں،

ان ھی الا حیاتنا الدنیا نموت و نحیا وما نحن بمبعوثین [2]

وہ تو نہیں مگر ہماری دنیا کی زندگی کہ ہم مرتے جیتے ہیں اور ہمیں اٹھنا نہیں۔ (ت)

مولٰی تعالٰی فرماتا ہے :

واقسموا باللہ جھد ایمانھم لایبعث اللہ من یموت [3]

اور انھوں نے اللہ کی قسم کھائی اپنے حلف میں حد کی کوشش سے کہ اللہ تعالٰی مُردے نہ اٹھائے گا۔ (ت)

لاجرم تیسری آیۂ کریمہ میں زوال سے مراد دنیا سے آخرت میں جانا ہو نہ یہ کہ دنیا میں ان کا چلنا پھرنا زوال نہیں قطعاً حقیقی زوال ہے جس کی سندیں اوپر سُن چکے، اور عظیم شافی بیان آگے آتا ہے، مگر یہاں اس کا ذکر ہے جس کی وہ قسم کھاتے تھے اور وہ نہ تھا مگر دُنیا سے انتقال۔ معنی مجازی کے لئے قرینہ درکار

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۳۶ [2] القرآن الکریم ۲۳/ ۳۷

[3] ″ ۱۶/ ۳۸

12

ہوتا ہے یہاں قرینہ ان کے یہی اقوال بعینہٖ ہیں بلکہ خود اسی آیت صدر میں قرینہ صریحہ مقالیہ موجود کہ روزِ قیامت ہی کے سوال وجواب کا ذکر ہے، فرماتا ہے:

وانذر الناس یوم یأتیھم العذاب فیقول الذین ظلموا ربنا اخرنا الی اجل قریب نجب دعوتك ونتبع الرسل اولم تکونوا اقسمتم من قبل ما لکم من زوال[1]

اور لوگوں کو اس دن سے ڈراؤ جب اُن پر عذاب آئے گا، تو ظالم کہیں گے اے ہمارے رب! تھوڑی دیر ہمیں مہلت دے کہ ہم تیرا بلانا مانیں اور رسولوں کی غلامی کریں، تو کیا تم پہلے قسم نہ کھا چکے تھے کہ ہمیں دنیا سے کہیں ہٹ کر جانا نہیں۔ (ت)

لیکن کریمہ ان اللہ یمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا[2] (بیشک اللہ تعالٰی آسمانوں اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ کہیں جنبش نہ کریں۔ ت) میں کوئی قرینہ نہیں تو معنی مجازی لینا کسی طرح جائز نہیں ہوسکتا بلکہ قطعاً زوال اپنے معنی حقیقی پر رہے گا یعنی قرار و ثبات و سکون حقیقی کا چھوڑنا، اس کی نفی ہے تو ضرور سکون کا اثبات ہے ایک جگہ معنی مجازی میں استعمال دیکھ کر دوسری جگہ بلاقرینہ مجاز مراد لینا ھرگز حلال نہیں۔

(۴) نہیں نہیں بلاقرینہ نہیں بلکہ خلافِ قرینہ۔ یہ اور سخت تر ہے کہ کلام اللہ میں پوری تحریفِ معنوی کا پہلو دے گا، رب عزوجل نے یمسك فرمایا ہے، اور امساك روکنا، تھامنا، بند کرنا ہے۔ ولہذا جو زمین کے پانی کو بہنے نہ دے روک رکھے اسے مسك اور مساك کہتے ہیں انہار و ابحار کو نہیں کہتے حالانکہ اُن میں بھی پانی کی حرکت وہیں تک ہوگی جہاں تک احسن الخالقین جل وعلا نے اس کا امکان دیا ہے۔

قاموس میں ہے:

امسکه حبسه والمسك محرکة الموضع یمسك الماء کالمساك کسحاب[3]۔

امسکه کا معنٰی ہے اس کو روکا اور المَسَك (س پر حرکت کے ساتھ) اس جگہ کو کہتے ہیں جو پانی کو روکے، جیسے مساك بروزن سحاب۔ (ت)

یُوں تو دنیا بھر میں کوئی حرکت کبھی بھی زوال نہ ہو کہ جہاں تک احسن الخالقین تعالٰی نے امکان دیا ہے

---

[1] القرآن الکریم ۱۴/ ۴۴

[2] " " ۳۵/ ۴۱

[3] القاموس المحیط فصل المیم باب الکاف مصطفی البابی مصر ۳/ ۳۲۹

اُس سے آگے نہیں بڑھ سکتی۔

( ۵ ) اگر ان معنی کو مجازی نہ لیجئے بلکہ کہئے کہ زوال عام ہے مکان و مستقر حقیقی خاص سے سرکنا اور موقع عام اور موطن اعم اور اعم از اعم سے جُدا ہونا سب اس کے فرد ہیں تو ہر ایک پر اس کا اطلاق حقیقت ہے جیسے زید و عمرو و بکر وغیرہم کسی فرد کو انسان کہنا تو اب بھی قرآن کریم کا مفاد زمین کا وہی سکون مطلق ہوگا نہ کہ اپنے مدار سے باہر نہ جانا۔ تزولا فعل ہے اور محلِ نفی میں وارد ہے اور علمِ اصول میں مصرح ہے کہ فعل قوۃ نکرہ میں ہے اور نکرہ حیز نفی میں عام ہوتا ہے، تو معنیٔ آیت یہ ہوئے کہ آسمان و زمین کو کسی قسم کا زوال نہیں، نہ موقع عام سے نہ مستقر حقیقی خاص سے، اور یہی سکون حقیقی ہے وللہ الحمد۔

یہی وجہ ہے کہ ہمارے مجاہد کبیر کو اپنی عبارت میں ہر جگہ قید بڑھانی پڑی زمین کا اپنے اماکن سے اُٹل ہو جانا اس کا زوال ہوگا۔ زائل ہو جانا قطعاً مطلقاً زوال ہے، "زائل ہو جانا" زوال کا ترجمہ ہی تو ہے مکانِ خاص سے ہو خواہ اماکن سے، مگر اول کے اخراج کو اس قید کی حاجت ہوتی یونہی فرمایا زمین کا زوال اس کے اماکن سے، پھر فرمایا: جن اماکن میں اللہ تعالٰی نے اُس کو امساک کیا ہے اس سے باہر سرک نہیں سکتی۔ پھر فرمایا: اپنے مدار میں امساک کردہ شدہ ہے اس سے زائل نہیں ہو سکتی۔ اور نفی کی جگہ فرمایا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ نے آسمان کے سکون فی مکانہ کی تصریح فرمادی مگر زمین کے بارے میں ایسا نہیں فرمایا۔ یہاں جمع اماکن کا ظاہر کردیا مگر رب عزوجل نے تو ان میں سے کوئی قید نہ لگائی مطلق یمسك فرمایا ہے اور مطلق ان تزولا۔ اللہ آسمان و زمین ہر ایک کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے نہ پائے۔ یہ نہ فرمایا کہ اس کے مدار میں روکے ہوئے ہے، یہ نہ فرمایا کہ ہر ایک کے لئے اماکن عدیدہ ہیں اُن اماکن سے باہر نہ جانے پائے، تو اس کا بڑھانا کلامِ الٰہی میں اپنی طرف سے پیوند لگانا ہوگا از پیش خویش قرآن عظیم کے مطلق کو مقید، عام کو مخصص بنانا ہوگا۔ اور یہ ہرگز روا نہیں۔ اہل سنت کا عقیدہ ہے جو اُن کی کُتبِ عقائد میں مصرح ہے کہ النصوص تحمل علٰی ظواھرھا[1] (نصوص اپنے ظواہر پر محمول ہوتی ہیں۔ ت) بلکہ تمام ضلالتوں کا بڑا پھاٹک یہی ہے کہ بطورِ خود نصوص کو ظاہر سے پھیریں مطلق کو مقید، عام کو مخصوص کریں، مالکم من زوال[2] (تمہارے لئے زوال نہیں۔ ت) کی تخصیص واضح سے ان تزولا کو بھی مخصص کرلینا اس کی نظیر یہی ہے کہ ان اللہ علٰی کل شیئ قدیر[3] (بیشک

---

[1] شرح عقائد نسفیہ     دار الاشاعۃ العربیہ قندھار افغانستان     ص ۱۱۹

[2] القرآن الکریم ۱۴/۴۴

[3] ؍؍ ۲/۲۰

اللہ تعالٰی ہر چیز پر قادر ہے۔ ت) کی تخصیص دیکھ کر ان اللہ بکل شیئ علیم[1] (بیشک اللہ تعالٰی ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ ت) کو بھی مخصص مان لیں کہ جس طرح وہاں ذات وصفات ومحالات زیرِ قدرت نہیں یونہی معاملہ صاف ہوگیا کہ ذات وصفات ومحالات کا معاذ اللہ علم بھی نہیں۔ زیادہ تشفی بحمدہٖ تعالٰی نمبر۸ میں آتی ہے جس سے واضح ہوجائے گا کہ اللہ ورسول وصحابہ ومسلمین کے کلام میں یہاں یعنی خاص محلِ نزاع میں زوال سے مطلقاً ایک جگہ سے سرکنا مراد ہوا ہے اگرچہ اماکن معینہ سے باہر نہ جائے یا زوال کفار کی طرح دنیا خواہ مدار چھوڑ کر الگ بھاگ جانا، فانتظر (چنانچہ انتظار کر۔ ت)۔

(۶) لاجرم وہ جنھوں نے خود صاحبِ قرآن صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے قرآن کریم پڑھا، خود حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے اس کے معانی سیکھے انھوں نے آیۂ کریمہ کو ہرگونہ زوال کی نافی اور سکون مطلق حقیقی کی مثبت بتایا۔ سعید بن منصور وعبد بن حمید وابن جریر وابن المنذر نے حضرت شقیق ابن سلمہ سے کہ زمانۂ رسالت میں پائے ہوئے تھے روایت کی اور یہ حدیث ابن جریر بسند صحیح برجال صحیحین بخاری ومسلم ہے:

حدثنا ابن بشار ثنا عبد الرحمٰن ثنا سفیٰن عن الاعمش عن ابی وائل قال جاء رجل الی عبد اللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ فقال من این جئت؟ قال من الشام۔ فقال من لقیت؟ قال لقیت کعبا۔ فقال ما حدثك کعب؟ قال حدثنی ان السمٰوٰت تدور علٰی منکب ملك۔ قال فصدقتہ او کذبتہ؟ قال ما صدقتہ ولا کذبتہ۔ قال لوددت انك افتدیت من رحلتك الیہ براحلتك ورحلھا وکذب کعب ان اللہ یقول ان اللہ یمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا ۵ ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہٖ[2]، زاد غیر ابن جریر وکفٰی بھا زوالا ان تدورا[3]۔

ہمیں ابن بشار نے حدیث بیان کی کہ ہم کو عبد الرحمٰن نے حدیث بیان کی کہ ہم کو اعمش نے بحوالہ ابو وائل حدیث بیان کی، ابو وائل نے کہا کہ ایک صاحب حضرت سیدنا عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ کے حضور حاضر ہوئے، فرمایا: کہاں سے آئے؟ عرض کی: شام سے۔ فرمایا: وہاں کس سے ملے؟ عرض

---

[1] القرآن الکریم ۸/۷۵

[2] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت الآیۃ ۳۵/۴۱ دار احیاء التراث العربی بیروت ۲۲/۱۷۰

[3] الدر المنثور " " " " " ۷/۳۲

کی: کعب سے۔ فرمایا: کعب نے تم سے کیا بات کی؟ عرض کی: یہ کہا کہ آسمان ایک فرشتے کے شانے پر گھومتے ہیں۔ فرمایا: تم نے اس میں کعب کی تصدیق کی یا تکذیب؟ عرض کی: کچھ نہیں (یعنی جس طرح حکم ہے کہ جب تک اپنی کتاب کریم کا حکم نہ معلوم ہو اہل کتاب کی باتوں کو نہ سچ جانو نہ جھوٹ)۔ حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا: کاش! تم اپنا اونٹ اور اس کا کجاوہ سب اپنے اس سفر سے چھٹکارے کو دے دیتے کعب نے جھوٹ کہا اللہ تعالٰی فرماتا ہے: بیشک اللہ آسمانوں اور زمینوں کو روکے ہوئے ہے کہ سرکنے نہ پائیں اور اگر وہ ہٹیں تو اللہ کے سوا انھیں کون تھامے۔ ابن جریر کے غیر نے یہ اضافہ کیا کہ گھومنا اُن کے سرک جانے کو بہت ہے۔

نیز محمد طبری نے بسندِ صحیح براصولِ حنفیہ برجال بخاری و مسلم حضرت سیّدنا امام اعظم ابوحنیفہ کے استاذ الاستاذ امام اجل ابراہیم نخعی سے روایت کی:

حدثنا جریر عن مغیرۃ عن ابراھیم قال ذھب جُندب البجلی الی کعب الاحبار فقدم علیہ ثم رجع، فقال لہ عبد اللہ حدثنا ما حدثك، فقال حدثنی ان السماء فی قطب کقطب الرحا والقطب عمود علٰی منکب ملك، قال عبد اللہ لوددت انك افتدیت رحلتك بمثل راحلتك، ثم قال ما تنتکت الیھودیۃ فی قلب عبد فکادت تفارقہ ثم قال ان اللہ یمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا، کفٰی بھا زوالا ان تدور۔[1]

ہمیں جریر نے بحوالہ مغیرہ ابراہیم سے حدیث بیان کی کہ ابراہیم نے کہا کہ جُندب بجلی کعب احبار کے پاس جاکر واپس آئے، حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا: کہو کعب نے تم سے کیا کہا؟ عرض کی: یہ کہا کہ آسمان چکی کی طرح ایک کیلی ہے اور کیلی ایک فرشتے کے کاندھے پر ہے۔ حضرت عبد اللہ نے فرمایا: مجھے تمنا ہوئی کہ تم اپنے ناقہ کے برابر مال دے کر اس سفر سے چھُٹ گئے ہوتے، یہودیت کی خراش جس دل میں لگتی ہے پھر مشکل ہی سے چھُوٹتی ہے، اللہ تو فرما رہا ہے بیشک اللہ آسمانوں اور زمین کو تھامے ہُوئے ہے کہ نہ سرکیں، ان کے سرکنے کو گھومنا ہی کافی ہے۔

عبد بن حمید نے قتادہ شاگردِ حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی:

ان کعبًا کان یقول ان السماء تدور علٰی نصب مثل نصب الرحا فقال حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ تعالٰی عنھما کذب کعب "ان اللہ یمسك السمٰوٰت والارض

---

[1] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت الآیۃ ۳۵/ ۴۱ دار احیاء التراث العربی بیروت ۲۲/ ۱۷۰ و ۱۷۱

اے تزولا۔[1]

کعب کہا کرتے کہ آسمان ایک کیلی پر دورہ کرتا ہے جیسے چکی کی کیلی۔ اس پر حذیفۃ الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: کعب نے جھوٹ کہا، بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ جنبش نہ کریں۔

دیکھو ان اجلہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مطلق حرکت کو زوال مانا اور اس پر انکار فرمایا اور قائل کی تکذیب کی اور اسے بقائے خیالات یہودیت سے بتایا، کیا وہ اتنا نہ سمجھ سکتے تھے کہ ہم کعب کی ناحق تکذیب کیوں فرمائیں آیت میں تو زوال کی نفی فرمائی ہے اور ان کا یہ پھرنا چلنا اپنے اماکن میں ہے جہاں تک احسن الخالقین تعالیٰ نے ان کو حرکت کا امکان دیا ہے وہاں تک ان کا حرکت کرنا ان کا زوال نہ ہوگا' مگر ان کا ذہن مبارک اس معنی باطل کی طرف نہ گیا نہ جا سکتا تھا بلکہ اس کے ابطال ہی کی طرف گیا اور جانا ضرور تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مطلقاً زوال کی نفی فرمائی ہے نہ کہ خاص زوال عن المدار کی' تو انھوں نے روا نہ رکھا کہ کلامِ الٰہی میں اپنی طرف سے یہ پیوند لگالیں۔ لاجرم اس پر رد فرمایا اور اس قدر شدید و اشد فرمایا وللہ الحمد۔

**تنبیہ:** کعب احبار تابعین اخیار سے ہیں خلافتِ فاروقی میں یہودی سے مسلمان ہوئے کتبِ سابقہ کے عالم تھے، اہلِ کتاب کی احادیث اکثر بیان کرتے انھیں میں سے یہ خیال تھا جس کی تغلیط ان اکابر صحابہ نے قرآن عظیم سے فرمادی تو کَذَبَ کَعْب کے یہ معنی ہیں کہ کعب نے غلط کہا نہ کہ معاذ اللہ قصداً جھوٹ کہا۔ کَذَبَ بمعنیٰ اَخْطَأَ محاورۂ حجاز ہے اور خراش یہودیت بمشکل چھوٹنے سے یہ مراد کہ ان کے دل میں علمِ یہود بھرا ہوا تھا وہ تین قسم ہے: باطل صریح و حق صحیح اور مشکوک کہ جب تک اپنی شریعت سے اس کا حال نہ معلوم ہو حکم ہے کہ اس کی تصدیق نہ کرو ممکن کہ ان کی تحریفات یا خرافات سے ہو، نہ تکذیب کرو ممکن کہ توریت یا تعلیمات سے ہو اسلام لاکر قسم اول کا حرف حرف قطعاً ان کے دل سے نکل گیا، قسم دوم کا علم اور مستجل ہوگیا، یہ مسئلہ قسم سوم بقایائے علم یہود سے تھا جس کے بطلان پر آگاہ نہ ہو کر انھوں نے بیان کیا اور صحابہ کرام نے قرآن عظیم سے اس کا بطلان ظاہر فرمادیا یعنی یہ نہ توریت سے ہے نہ تعلیمات سے بلکہ ان خبیثوں کی خرافات سے، تابعین صحابہ کرام کے تابع و خادم ہیں مخدوم اپنے خدام کو ایسے الفاظ سے تعبیر کرسکتے ہیں اور مطلب یہ ہے جو ہم نے واضح کیا وللہ الحمد۔

(۷) اس ساری تحریر میں مجھے آپ سے اس فقرے کا زیادہ تعجب ہوا کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود

---

[1] الدر المنثور فی التفسیر الماثور تحت الآیۃ ۳۵/۴۱ دار احیاء التراث العربی بیروت ۷/۳۲

رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آسمان کے سکون فی مکانہ کی تصریح فرمادی مگر زمین کے بارے میں ایسا نہ فرمایا خاموشی فرمائی، اسے آپ نے اپنی مشکل کا حل تصور کیا، کعب احبار نے آسمان ہی کا گھومنا بیان کیا تھا اور یہود اسی قدر کے قائل تھے زمین کو وہ بھی ساکن مانتے تھے بلکہ ۱۵۳۰ء سے پہلے (جس میں کوپرنیکس نے حرکت زمین کی بدعت ضالہ کو کہ دو ہزار برس سے مُردہ پڑی تھی جِلایا) نصارٰی بھی سکونِ ارض ہی کے قائل تھے، اسی قدر یعنی صرف دورۂ آسمان کا ان حضرات عالیات کے حضور تذکرہ ہوا اس کی تکذیب فرمادی، دورۂ زمین کہا کس نے تھا کہ اس کا رَد فرماتے، اگر کوئی صرف زمین کا دَورہ کہتا صحابہ اسی آیۂ کریمہ سے اس کی تکذیب کرتے، اور اگر کوئی آسمان و زمین دونوں کا دَورہ بتاتا صحابہ اسی آیت سے دونوں کا ابطال فرماتے۔ جواب بقدر سوال دیکھ لیا یہ نہ دیکھا کہ جس آیت سے وہ سند لائے اس میں آسمان و زمین دونوں کا ذکر ہے یا صرف آسمان کا، آیت پڑھیے صراحۃً دونوں ایک حالت پر مذکور ہیں دونوں پر ایک ہی حکم ہے، جب حسبِ ارشادِ صحابہ آیۂ کریمہ مطلق حرکت کا انکار فرماتی ہے اور وہ انکار آسمان و زمین دونوں کے لئے ایک نسق ایک لفظ ان تزولا میں ہے جس کی ضمیر دونوں کی طرف ہے تو قطعاً آیت نے زمین کی بھی ہر گُونہ حرکت کو باطل فرمایا جس طرح آسمان کی۔ ایک شخص کہے حضرت سیّدنا یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آفتاب کو اپنے لئے سجدہ کرتے نہ دیکھا تھا اس پر عالم فرمائے وہ جھوٹا ہے، آیۂ کریمہ میں ہے:

انی رأیت احد عشر کوکباً والشمس والقمر رأیتھم لی ساجدین[1]

کہ میں نے گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو اپنے لئے سجدہ کرتے دیکھا۔

اس کے بعد ایک دُوسرا اُٹھے اور چاند کو ساجد دیکھنے سے منکر ہو اور کہے قربان جائیے۔ عالم نے سورج کے سجدہ کی تصریح فرمائی مگر چاند کے بارے میں ایسا نہ فرمایا خاموشی فرمائی اُسے کیا کہا جائے گا اب تو آپ نے خیال فرمالیا ہوگا کہ قائل حرکت ارض کو اجلّہ صحابہ کرام بلکہ خود صاف ظاہر نصِ قرآنِ عظیم سے گریز کے سوا کوئی چارہ نہیں اور یہ معاذ اللہ خسرانِ مبین ہے جس سے اللہ تعالٰی ہمیں اور آپ اور سب اہلسنت کو بچائے، آمین!

(۸) عجب کہ آپ نے آفتاب کا زوال نہ سُنا، اسے تو میں نے آپ سے بالمشافہ کہہ دیا تھا۔

(۱) حدیثوں میں کتنی جگہ زالت الشمس (سورج ڈھل گیا۔ ت) ہے، بلکہ قرآن عظیم میں ہے:

---

[1] القرآن الکریم ۱۲/ ۴

اقم الصلٰوۃ لدلوک الشمس[1]۔

نماز قائم کرو سُورج ڈھلتے وقت ۔ (ت)

تفسیر ابن مردویہ میں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے لدلوک الشمس کی تفسیر میں فرمایا: لزوال الشمس[2]۔

ابن جریر نے عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلّم نے فرمایا:

اتانی جبرئیل لدلوک الشمس حین زالت فصلی بی الظہر[3]۔

میرے پاس جبرائیل آئے جب سورج ڈھل گیا تو آپ نے میرے ساتھ نمازِ ظہر پڑھی ۔

نیز ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے:

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یصلی الظہر اذا زالت الشمس، ثم تلا اقم الصلٰوۃ لدلوک الشمس[4]۔

رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ظہر کی نماز اس وقت پڑھتے جب سورج ڈھل جاتا۔ پھر ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ نے یہ آیتِ کریمہ پڑھی کہ سورج ڈھلتے وقت نماز قائم کرو۔ (ت)

نیز مثل سعید ابن منصور عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے:

دلوکہا زوالہا[5] (سورج کے دلوک کا معنٰی اس کا زوال ہے۔ ت)

بزار و ابوالشیخ و ابن مردویہ نے عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے:

دلوک الشمس زوالہا[6] (سورج کے دلوک کا معنی اس کا زوال ہے۔ ت)

عبد الرزاق نے مصنّف میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے:

---

[1] القرآن الکریم ۱۷/ ۷۸

[2] الدر المنثور فی التفسیر بالماثور (بحوالہ ابن مردویہ) تحت آیۃ ۱۷/ ۷۸ دار احیاء التراث العربی بیروت ۵/ ۲۸۰

[3] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت الآیۃ ۱۷/ ۷۸ 〃 ۱۵/ ۱۵۸

[4] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[5] الدر المنثور بحوالہ سعید بن منصور و ابن جریر 〃 〃 ۵/ ۲۸۱

[6] الدر المنثور بحوالہ البزار و ابی الشیخ و ابن مردویہ 〃 〃 ۵/ ۲۸۰

دلوک الشمس اذا زالت عن بطن السماء۔[1]

سورج کا دلوک یہ ہے کہ جب وہ آسمان کے بطن سے ڈھل جائے۔ (ت)

مجمع بحار الانوار میں ہے :

زاغت الشمس مالت و زالت عن اعلٰی درجات ارتفاعہا۔[2]

زاغت الشمس کا معنٰی یہ ہے کہ وہ اپنی بلندی کے اعلٰی درجے سے ڈھل گیا۔ (ت)

فقہ میں وقتِ زوال ہر کتاب میں مذکور اور عوام تک کی زبانوں پر مشہور، کیا اس وقت آفتاب اپنے مدار سے باہر نکل جاتا ہے اور احسن الخالقین جل وعلا نے جہاں تک کی حرکات کا اسے امکان دیا ہے اُس سے آگے پاؤں پھیلاتا ہے؟ حاشا! مدار ہی میں رہتا ہے اور پھر زوال ہوگیا، یونہی زمین اگر دورہ کرتی ضرور اسے زوال ہوتا اگرچہ مدار سے نہ نکلتی، اس پر اگر یہ خیال جائے کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ سرکنا تو آفتاب کو ہر وقت ہے پھر ہر وقت کو "زوال" کیوں نہیں کہتے، تو یہ محض جاہلانہ سوال ہوگا، وجہِ تسمیہ مطرد نہیں ہوتی۔ کتب میں یہ مشہور حکایت ہے کہ مطرد ماننے والے سے پوچھا جرجیر یعنی چینے کو کہ ایک قسم کا ناج ہے جرجیر کیوں کہتے ہیں، کہا لانہ یتجرجر علی الارض اس لئے کہ وہ زمین پر جنبش کرتا ہے، کہا تمھاری داڑھی کو جرجیر کیوں نہیں کہتے یہ بھی تو جنبش کرتی ہے۔ قارورے کو قارورہ کیوں کہتے ہیں، کہا لان الماء یقر فیہا اس لئے کہ اس میں پانی ٹھہرتا ہے، کہا تمھارے پیٹ کو قارورہ کیوں نہیں کہتے اس میں بھی تو پانی ٹھہرتا ہے۔ یہاں تین۳ ہی موضع ممتاز تھے: افقِ شرقی و غربی و دائرہ نصف النہار، ان سے سرکنے کا نام طلوع و غروب رکھا کہ یہی انسب و وجہِ تمایز تھا اور اس سے تجاوز کو زوال کہا اگرچہ جگہ سے زوال آفتاب کو بلاشبہہ ہر وقت ہے، کریمہ والشمس تجری لمستقر لہا میں عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ کی قرأت ہے لامستقر لہا یعنی سورج چلتا ہے کسی وقت اسے قرار نہیں۔ اور ہرگز راکہ قرار کا مقابل زوال ہے، جب کسی وقت قرار نہیں تو ہر وقت زوال ہے اگرچہ تسمیہ میں ایک زوال معین کا نام زوال رکھا، غرض کلام اس میں ہے کہ احادیث مرفوعہ سیّد عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم و آثارِ صحابہ کرام و اجماعِ اہلِ اسلام نے آفتاب کا اپنے مدار میں رہ کر ایک جگہ سے سرکنے کو زوال کہا، اگر زمین متحرک ہوتی تو یقیناً ایک جگہ سے اُس کا سرکنا ہی زوال ہوتا

---

[1] المصنف لعبدالرزاق حدیث ۲۰۴۰ المکتب الاسلامی بیروت ۱/ ۵۳۸

[2] مجمع بحار الانوار باب الزاء مع الیاء مکتبہ دار الایمان مدینہ منورہ ۲/ ۴۵۶

اگرچہ مدار سے باہر نہ جاتی لیکن قرآن عظیم نے صاف ارشاد میں اس کے زوال کا انکار فرمایا ہے تو قطعاً واجب کہ زمین اصلاً متحرک نہ ہو۔

(ب) بلکہ خود یہی زوال کہ قرآن وحدیث وفقہ و زبانِ جملہ مسلمین سب میں مذکور قائلانِ دَورۂ زمین اسے زمین ہی کا زوال کہیں گے کہ وہ حرکتِ یومیہ اُسی کی جانب منسوب کرتے ہیں یعنی آفتاب یہ حرکت نہیں کرتا بلکہ زمین اپنے محور پر گھومتی ہے جب وہ حصہ جس پر ہم ہیں گھوم کر آفتاب سے آڑ میں ہوگیا رات ہوئی، جب گھوم کر آفتاب کے سامنے آیا کہتے ہیں آفتاب نے طلوع کیا، حالانکہ زمین یعنی اُس حصۂ ارض نے جانب شمس رُخ کیا جب اتنا گھوما کہ آفتاب ہمارے سروں کے محاذی ہوا یعنی ہمارا دائرۂ نصف النہار مرکزِ شمس کے مقابل آیا دوپہر ہوگیا، جب زمین یہاں سے آگے بڑھی دوپہر ڈھل گیا، کہتے ہیں آفتاب کو زوال ہُوا حالانکہ زمین کو ہوا، یہ اُن کا مذہب ہے اور صراحۃً قرآن عظیم کا مکذِّب و مکذَّب ہے مسلمین تو مسلمین، بیروت وغیرہ کے سُفہائے قائلانِ حرکتِ ارض بھی جن کی زبان عربی ہے اس وقت کو وقتِ زوال اور دھوپ گھڑی کو مِزْوَلَہ کہتے ہیں یعنی زوال پہچاننے کا آلہ۔ اور اگر ان سے کہئے کیا شمس زوال کرتا ہے؟ کہیں گے نہیں بلکہ زمین۔ حالانکہ وہ مدار سے باہر نہ گئی۔ تو آپ کی تاویل موافقین ومخالفین کسی کو بھی مقبول نہیں۔

(ج) اَوروں سے کیا کام، آپ تو بفضلہ تعالےٰ مسلمان ہیں، ابتدائے وقتِ ظہر زوال سے جانتے ہیں، کیا ہزار بار نہ کہا ہوگا کہ زوال کا وقت ہے، زوال ہونے کو ہے، زوال ہوگیا۔ کاہے سے زوال ہوا دائرۂ نصف النہار سے۔ کس کا زوال ہوا، آپ کے نزدیک زمین کا کہ اُسی کی حرکتِ محوری سے ہوا، حالانکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ زمین کو زوال نہیں۔ اب خود مان کر کہ زمین متحرک ہو تو روزانہ اپنے مدار کے اندر ہی رہ کر اسے زوال ہوتا ہے دنیا سے، زوال کفارپیش کرنے کا کیا موقع رہا، انصاف شرط ہے، اور قرآن عظیم کے ارشاد پر ایمان لازم، وباللہ التوفیق۔

(د) یہاں سے بحمدہٖ تعالےٰ حضرت معلم التحیات رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اُس ارشاد کی خوب توضیح ہوگئی کہ صرف حرکتِ محوری زوال کو بس ہے۔

(۹) بحمداللہ تین آیتیں یہ گزریں:

**آیت ۱:** ان اللہ یمسک[۱] بیشک اللہ تعالےٰ روکے ہُوئے ہے۔ (ت)

**آیت ۲:** ولئن زالتا[۲] اگر وُہ ہٹ جائیں۔ (ت)

---

[۱] القرآن الکریم ۳۵/۴۱
[۲] القرآن الکریم ۳۵/۴۱

**آیت ۳** : لدلوك الشمس[1] سورج ڈھلتے وقت (ت)

**آیت ۴** : فلمّا افلت[2] پھر جب وُہ ڈوب گیا (ت)

**آیت ۵** : وسبّح بحمد ربك قبل طلوع الشّمس وقبل الغروب[3]

اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہُوئے اس کی پاکی بولو سورج چمکنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے (ت)

**آیت ۶** : وسبح بحمد ربك قبل طلوع الشّمس وقبل غروبها[4]

اور اپنے رب کو سراہتے ہوئے اس کی پاکی بولو سورج چمکنے سے پہلے اور اس کے ڈوبنے سے پہلے (ت)

**آیت ۷** : حتّٰی اذا بلغ مطلع الشّمس وجدها تطلع علٰی قوم لم نجعل لهم من دونها سترا[5]

یہاں تک کہ سورج نکلنے کی جگہ پہنچا اسے ایسی قوم پر نکلتا پایا جن کیلئے ہم نے سورج سے کوئی آڑ نہیں رکھی۔

اور ان سب سے زائد **آیت ۸** :

وترى الشمس اذا طلعت تزٰور عن کھفھم ذات الیمین واذا غربت تقرضھم ذات الشمال وھم فی فجوۃ منه ذٰلك من اٰیٰت اللّٰه[6]

تو آفتاب کو دیکھے گا جب طلوع کرتا ہے ان کے غار سے دہنی طرف مائل ہوتا ہے اور جب ڈوبتا ہے ان سے بائیں کترا جاتا ہے حالانکہ وہ غار کے کھلے میدان میں ہیں، یہ قدرتِ الٰہی کی نشانیوں سے ہیں۔ (ت)

یُونہی صدہا احادیث ارشادِ سیّدِ عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم خصوصًا حدیث بخاری ابوذر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے :

قال النبی صلّی اللّٰہ تعالٰی علیه وسلم لابی ذر حین غربت الشمس اتدری این تذھب قلت اللّٰه ورسوله اعلم قال فانّھا تذھب حتی تسجد تحت العرش فتستأذن فیؤذن لھا ویوشك ان تسجد فلا یقبل منھا وتستأذن فلا یؤذن لھا یقال لھا ارجعی من حیث جئت فتطلع من مغربھا فذٰلك قوله تعالٰی "والشمس تجری لمستقر لھا ذٰلك تقدیر العزیز العلیم[7]"

---

[1] القرآن الکریم ۱۷ /۷۸

[2] القرآن الکریم ۶ /۷۸

[3] " ۵۰ /۳۹

[4] " ۲۰ /۱۳۰

[5] " ۱۸ /۹۰

[6] " ۱۸ /۱۷

[7] صحیح البخاری کتاب بدء الخلق باب صفۃ الشمس والقمر بحسبان الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱ /۴۵۴

نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالٰی عنہ کو فرمایا جبکہ سورج غروب ہوچکا تھا کیا تم جانتے ہو کہ سورج کہاں جاتا ہے؟ حضرت ابوذر کہتے ہیں میں نے عرض کی کہ اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ تو آپ نے فرمایا: وہ جاتا ہے تاکہ عرش کے نیچے سجدہ کرے۔ چنانچہ وہ اجازت طلب کرتا ہے تو اس کو اجازت دے دی جاتی ہے قریب ہے کہ وہ سجدہ کرے وہ سجدہ اس کی طرف سے قبول نہ کیا جائے اور وہ اجازت طلب کرے تو اس کو سجدہ کرنے کی اجازت نہ دی جائے اور اسے کہا جائے کہ تو لوٹ جا جہاں سے آیا ہے، پھر وہ مغرب سے طلوع ہوگا۔ یہی معنٰی ہے اللہ تعالٰی کے ارشاد کا" اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لئے، یہ حکم ہے زبردست علم والے کا"۔ (ت)

یونہی ہزارہا آثارِ صحابہ عظام و تابعین کرام و اجماعِ اُمت جن سب میں ذکر ہے کہ آفتاب طلوع و غروب کرتا ہے آفتاب کو وسطِ سماء سے زوال ہوتا ہے آفتاب کی طرح روشن دلائل ہیں کہ زمین ساکن محض ہے بدیہی ہے اور خود مخالفین کو تسلیم کہ طلوع و غروب و زوال نہیں مگر حرکتِ یومیہ سے' تو جس کے یہ احوال ہیں حرکتِ یومیہ اسی کی حرکت ہے تو قرآن عظیم و احادیثِ متواترہ و اجماعِ امت سے ثابت کہ حرکتِ یومیہ حرکتِ شمس ہے نہ کہ حرکتِ زمین، لیکن اگر زمین حرکتِ محوری کرتی تو حرکتِ یومیہ اسی کی حرکت ہوتی جیسا کہ مزعوم مخالفین ہے تو روشن ہوا کہ زعمِ سائنس باطل و مردود ہے۔ پھر شمس کی حرکتِ یومیہ جس سے طلوع و غروب و زوال ہے نہ ہوگی مگر یوں کہ وہ گردِ زمین دورہ کرتا ہے، تو قرآن و حدیث و اجماع سے ثابت ہوا کہ آفتاب حولِ ارض دائر ہے، لاجرم زمین مدارِ شمس کے جوف میں ہے تو ناممکن ہے کہ زمین گردِ شمس دورہ کرے اور آفتاب مدارِ زمین کے جوف میں ہو تو بحمد اللہ تعالٰی آیاتِ متکاثرہ و احادیثِ متواترہ و اجماعِ امتِ طاہرہ سے واضح ہوا کہ زمین کی حرکت محوری و مداری دونوں باطل ہیں وللہ الحمد، زیادہ سے زیادہ مخالف یہاں یہ کہہ سکتا ہے کہ "غروب تو حقیقۃً شمس کے لئے ہے کہ وہ غیبت ہے اور آفتاب ہی اس حرکتِ زمین کے باعث نگاہ سے غائب ہوتا ہے اور زوال حقیقۃً زمین کے لئے ہے کہ یہ مٹتی ہے نہ کہ آفتاب، اور طلوع حقیقۃً کسی کے لئے نہیں کہ طلوع صعود اور اوپر چڑھنا ہے۔ حدیث میں ہے:

لکل حد مطلع[1]

ہر حد کے لئے چڑھنے کی جگہ ہے۔ (ت)

نہایہ و دُرِّ نثیر و مجمع البحار و قاموس میں ہے:

---

[1] اتحاف السادۃ المتقین کتاب آداب تلاوۃ القرآن الباب الرابع دار الفکر بیروت ۴/۵۲۷
القاموس المحیط باب العین فصل الطاء مصطفی البابی مصر ۳/۶۱

ای مصعد یصعد الیہ من معرفۃ علمہ[1]

یعنی چڑھنے کی جگہ جس کی طرف وُہ اپنی علمی معرفت کے ساتھ چڑھتا ہے۔ (ت)

نیز ثلاثہ اصول و تاج العروس میں ہے :

مطلع الجبل مصعدہ[2]

پہاڑ کا مطلع اس پر چڑھنے کی بلند جگہ ہے۔ (ت)

حدیث میں ہے : طلع المنبر[3] (منبر پر چڑھا۔ ت) ـــ مجمع البحار میں ہے : ای علاہ[4] (یعنی اس کے اُوپر چڑھا۔ ت)۔

ظاہر ہے کہ زمین آفتاب پر نہیں چڑھتی، اور مخالف کے نزدیک آفتاب بھی اس وقت زمین پر نہ چڑھا کہ طلوع اس کی حرکت سے نہیں، لاجرم طلوع سرے سے باطل محض ہے مگر مکان زمین کو حرکت زمین محسوس نہیں ہوتی، اُنھیں وہم گزرتا ہے کہ آفتاب چلتا، چڑھتا، ڈھلتا ہے لہذا طلوع و زوالِ شمس کہتے ہیں، یہ کوئی کافر کہہ سکے مسلمان کیونکر روا رکھ سکے کہ جاہلانہ وہم جو لوگوں کو گزرتا ہے قرآنِ عظیم بھی معاذاللہ اُسی وہم پر چلا ہے اور واقع کے خلاف طلوع و زوال کو آفتاب کی طرف نسبت فرمادیا ہے والعیاذ باللہ تعالٰی۔ لاجرم مسلمان پر فرض ہے کہ حرکتِ شمس و سکونِ زمین پر ایمان لائے، واللہ الہادی۔

(۱۰) سورۂ طٰہٰ و سورۂ زخرف دو جگہ ارشاد ہوا :

الذی جعل لکم الارض مھدا[5]۔

وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا کیا۔ (ت)

دونوں جگہ صرف کوفیوں مثل امام عاصم نے جن کی قراءت ہند میں رائج ہے مَھْدًا پڑھا، باقی ائمۂ قراءت نے مِھٰدًا بزیادتِ الف۔ دونوں کے معنی ہیں بچھونا، جیسے فرش و فراش، یونہی مَھْد و مِھاد۔

---

[1] القاموس المحیط باب العین فصل الطاء مصطفی البابی مصر ۳/ ۶۱

[2] تاج العروس شرح القاموس باب العین دار احیاء التراث العربی بیروت ۵/ ۴۴۳

[3] مجمع بحار الانوار باب الطاء مع اللام مکتبہ دار الایمان المدینۃ المنورہ ۳/ ۴۵۹

[4] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[5] القرآن الکریم ۲۰/ ۵۳ و ۴۳/ ۱۰

(ا) پس قراءت عام ائمہ نے قراءت کوفی کی تفسیر فرمادی کہ مَھْد سے مراد فرش ہے ــــ
مدارک شریف سورۂ طٰہٰ میں ہے :

(مَھْدًا) کوفی وغیرھم مھادا وھما لغتان لما یبسط ویفرش[1]

(مَھْدًا) یہ کوفیوں کی قراءۃ ہے ان کے غیر مِھادًا پڑھتے ہیں، یہ دونوں لغتیں ہیں، اس کا معنٰی ہے وہ شے جس کو بچھایا جاتا ہے اور بچھونا بنایا جاتا ہے۔ (ت)

اُسی کی سورۂ زخرف میں ہے :

(مَھْدًا) کوفی وغیرہ مھادًا ای موضع قرار[2]

(مَھْدًا) کوفی قراءۃ ہے اور اُن کے غیر کی قراءۃ مِھادًا ہے یعنی قرار کی جگہ۔ (ت)

معالم شریف میں ہے :

قرأ اھل الکوفۃ "مَھْدًا" ھٰھنا وفی الزخرف فیکون مصدرًا ای فرشًا وقرأ الاٰخرون "مھادًا" کقولہ تعالٰی "الم نجعل الارض مھادًا" ای فراشا وھو اسم مایفرش کالبساط[3]

اہلِ کوفہ نے یہاں اور سورۂ زخرف میں مَھْدًا پڑھا ہے یعنی فرش، اور دوسروں نے مھادًا پڑھا ہے، جیسے اللہ تعالٰی کا قول "کیا ہم نے زمین کو مھاد نہیں بنایا" یعنی فراش۔ وہ اس چیز کا نام ہے جسے بچھایا جاتا ہے جیسے بچھونا۔ (ت)

تفسیر ابن عباس میں دونوں جگہ ہے : (مَھْدًا) فراشًا[4] (یعنی بچھونا۔ ت)، نیز یہی مضمون قرآن عظیم کی بہت آیات میں ارشاد ہے، فرماتا ہے :

الم نجعل الارض مھادًا۔[5]

کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہ کیا۔ (ت)

---

[1] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیۃ ۲۰/۵۳ دار الکتاب العربی بیروت ۳/۵۵
[2] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۴/۱۱۴
[3] معالم التنزیل (تفسیر بغوی) 〃 دار الکتب العلمیہ بیروت ۳/۱۸۶
[4] تنویر المقباس من تفسیر ابن عباس 〃 〃 و ۴۳/۱۰ مکتبہ سرحد مردان ص ۱۹۵، ۳۰۴
[5] القرآن الکریم ۷۸/۶

فرماتا ہے:

والارض فرشنٰہا فنعم الماھدون[1]

اور زمین کو ہم نے فرش کیا تو ہم کیا ہی اچھا بچھانے والے ہیں (ت)

فرماتا ہے:

واللہ جعل لکم الارض بساطا[2]

اور اللہ نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا۔ (ت)

فرماتا ہے:

الذی جعل لکم الارض فراشا[3]

جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا۔ (ت)

اور قرآن کی بہتر تفسیر وہ ہے کہ خود قرآن کریم فرمائے۔

(ب) بچّے کا مہد ہو تو وہ کیا اس کے بچھونے کو نہیں کہتے۔ جلالین سورۂ زخرف میں ہے:

(مھادًا) فراشا کالمھد للصبی[4]

(مھادًا) بچھونا جیسے بچّے کے لئے گہوارہ۔ (ت)

لاجرم حضرت شیخ سعدی و شاہ ولی اللہ نے مھدًا کا ترجمہ طٰہٰ میں "فرش" اور زخرف میں "بساط" ہی کیا، اور شاہ رفیع الدین نے دونوں جگہ "بچھونا"۔

(ج) "گہوارہ" ہی لو تو اس سے تشبیہ آرام میں ہوگی نہ کہ حرکت میں، ظاہر کہ زمین اگر بالفرض باطل جنبش بھی کرتی تو اس سے نہ ساکنوں کو نیند آتی ہے نہ گرمی کے وقت ہوا لاتی ہے تو گہوارہ اسے بحیثیت جنبش مشابہت نہیں، ہے تو بحیثیت آرام و راحت ہے۔ خود گہوارہ سے اصل مقصد یہی ہے نہ کہ ہلانا، تو وجہِ شُبہ وہی ہے نہ یہ۔ لاجرم اسی کو مفسرین نے اختیار کیا۔

(د) لطف یہ کہ علماء نے اس تشبیہِ مھد سے بھی زمین کا سکون ہی ثابت کیا بالکل نقیض اس کا جو

---

[1] القرآن الکریم ۵۱/ ۴۸

[2] " ۷۱/ ۱۹

[3] " ۲/ ۲۲

[4] تفسیر جلالین تحت الآیۃ ۴۳/ ۱۰ مطبع مجتبائی دہلی نصف ثانی ص ۴۰۴

آپ چاہتے ہیں، تفسیر کبیر میں ہے:

کون الارض مھدا انما حصل کونھا واقفۃ ساکنۃ ولما کان المھد موضع الراحۃ للصبی جعل الارض مھد الکثرۃ ما فیھا من الراحات[1]

زمین کا گہوارہ ہونا اس کے ٹھہرنے اور ساکن ہونے کی وجہ سے حاصل ہوا، اور جب گہوارہ بچے کے لئے راحت کی جگہ ہے تو زمین کو اس کے لئے گہوارہ قرار دیا گیا کہ اس میں کئی طرح متعدد راحتیں موجود ہیں۔ (ت)

خازن میں ہے:

(جعل لکم الارض مھدا) معناہ واقفۃ ساکنۃ یمکن الانتفاع بھا ولما کان المھد موضع راحۃ الصبی فلذلک سمی الارض مھادا لکثرۃ ما فیھا من الراحۃ للخلق[2]

(تمہارے لئے زمین کو گہوارہ بنایا) اس کا معنٰی ہے کہ وہ ٹھہری ہوئی پُرسکون ہے جس سے نفع اٹھانا ممکن ہے، جبکہ گہوارہ بچے کے لئے راحت کی جگہ ہے تو اسی لئے زمین کا نام گہوارہ رکھا گیا کیونکہ اس میں مخلوق کے لئے کثیر راحتیں موجود ہیں۔ (ت)

خطیب شربینی پھر فتوحاتِ الٰہیہ میں زیرِ کریمہ زخرف ہے:

ای لوشاء لجعلھا متحرکۃ فلا یمکن الانتفاع بھا فالانتفاع بھا انما حصل لکونھا مسطحۃ قارۃ ساکنۃ[3]

یعنی اگر اللہ تعالٰی چاہتا تو زمین کو متحرک بناتا جس سے نفع حاصل کرنا ممکن نہ ہوتا۔ نفع تو اس صورت میں حاصل ہوا کہ وہ ہموار، قرار پکڑنے والی اور ساکن ہے۔ (ت)

اِس ارشادِ علماء پر کہ "زمین متحرک ہوتی تو اس سے انتفاع نہ ہوتا" کاسہ لیسانِ فلسفہ جدیدہ کو اگر یہ شبہہ لگے کہ "اس کی حرکت محسوس نہیں" تو اُن سے کہئے یہ تمہاری ہوس خام ہے۔ "فوزِ مبین" دیکھئے ہم نے خود فلسفۂ جدیدہ کے مسلّماتِ عدیدہ سے ثابت کیا ہے کہ اگر زمین متحرک ہوتی جیسا وہ مانتے ہیں تو یقیناً

---

[1] مفاتیح الغیب (تفسیر کبیر) تحت الآیۃ ۴۳/۱۰ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۲۷/ ۱۶۹

[2] لباب التاویل فی معانی التنزیل (تفسیر الخازن) تحت الآیۃ ۴۳/۱۰ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/ ۱۰۶

[3] الفتوحات الالٰہیۃ (تفسیر جمل) تحت الآیۃ ۴۳/۱۰ دار الفکر بیروت ۷/ ۸۰

اس کی حرکت ہر وقت سخت زلزلہ اور شدید آندھیاں لاتی، انسان حیوان کوئی اس پر نہ بس سکتا۔ زبان سے ایک بات ہانک دینا آسان ہے مگر اس پر جو قاہر رد ہوں اُن کا اٹھانا ہزار ملبانس پیراتا ہے۔

(۱۱) دیباچہ میں جو آپ نے دلائل حرکتِ زمین کتبِ انگریزی سے نقل فرمائے الحمدللہ ان میں کوئی تام کو تام نہیں سب پادر ہوا ہیں، زندگی بالخیر ہے تو آپ ان شاء اللہ تعالٰی ان سب کا ردِّ بلیغ فقیر کی کتاب "فوز مبین" کی فصل چہارم میں دیکھیں گے بلکہ وہ آٹھ سطریں جو میں نے اول میں لکھ دی ہیں کہ یورپ والوں کو طرزِ استدلال اصلاً نہیں آتا انھیں اثباتِ دعوٰی کی تمیز نہیں، اُن کے اوہام جن کو بنامِ دلیل پیش کرتے ہیں یہ یہ علّتیں رکھتے ہیں، منصف ذی فہم مناظرہ داں کے لئے وہی اُن کے رد میں بس ہیں کہ دلائل بھی انھیں علّتوں کے پابند ہوس ہیں اور بفضلہٖ تعالٰی آپ جیسے دیندار و سُنّی مسلمان کو تو اتنا ہی سمجھ لینا کافی ہے کہ ارشاد قرآن عظیم و نبی کریم علیہ افضل الصلٰوۃ والتسلیم و مسئلہ اسلامی و اجماعِ اُمّتِ گرامی کے خلاف کیونکر کوئی دلیل قائم ہوسکتی، اگر بالفرض اس وقت ہماری سمجھ میں اس کا رد نہ آئے جب بھی یقیناً وہ مردود، اور قرآن و حدیث و اجماع سچے۔ یہ ہے بحمد اللہ شانِ اسلام۔

محبِّ فقیر! سائنس یُوں مسلمان نہ ہوگی کہ اسلامی مسائل کو آیات و نصوص میں تاویلات دُور از کار کرکے سائنس کے مطابق کرلیا جائے۔ یُوں تو معاذ اللہ اسلام نے سائنس قبول کی نہ کہ سائنس نے اسلام، وہ مسلمان ہوگی تو یُوں کہ جتنے اسلامی مسائل سے اُسے خلاف ہے سب میں مسئلہ اسلامی کو روشن کیا جائے دلائل سائنس کو مردود و پامال کردیا جائے جا بجا سائنس ہی کے اقوال سے اسلامی مسئلہ کا اثبات ہو، سائنس کا ابطال و اسکات ہو، یُوں قابو میں آئے گی، اور یہ آپ جیسے فہیم سائنسدان کو باذنہٖ تعالٰی دشوار نہیں آپ اُسے بچشم پسند دیکھتے ہیں ؎

وعین الرضی عن کل عیب کلیلۃ[1]

(رضامندی کی آنکھ ہر عیب کو دیکھنے سے عاجز ہوتی ہے۔ ت)

اُس کے معائب مخفی رہتے ہیں مولٰی عزوجل کی عنایت اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی اعانت پر بھروسا کرکے اس کے دعاوی باطلہ مخالفہ اسلام کو بنظرِ تحقیر و مخالفت دیکھئے اُس وقت ان شاء اللہ العزیز القدیر اس کی ملمع کاریاں آپ پر کُھلتی جائیں گی اور آپ جس طرح اب دیوبندیہ مخذولین پر مجاہد ہیں یُونہی سائنس کے مقابل آپ نُصرتِ اسلام کے لئے تیار ہو جائیں گے کہ ؎

ولکن عین السخط تبدی المساویا[2]

---

[1] فیض القدیر شرح الجامع الصغیر تحت الحدیث ۳۶۶۳ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۳/ ۴۸۸

(لیکن ناراضگی کی آنکھ عیبوں کو عیاں کرتی ہے۔ ت)

مولوی قدس سرہ المعنوی فرماتے ہیں : ؎

دشمنِ راہِ خدا را خوار دار دُزد را منبر منہ بردار دار[1]

(اللہ تعالٰی کے راستے کے دشمن کو ذلیل رکھ، چور کے لئے منبر مت بچھا بلکہ اس کو سُولی پر چڑھا۔ ت)

ربِّ کریم بجاہِ نبی رؤف رحیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم ہمیں اور آپ اور ہمارے بھائیوں اہلسنّت خادمانِ ملّت کو نصرتِ دینِ حق کی توفیق بخشے اور قبول فرمائے، آمین!

الٰہ الحق اٰمین واعف عنّا واغفر لنا وارحمنا انت مولٰینا فانصرنا علی القوم الکٰفرین ۝ والحمد للہ ربّ العٰلمین ۝ وصلی اللہ تعالٰی علٰی سیدنا ومولٰینا محمد و اٰلہ وصحبہٖ وابنہٖ وحزبہٖ اجمعین ۝ اٰمین ، واللہ تعالٰی اعلم۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۱۹۵ تا ۲۲۸)

(۱۵) امریکی منجم پروفیسر البرٹ ایف، پورٹا کی ایک ہولناک پیشگوئی کا رَد کرتے ہوئے رسالہ "معین مبین بہر دورِ شمس وسکون زمین" میں فرمایا :

یہ سب اوہامِ باطلہ و ہوساتِ عاطلہ ہیں ، مسلمانوں کو ان کی طرف اصلاً التفات جائز نہیں۔

(۱) منجم نے ان کی بناء کواکب کے طول وسطی پر رکھی جسے ہیأتِ جدیدہ میں طول بلفرض مرکزیت شمس کہتے ہیں ، اس میں وہ چھ کواکب باہم ۲۶ درجے ۲۳ دقیقے کے فصل میں ہوں گے مگر یہ فرض خود فرض باطل و مطرود اور قرآن عظیم کے ارشادات سے مردود ہے ، نہ شمس مرکز ہے نہ کواکب اس کے گرد متحرک، بلکہ زمین کا مرکزِ ثقل مرکزِ عالم ہے اور سب کواکب اور خود شمس اس کے گرد دائر۔ اللہ تعالٰی عزوجل فرماتا ہے :

والشمس والقمر بحسبان[2] سورج اور چاند کی چال حساب سے ہے۔

اور فرماتا ہے :

والشمس تجری لمستقر لہا ذٰلک تقدیر العزیز العلیم[3] ۝

سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لئے ، یہ سادھا ہوا ہے زبردست علم والے کا۔

---

[1] مثنوی معنوی رجوع بحکایتِ زاہد باغلام امیر دفترِ پنجم نورانی کتب خانہ پشاور ص ۸۷

[2] القرآن الکریم ۵۵/۵

[3] " ۳۶/۳۸

اور فرماتا ہے :

کل فی فلك یسبحون[1]

چاند سورج ایک ایک گھیرے میں تیر رہے ہیں۔

اور فرماتا ہے :

وسخر لکم الشمس والقمر دائبین[2]

تمہارے لئے چاند اور سورج مسخر کئے کہ دونوں باقاعدہ چل رہے ہیں۔

اور سورۂ رعد میں فرماتا ہے :

وسخر الشمس والقمر کل یجری لاجل مسمّی[3]

اللہ نے مسخر فرمائے چاند سورج، ہر ایک ٹھہرائے وقت تک چل رہا ہے۔

بعینہٖ اسی طرح سورۂ لقمان، سورۂ ملٰئکۃ، سورۂ زمر میں فرمایا۔ اس پر جو جاہلانہ اختراع پیش کرے اس کے جواب کو آیۂ کریمہ تمہیں فرمادی ہے :

الا یعلم من خلق وھو اللطیف الخبیر[4]

کیا وہ نہ جانے جس نے پیدا کیا، اور وہی ہے ہر باریکی جانتا خبردار۔ (ت)

تو پیشگوئی کا سرے سے مبنٰی ہی باطل ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۲۳۰، ۲۳۱)

(۱۶) رسالہ مذکورہ "معین مبین" کے ایک حاشیہ میں فرمایا :

**تنبیہ ضروری :** آفتاب کو مرکز ساکن اور زمین کو اس کے گرد دائر ماننا تو صراحۃً آیاتِ قرآنیہ کا صاف انکار ہے ہئیاتِ یونان کا مزعوم کہ آفتاب مرکز زمین کے گرد دائر تو ہے مگر نہ خود بلکہ حرکتِ فلک سے، آفتاب کی حرکت عرضیہ ہے جیسے جالس سفینہ کی۔ یہ بھی ظاہر قرآنِ کریم کے خلاف ہے بلکہ خود آفتاب متحرک ہے آسمان میں تیرتا ہے جس طرح دریا میں مچھلی۔ قال اللہ تعالٰی :

وکل فی فلك یسبحون[5]

اور چاند سورج ایک ایک دائرے میں تیر رہے ہیں (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۳۶/ ۴۰ [2] القرآن الکریم ۱۴/ ۳۳
[3] 〃 ۱۳/ ۳۵ [4] 〃 ۶۷/ ۱۴
[5] 〃 ۳۶/ ۴۰

افقہ الصحابہ بعد الخلفاء الاربعہ سیدنا عبداللہ بن مسعود صاحب سِرِّ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و سیدنا حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالےٰ عنہم اجمعین کے حضور کعب کا قول مذکور ہوا کہ "آسمان گھومتا ہے" دونوں حضرات نے بالاتفاق فرمایا:

كذب كعب (ان الله يمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا) [1]

کعب نے غلط کہا اللہ تعالےٰ فرماتا ہے بیشک اللہ آسمانوں اور زمین کو روکے ہوئے ہے کہ سرکیں نہیں۔

زاد ابن مسعود: وكفى بها زوالا ان تدور [2]۔ رواه عنه سعيد بن منصور و عبد بن حميد و ابن جرير و ابن المنذر وعن حذيفة عبد بن حميد۔

ابن مسعود نے اتنا زیادہ کیا کہ گھومنا اس کے زوال کے لئے کافی ہے۔ اس کو عبداللہ بن مسعود سے سعید بن منصور، عبد بن حمید، ابن جریر اور ابن منذر نے روایت کیا جبکہ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے عبد بن حمید نے روایت کیا (ت)

اس آیت میں اگرچہ تاویل ہوسکے، صحابہ کرام خصوصاً ایسے اجلّہ اعلم بمعانی القرآن ہیں اور ان کا اتباع واجب ۱۲ منہ مدظلہ العالی۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۲۳۵)

(۱۷) سمندر کے نیچے آگ کا اثبات کرتے ہوئے فرمایا:

ہمارے یہاں تو ثابت ہی تھا کہ سمندر کے نیچے آگ ہے۔ قرآن عظیم نے فرمایا:

والبحر المسجور [3] (اور قسم ہے سلگائے ہوئے سمندر کی۔ ت)

حدیث میں ہے:

ان تحت البحر نارا [4] (بیشک سمندر کے نیچے آگ ہے۔ ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۲۶۹)

---

[1] جامع البیان (تفسیر الطبری) تحت الآیۃ ۳۵/۴۱ دار احیاء التراث العربی بیروت ۲۲/۱۴۰
الدر المنثور " " " " " " " ۳۲/۷

[2] جامع البیان (تفسیر الطبری) " " " " " " ۲۲/۱۴۱
الدر المنثور " " " " " " " ۳۲/۷

[3] القرآن الکریم ۵۲/۶

[4] المستدرک للحاکم کتاب الاھوال ان البحر ھو جہنم دار الفکر بیروت ۴/۵۹۶

(١٨) چاند اور چاندنی کے گرم نہ ہونے کے بارے میں فرمایا:

**اقول** یہ بھی ہیأتِ جدیدہ پر وارد ہے جس میں آسمان نہ مانے گئے۔ فضائے خالی میں جنبش ہے تو ضرور چاند کا آگ اور چاندنی کا سخت دھوپ سا گرم ہو جانا تھا لیکن ہمارے نزدیک کل فی فلك يسبحون[1] ہر ایک ایک گھیرے میں پیر تا ہے۔ ممکن کہ فلک قمر یا اس کا وہ حصہ جتنے میں قمر شناوری کرتا ہے خالق عظیم عز جلالہ نے ایسا سرد بنایا ہو کہ اس حرارت حرکت کی تعدیل کرتا اور قمر کو گرم ہونے دیتا ہو جس طرح آفتاب کے لئے حدیث میں ہے کہ اُسے روزانہ برف سے ٹھنڈا کیا جاتا ہے ورنہ جس چیز پر گرتا جلا دیتا۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر عن ابی امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۳۴۳)

(١٩) فلسفہ قدیمہ کے رد میں تحریر فرمودہ کتاب " الکلمۃ الملھمۃ " میں فرمایا:

**مقام اوّل**: اللہ عزوجل فاعل مختار ہے اس کا فعل نہ کسی مرجح کا دستِ نگر نہ کسی استعداد کا پابند، یہ مقدمہ نظر ایمانی میں تو آپ ہی ضروری و بدیہی۔

یفعل اللہ مایشاء[2] فعال لما یرید[3] له الخیرۃ۔

اور اللہ جو چاہے کرے، جب جو چاہے کرے، اختیار اسی کو ہے۔ (ت)

یُوں ہی عقل انسانی میں بھی آدمی اپنے ارادے کو دیکھ رہا ہے کہ دو متساویوں میں بے کسی مرجح کے آپ ہی تخصیص کر لیتا ہے۔ دو جام یکساں ایک صورت ایک نظافت کے دونوں میں ایک سا پانی بھرا ہو، اس سے ایک قرب پر رکھے ہوں، یہ پینا چاہے اُن میں سے جسے جی چاہے اٹھالے گا۔ ایک مطلوب تک دو راستے بالکل برابر و یکساں ہوں جسے چاہے چلے گا۔ ایک سے دو کپڑے ہوں جسے چاہے گا پہنے گا۔ پھر اُس فعّال لما یرید کے ارادے کا کیا کہنا۔ ( فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۳۸۶ )

(٢٠) و مزقناهم کل ممزق الآیۃ میں تمزیق سے کیا مراد ہے؟ اس سلسلہ میں جزء لایتجزی کا ابطال کرتے ہوئے فرمایا:

**فاقول** قال المولیٰ سبحانہٗ وتعالیٰ، ومزقنھم کل ممزق[4] (اور انھیں پوری پریشانی سے پراگندہ کر دیا۔ ت) تمزیق پارہ پارہ کرنا۔ ہم نے ان کی کوئی تمزیق باقی نہ رکھی سب بالفعل کر دیں۔ ظاہر ہے کہ یہاں تمزیق موجود مراد نہیں ہو سکتی کہ تحصیل حاصل ناممکن۔ لاجرم تمزیق ممکن مراد لینی جہاں

---

[1] القرآن الکریم ۳۶/۴۰
[2] القرآن الکریم ۱۴/۲۷
[3] القرآن الکریم ۱۱/۱۰۷
[4] القرآن الکریم ۳۴/۱۹

تک تجزیہ کا امکان تھا سب بالفعل کر دیا تو ضرور یہ تجزیہ اُن اجزاء پر منتہی ہُوا جن کے آگے تجزیہ ممکن نہیں ورنہ کل ممزق نہ ہوتا کہ ابھی بعض تمزیقیں باقی تھیں اور وہ اجزاء جن کا تجزیہ ناممکن ہو نہیں مگر اجزائے لاتتجزّی، تو اس تقدیر پر حاصل یہ ہُوا کہ اُن کے اجسام کے تمام اتصالاتِ حسیّہ ہر حصّے اور ہر ہر حصے کے حصّے باطل فرما کر اُن کے اجزائے لاتتجزّی دُور دُور بکھیر دیئے کہ اب کسی جُز کو دوسرے سے اتصالِ حسّی بھی نہ رہا۔

(فتاوی رضویہ ج ۲۷ ص ۵۳۹)

(۲۱) مزید فرمایا :

**ثالثاً** ہم نے اجزائے لاتتجزّی کی طرف بعض اجسام کی تحلیل قرآن کریم سے استفادہ کی تھی، بعض اجسام کا متصل بلا انفصال ہونا بھی کتاب عزیز سے استفادہ کریں۔

قال عزّ وجل "افلم ینظروا الی السماء فوقھم کیف بنینٰھا و زیّنّٰھا و ما لھا من فروج۔[۱]"

عزت وجلال والے اللہ نے فرمایا، کیا اپنے اوپر آسمان کو نہیں دیکھتے ہم نے اسے کیسے بنایا اور آراستہ فرمایا اور اس میں اصلاً رخنے نہیں۔

آسمان اگر اجزائے لاتتجزّی سے مرکب ہوتا تو بلاشبہہ اس میں بے شمار رخنے ہوتے کہ کوئی جُز دوسرے سے نہ مل سکتا تو ثابت ہوا کہ آسمان جسم متصل ہے۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۷ ص ۵۷۲)

(۲۲) جامع شرائط پیر طریقت سے انحراف گناہ ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں فرمایا :

پیرِ طریقت جامع شرائط صحت بیعت سے بلا وجہ شرعی انحراف ارتداد طریقت ہے اور شرعاً معصیت کہ بلا وجہ ایذاء و احتقار مسلم ہے، اور وہ دونوں حرام۔

اللہ عزّ وجل فرماتا ہے :

فمن نکث فانما ینکث علیٰ نفسہ۔[۲]

تو جس نے عہد توڑا اس نے اپنے بُرے عہد کو توڑا۔ (ت)

---

ع یعنی جبکہ ترکب اجزا سے فرض کریں ورنہ اجزائے لاتتجزّی کی طرف تحلیل تو ضرور مفاد ارشاد ہے کما سیأتی ۱۲ منہ غفرلہ۔

---

[۱] القرآن الکریم ۵۰/ ۶
[۲] " " ۴۸/ ۱۰

اور فرماتا ہے:

والذین یؤذون المؤمنون والمؤمنٰت بغیر ما اکتسبوا فقد احتملوا بھتانا و اثما مبینا۔[۱]

اور جو ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بے کئے ستاتے ہیں انھوں نے بہتان اور کھلا گناہ اپنے سر لیا۔ (ت)

(فتاوی رضویہ ج ۲۷ ص ۵۷۷، ۵۷۸)

(۲۴) محمد طیب نامی ایک شخص جو عرب صاحب کے نام سے مشہور تھا۔ اس نے تقلید کے بارے میں اعلیٰحضرت کی خدمت میں خط بھیجا جس کے جواب میں آپ نے فرمایا:

ولو انك یا اخی رجعت فی ھذا الی الکلام المبین لاغناك عن مراجعة مثلی من المقلدین کمابه تغنیت فیما تمنیت عن الائمة المجتھدین رضوان اللّٰہ تعالیٰ علیھم اجمعین الم تر الی ربك کیف یقول وقوله الحق "وما کان المؤمنون لینفروا کافة فلولا نفر من کل فرقة منھم طائفة لیتفقھوا فی الدین ولینذروا قومھم اذا رجعوا الیھم لعلھم یحذرون[۲]"، فقد فرض التفقه فی الدین واعفی عنه عامة المؤمنین ولم یترك احدا منھم سدی فانما ارشد للتقلید من اھتدی الم تعلم ان للّٰہ علی خلقه فرائض لا تترك ومحارم لا تنتھب وحدودا من تعداھا فقد ظلم وھلك ولکلھا او جلھا شرائط وتفاصیل لا یھتدی الیھا الا قلیل، وما یعقلھا الا العالمون[۳]، فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون[۴]

برادرم! اگر آپ اس معاملے میں قرآن عظیم کی طرف رجوع کرتے تو مجھ جیسے مقلد کی جانب رجوع کی حاجت نہ ہوتی جیسا کہ آپ اپنے خیال میں قرآن فہمی کے باعث حضرات ائمہ مجتہدین رضی اللہ تعالےٰ عنہم اجمعین سے بے نیاز ہو گئے ہیں، آپ نے دیکھا کہ آپ کا رب کیا فرما رہا ہے اور اسی کا قول سچا ہے وما کان المؤمنون لینفروا کافة الآیة یعنی مسلمان سب کے سب تو باہر جانے سے رہے تو کیوں نہ ہوا کہ ہر گروہ سے ایک ٹکڑا نکلتا کہ دین میں فقہ سیکھے اور واپس آکر اپنی قوم کو ڈر سنائے اس امید پر کہ وہ خلافِ حکم کرنے سے بچیں، تو اللہ تعالےٰ نے فقہ سیکھنا فرض فرمایا اور عام مومنین کو اس سے معاف فرمایا اور مہمل اور آزاد کسی کو نہیں رکھا ہے تو ضرور اہلِ ہدایت کو تقلید ہی کا ارشاد ہوا ہے۔ کیا آپ نہیں جانتے کہ

---

[۱] القرآن الکریم ۳۳/ ۵۸
[۲] القرآن الکریم ۹/ ۱۲۲
[۳] ؍؍ ۲۹/ ۴۳
[۴] ؍؍ ۱۶/ ۴۳

اللہ عزوجل کے لئے اپنی مخلوق پر کچھ فرض ہیں کہ چھوڑنے کے نہیں کچھ حرام ہیں کہ حرمت توڑنے کے نہیں، کچھ حدیں ہیں کہ جو ان سے آگے بڑھے ظالم ہو اور ہلاکت میں پڑے، اور ان سب یا اکثر کے لئے شرطیں اور تفصیلیں ہیں جنھیں گنتی ہی کے لوگ جانتے ہیں اور ان کی سمجھ نہیں مگر عالموں کو، تو اہلِ ذکر سے مسئلہ پوچھو اگر تمھیں علم نہ ہو۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۶۴۷، ۶۴۸)

(۴۲) محمد طیب (عرب صاحب) نے دوسرا خط اولیاء اللہ کے تصرف کے بارے میں بھیجا، اعلٰحضرت علیہ الرحمہ نے اس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

ان کان معناك واجیرك باللہ ان یکون مرمالك ان البشر ان یکون المولٰی سبحٰنه وتعالٰی شرف جمعا من عبادہ المکرمین بان اذن لهم فی التصرف فی العٰلمین من دون ان یجری فی ملکه الّا ما یشاء او یکون لغیرہ ذرۃ من ملك فی ارض او سماء او یتوهم هناك شئ من تعطیل او تحمل وزرا و تخفیف ثقیل کما اذن سبحٰنه لجبریل ومیکائیل وعزرائیل وغیرهم من مقربی حضرۃ الجلیل علیهم الصّلٰوۃ والسلام بالتبجیل فی تدابیر القطر والمطر والزرع والنبات والریاح والجنود والحیٰوۃ والممات وتصویر الاجنۃ فی بطون الامهات وتیسیر الرزق وقضاء الحاجات الٰی غیر ذٰلك من حوادث الکائنات وهم فیما بینهم علٰی منازل شتی کما انزلهم ربهم حتما وبتًا سلاطین ووزراء واعوان و امراء فهٰذا ما یقوله المسلم ولا مراء وهذا کلام اللہ قولا فصلا وحکما عدلا قائلا "فالمدبرٰت امرا[1]" توفته رسلنا[2] قل یتوفّٰکم ملك الموت الذی وکّل بکم[3]، وهو القاهر فوق عبادہ ویرسل علیکم حفظة[4]، له معقبٰت من بین یدیه ومن خلفه یحفظونه من امر اللہ[5]، اذ یوحی ربك الی الملٰئکة انی معکم فثبّتوا الذین اٰمنوا[6]، انه لقول رسول کریم ٥ ذی قوۃ عند ذی العرش مکین ٥ مطاع ثمّ امین[7]٥ انما انا رسول ربك لاهب لك غلاما زکیا[8]٥ انی جاعل فی الارض خلیفة[9] یا داؤد انا جعلنٰك خلیفة فی

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| [1] القرآن الکریم ۷۹/ ۵ | [2] القرآن الکریم ۶/ ۶۱ | [3] القرآن الکریم ۳۲/ ۱۱ | |
| [4] " ۶/ ۶۱ | | [5] " ۱۳/ ۱۱ | |
| [6] " ۸/ ۱۲ | | [7] " ۸۱/ ۱۹، ۲۰، ۲۱ | |
| [8] " ۱۹/ ۱۹ | | [9] " ۲/ ۳۰ | |

الارض[1] انا سخرنا الجبال معه یسبحن بالعشی والاشراق ○ والطیر محشورۃ کل له اواب[2]○ فسخرنا له الریح تجری بامرہ رخاء حیث اصاب[3]○ والشیاطین کل بناء وغواص[4]○ واٰخرین مقرنین فی الاصفاد[5]○ ھٰذا عطاؤنا فامنن او امسک بغیر حساب[6]○ ابریٔ الاکمه والابرص واُحی الموتٰی باذن اللّٰه[7] ولکن اللّٰه یسلط رسله علٰی من یشاء[8] اغناھم اللّٰه ورسوله من فضله[9] حسبنا اللّٰه سیؤتینا اللّٰه من فضله ورسوله[10]۔ یٰایھا الذین اٰمنوا اطیعوا اللّٰه واطیعوا الرسول واولی الامر منکم[11]، ولو ردوه الی الرسول والی اولی الامر منھم لعلمه الذین یستنبطونه منھم[12]۔ فنبئنی بعلم ماذا تستبشع فیه انما عھدی بك عقولاً غیر سفیه واللّٰه الھادی وولی الایادی۔

اگر آپ کی مراد یہ ہو (اور میں آپ کو خدا کی پناہ میں دیتا ہوں کہ یہ آپ کی مراد ہو) کہ ناخوش یہ ہے کہ اللہ عزوجل اپنے گرامی بندوں سے ایک گروہ کو شرف بخشے انھیں عالم میں تصرف کا اذن دے بغیر اس کے کہ اس کے ملک میں بے اس کے چاہے کچھ ہو سکے یا اس کے غیر کے لئے زمین یا آسمان میں کوئی ذرہ بھر ملک ہو یا یہاں کسی قدر معطل ہونے یا بوجھ اٹھانے بار بار ہلکا کرنے کا وہم گزرے جیسے اس پاک بے نیاز نے جبریل ومیکائیل وعزرائیل وغیرہم مقربانِ بارگاہِ عزت علیہم الصلوٰۃ والتحیۃ کو بوندوں اور بارش اور روئیدگی اور ہواؤں اور لشکروں اور زندگی اور موت کی تدبیر اور ماؤں کے پیٹ میں بچوں کی تصویر اور خلق کے لئے روزی آسان اور حاجتیں روا کرنے اور ان کے سوا اور حوادثِ کائنات کا اِذن دیا ہے اور وہ قطعًا یقینًا اپنے آپس میں مختلف مرتبوں پر ہیں جسے اس کے رب نے جو مرتبہ بخشا ہے بادشاہ ووزیر وسپاہی وامیر، تو یہ بات بیشک مسلمانوں کے کہنے کی ہے اور یہ ہے اللہ کا کلام فیصلہ کرنے والا ارشاد اور عدالت والا احاکم کہ فرما رہا ہے: قسم ان کی جو کاموں کی تدبیر کرتے ہیں، اسے ہمارے رسولوں نے وفات دی تو فرما تمھیں ملک الموت وفات دیتا ہے

---

[1] القرآن الکریم ۳۸/ ۲۶
[2] القرآن الکریم ۳۸/ ۱۸، ۱۹
[3] " ۳۸/ ۳۶
[4] " ۳۸/ ۳۷
[5] " ۳۸/ ۳۸
[6] " ۳۸/ ۳۹
[7] " ۳/ ۴۹
[8] " ۵۹/ ۶
[9] " ۹/ ۷۴
[10] " ۹/ ۵۹
[11] " ۴/ ۵۹
[12] " ۴/ ۸۳

جوتم پر مقرر فرمایا گیا ہے، اور وہی غالب ہے اپنے بندوں پر اور بھیجتا ہے تم پر نگہبان، آدمی کے لئے بدلی والے ہیں اس کے آگے اور پیچھے کہ اس کی حفاظت کرتے ہیں خدا کے حکم سے، جب وحی بھیجتا ہے تیرا رب فرشتوں کو کہ میں تمھارے ساتھ ہوں تو تم ثابت قدمی بخشو ایمان والوں کو۔ بیشک وہ ایک عزت والے زبردست رسول کی بات ہے کہ مالکِ عرش کے حضور جس کی عزت ہے وہاں اس کا حکم چلتا ہے امانت والا ہے، میں تو یہی تیرے رب کا رسول ہوں اور میں تجھے ستھرا بیٹا عطا کروں، بیشک میں زمین میں نائب بنانے والا ہوں۔ اے داؤد! بیشک ہم نے تجھے زمین میں نائب کیا۔ بیشک ہم نے اس کے ساتھ پہاڑوں کو قابو کر دیا پاکی بولتے ہیں پچھلے دن اور سورج چمکتے اور پرندوں کو مسخر کر دیا گروہ کے گروہ جمع کئے ہوئے، سب اس کی طرف رجوع لاتے ہیں۔ تو ہم نے سلیمان کے قابو میں ہوا کو کر دیا کہ سلیمان کے حکم سے نرم نرم چلتی ہے جہاں وہ چاہے اور دیو مسخر کر دیئے اور ہر راج اور غوطہ خور اور بندھنوں میں جکڑے ہوئے، یہ ہماری دین ہے تو چاہے دے چاہے روک رکھ بے حساب۔ میں مادر زاد اندھے اور سپید داغ والے کو اچھا کرتا ہوں اور میں مردے جِلا دیتا ہوں خدا کے حکم سے۔ لیکن اللہ اپنے رسولوں کو قابو دیتا ہے جس پر چاہے۔ انھیں غنی کر دیا اللہ اور اللہ کے رسول نے اپنے فضل سے۔ ہمیں خدا بس ہے اب دیتا ہے ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول۔ اے ایمان والو! حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور ان کا جو تم میں کاموں کے اختیار والے ہیں۔ اور اگر اسے لاتے رسول کے حضور اور اپنے ذی اختیاروں کے سامنے تو ضرور اس کی حقیقت جان لیتے وہ جو ان میں بات کی تہ کو پہنچ جانے والے ہیں۔ تو اب علمی راہ سے کہئے اس میں آپ کو کیا برا لگتا ہے، اور میں نے آپ کو جب دیکھا تھا عاقل غیر سفیہ ہی پایا تھا اور اللہ ہادی اور نعمتوں کا مالک ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۷ ص ۶۶۲ تا ۶۶۵)

# فتاوٰی رضویہ جلد ۲۸

(۱) ولد الزنا کی امامت وخلافت کے بارے میں فرمایا:

یونہی اگر وہ لائقِ خلافت ہے اُسے خلافت دینی اور عقیدت کے ساتھ اس کے ہاتھ پر بیعت کرنے میں کوئی حرج نہیں، نہ اُس پر نہ اُس کے شیخ پر اس میں کچھ الزام۔

قال اللہ تعالٰی لا تزر وازرۃ وزر اُخرٰی[1]۔

(اللہ تعالٰی نے فرمایا:) کوئی بوجھ اُٹھانے والی جان دوسری کا بوجھ نہیں اٹھائے گی۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۲)

[1] القرآن الکریم ۶/ ۱۶۴

(۲) آیت کریمہ اذا نودی للصلٰوۃ من یوم الجمعۃ الاٰیۃ میں نداء سے مراد اذانِ خطبہ ہے۔ چنانچہ تفاسیر کے حوالے پیش کرتے ہوئے رسالہ شمائم العنبر میں فرمایا:

ففی تفسیر الخازن، (اذا نودی للصلٰوۃ من یوم الجمعۃ) اراد بھذا الاذان عند قعود الامام علی المنبر لانہ لم یکن فی عھد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نداء سواہ، ولابی داؤد قال کان یؤذن بین یدی النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اذا جلس علی المنبر یوم الجمعۃ علٰی باب المسجد[1] اھ مختصرًا۔

وفی تفسیر الکبیر قولہ تعالٰی "اذا نودی" یعنی النداء اذا جلس الامام علی المنبر یوم الجمعۃ۔ وھو قول مقاتل وانہ کما قال لانہ لم یکن فی عھد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نداء سواہ، کان اذا جلس علیہ الصلٰوۃ والسلام علی المنبر اذن بلال علٰی باب المسجد وکذا علٰی عھد ابی بکر وعمر رضی اللہ تعالٰی عنھما[2] اھ۔

وفی الکشاف النداء الاذان، وقالوا المراد بہ الاذان عند قعود الامام علی المنبر، وقد کان لرسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم مؤذن واحد فکان اذا جلس علی المنبر اذن علی باب المسجد فاذا نزل اقام للصلٰوۃ، ثم کان ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالٰی عنھما علٰی ذٰلک، حتی اذا کان عثمٰن وکثر الناس وتباعدت المنازل زاد مؤذنا اٰخر فامر بالتاذین الاول علٰی دارہ التی تسمّٰی "زوراء" فاذا جلس علی المنبر اذن المؤذن الثانی فاذا نزل اقام للصلٰوۃ[3] اھ۔

وفی الدر الشفاف لعبداللہ بن الھادی کان لہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم مؤذن واحد فکان اذا جلس علی المنبر اُذّن علٰی باب المسجد فاذا نزل اقام الصلٰوۃ[4] اھ۔

وکذا فی النھر الماد من البحر لابی حیان کذٰلک کان فی زمان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کان اذا صعد علی المنبر اُذّن علٰی باب المسجد فاذا نزل بعد

---

[1] لباب التاویل فی معانی التنزیل (تفسیر الخازن) تحت آیۃ ۶۲/۹ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/۲۹۰
[2] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) 〃 〃 〃 میدان الجامع الازہر مصر ۳۰/۸
[3] الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل 〃 〃 〃 دار الکتاب العربی بیروت ۴/۵۳۲
[4] الدر الشفاف

الخطبة أقيمت الصلوٰة ، وكذا كان فی زمن ابی بكر وعمر الیٰ زمن عثمان وكثر الناس وتباعدت المنازل فزاد مؤذنا اٰخر علی دارہ التی تسمّی الزوراء ، فاذا جلس علی المنبر أذّن الثانی ، فاذا نزل من المنبر اقيمت الصّلوٰة ولم يعب احد ذٰلك[1]

وفی تقريب الكشاف (لابی الفتح محمد بن مسعود) ، كان لرسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم وكذا الشيخين بعدہ مؤذّن واحد يؤذّن عند الجلوس علی المنبر علی باب المسجد[2] اھ۔

وفی تجريد الكشاف لابی الحسن علی بن القاسم كان له صلّی الله تعالیٰ عليه وسلم مؤذن واحد فكان اذا جلس علی المنبر اذّن علیٰ باب المسجد فاذا نزل اقام الصّلوٰة[3] اھ۔

وفی تفسير النيسابوری النداء الاذان فی اول وقت الظهر وقد كان لرسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم مؤذن واحد فكان اذا جلس علی المنبر اذن علیٰ باب المسجد[4] الخ مثل ما فی الكشاف۔

وفی تفسير الخطيب ثم الفتوحات الالٰهية قوله تعالیٰ "اذا نودی للصلوٰة" المراد بهٰذا النداء الاذان عند قعود الخطيب علی المنبر لانه لم يكن فی عهد رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم نداء سواہ فكان له مؤذن واحد اذا جلس علی المنبر اذّن علیٰ باب المسجد فاذا نزل اقام الصّلوٰة ثم كان ابوبكر وعمر وعلی بالكوفة رضی الله تعالیٰ عنهم علیٰ ذٰلك ، حتیٰ كان عثمان رضی الله تعالیٰ عنه وكثر الناس وتباعدت المنازل زاد اذانا آخر[5] الخ۔

تفسیر خازن میں ہے : (جمعہ کے دن جب نماز کے لئے اذان دی جائے) اس سے وہ اذان

---

[1] النهر الماد من البحر علیٰ هامش البحر المحيط تحت الآیۃ ۶۲/۹ دار الفکر بیروت ۸/۲۶۵
[2] تقریب الکشاف لابی الفتح محمد بن مسعود
[3] تجرید الکشاف لابی الحسن علی بن قاسم
[4] غرائب القرآن (تفسیر نیشاپوری) تحت الآیۃ ۶۲/۹ مصطفی البابی مصر ۲۸/۵۲
[5] الفتوحات الالٰہیہ (الشہیر بالجمل) 〃 〃 دار الفکر بیروت ۸/۷

مراد ہے جو امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت ہوتی ہے اس لئے کہ حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں اس کے علاوہ اور اذان نہیں تھی۔ ابو داؤد کی حدیث میں ہے کہ حضور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمعہ کے دن جب منبر پر بیٹھتے تو ان کے سامنے مسجد کے دروازہ پر اذان دی جاتی تھی اھ مختصراً۔

تفسیر کبیر میں ہے: اللہ تعالےٰ کا قول "جمعہ کے دن جب نماز کے لئے اذان دی جائے" یعنی ندا جو جمعہ کے دن امام کے منبر پر بیٹھتے وقت دی جاتی ہے، یہی مقاتل کا قول ہے۔ اور ایسا ہی بیان کیا گیا ہے کہ حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں اس اذان کے علاوہ کوئی اذان نہیں دی جاتی تھی، جمعہ کے دن جب حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم منبر پر بیٹھتے تو بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد کے دروازہ پر اذان دیتے۔ ایسا ہی ابوبکر و عمر رضوان اللہ تعالیٰ علیہما کے زمانہ میں بھی تھا اھ۔

تفسیر کشاف میں ہے: (سورۂ جمعہ کی آیت میں) نداء سے مراد اذان ہے، کہتے ہیں کہ اس اذان کی طرف اشارہ ہے جو امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت دی جاتی تھی۔ حضور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ایک ہی مؤذن آپ کے منبر پر بیٹھتے ہی مسجد کے دروازہ پر اذان دیتا۔ خطبہ کے بعد آپ منبر سے اُتر کر نماز قائم فرماتے۔ ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کے زمانہ میں بھی ایسا ہی ہوتا رہا۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ہوئے اور لوگوں کی تعداد میں بڑا اضافہ ہوا اور دُور دُور تک مکانات ہو گئے تو آپ نے ایک مؤذن کا اور اضافہ فرمایا اور اسے پہلی اذان کا حکم دیا جو آپ کے گھر موسوم بہ "زوراء" پر دی جاتی (یہ مکان مسجد سے دور بازار میں تھا) اور جب آپ منبر پر بیٹھتے تو دوسرے مؤذن اذان دیتے، پھر آپ منبر سے اُتر کر نماز قائم فرماتے اھ۔

درشفاف لعبد اللہ بن الہادی میں ہے: آپ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ایک ہی مؤذن تھے جو آپ کے منبر پر بیٹھنے کے وقت دروازۂ مسجد پر اذان دیتے پھر آپ منبر سے اُتر کر نماز قائم فرماتے اھ۔

نہر الماد من البحر لابی حیان میں ہے حضور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ پاک میں ایسا ہی ہوتا تھا کہ جب آپ منبر پر بیٹھتے تو مسجد کے دروازہ پر اذان ہوتی، اور جب خطبہ کے بعد آپ اترتے تو نماز قائم ہوتی۔ ایسے ہی صاحبین کے عہد تا ابتداءِ عہدِ عثمانِ غنی رضوان اللہ علیہم اجمعین ہوتا رہا۔ پھر عثمان کے زمانہ میں مدینہ شریف کی آبادی بڑھ گئی لوگ زیادہ ہو گئے اور مکانات دُور تک پھیل گئے تو آپ نے ایک مؤذن کا اضافہ فرمایا اور انھیں حکم فرمایا کہ پہلی اذان آپ کے مکان "زوراء" پر دیں۔ پھر جب آپ منبر پر بیٹھتے تو مؤذن دوسری اذان دیتا۔ پھر آپ منبر سے اُتر کر نماز قائم فرماتے۔ اس پر کسی نے اعتراض نہیں کیا۔

تقریب کشاف لابی الفتح محمد بن مسعود میں ہے: حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اور آپ کے بعد شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے عہد میں ایک ہی مؤذن تھا جو امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت مسجد کے دروازے

اذان دیتا تھا۔

اور تجرید کشاف لابی الحسن علی بن القاسم میں ہے: حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا ایک مؤذن تھا، جب آپ منبر پر بیٹھتے تو وہ مسجد کے دروازے پر اذان دیتا تھا، اور آپ جب منبر سے اُترتے تو نماز قائم فرماتے اھ۔

تفسیر نیشاپوری میں ہے: نداء اول وقت ظہر میں اذان ہے۔ حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا ایک مؤذن تھا، جب آپ منبر پر بیٹھتے تو وہ مسجد کے دروازے پر اذان دیتا تھا الخ (موافق تفسیر کشاف)۔

تفسیر خطیب و فتوحاتِ الٰہیہ میں ہے: اللہ تعالےٰ کا فرمان "جمعہ کے دن جب نماز کے لئے اذان دی جائے" اس نداء سے وہ اذان مراد ہے جو امام کے منبر پر بیٹھنے پر دی جاتی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد میں اس اذان کے علاوہ تھی ہی نہیں، ایک ہی مؤذن تھا، جب آپ منبر پر بیٹھتے تو وہ دروازہ پر اذان دیتا اور جب آپ منبر سے اُترتے تو نماز قائم ہوتی۔ پھر ابوبکر و عمر و علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کوفہ میں اسی پر عامل رہے، مدینہ میں عہدِ عثمانِ غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ میں آبادی بڑھی اور مکانات دُور دُور تک پھیل گئے تو انھوں نے ایک اذان اور زائد کی۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۱۰۸ تا ۱۱۲)

(۴) جو شخص کہتا ہے کہ عہدِ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم میں اذانِ جمعہ تھی ہی نہیں اس کے رد میں فرمایا:

ولا یدری ھذا المسکین ان ھذا انکار للاجماع و تصریح القرآن فقد اجمعوا انہ لم یکن من عہد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم للجمعۃ الا ھذا الاذان و اللہ تعالیٰ یقول یایھا الذین اٰمنوا اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ[1] وانما الامر بالسعی للغائبین دون الحاضرین لاستحالۃ تحصیل الحاصل و اللہ تعالیٰ یقول و ذروا البیع[2]، وانما البیع والشراء کان فی الاسواق لا فی المسجد فدل النص ان اذان الخطبۃ علی عہد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان نداء للغائبین الی الصلوٰۃ ھذا ھو الاذان المصطلح الشرعی۔

اس مسکین کو یہ معلوم نہیں کہ اجماعِ اُمت و تصریحِ قرآن کا انکار ہے، کیونکہ سب کا اس پر اجماع ہے کہ "حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے عہد میں خطبہ کے علاوہ کوئی اذان نہ تھی"۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ "اے ایمان والو! جمعہ کے دن اذان دی جائے تو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے لئے دوڑ پڑو"۔ یہ مسجد کی طرف سعی کا حکم غائبین

---

[1] و [2] القرآن الکریم ۶۲/۹

کے لئے ہی تو ہے۔ یہ بھی فرمایا کہ بیع وشراء چھوڑ دو۔ بیع وشراء تو بازار میں ہوتی ہے مسجد میں نہیں۔ تو معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں اذانِ خطبہ مسجد میں موجود نہ رہنے والوں کو نماز کے لئے بلانے کے لئے ہی ہوتی تھی، اور یہی اذان شرعی و اصطلاحی ہے۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۱۲۷)

(۴) "انما یعمر مساجد اللہ من اٰمن باللہ والیوم الاٰخر" سے کیا مراد ہے؟ اس کے بارے میں فرمایا:

والاٰخر الارض مع البناء وھو الاصل مع الوصف فالبنیان کالجدران والبیبان، داخل بھذا المعنی فیہ وعلی الاول قولہ تعالیٰ "انما یعمر مساجد اللہ من اٰمن باللہ والیوم الاٰخر"[1]۔ اخرج الائمۃ احمد والدارمی والترمذی وحسنہ وابن ماجۃ وابن خزیمۃ و ابن حبان والحاکم، وصححہ عن ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا رأیتم الرجل یعتاد المسجد فاشھدوا لہ بالایمان[2] قال اللہ تعالیٰ "انما یعمر مساجد اللہ من اٰمن باللہ والیوم الاٰخر"[3] فعمارتھا بالصلوٰۃ فیھا لو لم یکن ثم بناء کالمسجد الحرام فی زمن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فما کان الا ارضا حول الکعبۃ مخلاۃ للطواف، وعلی الاٰخر قولہ عز وجل "لھدمت صوامع وبیع وصلوات ومساجد"[4]، فما الھدم الا للبناء۔

(ب) اس اطلاق میں زمین مع بنیادوں کے مسجد ہے، تو دروازے اور دیواریں سب مسجد میں داخل ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان انما یعمر مساجد اللہ من اٰمن باللہ (مسجدیں اللہ تعالیٰ پر

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۱۸

[2] جامع الترمذی | ابواب الایمان | باب ما جاء فی حرمۃ الصلوٰۃ | امین کمپنی دہلی | ۲/ ۸۶
مسند احمد بن حنبل | عن ابی سعید الخدری | المکتب الاسلامی بیروت | ۳/ ۶۸
المستدرک للحاکم | کتاب الصلوٰۃ | دار الفکر بیروت | ۱/ ۲۱۲ و ۲۱۳
موارد الظمآن | باب الجلوس فی المسجد للخیر | حدیث ۳۱۰ | المکتبۃ السلفیہ | ص ۹۹
صحیح ابن خزیمہ | باب الشہادۃ بالایمان لعمار المسجد | حدیث ۱۵۰۲ | المکتب الاسلامی بیروت | ۲/ ۳۷۹

[3] القرآن الکریم ۹/ ۱۸

[4] " ۲۲/ ۴۰

ایمان لانے والے تعمیر کرتے ہیں) میں یہی مراد ہے۔ امام احمد، دارمی اور ترمذی نے اس کو تخریج کیا، اور ترمذی نے حسن کہا۔ ابن ماجہ، ابن خزیمہ، ابن حبان اور حاکم نے اس کی تصحیح کی روایت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب تم کسی آدمی کو دیکھو کہ مسجد کی حاضری اس کی عادت بن چکی ہے تو اس کے ایمان کی گواہی دو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "مسجد تو وہی آباد کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور یومِ آخرت پر ایمان لائیں۔" مسجد کی آبادی تو نماز پڑھنے سے ہے اگرچہ وہاں کوئی عمارت نہ ہو۔ جیسا حضور صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں مسجد حرام کا حال تھا کہ وہ کعبہ کے گرد زمین تھی جو طواف کے لئے خالی چھوڑی ہوئی تھی۔ اور اس دوسرے معنیٰ پر ہی اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: لهدمت صوامع و بيع (تو البتہ یہود و نصاریٰ کے صوامع اور عبادت خانے ڈھا دیئے جاتے) اور بنی ہوئی عمارت ہی ڈھائی جاتی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲۸ ص ۱۳۷، ۱۳۸)

(۵) اذانِ خطبہ مسجد سے باہر ہونا سنت ہے۔ اس مسئلہ پر تحریر کردہ اپنے رسالہ "شمائم العنبر" کے تیسرے شمامہ میں اعلیٰحضرت علیہ الرحمہ نے فرمایا:

قال الله عزوجل: "يايها الذين امنوا لا ترفعوا اصواتكم فوق صوت النبی ولا تجهروا له بالقول كجهر بعضكم لبعض ان تحبط اعمالكم و انتم لا تشعرون ○ ان الذين يغضون اصواتهم عند رسول الله اولئك الذين امتحن الله قلوبهم للتقوٰى لهم مغفرة واجر عظيم[1]"

ارشدنا القراٰن الكريم الى ادب حضرة الرسالة و انه لا يجوز رفع الصوت فيها واوعد عليه الوعيد الشديد ان فيه لخشية حبط الاعمال والعياذ بالله تعالىٰ و ندب الى غض الصوت عنده ووعد عليه الوعد الجميل مغفرة من الله واجر عظيم۔

ولاشك ان ليس ذلك الا لهيبة المقام واجلال صاحبه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فالحضرة الالٰهية احق واعظم الم تسمع ربك عزوجل يقول: "وخشعت الاصوات للرحمٰن فلا تسمع الا همسا[2]" وما المصلى الا حضرة العلى الاعلى عزوعلا و تبارك و تعالىٰ۔ فلعمرى لو يتذكر الناس حين حضورهم المساجد قيامهم بين يدى ربهم

---

[1] القرآن الکریم ۴۹/۲، ۳

[2] ″ ۲۰/۱۰۸

عزوجل یوم القیامۃ واستحضروا عظمۃ المقام وتفطنوا این ھم وبین یدی من ھم لخشعت الاصوات للرحمٰن فلا یکاد یخرج صوت الامن اذن لہ الرحمٰن وقال صوابا کالقاری والخطیب فکان الاصل فی المساجد فیما لم یرد بہ الاذن ان لا تسمع الاھمسا ولذا اتت الاحادیث تنھٰی عن رفع الصوت فیھا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے: اے ایمان والو! نبی مکرم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی آواز پر اپنی آواز ایسے بلند نہ کرو جیسے آپس میں ایک دوسرے سے آواز بلند کرتے ہو، کہیں تمھارے اعمال اکارت نہ ہو جائیں اور تمھیں پتا بھی نہ چلے۔ جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے حضور اپنی آواز پست کرتے ہیں اللہ تعالےٰ نے ان کے دلوں کو تقویٰ کے لئے آزمالیا ہے ان کے لئے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔

اللہ تعالےٰ نے دربارِ مصطفےٰ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ادب کی طرف راہنمائی کی کہ اس بارگاہ میں بلند آوازی جائز نہیں، اور ایسی شدید وعید فرمائی کہ اس میں (معاذ اللہ) عمل ضائع ہو جانے کا خطرہ ہے' اور وہاں پست آوازی پر اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ ہے۔

اور شبہ نہیں کہ یہ اہتمام صاحبِ مقام کی ہیبت واجلال کے لئے ہے (صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) تو دربارِ الٰہی جل جلالہ کا ادب واحترام تو اس سے بدرجہا اعلیٰ واہم ہے۔ اللہ تعالےٰ کا یہ فرمان کس نے نہ سُنا: "قیامت کے دن دربارِ الٰہی میں ساری آوازیں سہمی ہوں گی' اور سرگوشی کے علاوہ کچھ بھی سُن نہ سکوگے"۔ مسجد اللہ تبارک وتعالیٰ کا دربارِ عالی ہے، واللہ العظیم، اگر آدمی مسجد کی حاضری کے وقت قیامت میں رب العالمین کے حضور اپنا کھڑا ہونا یاد کرے اور مقام کی عظمت یاد کرکے سوچے کہ کہاں اور کس واسطے کھڑا ہے، تو اجازت یافتہ انسانوں (یعنی قاری اور خطیب) کے علاوہ کسی کی آواز نہ نکلے۔ پس اصل حکم یہی ہوا کہ مسجد میں اجازت یافتہ لوگوں کے سوا کسی کی سرگوشی کے علاوہ کچھ نہ سُنا جاسکے۔ اسی لئے احادیثِ کریمہ میں مسجد میں آواز بلند کرنے کی ممانعت آئی۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۸ ص ۱۵۶ تا ۱۵۸)

(۶) اسی سلسلہ میں مزید فرمایا:

**نفحہ ۲**: نسمع ربنا تبارک وتعالیٰ یعاتب قوما اذیقول عزمن قائل: "اذا فریق منھم یخشون الناس کخشیۃ اللہ او اشد خشیۃ ط" وقال عزوجل: "فاللہ احق ان تخشوہ ان کنتم مؤمنین" ولقد علم من غشی ابواب السلطان انہ

---

[۱] القرآن الکریم ۴/۷۷ [۲] القرآن الکریم ۹/۱۳

اذا کان قوم خارج الحضرۃ وامر الملك بدعائھم لم یکن للحجاب ان ینادوھم فی الحضرۃ بل یخرجون فینادون ولو قاموا علی رأس السلطان وجعلوا یصیحون بالنداء، لاساؤا الادب واستجلبوا الغضب واستحقوا التادیب، ومن لم یر الملوك فینظر قضاۃ بلادنا کفارھم ومسلموھم اذا امروا بنداء الخصوم او الشھود لم تقدر الاعوان ان ینادوھم فی دار القضاء بل یخرجون خروجا فیدعون وھذا مشھود کل یوم ومن انکر کونه اساءۃ ادب فلیجرب علی نفسه ولیقم بین یدی حاکمھم المسمّٰی عندھم جج، ویرفع صوته بیا فلان یا فلان لناس خارج المکان فسیری ما یبدل البیان بالعیان، وما ذٰلك الا الادب المقام وخشیۃ الحکام" فالله احق ان تخشوہ ان کنتم مؤمنین[1]"

**نفحہ ۲** : اللہ تبارک وتعالیٰ ایک قوم کی حالت بیان کرتا ہے " ایک گروہ آدمیوں سے خدا سے ڈرنے کی طرح ڈرتا ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ خوف کھاتا ہے۔" اللہ تعالےٰ فرماتا ہے :" حالانکہ مومنوں کو اللہ تعالےٰ سے ہی سب سے زیادہ ڈرنا چاہئے۔" اور جو آدمی بادشاہوں کے دربار میں حاضری دیتا ہے خوب جانتا ہے کہ جب کوئی شخص دربار کے باہر رہتا ہے اور بادشاہ اس کو بلانے کا حکم دیتا ہے تو دربان دربار کے اندر سے ہی اُسے پکارنے نہیں لگتے، بلکہ باہر نکل کر آواز دیتے ہیں۔ اگر یہ دربان بادشاہ کے سر پہ ہی کھڑے ہو کر چلّانے لگیں تو بے ادبی کے مرتکب ہوں گے، بادشاہ کے غضب کے مستحق اور سزا کے مستوجب ہوں گے۔ اور جو بادشاہوں کے دربار میں نہ جاسکا ہو تو وہ ہمارے علاقہ کے ججوں کی کچہری میں حاضر ہو، جج مسلمان ہوں یا غیر مسلم، وہ دیکھے گا کہ جج جب گواہوں یا مدعی و مدعا علیہ کو حاضر کرنے کا حکم دیتے ہیں تو چپراسی انھیں کچہری کے کمرہ کے اندر سے نہیں بلاتے بلکہ دروازہ کے باہر آکر پکارتے ہیں، یہ روزمرہ کا مشاہدہ ہے، اور جو اس کے بے ادبی ہونے میں شُبہہ کرے وہ خود ہی اس کا تجربہ کرے کہ جج کے سامنے کھڑے ہو کر "فلاں حاضر ہو فلاں حاضر ہو" پکارنے لگے تو ہمارا بیان اس کے لئے مشاہدہ میں تبدیل ہو جائے گا، تو اس کا سبب کچہری کا ادب اور حکّام کا خوف ہی ہے۔ پس اے ایمان والو! اللہ تعالےٰ سے تو اس سے زیادہ ڈرنا چاہئے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۱۶۳، ۱۶۴)

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۱۳

14/14

(۷) مزید فرمایا:

**نفحہ ۳:** قال المولیٰ تبارک وتعالیٰ: یٰایھا الذین اٰمنوا لا تدخلوا بیوتا غیر بیوتکم حتی تستأنسوا وتسلموا علیٰ اھلھا ذٰلکم خیر لکم لعلکم تذکرون○ فان لم تجدوا فیہا احدا فلا تدخلوھا حتی یؤذن لکم[1]

نہی اللہ سبحانہ عن دخول الانسان فی بیت غیرہ بغیر اذنہ (تستأنسوا تستأذنوا) عـہ والمساجد بیوت ربنا عزوجل اخرج الطبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "ان بیوت اللہ فی الارض المساجد وان حقا علی اللہ تعالیٰ ان یکرم من زارہ فیہا[2]" ورواہ ابوبکر بن شیبۃ عن امیر المؤمنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ من قولہ[3]۔

**نفحہ ۳:** اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے: اے ایمان والو! دوسرے کے گھر میں بے انس پیدا کئے اور گھر والوں کو سلام کئے بغیر داخل نہ ہو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے تاکہ نصیحت حاصل کرو۔ اگر

---

عـہ فی الاٰیۃ امران الاستیذان والسلام، فالاستیذان فی المساجد کما نبین، امّا السلام فاقیم مقامہ السلام علیٰ حبیبہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فانہ حاضر دائما فی حضرتہ فامر کل من یدخل مسجدا، او یخرج منہ ان یقول "بسم اللہ والحمد للہ والسلام علیٰ رسول اللہ" الیٰ اٰخر الدعاء الوارد فی الاحادیث صحیحۃ شہیرۃ کثیرۃ ۱۲ منہ۔

آیۂ کریمہ میں دو امر ہیں: (۱) استیذان (۲) سلام۔ استیذان مساجد میں ہوتا ہے جیساکہ ہم بیان کریں گے۔ رہا سلام، تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام بھیجنا اس کے قائم مقام ہے' اس لئے کہ آپ کی بارگاہ میں حاضری دائمی ہے۔ چنانچہ مسجد میں داخل ہونے والے یا مسجد سے نکلنے والے ہر شخص کو حکم ہے کہ وہ یوں کہے "بسم اللہ والحمد للہ والسلام علیٰ رسول اللہ" آخر تک پوری دُعا پڑھے جو متعدد مشہور احادیثِ صحیحہ میں وارد ہے ۱۲ منہ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲۴/ ۲۷، ۲۸

[2] کنز العمال بحوالہ طب عن ابن مسعود حدیث ۲۰۷۴۰ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۷/ ۶۵۱

[3] الکتاب المصنف لابن ابی شیبہ حدیث ۲۵۸۱۲ دار الکتب العلمیہ بیروت ۵/ ۲۵۶

کسی کو گھر میں نہ پاؤ تو جب تک اجازت نہ ملے گھر میں داخل نہ ہو۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے دوسرے انسانوں کے گھر میں بے اذن و انس داخلہ ممنوع فرمایا، اور مسجدیں اللہ رب العزت جل وعلا کے گھر ہیں۔ طبرانی نے کبیر میں ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ حضور نے فرمایا "رُوئے زمین پر مسجدیں اللہ تعالیٰ کا گھر ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمۂ کرم پر لیا کہ اس میں زیارت کو آنیوالوں کی تکریم فرمائے گا" ابوبکر ابن شیبہ نے اس کو حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا قول بتا کر نقل کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۸ ص ۱۶۷ تا ۱۶۹)

(۸) لفظ "بین یدیہ" کے قرآن مجید میں استعمالات کے بارے میں تحقیق پیش کرتے ہوئے اعلحضرت علیہ الرحمہ نے فرمایا:

وجدت اللفظة وردت فی القرآن الکریم فی ثمان وثلثین موضعا، فی عشرین منها لا دلالة علی القرب وفی واحد جاء علیٰ حقیقة اجزائه الترکیبیة وفی سبعة عشر فید القرب علیٰ تفاوت عظیم فیه من الاتصال الحقیقی الی فصل مسیرة خمسمائة سنة، جعلنا ما لا دلالة فیه علی القرب فریقا والبواقی فریقا:

**فمن الاول** (۱) قول ربنا عز وجل فی سورة البقرة[۱] (۲) فی طٰہٰ[۲] (۳) فی الانبیاء[۳] (۴) فی الحج "یعلم ما بین ایدیهم وما خلفهم"[۴] (۵) فی مریم "له ما بین ایدینا وما خلفنا وما بین ذٰلك"[۵]

فعلم الله تعالیٰ وملکه لا یمکن اختصاصه بقریب او بعید سواء اخذ الظرف مکانیا او زمانیا، او لوحظ معنی عام کما هو الأنسب بالمقام الافخم۔

(۶) فی سورة البقرة: "فانه نزله علیٰ قلبك باذن الله مصدقا لما بین یدیه"[۶]

(۷) فی آل عمران "نزل علیك الکتاب بالحق مصدقا لما بین یدیه"[۷]

(۸) فی سورة الانعام "وهذا کتاب انزلناه مبارك مصدق الذی بین یدیه"[۸]

---

[۱] القرآن الکریم ۲/۲۵۵
[۲] القرآن الکریم ۲۰/۱۱۰
[۳] القرآن الکریم ۲۱/۲۸
[۴] القرآن الکریم ۲۲/۷۶
[۵] القرآن الکریم ۱۹/۶۴
[۶] القرآن الکریم ۲/۹۷
[۷] القرآن الکریم ۳/۳
[۸] القرآن الکریم ۶/۹۲

(۹) فی یونس "ماکان ھٰذا القراٰن ان یفتری من دون اللہ ولٰکن تصدیق الذی بین یدیہ"۔[۱]

(۱۰) فی یوسف "ماکان حدیثا یفتری ولٰکن تصدیق الذی بین یدیہ وتفصیل کل شیئ"[۲]

(۱۱) فی سبأ "وقال الذین کفروا لن نؤمن بھٰذا القراٰن ولا بالذی بین یدیہ"[۳]۔

(۱۲) فی الملٰئکۃ "والذی اوحینا الیک من الکتاب ھو الحق مصدقا لما بین یدیہ"[۴]۔

(۱۳) فی حٰم السجدۃ "وانہ لکتٰب عزیز ۰ لایاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ"[۵]۔

(۱۴) فی الاحقاف "قالوا یٰقومنا انا سمعنا کتٰبا انزل من بعد موسٰی مصدقا لما بین یدیہ"[۶]۔

فالقراٰن الکریم مصدقا لکل کتاب الٰہی نزل قبلہ قریبا او بعیدا ولا یخالفہ علہ[۱] شیئ من کتب اللہ تعالٰی والکفرۃ علہ[۲] بشیئ لایؤمنون۔

(۱۵) ومن ذٰلک فی اٰل عمران عن عبدہ عیسٰی علیہ الصلٰوۃ والسلام "ومصدقا لما بین یدی من التورٰۃ"[۷]۔

(۱۶) فی المائدۃ "وقفینا علٰی اٰثارھم بعیسی ابن مریم مصدقا لما بین یدیہ من التورٰۃ"[۸]۔

(۱۷) فی الصف "مصدقا لما بین یدیّ من التورٰۃ ومبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد"[۹]۔

فما فسروہ الا بالقبلیۃ حملا لہ علٰی نظائرہ فی القراٰن العزیز وھو الذی یسبق

---

علہ[۱] ناظر الی الاٰیۃ الثالثۃ عشر ۱۲ منہ علیہ الرحمۃ (تیرھویں آیت کی طرف اشارہ ہے۔ ت)

علہ[۲] ناظر الی الاٰیۃ الحادیۃ عشر ۱۲ منہ (گیارھویں آیت کی طرف اشارہ ہے۔ ت)

---

[۱] القراٰن الکریم ۱۰/ ۳۷
[۲] القراٰن الکریم ۱۲/ ۱۱۱
[۳] " ۳۴/ ۳۱
[۴] " ۳۵/ ۳۱
[۵] " ۴۱/ ۴۱ و ۴۲
[۶] " ۴۶/ ۳۰
[۷] " ۳/ ۵۰
[۸] " ۵/ ۴۶
[۹] " ۶۱/ ۶

الی الفهم و ان امکن حمله ههنا علی الحضور۔

(۱۸) فی سورۃ البقرۃ "فجعلناها نکالا لما بین یدیها و ما خلفها"[۱] علی التفسیر "لما قبلها وما بعدها من الامم اذا ذکرت حالهم فی زبر الاولین واشتهرت قصتهم فی الاخرین"۔ (بیضاوی[۲])

(۱۹) وفی حٰم السجدۃ "اذجاءتهم الرسل من بین ایدیهم ومن خلفهم"[۳]۔

عن الحسن انذرهم من وقائع اللہ فیمن قبلهم من الامم وعذاب الاٰخرۃ اھ (نسفی[۴]) اومن قبلهم ومن بعدهم اذ قد بلغتهم خبر المتقدمین و اخبرهم هود وصالح عن المتاخرین داعین الی الایمان بهم اجمعین (بیضاوی[۵])۔

(۲۰) فی الاحقاف "(اذانذر قومه بالاحقاف وقد خلت النذر من بین یدیه)[۶]" ای من قبل هود (ومن خلفه) من بعدہ الی اقوامهم (ان لا تعبدوا الا اللہ) (جلال[۷])۔

**ومن الثانی** (۲۱) فی الاعراف "وهو الذی یرسل الریح بشرًا بین یدی رحمته[۸]"

(۲۲) وفی الفرقان "وهو الذی ارسل الریح بشرًا بین یدی رحمته[۹]"

(۲۳) فی النمل "امن یهدیکم فی ظلمٰت البر والبحر ومن یرسل الریح بشرًا بین یدی رحمته[۱۰]"۔

(فانها تدل علی قرب المطر)۔

---

۱؎ القرآن الکریم ۲/ ۶۶

۲؎ انوار التنزیل (تفسیر البیضاوی) تحت الآیۃ ۲/ ۶۶ دار الفکر بیروت ۱/ ۳۳۸

۳؎ القرآن الکریم ۴۱/ ۱۴

۴؎ مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیۃ ۴۱/ ۱۴ دار الکتاب العربی بیروت ۴/ ۹۰

۵؎ انوار التنزیل (تفسیر البیضاوی) " " دار الفکر بیروت ۵/ ۱۱۰

۶؎ القرآن الکریم ۴۶/ ۲۱

۷؎ تفسیر جلالین تحت الآیۃ ۴۶/ ۲۱ اصح المطابع دہلی ص ۴۱۸

۸؎ القرآن الکریم ۷/ ۵۷

۹؎ القرآن الکریم ۲۵/ ۴۸

۱۰؎ " ۲۷/ ۶۳

(۲۴) فی الاعراف "لاٰتینهم من بین ایدیهم ومن خلفهم وعن ایمانهم وعن شمائلهم[1]"۔
فلابد للموسوس من القرب والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

(۲۵) فی الرعد "له معقبٰت من بین یدیه ومن خلفه[2]"۔ فان شان الحافظ القرب۔

(۲۶) فی سبأ "افلم یروا الیٰ ما بین ایدیهم وما خلفهم من السماء والارض[3]"۔ یرید سماء الدنیا المرئیة لنا الاقرب الینا۔

(۲۷) فیها "ومن الجن من یعمل بین یدیه باذن ربه (الیٰ قوله عزّ وجلّ) یعملون له مایشاء من محاریب وتماثیل وجفان کالجواب وقدور راسیٰت[4]"۔ فان المقصود من العمل بین یدی الملك ان یکون بمرأی منه علی وفق مایشاء۔

(۲۸) فیها "مابصاحبکم من جنة ان هو الا نذیر لکم بین یدی عذاب شدید[5]"۔ دل علی قرب القیامة۔

(۲۹) فی یٰس "وجعلنا من بین ایدیهم سدًّا ومن خلفهم سدًّا[6]"۔ هذا علی الاتصال الحقیقی لیورث العمی والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

(۳۰) وفیها (واذا قیل لهم اتقوا مابین ایدیکم[7] من عذاب الدنیا کغیرکم (وما خلفکم) من عذاب الاٰخرة (جلال)[8]۔

(۳۱) فی حٰم سجدة (وقیضنا لهم قرناء فزینوا لهم مابین ایدیهم) من امر الدنیا واتباع الشهوات (وما خلفهم[9]) من امر الاٰخرة (جلال[10])۔

(۳۲) فی الحجرات: "یٰاَیّها الذین اٰمنوا لاتقدموا بین یدی اللہ

---

[1] القرآن الکریم ۷/۱۷ — [2] القرآن الکریم ۱۳/۱۱
[3] " ۳۴/۹ — [4] " ۳۴/۱۲، ۱۳
[5] " ۳۴/۴۶ — [6] " ۳۶/۹
[7] " ۳۶/۴۵
[8] تفسیر جلالین تحت الآیة ۳۶/۴۵ اصح المطابع دہلی ص ۳۷۰
[9] القرآن الکریم ۴۱/۲۵
[10] تفسیر جلالین تحت الآیة ۴۱/۲۵ اصح المطابع دہلی ص ۳۹۸

ورسوله"[1] فان المفاد النهی عن قطع امر قبل حکم اللہ ورسوله وتصویر شناعة هٰذا المحسوس وهو تقدم العبد علیٰ مولاه فی المسیر وانما یستهجن من قرب ما۔

(۳۳) فی الحدید "یوم تری المؤمنین والمؤمنٰت یسعٰی نورهم بین ایدیهم وبایمانهم"[2] کلمة "یسعٰی" تدل علیٰ ارادة ماینورلهم فالمدلول القرب اما النور فمتصل حقیقة۔

(۳۴) فی المجادلة "یایها الذین اٰمنوا اذا ناجیتم الرسول فقدّموا بین یدی نجوٰکم صدقة"[3]

(۳۵) فیها "أاشفقتم ان تقدموا بین یدی نجوٰکم صدقات"[4] فان المقصود تعظیم الرسول صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ولا یظهر الا بالقرب۔

(۳۶) فی الممتحنة (ولا یأتین ببهتان یفترینه بین ایدیهن وارجلهن[5]) ای بولد ملقوط ینسبنه الی الزوج ووصف بصفة الولد الحقیقی فان الامر اذا وضعته سقط بین یدیها ورجلیها اھ (جلال[6]) فهذا علی الحقیقة الترکیبیة۔

(۳۷) فی التحریم "نورهم یسعٰی بین ایدیهم وبایمانهم"[7]

(۳۸) فی الجن (عٰلم الغیب فلا یظهر علیٰ غیبه احدًا الّا من ارتضٰی من رسول فانه یسلک[8]) یجعل ویسیر (من بین یدیه) ای الرسول (ومن خلفه رصدًا) ملٰئکة یحفظونه حتّٰی یبلغه فی جملة الوحی (جلال[9])، هٰذه واضحات۔

ومنها "فجعلناها نکالا لما بین یدیها وما خلفها"[10] علی الاظهر الاشهر ای

---

[1] القرآن الکریم ۴۹/۱

[2] القرآن الکریم ۵۷/۱۲

[3] 〃 ۵۸/۱۲

[4] 〃 ۵۸/۱۳

[5] 〃 ۶۰/۱۲

[6] تفسیر جلالین تحت الآیة ۶۰/۱۲ اصح المطابع دہلی ص ۴۵۸

[7] القرآن الکریم ۶۶/۸

[8] 〃 ۷۲/۲۶، ۲۷

[9] تفسیر جلالین تحت الآیة ۷۲/۲۶، ۲۷ اصح المطابع دہلی ص ۴۷۷

[10] القرآن الکریم ۲/۶۶

للامم التی فی زمانہا و بعدھا (جلالین[1]) اولما بحضرتہا من القری وما تباعد عنہا۔ او لاھل تلک القریۃ وما حوالیہا (بیضاوی[2])۔

وکذا "اذجاءتہم الرسل من بین ایدیہم ومن خلفہم[3]" علی معنی اتوھم من کل جانب وعملوا فیہم بکل حیلۃ اھ (مدارک[4]، بیضاوی)

واما تفسیر ائمۃ اللغۃ والتفسیر ففی الصحاح والقاموس، ثم مختار الصحاح و تاج العروس وغیرھا "بین یدی الساعۃ" ای قدامہا[5] اھ، وفی الصراح "بین یدی پیش روئے[6]"۔ وفی التاج "یقال بین یدیک بکل شیٔ امامک[7] اھ" وفی معالم التنزیل من الحجرات "معنی بین الیدین الامام والقدام[8]"۔ وفی الخازن من اٰل عمران "مابین یدیہ فھو امامہ[9] اھ، وفی ابی السعود والفتوحات الالٰھیۃ من یونس علیہ الصلوٰۃ و السلام "بین یدیہ ای امامہ[10] اھ" وفی الجلالین من الرعد "بین یدیہ قدامہ[11] اھ"۔ وفیہ من مریم "مابین ایدینا ای امامنا[12] اھ" وفیہ وفی غیرہ من البقرۃ وغیرھا "مصدقا لمابین یدیہ قبلہ من الکتب[13]"۔ ثم فی الانموذج الجلیل تحت الکریمہ

---

[1] تفسیر جلالین تحت الآیۃ ۲/۶۶ اصح المطابع دہلی ص ۱۱

[2] انوار التنزیل (تفسیر بیضاوی) ” ” دار الفکر بیروت ۱/۳۳۸

[3] القرآن الکریم ۴۱/۱۴

[4] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیۃ ۴۱/۱۴ دار الکتاب العربی بیروت ۴/۹۰

[5] تاج العروس فصل الیاء من باب الواو والیاء (یدی) احیاء التراث العربی بیروت ۱۰/۴۱۹

[6] صراح باب الواو والیاء فصل الیاء مطبع مجیدی کانپور ص ۵۹۸

[7] تاج العروس فصل الیاء من باب الواو والیاء "یدی" احیاء التراث العربی بیروت ۱۰/۴۱۹

[8] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۴۹/۱ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/۱۸۸

[9] لباب التاویل (تفسیر الخازن) تحت الآیۃ ۳/۳ ” ” ” ۱/۲۲۴

[10] الفتوحات الالٰھیۃ (تفسیر الجمل) ” ۱۰/۳۷ دار الفکر بیروت ۳/۳۷۳

[11] تفسیر جلالین ” ۱۳/۱۱ اصح المطابع دہلی ص ۲۰۱

[12] ” ” ” ۱۹/۶۴ ” ” ” ” ۲۵۸

[13] ” ” ” ۲/۹۷ ” ” ” ” ۱۵

السادسة والعشرين" ما بين يدی الانسان ھو کل شیٔ یقع نظرہ علیه من غیران یحول وجھه الیه اھ[1]، وفی الکرخی ثم الفتوحات الالٰھیة ایضا تحتھا " من المعلوم ان مابین یدی الانسان ھو کل مایقع نظرہ علیه من غیران یحول وجھه الیه اھ[2]، وفی تکملة مجمع البحار" فعلته بین یدیك ای بحضرتك اھ[3]" وفی عنایة القاضی من اٰیة الکرسی " اطلاق مابین ایدیھم علی امور الدنیا لانھا حاضرة والحاضر یعبر عنه بذٰلك، و امور الاٰخرة مستورة کمایستترعنك ماخلفك اھ[4]" وفی الجمل منھا (مابین ایدیھم) ای ماھو حاضر مشاھد لھم اھ[5]"، وفی الخطیب الشربینی ثم الجمل (بین یدی اللّٰه و رسوله) معناہ بحضرتھما لان مایحضرہ الانسان فھو بین یدیه ناظر الیه الخ[6]"

میں نے تتبع اور تلاش سے قرآن پاک میں اڑتیس[۳۸] جگہ یہ لفظ [بین یدیه] پایا جن میں بیس مقامات پر قرب پر کوئی دلالت نہیں۔ اور ایک مقام پر معنی ترکیبی حقیقی کے لئے ہے اور سترہ[۱۷] مقامات پر قرب کے لئے۔ مگر اس قرب میں بھی تفاوتِ عظیم ہے کہ اتصالِ حقیقی سے پانچ سو برس کی راہ کی دوری تک پر قرب کا اطلاق ہوا ہے، ہم نے ان سب آیتوں کو دو[۲] قسموں پر تقسیم کیا ہے:

**قسمِ اوّل** (۱) سورۂ بقرہ (۲) سورہ طٰہٰ (۳) سورۂ انبیاء (۴) سورۂ حج۔ ان سب سورتوں میں آیات کے الفاظ یکساں ہیں" یعلم مابین ایدیھم وما خلفھم" ان کے پس وپیش کا اسے علم ہے۔

(۵) سورۂ مریم شریف کی آیت" له مابین ایدینا وماخلفنا ومابین ذٰلك" اللہ تعالٰی ہی کے لئے ہے ہمارا پس وپیش اور اس کے درمیان کی حکومت۔ ظاہر ہے کہ اللہ تعالٰی کی حکومت اور اس کا علم قریب یا بعید کے ساتھ خاص نہیں۔

---

[1] الانموذج الجلیل

[2] الفتوحات الالٰھیه (تفسیر الجمل) تحت الآیۃ ۹/۳۴ دارالفکر بیروت ۶/ ۲۱۶

[3] تکملہ مجمع بحار الانوار حرف الیاء "ید" مکتبہ دارالایمان المدینۃ المنورۃ ۵/ ۷۳۱

[4] عنایۃ القاضی حاشیۃ الشہاب علی تفسیر البیضاوی تحت الآیۃ ۲/ ۲۵۵ دارالکتب العلمیہ بیروت ۲/ ۵۸۰

[5] الفتوحات الالٰھیه (تفسیر الجمل) 〃 〃 دارالفکر بیروت ۱/ ۳۴۱

[6] 〃 〃 〃 ۴۹/ ۱ 〃 〃 〃 ۷/ ۲۴۰

السراج المنیر (تفسیر الشربینی) 〃 〃 دارالکتب العلمیۃ بیروت ۴/ ۴۶

(۶) سورۂ بقرہ میں "فانه نزله علیٰ قلبك مصدقالما بين يديه" اللہ پاک نے قرآنِ عظیم کو آپ کے قلب پر اتارا جو اپنے سے پہلے کی تصدیق کرتا ہے۔

(۷) آل عمران میں "نزل عليك الكتاب بالحق مصدقالما بين يديه" آپ پر کتاب اتاری حق کے ساتھ جو گزرے ہوئے کی تصدیق کرتی ہے۔

(۸) سورۂ انعام میں "ہم نے اس مبارک کتاب کو اتارا جو گزرے ہوئے کی تصدیق کرتی ہے۔"

(۹) سورۂ یونس میں "یہ قرآن غیر خدا کی طرف سے افترا نہیں ہے یہ تو گزرے ہوئے کی تصدیق ہے۔"

(۱۰) سورۂ یوسف میں "یہ کوئی بناوٹ کی بات نہیں لیکن اپنے سے پہلے کاموں کی تصدیق اور ہر شے کی تفصیل ہے۔

(۱۱) سورۂ سبا میں "کافروں نے کہا ہم نہ تو اس قرآن پر ایمان لاتے ہیں نہ اس پر جو گزشتہ ہے۔"

(۱۲) سورۂ ملٰئکہ میں "جو کتاب ہم نے آپ کی طرف وحی کی حق ہے اور گزرے ہوئے کی تصدیق ہے۔"

(۱۳) سورۂ حٰم السجدہ میں "یہ عزت والی کتاب کہ باطل کو اس کی طرف راہ نہیں، نہ اس کے آگے سے نہ پیچھے سے۔"

(۱۴) سورۂ احقاف میں "اے ہماری قوم! ہم نے ایک کتاب سنی جو موسیٰ کے بعد اتاری گئی اگلی کتابوں کی تصدیق فرماتی ہے۔"

(ان سب آیات میں ہے کہ قرآن عظیم گزشتہ کتابوں کی تصدیق کرتا ہے)

اور بلا شبہہ قرآن عظیم تمام ہی گزری ہوئی آسمانی کتابوں کی تصدیق فرماتا ہے قریب کی ہو یا بعید کی، اور گزشتہ کتابوں میں کوئی بھی اس کی مخالفت نہیں کرتی۔ اور کافر کسی پر بھی ایمان نہیں لاتے۔

(۱۵) آل عمران کی یہ آیت بھی قسمِ اول میں ہی ہے جو حضرت عیسٰے علیہ السلام کی حکایت کرتی ہے کہ "میں تصدیق کرتا آیا ہوں اپنے سے پہلی کتاب توریت کی۔"

(۱۶) سورۂ مائدہ کی آیت "ہم ان نبیوں کے نشانِ قدم پر عیسٰے بن مریم کو لائے تصدیق کرتا ہوا توریت کی جو اس سے پہلے تھی۔

(۱۷) اور سورۂ صف کی آیت "میں اپنے سے پہلے کتاب توریت کی تصدیق کرتا ہوا اور ان رسول کی بشارت سناتا ہوا جو میرے بعد تشریف لائیں گے ان کا نام احمد ہے۔

ان آیات میں لفظ "بین یدیہ" کو حضور پر حمل کیا جا سکتا تھا لیکن مفسرین نے اس کی تفسیر من قبلہٖ سے کی ہے کہ ذہن کا تبادر اسی طرف ہوتا ہے۔

(۱۸) اور سورۂ بقرہ میں "تو ہم نے (اس لبستی کا) واقعہ اس کے آگے اور پیچھے والوں کے لئے عبرت کر دیا" اس کی تفسیر بھی "اگلی اور پچھلی امتیں" کی گئی جس کا ذکر گزشتہ اُمتوں میں مذکور اور بعد والی قوموں میں مشہور ہوا (بیضاوی)۔
(۱۹) اور حٰم سجدہ میں "اور جب رسول آن کے آگے پیچھے پھرتے تھے" حضرت حسن بصری سے اس کی تفسیر مروی ہے کہ رسول انھیں پہلی امتوں کے حادثات اور آخرت میں آنے والے عذاب سے ڈراتے (نسفی) یا گزشتہ اور آئندہ قومیں کہ انھیں پہلوں کی خبر پہنچی، اور ہود اور صالح علیہما السلام نے انھیں دعوت دیتے ہوئے متاخرین کا حال بتایا (بیضاوی)۔
(۲۰) سورۂ احقاف میں "حضرت ہود نے اپنی قوم کو مقامِ احقاف میں ڈرایا اور اس کے پہلے سنانے والے گزر چکے تھے اور بعد میں آئے" یعنی حضرت ہود سے پہلے اور ان کے بعد اپنی قوموں کی طرف کہ سوائے خدا کے کسی اور کو نہ پُوجو۔ (جلالین)

**قسم ثانی** (۲۱) سورۂ اعراف میں "اللہ تعالےٰ نے ہواؤں کو بارش سے پہلے بشارت دینے والی بناکر بھیجا۔"
(۲۲) سورۂ فرقان میں "اللہ تعالےٰ نے ہواؤں کو بارش سے پہلے بشارت دینے والی بناکر بھیجا۔"
(۲۳) سورۂ نمل میں "یا وہ جو تمھیں راہ دکھاتا ہے اندھیریوں میں خشکی اور تری کی، اور وہ کہ ہوائیں بھیجتا ہے اپنی رحمت کے آگے خوشخبری سُناتی۔"

(ان آیات میں لفظ "بین یدیہ" بارش کے قریب ہونے پر دلالت کرتا ہے)

(۲۴) اعراف میں "ہم ان پر آئیں گے ان کے آگے، ان کے پیچھے اور دائیں بائیں"۔
اس آیت میں شیطانوں کے وسوسہ کا بیان ہے جس کے لئے ان کا ان لوگوں کے قریب ہونا ضروری ہے جس کو وسوسہ دیں گے اس سے خدا کی پناہ۔
(۲۵) سورۂ رعد میں "اس کے نگران اس کے آگے پیچھے ہیں"۔ اس آیت میں نگرانی کا ذکر ہے جو قریب سے ہوتی ہے۔
(۲۶) سورۂ سبا میں "تو کیا انھوں نے نہ دیکھا جو ان کے آگے اور پیچھے ہے آسمان و زمین"۔
اس آیت میں سماء سے مراد آسمانِ دنیا ہے جو نسبتہً ہم سے قریب ہے اور ہم پر سایہ فگن ہے۔
(۲۷) اسی میں ہے: "اور جِنّوں میں سے وہ جو اس کے آگے کام کرتے اس کے رب کے حکم سے، اس کے لئے بناتے جو وہ چاہتا اُونچے اُونچے محل اور تصویریں اور بڑے بڑے حوضوں کے برابر لگن اور لنگردار دیگیں"۔
اس آیت میں بادشاہ کے حسبِ مرضی کام کرنے والوں کے اس کے سامنے ہونے سے مراد اس کی نگاہ میں ہونا ہے۔

(۲۸) اسی میں" تمھارے ان صاحب میں جنون کی کوئی بات نہیں، وہ تو نہیں مگر تمھیں ڈرسنانے والے ایک سخت عذاب کے آگے"۔ اس میں لفظ بین یدی قیامت کے قرب پر دلالت کرتا ہے۔

(۲۹) سورہ یٰسٓ میں" ہم نے ان کے آگے ایک دیوار بنادی اور ان کے پیچھے ایک دیوار"۔ یہاں لفظ "بین ایدی" اتصال حقیقی کے لئے ہے تاکہ نابینائی پیدا ہو"۔ (پناہ بخدا)۔

(۳۰) اسی میں ہے:"جب اُن سے کہاگیا کہ سامنے اور پیچھے کے عذاب سے بچو"۔ یعنی دوسروں کی طرح کہا گیا کہ عذابِ دنیا اور عذابِ آخرت سے بچو۔ (جلالین)

(۳۱) حٰم سجدہ میں" اور ہم نے ان پر کچھ ساتھی تعینات کئے، انھوں نے انھیں مزیّن کردیا جو ان کے آگے اور جو ان کے پیچھے ہے"۔ "مابین ایدیھم" سے مراد امورِ دُنیا اور شہوتوں کی اتباع اور "خلفھم" سے مراد امورِ آخرت۔ (جلالین)

(۳۲) سورہٴ حجرات میں" اے ایمان والو! اللہ و رسول پر سبقت نہ کرو"۔ اس آیت میں نفی کا مفاد حکمِ خدا و رسول سے پہلے کسی امر کے فیصلہ کی ممانعت ہے اور اس کی شناعت کو محسوس کے ساتھ ممثل کرکے دکھایا گیا۔ اگر چلنے میں غلام آقا سے آگے چلے تو بُرا ہے، اور یہ بُرائی قُرب کے ساتھ ہی مخصوص ہے۔

(۳۳) سورہٴ حدید میں" اس دن تم دیکھو گے کہ مومن مردوں اور عورتوں کا نور ان کے آگے اور دائیں چلے گا" یہاں کلمہ "یسعیٰ" اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آگے اور دائیں سے مراد وُہ جگہ ہے جو ان کے لئے روشن کی گئی ہے" تو یہاں "بین یدیہ" سے مراد قُرب ہے، اور نور تو مومنوں سے متصل ہی ہوگا۔

(۳۴) سورہٴ مجادلہ میں ہے:" اے ایمان والو! رسولِ کریم سے بات کرنا چاہو تو اس سے پہلے صدقہ پیش کرو"۔

(۳۵) اسی میں ہے:"بات چیت سے قبل صدقہ پیش کرنے سے ڈر رہے ہو"۔

ان دونوں آیتوں میں مراد تعظیمِ رسول ہے، تو یہ قُرب سے ہی ظاہر ہوگی۔

(۳۶) سورہ ممتحنہ میں ہے:" اور نہ وہ بہتان لائیں گی جسے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان یعنی موضع ولادت میں اٹھائیں"۔

وہ لڑکا جو دوسرے کا ہو عورت اس کو اپنے شوہر کی طرف نسبت کرے اور اس کو شوہر کا حقیقی لڑکا بتائے، تو عورت جب بچّہ جنے گی تو وہ حقیقۃً اس کے پاؤں اور ہاتھوں کے بیچ میں ہوگا اھ (جلالین)، تو یہاں "بین یدیہ" کے معنیٰ حقیقی ترکیبی مراد ہیں۔

(۳۷) سورہٴ تحریم میں" ان کا نور اُن کے آگے آگے اور دائیں چل رہا ہوگا"۔

(۳۸) سورہٴ جن میں" اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہے وہ اپنے غیب پر اپنے پسندیدہ رسولوں کے سوا کسی کو مطلع نہیں کرتا ان رسولوں کے آگے پیچھے نگران چلتے ہیں"۔ یعنی فرشتے جو وحی کی تبلیغ تک ان کی حفاظت کرتے ہیں۔

یہ سب آیات واضح ہیں۔

اسی سے ہے: "ہم نے (اس بستی) کا یہ واقعہ اس کے آگے اور پیچھے والوں کے لئے عبرت کردیا" مشہور اور ظاہر یہی ہے کہ مابین یدیہ اور خلفہ سے مراد وہ امتیں ہیں جو اس زمانہ میں تھیں اور ان کے بعد میں (جلالین) یا جو دیہات قریب تھے اور وہ جو دُور تھے یا ان دیہاتوں والے۔ (بیضاوی)

ایسا ہی آیت مبارکہ "جب اللہ تعالیٰ کے بھیجے فرشتے آئے ان کے آگے اور پیچھے" اس آیت کے معنٰی یہ ہیں فرشتے ان کے پاس ہر طرف سے آئے اور ان کے ساتھ ہر طرح کے حیلے برتے۔ (مدارک، بیضاوی)

ائمۂ تفسیر و لغت کا بیان یہ ہے: صحاح[1]، قاموس[2]، مختار الصحاح[3]، تاج العروس[4] وغیرہ میں "بین یدی الساعۃ" کے معنٰی قیامت سے پہلے، اور صراح[5] میں آگے جانے والے۔ اور تاج العروس[6] میں ہے کہ "بین یدیك" ہر اس چیز کو کہا جائے گا جو تمہارے آگے ہو۔ معالم التنزیل[7] تفسیر سورۂ حجرات میں "بین الیدین" کے معنٰی آگے ہے۔ اور خازن[8] میں ہے بین یدیہ کے معنٰی جو اس کے آگے ہو۔ تفسیر ابوسعود[9] اور فتوحات الٰہیہ میں سورۂ یونس علیہ السلام میں بین یدیہ کے معنے "اس کے آگے"۔ اور جلالین[10] میں سورۂ رعد کے لفظ بین یدیہ کے معنے "اس کے آگے"۔ اسی[11] میں سورۂ مریم کے لفظ مابین ایدینا کے معنے "ہمارے آگے"۔ اسی[12] میں اور دیگر تفاسیر[13] میں سورہ بقرہ اور دیگر سورتوں کے لفظ مصدقا لما بین یدیہ کے معنٰی "اس سے پہلے کی کتابیں" ہے۔ انموذج جلیل[14] میں ۲۷ ویں آیت کے تحت ہے: "مابین یدی الانسان" ہر وہ چیز جس پر انسان کی نظر چہرہ پھیرے بغیر پڑے۔ کرخی[15] اور فتوحات الٰہیہ[16] میں اسی آیت کے تحت ہے: انسان کے مابین یدیہ وہ چیز ہے جس پر اس کی نظر چہرہ پھیرے بغیر پڑے۔ تکملہ[17] مجمع البحار میں ہے: فعلتہ بین یدیك کا ترجمہ "میں نے اس کو تیرے حضور میں کیا"۔ اور عنایۃ[18] القاضی میں آیۃ الکرسی کے مابین ایدینا کے معنی لکھے ہیں کہ مابین یدیہ کا اطلاق امورِ دنیا پر ہے کہ وہ تمہارے سامنے ہیں اور حاضر کی تعبیر مابین یدیہ سے کی جاتی ہے۔ اور امورِ آخرت تم سے پوشیدہ ہیں جیسے وہ چیز تمہارے پیچھے ہو۔ اور جمل[19] میں اسی آیت کی تفسیر میں مابین ایدیھم کے معنٰی "جو حاضر و مشاہد ہو" لکھے ہیں۔ خطیب[20] شربینی اور جمل[21] میں بین یدی اللہ و رسولہ کے معنٰی "ان دونوں کے حضور" کئے ہیں کہ جو آدمی کے پاس ہو وہ بین یدیہ ہے، اور آدمی اس کو دیکھنے والا ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۱۸۷ تا ۱۹۰)

(۹) اگر بین یدیہ بمعنی قریب بھی مان لیا جائے تو چیز کا قرب اسی کے حساب سے ہوگا۔ اس پر شواہد پیش کرتے ہوئے فرمایا:

(۱) الا تری الی الاٰیۃ الحادیۃ و العشرین دلت علی قرب المطر لکن لیس ان

تھب الریاح فینزل بل کما قال عزوجل "حتی اذا اقلت سحابا ثقالا سقنٰہ لبلد میت فانزلنا به الماء"[1]

(۲) فی السادسۃ والعشرین جعل السماء بین ایدینا وبیننا وبینھا مسیرۃ خمسمائۃ سنۃ۔ وھذا ترجمان القراٰن علامۃ الکتاب من افصح العرب واعلمھا باللسان عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنھما یقول فی تفسیر اٰیۃ الکرسی یعلم مابین ایدیھم یرید من السماء الی الارض وماخلفھم یرید من فی السمٰوٰت (رواہ الطبرانی فی کتاب السنۃ)[2]۔

(۳) وفی السابعۃ والعشرین ذکر عمل الجن بین یدی سیدنا سلیمٰن وھٰؤلاء الجن ھم الشیاطین کما قال تعالٰی، والشیاطین کل بنّاء وغواص[3] وماکان لھم ان یدخلوا الحضرۃ السلیمانیۃ لیعملوا ثمہ محاریب وتماثیل وجفانا کالجواب وقدور راسیات تکفی واحدۃ منھا الف رجل۔

وروی ابن ابی حاتم فی تفسیرہ عن سیدنا سعید بن جبیر قال" کان یوضع لسلیمان علیه الصلٰوۃ والسلام ثلثمائۃ الف کرسی، فیجلس مؤمنو الانس ممایلیه ومؤمنو الجن من ورائھم[4]اھ۔ فماکانت الشیاطین الا وراء کل ذٰلک۔

(۴) وفی الثامنۃ والعشرین ارشد الی ان بعثۃ نبینا صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم بقرب القیامۃ کما قال صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم بعثت انا والساعۃ کھاتین (رواہ احمد والشیخان[5] عن سھل بن سعد وھم والترمذی عن انس رضی اللہ تعالٰی عنھما) وقد امھل اللہ الامۃ المرحومۃ الی وقتنا ھذا الفا وثلثمائۃ وخمسا اربعین سنۃ

---

[1] القرآن الکریم ۷/ ۵۷

[2] الدرالمنثور بحوالہ الطبرانی فی السنۃ تحت الآیۃ ۲/ ۲۵۵ داراحیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۱۹

[3] القرآن الکریم ۳۸/ ۳۷

[4] تفسیر القرآن العظیم تحت الآیۃ ۲۷/ ۱۷ حدیث ۱۶۱۹۰ مکتبہ نزار مصطفٰی الباز مکۃ المکرمۃ ۹/ ۲۸۵۵

[5] مسند احمد بن حنبل عن انس بن مالک ۳/ ۱۲۴، ۱۳۰، ۱۳۱، ۱۹۳، ۲۳۷، ۲۷۵

صحیح البخاری کتاب الرقاق باب قول النبی صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم بعثت انا الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۹۶۳

صحیح مسلم کتاب الفتن باب قرب الساعۃ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۴۰۶

وستزيد والحمد لله الحميد، ولم ينافِ ذٰلك الاٰية ولا قوله صلى الله تعالٰى عليه وسلم بعثت بين يدی الساعة بالسيف حتى يعبد الله تعالٰى وحده لاشريك له (رواه احمد وابویعلٰی والطبرانی فی الکبیر بسند حسن عن عبد الله بن عمر رضی الله تعالٰی عنه وعلقه البخاری)

(۱) دیکھو اکیسویں[۲۱] آیت میں "بین یدیه" کے معنی بارش قریب ہونے کے ہیں، لیکن ایسا نہیں کہ ہوا چلی اور بارش آئی، بلکہ اس طرح جیسا قرآن عظیم میں ہے: "ہوا نے بادل کو اٹھا لیا تو ہم نے اسے خشک علاقہ کی طرف روانہ کیا تو اس سے بارش ہوئی۔

(۲) ۲۲ ویں آیت میں آسمان کو ہمارے قریب (بین یدیه) بتایا، اور وہ ہم سے پانچ سو برس کی راہ کی دُوری پر ہے۔ حضرت ترجمان القرآن، علامۃ الکتاب، افصح العرب اور اعلم القوم باللسان سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ نے آیۃ الکرسی کے "یعلم ما بین ایدیهم" کے معنی "زمین سے آسمان تک" بتائے، اور "ما خلفهم" کے معنی "آسمان" متعین فرمائے (طبرانی نے اسے کتاب السنۃ میں روایت کیا)۔

(۳) ۲۷ ویں آیت میں کہا گیا کہ جن حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے (بین یدیه) چیزیں بناتے تھے حالانکہ وہ شیاطین تھے، حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار میں داخل ہو کر وہ عظیم الشان عمارتیں، مجسّمے اور میدانوں کی طرح وسیع وعریض لگن، بڑی بڑی دیگیں کہ ایک ہزار آدمیوں کے کھانے کو کافی ہوں، بنا ہی نہیں سکتے تھے۔

ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں حضرت بن جبیر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار میں تین لاکھ کرسیاں بچھائی جاتیں جن پر مومن انسان بیٹھتے، ان کے پیچھے مومن جن ہوتے، تو شیطان ان سب کے بعد میں ہی ہوں گے۔

(۴) ۲۸ ویں آیت میں ارشاد فرمایا: حضور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بعثت قیامت کے قریب ہے۔ خود حضور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے بھی ارشاد فرمایا: میں اور قیامت ان دو انگلیوں کی طرح ساتھ ساتھ مبعوث کئے گئے (احمد وشیخان نے سہل بن سعد سے اور ترمذی نے حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے اس کو روایت کیا) اور اللہ تعالٰی نے آج ۱۴۲۳ھ تک اُمتِ مرحومہ کو مہلت دی، اور اس کے بعد بھی یہ اُمت باقی رہے گی۔ اس کے باوجود یہ مہلت نہ تو آیت کریمہ کے منافی ہے نہ حدیث مقدس کے۔ آپ کی حدیث ہے کہ مجھے قیامت کے قریب تلوار دے کر بھیجا گیا تا کہ لوگ ایک خدا کو پُوجیں (احمد و ابویعلٰی اور طبرانی نے کبیر میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے اس حدیث کو سندِ حسن کے ساتھ روایت کیا۔ ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۱۹۱ تا ۱۹۳)

(۱۰) مزید فرمایا:

(۷) فی الکریمۃ التاسعۃ والعشرین ارید الاتصال الحقیقی لان العمی لایحصل الّا بذاک۔

(۷) انتیسویں[۲۹] آیت میں لفظ "بین یدیہ" سے مراد اتصال حقیقی ہے اس لئے کہ اندھاپن بے اس کے متحقق نہیں ہوسکتا۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۱۹۴)

(۱۱) اسی معنیٰ مذکور کی تائید میں تفاسیر کے حوالے سے فرمایا:

(۶) فی قولک جلست بین یدیہ یحتاج الٰی قرب اکثر مما یفید مجرد الابصار فانہ یکون للمکالمۃ والسمع اقصر مدی من البصر والیہ اشاروا فی الکشاف والمدارک والشربینی وغیرھا بقولھم "حقیقۃ قولھم جلست بین یدی فلان ان یجلس بین الجھتین المسامتتین لیمینہ وشمالہ قریبًا منہ فسمّیت الجھتان یدین لکونھما علی سمت الیدین مع القرب منھما توسعا کما یسمّی الشئ باسم غیرہ اذا جاورہ[۱] اھ۔

(۶) مقولہ "جلست بین یدیہ" میں مراد حدود بصر سے بھی کم اور محدود دائرہ ہوگا کہ یہ بیٹھنا بات چیت کے لئے ہے جس کا تعلق سماع سے ہے اور سماع کا دائرہ بصر کے دائرہ سے بھی محدود و مختصر ہے۔ چنانچہ کشاف، مدارک اور شربینی وغیرہ کے مصنفین نے اسی امر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: "قول جلست بین یدی فلان کی حقیقت یہ ہے کہ دائیں بائیں کی دو مقابل جہتوں کے بیچ میں فلاں کے قریب بیٹھا جائے، ان دونوں جہتوں کو دو ہاتھ سے تعبیر کیا کہ یہ جہتیں انھیں دونوں ہاتھوں پر ان سے قریب ہیں، اور یہ مجازًا ہے، جیساکہ دو پاس والی چیزوں میں ایک کا نام دوسری کو دے دیا جاتا ہے اھ"۔

(فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۱۹۵، ۱۹۶)

(۱۲) مزید فرمایا:

(۱۰) وجعلنا من بین ایدیھم سدًّا[۲] علی الاتصال الحقیقی کما علمت۔

---

[۱] تفسیر الکشاف تحت الآیۃ ۴۹/۱ دار الکتاب العربی بیروت ۴/۳۴۹، ۳۵۰
مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) " " " " " ۴/۱۶۵
السراج المنیر (تفسیر الشربینی) " " دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/۴۶

[۲] القرآن الکریم ۳۶/۹

15

(۱۰) ہم نے ان کے آگے ایک دیوار بنا دی۔ یہ اتصال حقیقی پر محمول ہے، جیسا کہ تُو نے جانا۔
(فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۱۹۷)

(۱۳) مزید فرمایا:
**ثالثاً** حفظت شیئا وغابت عنك اشیاء۔ ایها الراغب الی قول الراغب هل تظنه مخالفا للنصوص التی قدمنا عن ائمة اللغة وجهابذة التفسیر ام لا؟ فعلی الاول ما الذی راغبك عنهم الی من شذ وهم الجم الغفیر وعلی الثانی لم یکفك ما للحاضر المشاهد من القرب فان الرؤیة العادیة مشروط لها القرب ام زعمت ان القرب حد معین لا تشکیك فیه فاذن لا یحاورك الا مثلك سفیه وهذا ربنا تبارك وتعالی قائلا وقوله الحق "اقتربت الساعة وانشق القمر"[1] بل قال عزوجل "اقترب للناس حسابهم وهم فی غفلة معرضون"[2] والحساب بعد قیام الساعة بنصف الیوم، والیوم کان مقداره خمسین الف سنة۔

**ثالثاً** راغب کے قول میں یہ رغبت ظاہر کرنے والوں کو کچھ یاد رہا اور کچھ بھول گئے کیونکہ مخالف نے امام راغب کے قول کے جو معنیٰ بتائے وہ ان ائمہ لغت وتفسیر کے خلاف ہے یا موافق، اگر خلاف ہے تو آپ نے جمہور ائمہ لغت کی تصریحات کو چھوڑ کر امام راغب کے شاذ قول کی طرف کیوں رغبت ظاہر فرمائی، اور اگر خلاف نہیں تو حاضر ومشاہد میں جتنا قرب ہے اس پر قناعت کیوں نہیں، حالانکہ رؤیت عادیہ کے لئے قریب ہونے کی شرط لابدی ہے، یا تم قرب کی ایک متعین حد مانتے ہو اور اسے کلی مشکک نہیں مانتے۔ پھر تو آپ کا جواب آپ کے جیسا ناسمجھ ہی دے سکے گا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے قولِ حق میں فرماتا ہے: "قیامت قریب آئی اور چاند شق ہو چکا" بلکہ اسی قدوس وپروردگار نے فرمایا: "لوگوں کے حساب کی گھڑی آپہنچی اور وہ ابھی غفلت میں اعراض کر رہے ہیں"۔ حالانکہ حساب قیامِ قیامت کے بعد آدھا دن گزار کر ہوگا، اس وقت ایک دن کی مقدار آج کے پچاس ہزار سال کے برابر ہوگی۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۲۰۱)

(۱۴) مختلف ومتعدد قرآنی آیات سے لفظ عند کے معنی کی تحقیق کرتے ہوئے فرمایا:
(۱) قال اللہ عزوجل: ان الذین یغضون اصواتهم عند رسول اللہ[3] الآیة۔

---

[1] القرآن الکریم ۵۴/۱
[2] القرآن الکریم ۲۱/۱
[3] " ۴۹/۳

ومرّت فی النفحة الاولی القرآنیة امرکل من فی مشهده صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بغض الصوت ولا یختص بالذی یلیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فسواء فیہ من لدیہ ومن علی الباب کلھم عند رسول اللہ بلا ارتیاب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ولا یحل لاحد ان یصیح و یصرخ فی حضرتہ اویرفع صوتا فوق ضرورتہ ولوکان مفاد "عند" ما یزعمون لشمل ھٰذا الوعد الجمیل بمغفرۃ و اجرعظیم من قام بحضرتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی فصل عدۃ اذرع فجعل یصیح مع اخرصیاحًا شدیدًا منکرًا فاذا کان منہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بفصل شبر مثلاً او تکلم ھوصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غضّ صوتہ وھذا لا یقول بہ مسلم لہ عقل۔

(۲) قال جل وعلا: ھم الذین یقولون لا تنفقوا علی من عند رسول اللہ حتی ینفضوا[1]"

وھذا اوسع من ذالک یشمل کل من فی خدمتہ و ان لم یکن الاٰن فی حضرتہ۔

(۳) قال تبارک وتعالیٰ: "یقولون طاعة فاذا برزوا من عندک بیت طائفة منھم غیرالذی تقول واللہ یکتب مایبیتون[2]"

ھذا فی المنافقین وما کانوا یلونہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی المجلس انما کان ذٰلک لابی بکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما ثم لا یختص بمن کان اقرب منھم بالنسبة الی الاٰخر یشمل ھم جمیعًا۔

(۴) قال المولیٰ سبحانہٗ وتعالیٰ: "ان المتقین فی جنّٰت ونھرٍ فی مقعد صدق عند ملیک مقتدر[3]"

عمت کل متق ولکن این احاد الصلحاء من العلماء والعلماء من الاولیاء و الاولیاء من الصحابة والصحابة من الانبیاء والانبیاء من سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرق لایقدر ولایقدر بشران یتصور اعظم بالوف الاف مرّات ممّا بین الفلک الاعلیٰ وماتحت الثریٰ وقد شملت کلھم عند۔

---

[1] القرآن الکریم ۶۳/ ۷

[2] " ۴/ ۸۱

[3] " ۵۴/ ۵۴، ۵۵

(۵) مثلہ قولہ عزوجل :"ان للمتقين عند ربهم جنّت النعيم"[1]
(۶) فی آیة اُخرٰی وقال العلی الاعلی تبارک وتعالٰی : "اذ قالت رب ابن لی عندك بيتاً فی الجنة"[2]

ومعلوم ان اللہ تعالٰی قد استجاب لها وقد فرج لها فی الدنیا عن بیتها کما فی حدیث[3] سلمان وحدیث ابی هریرة بسند صحیح رضی اللہ تعالٰی عنهما وما کانت لتطلب اقرب المنازل وان تفضل علی الانبیاء والرسل علیهم وعلیها الصلٰوۃ والسلام، بل قرباً یلیق بها وان لم یساو ما لخدیجة وفاطمة وعائشة رضی اللہ تعالٰی عنهن فضلاً عن الانبیاء الکرام علیهم الصلٰوۃ والسلام۔

(۷) وقال عزوعلا فی الشهداء : "بل احیاء عند ربهم"[4]

واین رجل من احاد الشهداء من سیدهم حمزة رضی اللہ تعالٰی عنہ بل من نبی اللہ یحیٰی وغیرہ ممن استشهد من الانبیاء علیهم الصلٰوۃ والسلام۔

(۸) قال جل ذکرہ فی الملٰئکة : "فالذین عند ربك"[5]

وتفاوتهم فیما بینهم معلوم غیر مفهوم" وما منا الا له مقام معلوم"[6]

(۹) قال عزمن قائل: "وقد مکروا مکرهم وعند اللہ مکرهم"[7]

وما کان لمکر الکفار ان یکون له قرب من العزیز الجبار لامکاناً لاستحالته ولا مکانة لاستهانته وانما هو للحضور ای حاضر بین یدیه لایخفی علیه فیرجع الی معنی العلم۔

(۱۰) قال سبحانه ما اعظم شانهٗ : "ثم محلها الی البیت العتیق"[8] یعنی البدن

---

[1] القرآن الکریم ۶۸/ ۳۴
[2] " ۶۶/ ۱۱
[3] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت الآیة ۶۶/ ۱۱ دار احیاء التراث العربی بیروت ۲۸/ ۱۹۲
الدر المنثور " " " " ۸/ ۲۱۳
[4] القرآن الکریم ۳/ ۱۶۹
[5] القرآن الکریم ۴۱/ ۳۸
[6] " ۳۷/ ۱۶۴
[7] " ۱۴/ ۴۶
[8] " ۲۲/ ۳۳

قال فی المعالم" ای عند البیت العتیق یرید ارض الحرم کلھا قال فلا یقربوا المسجد الحرام ای الحرم کلہ اھ[1]" جعل جمیع اجزاء الحرم اذ کلھا منحر عند البیت العتیق و معلوم ان کثیرا منھا علی فصل فراسخ من البیت الکریم۔

(۱) اللہ تعالٰی نے فرمایا: "جو لوگ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے حضور اپنی آواز پست کرتے ہیں۔"

نفحۂ اولٰی قرآنیہ میں ہم واضح کر آئے ہیں کہ یہ حکم ہر اس شخص کے لئے ہے جو رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے پیشِ نگاہ ہو حضور کے بالکل پاس بیٹھنے والوں کے لئے کچھ خاص نہیں بلکہ جو پاس ہے اور جو بابِ مسجد کے پاس ہے سب کے لئے یہی حکم ہے۔ محرابِ رسول اور دروازۂ مسجد پر بیٹھنے والے دونوں ہی عندرسول اللہ کہے جائیں گے۔ سبھی کے لئے چیخنا اور چلّانا منع ہے بلکہ یہ کہئے کہ ضرورت سے زیادہ آواز نکالنا منع ہے۔ اور اس مقام پر اگر عند کے وہی معنی ہوں جو یہ لوگ اذان عندمنبر میں مراد لیتے ہیں تو آواز پست رکھنے پر مغفرت اور اجرِعظیم کے وعدہ کا مستحق وہ بے ادب بھی ہو جائے گا جو رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے چند ہاتھ کی دُوری پر کھڑا چیخ رہا ہو، یا صرف اس کے لئے خاص ہوگی جو حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے ایک بالشت کی دُوری پر کھڑا ہو کر کسی سے پست آواز میں بات کرے یا خود حضور ہی سے کلام کرے، اور چار ہاتھ دُور کھڑا ہو کر کسی سے بات کرے تو وہ دائرۂ رحمت و مغفرت سے باہر ہے کہ (وہ عندرسول اللہ نہیں) بھلا کون عقلمند مسلمان ایسا کہہ سکے گا۔

(۲) ارشادِ الٰہی ہے: "یہ منافقین کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے پاس رہنے والوں پر خرچ نہ کرو تاکہ یہ اِدھر اُدھر منتشر ہو جائیں۔"

یہاں عند کا مفہوم پہلے والی آیت سے بھی وسیع ہے کیونکہ یہاں تو عند سے مراد وہ سبھی لوگ ہیں جو حضور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت کرتے ہوں اگرچہ فی الحال حضور سے بہت دُور ہوں۔

(۳) اللہ تبارک وتعالٰی کا ارشادگرامی ہے (کہ منافق آپ کے سامنے کہتے ہیں): "ہم آپ کے فرمانبردار ہیں، اور جب آپ کے پاس سے دُور ہو جاتے ہیں تو رات کو ان کی ایک جماعت اس کے خلاف بولنے لگتی ہے جو آپ کے سامنے کہہ چکے اور اللہ لکھ رکھتا ہے ان کے رات کے منصوبے کو۔"

یہ منافقین کے حال کا بیان ہے اور تاریخ شاہد ہے کہ منافقین رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے دربار میں آپ کے بالکل پاس نہیں بیٹھتے تھے۔ قریب کی جگہ تو ابوبکر و عمر، عثمان و علی و دیگر مخلصین صحابہ کے لئے تھی۔ منافقین تو اِدھر اُدھر آنکھ بچا کر بیٹھتے تھے، اگر کچھ کسی مجبوری سے آپ کے سامنے بیٹھ بھی گئے ہوں تو عند کہہ کر

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۲۲/۳۳ دارالکتب العلمیہ بیروت ۳/ ۲۴۲

سبھی منافقین مراد ہیں۔ قریب بیٹھنے والے ہوں یا دُور۔

(۴) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "بیشک متقین باغوں اور نہروں میں سچ کی مجلس میں عظیم قدرت والے بادشاہ کے حضور حاضر ہوں گے۔"

یہ آیت تو سارے ہی متقیوں کو گھیرے ہوئے ہے لیکن اس میں کہاں بہ نسبت علماء کے کسی صالح مسلمان کا درجہ، اور بہ نسبت اولیاء کے کسی عالم کا درجہ، اور بہ نسبت صحابہ کے کسی ولی کا درجہ، اور بہ نسبت انبیاء کے کسی نبی کا درجہ، اور کہاں سید الانبیاء اور دیگر انبیاء علیہم السلام کا درجہ۔ ان مراتب میں تو فلک الافلاک اور تحت الثریٰ سے بھی زیادہ فاصلہ ہے مگر سب کو عند اللہ سے بیان کیا گیا ہے۔

(۵) اسی طرح اللہ عزّ وجل کا ارشادِ گرامی ہے: "بیشک متقین کے لئے رب کے پاس جنت نعیم ہے۔"

(۶) دوسری آیت میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا: "اُس نے دُعا مانگی یا اللہ! میرے لئے اپنے پاس جنت میں ایک مکان بنادے۔"

(مذکورہ بالا آیت کے تحت) حضرت سلمان و حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پاک بی بی کی دُعا قبول کرلی، تو کیا وہ انبیاء و اولیاء سے بھی زیادہ قربِ الٰہی کی طالب تھیں۔ وہ تو اس کی خواستگار تھیں کہ قُرب کا وُہ مقام جو ان کے لائق ہو، چاہے حضرت خدیجہ و فاطمہ و عائشہ رضوان اللہ تعالیٰ عنہن کے درجہ کے ہم پلہ بھی نہ ہو، چہ جائیکہ انبیاء اولیاء عظام علیہم الرحمۃ والرضوان کے درجہ کے برابر ہو۔

(۷) اللہ تعالیٰ نے شہدائے کرام کے بارے میں ارشاد فرمایا: "شہداء اللہ تعالیٰ کے پاس زندہ ہیں۔"
تو بھلا کہاں سید الشہداء امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام بلند اور کہاں اللہ تعالیٰ کے نبی یحییٰ علیہ السلام کا مقام بلند اور کہاں عام شہداءِ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کی منزل، بلکہ انبیاءِ کرام علیہم السلام میں شہادت پانے والوں کی منزلیں۔

(۸) اللہ تعالیٰ فرشتوں کے بارے میں ارشاد فرماتا ہے: "جو فرشتے تمھارے رب کے پاس ہیں۔"
ان فرشتوں میں باہم درجات کا کتنا تفاوت ہے، ہم اس کی حقیقت تو نہیں جان سکتے مگر تفاوت ہونا یقیناً معلوم ہے۔ قرآن عظیم کا ارشاد ہے کہ ہم میں سے ہر ایک کیلئے ایک متعیّن مقام ہے۔

(۹) اللہ عزّ وجل فرماتا ہے: "کافروں نے خدا سے مکر کیا ان کا مکر تو خدا ہی کے پاس ہے۔"
کافروں کے مکر کے لئے اللہ تعالیٰ سے کوئی قُرب نہیں، نہ قُربِ مکانی کہ یہ ذاتِ باری کے لئے محال ہے نہ قربِ مرتبی کہ مکر تو نہایت ذلیل چیز ہے۔ لامحالہ اس آیت میں قُرب سے مراد حضور ہے یعنی یہ اللہ تعالیٰ

کے سامنے ہے اس سے پوشیدہ نہیں، تو یہ حضور علمی ہوا۔

(۱۰) اللہ جل شانہ، نے ارشاد فرمایا: "قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کی جگہ بیت اللہ کے پاس ہے"۔ معالم التنزیل میں فرمایا "الی البیت العتیق کا مطلب ہے عند البیت العتیق ہے یعنی حرم کی پوری زمین (چنانچہ دوسری جگہ) ارشاد ہوا پورے حرم کے قریب نہ جاؤ۔ آیت مذکورہ بالا میں پورے حرم کو منحر عند البیت العتیق قرار دیا جبکہ حدود حرم مختلف جہات میں بیت اللہ شریف سے کوسوں دوری پر ہے۔

(فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۲۰۸ تا ۲۱۲)

(۱۵) عند ظرف زمان ومکان دونوں کے لئے آتا ہے۔ قرآنی آیات سے تائید پیش کرتے ہوئے فرمایا:

**نفحہ ۵** : لئن نتزلنا الیٰ مثل مدارکھم فلا شك ان عند ظرف زمان و مکان قال تعالیٰ: "خذوا زینتکم عند کل مسجد[۱]" ای ثیابکم وقت کل صلوٰۃ۔ والوقت یضاف الی الامکنۃ والاجسام ایضا اذا کان لہ اختصاص بہا۔ قال تعالیٰ: یوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم[۲]۔"

وانما حنین اسم مکان وکذا یوم بدر، یوم احد، یوم الدار، لیلۃ العقبۃ، لیلۃ المعراج، لیلۃ الغار۔

**نفحہ ۵** : اگر ہم ان لوگوں کے معیارِ فہم پر اُتر کر بھی بات کریں تو اتنا تو سب پر ظاہر ہے کہ عند ظرفِ زمان اور ظرفِ مکان دونوں ہی کے لئے ہے، جیساکہ ارشادِ باری ہے: "ہر مسجد کے پاس اپنی زینت اختیار کرو" یعنی ہر نماز کے وقت کپڑے پہنو، اور خود وقت بھی مکان اور اجسام دونوں ہی کی طرف مضاف ہوتا ہے جب کہ وقت کے ساتھ ان کو کوئی خصوصیت ہو۔ ارشادِ الٰہی ہے: "اور حنین کا دن یاد کرو جب تم اپنی کثرت پر اِترا گئے تھے"۔ "حنین" ایک جگہ کا نام ہے، یہی حال یومِ بدر، یومِ اُحد، یومِ دار، لیلۃ العقبہ، لیلۃ المعراج اور لیلۃ الغار کا ہے۔

(فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۲۱۸)

(۱۶) اذانِ خطبہ مسجد کے اندر ہونے کو جائز قرار دینے والوں نے فقہاء کے قول علی المنبر سے استدلال کیا، ان کے رَد میں لفظ علیٰ کے معنیٰ کی تحقیق کرتے ہوئے فرمایا:

وفی تحریر الامام ابن الہمام وتقریر الامام ابن امیر الحاج: "وھو ای اللزوم

---

[۱] القرآن الکریم ۷/ ۳۱

[۲] " ۹/ ۲۵

هو بمعنی الحقیقی اھ[1]۔

وفی الرضی شرح الکافیۃ: "منہ سر علی اسم اللہ تعالٰی ای ملتزمًا اھ[2]"۔

قال ربنا عزّوجلّ: فجاءتہ احدٰھما تمشی علی استحیاء[3]"۔ ای ملازمۃ للحیاء۔

تحریر امام امیر ابن الحاج اور تقریر امام ابن امیر الحاج میں ہے: "لزوم ہی علٰی کے حقیقی معنی ہیں"۔

اور رضی شرح کافیہ میں ہے: "اسی محاورہ سے ہے "اللہ کے نام پر سیر کر" یعنی اس کو لازم پکڑو"۔

قرآن عظیم میں یہ لفظ اسی معنٰی میں وارد ہوا۔ ارشادِ الٰہی ہے: "ان دو عورتوں میں سے ایک شرم کرتی ہوئی آئی، یعنی وہ شرم کو لازم کئے ہوئے تھی۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۲۲۱)

(۱۷) علٰی بمعنی مصاحبت آتا ہے۔ اس کے متعلق فرمایا:

قال الامام الجلیل الجلال السیوطی فی الاتقان: علٰی حرف جرلہا معان (الٰی ان قال) ثانیہا للمصاحبۃ کمع نحو "واٰتی المال علٰی حبہ" ای مع حبہ۔ "وان ربك لذو مغفرۃ للناس علٰی ظلمہم[4] اھ۔

امام جلال الدین سیوطی اتقان میں فرماتے ہیں: "علٰی حرفِ جر ہے، اس کے چند معانی ہیں، دوسرا معنٰی مصاحبت ہے، جیسے لفظ مع قرآنِ عظیم میں ہے کہ مال کو محبت کے باوجود قرابت داروں کو دیا (دوسری مثال) تمہارا رب ظلم کے باوجود لوگوں کی مغفرت کرنے والا ہے (یہاں علٰی ظلمٍ کا مطلب مع ظلمٍ ہے)"۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۲۲۱)

(۱۸) علٰی کبھی وقت و زمانہ کے لئے آتا ہے، تو اس طرح یہ عند زمانیہ کا ہم معنٰی ہُوا۔ چنانچہ فرمایا:

**ثالثًا** قال ربنا عزّوجلّ "واتبعوا ما تتلوا الشیٰطین علٰی ملك سلیمٰن[5]"۔ قال فی الاتقان والفتوحات الالٰہیۃ: (ای فی زمن ملکہ[6])، وفی مدارك الامام النسفی: "ای

---

[1] التقریر والتحبیر   مسئلۃ علٰی للاستعلاء حسًا   دار الفکر بیروت   ۲/۸۶

[2] الرضی فی شرح الکافیۃ   حروف الجر حرف "علٰی"   دار الکتب العلمیہ بیروت   ۲/۳۴۲

[3] القرآن الکریم ۲۸/۲۵

[4] الاتقان فی علوم القرآن   النوع الاربعون   دار الکتاب العربی بیروت   ۱/۴۹۸

[5] القرآن الکریم ۲/۱۰۲

[6] الفتوحات الالٰہیۃ الشہیر بالجمل   تحت الآیۃ ۲/۱۰۲   دار الفکر بیروت   ۱/۱۳۸

علیٰ عهد ملکه و فی زمانه[1] اهـ، ولاشك ان هذا الاذان علیٰ عهد المنبر و فی زمانه، فرجعت الیٰ معنی عند الزمانیة۔

**ثالثاً** اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اور انھوں نے ملک سلیمان پر شیطانوں کے پڑھے ہوئے کی اتباع کی"۔ اتقان اور فتوحاتِ الٰہیہ میں ہے: "یعنی ان کی حکومت کے زمانہ میں"۔ مدارک امام نسفی میں ہے: "یعنی ان کی حکومت اور ان کے زمانہ میں"۔ اور اس میں کوئی شبہہ نہیں کہ اذانِ خطبہ منبر کے وقت اور زمانہ میں ہے تو یہ عند زمانیہ کے ہم معنیٰ ہوگیا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۲۲۲، ۲۲۳)

(۱۹) اذان اندرونِ مسجد کا جواز کچھ لوگوں نے قرآن مجید سے ثابت کرنا چاہا، ان کے رد میں فرمایا:

**نفحه ۱۸**: حاول بعض الوهابية الفجرة ان يثبت مطلوبه الباطل بآيات القرآن العظيم وحاشا القرآن ان يكون لباطل ظهيرًا قال قال عزوجل: "واذّن فی الناس بالحج[2]" واخرج سعيد بن منصور و آخرون عن مجاهد قال لما امر ابراهيم ان يؤذن فی الناس بالحج، قام علی المقام فنادٰی بصوت اسمع من بين المشرق والمغرب، يايها الناس اجيبوا ربكم[3]۔

واخرج ابن المنذر وابن ابی حاتم عن مجاهد قال تطاول به المقام حتی كان كاطول جبل فی الارض فاذن فيهم بالحج فاسمع من تحت البحور السبع[4]۔

واخرج ابن جرير عن مجاهد عن ابن عباس رضی الله تعالٰی عنهما قال قام ابراهيم خليل الله علی الحجر فنادٰی "يايها الناس كتب عليكم الحج فاسمع من فی اصلاب الرجال وارحام النساء[5]"

**نفحہ ۱۸**: بعض وہابی صاحبان نے اپنا مقصد قرآن پاک سے ثابت کرنے کا قصد کیا ہے

---

[1] مدارک التنزیل تفسیر النسفی تحت الآیۃ ۲/۱۰۲ دار الکتاب العربی بیروت ۱/۶۵

[2] القرآن الکریم ۲۲/۲۷

[3] الدر المنثور بحوالہ سعید بن منصور تحت الآیۃ ۲۲/۲۷ حدیث ۱۳۸۸۲ دار احیاء التراث العربی بیروت ۶/۳۳
تفسیر القرآن العظیم لابن ابی حاتم تحت الآیۃ ۲۲/۲۷ حدیث ۱۳۸۸۰ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکۃ المکرمۃ ۸/۲۴۸۷

[4] ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″
الدر المنثور بحوالہ ابن المنذر وابن ابی حاتم تحت الآیۃ ۲۲/۲۷ دار احیاء التراث العربی بیروت ۶/۳۳

[5] جامع البیان (تفسیر ابن جریر) ″ ″ ″ ″ ″ ۱۷/۱۶۹

حالانکہ قرآن عظیم باطل کا مددگار نہیں ہو سکتا۔ وہ کہتے ہیں کہ قرآن عظیم نے فرمایا: "(اے ابراہیم!) لوگوں میں حج کا اعلان کرو"۔ اور سعید بن منصور اور دوسرے محدثین نے حضرت مجاہد سے روایت کی: جب حضرت ابراھیم علیہ السلام کو حج کے اعلان کرنے کا حکم ہوا تو آپ نے مقام ابراہیم پر کھڑے ہو کر بلند آواز سے فرمایا (جسے مشرق و مغرب کے سبھی لوگوں نے سنا) کہ اے لوگو! اپنے رب کا جواب دو۔

ابن المنذر و ابن ابی حاتم نے حضرت مجاہد رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام مقام ابراہیم پر اعلان کے لئے کھڑے ہوئے تو وہ انھیں لے کر بلند ہونے لگا یہاں تک کہ زمین کے تمام پہاڑوں سے بلند ہو گیا، آپ نے اسی بلندی پر سے لوگوں میں حج کا اعلان کیا جو سات سمندروں کی تہ سے بھی سنا گیا۔

ابن جریر نے حضرت مجاہد سے روایت کی اور انھوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہم سے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کھڑے ہو کر پکارا: "اے لوگو! اللہ تعالٰی نے تم پر حج فرض کیا"۔ تو باپوں کی پشتوں سے اور ماؤں کے شکموں سے لوگوں نے ان کی آواز سنی۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۲۷۴، ۲۷۵)

(۲۰) مقام ابراہیم والا پتھر زمانۂ خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام میں کہاں تھا اور یہ کہ اعلان حج حضرت خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہاں کھڑے ہو کر فرمایا، اس سلسلے میں متعدد تفاسیر کے حوالے نقل کرتے ہوئے فرمایا:

**خامساً** بل قد ورد ما یدل علٰی انہ کان فی غیر ھذا المحل حین اذن علیہ وکفٰی بہ قاطعا لشقشقتہ اخرج الازرقی عن ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالٰی عنہ قال "سألت عبد اللہ بن سلام عن الاثر الذی فی المقام، فقال لما امر ابراھیم علیہ الصلٰوۃ والسلام ان یؤذن فی الناس بالحج قام علی المقام، فلما فرغ امر بالمقام فوضعہ قبلہ، فکان یصلی الیہ مستقبل الباب[1]۔" (الحدیث)

**وسادساً** ان شئت قطعت راس الشبھۃ من راسھا وذٰلک لان روایۃ قیامہ علیہ الصلٰوۃ والسلام حین الاذان علی المقام روایۃ اسرائیلیۃ کما رأیت

---

[1] الدر المنثور بحوالہ الازرقی تحت الآیۃ ۲/ ۱۲۵ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/ ۲۶۶-۲۶۵

وسیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کان یاخذ عنہم کما ھنا، وروی ابن ابی حاتم عن الربیع بن انس قال سمعنا عن ابن عباس انه حدث عن رجال من علماء اھل الکتاب ان موسیٰ دعا ربه[1] (الحدیث) فی قصة ملاقاته الخضر علیھما الصلوٰة والسلام واقرھا واخرج ابن ابی شیبة عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال سئلت کعبًا ما سدرة المنتھیٰ؟ قال سدرة ینتھی الیھا علم الملئکة، وسألته عن جنة الماوٰی، فقال جنة فیھا طیر خضر ترتقی فیھا ارواح الشھداء[2]۔

واخرج ابن جریر عن شمر قال جاء ابن عباس الیٰ کعب فقال له حدثنی عن قول اللہ "سدرة المنتھیٰ"[3] (الحدیث)۔

وقد صح عن امیر المؤمنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجھه انه اذن علیٰ ثبیر، روی عبدالرزاق وغیرہ عن معمر قال قال ابن جریج قال ابن المسیب قال علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنه لما فرغ ابراھیم من بنائه، بعث اللہ جبریل فحج به حتی اذا رأی عرفة قال قد عرفت وکان اتاھا قبل ذٰلک مرة، فلذٰلک سمیت عرفة حتی اذا کان یوم النحر عرض له الشیطان فقال احصب فحصبه بسبع حصیات، ثم الیوم الثانی فالثالث فلذٰلک کان رمی الجمار قال اعل علیٰ ثبیر فعلاہ فنادیٰ یا عباد اللہ اجیبوا اللہ یا عباد اللہ اطیعوا اللہ فسمع دعوته من بین الابحر السبع[4] (الحدیث)۔

وھذا کما تریٰ سند صحیح علیٰ اصولنا فھذا نص عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم حکما لان الامر لا دخل فیه للرأی وما کان امیر المؤمنین علی لیاخذ عن اھل الکتاب فلم یکن الا سماعا عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم۔ فثبت ان الاذان کان علیٰ جبلٍ بمزدلفة وسقط انه کان داخل المسجد علی المقام ولک ان تقول لا خلف فان ثبیرًا من الحرم وقد افاد ابن عباس نفسه "ان مقام ابراھیم الحرم کله"[5]

---

[1] الدر المنثور بحواله ابن ابی حاتم سورۃ الکہف ۶۰تا ۸۲ داراحیاء التراث العربی بیروت ۵/ ۳۶۹

[2] الدر المنثور " ابن ابی شیبه تحت الآیه ۵۳/ ۱۴ " " " ۷/ ۵۴۲

[3] جامع البیان " " " " " ۲۷/ ۶۳

[4] الدر المنثور بحواله عبدالرزاق " ۲۲/ ۲۶ " " ۶/ ۳۱

[5] " بحواله عبد بن حمید وابن ابی حاتم " ۲/ ۱۲۵ ۱/ ۲۶۴، تفسیر ابن ابی حاتم تحت الآیۃ ۳/ ۹۷ ۳/ ۷۱۱

اخرجه عنه عبد بن حمید و ابن ابی حاتم بل اخرج هذا عنه قال "مقام ابراهیم الحج کله"۔[1]

**وسابعًا** اضطربت الروایة عن ابن عباس ففی بعضها "اذن علی المقام و فی بعضها" علی ابی قبیس رواه عنه ابن ابی حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال "لما امر اللہ ابراھیم ان ینادی فی الناس بالحج صعد ابا قبیس فوضع اصبعیه فی اذنیه ثم نادیٰ ان اللہ تعالیٰ کتب علیکم الحج فاجیبوا ربکم"[2] الحدیث، وفی اُخری له عنه رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال "صعد ابراهیم ابا قبیس، فقال اللہ اکبر اللہ اکبر، اشهد ان لا اله الا اللہ، واشهد ان ابراهیم رسول اللہ ایها الناس ان اللہ امرنی ان انادی فی الناس بالحج ایها الناس اجیبوا ربکم"[3]

وفی بعضها علی الصفا رواه عبد بن حمید عن مجاهد قال "امر ابراهیم ان یوذن بالحج فقام علی الصفا فنادی بصوت سمعه ما بین المشرق والمغرب یا ایها الناس اجیبوا الیٰ ربکم"۔[4]

وروی هو وابن المنذر عن عطاء قال "صعد ابراهیم علی الصفا فقال یا ایها الناس اجیبوا ربکم"۔[5]

ومعلوم ان الروایة عن مجاهد روایة عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهم فالاضطراب بالتثلیث والا فلا شك فی التثنیة فکان من هذا الوجه ایضا حدیث امیر المؤمنین احق بالاخذ ولذا مشّی علیه القطبی فی تاریخه ولم یلتفت لما سواه فانحضت الشبهة عن راس والحمد للہ رب الناس۔

**خامسًا** اس امر کی روایت ہے کہ مقامِ ابراہیم اعلانِ حج کے وقت موجودہ مقام پر موجود نہیں تھا

---

[1] تفسیر القرآن العظیم تحت الآیۃ ۳/ ۹۷ حدیث ۳۸۴۷ و ۳۸۴۸ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکۃ المکرمۃ ۳/ ۷۱۱

[2] " " لابن ابی حاتم " ۲۲/ ۲۷ " ۱۳۸۷۸ " " " " ۸/ ۲۴۸۷

[3] " " " " " " ۱۳۸۸۴ مکتبہ نزار مصطفی الباز مکۃ المکرمۃ ۸/ ۲۴۸۷، ۲۴۸۸

الدر المنثور بحوالہ ابن ابی حاتم " دار احیاء التراث العربی بیروت ۶/ ۳۴

[4] " " عبد بن حمید " " " " " " " ۶/ ۳۳

[5] " بحوالہ عبد بن حمید و ابن المنذر تحت الآیۃ ۲۲/ ۲۷ " " " " " ۶/ ۳۳

جس سے تمام اوہام کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ ازرقی نے ہی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ" میں نے حضرت عبداللہ ابن سلام رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مقامِ ابراہیم میں پڑے ہوئے نشان کے بارے میں سوال کیا، تو انھوں نے فرمایا کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اعلانِ حج کا حکم دیا گیا تو آپ نے اسی پتھر پر کھڑے ہو کر اعلان فرمایا۔ اعلان سے فارغ ہُوئے تو حکم دیا کہ اس پتھر کو لیجا کر کعبہ کے دروازے کے سامنے رکھا جائے۔ اور آپ اسی پتھر کی طرف رُخ کرکے نماز پڑھتے تھے۔

**سادسًا** اس شُبہہ کو جڑ بنیاد سے اس طرح ختم کیا جا سکتا ہے کہ حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اعلانِ حج کے وقت مقامِ ابراہیم پر کھڑے ہونے کی روایت اسرائیلی ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما بنی اسرائیل کی روایت قبول فرماتے تھے جیسا کہ اس مبحوثہ روایت میں انھوں نے کیا۔ ابن ابی حاتم ربیع بن انس سے روایت کرتے ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اہلِ کتاب سے روایت کیا کہ حضرت موسٰی علیہ السلام نے اپنے رب سے دُعا کی۔ یہ حضرت موسٰی وخضر علیہما الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات کے قصہ میں ہے۔ مندرجہ ذیل روایت کو ابن ابی شیبہ نے بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے ہی ثابت رکھا کہ" میں نے حضرت کعب احبار رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے سدرۃ المنتہٰی کے بارے میں پُوچھا تو انھوں نے کہا کہ انتہائی حد پر ایک بیری کا درخت ہے جہاں تک فرشتوں کا علم پہنچتا ہے۔ اور میں نے ان سے جنۃ الماوٰی کے بارے میں پُوچھا تو انھوں نے فرمایا: ایسا باغ جس میں شُہدا کی رُوحیں سبز پرندوں کے جسم میں رہ کر سیر کرتی ہیں۔

ابن جریر نے شمر سے روایت کی کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما حضرت کعب کے پاس آئے اور سدرۃ المنتہٰی کے بارے میں پوچھا۔ (القصہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اسرائیلی روایت قبول کرتے تھے اور روایتِ مبحوثہ بھی اسرائیلی ہے)

ادھر حضرت امیر المومنین مولا علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے صحیح روایت ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کوہِ ثبیر پر چڑھ کر اعلانِ حج فرمایا تھا۔ عبدالرزاق وغیرہ نے معمر سے انھوں نے ابن جریج سے انھوں نے حضرت علی (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) سے روایت کی کہ" جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کعبہ کی بنا سے فارغ ہُوئے تو اللہ تعالےٰ نے جبریل امین کو بھیجا اور انھوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حج کرایا۔ آپ نے عرفات کو دیکھ کر فرمایا میں اس میدان کو پہچان گیا۔ ایک بار اس سے قبل بھی حضرت خلیل یہاں آئے تھے۔ اور اسی وجہ سے اس کا نام "عرفہ" پڑا۔ یوم النحر کے دن شیطان نے آپ سے تعرض کیا تو حضرت جبرائیل امین علیہ السلام نے اسے سات کنکریاں مارنے کی ہدایت کی۔ اور آپ نے ابلیس کو سنگسار کیا، پھر دوسرے اور تیسرے دن بھی ایسا ہی ہُوا، اسی لئے حج میں رمی جمار مشروع ہوئی۔ حضرت جبریل امین علیہ السلام نے فرمایا:

کوہِ ثبیر پر چڑھو۔ حضرت خلیل علیہ السلام نے ثبیر کی پہاڑی پر چڑھ کر اعلان فرمایا" اے بندگانِ خدا! اللہ تعالےٰ کی پکار کا جواب دو، اے بندگانِ خدا! اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو۔" توان کا یہ اعلان سات سمندروں سے سنا گیا۔

یہ سند ہمارے اصول پر صحیح ہے، اور یہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا ہی فرمان ہے، اور معاملہ چونکہ قیاسی نہیں بالکلیہ سماعی ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم چونکہ اہل کتاب کی روایت قبول نہیں کرتے تھے اس لئے لامحالہ یہ بات اُنھوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے ہی سُن کر بیان فرمائی۔ تو اس روایت سے یہ ثابت ہُوا کہ اعلان حج منٰی شریف کے پہاڑ سے ہوا۔ اور یہ بات ساقط الاعتبار ہوگئی کہ اعلانِ حج مسجد کے اندر مقامِ ابراہیم سے ہوا۔ اور ان دونوں روایتوں میں کوئی ایسا تعارض بھی نہیں کہ جبلِ ثبیر بھی حدودِ حرم کے اندر ہی ہے چنانچہ عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی، سارا حرم مقامِ ابراہیم ہے، بلکہ حضرت ابن عباس سے تو یہ بھی مروی ہے کہ مقامِ ابراہیم پُورا حج ہے۔

**وسابعًا** اعلان حج کے مقام میں حضرت ابنِ عباس سے روایتیں مضطرب ہیں۔ بعض میں تو وہی مقامِ ابراہیم ہے، اور بعض میں یہ ہے کہ جبلِ ابوقبیس پر اعلانِ حج ہوا۔ چنانچہ ابن ابی حاتم نے ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی کہ" حضرت ابراہیم علیہ السلام جبلِ ابوقبیس پر چڑھے اور کہا" اللہ اکبر اللہ اکبر، اشھد ان لا الٰہ الا اللہ، واشھد ان ابراھیم رسول اللہ۔ اے لوگو! مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ میں لوگوں میں حج کا اعلان کروں، توتم لوگ اللہ تعالےٰ کی پکار کا جواب دو۔"

اور بعض روایتوں میں جبلِ ابوقبیس کے بجائے کوہِ صفا کا ذکر ہے۔ ابن حمید کی یہ روایت امام مجاہد سے اس طرح مروی ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا گیا کہ مقامِ صفا پر لوگوں کو حج کا اعلان کریں۔ آپ نے ایسی آواز سے پکارا کہ مشرق و مغرب کے لوگوں نے سُنا۔ اعلان کے الفاظ یہ تھے:" اے لوگو! اپنے رب کی پکار کا جواب دو۔"

ابو حاتم اور ابن منذر نے عطا سے روایت کی، حضرت ابراہیم علیہ السلام کوہِ صفا پر چڑھے اور پکارا:
" اے لوگو! اپنے رب کا جواب دو۔"

یہ معلوم ہے کہ حضرت مجاہد کی روایت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ہی ہے تو اس روایت میں تین [۳] اضطراب ہوئے، ورنہ دو [۲] ہونے میں توشبہہ ہی نہیں ہے۔ پس اس اعتبار سے بھی امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی روایت راجح اور اولیٰ بالاخذ ہے اس لئے قطبی نے اپنی تاریخ میں امیر المومنین کی روایت پر ہی اعتماد کیا اور دوسری روایتوں کی طرف توجہ نہیں کی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۸ ص ۲۷۸ تا ۲۸۳)

(۲۱) مخالفین کے قرآن مجید سے ایک اور غلط استدلال کا رد کرتے ہوئے فرمایا:

**نفحہ ۱۹:** ثم تمسك بقوله تعالٰی: "ومن اظلم ممن منع مسٰجد اللّٰہ ان یذکر فیہا اسمہ[1]" وقولہ تعالٰی: "ومسٰجد یذکر فیہا اسم اللّٰہ کثیرا[2]" وقولہ تعالٰی: فی بیوت اذن اللّٰہ ان ترفع ویذکر فیہا اسمہ[3]" وفی حدیث الصحیحین[ع]: ان ھذہ المساجد لا تصلح لشیئ من ھذا البول والقذر وانما ھی لذکر اللّٰہ والصلٰوۃ وقراءۃ القراٰن[4]۔

**اقول اولاً** قضینا الوتر عن کشف ھٰذہ الشبھۃ فی النفحۃ الاولی القراٰنیۃ، وبینا ان الاذان لیس ذکرا خالصا۔

**وثانیاً** منع الاذان فی المسجد منع رفع الصوت فیہ ومنع رفع الصوت بالذکر لیس منع الذکر۔

**نفحہ ۱۹:** مسجد کے اندر اذان جائز ہونے پر اس آیت سے بھی مخالفین نے استدلال کیا ہے "اس سے بڑا ظالم کون ہے جو مسجد میں اللہ کا نام لینے سے منع کرے" اور آیت مبارکہ "اور مسجد جس میں اللہ تعالٰی کا ذکر بہت ہوتا ہے" اور آیت گرامی "ان گھروں کو اللہ تعالٰی نے بلند کرنے کا اور ان میں اپنا نام لینے کا حکم دیا" اور بقول صاحبِ مشکوٰۃ صحیحین کی ایک حدیث، ورنہ مخرجین نے اسے صرف مسلم کی حدیث قرار دیا ہے "یہ مسجدیں پیشاب اور گندگی کے لئے نہیں، یہ تو ذکرِ الٰہی، نماز اور تلاوتِ قرآن کے لئے ہیں"۔

**اقول** (میں کہتا ہوں۔ت) **اولاً** ہم نفحہ قرآنیہ میں اس شبہہ کو بالکل حل کرچکے ہیں کہ اذان محض ذکرِ الٰہی ہی نہیں ہے۔

---

ع تبع فیہ صاحب المشکٰوۃ وانما عزاہ المخرجون لمسلم وحدہ ۱ھ۔

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۱۱۴

[2] " ۲۲/ ۴۰

[3] " ۲۴/ ۳۶

[4] صحیح مسلم کتاب الطہارۃ باب وجوب غسل البول الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۳۸

مشکوٰۃ المصابیح بحوالہ صحیحین کتاب الطہارۃ باب تطہیر النجاسات الفصل الاول " ص ۵۲

وثانیاً مسجد میں اذان منع کرنے کا مطلب آواز بلند کرنے کو منع کرنا ہے اور ذکر الٰہی کے ساتھ آواز بلند کرنے کی ممانعت ذکر کی ممانعت نہیں ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۲۸۶، ۲۸۷)

(۲۲) سوال آیا کہ سورۂ فاتحہ اور اخلاص میں صرف اللہ تعالیٰ کی ہی تعریف ہے یا رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بھی ہے؟ اس کے جواب میں فرمایا:

سورۂ فاتحہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صریح مدح ہے الصراط المستقیم محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہیں اور ان کے اصحاب ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما، انعمت علیھم چاروں فرقوں کے سردار انبیاء ہیں انبیاء کے سردار مصطفٰے صلے اللہ تعالےٰ علیہ وعلیہم وسلم۔ شیخ محقق نے اخبار الاخیار میں بعض اولیاء کی ایک تفسیر بتائی جس میں انھوں نے ہر آیت کو نعت کر دیا ہے اس میں سورہ اخلاص بھی داخل ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ۲۸ ص ۳۶۶)

(۲۳) آیتِ کریمہ "قل ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء[1]" سے حاصل ہونے والی ہدایتوں کا ذکر کرتے ہوئے رسالہ طرد الافاعی میں فرمایا:

اس آیت کریمہ سے مسلمان کو دو ہدایتیں ہوئیں:

ایک یہ کہ مقبولانِ بارگاہِ احدیت میں اپنی طرف سے ایک کو افضل دوسرے کو مفضول نہ بتائے کہ فضل تو اللہ تعالےٰ کے ہاتھ ہے جسے چاہے عطا فرمائے۔

دوسرے یہ کہ جب دلیل مقبول سے ایک کی افضلیت ثابت ہو تو اس میں اپنے نفس کی خواہش اپنے ذاتی علاقہ نسب یا نسبت شاگردی یا مریدی وغیرہا کو اصلاً دخل نہ دے کہ فضل ہمارے ہاتھ نہیں کہ اپنے آباء واساتذہ ومشائخ کو اوروں سے افضل ہی کریں جسے خدا نے افضل کیا وہی افضل ہے اگرچہ ہمارا ذاتی علاقہ اُس سے کچھ نہ ہو اور جسے مفضول کیا وہی مفضول ہے اگرچہ ہمارے سب علاقے اُس سے ہوں۔ یہ اسلامی شان ہے مسلمانوں کو اسی پر عمل چاہئے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۳۶۸، ۳۶۹)

(۲۴) کچھ لوگوں نے کہا کہ حضور غوثِ اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ حضرت سید احمد رفاعی علیہ الرحمہ کے ہاتھ پر بیعت ہوئے۔ اس قولِ باطل کا رد کرتے ہوئے فرمایا:

بہرحال اس پر وہ فقرہ تراشیدہ کہ اس وقت حضور قطب العالمین غوث العارفین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت رفیع رفاعی کے ہاتھ پر معاذ اللہ بیعت فرمائی کذب وافتراءِ خالص و دروغ بیفروغ ہے، اور

---

[1] القرآن الکریم ۳/۷۳

اور اللہ واحد قہار جھوٹ کو دشمن رکھتا ہے نہ کہ ایسا جھوٹ جس سے زمین و آسمان ہل جائیں، قل ھاتوا برھانکم ان کنتم صٰدقین[1] لاؤ اپنی دلیل اگر سچے ہو۔ فاذ لم یاتوا بالشھداء فاولٰئک عند اللہ ھم الکٰذبون[2] پھر جب وہ گواہان عادل نہ لاسکے تو جو ایسا دعوٰی کریں اللہ کے نزدیک وہی جھوٹے ہیں۔ وقد خاب من افترٰی[3] خاب و خاسر ہوا جس نے افتراء باندھا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۳۷۱)

(۲۵) ابن السقاء غوث پاک کی گستاخی کی وجہ سے زندگی میں رُسوا ہوا، وُہ جانتا تھا کہ یہ اس گستاخی کی سزا ہے، اس پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پھر وُہ اسلام کیوں نہیں لاتا تھا؟ اس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

**اقول** اس کا جواب قرآن عظیم دے گا:

وما تشاءون الا ان یشاء اللہ رب العٰلمین[4]

تم کیا چاہو جب تک اللہ نہ چاہے جو مالک سارے جہان کا ہے۔

اور فرماتا ہے:

کلا بل ران علٰی قلوبھم ما کانوا یکسبون[5]

کوئی نہیں بلکہ اُن کی بداعمالیوں نے اُن کے دلوں پر زنگ چڑھادی ہے۔

اور فرماتا ہے:

ذٰلک بانھم اٰمنوا ثم کفروا فطبع علٰی قلوبھم فھم لا یفقھون[6]

یہ اس لئے کہ وہ ایمان لائے پھر کفر کیا تو اُن کے دِلوں پر مُہر لگادی گئی کہ اب اُنھیں کچھ سمجھ نہ رہی۔ والعیاذ باللہ تعالٰی۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۴۰۰)

(۲۶) اہلِ فترت کے بارے میں اقوال اور آیت کریمہ "وما کنا معذبین حتٰی نبعث رسولا" کی تفسیر بیان کرتے ہوئے رسالہ تنزیہ المکانۃ الحیدریۃ میں فرمایا:

جماہیر ائمہ اشاعرہ رحمہم اللہ تعالٰی کے نزدیک جب تک بعثتِ اقدس حضور خاتم النبیین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہوکر دعوتِ الٰہیہ انھیں نہ پہنچی یہ سب فرقے ناجی و غیر معذب تھے لقولہ تعالٰی "وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا[7]" اللہ تعالٰی کے اس قول کے مطابق "ہم عذاب فرمانے والے نہ تھے یہاں تک کہ بھیج لیں رسول۔

---

[1] القرآن الکریم ۲/۱۱۱ — [2] القرآن الکریم ۲۴/۱۳
[3] 〃 ۲۰/۶۱ — [4] 〃 ۸۱/۲۹
[5] 〃 ۸۳/۱۴ — [6] 〃 ۶۳/۳
[7] 〃 ۱۷/۱۵

(والجواب بتعمیم الرسول العقل اوتخصیص العذاب بعذاب الدنیا خلاف الظاھر فلایصار الیہ الابموجب ولاموجب **اقول** بلٰی احادیث صحیحۃ صریحۃ کثیرۃ بشیرۃ ناطقۃ بعذاب بعض اھل الفترۃ کعمرو بن لحی وصاحب المحجن وغیرھما و بہ علم ان ردّھا بجعلھا معارضۃ للقطعی کماصدر عن العلامۃ الابی والامام السیوطی وکثیر من الاشعریۃ لاسبیل الیہ فان قطعیۃ الدلالۃ غیرمسلم فلایھجم بمثل ذٰلک علٰی ردّ الصحاح والکلام ھٰھُنا طویل لیس ھذا موضعہ ولانحن بصددہ)

(اشاعرہ کا جواب میں یہ کہنا کہ رسول سے مراد عام ہے خواہ انسان ہو یا عقل، یا یہ کہ عذاب سے مراد صرف عذابِ دُنیا ہے (یعنی جب تک ہم کوئی رسول نہ بھیج لیں دنیا میں عذاب نہیں دیتے اور عذابِ آخرت دعوتِ رسول پہنچے بغیر بھی ہوسکتا ہے) یہ (تاویل) خلافِ ظاہر ہے جس کی طرف رجوع کا کوئی موجب نہیں **اقول** کیوں نہیں بہت ساری صحیح صریح حدیثیں بعض اہلِ فترت کے عذاب (دنیاوی) پر ناطق ہیں جیسے عمرو بن لحی اور ٹیڑھے ڈنڈے والا آدمی (جو اپنے ڈنڈے سے لوگوں کی چیزیں اُچک کر چرالیتا تھا) اور اُن دونوں کے علاوہ اس بیان سے یہ بھی معلوم ہُوا کہ ان صحیح حدیثوں کو رَد کرنے کی کوئی وجہ نہیں یہ کہتے ہوئے کہ یہ احادیث نصِ قطعی کے خلاف ہیں جیساکہ علامہ اُبّی، امام سیوطی اور بہت سے اشعریہ نے یہی کہہ کر رَد کردیا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اس معنٰی پر آیت کی دلالت قطعی ہونا مسلّم نہیں تو پھر غیر قطعی الدلالۃ نص سے احادیثِ صحیحہ کے رَد کا ارتکاب نہیں کیا جاسکتا۔ کلام یہاں پر طویل ہے جس کا یہ محل نہیں اور نہ ہی یہاں پر ہمارا مقصود ہے ۱۲ مترجم)

خصوصًا جُہّالِ عرب جنھیں قرآن عظیم جابجا اُمّی و جاہل و بےخبر بتارہا ہے صاف ارشاد ہوتا ہے:

تنزیل العزیز الرحیم ٥ لتنذر قومًا ما انذر اٰباؤھم فھم غٰفلون ٥[1]

اتارا ہوا زبردست مہروالے کا کہ تو ڈرائے اُن لوگوں کو کہ نہ ڈرائے گئے ان کے باپ دادا تو وہ غفلت میں ہیں۔

اور خود ہی ارشاد ہوتا ہے:

ذٰلک ان لم یکن ربک مھلک القرٰی بظلم واھلھا غٰفلون ٥[2]

---

[1] القرآن الکریم ۳۶/ ۵، ۶ [2] القرآن الکریم ۶/ ۱۳۱

فتاوٰی رضویہ جلد ۳۰

یہ اس لئے کہ تیرا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں ظلم سے جب کہ ان کے رہنے والے غفلت میں ہوں۔

**قلت** ای وھٰذا وان کان ظاھرًا فی عذاب الدنیا و عذاب الاٰخرۃ منتفٍ بالفحوٰی فان الملک الکریم الذی لم یرض للغافل بعذاب منقطع لا یرضٰی بعذاب دائم من باب اَولٰی **اقول** لٰکن الغفلۃ انما ھی علٰی امر الرسالۃ والنبوت و السمعیات کبعث وغیرہ، وقد قلنا بموجبہا فی ذٰلک۔ امّا التوحید فلا غفلۃ عنہ مع وضوح الدلائل وکفایۃ العقل وقد قال اللہ تعالٰی قل لمن الارض ومن فیہا ان کنتم تعلمون ○ سیقولون للہ ط قل افلا تذکرون ○ قل من رب السمٰوٰت السبع و رب العرش العظیم ○ سیقولون للہ ط قل افلا تتقون ○ قل من بیدہ ملکوت کل شئ وھو یجیر ولا یجار علیہ ان کنتم تعلمون ○ سیقولون للہ ط قل فانّٰی تسحرون ○[1] وقال تعالٰی "ولئن سألتہم من خلق السمٰوٰت والارض وسخر الشمس و القمر لیقولن اللہ ج فانّٰی یؤفکون ○[2]" الٰی غیر ذٰلک من الاٰیات، کل ذٰلک مع قولہ عز من قائل "ان تقولوا انّما انزل الکتٰب علٰی طائفتین من قبلنا و ان کنّا عن دراستہم لغٰفلین ○[3]" فافہم۔

**قلت** یہ آیت اگرچہ غفلت والے سے عذابِ دنیا کی نفی میں ظاہر ہے اور عذابِ آخرت کی نفی مفہوم سے ہو جاتی ہے کیونکہ جس بادشاہِ کریم غافل کے لئے دُنیا کا فانی عذاب پسند نہ کیا وہ آخرت کا دائمی عذاب بدرجۂ اَولٰے پسند نہ فرمائے گا **اقول** لیکن یہ وہ غفلت ہے جو رسالت، نبوت اور سمعی عقائد بعث وغیرہ کے باب میں ہو اور اس باب میں موجبِ غفلت پائے جانے کے ہم قائل ہیں لیکن توحید سے غفلت کا کوئی موجِب نہیں جب کہ اس کے دلائل واضح ہیں اور عقل اس کی رہنمائی کے لئے کافی ہے۔ باری تعالٰے کا ارشاد ہے: تم فرماؤ کس کی ہے زمین اور جو اس میں ہیں اگر تم جانتے ہو؟ بولیں گے: اللہ کی۔ تم فرماؤ پھر تم کیوں دھیان نہیں دیتے؟ تم فرماؤ کون ہے ساتوں آسمان کا مالک اور بڑے عرش کا مالک؟

---

[1] القرآن الکریم ۲۳/ ۸۴ تا ۸۹

[2] 〃 ۲۹/ ۶۱

[3] 〃 ۶/ ۱۵۶

بولیں گے : یہ اللہ ہی کی شان ہے ۔ فرماؤ پھر تم کیوں نہیں ڈرتے ؛ تم فرماؤ کون ہے جس کے ہاتھ ہر چیز کا اقتدار ہے اور وہ پناہ دینے والا ہے اور اس کے خلاف پناہ نہیں دی جاسکتی اگر تم جانتے ہو ؛ بولیں گے یہ اللہ ہی کی شان ہے ۔ فرماؤ پھر تم کس جادو کے فریب میں پڑے ہو ۔ اور ارشاد باری ہے : اور اگر تم ان سے پوچھو کس نے بنائے آسمان اور زمین، اور کام میں لگائے سورج اور چاند؟ تو ضرور کہیں گے اللہ نے ۔ پھر کہاں اوندھے جاتے ہیں ۔ اور ان کے علاوہ آیات ۔ ساتھ ہی یہ ارشاد بھی ہے : کبھی تم کہو کہ کتاب تو ہم سے پہلے کے دو گروہوں پر نازل کی گئی تھی اور ہم اس کے پڑھنے پڑھانے سے غافل تھے ۔ غور کیجئے (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۱۴۴ تا ۴۴۳)

(۲۷) حضرت علی مرتضیٰ اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالٰی عنہما ہمیشہ مسلمان تھے کبھی شرک میں مبتلا نہیں ہوئے، اس مسئلہ کی تحقیق کرتے ہوئے فرمایا :

عالمِ ذریت سے روزِ ولادت تک اسلام میثاقی تھا کہ الست بربکم ط قالوا بلٰی[1] (کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں، انھوں نے کہا کیوں نہیں) روزِ ولادت سے سنِ تمیز تک اسلام فطری کہ :

كل مولودٍ يُولد على الفطرة۔[2]

ہر بچہ فطرتِ اسلام پر پیدا ہوتا ہے ۔ (ت)

سنِ تمیز سے روزِ بعثت تک اسلام توحیدی کہ اُن حضراتِ والاصفات نے زمانۂ فترت میں بھی کبھی بُت کو سجدہ نہ کیا، کبھی غیرِ خدا کو خدا نہ قرار دیا ہمیشہ ایک ہی جانا، ایک ہی مانا، ایک ہی کہا، ایک ہی سے کام رہا۔

ذٰلك فضل الله يؤتيه من يشاء ط والله ذو الفضل العظيم۔[3]

یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے عطا فرماتا ہے اور اللہ عظیم فضل والا ہے ۔ (ت)

پھر ظہورِ بعثت سے ابد الآباد تک حال تو ظاہر و قطعی و متواتر ہے ۔ والحمد للہ رب

---

[1] القرآن الکریم ۷/ ۱۷۲

[2] صحیح البخاری کتاب الجنائز باب ما قیل فی اولاد المشرکین قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۸۵
سنن ابی داؤد کتاب السنۃ ۲/ ۲۹۲ و جامع الترمذی ابواب القدر ۲/ ۳۶
مسند احمد بن حنبل عن ابی ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ المکتب الاسلامی بیروت ۲/ ۲۳۳

[3] القرآن الکریم ۶۲/ ۴

العٰلمین (سب تعریفیں اللہ تعالٰی کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔ت)۔
(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۴۵۹)

(۲۸) مسئلہ مذکورۂ بالا میں فرمایا:

ثمّ **اقول** و باللہ التوفیق (میں پھر کہتا ہوں اور توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ت)
ظاہر ہے کہ تا اَوانِ (وقت) فترت اس زمانِ جاہلیت ومکانِ اُمیّت وہیجانِ غفلت میں سمعیات پر اطلاع کے تو کوئی معنٰی ہی نہ تھے، اسی طرح نبوت وکتاب کہ وہ لوگ ان امور سے واقف ہی نہ تھے، و لہٰذا براہِ عجب کہتے:

ابعث اللہ بشرا رسولا[1]

کیا خدا نے آدمی کو رسول بنایا۔

اور کہتے:

مالِ ھٰذا الرسول یاکل الطعام ویمشی فی الاسواق[2]

یہ رسول کیسا ہے کہ ہماری طرح کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا ہے۔

اور پُر ظاہر کہ حکم، بے تصورِ محکوم علیہ محال قطعی۔ تو جس چیز سے ذہن اصلاً خالی اس کی تصدیق وتکذیب دونوں ممتنع عقلی۔

وقد قال تعالٰی "ما انذر اٰباؤھم فھم غٰفلون"[3]

بیشک اللہ تعالٰی نے فرمایا: ان کے باپ دادا نہ ڈرائے گئے تو وہ بے خبر ہیں۔(ت)

لہٰذا اُس زمانے میں صرف توحید مدارِ اسلام ومناطِ نجات ونافیِ کفر تھی۔ موحّدانِ جاہلیت کا مسئلہ اجماعیہ کسے نہیں معلوم؟ — بایں ہمہ وہ اسلام ضروری تھا کہ اُس وقت اُسی قدر ممکن تھا اصلِ دین و مرضیِ رب العٰلمین جسے انّ الدین عند اللہ الاسلام[4] (بیشک اللہ کے یہاں اسلام ہی دین ہے۔ت) فرمایا گیا تمام ایمانیات پر ایمان لانا ہے،

کل اٰمن باللہ وملٰئکتہ وکتبہ ورسلہ[5]

---

[1] القرآن الکریم ۱۷/۹۴
[2] القرآن الکریم ۲۵/۷
[3] القرآن الکریم ۳۶/۶
[4] القرآن الکریم ۳/۱۹
[5] القرآن الکریم ۲/۲۸۵

سب نے مانا اللہ اور اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں کو۔ (ت)

یہ بغیر بعثت وبلوغِ دعوت ناممکن — اور اس کا بھی فردِ اکمل وہ ہے جس کی نسبت ابراہیم خلیل و اسمٰعیل ذبیح صلے اللہ تعالٰی علیہما وسلم نے دُعا کی:

ومن ذریتنا اُمۃ مسلمۃ لک[1]۔

اور ہماری اولاد میں سے ایک اُمت تیری فرمانبردار ہو (ت)

جس کی نسبت ارشاد ہوتا ہے:

ھو سمّٰکم المسلمین من قبل[2]۔

اللہ نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے اگلی کتابوں میں۔ (ت)

یعنی اس نبی کریم افضل المرسلین خاتم النبیّین صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم وعلیہم اجمعین کی اُمّتِ مرحومہ میں داخل ہونا — یہ اسلام کا اطلاق اخص واکمل واجل واجمل ہے — ان دونوں معنٰی پر ان حضرات عالیات رضی اللہ تعالٰی عنہما کی نسبت کہا جاتا ہے کہ وہ آٹھ۸ یا دس۱۰ برس کی عمر میں اسلام لائے۔ یہ ارشادِ اقدس سنتے ہی فورًا بلا تامل مسلمان ہوئے، معہذا اس میں ایک سِرّ یہ ہے کہ بعد بعثت وبلوغِ دعوت صرف اُسی اسلامِ ضروری پر قناعت کافی و وجہِ نجات نہیں۔ اگر کوئی شخص فترت میں صدہا سال مُوحّد رہتا اور بعدِ دعوت تصدیق نہ کرتا وہ اسلامِ سابق سے یقینًا زائل ہوکر کافر مخلّد فی النّار ہوجاتا — تو جس نے فورًا تصدیق کی اس پر حکمِ اسلام اُس وقت سے تام وقائم ومحکم ومستقر ہوا۔

علاوہ بریں رب العزت عزّوجل اپنے خلیلِ جلیل سیدنا ابراہیم علیہ الصّلٰوۃ والتسلیم کی نسبت فرماتا ہے:

اذ قال لہ ربہ اسلم قال اسلمت لرب العٰلمین[3]۔

جب اس سے فرمایا اس کے رب نے کہ اسلام لا، بولا میں اسلام لایا رب العٰلمین کیلئے۔

جب خلیل کبریا علیہ الصّلٰوۃ والثناء کو اسلام لانے کا حکم ہونا اور اُن کا عرض کرنا کہ میں اسلام لایا' معاذ اللہ اُن کے ایمانِ قدیم و اسلامِ مُستمر کا منافی نہ ہوا کہ حضرات انبیاء علیہم التحیۃ والثناء کی طرف بعد نبوت و پیش از نبوت کبھی کسی وقت ایک آن کے لئے بھی غیر اسلام کو اصلًا راہ نہیں، تو صدیق و مرتضٰے رضی اللہ تعالٰی عنہما کی نسبت یہ الفاظ کہ فلاں دن مسلمان ہوئے اُس روز اسلام لائے' اُن کے اسلامِ

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۱۲۸

[2] القرآن الکریم ۲۲/ ۷۸

[3] " ۲/ ۱۳۱

سابق کے معاذاللہ کیا مخالف ہو سکتے ہیں۔

ھذا کلہ واضح مبین، والحمد للہ رب العٰلمین۔

یہ سب واضح نمایاں ہے، اور تمام تعریفیں اللہ تعالٰی کے لئے ہیں جو پروردگار ہے کُل جہانوں کا۔(ت)

بحمداللہ تعالٰی فقیر کی اس تقریر سے جس طرح روافض کا نفیِ خلافتِ صدیقی رضی اللہ تعالٰی عنہ کے لئے براہِ عناد و مکابرہ آیۂ کریمہ لاینال عھدی الظّٰلمین[1] (میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا۔ت) سے سفیہانہ استدلال، جس کا نہ صُغرٰی صحیح نہ کُبرٰی ٹھیک، ہباءً منثورا ہوگیا۔ یُونہی تفضیلیہ کا وُہ باطل خیال کہ "قِدمِ اسلام خاصہ حضرتِ مرتضوی کرم اللہ تعالٰی وجہہ ہے لہذا وہ خلفائے ثلٰثہ رضی اللہ تعالٰی عنہم سے افضل" مدفوع و مقہور ہوگیا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۴۶۰ تا ۴۶۲)

(۲۹) حضرت علی مرتضٰے رضی اللہ تعالٰے عنہ کے دائمی مومن ہونے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

بیشک حضرت مولا علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الاسنٰی ہمیشہ سے مسلمان صحیح الایمان تھے اور بیشک انھوں نے آٹھ دس برس کی عمر میں اسلام قبول کیا، ان دونوں باتوں میں اصلاً تنافی نہیں۔ یہ اسلامِ مُتاخّر وہ ہے جس کا ذکر (اللّٰھم صلّ علٰی علم الایمان اصل الایمان عین الایمان واٰلہٖ وسلم، اے اللہ! درود وسلام نازل فرما علامتِ ایمان، اصلِ ایمان، عینِ ایمان اور آپ کی آل پر۔ت) آیۂ کریمہ:

ماکنت تدری ما الکتٰب ولا الایمان ولکن جعلنٰہ نورًا[2] الآیۃ

اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکامِ شرع کی تفصیل، ہاں ہم نے اسے نور کیا۔(ت)

میں ہے یعنی اسلام خاصِ زمانِ بعثت کہ کتاب و رسول پر ایمان اور عقائدِ سمعیّہ کے اِذعان پر مشتمل ہو۔ یہ بیشک بعدِ بعثت حاصل ہُوا اس کا حدوث قِدمِ اسلامِ توحیدی کا منافی نہیں۔

کما لا یخفٰی علٰی من کان لہ قلب او القی السمع وھو شھید۔

جیسا کہ یہ پوشیدہ نہیں اُس شخص پر جو دل رکھتا ہو یا کان لگائے اور متوجہ ہو۔(ت)

تفسیر کبیر میں زیرِ آیۂ کریمہ منجملہ وجوہِ تاویل مذکور:

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۱۲۴

[2] ؍؍ ۴۲/ ۵۲

الرابع (الایمان) عبارۃ عن الاقرار بجمیع ما کلّف اللہ تعالٰی بہ وانہ قبل النبوۃ ماکان عارفا بجمیع تکالیف اللہ تعالٰی، بل انہ کان عارفا باللہ تعالٰی وذٰلک لاینافی ما ذکرناہ، الخامس صفات اللہ تعالٰی علٰی قسمین، منہا مایمکن معرفتہ بمحض دلائل العقل، ومنہا مالایمکن معرفتہ الا بالدلائل السمعیۃ، فہذا القسم الثانی لم تکن معرفتہ حاصلۃ قبل النبوۃ[1]

وجہ چہارم، ایمان ان تمام چیزوں کے مان لینے کا نام ہے جن کا اللہ تعالٰی نے بندوں کو مکلّف بنایا، اور حضور قبلِ نبوت اللہ تعالٰی کے عائد کردہ تمام احکام وتکالیف سے واقف نہ تھے بلکہ وُہ خداوند تعالٰی کے عارف تھے اور یہ اس کے منافی نہیں جو ہم نے ذکر کیا (کہ قبل وحی بھی انبیاء کا کفر سے منزّہ ہونا اجماعی ہے)۔ وجہ پنجم، صفاتِ الٰہی کی دو۲ قسمیں ہیں: (۱) وُہ جن کی معرفت عقلی دلیلوں سے ہوسکتی ہے (۲) وُہ جن کی معرفت سمعی دلیلوں کے بغیر ممکن نہیں۔ تو اسی قسم دوم کی معرفت قبلِ نبوت نہ تھی۔ (ت)

تفسیر ارشاد العقل السلیم میں ہے:

ای الایمان بتفاصیل مافی تضاعیف الکتاب من الامور التی لاتہتدی الیہا العقول، لاالایمان بمایستقل بہ العقل والنظر، فان درایتہ علیہ الصلٰوۃ والسلام لہ ممالاریب فیہ قطعا[2]

اس آیت میں ایمان سے مراد اُن امور کی تفصیلات پر ایمان ہے جو کتاب کے وسیع صفحات میں مندرج ہیں جن تک ازخود عقلوں کی رسائی نہیں، ان امور سے متعلق ایمان کی نفی مراد نہیں جن کو عقل وفکر خود جان لیتی ہے (اور کتاب وغیرہ کی محتاج نہیں ہوتی) قبلِ نبوت بھی اس سے حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام کے آشنا ہونے میں قطعاً کوئی شک وشبہہ نہیں۔ (ت)

اسی کے قریب قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالٰی نے شفا شریف میں نقل کرکے فرمایا: وھو احسن وجوھہ[3] (وجوہِ تاویل میں یہ سب سے عمدہ ہے۔ ت)۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۶۶۴، ۶۶۷)

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۴۲/ ۵۲ المطبعۃ البہیۃ المصریۃ مصر ۲۷/ ۱۹۱

[2] ارشاد العقل السلیم " " دار احیاء التراث العربی بیروت ۸/ ۳۸

[3] الشفاء بتعریف حقوق المصطفٰی فصل واما عصمتہم من ہذا الفن قبل النبوۃ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲/ ۷۲

(۳۰) سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت کے بارے میں تحریر کردہ اپنے رسالے "الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی" کی ابتداء میں فرمایا:

قال ربنا تبارك وتعالیٰ "یایها الناس انا خلقنٰکم من ذکرٍ وانثیٰ وجعلنٰکم شعوبًا و قبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند الله اتقٰکم ان الله علیم خبیر"[۱] اراد الله سبحٰنه وتعالیٰ رد ما كانت علیه الجاهلیة من التفاخر بالآباء والطعن فی الانساب وتعلی النسب علیٰ غیره من الناس حتی کانه عبد له او اذل، وکان بدء هذه النزعة اللئیمة من الذلیل الخسیس عدو الله ابلیس اذ قال "انا خیر منه خلقتنی من نار وخلقته من طین"[۲] فرد الله سبحٰنه وتعالیٰ علیهم بان اباکم واحد وامکم واحدة فانه تعالیٰ "خلقکم من نفس واحدة وخلق منها زوجها وبث منهما رجالًا کثیرا ونساءً"[۳]۔ فما منکم من احد الا وهو یدلی بمثل ما یدلی به الآخر سواءً بسواءٍ، فلا مساغ للتفاضل فی النسب والتفاخر بالام والاب، واما ما رتبناکم علیٰ اجیال تحتها شعوب تحتها قبائل فانما ذٰلك لتعارفوا فتصلوا ارحامکم ولا ینتمی احد الیٰ غیر ابیه، لا لان تتفاخروا ویزدری بعضکم بعضا نعم ان اردتم التفاضل فالفضل عندنا بالتقویٰ فکلما زاد الانسان تقویٰ زاد کرامة عند ربه تبارك وتعالیٰ، فاکرمکم عندنا من کان اتقی لا من کان انسب۔ ان الله علیم بکرم النفوس وتقواها خبیر بهم النفوس فی هواها۔

قال البغوی قال ابن عباس نزلت فی ثابت بن قیس وقوله للرجل الذی لم یفسح له" ابن فلانة یعیّره بامّه قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم "من الذاکر فلانة؟" فقال ثابت انا یا رسول الله، فقال انظر فی وجوه القوم، فنظر، فقال ما رأیت یا ثابت؟ فقال رأیت احمر وابیض واسود، قال فانك لا تفضله الّا فی الدین والتقویٰ، فنزلت فی ثابت هٰذه الآیة وفی الذی لم یتفسح له "یایها الذین اٰمنوا اذا قیل لکم تفسحوا فی المجالس فافسحوا"؛ وقال مقاتل لما کان یوم فتح مکة

---

[۱] القرآن الکریم ۴۹/ ۱۳

[۲] " ۷/ ۱۲ و ۳۸/ ۷۶

[۳] " ۴/ ۱

امر رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بلالا حتی علا ظھر الکعبۃ و اذن، فقال عتاب بن اُسَید بن ابی العیص: الحمد للہ الذی قبض ابی حتی لم یر ھذا الیوم۔ و قال الحارث بن ھشام اما وجد محمد غیر ھذا الغراب الاسود مؤذنا۔ و قال سھیل بن عمرو ان یرد اللہ شیئا یغیرہ۔ وقال ابو سفیان انّی لا اقول شیئا اخاف ان یخبر بہ رب السماء، فاتی جبریل فاخبر رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بما قالوا فدعاھم وسألھم عما قالوا فاقروا فانزل اللہ تعالٰی ھٰذہ الاٰیۃ وزجرھم عن التفاخر بالانساب والتکاثر بالاموال والازراء بالفقراء[1]

قال العلامۃ النسفی فی المدارک تبعًا للزمخشری فی الکشاف "عن یزید بن شجرۃ مر رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فی سوق المدینۃ فرأی غلامًا اسود یقول من اشترانی فعلی شرط ان لا یمنعنی من الصلوات الخمس خلف رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم، فاشتراہ بعضھم فمرض فعادہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ و اٰلہٖ وسلم، ثمّ توفّی فحضر دفنہ فقالوا فی ذٰلک شیئا فنزلت[2]۔"

و بالجملۃ فمحصل الاٰیۃ نفی التفاخر بالانساب وان الکرم عند اللہ تعالٰی انما ینال بالتقوٰی فمن لم یکن تقیا لم یکن لہ حظ من الکرامۃ و سلبہ کلیًّا لا یصح الا عن کافر اذ کل مؤمن یتقی اکبر الکبائر الکفر والشرک، ومن کان تقیا کان کریما ومن کان اتقی کان اکرم عند اللہ تعالٰی، و لعلّک تظن ان سردنا تلک الروایات فی شان النزول مما لا یغنینا فیما نحن بصددہ، ولیس کذٰلک بل ھو ینفعنا فی نفس الاحتجاج وتکسر بہ سورۃ بعض الاوھام ان شاء اللہ تعالٰی، کما ستطلع علیہ، فانتظر، ھٰذہ مقدمۃ۔

ہمارا رب تبارک وتعالٰی فرماتا ہے: "اے لوگو! ہم نے تمھیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا پھر تمھیں شاخیں اور قبیلے کیا کہ آپس میں پہچان رکھو، بے شک اللہ کے یہاں تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں پرہیزگار ہے۔ بیشک اللہ جاننے والا خبردار ہے" (ترجمہ رضویہ) اللہ تعالٰی کی مراد اس

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الاٰیۃ ۴۹/ ۱۳ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/ ۱۹۵

[2] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) " " " " ۴/ ۱۶۳

طریقہ کا رد ہے جس پر اہلِ جاہلیت چلتے تھے کہ باپ دادا پر فخر کرتے اور دوسروں کے نسب پر طعنہ زن ہوتے اور نسب کی وجہ سے آدمی دوسرے آدمی پر ایسی تعلی کرنا گویا کہ وہ اس کا غلام ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ خوار ہے ، اور اس ذلیل طریقہ کی ابتداء ذلیل خسیس دشمنِ خدا ابلیس سے ہوئی جس نے کہا تھا کہ" اے رب! میں آدم سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے بنایا اور آدم (علیٰ نبینا وعلیہ السلام) کو مٹی سے بنایا"، تو اللہ نے اُن کا یوں رد فرمایا کہ تمھارا باپ ایک ہے اور تمھاری ماں ایک ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا اور اس سے اس کی بیوی کو بنایا اور ان دونوں سے بہت سارے مرد اور عورتیں پھیلا دیئے تو تم میں ہر ایک اپنی اصل سے وہی اتصال رکھتا ہے جو دوسرا رکھتا ہے، تو نسب میں ایک کو دوسرے پر فضیلت کی راہ نہیں، اور ماں باپ سے ایک دوسرے پر فخر کی مجال نہیں ، رہا یہ کہ ہم نے تمھیں اصول پر مرتّب کیا جن کے نیچے ان کی شاخیں ہیں اور ان کے نیچے قبیلے ہیں تو یہ محض اس لئے کہ آپس میں پہچان رکھو اور اپنے قریبی عزیزوں سے ملو اور کوئی باپ کے سوا اور کی طرف منسوب نہ ہو نہ اس لئے کہ تم نسب پر گھمنڈ کرو اور ایک دوسرے کو حقیر جانو ، ہاں اگر فضیلت چاہو تو فضیلت ہمارے یہاں تقویٰ (پرہیزگاری) سے ہے تو جب انسان پرہیزگاری میں بڑھے اپنے رب کے یہاں عزت میں بڑھے ۔ تو ہمارے یہاں تم میں زیادہ عزّت والا ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے نہ کہ وہ جو بڑے نسب والا ہے بیشک اللہ تعالےٰ نفوس کی عزّت اور ان کی پرہیزگاری کو جانتا ہے اور نفوس کی اپنی خواہش میں کوشش سے خبردار ہے۔

امام بغوی نے فرمایا کہ حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہما) نے فرمایا یہ آیت حضرت ثابت بن قیس (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے بارے میں اور ان کے اُس شخص سے جس نے ان کے لئے مجلس میں جگہ کشادہ نہ کی فلانی کا بیٹا کہنے کے باب میں اُتری تو نبی صلّے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : کون ہے جس نے فلانی کو یاد کیا ؟ حضرت ثابت نے عرض کیا ، وہ میں ہوں یا رسول اللہ ! ۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا : لوگوں کے چہروں میں بغور دیکھو، تو اُنھوں نے دیکھا ، پھر فرمایا ، اے ثابت ! تم نے کیا دیکھا ؟ ۔ عرض کی ؛ میں نے لال ، سفید اور کالے چہرے دیکھے ۔ سرکار (علیہ السلام والتحیۃ المدرار) نے فرمایا : تو بیشک تمھیں ان پر فضیلت نہیں مگر دین اور تقویٰ میں ۔ تو حضرت ثابت کے لئے یہ آیت اُتری، اور جنھوں نے مجلس میں کشادگی نہ کی تھی ان کے حق میں ارشاد نازل ہوا : اے ایمان والو! جب تم سے کہا جائے مجلسوں میں جگہ دو تو جگہ دو.
اور مقاتل کا قول ہے کہ جس دن مکّہ فتح ہوا رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال (رضی اللہ عنہ) کو حکم دیا (کہ اذان دیں) تو وہ کعبہ کی چھت پر چڑھے اور انھوں نے اذان کہی ، تو عتاب بن اُسید بن ابی العیص نے کہا : اللہ کے لئے حمد ہے جس نے میرے باپ کو اٹھا لیا اور اُنھوں نے یہ دن نہ دیکھا ۔ اور حارث بن ہشام

نے کہا: کیا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو اس کالے کوّے کے سوا کوئی اذان دینے والا نہ ملا۔ اور سہیل بن عمرو نے کہا: اللہ کو اگر کوئی چیز ناپسند ہوگی وہ اسے بدل دے گا۔ اور ابوسفیان بولے: میں کچھ نہیں کہتا مجھے خوف ہے کہ آسمان کا رب انھیں خبردار کر دے گا۔ تو جبریل (علیٰ نبینا وعلیہ السلام) نازل ہوئے پھر رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو اُن لوگوں کی باتیں بتادیں، تو حضور (علیہ الصلوٰۃ والسلام) نے اُن سے ان کے اقوال کی بابت پوچھا تو انھوں نے اقرار کیا، تو اللہ تعالےٰ نے یہ آیت اتاری اور انھیں نسب پر فخر اور اموال پر گھمنڈ اور فقراء کی تحقیر سے منع فرمایا۔

علامہ نسفی نے زمخشری کی اتباع کرتے ہوئے مدارک میں فرمایا: یزید بن شجرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم مدینہ کے بازار میں گزرے تو ایک سیاہ فام غلام دیکھا جو کہتا تھا مجھے جو خریدے تو اس شرط پر خریدے کہ مجھے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے پنجگانہ نماز سے نہ روکے گا۔ تو اُسے کسی نے خرید لیا، پھر وُہ بیمار پڑا تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اس کی عیادت کو تشریف لائے پھر اس کی وفات ہوگئی تو سرکار اس کے دفن میں رونق افروز ہُوئے، تو لوگوں نے اس بارے میں کچھ کہا تو یہ آیت اُتری۔

مختصر یہ کہ آیتِ کریمہ کا حاصل نسب پر فخر کی نفی ہے اور یہ کہ اللہ کے یہاں عزّت تقوٰی ہی سے ملتی ہے، تو جو متقی نہیں اس کے لئے عزت سے کچھ حصہ نہیں، اور تقوٰی کا سلب کُلی طور پر کافر کے سوا کسی سے نہیں، اس لئے کہ ہر مومن اکبر الکبائر کفر و شرک سے بچتا ہے اور جو متقی ہوگا وہ باعزت ہوگا اور جو زیادہ تقوٰی والا ہوگا وہ زیادہ عزت دار اپنے رب کے یہاں ہوگا۔ اور شاید تمھیں گمان ہو کہ ہمارا ان روایتوں کو ذکر کرنا اس مدعیٰ میں جس کے ثابت کرنے کے ہم درپے ہیں ہمیں نفع بخش نہیں حالانکہ بات یُوں نہیں بلکہ وہ ہمیں نفس استدلال میں فائدہ دے گا اور ہم اس سے کچھ وہمیوں کا زور توڑیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ، جیسا کہ تم عنقریب اس پر مطلع ہو گئے، تو انتظار کرو، یہ ایک مقدمہ ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۰۰ تا ۵۰۵)

(۳۱) آیت کریمہ وسیجنّبہا الاتقٰی کے شانِ نزول کے بارے میں فرمایا:

**المقدمۃ الاُخرٰی** قال اللہ سبحٰنہٗ وتعالیٰ: وسیجنبہا الاتقی ہ الذی یؤتی مالہ یتزکی ہ وما لاحد عندہ من نعمۃ تجزی ہ الا ابتغاء وجہ ربہ الاعلٰی ولسوف یرضٰی ہ[1] اجمع المفسرون من اھل السنۃ والجماعۃ علی ان الاٰیۃ نزلت فی

---

[1] القرآن الکریم ۹۲/ ۱۷ تا ۲۱

الصدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ وانہ ھو المراد بالاتقی۔

اخرج ابن ابی حاتم والطبرانی ان ابابکر اعتق سبعۃ کلھم یعذب فی اللہ فانزل اللہ تعالٰی قولہ وسیجنبھا الاتقی الٰی اٰخر السورۃ[1]، قال البغوی قال ابن الزبیر کان ابوبکر یبتاع الضعفۃ فیعتقھم، فقال لہ ابوہ: ای بنی لوکنت تبتاع من یمنع ظھرک؟ قال منع ظھری ارید، فنزل "وسیجنبھا الاتقی" الٰی اٰخر السورۃ[2]۔

**دُوسرا مقدمہ** یہ ہے اللہ تعالٰی نے فرمایا: اور بہت اس سے دُور رکھا جائے گا جو سب سے بڑا پرہیزگار جو اپنا مال دیتا ہے کہ سُتھرا ہو اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے، صرف اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے اور بیشک قریب ہے کہ وہ راضی ہوگا۔

اہلسنّت وجماعت کے مفسرین کا اجماع ہے اس پر کہ یہ آیت صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ کے حق میں اُتری اور الاتقی سے وہی مراد ہیں۔

ابن ابی حاتم وطبرانی نے حدیث روایت کی کہ ابوبکر (رضی اللہ تعالٰی عنہ) نے ان سات کو آزاد کیا جو سب کے سب اللہ کی راہ میں ستائے جاتے تھے تو اللہ تعالٰی نے اپنا فرمان (وسیجنبھا الاتقی تا آخر سورۃ) نازل فرمایا۔ بغوی نے فرمایا کہ ابن الزبیر کا قول ہے کہ ابوبکر رضی اللہ تعالٰی عنہ کمزور ل کو خریدتے پھر انھیں آزاد کردیتے۔ تو ان سے ان کے والدین نے کہا: اے بیٹے! ایسے غلاموں کو خریدتے ہوتے جو تمھاری حفاظت کرتے۔ ابوبکر نے فرمایا میں اپنی حفاظت ہی چاہتا ہُوں۔ تو یہ آیت تا آخر سورت نازل ہُوئی۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۰۵، ۵۰۶)

**(۳۲)** مزید فرمایا:

وقال سعید بن المسیب بلغنی ان امیۃ بن خلف قال لابی بکر فی بلال حین قال اتبیعہ؟ قال نعم ابیعہ بنسطاس وکان نسطاس عبد لابی بکر صاحب عشرۃ اٰلاف دینار، وغلمان وجوار ومواش وکان مشرکا حملہ ابوبکر علی الاسلام علی ان یکون مالہ لہ، فأبٰی فابغضہ ابوبکر، فلما قال لہ امیۃ ابیعہ بغلامک

---

[1] الصواعق المحرقۃ بحوالہ ابن ابی حاتم والطبرانی الباب الثالث الفصل الثانی دارالکتب العلمیہ بیروت ص ۹۸
الدر المنثور " " " تحت الآیۃ ۹۲/ ۱۷ تا ۲۱ داراحیاء التراث العربی " ۸/ ۴۹۳
الحاوی للفتاوٰی الفتاوی القرآنیۃ سورۃ اللیل الفصل الاول دارالکتب العلمیہ بیروت ۱/ ۳۲۷

[2] معالم التنزیل تحت الآیۃ ۹۲/ ۱۷ دارالکتب العلمیہ بیروت ۴/ ۴۶۳ و ۴۶۴

نسطاس، اغتنمہ ابوبکر وباعہ منہ فقال المشرکون ما فعل ذٰلک ابوبکر الالید، کانت لبلال عندہٗ فانزل اللہ تعالیٰ ومالاحد عندہ من نعمۃ تجزی[1]

وذکر العلامۃ ابوالسعود فی تفسیرہ قد روی عطاء والضحاک عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما (وذکر قصۃ شراء بلال واعتاقہ قال) فقال المشرکون ما اعتقہ ابوبکر الالید کانت لہ عندہ فنزلت[2] ملخصًا۔

وفی الازالۃ عن عروۃ ان ابابکر الصدیق اعتق سبعۃ کلھم یعذب فی اللہ بلالا وعامر بن فھیرۃ والنھدیۃ وابنتھا وزنیرۃ وام عیسٰی وامۃ بنی المؤمل، وفیہ نزلت وسیجنبھا الاتقی[3] الیٰ اٰخر السورۃ۔

وعن عامر بن عبداللہ بن الزبیر عن ابیہ قال قال ابوقحافۃ لابی بکر اراک تعتق رقاباً ضعافاً فلو انک اذا فعلت ما فعلت اعتقت رجالاً جلداً یمنعونک ویقومون دونک، فقال یا ابت انما ارید وجہ اللہ، فنزلت ھٰذہ الاٰیۃ "فاما من اعطی واتقی" الی قولہ "ومالاحد عندہ من نعمۃ تجزی الا ابتغاء وجہ ربہ الاعلی ولسوف یرضی[4]"

وعن سعید بن المسیب قال نزلت "ومالاحد عندہ من نعمۃ تجزی" فی ابی بکر اعتق ناسا لم یلتمس منھم جزاء ولا شکوراً ستۃ او سبعۃ منھم بلال وعامر بن فھیرۃ[5]۔

وعن ابن عباس فی قولہ تعالیٰ "وسیجنبھا الاتقی" قال ھو ابوبکر الصدیق[6]۔

**قلت** وقد اخرج ابن ابی حاتم عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان ابابکر اشتری بلالا من امیۃ بن خلف ببردۃ وعشرۃ اواق فاعتقہ للہ تعالیٰ، فانزل اللہ ھٰذہ الاٰیۃ

---

۱؎ معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۹۲/ ۱۷ تا ۲۱ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/ ۴۶۴
۲؎ ارشاد العقل السلیم " ۹۲/ ۱۹ دار احیاء التراث العربی بیروت ۹/ ۱۶۸
۳؎ ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء فصل ہشتم مقصد اول مسلک اول سہیل اکیڈمی لاہور ۱/ ۳۰۱
۴؎ " " " " " " " " " ۱/ ۳۰۱
۵؎ " " " " " " " " " ۱/ ۳۰۱
۶؎ " " " " " " " " " ۱/ ۳۰۱

وان سعیکم لشتّٰی ای ان سعی ابی بکر وامیّة وابی لمفترق فرقانا عظیما فشتان ما بینھما[1] اھ۔
وقد قال السید ابن السید عمار بن یاسر رضی اللہ تعالٰی عنھما فی اشتراء الصدیق بلالاً واعتاقہ شعراً ؎

| | |
|---|---|
| جزی اللہ خیراً عن بلالہ وصحبہ | عتیقا واخزی فاکھا و ابا جھل |
| عشیة ھما فی بلال بسوءۃ | ولم یحذرا ما یحذر المرءُ ذو العقل |
| بتوحید رب الانام وقولہ | شھدت بان اللہ ربی علی مھل |
| فان تقتلونی فاقتلونی فلم اکن | لاشرك بالرحمٰن من خیفة القتل |
| فیارب ابراھیم و العبد یونس | وموسٰی وعیسٰی نجّنی ثم تملی |
| لمن ظل یھوی الغی من اٰل غالب | علٰی غیر حق کان منہ و لاعدل[2] |

اور سعید بن المسیّب (رضی اللہ تعالٰی عنہ) نے فرمایا کہ مجھے خبر پہنچی کہ اُمیّہ بن خلف نے ابوبکر (رضی اللہ تعالٰی عنہ) سے بلال کے معاملہ میں اس وقت جب انھوں نے اس سے پوچھا کیا بلال کو فروخت کروگے؟ کہا ہاں میں اسے نسطاس کے بدلے بیچتا ہوں۔ نسطاس سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالٰی عنہ کا غلام تھا جو دس ہزار دینار اور بہت سے لونڈی اور غلام اور چوپایوں کا مالک اور مشرک تھا، اور ابوبکر رضی اللہ تعالٰی عنہ کی خواہش تھی کہ نسطاس اسلام لے آئے اور اس کا مال اُسی کا رہے، تو وہ نہ مانا، تو حضرت ابوبکر نے اس کو مبغوض جانا۔ پھر جب امیّہ نے کہا بلال کو میں آپ کے غلام (نسطاس) کے بدلے دیتا ہوں۔ ابوبکر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے اس بات کو غنیمت جانا اور نسطاس کو امیہ کے ہاتھ بیچ دیا تو مشرکین بولے ابوبکر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے اس بات کو غنیمت جانا اور نسطاس کو امیّہ کے ہاتھ بیچ دیا۔ تو مشرکین بولے، ابوبکر (رضی اللہ تعالٰی عنہ) نے ایسا صرف اس لئے کیا ہے کہ بلال (رضی اللہ تعالٰی عنہ) کا ان پر کوئی احسان ہے۔ تو اللہ تعالٰی نے یہ آیت اتاری وما لاحد عندہ الخ یعنی اور اس پر کسی کا کچھ احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے۔

اور علامہ ابوالسعود نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا کہ عطا اور ضحاک نے ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا (اس روایت میں خریداریِ بلال اور ان کے آزاد ہونے کا قصہ ذکر کیا پھر کہا) تو مشرکین بولے، ابوبکر نے بلال کو ان کے کسی احسان ہی کی وجہ سے آزاد کیا ہے تو یہ آیت (مندرجہ بالا) اُتری اھ ملخصاً۔

اور ازالہ میں عروہ سے ہے کہ ابوبکر صدیق (رضی اللہ تعالٰی عنہ) نے سات کو آزاد کیا، ان سب پر

---

[1] الصواعق المحرقة بحوالہ ابن ابی حاتم الباب الثالث الفصل الثانی دار الکتب العلمیہ بیروت ص ۹۹

[2] لباب التاویل فی معانی التنزیل (تفسیر خازن) تحت الآیة ۱۷/۹۲ ″ ″ ″ ۴/۴۳۶

اللہ کی راہ میں ظلم توڑا جاتا تھا وہ بلال و عامر بن فہیرہ اور نہدیہ اور اس کی بیٹی اور زنیرہ اور ام عیسےٰ اور بنی مؤمل کی کنیز ہیں، اور انھیں کے لئے آیت اتری وسیجنبھا الاتقی اور اس (دوزخ) سے بہت دُور رکھا جائے گا اُسے جو سب سے بڑا پرہیزگار ہے — تا آخر سورت۔

اور عامر بن عبداللہ بن الزبیر سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے راوی ہیں کہ انھوں نے فرمایا کہ حضرت ابو قحافہ نے ابوبکر (رضی اللہ تعالےٰ عنہ) سے فرمایا: میں تمھیں دیکھتا ہُوں کہ کمزور غلاموں کو آزاد کرتے ہو تو کاش اِتم تندرست و توانا غلام آزاد کرتے جو تمھاری حفاظت کرتے اور جنگ میں تمھاری سپر ہوتے۔ تو ابوبکر (رضی اللہ تعالےٰ عنہ) نے فرمایا: اے میرے باپ! میں تو صرف اللہ کی رضا چاہتا ہوں۔ تو یہ آیت نازل ہُوئی فاما من اعطیٰ واتقیٰ یعنی جس نے دیا اور پرہیزگاری کی — اللہ تعالےٰ کے قول وما لاحد عندہ من نعمۃ تجزیٰ تک، یعنی ان پر کسی کا احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے صرف اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے، اور بیشک قریب ہے کہ وُہ راضی ہوگا۔

اور سعید بن المسیّب رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے انھوں نے فرمایا کہ آیت کریمہ وما لاحد عندہ من نعمۃ تجزیٰ ابوبکر (رضی اللہ تعالےٰ عنہ) کے بارے میں اُتری کہ اُنھوں نے کُچھ لوگوں کو آزاد کیا اُن سے نہ بدلہ چاہا نہ شکرگزاری، وہ آزاد شدہ چھ یا سات تھے، اُنھیں میں بلال و عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہما تھے۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے "وسیجنبھا الاتقیٰ" کی تفسیر میں ہے فرمایا وہ ابوبکر صدیق ہیں (آیت میں جن کا ذکر ہے)۔

میں کہتا ہُوں اور ابن ابی حاتم نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسندِ خود روایت کی کہ امیّہ بن خلف سے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت بلال کو ایک چادر اور دس اوقیہ سونے کے عوض خریدا پھر انھیں خاص اللہ تعالےٰ کے لئے آزاد کردیا تو اللہ تعالےٰ نے یہ آیت اتاری جس کا مطلب یہ ہے: "بیشک تمھاری کوشش مختلف ہے" یعنی ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور اُمیّہ اور اُبی بن خلف کی کوششوں میں عظیم فرق ہے تو ان میں بون بعید ہے۔

اور سردار بن سردار عمار بن یاسر رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے ابوبکر صدیق (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے بلال (رضی اللہ تعالےٰ عنہ) کو خرید کر آزاد کرنے کے بارے میں یہ اشعار کہے جن کا ترجمہ درج ذیل ہے: اللہ جزائے خیر دے بلال اور ان کے ساتھیوں کی طرف سے عتیق (ابوبکر) کو اور امیہ اور ابوجہل کو رسوا کرے

وہ شام یاد کرو جب اُن دونوں نے بلال کا بُرا چاہا اور اس سے نہ ڈرے جس سے ذی عقل آدمی ڈرتا ہے، انھوں نے بلال کا بُرا اس لئے چاہا کہ بلال نے خلق کے خدا کو ایک جانا، اور اس نے یہ کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ میرا رب ہے میں اس پر مطمئن ہوں تو اگر تم مجھے قتل کرو تو اس حال میں قتل کرو گے کہ میں رحمان کا شریک نہیں ٹھہراتا قتل کے ڈر سے، تو اے ابراھیم اور اپنے بندے یونس اور موسیٰ و عیسیٰ کے رب! مجھے نجات دے پھر اسے مہلت نہ دے جو ناحق ظالمانہ آلِ غالب کی گمراہی کی آرزو کئے جاتا ہے۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۰۸ تا ۵۱۱)

(۳۳) تفاسیر کی روشنی میں "الاتقی" کا مصداق بیان کرتے ہوئے فرمایا:

هذا وقد قال البغوی فی الاتقی یعنی ابا بکر الصدیق فی قول الجمیع[1]۔

وقال الرازی فی مفاتیح الغیب "اجمع المفسرون منا علی ان المراد منه ابوبکر رضی اللہ تعالٰی عنہ[2]"۔

ونقل ابن حجر فی الصواعق عن العلامۃ ابن جوزی اجمعوا انها نزلت فی ابی بکر[3] حتی بلغنی ان الطبرسی مع رفضه لم یسغ له انکاره فی تفسیره مجمع البیان، و الفضل ما شهدت به الاعداء، والحمد للّٰہ رب العلمین۔

ثم ان الامام الفاضل فخر الدین الرازی حاول تفسیره اثبات ان الاٰیة لا تصلح الا للصدیق بطریق النظر والاستدلال علی ما هو دابه رحمه اللہ تعالٰی فقال" اعلم ان الشیعة باسرهم ینکرون هذه الروایة ویقولون انها نزلت فی حق علی ابن ابی طالب علیه السلام والدلیل علیه قوله تعالٰی "ویؤتون الزکٰوة وهم راکعون"، فقوله "الاتقی الذی یؤتی ماله یتزکی" اشارة الی ما فی تلك الاٰیة من قوله "یؤتون الزکٰوة وهم راکعون" ولما ذکر ذٰلك بعضهم فی محضری قلت اقیم الدلالة العقلیة علی ان المراد من هٰذه الاٰیة ابوبکر، وتقریرها" ان المراد من هذا الاتقی هو افضل الخلق، فاذا کان کذٰلك وجب ان یکون المراد هو ابوبکر، فهاتان المقدمتان متی صحتا صح المقصود، انما

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الاٰیۃ ۹۲/۱۷ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/۴۶۳
[2] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) 〃 المطبعۃ البہیۃ المصریۃ مصر ۳۱/۲۰۵
[3] الصواعق المحرقۃ الباب الثالث الفصل الثانی دار الکتب العلمیہ بیروت ص ۹۸

17

قلنا ان المراد من هذا الاتقی افضل الخلق لقولہ تعالٰی "ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم" والاکرم ھو الافضل، فدل علٰی ان کل من کان اتقی وجب ان یکون افضل، فثبت ان الاتقی المذکور ھٰھنا لابد و اُن یکون افضل الخلق عند اللہ تعالٰی، فنقول لابد وان یکون المراد بہ ابابکر لان الامۃ مجمعۃ علٰی ان افضل الخلق بعد رسول اللہ صلّی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اما ابوبکر او علی، ولایمکن حمل ھٰذہ الاٰیۃ علٰی علی بن ابی طالب فتعین حملھا علٰی ابی بکر، وانما قلنا انہ لایمکن حملھا علٰی علی بن ابی طالب لانہ تعالٰی قال فی صفۃ ھذا الاتقی "وما لاحد عندہ من نعمۃ تجزی" و ھذا الوصف لا یصدق علٰی علی بن ابی طالب لانہ کان فی تربیۃ النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لانہ اخذہ من ابیہ وکان یطعمہ ویسقیہ ویکسوہ ویربیہ، وکان الرسول صلّی اللہ تعالٰی علیہ وسلم منعما علیہ نعمۃ یجب جزاؤھا، اَمّا ابوبکر فلم یکن للنبی علیہ الصلٰوۃ والسلام نعمۃ دنیویۃ بل ابوبکر کان ینفق علی الرسول علیہ الصلٰوۃ والسلام بلٰی کان للرسول علیہ الصلٰوۃ والسلام علیہ نعمۃ الھدایۃ والارشاد الی الدین، الاان ھذا لایجزی لقولہ تعالٰی "ما اسئلکم علیہ من الاجر" والمذکور ھٰھنا لیس مطلق النعمۃ بل نعمۃ تجزی، فعلمنا ان ھذہ الاٰیۃ لاتصلح لعلی بن ابی طالب، واذا ثبت ان المراد بھٰذہ الاٰیۃ من کان افضل الخلق، وثبت ان ذٰلک الافضل من الامۃ اما ابوبکر اَو علی، وثبت ان الاٰیۃ غیر صالحۃ لعلی تعین حملھا علی ابی بکر رضی اللہ تعالٰی عنہ، وثبت دلالۃ الاٰیۃ ایضا علی ان ابابکر افضل الامۃ اھ ملخصًا۔

اسے یاد رکھو اور امام بغوی نے الاتقٰی کی تفسیر میں کہا اس لفظ سے خدا کی مراد سب مفسرین کے قول کے بموجب ابوبکر صدیق ہیں۔

امام رازی نے مفاتیح الغیب میں فرمایا "ہم سُنّیوں کے مفسرین کا اس پر اجماع ہے کہ اتقٰی سے مراد ابوبکر رضی اللہ تعالٰی عنہ ہیں۔"

صواعق میں ابن حجر نے علامہ ابن الجوزی سے نقل کیا: علماء اس پر متفق ہیں کہ یہ آیت ابوبکر کے حق میں نازل ہوئی۔ یہاں تک کہ مجھے خبر پہنچی کہ طبرسی کو باوجود رفض اپنی تفسیر مجمع البیان میں اس کا

---

[۱] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۹۲/ ۱۷ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳۱/ ۱۸۵ و ۱۸۶

انکار نہ بن پڑا، اور فضل وہی ہے جس کی شہادت دشمن دیں۔ والحمد للہ رب العالمین۔
پھر امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ نے اپنی عادت کے مطابق اپنی تفسیر میں عقلی استدلال و نظر کی راہ سے یہ بات ثابت کرنے کی کوشش فرمائی کہ آیت کا مفہوم صدیق اکبر کے سوا کسی کے لئے نہیں بنتا، تو انھوں نے فرمایا تمھیں معلوم ہو کہ تمام شیعہ اس روایت کے منکر ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ آیت علی بن ابی طالب کے حق میں اُتری ہے اور اس کی دلیل اللہ کا فرمان ہے ویؤتون الزکوٰۃ وھم راکعون یعنی اور رکوع کی حالت میں وہ زکوٰۃ دیتے ہیں تو اللہ تعالےٰ کا قول الاتقی الذی یؤتی مالہ یتزکی یعنی وہ سب سے بڑا پرہیزگار جو ستھرا ہونے کو اپنا مال دیتا ہے، اسی وصف کی طرف اشارہ ہے جو اس آیت میں مذکور ہوا یعنی اللہ کا یہ فرمانا "ویؤتون الزکوٰۃ" الآیۃ اور جب ایک رافضی نے یہ بات میری مجلس میں کہی میں نے کہا میں اس پر دلیل عقلی قائم کروں گا کہ اس آیت سے مراد صرف ابوبکر ہیں، اور تقریر دلیل یوں ہے کہ مراد اس بڑے پرہیزگار سے وہی ہے جو سب سے افضل ہے، تو جب معاملہ ایسا ہے تو ضروری ہے کہ اس سے مراد ابوبکر ہوں، تو جب یہ دونوں مقدمے صحیح ہوں گے دعویٰ درست ہوگا۔ اور ہم نے یہ اسی لئے کہا کہ اس بڑے پرہیزگار سے مراد سب سے افضل ہے کہ اللہ تعالےٰ کا قول ہے "اللہ کے یہاں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہو" اور اکرم ہی افضل ہے۔ تو آیت نے بتایا کہ ہر وہ شخص جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو گا ضروری ہے کہ وہ سب سے زیادہ مرتبے والا ہو۔ تو ثابت ہو گیا کہ سب سے بڑا پرہیزگار جس کا یہاں (آیت میں) ذکر ہوا ضروری ہے کہ اللہ کے یہاں سب سے افضل ہو۔ اب ہم کہتے ہیں کہ ضروری ہے کہ اس سے مراد ابوبکر ہی ہوں اس لئے کہ ساری اُمت اس پر متفق ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد خلق میں افضل ابوبکر ہیں یا علی۔ اور یہ ممکن نہیں کہ یہ آیت علی پر محمول کی جائے تو ابوبکر کے لئے اس کا مصداق ہونا متعین ہو گیا، اور ہم نے یہ اسی لئے کہا کہ آیت کو علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) پر محمول کرنا ممکن نہیں کہ اللہ تعالےٰ نے اس سب سے بڑے پرہیزگار کی صفت میں فرمایا ہے؛ وما لاحد من نعمۃ تجزی یعنی اس پر کسی کا احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے، اور یہ وصف علی بن ابی طالب (کرم اللہ وجہہ) پر صادق نہیں آتا اس لئے کہ وہ نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تربیت میں تھے بایں سبب کہ نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے علی کو ان کے باپ سے لے لیا تھا اور حضور انھیں کھلاتے، پلاتے، پہناتے اور پالتے تھے۔ اور حضور (رسول) صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم علی کے ایسے محسن ہیں کہ ان کے احسان کا بدلہ واجب ہوا۔ رہے ابوبکر، تو حضور (نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) کا ان پر دنیوی احسان نہیں بلکہ ابوبکر رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خرچ اٹھاتے تھے۔ ہاں کیوں نہیں ابوبکر پر رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دین کی طرف ہدایت و

ارشاد کا احسان ہے، مگر یہ ایسا نہیں جس کا بدلہ دیا جائے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا (حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاد کی حکایت کرتے ہوئے) میں تبلیغ پر تم سے کچھ اجر نہیں مانگتا۔ اور یہاں مطلق احسان کا ذکر نہیں بلکہ بات اس احسان کی ہے جس کا بدلہ دیا جائے تو ہم نے جان لیا کہ آیت کا یہ معنی علی بن ابی طالب کے لئے نہیں بنتا، اور جب یہ ثابت ہے کہ مراد اس آیت کی وہی ہے جو افضل خلق ہے، اور یہ ثابت ہے کہ امت میں سب سے افضل ابوبکر ہیں یا علی، اور یہ ثابت ہو چکا ہے کہ مفہوم آیت علی کے شایاں نہیں تو اس کا مصداق ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے متعین ہو گیا، اور آیت کی دلالت اس پر بھی ثابت ہو گئی کہ ابوبکر ساری امت سے افضل ہیں اھ ملخصًا۔ (ت)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۸ ص ۵۱۵)

(۳۴) افضلیتِ صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر استدلال کرتے ہوئے مزید فرمایا:

علی أنا بحمد اللہ بعد ما ثبت الاجماع علی ان الصدیق ھو المراد فی غنی عن ھذہ التجشمات کما لا یخفیٰ اذ اثبت ھذا **فنقول** وصف اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ الصدیق بأنہ اتقی و وصف الاتقی بأنہ اکرم انتجت المقدمتان أن الصدیق اکرم عند اللہ تعالیٰ والافضل والاکرم والارفع درجۃ والاعلی مکانۃ کلھا الفاظ معتورۃ علیٰ معنی واحد، فثبت الفضل المطلق الکلی للصدیق واللہ تعالیٰ ولی التوفیق، ھذا تقریر الدلیل بحیث یشفی العلیل و یروی الغلیل والحمد للمولی الجلیل واعلم أن ھذا الاحتجاج اطبقت علیہ کلمات العلماء سلفا وخلفا وارتضوہ وتلقوہ بالقبول تلیدا و طارفا و لا شک انہ لجدیر بذٰلک۔

مزید برآں بحمد اللہ اس پر اجماع کہ صدیق ہی مرادِ آیت ہیں کے ثابت ہونے کے بعد ہم ان تکلفات سے بے نیاز ہیں، جیسا کہ ظاہر ہے، جب یہ بات ثابت ہو چکی تو ہم کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے صدیق کا وصف بیان فرمایا کہ وہ اتقی ہیں اور اتقی کا وصف بتایا کہ وہ اکرم ہے، ان دو مقدموں نے نتیجہ دیا کہ صدیق اللہ تعالیٰ کے نزدیک اکرم (سب سے افضل) ہیں اور افضل واکرم اور ارفع درجۃ اور اعلیٰ منزلت یہ سب الفاظ ایک ہی معنیٰ پر صادق آتے ہیں، لہٰذا افضل مطلق کلی صدیق کے لئے ثابت ہے، اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق کا مالک ہے، اور تم جان لو کہ اس استدلال پر جملہ علماء سلف وخلف کا اتفاق ہے اور سب نے اسے پسند کیا اور قبول کے ہاتھوں لیا ہے اور کوئی شک نہیں کہ یہ اس کے قابل ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۸ ص ۵۳۰)

(۳۵) تفضیلیہ کے اس مقام پر تین شبہات ہیں، ان کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

**فنقول** الشبهة الاولیٰ ان من المفسرین من فسر الاتقی بالتقی کما فی المعالم و البیضاوی وغیرهما من التفاسیر فسقط الاحتجاج عن اصله **اقول** ولا علینا ان نمهد اولا مقدمات تعینك ان شاء الله تعالیٰ فی الجواب عن هٰذا الارتیاب ثم ترفع الحجاب عن وجه الصواب بتوفیق العلیم الوهاب فاستمع لما یلقی علیك۔

**المقدّمة الاولیٰ** ما تظافرت الادلة من العقل والنقل وناهیك بهما امامین علیٰ اَن الالفاظ لاتصرف عن ظواهرها ما لم تمس حاجة شدیدة لاتندفع الا به والا لم یکن هٰذا تاویلا بل تغییرا وتبدیلا، ولو فتح باب التصرفات من دون ضرورة تلجیٔ لارتفع الامان عن النصوص کما لا یخفیٰ وهٰذا بغایة ظهوره اغنانا عن تجشم اقامة الدلیل علیه حتی ان بعض العلماء ادرجوه فی متون العقائد، وانه لحقیق به فان قصاری همم المبتدعین عن اٰخرهم انما هو صرف النصوص عن الظواهر وارتکاب تاویلات فاسدة واحتمالات کاسدة واعذار باردة فوجب علینا حسم مادتها بایجاب حمل النصوص علیٰ ما یعطیه ظاهرها الا بضرورة ابداً و هٰذا ظاهر جداً۔

**المقدّمة الثانیة** لیس کل ما یذکر فی اکثر التفاسیر المتداولة واجب القبول وان لم یساعده معقول ویؤیده منقول، والوجه فی ذٰلك ان التفسیر المرفوع وهو الذی لامحیص عن قبوله ابداً نزر یسیر جدّا لایبلغ المجموع منه جزء او جزئین۔

قال الامام الجوینی علم التفسیر عسیر یسیر اما عسره فظاهر من وجوه اظهرها انه کلام متکلم لم یصل الناس الیٰ مراده بالسماع منه، ولا امکان للوصول الیه بخلاف الامثال والاشعار ونحوها فان الانسان یمکن علمه منه اذا تکلم بأن یسمع منه او ممن سمع منه، واما القراٰن فتفسیره علیٰ وجه القطع لایعلم الا بان یسمع من الرسول صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ذٰلك متعذر الا فی اٰیات متعددة قلائل، فالعلم بالمراد یستنبط بأمارات ودلائل، والحکمة فیه ان الله تعالیٰ اراد ان یتفکر عباده فی کتابه، فلم یامر نبیّه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بالتنصیص علی المراد

فی جمیع آیاتہ[1] اھ۔

وقال الامام الزرکشی فی البرہان للناظر فی القرآن لطالب التفسیر مآخذ کثیرۃ، امہاتہا اربعۃ الأول النقل عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وھذا ھو الطراز الاول لکن یجب الحذر من الضعیف فیہ والموضوع فانہ کثیر[2] الخ۔ قال الامام السیوطی الذی صح من ذلک قلیل جدا بل اصل الموضوع منہ فی غایۃ القلۃ، وکذلک الماثور عن الصحابۃ الکرام والتابعین لہم باحسان قلائل لہذہ الطوامیر الاکبر والاقاویل الذاھبۃ شذر مذر فیہا لاخبر ولا اثر وانما حدثت بعدھم لما کثرت الاراء وتجاذبت الاھواء قام کل لغوی ونحوی وبیانی وکل من لہ ممارسۃ بشئ من انواع علوم القرآن یفسر الکلام العزیز بما سمح بہ فکرہ وادی الیہ نظرہ ثم جاء الناس مہرعین وبجمع الاقوال مولعین فنقلوا ما وجدوا وقلیلا ما نقدوا فعن ھذا جاءت کثرۃ الاقاویل واختلاف الصواب بالأباطیل۔

وذکر ابن تیمیۃ کما نقلہ الامام السیوطی قائلا انہ نفیس جدا لذلک وجہین، احدھما قوم اعتقدوا معانی، ثم ارادوا حمل الفاظ القرآن علیہا، والثانی قوم فسروا القرآن بمجرد ما یسوغ ان یریدہ من کان من الناطقین بلغۃ العرب من غیر نظر الی المتکلم بالقرآن والمنزل علیہ والمخاطب بہ، فالاولون راعوا المعنی الذی رأوہ من غیر نظر الی ما یستحقہ الفاظ القرآن من الدلالۃ والبیان، والأخرون راعوا مجرد اللفظ وما یجوز ان یرید بہ العربی من غیر نظر الی ما یصلح للمتکلم وسیاق الکلام۔ ثم ھؤلاء کثیراً ما یغلطون فی احتمال اللفظ لذلک المعنی فی اللغۃ کما یغلط فی ذلک الذین قبلہم کما ان الاولین کثیرا ما یغلطون فی صحۃ المعنی الذی فسروا بہ القرآن کما یغلط فی ذلک الاٰخرون وان کان نظر الاولین الی المعنی اسبق ونظر الأخرین الی اللفظ اسبق، والأولون صنفان تارۃ یسلبون لفظ القرآن ما دل علیہ وارید بہ وتارۃ یحملونہ علی ما لم یدل علیہ ولم یرد بہ،

---

[1] الاتقان بحوالہ الجوینی فصل الحاجۃ الی التفسیر دار الکتاب العربی بیروت ٢/٤٣٠

[2] البرہان فی علوم القرآن فصل فی امہات مآخذ التفسیر للناظر فی القرآن دار الفکر " ٢/١٥٦

وفی کلا الامرین قد یکون ما قصدوا نفیہ او اثباتہ من المعنی باطلا فیکون خطأھم فی الدلیل والمدلول وقد یکون حقا فیکون خطؤھم فی الدلیل لا فی المدلول (الی ان قال) وفی الجملۃ من عدل عن مذاھب الصحابۃ والتابعین وتفسیرھم الی ما یخالف ذٰلک کان مخطئا فی ذٰلک بل مبتدعا لانھم کانوا اعلم بتفسیرہ ومعانیہ کما انھم اعلم بالحق الذی بعث اللہ بہ رسولہ[۱] ملخصًا۔

ہم کہتے ہیں کہ پہلا شبہہ یہ ہے کہ بعض مفسرین نے اتقٰی کی تفسیر تقی (صفت مشبہ جس میں فضیلت دوسرے پر ملحوظ نہیں کہ صرف تقوٰی سے اتصاف ہے) سے کی، جیسا کہ معالم و بیضاوی وغیرہما تفاسیر میں ہے تو استدلال (جس کی بنیاد اتقٰی کے اسم تفضیل ہونے پر تھی) جڑ سے اُکھڑ پڑا۔ میں کہتا ہوں ہمارا کوئی حرج نہیں اس میں کہ ہم پہلے کچھ ایسے مقدمات کی تمہید اٹھائیں جو جواب میں ان شاء اللہ تمھاری مدد کریں پھر ہم خدائے دانا و بخشندہ کی توفیق کے سہارے چہرۂ صواب سے حجاب اُٹھائیں تو سُنو جو تم سے کہا جائے۔

**پہلا مقدمہ** عقل و نقل کی بکثرت دلیلیں (اور یہ دونوں امام تمھیں کافی ہیں) اس پر متفق ہیں کہ الفاظ کو اپنے ظاہری معنٰی سے پھیرنا منع ہے جب تک کہ سخت حاجت نہ ہو جو لفظ کو ظاہری معنٰی سے پھیرے بغیر دفع نہ ہو ورنہ بے ضرورت پھیرنا تاویل نہ ہوگا بلکہ تغییر و تبدیل ٹھہرے گا اور اگر بے ضرورت پھیرنے کا دروازہ کُھل جائے تو نصوصِ شرعیہ سے امان اُٹھ جائے جیسا کہ پوشیدہ نہیں، اور یہ مسئلہ چونکہ نہایت ظاہر ہے اس لئے اس نے ہمیں دلیل قائم کرنے کی زحمت سے بے نیاز کر دیا حتّٰی کہ بعض علمائے نے اسے عقائد کے متون میں رکھا، اور یہ مسئلہ اس کا سزاوار ہے اس لئے کہ سب بدمذہبوں کی ساری کوشش یہی ہے کہ عباراتِ شرعیہ کو ان کے ظاہری معنٰی سے پھیر دیں اور فاسد تاویلوں اور کھوٹے احتمالوں اور نہ چلنے والے بہانوں کے مرتکب ہوں تو ہم پر واجب ہے کہ نصوص شرعیہ کو مقامِ ضرورت کے سوا ہمیشہ ان کے ظاہری معنٰی پر رکھنا واجب بنا کر ان تاویلات کا مادہ کاٹ دیں، اور یہ بات خُوب ظاہر ہے۔

**دوسرا مقدمہ** بہت سی متداول تفسیروں میں جو مذکور ہوتا ہے وہ سب ایسا نہیں جس کا قبول کرنا ضروری ہو اگرچہ نہ کوئی دلیل عقلی اس کی معین ہو نہ کوئی دلیل شرعی اس کی مؤید ہو، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ تفسیر مرفوع (جو سرکار علیہ الصلٰوۃ والسلام نے ارشاد فرمائی) وہ بہت تھوڑی ہے جس کا مجموعہ دو جز بلکہ ایک جز کو بھی نہیں پہنچتا۔

---

[۱] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثامن والسبعون دار الکتاب العربی بیروت ۲/ ۴۴۱ تا ۴۴۲

امام جوینی کا قول ہے علم تفسیر مشکل ہے اور کم ہے، اس کا مشکل ہونا تو کئی وجوہ سے ظاہر ہے، ان میں روشن تر وجہ یہ ہے کہ وہ ایسے متکلم (عزّ جلالہٗ) کا کلام ہے جس کی مراد کو لوگ اس سے سُن کر نہ پہنچے اور نہ اس کی طرف رسائی کا امکان ہے بخلاف امثال و اشعار اور ان جیسی اور باتوں کے کہ انسان کو بولنے والے کی مراد معلوم ہوسکتی ہے جب وہ بولے بایں طور کہ وہ اس سے خود سُنے یا اس سے سُنے جس نے اس سے سُنا ہو۔ رہی قرآن کی قطعی طور پر تفسیر تو وہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے سُنے بغیر معلوم نہ ہوگی اور وہ (جو سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سُنا گیا) چند گنتی کی آیتوں کے ماسوا میں متعذر ہے تو مرادِ الٰہی کا علم امارات و دلائل سے مستخرج ہوتا ہے اور حکمت اس میں ہے کہ اللہ تعالےٰ نے چاہا کہ اس کے بندے اس کی کتاب میں غور و فکر کریں لہٰذا اپنے نبی (صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو اپنی تمام آیات کی مراد واضح طور پر بتانے کا حکم نہ دیا اھ۔

اور امام زرکشی نے برہان میں فرمایا جو شخص قرآن میں تفسیر کے حصول کے لئے نظر کرتا ہے اس کے لئے بہت سے مراجع ہیں جن کے اصول چار ہیں، اول وہ تفسیر جو نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے منقول ہو اور یہی پہلا نمایاں طریقہ ہے، لیکن اس میں ضعیف و موضوع سے احتراز واجب ہے اس لئے کہ وُہ (ضعیف و موضوع) زیادہ ہے الخ۔ اور اسی طرح وہ تفسیر جو صحابہ کرام اور ان کے تابعینِ نیکوکار سے منقول ہے وہ ان بڑے طوماروں اور ان اقوال کے مقابل کم ہیں جو مختلف راہوں میں چلے گئے اور ان کے لئے کوئی حدیث یا صحابی و تابعی کا قول نہیں، یہ اقوال تو صحابہ و تابعین کے بعد ظاہر ہوئے۔ جب خیالات بسیار ہوئے اور مذاہب میں کشاکش ہوئی تو ہر لغوی ہر نحوی اور ہر عالمِ بلاغت اور ہر وہ شخص جسے علوم قرآن کی قسموں سے کسی قسم کے علم کی ممارست تھی اس کلام سے کلامِ عزیز کی تفسیر کرنے لگا جو اس کی سمجھ تک تھا اور جس کی طرف اس کی نظر پہنچی۔ پھر لوگ رواں دواں اقوال کو جمع کرنے کے شائق ہوئے تو جو اُنھوں نے پایا اسے نقل کر دیا اور تحقیق کم کی تو اسی سے اقوال کی کثرت اور حق کی ناحق سے آمیزش آئی۔

اور ابن تیمیہ نے جیسا کہ امام سیوطی نے اس کا کلام یہ کہہ کر نقل کیا کہ وُہ بہت نفیس ہے اس کی دو وجہیں ذکر کیں، پہلی وجہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے کچھ معانی کو عقیدہ ٹھہرالیا، پھر انھوں نے قرآن کے الفاظ کو ان پر رکھنا چاہا۔ اور دوسری وجہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے قرآن کی تفسیر محض ان الفاظ سے کی جو کسی عربی زبان بولنے والے کی مراد ہو سکتے ہیں اُنھوں نے قرآن کے متکلم (باری تعالیٰ) اور جس پر اُترا اور وہ جو اس کا مخاطب ہے کی طرف نظر نہ کی تو پہلی جماعت نے تو اس معنیٰ کی رعایت کی جو اُن کا عقیدہ تھا، اُنھوں نے قرآن کے الفاظ کی دلالت اور بیان جس کے وہ الفاظ سزاوار ہیں کو نظرانداز کر دیا۔ اور دوسروں نے صرف لفظ اور جو عربی

کی مراد ہوسکتا ہے اس کا لحاظ کیا قطع نظر اس سے کہ متکلم کے شایان کیا ہے اور سیاقِ کلام کیا ہے۔ پھر یہ لوگ بسا اوقات لغت کے اعتبار سے لفظ کے اس معنی کو (جو انھوں نے مراد لئے) محتمل ہونے میں خطا کرتے ہیں جیساکہ ان کے پہلے والے بھی یہی غلطی کرتے ہیں جس طرح یہ اگلے اسی معنی کی صحت میں غلطی کرتے ہیں جس سے انھوں نے قرآن کی تفسیر کی جیساکہ دوسرے لوگ یہی خطا کرتے ہیں اگرچہ پہلے والوں کی نظر معنی کی طرف پہلے پہنچتی ہے اور دوسروں کی نظر لفظ کی طرف سبقت کرتی ہے، اور پہلی جماعت دو صنف ہے کبھی تو لفظِ قرآن سے اس کا مدلول و مراد چھین لیتے ہیں اور کبھی لفظ کو اس پر رکھتے ہیں جو اس کا معنی و مطلب نہیں اور دونوں باتوں میں کبھی وہ معنی جس کی نفی یا اثبات ان کا مقصود ہوتی ہے باطل ہوتا ہے تو ان کی خطا لفظ و معنی دونوں میں ہوتی ہے اور کبھی حق ہوتا ہے تو ان کی خطا لفظ میں ہوتی ہے نہ کہ معنی میں۔ (ابن تیمیہ نے یہاں تک کہا) مختصر یہ کہ جو صحابہ و تابعین اور ان کی تفسیر سے پھر کر ان کا خلاف اختیار کرے گا وہ اس میں بر سرِ خطا ہوگا بلکہ بدمذہب ہوگا اس لئے کہ صحابہ و تابعین کو قرآن کی تفسیر اس کے مطالب کا علم سب سے زیادہ تھا جس طرح اُنھیں اس حق کی جس کے ساتھ اللہ نے اپنے رسول کو بھیجا خبر سب سے زیادہ تھی اھ ملخصاً (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۳۰ تا ۵۳۵)

(۳۶) مزید فرمایا:

ولذا قال الامام ابوطالب الطبری فی اوائل تفسیرہ فی القول فی آداب المفسر، ویجب ان یکون اعتمادہ علی النقل عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وعن اصحابہ ومن عاصرھم ویتجنب المحدثات[1] الخ۔ وقال ابن تیمیۃ ایضا کان النزاع بین الصحابۃ فی تفسیر القراٰن قلیلاً جِدًّا وھو (و) ان کان بین التابعین اکثر منہ بین الصحابۃ فھو قلیل بالنسبۃ الٰی ما بعدھم[2] الخ۔ وقال السیوطی بعد ما ذکر تفاسیر القدماء "ثمّ الف فی التفسیر خلائق فاختصروا الاسانید ونقلوا الاقوال بترًا فدخل من ھنا الدخیل والتبس الصحیح بالعلیل، ثم صار کل من یسنح لہ قول یوردہ، ومن یخطر ببالہ شیئ یعتمدہ، ثم ینقل ذٰلک عنہ من یجیئ بعدہ ظانا ان لہ اصلاً غیر ملتفت الٰی تحریر ما ورد عن السلف الصالح ومن یرجع الیھم فی

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثامن والسبعون دار الکتاب العربی بیروت ۲/۴۳۵

[2] ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ بحوالہ ابن تیمیہ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ۲/۴۳۷

التفسیر حتی رأیت من حکی فی تفسیر قوله تعالٰی "غیر المغضوب علیهم ولا الضالین" نحو عشرة اقوال، وتفسیرها بالیهود والنصارٰی هو الوارد عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم و جمیع الصحابة والتابعین واتباعهم حتی قال ابن ابی حاتم لا اعلم فی ذٰلك اختلافا بین المفسرین[1] (الی ان قال)، فان قلت فای التفاسیر ترشد الیه وتأمر الناظر ان یعول علیه۔

قلت تفسیر الامام ابی جعفر بن جریر الطبری الذی اجمع العلماء المعتبرون علی انه لم یؤلف فی التفسیر مثله[2] الخ۔

وفی المقاصد والبرهان والاتقان وغیرها عن الامام اجل احمد بن حنبل رضی اللہ تعالٰی عنه قال ثلثة لیس لها اصل المغازی والملاحم والتفسیر[3] اھ۔

**قلت** وهذا ان لم یکن جاریا علی اطلاقه لما[عہ] یشهد به الواقع الا انه لم یقله مالم یر الخلط غالبا علیها کما لایخفٰی وهذا فی زمانه فکیف بما بعده وفی مجمع بحار الانوار عن رسالة ابن تیمیة "وفی التفسیر من هٰذه الموضوعات کثیرة کما یرویه الثعلبی والواحدی والزمخشری فی فضل السور والثعلبی فی نفسه کان ذا خیر ودین لکن کان حاطب لیل ینقل ما وجد فی کتب التفسیر من صحیح وضعیف وموضوع والواحدی صاحبه کان ابصر منه بالعربیة لکن هو ابعد عن اتباع السلف، والبغوی تفسیره مختصر من الثعلبی لکن صان تفسیره عن الموضوع والبدع[4] اھ، وفیه عن جامع البیان لمعین بن صیفی قد یذکر محی السنة البغوی فی تفسیره من المعانی والحکایات ما اتفقت کلمة المتاخرین علی ضعفه بل علی وضعه[5] اھ، وفیه عن الامام احمد رحمة اللہ تعالٰی

---

عہ لعله کما۔ الازہری غفرلہ

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثمانون فی طبقات المفسرین دار الکتاب العربی بیروت ٢/ ٤٧٤، ٤٧٥

[2] " " " " " " " ٢/ ٤٧٦

[3] " " " النوع الثامن والسبعون " " ٢/ ٤٤٠

[4] مجمع بحار الانوار نوع فی تعیین لبعض الوضاع وکتبهم مکتبه دار الایمان مدینة المنوره ٥/ ٢٣١

[5] " " " " " " " " "

علیہ انہ قال "فی تفسیر الکلبی من اولہ الیٰ اٰخرہ کذب لا یحل النظر فیہا" اھ[1]۔

وقد عد الخلیلی فی الارشاد اجزاء قلائل من التفسیر صحت اسانیدھا و غالبہا بل کلہا لا توجد الاٰن اللھم الا نقول عنہا فی اسفار المتاخرین" قال وھذہ التفاسیر الطول التی اسندوھا الیٰ ابن عباس غیر مرضیۃ و رواتہا مجاھیل کتفسیر جویبر عن الضحاک عن ابن عباس[2] "الخ۔ وقال فاما ابن جریج فانہ لم یقصد الصحۃ و انما روی ماذکر فی کل اٰیۃ من الصحیح والسقیم، وتفسیر مقاتل بن سلیمان فمقاتل فی نفسہ ضعفوہ و قد ادرک الکبار من التابعین والشافعی اشار الیٰ ان تفسیرہ صالح اھ[3] قال المولی السیوطی قدس اللہ سرہ و اوھی طرقہ (یعنی تفسیر ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما) طریق الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس فان انضم الیٰ ذلک روایۃ محمد بن مروان السدی الصغیر فہی سلسلۃ الکذب وکثیرا ما یخرج منہا الثعلبی والواحدی، ولکن قال ابن عدی فی الکامل للکلبی احادیث صالحۃ وخاصۃ عن ابی صالح وھو معروف بالتفسیر ولیس لاحد تفسیر اطول منہ ولا اشبع، وبعدہ مقاتل بن سلیمان الا ان الکلبی یفضل علیہ لما فی مقاتل من المذاھب الردیئۃ وطریق الضحاک بن مزاحم عن ابن عباس منقطعۃ فان الضحاک لم یلقہ فان انضم الیٰ ذلک روایۃ بشر بن عمارۃ عن ابی روق عنہ فضعیفۃ لضعف بشر، وقد اخرج من ھذہ النسخۃ کثیرا ابن جریر وابن ابی حاتم، وان کان من روایۃ جویبر عن الضحاک فاشد ضعفا لان جویبرا شدید الضعف متروک الخ[4]، قال ورأیت عن فضائل الامام الشافعی لابی عبد اللہ محمد بن احمد بن شاکر القطان، انہ اخرج بسندہ من طریق بن عبد الحکم قال سمعت الشافعی یقول لم یثبت عن ابن عباس فی التفسیر الا شبیہ بمائۃ حدیث[5]

---

[1] مجمع بحار الانوار نوع فی تعیین بعض الوضاع وکتبہم مکتبۃ دار الایمان مدینۃ المنورہ ۵/ ۲۳۰

[2] الاتقان فی علوم القرآن بحوالہ الخلیلی النوع الثمانون دار الکتاب العربی بیروت ۲/ ۴۷۰

[3] " " " " " " ۲/ ۴۷۱

[4] " " " " " " ۲/ ۴۷۱، ۴۷۲

[5] " " " " " " ۲/ ۴۷۲

**قلت** وھٰذہ معالم التنزیل للامام البغوی مع سلامة حالہا بالنسبة الیٰ کثیر من التفاسیر المتداولة ودنوہا الی المشرع الحدیثی یحتوی علی قناطیر مقنطرة من الضعاف والشواذ والواھیات المنکرة وکثیرا ما تدور اسانیدہا علیٰ ھٰؤلاء المذکورین بالضعف والجرح کالثعلبی والواحدی والکلبی والسدی ومقاتل وغیرھم ممن قصصنا علیک او لم نقصص فما ظنک بالذین لااعتناء لہم بعلم الحدیث ولا اقتدار علیٰ نقد الطیب من الخبیث کالقاضی البیضاوی وغیرہ ممن یحذ و حذوہ، فلا تسئل عما عندھم من اباطیل لازمام لہا ولاخطام دع عنک ھذا یالیتہم اقتصروا علیٰ ذٰلک لکن بعضہم تعدوا اما ھنالک وسلکوا مسالک تجر الیٰ مہالک فادلجوا فی تفسیر القرٰان ما تقف لہ الشعر وتنکرہ القلوب وتمجہ الاذان اذ قرر واقصص الانبیاء الکرام والملائکة العظام بماینقض عصمتہم وینقص او یزیل عن قلوب الجہال عظمتہم کما یظہر علیٰ ذٰلک من راجع قصة اٰدم وحواء وداؤد واوریا وسلیمان والجسد الملقٰی والالقاء فی الامنیة والغرانقة العُلیٰ وھارُوت ومارُوت وما ببابل جری فباللہ التعوذ والیہ المشتکی فاصابہم فی ذٰلک ما اصاب اھل السیر والملاحم فی نقل مشاجرات الصحابة، اذجاء کثیر منہا مناقضا للدین وموھنا للیقین وازداد وخنا علی وخن وھنات علی ھنات ان اطلع علی کلامہم بعض من لیس عندہ اثارة من علم ولاامانة من حلم فضل واُضل اما اغترارًا بکلماتہم جہلامنہ بما فیہ من الوبال البعید والنکال الشدید واما ظلمًا وعلوًّا لاجترارہ بذٰلک علیٰ ابانة ما فی قلبہ المرض من تنقیص الانبیاء وتفسیق الاولیاء فمضی علیہ الکبیر ونشأ علیہ الصغیر فاختل دین کثیر من الناقصین وصاروا شرًّا من العوام العامین اذ لم یقدروا علیٰ مطالعتہا فنجوا عن فتنتہا وقد بذل علماءنا النصح للثقلین فشددوا التکیر علیٰ کلا الفریقین اعنی التفاسیر الواھیة والسیر الداھیة فاعلنوا انکارھا وبیّنوا اعوارھا کالقاضی فی الشفاء والقاری فی الشرح والخفاجی فی النسیم والقسطلانی فی المواھب والزرقانی فی الشرح والشیخ فی المدارج وغیرھم فی غیرھا رحمة اللہ علیہم اجمعین، والحمد للہ رب العٰلمین، ولقد الان القول ابوحیان اذ قال کما نقل الامام السیوطی ان المفسرین ذکروا ما لا یصح من اسباب نزول واحادیث فی الفضائل وحکایات لاتناسب وتواریخ اسرائیلیة ولاینبغی

ذکر ھذا فی علم التفسیر[1] انتھی۔

اور اسی لئے امام ابو طالب طبری نے اپنی تفسیر کے مقدمہ میں آدابِ مفسر کے بیان میں فرمایا کہ ضروری ہے کہ مفسر کا اعتماد اس پر ہو جو نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اور صحابہ و تابعین سے منقول ہے اور نئی باتوں سے بچے۔ نیز ابن تیمیہ کا قول ہے صحابہ کے درمیان قرآن کی تفسیر میں بہت کم اختلاف تھا اور تابعین میں اگرچہ اختلاف صحابہ سے زیادہ ہوا مگر ان کے بعد والوں کی بہ نسبت تھوڑا تھا، اور سیوطی علیہ الرحمہ نے قدمار کی تفسیروں کا ذکر فرما کے فرمایا "پھر تفسیر میں بہت لوگوں نے کتابیں تصنیف کیں تو انھوں نے سندوں کو مختصر کر دیا اور ناتمام اقوال نقل کئے تو اس وجہ سے دخیل گھسا اور صحیح وغیر صحیح مخلوط ہو گئے پھر ہر شخص جس کے دل میں کوئی بات آئی اس کو ذکر کرنے لگا۔ اور جس کے فکر میں جو خطرہ گزرا وہ اس پر اعتماد کرنے لگا۔ پھر اس کے بعد جو آتا رہا وہ اس کے یہ خیالات نقل کرتا رہا اس گمان میں کہ اس کی کوئی اصل ہے، سلف صالحین اور ان لوگوں سے جو تفسیر میں مرجع ہیں جو وارد ہوا اس کی تحقیق کی طرف توجہ نہ کی یہاں تک کہ میں نے ایسے شخص کو دیکھا جس نے غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کی تفسیر میں تقریباً دس قول نقل کئے حالانکہ نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اور تمام صحابہ و تابعین و تبع تابعین سے یہی منقول ہے کہ اس سے یہود و نصارٰی مراد ہیں یہاں تک کہ ابن ابی حاتم نے فرمایا کہ مجھے مفسرین کے درمیان اس میں کسی کا اختلاف معلوم نہیں (یہاں تک کہ انھوں نے کہا) اب اگر تم کہو تو کون سی تفسیر کی طرف آپ رہنمائی فرماتے ہیں اور ناظر کو کس پر اعتماد کا حکم دیتے ہیں۔

میں کہوں گا "تفسیر امام ابو جعفر بن جریر طبری کی تفسیر معتمد علمار نے جس کے لئے بالاتفاق فرمایا کہ تفسیر میں اس جیسی کوئی تالیف نہیں ہوئی الخ"

اور مقاصد، برہان اور اتقان وغیرہ میں امام اجل احمد بن حنبل رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی ہے انھوں نے فرمایا، تین کتابوں کی کوئی اصل نہیں، کتب سیر و غزوات و تفسیر اھ۔ میں کہتا ہوں اگرچہ یہ بات اپنے اطلاق پر جاری نہیں جیسا کہ واقعہ اس کا گواہ ہے مگر یہ بات یقینی ہے کہ امام احمد نے یہ بات نہ کہی جب تک ان کتابوں میں صحیح و سقیم کے خلط کا غلبہ نہ دیکھ لیا جیسا کہ ظاہر ہے، اور یہ تو ان کے زمانہ میں تھا تو ان کے بعد کیسی حالت ہوئی ہوگی۔ اور مجمع بحار الانوار میں رسالہ ابن تیمیہ سے منقول ہے اور تفسیر میں ان موضوعات سے بہت ہے جیسے وہ حدیثیں جو ثعلبی اور واحدی اور زمخشری سورتوں کی فضیلت میں روایت کرتے ہیں اور ثعلبی اپنی صفات میں صاحبِ خیر و دیانت تھے، لیکن رات کے لکڑہارے کی طرح تھے کہ تفسیر کی

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثامن والسبعون دار الکتاب العربی بیروت ۲/۴۶۳

کتابوں میں صحیح، ضعیف، موضوع جو کچھ پاتے نقل کر دیتے تھے، اور ان کے ساتھی واحدی کو عربیت میں ان سے زیادہ بصیرت تھی لیکن وہ سلف کی پیروی سے بہت دُور تھا، اور بغوی کی تفسیر ثعلبی کی تلخیص ہے، لیکن انھوں نے اپنی تفسیر کو موضوعات اور بدعتوں سے بچایا ہے اور اسی میں جامع البیان مصنفہ معین بن صیفی سے ہے "کبھی محی السنہ بغوی اپنی تفسیر میں وہ مطالب وحکایات ذکر کرتے ہیں جنھیں متاخرین نے بیک زبان ضعیف بلکہ موضوع کہا ہے"۔ اور اسی میں امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے ہے کہ انھوں نے فرمایا، تفسیر کلبی میں شروع سے آخر تک جھوٹ ہے اس کا مطالعہ حلال نہیں اھ۔

اور بیشک خلیلی نے ارشاد میں تھوڑے تفسیر کے جُز ایسے شمار کئے جن کی سندیں صحیح ہیں اور ان کا اکثر بلکہ وہ سب اب نہیں ملتا۔ الٰہی! تیری مدد ہو۔ مگر چند نقول ان کی متاخرین کی کتابوں میں ہیں۔ ابن تیمیہ نے کہا اور یہ لمبی تفسیریں جن کی نسبت لوگوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کی ہے ناپسندیدہ ہیں اور اس کے راوی مجہول ہیں جیسے تفسیرِ جویبر بروایتِ ضحاک عن ابن عباس الخ۔ اور کہا رہے ابن جریج، تو انھوں نے ہر آیت کی تفسیر میں جو کچھ صحیح وسقیم مذکور ہوا روایت کر دیا۔ اور مقاتل بن سلیمان کو علماء نے فی نفسہ ضعیف بتایا حالانکہ اُنھوں نے اکابر تابعین سے اور امام شافعی سے ملاقات کی، یہ اشارہ ہے کہ ان کی تفسیر لائق قبول ہے اھ۔

امام سیوطی قدس سرہٗ نے فرمایا اور تفسیر ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی سب سے کمزور سند کلبی عن ابی صالح عن ابن عباس ہے پھر اگر اس کے ساتھ محمد بن مروان سدی صغیر کی روایت مل جائے تو یہ جھوٹ کا سلسلہ ہے، اور ایسا بہت ہوتا ہے کہ ثعالبی اور واحدی اس سلسلہ سے روایت کرتے ہیں لیکن ابن عدی نے کامل میں فرمایا کلبی کی احادیث قابلِ قبول ہیں اور خصوصًا ابوصالح کی روایت سے، اور وہ تفسیر کے سبب معروف ہیں، اور کسی کی تفسیر ان سے زیادہ طویل اور بھرپور نہیں۔ اور ان کے بعد مقاتل بن سلیمان ہیں، مگر کلبی کو ان پر اس لئے فضیلت ہے کہ مقاتل کے یہاں رَدّی خیالات ہیں، اور سند ضحاک بن مزاحم عن ابن عباس منقطع ہے اس لئے کہ ضحاک نے ابن عباس سے ملاقات نہ کی، پھر اگر اس کے ساتھ روایت بشر بن عمارہ عن ابی روق مل جائے تو بوجہ ضعفِ بشر ضعیف ہے۔ اس نسخہ سے بہت حدیثیں ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے تخریج کیں، اور اگر جویبر کی کوئی روایت ضحاک سے ہو تو سخت ضعیف ہے اس لئے کہ جویبر شدید الضعف متروک ہے، انھوں نے کہا اور میں نے فضائل امام شافعی مصنفہ ابو محمد محمد بن احمد بن شاکر قطان میں دیکھا کہ انھوں نے اپنی سند بطریق ابن عبد الحکم روایت کیا کہ ابن عبد الحکم نے فرمایا میں نے امام شافعی کو فرماتے سنا کہ ابن عباس (رضی اللہ تعالےٰ عنہ) کی تفسیر میں تقریبًا سو حدیثیں ثابت ہیں۔

میں کہوں گا اور یہ معالم التنزیل ہے جو امام بغوی کی تصنیف ہے، باوصف یہ کہ بہت سی رائج تفسیریں

کے مقابل غلطیوں سے محفوظ ہے اور طرفہ حدیث سے قریب ہے بہت ضعیف و شاذ، اور واہی منکر روایتوں پر مشتمل ہے، اور ایسا بہت ہوتا ہے کہ اس کی روایت کی سندیں ان پر دورہ کرتی ہیں جن کا نام ضعف و جرح کے ساتھ لیا جاتا ہے جیسے ثعلبی، واحدی، کلبی، سدی اور مقاتل وغیرہم جن کا ہم نے تم سے بیان کیا اور جن کا بیان نہ کیا تو تمہارا گمان ان کے ساتھ کیسا ہے جنھیں علم حدیث کا اہتمام نہیں اور ستھرے کو میلے سے الگ کرنے کی قدرت نہیں جیسے قاضی بیضاوی اور ان کے علاوہ جو بیضاوی کے طریقہ پر چلتے ہیں، تو ان کے پاس ان باطل اقوال کا حال نہ پوچھو جن کے لئے نہ لگام ہے نہ بندش کی رسی، اس خیال کو اپنے سے دور رہنے دو، کاش! یہ لوگ اسی پر بس کرتے، مگر ان میں سے کچھ لوگ اس سے آگے بڑھے اور ایسے رستے چلے جو ہلاکتوں کی طرف کھینچ کر لے جائیں تو انھوں نے قرآن کی تفسیر میں ایسی باتیں داخل کر دیں جن سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور دل انھیں ناپسند کرتے اور کان انھیں پھینکتے ہیں، اس لئے انبیاء کرام و ملائکہ عظام کے قصوں میں ایسی باتوں کو مقرر رکھا جن سے ان کی عصمت نہیں رہتی اور جاہلوں کے دل میں ان کی عظمت کم ہو جاتی ہے یا زائل ہو جاتی ہے۔ چنانچہ یہ بات آدم و حوا و داؤد و اوریا اور سلیمان اور ان کی کرسی پر پڑے ہوئے جسم اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تلاوت کے دوران شیطان کے القاء اور غرانیق علیٰ کے واقعات اور ہاروت و ماروت اور بابل کے ماجرے کا مطالعہ کرنے والے پر ظاہر ہے تو اللہ ہی کی پناہ اور اسی سے ان کی شکایت ہے تو ان کو ان باتوں سے وہ مرض لگا جو مصنفین واقعات سیرت و مغازی کو صحابہ کے اختلافات کو نقل کرنے سے لگا اس لئے کہ بہت باتیں دین کے مخالف اور ایمان کو کمزور کرنے والی ان لوگوں سے ظاہر ہوئیں اور فساد پر فساد اور خطاؤں پر خطائیں یوں بڑھ گئیں کہ ان لوگوں کے کلام کی اطلاع کچھ ان لوگوں کو ہوگئی جن کے پاس نہ کچھ بچا کھچا علم تھا نہ عقل کی پختگی، تو وہ خود گمراہ ہوئے اور اوروں کو گمراہ کیا یا تو ان کے کلمات سے دھوکا کھا کر اس کے وبال شدید و سخت عذاب سے بے خبری میں یا ظلم و سرکشی کی وجہ سے اس لئے کہ ان باتوں سے انھیں اس کے اظہار کی جرأت ہوتی، جو انبیاء کی تنقیص اور اولیاء کی تفسیق ان کے دل میں تھی تو اس پر بڑے گزرے اور چھوٹے پروان چڑھے اور یہ عامی لوگوں سے بدتر ہو گئے کہ عامیوں کو ان کتابوں کے مطالعہ کی قدرت نہ تھی تو وہ ان کے فتنہ سے بچے رہے اور بیشک ہمارے علماء نے دونوں فریقوں کو بھرپور نصیحت کی، چنانچہ انھوں نے دونوں فریق کی سخت مذمت کی یعنی واہی تفاسیر اور سیرت کی ناپسندیدہ کتابوں کی تو انھوں نے ان کتابوں کا ناپسندیدہ ہونا ظاہر کیا اور ان کا عیب کھولا جیسے علامہ قاضی عیاض نے شفاء میں اور علامہ قاری نے شرح شفا میں اور علامہ خفاجی نے نسیم الریاض میں اور علامہ قسطلانی نے مواہب میں اور علامہ زرقانی نے اس کی شرح میں اور شیخ (محقق عبد الحق دہلوی) نے مدارج میں اور دوسروں نے

دوسری تصانیف میں، رحمۃ اللہ تعالٰی علیہم اجمعین والحمدللہ رب العالمین۔ اوریقیناً ابوحیان نے بات کو سہل و نرم کیا کہ اُنھوں نے کہا جیساکہ امام سیوطی علیہ الرحمہ نے نقل کیا کہ مفسرین نے ایسے اسباب نزول اور فضائل میں وہ حدیثیں جو صحیح نہیں اور نامناسب حکایات اور تواریخ اسرائیلی کو ذکر کیا ہے حالانکہ اس کا ذکر تفسیر میں مناسب نہیں انتہی۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۳۶ تا ۵۴۳)

(۳۷) مزید فرمایا:

واعلم ان هناك اقواما يعتريهم نزغة فلسفية لما افنوا عمرهم فيها و ظنوها شيئا شهيا فيولعون بابداء احتمالات بعيدة ولو لم يكن فيها حلاوة ولا عليها طلاوة حتى ذكر بعضهم في قوله تعالٰى "وانشق القمر"[1] ما تعلقت به جهلة النصارى و اٰخرون ممن يتلجلجون في الايمان فيلهجون بكلمة الاسلام و في قلوبهم من بغض النبي صلى الله تعالٰى عليه وسلم وانكار معجزاته جبال عظام فانا لله و انا اليه راجعون هذا الذي أعيى السيوطي حتى تبرأ عنها كلها و اقتصر على الارشاد الى تفسير ابن جرير۔

اور تم جان لوکہ اس جگہ کچھ لوگ ایسے ہیں جنھیں فلسفی وسوسے آتے ہیں اس لئے کہ انھوں نے اپنی عمر اس میں فنا کی اور اُسے مرغوب شئے گمان کیا تو ان کو دُور از کار احتمالوں کو ظاہر کرنے کی لت ہے اگرچہ ان میں شیرینی ہو نہ ان پر رونق ہو، یہاں تک کہ کسی نے قولِ باری تعالٰی وانشق القمر (اور چاند شق ہوگیا) کی تفسیر میں وہ بات ذکر کی جس سے جاہل نصرانی اور دوسرے وہ لوگ جو ایمان میں ثابت نہیں اس لئے زبان سے کلمۂ اسلام پڑھتے ہیں حالانکہ ان کے دلوں میں نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے عداوت اور ان کے معجزات کے انکار کے بڑے پہاڑ ہیں اِنا للہ وانا الیہ راجعون (ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہمیں اسی کی طرف پھرنا ہے) یہی سبب تھا کہ سیوطی اس درجہ عاجز ہُوئے کہ تمام تفسیروں سے بیزاری فرمائی اور صرف تفسیر ابن جریر کی طرف رہنمائی پر بس کیا۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۴۳، ۵۴۴)

(۳۸) تفاسیرِ قرآن مجید سے متعلق ایک ضروری تنبیہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

**ایقاظ مهم** اعيذك بالله ان يستفزك الوهم عن الذي القينا عليك فتفترى علينا غيره او يوسوسك قلة الفهم انا لا نكترث للتفسير و لا نلقي له بالا و لا نسلم لـه خيره وانما المعنى أن غالب الزبر المتداولة لا تسلم عن الدخيل و تجمع من الاقوال كل صحيح و عليل فمجرد حكايتها لا يوجب التسليم ولا يصد الناقد عن نقد السقيم فما هي عندنا أسوء حالا من اكثر كتب الاحاديث اذ نعاملها مرة بالترك

[1] القرآن الکریم ۵۴/ ۱

ومرة بالاحتجاج لما نعلم انها ترد كل مورد فتحمل تارة عذبا فراتا وتأتی مرة بملح اجاج ، وبالجملة فالامر يدور على نظافة الحديث سنداً ومتناً فاينما وجدنا الرطب اجتنيناه وان كان فی منابت الحنظل وحيثما رأينا الحنظل اجتنبنا وان نبت فی مسيل العسل .

ولقد علمت أن اكثر هذا الداء العضال انما دخل التفاسير من باب الاعضال و فی امثال تلك المحال اذا لم يعرف السند يؤل الامر الى نقد المقال فما كان منها يناضل النصوص و يرد المنصوص او فيه ازراء بالرسل والانبياء او غير ذلك مما لا يحتمل علمنا انه قول مغسول وان كان مريئا من الآفات نقيا من الواهيات قبلناها على تفاوت عظيم بين قبول وقبول وليس هذا من باب ما نهينا عنه من الاجتراء على التفسير بالآراء ومعاذ الله ان نجترئ عليه فان علم التفسير اشد عسير ويحتاج فيه الى ما ليس بحاصل و لاميسير كما قد فصل بعضه العلامة السيوطی رحمة الله تعالى عليه وكذلك اذا اتانا منها ما فيه العدول عن ظاهر المدلول وصح ذلك عمن لا يسعنا خلافه ، اوكانت هناك خلة لا تنسد الابه تعين القبول والا فدلالة كلام الله تبارك وتعالى احق بالتعويل من قال وقيل هذا الذی قصد فلا تنقص ولا تزد۔

**ضروری تنبیہ:** میں تمھیں اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں اس بات سے کہ تمھیں وہم اس بات سے ڈگمگا دے جو ہم نے تم پر القا کیا ، تو تم ہم پر اس سے جدا بات کا بہتان باندھو یا فہم کی کمی یہ وسوسہ ڈالے کہ ہم تفسیر کی پروا نہیں کرتے اور اس کا ہمیں کوئی خیال نہیں اور ہم اس کی اچھی بات بھی نہیں ، مقصد صرف اتنا ہے کہ اکثر کتب متداولہ دخیل سے محفوظ نہیں اور وہ ہر صحیح وسقیم قول کو اکٹھا کرتی ہیں تو ان کتابوں میں کسی قول کی مجرد حکایت اس کو مان لینا واجب نہیں کرتی اور پرکھنے والوں کو کھوٹے کی پرکھ سے نہیں روکتی تو یہ ان کتابوں کا حال ہمارے نزدیک حدیث کی اکثر کتابوں سے زیادہ بُرا نہیں اس لئے کہ ہم ان کے ساتھ کبھی کسی قول کو چھوڑنے اور کبھی کسی کو حجت بنانے کا معاملہ کرتے ہیں یوں کہ ہمیں معلوم ہے کہ یہ ہر گھاٹ پر اُترتی ہیں تو کبھی میٹھا پانی اٹھا لیتی ہیں اور کبھی سخت کھاری پانی جس سے منہ جل جائے لاتی ہیں ، بالجملہ مدارکار حدیث کی نظافت ( پاکیزگی ) سند و متن کے لحاظ سے ہے تو جہاں کہیں ہم میٹھا پھل پائیں گے اُسے چن لیں گے اگرچہ وُہ کسی خراب جگہ اُگا ہو ، اور جہاں کہیں کڑوا پھل دیکھیں گے تو اس کو چھوڑ دیں گے اگرچہ وُہ شہد کی نہر میں اُگا ہو ۔

اور یقیناً تمہیں معلوم ہے کہ اس لاعلاج مرض کا بیشتر حصہ تفاسیر میں جہالت سند کے دروازہ سے گھسا اور ایسے مقامات میں جب سند معروف نہ ہو مآل کا رہات کو پرکھنا ہے تو جو بات نصوص سے ٹکراتی اور منصوص کو رد کرتی ہو یا اس میں رسل و انبیاء کی تنقیص ہو یا اور کوئی بات جو قابلِ قبول نہ ہو ہم جان لیں گے کہ یہ قول دھو دینے کے قابل ہے اور اگر خرابیوں سے بری، علتوں سے پاک ہو ہم اسے قبول کرلیں گے باوجودیکہ اسے قبول کرنے میں اور دوسرے قول کو قبول کرنے میں عظیم تفاوت ہے اور یہ تفسیر بالرائے کے باب سے نہیں ہے جس سے ہمیں روکا گیا، اور اللہ کی پناہ اس سے کہ ہم اس پر جرأت کریں اس لئے کہ علمِ تفسیر سخت دشوار ہے اور اس میں اس کی حاجت ہے جو ہمیں حاصل نہیں اور نہ اس کا حاصل ہونا آسان ہے جیساکہ ان علوم ضروریہ میں سے بعض کی تفصیل علامہ سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمائی ہے اور یونہی جب ہمیں ان میں کوئی قول ایسا پہنچے جس میں ظاہر معنٰی سے عدول ہو اور وہ اس سے ثابت ہو جس کا خلاف ہمیں نہیں پہنچا یا کوئی حاجت ہو جو ظاہر سے عدول کے بغیر پوری نہ ہو تو اسے قبول کرنا متعین ہے ورنہ کلام الٰہی کی دلالت قیل و قال سے اعتماد کی زیادہ حقدار ہے یہی ہمارا مقصود ہے تو اس سے نہ کم کرو نہ زیادہ۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۴۶ تا ۵۴۸)

(۲۹) مقتضائے لغت کے مطابق تفسیر کرنے کے بارے میں فرمایا:

قال الامام السیوطی "قال بعضھم فی جواز تفسیر القراٰن بمقتضی اللغۃ روایتان عن احمد وقیل الکراھۃ تحمل علی صرف الاٰیۃ عن ظاھرھا الی معان خارجۃ محتملۃ یدل علیھا القلیل من کلام العرب ولا یوجد غالبًا الا فی الشعر ونحوہ ویکون المتبادر خلافھا" اھ[1]۔

وقال عن برھان الزرکشی "کل لفظ احتمل معنیین فصاعدًا، فھو الذی لا یجوز لغیر العلماء الاجتھاد فیہ، وعلیھم اعتماد الشواھد والدلائل دون مجرد الرأی، فان کان احد المعنیین اظھر وجب الحمل علیہ الا ان یقوم دلیل علی ان المراد ھو الخفی" اھ[2]۔

وقال "قال العلماء یجب علی المفسر ان یتحری فی التفسیر مطابقۃ المفسر

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثامن والسبعون دار الکتاب العربی بیروت ۲/۴۴۴

[2] " " " " " " " " ۲/۴۵۳

فوائد تفسیر جلد ۳

وأن يتحرز فی ذلك من نقص عما یحتاج الیه فی ایضاح المعنی، أوزیادة لا تلیق بالغرض ومن کون المفسرفیه زیغ عن المعنی وعدول عن طریقه وعلیه بمراعاة المعنی الحقیقی والمجازی، ومراعاة التالیف والغرض الذی سیق له الکلام[1] الخ.

امام سیوطی علیہ الرحمہ نے فرمایا: بعض علماء نے فرمایا کہ مقتضائے لغت کے مطابق قرآن کی تفسیر کے جواز میں امام احمد سے دو روایتیں ہیں، اور کچھ کا قول یہ ہے کہ کراہت اس پر محمول ہے کہ آیت کو اس کے ظاہری معنی سے پھیر کر ایسے معانی خارجہ محتملہ پر محمول کرے جن پر قلیل کلام عرب دلالت کرتا ہو اور وہ غالباً شعر اور اسکے مثل کلام کے سوا عام بول چال میں نہ پائے جائیں اور ذہن کا تبادر اس کے خلاف ہو اھ۔

اور سیوطی نے زرکشی کی برہان سے حکایت کیا: ہر وہ لفظ جو دو یا دو سے زائد معنی کا احتمال رکھے اس میں تو غیر علماء کو اجتہاد جائز نہیں، اور علماء کو لازم ہے کہ وہ شواہد و دلائل پر بھروسہ کریں نہ کہ محض رائے پر، تو اگر دو معنی میں سے ایک ظاہر تر ہے تو اسی پر محمول کرنا واجب ہے مگر یہ کہ دلیل قائم ہو کہ مراد خفی ہی ہے اھ۔

اور فرمایا: علماء کا قول ہے کہ مفسر پر واجب ہے کہ وہ تفسیر میں یہ تجویز کرے کہ تفسیر لفظ مفسر کے مطابق ہو اور اس سے کم کرنے سے بچے جس کی حاجت توضیح مراد کے لئے ہو اور ایسے لفظ کو زیادہ کرنے سے احتراز کرے جو مقصد کے مناسب نہ ہو، اور اس بات کی احتیاط رکھے کہ تفسیر میں معنی سے انحراف اور اس کی راہ سے عدول نہ ہو، اور اس پر لازم ہے کہ معنی حقیقی و مجازی کی رعایت کرے اور ترکیب اور اس غرض کی جس کے لئے کلام ذکر کیا گیا رعایت رکھے۔

(فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۴۸، ۵۴۹)

(۴۰) وجوہ تاویل کے بارے میں ارشاد فرمایا:

**المقدمة الثالثة** کثیراً ما تری المفسرین یذکر بعضهم تحت الآیة وجها من التاویل والبعض الآخرون وجها أخروربما جمعوا وجوها کثیرة، وغالبه لیس من باب الاختلاف او التردد المانع عن التمسك بأحدها لاسیما الاظهر الانور منها و انما هو تفنن فی المرام، أو بیان لبعض ماینتظمه الکلام وذلك ان القرآن ذو وجوه وفنون و لکل حرف منه غصون وشجون وله عجائب لاتنقضی ومعان تمد ولاتنتهی، فجاز



---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثامن والسبعون دار الکتاب العربی بیروت ۲/ ۴۶۱

الاحتجاج به علیٰ کل وجوھه وھذا من اعظم نعم اللہ سبحٰنه وتعالیٰ علینا ومن ابلغ وجوہ اعجاز القرآن ولوکان الأمر علیٰ خلاف ذٰلك لعادت النعمة بلیة والاعجاز عجزًا والعیاذ باللہ تعالیٰ وقد وصف اللہ سبحٰنه وتعالیٰ القرآن بالمبین، فلیس تنوع معاینه کتذبذب المحتملات فی کلام مبھم مختلط لایستبین المرادمنه، ولقد قال اللہ تبارك وتعالیٰ "قل لوکان البحر مدادًا لکلمات ربی لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی ولوجئنا بمثله مددًا[1]" وقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم علیٰ ما اخرج ابونعیم وغیرہ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما القرآن ذلول ذووجوہ فاحملوہ علیٰ احسن وجوھه[2]۔ وقال سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما کما اخرج ابن ابی حاتم عنه ان القرآن ذوشجون وفنون وظھور وبطون لاتنقضی عجائبه ولاتبلغ غایته[3] الحدیث۔

قال السیوطی "قال ابن سبع فی شفاء الصدور ورد عن ابی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنه انه قال لایفقه الرجل کل الفقه حتی یجعل للقرآن وجوھا، وقد قال بعض العلماء لکل اٰیة ستون الف فھم[4]" انتھی ملخصًا۔ وللہ دارالامام البوصیری حیث یقول ؎

لھامعان کموج البحر فی مدد وفوق جوھرہ فی الحسن والقیم
فلاتعد ولاتحصا عجائبھا ولاتسام علی الاکثار بالسأم[5]

فثبت بحمد اللہ ان بعض معانیه لاینافی بعضا ولایوجب وجه لوجه رفضا، من جراء ھذا تری العلماء لم یزالو محتجین علیٰ احد التاویلات، ولم یمنعھم عن ذٰلك علمھم بان ھناك وجوھا اُخر لاتعلق لھا بالمقام، وعلام کان یصدھم وقد

---

[1] القرآن الکریم ۱۸/ ۱۰۹

[2] الاتقان فی علوم القرآن بحوالہ ابی نعیم وغیرہ عن ابن عباس النوع الثامن والسبعون دارالکتاب العربی بیروت ۲/ ۴۴۶، ۴۴۷

[3] " " " النوع الثامن والسبعون " " " " ۲/ ۴۶۰

[4] " " " " " " " " " ۲/ ۴۶۰

[5] الکوکب الدریۃ فی مدح خیر البریۃ مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ص ۴۰

علموا أن القرآن حجّة بوجوهه جميعا وليس هذا الاتفننا وتنويعًا هذا هو الاصل العظيم الذی یجب المحافظة علیه انبأنا المولی السراج عن المفتی الجمال عن السند السندی عن الشیخ صالح عن محمد بن السنة وسلیمان الدرعی عن الشریف محمد بن عبد الله عن السراج بن الالجائی عن البدر الکرخی والشمس العلقمی کلهم عن الامام جلال الملّة والدّین السیوطی قال فی الاتقان ناقلاعن ابن تیمیة "الخلاف بین السلف فی التفسیر قلیل و غالب مایصح عنهم من الخلاف یرجع الی اختلاف تنوع لا اختلاف تضاد ۔ و ذلک صنفان :

احدهما ان یعبر واحد منهم عن المراد بعبارة غیر عبارة صاحبه تدل علی معنی فی المسمی غیر المعنی الاخر مع اتحاد المسمی کتفسیرهم "الصراط المستقیم" بعض بالقرآن أی اتباعه ، وبعض بالاسلام فالقولان متفقان لأن دین الاسلام هو اتباع القرآن ، ولکن کل منهما نبه علی وصف غیر الوصف الاخر کمان لفظ الصراط یشعر بوصف ثالث ، وکذلک قول من قال هو السنة والجماعة وقول من قال هو طریق العبودیة وقول من قال هو طاعة الله ورسوله وامثال ذلک ، فهؤلاء کلهم اشاروا الی ذات واحدة ولکن وصفها کل منهم بصفة من صفاتها ۔

الثانی ان یذکر کل منهم من الاسم العام بعض انواعه علی سبیل التمثیل وتنبیه المستمع علی النوع ، لا علی سبیل الحد المطابق للمحدود فی عمومه و خصوصه مثاله ما نقل فی قوله تعالیٰ " ثم اورثنا الکتٰب الذین اصطفینا" الآیة فمعلوم أن الظالم لنفسه یتناول المضیع للواجبات والمنتهک للحرمات والمقتصد یتناول فاعل الواجبات وتارک المحرمات ، والسابق یدخل فیه من سبق فتقرب بالحسنات مع الواجبات فالمقتصدون اصحاب الیمین والسابقون السابقون اولئک المقربون ، ثم ان کلا منهم یذکر هذا فی نوع من انواع الطاعات کقول القائل السابق الذی یصلی فی اول الوقت والمقتصد الذی یصلی فی اثنائه والظالم لنفسه الذی یؤخر العصر الی الاصفرار ، اویقول السابق المحسن بالصدقة مع الزکوٰة ، و المقتصد الذی یؤدی الزکوٰة المفروضة فقط ، والظالم مانع الزکوٰة اھ[1]

وعن الزرکشی " ربما یحکی عنهم عبارات مختلفة الالفاظ فیظن من لا فهم

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثامن والسبعون دار الکتاب العربی بیروت ۲/ ۴۳۸

عندہ ان ذٰلك اختلاف محقق فیحکیه اقوالًا، ولیس کذٰلك بل یکون کل واحد منهم ذکر معنی من الاٰیة لکونه اظهر عندہ أو الیق بحال السائل وقد یکون بعضهم یخبر عن الشیٔ بلازمه و نظیرہ والاٰخر بمقصودہ وثمرته والکل یؤول الیٰ معنی واحد غالبًا[1] الخ۔

وعن البغوی والکواشی وغیرهما "التاویل صرف الاٰیة الیٰ معنی موافق لما قبلها و وبعدها تحتمله الاٰیة غیر مخالف للکتاب والسنة من طریق الاستنباط غیر محظور علی العلماء بالتفسیر کقوله تعالیٰ "انفروا خفافًا وثقالًا" قیل شبابا و شیوخا، وقیل اغنیاء وفقراء، وقیل عزابا و متأهلین، وقیل نشاطا وغیر نشاط، وقیل اصحاء ومرضی۔ وکل ذٰلك سائغ والاٰیة تحتمله[2] الخ۔ وهذا فصل عمیق بعید لو فصلنا فیه الکلام خرج بناء عما نحن بصددہ من المراد، وفیما اوردناہ کفایة لأولی الاحلام لاسیما من له اجالة نظر فی کلمات المفسرین وتمسکات العلماء بالقرآن المبین۔

**مقدمہ سوم** مفسرین کو تم بہت دیکھو گے کہ ان میں سے کوئی آیت کے تحت کوئی وجہ تاویل ذکر کرتا ہے اور بعض دوسرے دوسری وجہ ذکر کرتے ہیں اور کبھی بہت سی وجوہ جمع کر دیتے ہیں اور بیشتر وجوہ اختلاف و تردّد کے باب سے نہیں جس میں سے کسی ایک کو اخذ کرنا دوسری سے تمسک کا مانع ہو خصوصًا ان میں جو ظاہر تر اور روشن تر ہو بلکہ یہ وجوہ بیان مقصد میں تفنّنِ عبارت ہے یا کلام جن وجوہ کو شامل ہے اس میں سے کچھ کو بیان کر دینا ہے اور یہ اس لئے کہ قرآن مختلف وجوہ رکھتا ہے اور اس کے ہر لفظ کے متعدد معانی ہیں اور اس کے عجائب ختم نہیں ہوتے اور معانی بڑھتے ہیں اور کسی حد پر نہیں تھمتے، لہٰذا اس کی تمام وجوہ کو حجت بنانا جائز ہے، اور یہ ہمارے لئے اللہ کی بڑی نعمتوں میں سے ایک ہے اور قرآن کے اعجاز کے اسبابِ بلیغہ سے ایک سبب ہے، اور اگر معاملہ اس کے برخلاف ہوتا تو نعمت مصیبت ہو جاتی اور اعجاز عجز ہو جاتا والعیاذ باللہ تعالیٰ، اور اللہ تعالیٰ نے قرآن کا وصف مبین فرمایا ہے تو اس کے معانی کا قسم قسم ہونا کلام مبہم میں جس کی مراد ظاہر نہ ہو محتملات کے تردّد کی طرح نہیں، اور یقینًا اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے:

اے محبوب! تم فرما دو اگر سمندر میرے رب کی باتوں کے لئے روشنائی ہو جائے تو سمندر ختم ہو جائے گا اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں گی اگرچہ ہم اس جیسا اور اس کی مدد کو لے آئیں۔ اور رسول اللہ صلے اللہ

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن    النوع الثامن والسبعون    دار الکتاب العربی بیروت    ۲/۴۴۴

[2] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃    ۲/۴۴۸

تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جیساکہ ابونعیم وغیرہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا، "قرآن نرم و آسان ہے مختلف وجوہ والا ہے تو اسے اس کی سب سے اچھی وجہ پر محمول کرو۔" اور سیدنا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا جیساکہ ابن ابی حاتم نے ان سے روایت کی: "قرآن مختلف معانی و مطالب اور ظاہری و باطنی پہلو رکھتا ہے، اس کے عجائب بے انتہا ہیں اس کی بلندی تک رسائی نہیں" (الحدیث)۔

سیوطی علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ ابن سبع نے شفاء الصدور میں فرمایا کہ ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ "آدمی اس وقت تک کامل فقیہ نہیں ہوتا جب تک کہ قرآن کے مختلف وجوہ نہ جان لے۔" اور بعض علماء کا قول ہے کہ "ہر آیت کے ساٹھ ہزار مفہوم ہیں۔" اور امام بوصیری کی خوبی اللہ ہی کے لئے ہے کہ وہ فرماتے ہیں "قرآنی آیات کے وہ معانی کثیر ہیں جیسے سمندر کی موج افزائش میں، اور وہ حسن و قیمت میں سمندر کے گوہر سے بڑھ کر ہیں، تو ان آیتوں کے عجائب کی نہ گنتی ہو سکے نہ شمار میں آئیں، اور اس کثرت کے باوجود ان سے اکتانے کا معاملہ نہیں کیا جاتا۔"

اب بحمداللہ ثابت ہوا کہ اس قرآن کا کوئی معنی دوسرے کے منافی نہیں، اور کوئی وجہ دوسری وجہ کو چھوڑ دینا واجب نہیں کرتی، اسی وجہ سے تم دیکھو گے کہ علماء ایک تاویل پر بنائے دلیل رکھتے ہیں اور اس بات سے باز نہیں رکھتا انھیں ان کا یہ علم کہ اس جگہ دوسری وجوہ بھی ہیں جن کو ان کے مقصد سے تعلق نہیں، اور کاہے کو باز رکھے حالانکہ انھیں خبر ہے کہ قرآن اپنی تمام وجوہ پر حجت ہے اور یہ اختلافِ وجوہ تو محض تفننِ کلام و تلونِ عبارت ہے یہ وہ عظیم اصل ہے جس کی حفاظت ضروری ہے خبر دی سراج نے مفتی جمال سے انھوں نے سند سندی سے انھوں نے شیخ صالح سے انھوں نے محمد بن السنۃ اور سلیمان درعی سے انھوں نے سراج بن الالجائی سے انھوں نے بدر کرخی و شمس علقمی سے، ان سب نے جلال الملۃ والدین سیوطی سے روایت کی کہ انھوں نے اتقان میں ابن تیمیہ سے نقل فرمایا کہ تفسیر میں سلف کے درمیان اختلاف کم ہے اور اکثر اختلاف جو سلف سے ثابت ہے اختلاف طرز تعبیر کی طرف لوٹتا ہے متضاد باتوں کا اختلاف نہیں اور یہ (تعبیروں کا اختلاف) دو صنف ہے؛

ان میں سے ایک صنف یہ کہ ان لوگوں میں سے کوئی اپنی مراد کی تعبیر ایک عبارت سے کرے جو اس کے ساتھی کی عبارت سے جداگانہ ہو اور معنی ایک ہو جیسے علمائے نے الصراط المستقیم کی تفسیر کی، کسی نے قرآن کہا یعنی قرآن کی پیروی، اور کسی نے اسلام، تو یہ دونوں قول ایک دوسرے کے موافق ہیں اس لئے کہ دین اسلام تو قرآن کی پیروی ہے۔ لیکن ان دونوں نے ایک دوسرے کے وصف سے جدا ایک وصف پر متنبہ کیا جیسے کہ لفظ صراط تیسرے وصف کی خبر دیتا ہے، اسی طرح اس کی بات

جس نے یہ کہا تھا کہ صراطِ مستقیم مسلکِ اہلسنّت وجماعت ہے، اور اس کی بات جس نے کہا کہ وہ طریقِ بندگی ہے، اور اس کا قول جو بولا کہ وُہ اللہ ورسول (جل وعلا وصلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) کی اطاعت ہے، اور اس طرح کے دوسرے اقوال، اس لئے کہ ان سب نے ایک ذات کی طرف رہنمائی کی لیکن ہر ایک نے اس کی ایک صفت اس کی صفات سے بیان کر دی۔

دوسری صنف یہ ہے کہ ہر عالم لفظ عام کی کوئی قسم مثال کے اوپر ذکر کرے اور مخاطب کو اس نوع پر متنبہ کرے اور اس نوع کو ذکر کرنا اس کے عموم وخصوص میں ذات کی حدتام وتعریف تمام کے طور پر نہ ہو اس کی مثال وہ جو اللہ تعالےٰ کے قول ثمّ اورثنا الکتٰب الذین اصطفینا الاٰیۃ کی تفسیر میں منقول ہوا اس لئے کہ معلوم ہے کہ اپنے نفس پر ظلم کرنے والا اس کو شامل ہے جو واجبات کو ضائع کرے اور حُرمتوں کو توڑے اور مقتصد واجبات کی تعمیل اور محرمات کو ترک کرنے والے کو شامل ہے، اور سابق میں وہ داخل ہے جو سبقت کرے تو واجبات کے ساتھ حسنات سے اللہ کی قربت حاصل کرے، تو مقتصد لوگ دہنے ہاتھ والے ہیں اور سابق سابق ہیں وہی اللہ کے مقرب ہیں پھر ان میں سے ہر عالم اس مثال کو انواعِ عبادات میں سے کسی قسم میں ذکر کرتا ہے جیسے کسی نے کہا: سابق وہ ہے جو اول وقت میں نماز پڑھے، اور مقتصد وُہ ہے جو درمیان وقت میں پڑھے، اور ظالم وہ ہے جو عصر کو سورج زرد ہونے تک مؤخر کر دے۔ اور کوئی کہے: سابق وُہ ہے جو صدقۂ نفل زکوٰۃ کے ساتھ دے کر نیکی کرے، اور مقتصد وُہ ہے جو صرف زکوٰۃ فرض دے، اور ظالم وُہ ہے جو زکوٰۃ نہ دے الخ۔

اور سیوطی نے زرکشی سے نقل کیا بسا اوقات علماء سے مختلف عبارتیں منقول ہوتی ہیں تو جو فہم نہیں رکھتا یہ گمان کرتا ہے کہ یہ اختلاف حقیقی ہے تو وہ اس کو کئی قول بنا کر حکایت کرتا ہے حالانکہ بات یوں نہیں، بلکہ ہوتا یہ ہے کہ ہر عالم آیت کا ایک معنیٰ ذکر کرتا ہے اس لئے کہ وہ اس کے نزدیک ظاہر تر یا حال سائل کے زیادہ شایاں ہوتا ہے، اور کبھی کوئی عالم شئے کا لازم یا اس کی نظیر بتاتا ہے اور دوسرا اس کا مقصود وثمرہ بتاتا ہے، اور اکثر سب کا بیان ایک ہی معنیٰ کی طرف لوٹتا ہے الخ۔

اور سیوطی علیہ الرحمۃ نے بغوی وکواشی وغیرہما سے نقل کیا کہ انھوں نے فرمایا کہ تاویل براہِ استنباط آیت کو ایسے معنیٰ کی طرف پھیرنا ہے جو اس کی اگلی آیۃ پچھلی آیت کے موافق ہو، اور آیت اس کا احتمال رکھتی ہو اور وہ معنیٰ کتاب وسنت کے مخالف نہ ہو، ایسی تاویل ان لوگوں کو منع نہیں جنھیں تفسیر کا علم ہے، جیسے اللہ تعالےٰ کے قول "انفروا خفافاً وثقالاً" (یعنی کوچ کرو ہلکی جان سے چاہے بھاری دل سے) میں کسی نے کہا: بوڑھے اور جوان۔ اور کسی نے کہا: غنی وفقیر۔ اور کسی کا قول ہے: شادی شدہ

اور مجرد۔ اور کسی کا قول ہے ، چست و سست ۔ اور کسی نے کہا ، صحت مند و بیمار ( یعنی یہ سب کوچ کریں ) اور یہ تمام وجوہ بنتی ہیں اور آیت سب کی محتمل ہے ، اور یہ فصل وسیع و عریض ہے اگر ہم اس میں مفصل کلام کریں تو وہ کلام ہمیں ہمارے اس مقصود سے باہر کر دے گا جس کے ہم درپے ہیں ، اور جو ہم نے ذکر کیا اس میں مفصل کلام کریں تو وہ کلام ہمیں ہمارے اس مقصود سے باہر کر دے گا جس کے ہم درپے ہیں ، اور جو ہم نے ذکر کیا اس میں سمجھ والوں اور ان کے لئے جن کی نظر کلماتِ مفسرین اور علماء کے قرآن مبین سے تمسکات میں رواں ہے کفایت ہے۔

( فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۴۹ تا ۵۵۵ )

(۴۱) اتقٰی کی تفسیر تقی کرنے والا فقط ابوعبیدہ خارجی ہے ۔ چنانچہ فرمایا :

**المقدمة الرابعة** هذا التاويل الذى فتحنا ابواب الكلام على ايهامه اعنى تفسير الاتقى بالتقى انما هو مروى عن ابى عبيدة كما صرح به العلامة النسفى رحمه الله تعالىٰ فى مدارك التنزيل[1] وحقائق التاويل و ابوعبيدة هذا رجل نحوى لغوى من الطبقة السابعة اسمه معمر بن المثنىٰ كان يرى رأى الخوارج وكان سليط اللسان وقاعًا فى العلماء، وتلميذه ابوعبيد القاسم بن سلام احسن منه حالاً و ابصر منه بالحديث۔

**چوتھا مقدمہ** یہ تاویل جس کے ضعف بتانے کے لئے ہم نے کلام کے دروازے کھولے ( یعنی اتقٰی کی تفسیر تقی سے کرنا ) یہ صرف ابوعبیدہ سے منقول ہے ۔ چنانچہ اس کی تصریح علامہ نسفی نے مدارک التنزیل میں کی ہے ، اور یہ ابوعبیدہ ایک آدمی ہے نحو و لغت کا عالم ، جو ساتویں طبقہ میں ایک فرد ہے ، اس کا نام معمر بن المثنٰی ہے ، خارجیوں کا عقیدہ رکھتا تھا ، اور یہ بدزبان ، علماء کا بدگو تھا ، اور اس کے شاگرد ابوعبید قاسم بن سلام کا حال اس سے اچھا تھا اور انھیں حدیث میں اس سے زیادہ بصیرت تھی۔

( فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۵۶ )

(۴۲) اشقٰی کی تفسیر شقی سے استدلالِ مخالف کا جواب دیتے ہوئے فرمایا :

**المقدمة الخامسة** لعلك يا من يفضل عليًا على الشيخين رضى الله تعالىٰ عنهم اجمعين تفرح و تمرح ان هٰؤلاء المفسرين انما عدلوا عن الاتقى الى التقى كيلا يلزم تفضيل الصديق رضى الله تعالىٰ عنه على من عداه وحاشاهم عن ذٰلك ، الاترى أنهم كما فسروا الاتقى بالتقى كذٰلك اولوا الاشقى بالشقى فاين هذا

---

[1] مدارک التنزیل ( تفسیر النسفی ) تحت الآیۃ ۹۲ / ۱۷ دار الکتاب العربی بیروت ۴ / ۳۶۳

من قصدك الذميم تريد لاجله تغيير القرآن العظيم وانما الباعث لهم على ذالك ما ذكره ابو عبيدة بنفسه ۔

انبأنا سراج العلماء عن المفتی ابن عمر عن عابد السندی عن یوسف المزجاجی عن ابیه محمد بن العلاء عن حسن العجیمی عن خیر الدین الرملی عن العلامة احمد بن امین الدین بن عبد العال عن ابیه عن جده عن العز عبد الرحیم بن الفرات عن ضیاء الدین محمد بن محمد الصنعانی عن قوام الدین مسعود بن ابراهیم الکرمانی عن المولی حافظ الدین ابی البرکات محمود النسفی قال فی مدارک التنزیل[1] قال ابو عبیدة الاشقی بمعنی الشقی وهو الکافر، والاتقی بمعنی التقی وهو المؤمن لانه لا یختص بالصلی اشقی الاشقیاء ولا بالنجاة اتقی الاتقیاء وان زعمت انه تعالی نکر النار فاراد نارًا مخصوصة بالاشقی، فما تصنع لقوله وسیجنبها الاتقی لأن التقی یجنب تلك النار المخصوصة لا الاتقی منهم خاصة انتهی ۔

**وتلخیص المقام** ان قوله سبحٰنه وتعالٰی "فانذرتکم نارا تلظّی ۝ لا یصلٰها الا الاشقی ۝ الذی کذب وتولّی[2] ۝" لایمکن اجراءه علی ظاهره لانه یقتضی قصر دخول النار علی اشقی الاشقیاء من الکفار فیلزم ان لا ید خلها احد غیره کالفجار والکافرین القاصرین عنه فی الشقاء والاستکبار وهذا باطل قطعاً، فاختار الواحدی والرازی والقاضی والمحلی وابو السعود وآخرون ما ملحظه أن لیس المراد بالاشقی رجل مخصوص یکون أشقی الاشقیاء بل المعنی من کان بالغا فی الشقاء متناهیا فیه وهم الکفار عن آخرهم لانسلاخهم عن السعادة بالمرة، امّا المؤمن الفاجر فان کان له وجه الی الشقاء الزائل فوجهه الآخر الی السعادة الابدیة وهی الایمان، وهٰؤلاء القائلون لمارأوه مادة الایراد لم تنحسم اذ دخول بعض الفجار ایضًا مقطوع فزعوا الٰی تاویل الصلی باللزوم، وزعم الواحدی انه معناه الحقیقی فقال کما نقل الرازی معنی "لا یصلاها" لا یلزمها فی حقیقة اللغة یقال صلی

---

[1] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیة دار الکتاب العربی بیروت ۴/۳۶۳

[2] القرآن الکریم ۹۲/۱۴ تا ۱۶

الکافر النار اذا لزمها مقاسیا شدتها وحرها، وعندنا ان هذہ الملازمة لاتثبت الا الکافر امّا الفاسق فاما ان لایدخلها او ان دخلها تخلص منها[1] انتہی۔

**اقول** وما احسن هذا تاویلا او اصفاہ لولا ان یکدرہ ما سأذکرہ قریبا فارتقب ورکن الرازی الی وجه اٰخر من التاویل وھو ان یخص عموم ھذا الظاھر بالاٰیات الدالة علٰی وعید الفساق[1]

**اقول** هذا جمع بین التاویل والتخصیص وھو مستغنی عنه اذ لو قیل بالتخصیص فکما دلت الاٰیات علٰی وعید الفساق کذٰلک دلت علٰی ایعاد سائر الکفار بدلالة اظھر واجلی، اللّٰھم اِلّا اَن یقال فیه تکثیر التخصیص جدًا والقصر علٰی فرد واحد اشد بعدًا ھٰذا ولقد سلك القاضی الامام ابوبکر کما اثرعنه الفخر الرازی فی مفاتیح الغیب مسلکًا حسنًا اذحاول ابقاء الاشقی علٰی معناہ الحقیقی اعنی من لایدانیه احد فی الشقاء وذکر لتصحیح الحصر وجهین یرتاح بهما اللبیب ویندحض کل شك مریب؛

الاوّل ان یکون المراد بقوله تعالٰی "نارًا تلظّٰی" نارًا مخصوصة من النیران لانها درکات بقوله تعالٰی "انّ المنٰفقین فی الدرك الاسفل من النار" فالاٰیة تدلّ علٰی ان تلك النار المخصوصة لایصلٰها سوی ھذا الاشقی، ولاتدل علٰی أن الفاسق وغیر من ھذا صفته من الکفار لایدخل سائر النیران[2] انتہی۔

**اقول** فکان کقوله تعالٰی "یتجنبها الاشقی الذی یصلی النار الکبرٰی[3]" ای اعظم النیران جمیعًا علی احد وجوہ التاویلات وردّہ الرازی بان قوله تعالٰی "نارًا تلظّٰی" یحتمل ان یکون ذٰلک صفة لکل النیران وان یکون صفة لنار مخصوصة لکنه تعالٰی وصف کل نار جهنّم بهٰذا الوصف فی اٰیة اخرٰی فقال "انها لظٰی نزاعة للشوٰی[4]"۔

**اقول** یتراأی من ھٰذہ العبارة للایراد وجهتان؛

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الاٰیة ۹۲/ ۱۵، ۱۶ دارالکتب العلمیه بیروت ۳۱/ ۱۸۵

[2] ″ ″ ″ ۱۴/ ۱۵ ″ ″ ۳۱/ ۱۸۴

[3] القرآن الکریم ۸۷/ ۱۱، ۱۲

[4] ″ ۷۰/ ۱۵، ۱۶

الاولیٰ ان المورد کانہ ظن ان القاضی الامام یدعی تخصیص النار بصفة التلظی کما یتخصص الغلام فی قولنا جاء نی غلام عاقل بصفة العقل، ومن ھذا الطریق یقول ان المراد نار مخصوصة اعظم النیران فالایراد ح ظاھر الورود اذ الاوصاف انما تخصص اذا کانت خصائص توجد فی فرد دون اٰخر والتلظی لا یختص بنار دون نار، الا تری أن اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ وصف النار مطلقا بانھا لظی نزاعة للشویٰ[1] ولکن لم یکن القاضی الامام لیرید ھذا وانما ملحظہ الیٰ أن التنکیر للتعظیم فقولہ تعالیٰ ناراً ای ناراً اعظیما لیس کمثلہ نار کانہ اشیر بالتنکیر الیٰ انھا بشھرة امرھا وشیوع فزعھا واخذ اھوالھا بمجامع القلوب صارت بمثابة لا تسبق الاذھان الا الیھا، فاغنت شھرتھا وانتشار ذکرھا عن تعریف اسمھا کما یفید ذٰلک تنکیر الملیک فی قولہ تعالیٰ "فی مقعد صدق عند ملیک مقتدر[1]" وتنکیر الظلم فی قولہ تعالیٰ "الذین اٰمنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم[2]" ای ظلم لا ظلم کمثلہ وھو الشرک۔

**پانچواں مقدمہ** اے تفضیلیہ! شاید تو خوش ہو اور فخر کرے کہ یہ مفسرین اتقی سے تقی کی طرف اشقی لئے پھرے کہ صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت ان کے ماسوا دوسرے صحابہ پر لازم نہ آئے اور وہ اس خیال سے بری ہیں۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ انھوں نے جس طرح اتقی کی تفسیر تقی سے کی یونہی اشقی کی تاویل شقی سے کی، تو مفسرین کی اس روش کو تیرے اس بد ارادے سے کیا علاقہ ہے جس کے لئے تو قرآن عظیم کو بدلنا چاہتا ہے، ان کے لئے اس تفسیر پر ابوعبیدہ کا قول مذکور باعث ہوا۔

ہمیں سراج العلماء نے خبر دی مفتی ابن عمر سے انھوں نے روایت کی عابد سندی سے انھوں نے یوسف مزجاجی سے روایت کی انھوں نے اپنے باپ محمد بن علاء سے انھوں نے حسن العجیمی سے روایت کی انھوں نے خیر الدین رملی سے انھوں نے علامہ احمد بن امین الدین بن عبد العال سے انھوں نے اپنے باپ سے پھر اپنے دادا سے انھوں نے عز بن عبد الرحیم بن فرات سے انھوں نے ضیاء الدین محمد بن محمد صنعانی سے انھوں نے مولیٰ حافظ الدین ابو البرکات محمود نسفی سے روایت کیا کہ (علامہ نسفی نے) مدارک التنزیل میں فرمایا ابوعبیدہ نے کہا اشقی بمعنی شقی کے ہے اور وہ کافر ہے، اور اتقی تقی کے معنی میں ہے اور اس سے مراد مومن ہے اس لئے کہ آگ میں جانا سب اشقیاء سے بڑھ کر شقی کی خصوصیت نہیں ہے اور نجات

---

[1] القرآن الکریم ۵۴/۵۵ و ۷۰/۱۵ و ۱۶

[2] 〃 ۶/۸۲

پانا سب پرہیز گاروں سے افضل کے لئے مخصوص نہیں ہے، اور اگر تم کہو کہ اللہ تعالیٰ نے نار کو نکرہ فرمایا (اور نکرہ جب محلِ اثبات میں ہو تو اس سے مراد فردِ مخصوص ہوتا ہے) تو اللہ تعالیٰ کی مراد ایک مخصوص نار ہے تو تم اللہ تعالیٰ کے قول (اس سے بہت دُور رکھا جائے گا سب سے بڑا پرہیز گار) کے ساتھ کیا کرو گے اس لئے کہ ہر متقی اس نار مخصوص سے دُور رکھا جائے گا نہ کہ خاص کر سب سے بڑا متقی۔

**مقامِ تلخیص** یہ ہے کہ اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ کے قول فانذرتکم نارا تلظی لا یصلھا الا الاشقی الذی کذب وتولّٰی (تو میں ڈراتا ہوں اس آگ سے جو بھڑک رہی ہے نہ جائیگا اس میں مگر بڑا بدبخت جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا) کو اس کے ظاہری معنیٰ پر جاری رکھنا ممکن نہیں اس لئے کہ اس کا تقاضا یہ ہے کہ دوزخ میں وہی جائے جو کافروں میں سب بدنصیبوں سے بڑا بدنصیب ہو، تو لازم آئے گا کہ وُہ فجّار وکفار جو بدنصیبی اور گھمنڈ میں اس سے کم رُتبے کے بدنصیب ہوں دوزخ میں نہ جائیں، اور یہ قطعاً باطل ہے، لہٰذا واحدی و رازی و قاضی ومحلی و ابوالسعود اور دیگر مفسرین نے وُہ اختیار کیا جن میں یہ لحاظ ہے کہ اشقی سے مراد کوئی خاص نہیں جو سب سے بڑا شقی ہو بلکہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ جو شقاوت میں حد کو پہنچا ہُوا ہو اور اس مفہوم کے مصداق سارے کافر ہیں اور وہ سعادت سے بالکل محروم ہیں۔ رہا مومنِ فاجر تو اس کا ایک پہلو شقاوتِ فانیہ کی طرف ہے تو دوسرا ابدی سعادت کی طرف ہے اور وُہ سعادتِ ابدی ایمان ہے۔ اور ان لوگوں نے جب یہ دیکھا کہ اعتراض کا مادہ بالکل ختم نہ ہوا اس لئے کہ بعض بدعمل مسلمانوں کا دوزخ میں جانا ہی قطعی امر ہے۔ لہٰذا یہ لوگ صلی کی تاویل لزوم سے کرنے کی طرف راغب ہوئے۔ واحدی نے کہا کہ لزوم اس کا حقیقی معنیٰ ہے جیسا کہ امام رازی نے نقل کیا ہے کہ "لا یصلھا" کا معنیٰ حقیقت لغت میں "لا یلزمھا" ہے۔ کہتے ہیں کہ صَلِیَ الکَافِرُ النَّار جب وہ اس حال میں آگ کو لازم پکڑے درانحالیکہ اس کی شدّت وحرارت کو برداشت کرے۔ اور ہماری رائے یہ ہے کہ ملازمۃ فقط کافر کے لئے ثابت ہے۔ رہا فاسق، تو وہ یا تو اس میں داخل ہی نہ ہو گا یا داخل تو ہو گا مگر اس سے چھٹکارا پالے گا" انتہی۔

**اقول** (میں کہتا ہوں کہ) یہ تاویل کس قدر اچھی ہے اور یہ رنگ کتنا صاف تھا اگر اس کو اس بات نے مکدر نہ کیا ہوتا جو میں عنقریب کروں گا، تو انتظار کرو، اور رازی ایک دوسری تاویل کی طرف مائل ہوئے، اور وُہ یہ کہ اس کے ظاہری معنیٰ کا عموم ان آیات کے ساتھ خاص ہو جو فساق کی وعید پر دلالت کرتی ہو۔

**اقول** (میں کہتا ہوں) یہ تاویل وتخصیص کو یکجا کرنا ہے اور اس کی حاجت نہیں اس لئے کہ

اگر تخصیص کا قول کیا گیا تو جس طرح آیات فساق کی وعید پر دلالت کرتی ہیں یُونہی تمام کافروں کی وعید پر روشن اور صاف تر دلالت فرماتی ہیں ۔ الٰہی! تُو مدد فرما ۔ مگر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس میں بہت زیادہ تخصیص لازم آئے گی، اور ایک فرد پر منحصر کردینا بہت مستبعد ہے یہ لو، اور قاضی امام ابوبکر نے جیسا کہ امام فخر رازی نے مفاتیح الغیب میں نقل کیا ہے ایک اچھا مسلک اختیار کیا اس لئے کہ اُنھوں نے اشقی کو اس کے حقیقی معنی پر باقی رکھنے کی کوشش کی اور حصر کی صحت کے لئے دو۲ وجہیں ایسی ذکر کیں جن سے دانشمند چین پائے اور دھوکے میں ڈالنے والا ہر شک زائل ہو جائے۔

پہلی وجہ یہ کہ قولِ خدا تعالٰے "ناراً تلظّٰی" سے دوزخ کی آتشوں سے ایک مخصوص آتش مراد ہو اس لئے کہ آگ کے مختلف طبقے ہیں کہ اللہ تعالٰے فرماتا ہے کہ "بے شک منافق آگ کے سب سے نچلے طبقے میں ہیں۔" اب آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ مخصوص آگ میں یہی اشقی جائے گا، اور اس کا یہ معنٰی نہیں کہ اس بڑے بدنصیب کے سوا دوسرے کافر اور فاسق آگ کے باقی طبقوں میں نہ جائیں انتہی۔

**اقول** (میں کہتا ہوں) اللہ تعالٰی کے فرمان "ویتجنبھا الاشقی الذی یصلی النار الکبرٰی" (دُور رہے گا اس سے وُہ بڑا بدنصیب جو بڑی آگ میں دھنسے گا) یعنی ایک تاویل پر سب سے بڑی آگ دلیل ہوگئی، اور رازی نے اس قول کو یُوں رَد کیا کہ اللہ تعالٰے کے قول "ناراً تلظّٰی" میں احتمال ہے کہ وہ سب آتشوں کی صفت ہو، اور ممکن ہے کہ مخصوص آتش کی صفت ہو۔ لیکن اللہ تعالٰے نے جہنم کی سب آتشوں کا یہی وصف دوسری آیت میں فرمایا، اس کا ارشادِ گرامی ہے: "انھا لظی نزاعۃ للشوی" (وہ تو بھڑکتی آگ ہے کھال اتار لینے والی)۔

**اقول** (میں کہتا ہُوں) اس عبارت سے اعتراض کی دو۲ جہتیں نظر آتی ہیں:

پہلی تو یہ ہے کہ گویا معترض نے یہ گمان کیا کہ قاضی امام ابوبکر آتشِ جہنم کے لپٹ مارنے کی صفت سے مخصوص ہونے کے مدعی ہیں اس طور پر جیسے غلام ہمارے قول جاءنی زید عاقل میں صفتِ عقل سے مخصوص ہے۔ اور اس طریقے سے وُہ فرماتے ہیں کہ مراد خاص آگ ہے جو سب سے بڑی آگ ہے، تو اعتراض کا ورود اس صورت میں ظاہر ہے اس لئے کہ اوصاف ذات کے ساتھ اسی وقت خاص ہوتے ہیں جبکہ وہ اس فرد کا خاصہ ہوں کہ دُوسرے میں نہ پائے جائیں، اور لپٹ مارنا ایسا نہیں کہ ایک آگ کی خاص صفت ہو دوسری کی نہ ہو، کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ سبحٰنہ وتعالٰی مطلقاً آتشِ جہنم کا وصف بیان فرماتا ہے: انھا لظی نزاعۃ للشوی (یعنی وُہ تو بھڑکتی آگ ہے کھال اتار لینے والی)۔ لیکن حضرت قاضی امام یہ معنٰی مراد لینے والے نہیں ان کا اشارہ تو اس طرف ہے کہ نکرہ تعظیم کے لئے ہے تو اللہ تعالٰے کے فرمان ناراً کا

مطلب یہ ہے کہ وُہ بڑی آگ ہے اس جیسی کوئی آگ نہیں، گویا وہ اپنی حالت کی شہرت اور اس کی ہیبت کے عام چرچے اور اس کی ہولناکیوں کی پُورے دلوں پر پکڑ کے سبب اس مقام پر ہے کہ ذہن اسی کی طرف سبقت کرتے ہیں، تو اس کی شہرت اور اس کے عام ذکر نے اس سے بے نیاز کردیا کہ اس کا نام لے کر اسے معین کیا جائے جس طرح یہی فائدہ لفظ ملیك اللہ تعالٰی کے قول "فی مقعد صدق عند ملیك مقتدر" (یعنی سچ کی مجلس میں عظیم قدرت والے بادشاہ کے حضور) کا نکرہ ہونا دیتا ہے اور لفظ ظلم اللہ تعالٰی کے قول "الذین اٰمنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم" میں یہی فائدہ دیتا ہے یعنی ایسا ظلم کہ کوئی ظلم اس جیسا نہیں اور وہ ظلم شرک ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۵۹ تا ۵۶۸)

(۴۳) آیت کریمہ "انّ الشرك لظلم عظیم" کے شانِ نزول کے بارے میں فرمایا:

أنبأنا مولانا السید حسین جمال اللیل امام الشافعیۃ بمکۃ المحمیۃ عن خاتمۃ المحدثین محمد عابد السندی عن صالح الفلانی عن محمد بن سنۃ عن احمد العجلی عن قطب الدین النھروانی عن ابی الفتوح عن یوسف الھروی عن محمد بن شاہ بخت عن ابی النعمان الختلانی عن الفربری عن محمد بن اسمٰعیل البخاری ثنا ابن ابی عدی ثنا شعبۃ عن سلیمان عن ابراھیم عن علقمۃ عن عبداللہ "لما نزلت الذین اٰمنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم اولٰئك لھم الامن وھم مھتدون"، قال اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اینا لم یظلم فانزل اللہ انّ الشرك لظلم عظیم[1]

انبأنا شیخ العلماء مولانا السید زین دحلان المکی الشافعی عن العلامۃ عثمان بن حسن الدمیاطی الشافعی الازھری عن الامیر الکبیر العلامۃ محمد المالکی الازھری والشیخ عبداللہ الشرقاوی الشافعی و سیدی محمد الشنوانی الشافعی و اٰخرین باسانیدھم الی الامام مسلم بن الحجاج النیسابوری بسندہ الی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ قال فیہ قالوا اینا لایظلم نفسہ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لیس ھو کما تظنون انما ھو کما قال لقمان لابنہ "یابنیّ لاتشرك باللہ ان الشرك لظلم

---

[1] صحیح البخاری باب ظلم دون ظلم ۱/۱۰ ۲/۶۶۶ و باب قولہ تعالٰی لاتشرک باللہ ۲/۷۰۴ قدیمی کتب خانہ کراچی
انوار التنزیل واسرار التاویل (تفسیر البیضاوی) ۲/۸۲ دار الفکر بیروت ۲/۴۲۵، ۴۲۶

عظیم » وهکذا اخرجه الامام احمد[1] والترمذی وقد اختار الرازی بنفسه عین هذا التوجیه فی قوله تعالٰی " ارأیت الذی ینهٰی عبدًا اذا صلّٰی " قال التنکیر فی عبدًا یدل علٰی کونه صلی الله تعالٰی علیه وسلم کاملاً فی العبودیة کانه تعالٰی یقول انه صلی الله تعالٰی علیه وسلم عبد لا یفی العالم بشرح بیانه وصفة اخلاصه فی عبودیته[2] انتهی۔

والثانیة ان توصیفه بالتلظی ینافی هذا التخصیص لانه وصف مطلق النار لانار مخصوص ، **اقول** ولیس بشیئ اذ لا یمتنع توصیف فرد عظیم من جنس بوصف عام تشترك فیه الأفراد جمیعا وانما الممتنع عکسه ، اعنی توصیف جمیع الافراد بما یختص به فرد خاص ، الاتری الی قوله تعالٰی "ما محمد الا رسول[3]" مع انه صلی الله تعالٰی علیه وسلم اعظم الرسل واکرمهم بالاطلاق ، والرسالة وصف عام یشترك فیه المرسلون جمیعا ، ولیس فی الأیة مایدل علی القصر حتی ینافی العموم علی ان التلظی مقول بالتشکیك فیجوز ان یراد هنا تلظ خاص لیس کمثله تلظ کما قال الله سبحٰنه وتعالٰی "یایها الذین اٰمنوا علیکم انفسکم لا یضرکم من ضل اذا اهتدیتم[4]" اطلق الضلال واراد الضلال البعید وهو الکفر۔

اخرج الامام احمد والطبرانی وغیرهما عن ابی عامر الاشعری رضی الله تعالٰی عنه قال سألت رسول الله صلی الله تعالٰی علیه وسلم عن هذه الأیة فقال لا یضرکم من ضل من الکفار اذا اهتدیتم[5]

---

[1] صحیح مسلم کتاب الایمان باب صدق الایمان واخلاصه قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۷۷
جامع الترمذی ابواب التفسیر سورۃ الانعام امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۳۲
مسند احمد بن حنبل عن ابن مسعود المکتب الاسلامی بیروت ۱/ ۴۲۴
[2] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۹۶/ ۱۰۹ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳۲/ ۲۱
[3] القرآن الکریم ۳/ ۱۴۴
[4] القرآن الکریم ۵/ ۱۰۵
[5] مسند احمد بن حنبل حدیث ابی عامر الاشعری المکتب الاسلامی بیروت ۴/ ۱۲۹ و ۲۰۱
مجمع الزوائد بحوالہ الطبرانی کتاب التفسیر سورۃ المائدۃ دار الکتاب العربی بیروت ۷/ ۱۹

والعجب ان الرازی جنح بنفسه الٰی نحو من هذا فی قوله تعالٰی "نارٌ حامیة" قال والمعنی ان سائر النیران بالنسبة الیها کانها لیست حامیة، وهٰذا القدر کاف فی فی التنبیه علٰی قوة سخونتها نعوذ باﷲ منہا[1] الخ فما للشعیر یوکل و یذم۔

**اقول** لك ان تقول ان لظی من المجرد وتلظی من المزید وزیادة اللفظ تدل علٰی زیادة المعنی، کما قالوا فی الرحمٰن والرحیم وغیر ذٰلك مع فیه من التشدید لفظا المنبئ عن الشدة معنی کما فی قتل و قتّل و قاتل وقتّال مع أن باب الادعاء واسع و قصر الوصف علٰی اعظم من یوصف شائع، قال تعالٰی فی المهاجرین "اولٰئك هم الصادقون[2]" ویمکن أن تجعل من هذا القبیل امثال قوله تعالٰی "انه هو السمیع العلیم[3]" و قد حققنا المسئلة فی خاتمة رسالتنا سلطنة المصطفٰی صلی اﷲ تعالٰی علیه وسلم بما لا مزید علیه هٰذا وکان قلب ابی عبیدة رکن الٰی هذا الوجه الذی ذکر القاضی الامام شیئا قلیلا ثم بدا له ما بدا فانحجم کما حکینا لك کلامه ستسمع مناجوا به ان شاء اﷲ تعالٰی۔

الثانی من وجهی القاضی "ان المراد بقوله تعالٰی "نارًا تلظّٰی" النیران اجمع، ویکون المراد بقوله تعالٰی لایصلٰها الا الاشقی ای هٰذا الاشقی به احق، و ثبوت هٰذه الزیادة فی الاستحقاق غیر حاصل الا لهٰذا الاشقی[4]" انتهی۔ والٰی نحو من هذا یمیل ما جزم به الزمخشری فی الکشاف مقتصرا علیه ونقله الامام النسفی رامزا الیه من ان "الاٰیة واردة فی الموازنة بین حالتی عظیم من المشرکین وعظیم من المؤمنین فارید أن یبالغ فی صفتیهما، فقیل الأشقی وجعل مختصا بالصلی کان النار لم تخلق الا له، وقیل الاتقی وجعل مختصا بالنجاة کان الجنة لم تخلق الا له[5]" انتهی۔

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الاٰیة ۱۰۱/۱۱ دار الکتب العلمیه بیروت ۳۲/۷۱

[2] القرآن الکریم ۵۹/۸

[3] القرآن الکریم ۴۱/۳۶

[4] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الاٰیة ۹۲/۱۵، ۱۶ دار الکتب العلمیه بیروت ۳۱/۱۸۴

[5] مدارک التنزیل تحت الاٰیة ۹۲/۱۶ دار الکتاب العربی بیروت ۴/۳۶۳

19

**اقول** وھذا ھو الحصر الادعائی الذی وصفنا لك ولا شك انه دائر سائر بین البلغاء یشھد بھذا من تتبع دواوین العرب وکلامھم فی المدح والھجاء و معلوم ان الزمخشری له ید طولٰی وکعب عُلیا فی فنون الادب وصنائع الادباء فقول الرازی انه ترك الظاهر من غیر دلیل[1] انتهی غیر مستحسن وای شیئ اکبر دلالة من الاحتیاج الٰی تصحیح الکلام ولیس تاویل الأشقی بالشقی اقرب الی الظاهر من هذا الحصر مع شیوعه و کثرة وقوعه نظماً ونثراً وتصحیح الکلام قرینة کافیة فی امثال هذا المقام" الا تری انك اذا سمعت رجلا یقول "زید هو الکریم" علمت اول وهلة من دون تأمل و لا مهلة ان مراده ان لیس کریم مثله لا أن لاکریم سوره وهذا ظاهر جدا ، هذا مایتعلق بحکم الاشقی، ولا شك أن الکلام ههنا محتاج بظاهره الٰی تاویل اوتوجیه لکن اباعبیدة زادفی الشطرنج بغلة ثم تتابع فی قوم من المتاخرین ینقلون کلامه من دون تنقیح کما حکینا لك دیدنهم من کلام الامام العلامة السیوطی رحمه الله تعالٰی حمله علی ذٰلك" ان ظن" ان اٰیة الاتقی ایضا محتاجة الی التاویل حیث قال وان زعمت انه تعالٰی نکرالنار الٰی اُخر ما نقلنا عنه فلم یثبت أن اخذ الاتقی بمعنی التقی لیشمل کل مؤمن و وافقه علی ذٰلك الزمخشری وغیره لکنهم لم یوفقوه علی التاویل کما سمعت وهذا کلام لایقوم علٰی ساق اذلیس فی قوله تعالٰی "وسیجنبها الاتقی" مایدل علی الحصر و القصر و انما یصف الله سبحٰنه وتعالٰی عبداً له اتقی بانه یجنب النار ویبعد عنها الا انه لایجنب النار الا هو رحم الله الرازی حیث تفطن لهذا فذکر فی الاشقی قولا انه بمعنی الشقی و لم یذکره فی الاتقی رأسا بل صرح بخلافه حیث قال "هذا لا یدل علٰی حال غیر الاتقی الّا علٰی سبیل المفهوم و التمسك بدلیل الخطاب[2] الخ۔

**اقول** بل ولایتمشی علٰی مذهب القائلین بمفهوم الصفة ایضًا فان الکلام مسوق لمدح الاتقی کما یدل علیه سبب النزول ومقام المدح والذم مستثنٰی عندهم ایضا کما هو مذکور فی کتب الاصول فیاللعجب من القاضی البیضاوی الشافعی کیف تمسك

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیة ۹۲/ ۱۷ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳۱/ ۱۸۵

[2] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

فوائد تفسیر حاشیہ

ھٰھنا بالمفہوم مع انہ لیس مخلہ بالاتفاق و أشد العجب من القاضی الامام ابی بکر الشافعی اذ زل قلمہ فمال الی افادۃ الحصر مع انہ یخالف ائمتہ فی القول بالمفہوم رأسًا، وھکذا یرینا اللہ اٰیاتہ فی الاٰفاق و فی انفسنا کیلا یغتر مغتر بدقۃ انظارہ و لا یسخر ساخر من عاثر فی افکارہ اذ نری کل صارم ینبو و کل جواد یکبو فعلام یزھو من یزھو وسقی اللہ عھد من قالوا وما ادرٰک من قالوا سادۃ کرام قادۃ الامۃ ابراھیم النخعی ومالک بن انس وغیرھما من الائمۃ اذ قالوا ولنعم ما قالوا کل احد ماخوذ من کلامہ ومردود علیہ الا صاحب ھٰذا القبر صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم، نسأل اللہ الوقایۃ فی البدایۃ والنھایۃ، والحمد للہ رب العٰلمین۔[1]

ہمیں خبر دی مولانا سید حسین جمال اللیل نے جو مکہ میں امام شافعیہ ہیں وہ روایت کرتے ہیں خاتمۃ المحدثین محمد عابد سندی سے انھوں نے روایت کیا صالح فلانی سے انھوں نے روایت کی محمد بن سنہ سے انھوں نے احمد عجلی سے انھوں نے قطب الدین نہروانی سے انھوں نے ابو الفتوح سے انھوں نے یوسف ہروی سے انھوں نے محمد بن شاہ بخت سے انھوں نے ابو النعمان ختلانی سے انھوں نے فربری سے انھوں نے محمد بن اسمٰعیل بخاری سے، بخاری نے فرمایا ہم سے ابن ابی عدی نے حدیث بیان کی انھوں نے کہا ہم سے شعبہ نے حدیث بیان کی انھوں نے سلیمان سے انھوں نے ابراہیم سے انھوں نے علقمہ سے علقمہ نے عبد اللہ بن مسعود سے روایت کی کہ جب یہ آیت کریمہ "الذین اٰمنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم اولٰئک لھم الامن وھم مھتدون" (یعنی وہ جو ایمان لائے اور اپنے ایمان میں کسی ناحق کی آمیزش نہ کی انھیں کے لئے امان ہے اور وہی راہ پر ہیں) نازل ہوئی، رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے اصحاب بولے ہم میں کون ایسا ہے جس نے ظلم نہ کیا، اللہ تعالٰی نے آیہ کریمہ "ان الشرک لظلم عظیم" (شرک بڑا ظلم ہے) نازل فرمائی۔

ہمیں شیخ العلماء مولانا سید احمد زینی دحلان مکی شافعی نے خبر دی انھوں نے علامہ عثمان بن حسن دمیاطی شافعی ازہری سے انھوں نے امیر کبیر علامہ محمد مالکی ازہری اور شیخ عبد اللہ شرقاوی الشافعی اور سیدی محمد شنوانی شافعی اور دیگر علماء سے ان کی سندوں کے ساتھ جو امام مسلم بن حجاج نیشاپوری

---

[1] الیواقیت والجواہر المبحث التاسع والاربعون دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۴۷۸
الانصاف لولی اللہ دہلوی مکتبہ حقیقہ دار الشفقت استنبول ترکی ص ۱۳

تک پہنچتی ہیں انھوں نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ تک اپنی سند سے روایت کیا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا صحابہ کرام نے عرض کی ہم میں کس نے ظلم نہ کیا، تو رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ظلم نہیں جو تم گمان کرتے ہو یہ تو اس طرح ہے جیسے لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا، اے بیٹے! اللہ کا کسی کو شریک نہ کرنا کیونکہ شرک بہت بڑا ظلم ہے۔ اور مسلم کے حدیث کے مثل امام احمد و ترمذی نے بھی روایت کیا اور خود رازی نے یہی توجیہ اللہ تعالےٰ کے قول "ارأیت الذی ینھی عبداً اذا صلّی" (بھلا دیکھو تو جو منع کرتا ہے بندے کو جب وہ نماز پڑھے) میں اختیار کی انھوں نے فرمایا کہ عبداً کا نکرہ ہونا اس پر دلالت کرتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم عبودیت میں کامل ہیں گویا اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ تمام جہان حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حقیقت کے بیان اور عبودیت میں ان کے اخلاص کی توصیف کا حق ادا نہیں کر سکتا۔

دوسری یہ کہ آگ کو تلظّی (بھڑکنے) سے موصوف فرمانا اس تخصیص کے منافی ہے اس لئے کہ بھڑکنا مطلقاً ہر آگ کی صفت ہے نہ کہ کسی خاص آگ کی۔ میں کہتا ہوں کہ یہ اعتراض کوئی چیز نہیں اس لئے کہ کسی جنس کے عظیم فرد کو ایسے عام وصف سے موصوف کرنا جس میں سارے افراد شریک ہوں ممتنع نہیں، ممتنع تو اس کا عکس ہے یعنی تمام افراد کو ایسی صفت سے موصوف کیا جائے جو کسی خاص فرد کی صفت ہو، کیا تم نہیں دیکھتے اللہ تعالیٰ کے اس قول کی طرف" اور محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم تو ایک رسول ہیں" حالانکہ حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سب رسولوں سے مطلقاً افضل و اعلیٰ ہیں اور رسالت ایک وصف عام ہے جس میں سب رسول شریک ہیں، اور آیت میں کوئی لفظ ایسا نہیں جو حصر پر دلالت کرتا ہو کہ عموم کے منافی ہو، مزید برآں تلظّی (بھڑکنا) کلی مشکک ہے لہذا جائز ہے کہ اس جگہ خاص تلظّی (بھڑکنا) مراد ہو جس کے مثل کوئی تلظی نہ ہو، جیسے اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ نے فرمایا: "اے ایمان والو! تم اپنی فکر رکھو تمہارا کچھ نہ بگاڑے گا وہ جو گمراہ ہوا جب کہ تم راہ پر ہو" مطلق ضلال بولا اور ضلال بعید مراد لیا اور وہ کفر ہے۔

امام احمد و طبرانی وغیرہما نے ابو عامر اشعری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی انھوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا اس آیت کے بارے میں، تو حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کچھ نہ بگاڑے گا وہ جو گمراہ ہوا (یعنی کافر لوگ) جبکہ تم راہ پر ہو۔

اور تعجب تو یہ ہے کہ فخر رازی خود اس کے قریب توجیہ کی طرف مائل ہوئے اللہ تعالےٰ کے قول نارٌ حامیۃ کی تفسیر میں انھوں نے فرمایا کہ مطلب یہ ہے کہ ہر آگ جہنم کی آگ کے مقابل گویا گرم ہی نہیں اور اتنی بات آتشِ جہنم کی سخت گرمی پر متنبہ فرمانے کو کافی ہے ہم اللہ کی اس سے پناہ مانگتے ہیں تو کیا بات ہے جو کھایا جائے اور بُرا بھی کہا جائے۔

میں کہتا ہوں اور تمھیں پہنچتا ہے کہ تم کہو کہ لظی مجرد کے قبیل سے ہے اور تلظی مزید کے قبیل سے ہے اور لفظ کی زیادتی معنی کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے، جیسا کہ رحمان و رحیم وغیرہ میں علماء نے فرمایا اس کے ساتھ تلظی میں لفظی شدت ہے جو معنوی شدت کی خبر دیتی ہے جیسے لفظ قتل اور قتّل اور قاتل و قتّال ہیں، اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ ادعاء کا باب واسع ہے اور صفت کو سب موصوفین سے بڑے موصوف پر مقصود رکھنا عرف شائع ہے۔ اللہ تعالیٰ کا مہاجرین کے بارے میں ارشاد ہے اولٰئك هم الصادقون (یہی لوگ سچے ہیں) اور ممکن کہ تم اللہ تعالیٰ کے قول (بیشک وہی سنتا جانتا ہے) کو اس قبیل سے قرار دو، اور ہم نے اس مسئلہ کی تحقیق اپنے رسالہ سلطنۃ المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتمہ میں ایسے کلام سے جس پر زیادتی نہیں ہوسکتی کی ہے اور اس توجیہ کی طرف جو قاضی امام نے بیان فرمائی ابوعبیدہ کا دل کچھ مائل ہوا تھا پھر اس کو سوجھی جو سوجھی تو وہ اس سے منحرف ہوگیا جیسا کہ ہم تم سے اس کا کلام ذکر کرچکے اور عنقریب تم ہم سے اس کا جواب سنو گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

قاضی کی ارشاد فرمودہ دو وجہوں میں سے دوسری یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قول ناراً تلظّی سے مراد تمام آتشیں ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے قول لا یصلٰها الا الاشقی (اس میں نہ جائے گا مگر وہ سب سے بڑا بدبخت) سے مراد یہ ہے کہ یہ سب سے بڑا بدبخت ان تمام آزمائشوں کے سب سے زیادہ سزاوار ہے اور استحقاق کی زیادتی اسی سب سے بڑے بدبخت کو حاصل ہے انتہی۔ اور اس سے قریب توجیہ کی طرف وہ توجیہ مائل ہے جس پر زمخشری نے جزم کیا کشاف میں اس پر اکتفاء کرتے ہوئے، اور زمخشری کی وہ توجیہ امام نسفی نے اس کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے نقل فرمائی وہ توجیہ یہ ہے کہ یہ آیت مشرکین کے ایک عظیم اور مومنین کے ایک عظیم کے دو متناقض صفتوں میں مبالغہ فرمایا جائے تو اشقی فرمایا گیا اور اسے آتش جہنم میں جانے کے لئے مخصوص ٹھہرایا گیا گویا جہنم کی آگ اسی کے لئے پیدا ہوئی ہے، اور اتقی فرمایا گیا اور نجات کے لئے مخصوص فرمایا گیا گویا جنت اسی کے لئے بنی ہے انتہی۔

میں کہتا ہوں یہی وہ حصر ادعائی ہے جس کا بیان ہم نے تم سے کیا اور کوئی شک نہیں کہ یہ بلغاء میں دائر وسائر ہے اس کی گواہی عرب کے دیوانوں کو اور مدح و ہجو میں ان کے کلام کو خوب مطالعہ کرنے والا دے گا، اور یہ معلوم ہے کہ زمخشری کو فنونِ ادب اور ادیبوں کی صنعتوں میں بڑی دسترس ہے اور اونچا درجہ حاصل ہے تو فخر رازی کا زمخشری پر یہ اعتراض کہ اس کی یہ توجیہ ظاہر کو بے دلیل چھوڑنا ہے انتہی خوب نہیں، اور کلام کی تصحیح کی حاجت سے بڑی کون سی دلیل ہے اور اشقی کی تاویل شقی سے اس حصر کی بہ نسبت ظاہر سے نزدیک تر نہیں باوجود اس کے کہ یہ حصر عرف میں شائع ہے اور نظم و نثر میں بکثرت واقع ہے

اور تصحیح کلام کی حاجت اس جیسے مقامات میں قرینہ کافیہ ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ تم کسی کو یہ کہتے سُنو کہ زید ہی کریم ہے تو پہلی فرصت میں تم جان جاؤ گے کہ زید جیسا کوئی کریم نہیں، نہ یہ کہ زید کے سوا کوئی کریم نہیں، اور یہ خوب ظاہر ہے، یہ تو حکم اشقی سے متعلق تھا اور کوئی شک نہیں کہ اس مقام پر کلام اپنے ظاہر سے تاویل یا توجیہ کا محتاج ہے لیکن ابو عبیدہ نے شطرنج کے مُہروں میں بغلہ (خچر) بڑھا دیا پھر متاخرین میں سے کچھ لوگ پے درپے اس کا کلام بغیر تنقیح کے نقل کرتے رہے، جیسا کہ ہم نے تم سے امام علامہ سیوطی کے کلام سے ان کی عادت کی حکایت کی، اس کے لئے اس کا سبب یہ ہوا کہ اس نے یہ گمان کیا کہ وہ آیت تھی جس میں اتقی وارد ہوا تاویل کی حاجتمند ہے اس لئے کہ اس نے کہا کہ اگر تم کہو کہ اللہ تعالیٰ نے نار کو نکرہ فرمایا آخر تک جو ہم نے ان سے نقل کیا تو کچھ دیر نہ ٹھہرا کہ اتقی کو بمعنی تقی کے لیا تاکہ آیت ہر مومن کو شامل ہو جائے اور اسی بات میں زمخشری وغیرہ نے اس سے اتفاق کیا مگر اس کی تاویل میں ان لوگوں نے اس کی موافقت نہ کی جیسا کہ تو نے سُنا، اور یہ کلام پایۂ ثبات پر قائم نہیں اس لئے اللہ تعالیٰ کے قول وسیجنبھا الاتقی میں کوئی لفظ نہیں جو حصر پر دلالت کرتا ہو، اللہ تعالےٰ تو اپنے ایک بندے کا وصف بیان فرماتا ہے جو سب سے بڑا پرہیزگار ہو، یوں کہ وہ جہنم کی آتش سے بہت دُور رکھا جائے گا' یہ مطلب نہیں کہ جہنم کی آگ سے وہی بچایا جائے گا۔ اور اللہ تعالےٰ علامہ رازی پر اپنی رحمت فرمائے کہ اُنھوں نے اس امر کو سمجھ لیا لہٰذا اشقی میں ایک قول ذکر کیا کہ وہ بمعنی شقی کے ہے' اور اتقی میں اسے بالکل ذکر نہ کیا بلکہ اس کے خلاف تصریح کی اُنھوں نے فرمایا یہ آیت کریمہ جس میں اتقی کے لئے بشارت ہے غیر اتقی کے حال پر دلالت نہیں کرتی مگر اپنے مفہوم کے اعتبار سے اور دلیل خطاب سے تمسک کے طور پر الخ۔

میں کہتا ہوں بلکہ یہ بات اُن کے مذہب پر بھی نہیں چلتی جو مفہوم صفت کے قائل ہیں اس لئے کہ کلام مدحتِ اتقی کے لئے لایا گیا ہے جیسا کہ اس پر سببِ نزول دلالت کرتا ہے اور ان لوگوں کے نزدیک مقامِ مدح و ذم بھی مستثنیٰ ہے جیسا کہ کتبِ اصولِ فقہ میں مذکور ہے تو قاضی بیضاوی شافعی پر تعجب ہے اُنھوں نے کیونکر مفہوم سے استدلال کیا حالانکہ بالاتفاق یہ اس کا محل نہیں، اور سخت تعجب تو قاضی امام ابوبکر شافعی پر ہے کہ ان کے قلم نے لغزش کی تو وہ اس طرف مائل ہوئے کہ آیت حصر کا فائدہ دیتی ہے حالانکہ وہ قول بالمفہوم میں اپنے ائمہ کے بالکل مخالف ہیں، اور یُونہی اللہ ہمیں اپنی نشانیاں آفاق میں اور ہمارے نفوس میں دکھاتا ہے تاکہ کوئی اپنی باریک بینی پہ مغرور نہ ہو اور کوئی ہنسنے والا اپنے افکار میں لغزش کرنے والے سے نہ ہنسے اس لئے کہ ہم دیکھتے ہیں ہر تلوار اُچٹتی ہے اور ہر گھوڑا گرتا ہے تو گھمنڈ کرنے والا کاہے کو گھمنڈ کرے۔ اور اللہ تعالےٰ ان کے زمانے کو سیراب کرے

جنھوں نے فرمایا اور تمھیں کیا خبر وہ کون لوگ ہیں جنھوں نے فرمایا سرداران بزرگ اُمّت کے مقتدا ابراہیم نخعی و مالک بن انس وغیرہ ائمہ کہ انھوں نے فرمایا اور کیا خوب فرمایا کہ ہر شخص کی کوئی بات مقبول ہوتی ہے اور کوئی نامقبول، مگر اس قبر شریف کے ساکن یعنی حضور صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کہ ان کی ہر بات قبول ہے۔ ہم اللہ تعالٰے سے حفاظت مانگتے ہیں ابتداء و انتہاء میں، والحمد للہ رب العالمین۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۶۸ تا ۵۷۷)

(۴۴) اتقٰی کی تفسیر تقی سے کرنے پر ابوعبیدہ کا رَدِ بلیغ کرتے ہوئے فرمایا:

والاٰن اٰن اٰن نستکمل الرد علٰی ابی عبیدۃ فیما فرعنہ وفیما اطمأن علیہ فاقول و باللہ التوفیق زعم الرجل اوّلاً ان تاویل الاشقی بالشقی ینجیہ عما فیہ اذ اٰل الکلام الیٰ ان لا یصلی النار الا کافر وھذا حق لاغبار علیہ۔

قلنا نظرت الموصوف وترکت الصفۃ یقول اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ "لا یصلٰھا الا الاشقی الذی کذب وتولّٰی"[1] ومعلوم ان من الکفار من لم یکذب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدۃ عمرہ لا بجنانہ ولا بلسانہ وانما کفرہ ان سبق الکتاب وخذل التوفیق والعیاذ بوجہ المولی الکریم۔

اقول وھذا ابوطالب عم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أفنی عمرہ فی حفظہ وحمایتہ وبلغ الغایۃ القصوٰی من محبتہ وولایتہ قد کان حبہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم أخذ بمجامع قلبہ، حتی کان یفضلہ علی الاطفال الصغار من بنی صلبہ، ولما بعث اللہ تعالیٰ نبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فدعا المشرکین الی التوحید وھجم علیہ الاعداء من کل شاء وبعید، قام یناضل عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاعظم برہ ولازم نصرہ وقاسی ما قاسی من شدائد لا تحصی فی مہاجرۃ المشرکین من عشیرتہ الاقربین، وھو الذی لما تمالأت قریش علی المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ونفروا عنہ من یرید الاسلام انشاء قصیدۃ تدل علی عظم حبہ المصطفیٰ وشدۃ بغضہ اعدائہ اللیام کما روی ابن اسحٰق وغیرہ من الثقات ومنھا ھذہ الابیات ؎

---

[1] القرآن الکریم ۹۲/ ۱۵، ۱۶

اعبد مناف انکو خیر قومکم ۔۔۔ فلا تشرکوا فی امرکم کل واغل
فقد خفت ان لو یصلح اللہ امرکم ۔۔۔ تکونوا کما کانت احادیث وائل
اعوذ برب الناس من کل طاعن ۔۔۔ علینا بسوء او ملح بباطل
ومن کاشح یسعی لنا بغیبۃ ۔۔۔ ومن ملحق فی الدین مالم یحاول
وثور ومن ارسی ثبیرا مکانہ ۔۔۔ وراق لبرٍ فی حراء ونازل
وبالبیت حق البیت فی بطن مکۃ ۔۔۔ وباللہ ان اللہ لیس بغافل
کذبتم وبیت اللہ نبزی محمدًا ۔۔۔ ولما نطاعن دونہ ونناضل
ونسلمہ حتی نصرع حولہ ۔۔۔ ونذہل عن ابناءنا والحلائل
لعمری لقد کلفت وجدا باحمد ۔۔۔ واجبتہ داب المحب المواصل
فمن مثلہ فی الناس ای مؤمل ۔۔۔ اذا قاسہ الحکام عند التفاضل
حلیم رشید عاقل غیر طائش ۔۔۔ یوالی الاہا لیس عنہ بغافل
فواللہ لولا ان اجئ بسبۃ ۔۔۔ تجرّ علی اشیاخنا فی المحافل
لکنا اتبعناہ علی کل حالۃ ۔۔۔ من الدہر جدا غیر قول التہازل
فاصبح فینا احمد فی ارومۃ ۔۔۔ تقصر عنہا سورۃ المتطاول
حدبت بنفسی دونہ وحمیتہ ۔۔۔ ودافعت عنہ بالذرا والکلاکل[1]

ولقد کان یتبرک بالنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ویتوسل بہ الی اللہ تعالیٰ فی الدعاء کما یدل علیہ ما روی العلماء من سنۃ قریش وحدیث الاستسقاء[2]، وقد حث الناس علی اتباعہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واخبر عن امور لم تقع فصدق سبحٰنہ وتعالیٰ ظنہ ووقع کمثل اخبارہ فوقع ولقد کان لہ موقع عظیم فی قلب النبی الکریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم حتی انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لما جاءہ اعرابی فقال یا رسول اللہ اتیناک وما لنا صبی یصیح ولا بعیر یبط وانشد ابیاتا فقام

---

[1] السیرۃ النبویۃ لسید احمد زینی دحلان علی ہامش السیرۃ الحلبیۃ باب وفاۃ عبدالمطلب المکتبۃ الاسلامیہ بیروت ۱/ ۸۳
السیرۃ النبویۃ لابن ہشام شعر ابی طالب فی استعطاف قریش دار ابن کثیر بیروت الجزء الاول والثانی ص ۲۷۲ تا ۲۸۰
[2] صحیح البخاری ابواب الاستسقاء باب سوال الناس الامام الاستسقاء قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۳۷

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یجر رداءہ حتی صعد المنبر ورفع یدیہ الی السماء فو اللہ ما رد یدیہ بکر یمین حتی التقت السماء بأبراقہا وجاءوا یضجون خوف الغرق، فضحک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتی بدت نواجذہ وتذکر قول ابی طالب فی مدحہ حیث یقول ؎

وابیض یستسقی الغمام بوجہہ ثمال الیتٰمی عصمۃ للارامل[1]

فقال للہ در ابی طالب لوکان حیا لقرت عیناہ من ینشدنا قولہ، فقال علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ یارسول اللہ کانک ترید قولہ وابیض یستسقی، وذکر ابیاتاً فقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اجل کما اخرجہ البیہقی فی دلائل النبوۃ[2] عن سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فانظر الی قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "للہ درّ ابی طالب" وقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم "لوکان حیّا لقرت عیناہ" وقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "من ینشدنا قولہ" ولم ینقل عنہ مرۃ انہ رد علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقولا کذبہ فیہ بل ھو القائل فی تلک القصیدۃ مخاطبا لقریش ؎

لقد علموا ان ابننا لا مکذب لدینا ولا یعنی بقول الا باطل[3]

ولذا کان اھون اھل النار عذاباً کما فی الصحاح ونفعتہ شفاعۃ الشفیع المرتجی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتی اخرج الی ضحضاح[4] علی خلاف من سائر الکافرین الذین لا تنفعھم شفاعۃ الشافعین، ویالیتہ لو اسلم لکان من افضل اصحاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ولکن قضاء اللہ لا یرد وحکمہ لا یعقب وللہ الحجّۃ السامیۃ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العزیز الحکیم وقد فصّلنا المسئلۃ فی بعض فتاوٰنا واظھرنا بطلان قول من قال باسلامہ واذا کان ذٰلک کذلک ظھر ان الحصر فی الشق المکذّب ایضاً غیر مستقیم الی ھذا اشار القاضی الامام حیث قال "لا یمکن اجراء ھٰذہ الاٰیۃ علی ظاھرھا، و یدل علی

---

[1] صحیح البخاری ابواب الاستسقاء باب سوال الناس الامام الاستسقاء اذا قحطوا قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۳۷
[2] دلائل النبوۃ للبیہقی باب استسقاء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دار الکتب العلمیہ بیروت ۶/ ۱۴۱
[3] السیرۃ النبویۃ لسید احمد زینی دحلان علی ہامش السیرۃ الحلبیۃ باب وفاۃ عبدالمطلب المکتبۃ الاسلامیہ بیروت ۱/ ۸۲ ، ۱/ ۸۳
[4] صحیح البخاری کتاب المناقب باب قصۃ ابی طالب قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۵۴۸

ذٰلك ثلٰثة اوجه :

احدها أنه يقتضى ان لايدخل النار" الا الاشقى الذی کذب وتولى " فوجب فی الکافر الذی لم يكذب ولم يتول ان لا يدخل النار[1] الخ۔

قلت وبما قررنا المقال بان لك انخساف ماقال الرازی متعقبا للامام القاضی ان كل كافر لابد وان يكون مكذباً للنبی فی دعواه ويكون متولياً عن النظر فی دلالة صدق ذٰلك النبی[2] الخ وظهر ایضاً أن هٰذا التاويل الذی ارتضاه كثير من المتاخرين و لا يسد خلة ولا يشفی غلة وعليك بتلطيف القريحة ۔

وزعم ثانياً ان اٰية الأتقى ايضا تفتقر الى التاويل لقرينتها فارتكب ماكان فی مندوحة عنه كما حققنا۔

وزعم ثالثاً ان تاويله الاتقى بالتقى مما يفيده ويغنی زعما منه ان غير التقی المذكور فی الاٰية لا يجنب النار ۔

اقول ولا يرد عليه ماسينطق أن اين رحمة الله تعالٰى على العصاة وقد اٰذنت نصوص قواطع ان كثيرا من الفجار والمثقلين بالاوزار والهالكين على الاصرار لا يسمعون حسيس النار بمحض رحمة العزيز الغفار وفيض شفاعة الشفيع المختار صلى الله تعالٰى عليه وسلم ، اذ التقوى درجات وفنون اولها اتقاء الكفر وهٰذا يستوی فيه المؤمنون وقد افصح ابوعبيدة عن مراده اذ قال" الاتقى بمعنى التقی وهو المؤمن[3] انتهی۔

اقول وبه اندفع مايتراٰی من النقض بالصبيان والمجانين فان المراد بالتقی المؤمن والصبی ان عقل فاسلامه معقول مقبول والمجنون ان طرء فيستصحب الايمان السالف والا فينسحب عليهما حكم الفطرة الاسلامية۔

اور اب وقت آگیا ہے کہ ہم ابوعبیدہ کا رُد اس میں جس سے اس نے فرار اختیار کیا اور جس پر وُہ

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۹۲/۱۵، ۱۶ دارالکتب العلمیہ بیروت ۳۱/۱۸۴

[2] " " " " " " " "

[3] مدارک التنزیل (التفسیر النسفی) بحوالہ ابی عبیدہ " ۹۲/۱۷ دارالکتاب العربی بیروت ۴/۳۶۳

مطمئن ہُوا تمام کریں، تو میں کہتا ہوں اور اللہ ہی سے توفیق ہے اس شخص نے پہلے یہ خیال کیا کہ اشقی کی تاویل شقی سے اسے اس آفت سے نجات دے دے گی جس میں وہ مبتلا ہے اس لئے کہ کلام کا مآل یہ ہوا کہ دوزخ کی آگ میں کافر ہی جائے گا۔ اور یہ بات حق ہے جس پر کوئی غبار نہیں۔

ہم کہیں گے کہ تم نے موصوف کو دیکھا اور صفت کو چھوڑ دیا اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ فرماتا ہے لا یصلٰھا الا الاشقی الذی کذب وتولّی (اس میں نہ جائے گا مگر وہ سب سے بڑا بدبخت جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا) اور یہ معلوم ہے کہ کافروں میں وہ بھی ہیں جنھوں نے اپنی تمام عمر نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو نہ جھٹلایا نہ اپنے دل سے نہ اپنی زبان سے، اس کا کفر تو یوں ہوا کہ اللہ کا لکھا غالب آیا اور توفیقِ الٰہی نے اس کا ساتھ نہ دیا اور مولائے کریم کی ذات کی پناہ ہے۔

میں کہتا ہوں یہ ہیں ابوطالب رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے چچا جنھوں نے اپنی عمر حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی حفاظت وحمایت میں فنا کر دی اور وہ حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی محبت اور نصرت کی انتہائی حد کو پہنچے، سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت نے ان کے پورے دل کو ایسا پکڑ لیا تھا کہ اپنے صلبی کم سن بچوں پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فضیلت دیتے تھے اور جب اللہ تعالےٰ نے اپنے نبی علیہ السلام کو مبعوث فرمایا تو سرکار نے مشرکین کو وحدانیت کی طرف بلایا اور دین کے دشمن ہر سمت دُور دراز سے حملہ آور ہُوئے ابوطالب ان کی حمایت کو کافروں سے لڑنے کو کھڑے ہو گئے تو سرکار کے ساتھ بڑی نیکی کی اور ہمیشہ ان کی مدد کی اور اپنے قریبی رشتہ مشرکوں کی طرف سے کیسی بے شمار سختیاں جھیلیں۔ یہ وہی ابوطالب تھے کہ جب سارے قریش مصطفےٰ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے مخالف ہوئے اور اسلام کے خواہشمندوں کو سرکار علیہ السلام سے دُور کیا تو انھوں نے ایک قصیدہ کہا جو مصطفےٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بڑی محبت اور ان کے کمین دشمنان سے شدید عداوت کی دلیل ہے، جیسا کہ ابن اسحٰق نے معتمد راویوں سے روایت کیا ہے، اسی قصیدہ کے یہ شعر ہیں: (ترجمہ):

اے عبد مناف کے بیٹو! تم اپنی قوم میں سب سے بہتر ہو، تو تم اپنے معاملے میں ہر خسیس کو شریک نہ کرو۔ بیشک مجھے اندیشہ ہے کہ اگر اللہ نے تمھارا حال ٹھیک نہ کیا تو تم وائل کے افسانوں کی طرح افسانہ ہو جاؤ گے۔ میں لوگوں کے رب کی پناہ چاہتا ہوں ہر برائی کا طعنہ دینے والے اور باطل پر اصرار کرنے والے سے اور کینہ پرور سے جو ہم پر گھمنڈ کی کوشش کرے اور اس سے جو دین میں ایسی بات شامل کرے جو دین میں کبھی نہ پائی گئی ہو۔ اور کوہِ ثور سے اور اس سے جس نے کوہِ ثبیر کو اپنی جگہ جمایا اور کوہِ حرا میں عبادت کے لئے چڑھنے اور اُترنے والے سے۔

اور اللہ تعالیٰ کے سچے گھر کی قسم (جو مکہ شہر میں ہے) اور اللہ کی قسم بیشک اللہ تعالیٰ بیخبر نہیں ۔ اللہ کے گھر کی قسم! اے کافرو! تم جھوٹے ہو اس گمان میں کہ ہم محمد (صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) کو چھوڑ دیں گے ۔ حالانکہ ابھی ہم نے حضور علیہ السلام کے گرد نیزوں اور تیروں سے جنگ نہ کی اور کیا ہم محمد مصطفےٰ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو تمھارے سپرد کر دیں گے جب تک کہ اپنے بیٹوں اور بیٹیوں سے غافل نہ ہو جائیں ۔ مجھے اپنی جان کی قسم! مجھے محمد صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شدید محبت ہے اور میں انھیں ایسا چاہتا ہوں جس طرح پیہم چاہنے والے کی عادت ہوتی ہے ۔ جب فیصلہ کرنے والے مقابلے کے وقت کسی کو ان پر قیاس کریں تو ان جیسا لوگوں میں کون ہے جس کے لئے یہ امید ہو کہ وہ ان کا ہم پلّہ ہوگا ۔ حلم والے، رشد والے، طیش والے نہیں وہ بیوقوف و بے قدر سے محبت رکھتے ہیں جو ان سے غافل نہیں۔ تو خدا کی قسم! اگر اس کا اندیشہ نہ ہوتا کہ میں ایسا کام کروں جو ہمارے بزرگوں پر محافل میں ملامت کا سبب بنے ۔ تو ہم نے زمانہ کی ہر حالت میں ان کی پیروی کی ہوتی تو یہ بات سنجیدگی سے بے مذاق کے کہتا ہوں ۔ تو احمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہمارے اندر ایسے عالی نسب ہیں جس کو فخر کرنے والے کی محبت پانے سے عاجز ہے ۔ میں نے اپنی جان کو ان کے سپرد کر دیا اور ان کی حمایت کی اور سرداروں اور گروہوں کے ذریعہ (یا سروں اور سینوں کے ذریعہ) دشمنوں سے حضور کا بچاؤ کیا ۔

اور نبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے برکت طلب کرتے اور دعا میں آنجناب علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وسیلہ بناتے چنانچہ اس پر قریش کی قحط سالی اور سرکار علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے وسیلہ سے بارش طلب کرنے کا واقعہ جسے علمائے نے روایت فرمایا ہے دلالت کرتا ہے اور بیشک ابو طالب نے لوگوں کو سرکار علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی اتباع پر اُبھارا اور اُن باتوں کی خبر دی جو واقع نہ ہوئی تھیں تو ایسا ہی ہوا جیسا اُنھوں نے خبر دی اور نبی کریم علیہ الصّلوٰۃ والسلام کے دل میں ان کے لئے مقام عظیم تھا یہاں تک کہ جب سرکار علیہ الصّلوٰۃ والسلام کی خدمت میں ایک اعرابی نے آکر عرض کی کہ ہم سرکار کے پاس آئے ہیں اور حال یہ ہے کہ ضُعف سے ہمارے بچّوں کی آواز نہیں نکلتی اور ہمارے اُونٹ لاغری سے کراہتے نہیں اور اس اعرابی نے سرکار کی مدح میں کچھ اشعار پڑھے تو سرکار علیہ الصّلوٰۃ والسلام چادر اقدس کو گھسیٹتے ہوئے اُٹھے اور منبر پر صعود فرمایا اور آسمان کی جانب اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے تو خدا کی قسم ابھی سرکار علیہ الصّلوٰۃ والسلام نے اپنے ہاتھ نیچے نہ کئے تھے کہ آسمان بجلیوں سے بھر گیا اور اس قدر بارش ہوئی کہ لوگ

پکارتے ہوئے آئے کہ ہم ڈوبے۔ تو سرکار علیہ الصّلوٰۃ والسلام نے تبسّم فرمایا یہاں تک کہ دندانِ اقدس چمکے اور آپ کو اپنی تعریف میں ابو طالب کا قول یاد آیا جب اُنھوں نے عرض کیا تھا کہ:

سرکار گورے ہیں جن کے چہرے سے بارش طلب کی جاتی ہے جو یتیموں کی ٹیک اور بیواؤں کا سہارا ہیں۔

پھر سرکار علیہ الصّلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اللہ کے لئے ابُوطالب کی خوبی ہے اگر وہ زندہ ہوتے تو ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جاتیں، کون ہمیں ان کے شعر سنائے گا؟ تو حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے عرض کیا گویا سرکار کی مراد ان کا وہ قصیدہ ہے جس میں انھوں نے عرض کی "وہ گورے رنگ والے جن کے چہرے کے ذریعہ بارش طلب کی جاتی ہے"۔ اور سیّدنا علی کرم اللہ وجہہ نے چند شعر پڑھے تو سرکار علیہ الصّلوٰۃ والسلام نے فرمایا: ہاں میں یہی چاہتا تھا۔ جیسا کہ بیہقی نے دلائل النبوۃ میں سیّدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا تو سرکار ابد قرار علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے قول "دَرُّ ابی طالب" (اللہ کے لئے ابوطالب کی خوبی ہے) کو دیکھو اور حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے اس فرمان کو دیکھو:

"اگر ابو طالب زندہ ہوتے تو ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جاتیں"۔ اور حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم کے اس ارشاد پر نظر کرو کہ "ہمیں کون ابو طالب کے شعر سنائے گا"۔ اور ایک بار بھی منقول نہ ہوا کہ ابوطالب نے سرکار کی کسی بات کو رَد کیا ہو یا سرکار کو جھٹلایا ہو، بلکہ خود اسی قصیدہ میں قریش سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں کہ:

"خدا کی قسم! لوگ جانتے ہیں کہ ہمارا فرزند ہمارے نزدیک ایسا نہیں کہ جھٹلایا جائے اور نہ اُسے جھوٹی باتوں سے کام ہے۔"

اور اسی وجہ سے ابو طالب پر تمام دوزخیوں سے ہلکا عذاب ہے جیسا کہ صحیح حدیثوں میں وارد ہوا، اور شفیع مرتجی (امید گاہِ عاصیاں) صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شفاعت نے انھیں نفع دیا تو ان پر تخفیف کے لئے انھیں جہنّم کے بالائی سرے پر رکھ دیا گیا اور یہ معاملہ ان کے ساتھ سارے کافروں کے برخلاف ہے جنھیں شفیعوں کی شفاعت کام نہ دے گی اور کاش! وہ ایمان لاتے تو نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے افضل صحابہ سے ہوتے۔ لیکن اللہ کا لکھا ہُوا نہیں ٹلتا اور اس کا حکم نہیں بدلتا اور اللہ ہی کے لئے حجت بلند ہے اور معصیت سے پھرنے کی قوت اور طاعت کی طاقت اللہ عزیز حکیم کے دیئے بغیر نہیں، اور ہم نے اس مسئلہ کو اپنے بعض فتاویٰ میں تفصیل سے بیان کیا اور ابو طالب کے اسلام کے قائل کی رائے کا بطلان ظاہر کیا ہے اور جب یہ بات یُوں ہے تو ظاہر ہُوا کہ حصر شقی مکذِّب (جھٹلانے والے) میں بھی درست نہیں، اسی طرف قاضی امام ابوبکر نے

اشارہ کیا چنانچہ اُنھوں نے فرمایا کہ اس آیت کو اس کے ظاہری معنٰی پر جاری کرنا ممکن نہیں اور اس پر تین وجوہ دلالت کرتی ہیں ؛

ان میں سے **ایک** یہ ہے کہ یہ حصر اس کا مقتضی ہے کہ جہنم میں وہی کافر جائے گا جو سب سے بڑا بدبخت ہو جس نے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تکذیب کی ہو اور ان کی سچائی کے دلائل میں نظر سے اعراض کرتا ہو، تو لازم آیا کہ وُہ کافر جس سے تکذیب و اعراض سرزد نہ ہوا ( جیسے ابوطالب ) جہنم میں نہ جائے۔

میں کہتا ہُوں جس طور پر ہم نے اپنے مقالہ کی تقریر کی اس سے امام رازی کے اس قول کا ضعف ظاہر ہو گیا جو انھوں نے امام قاضی پر بطور اعتراض کیا ہے کہ ہر کافر نبی کو اس کے دعوے میں جھٹلانا ضروری ہے اور اس نبی کے دلائل صدق میں نظر سے رُوگردانی اسے لازم ہے الخ۔ اور یہ بھی ظاہر ہُوا کہ یہ تاویل جسے بہت سے متاخرین نے پسند کیا کوئی حاجت پُوری نہیں کرتی نہ تشنگی کو بجھاتی ہے اور تم لطافتِ طبع کو لازم پکڑو۔

اور **ثانیاً** اُسے گمان کیا کہ وہ آیت جو اتقٰی کے بارے میں ہے وہ بھی اپنے ساتھ والی آیت کی طرح محتاج تاویل ہے، تو اس کا ارتکاب کیا جس سے وُہ بے نیاز تھے جیسا کہ ہم نے تحقیق کی۔

اور **ثالثاً** گمان کیا کہ اس کا اتقٰی کو تقی کی طرف مؤول کرنا اسے فائدہ دے گا اور غنا بخشے گا اس گمان کی بناء پر کہ اس کے نزدیک آیت میں مذکور تقی کے سوا کوئی آتشِ دوزخ سے نہ بچایا جائے گا۔

میں کہتا ہُوں اور اس پر وُہ سوال وارد نہیں ہوتا جسے عنقریب وُہ بولے گا کہ پھر اللہ تعالٰی کی رحمت گنہگاروں پر کہاں گئی حالانکہ قطعی دلیلیں بتا چکیں کہ بہت سے بدعمل اور گناہوں سے بوجھل اور مرتے دم تک گناہوں کے عادی محض رحمتِ عزیز غفار اور شفیعِ مختار صلّے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی شفاعت کے سبب آتشِ دوزخ کی بھنک نہ سُنیں گے اس لئے کہ تقوٰی کے درجات واقسام میں ان کا پہلا درجہ کُفر سے بچنا ہے جس میں مومن برابر ہیں، اور ابوعبیدہ نے اپنی مراد ظاہر کر دی کہ اس نے کہا اتقٰی بمعنی تقی کے ہے اور تقی مومن ہے اھ۔

میں کہتا ہُوں اس تقریر سے وہ اعتراض دفع ہو گیا جو بچّوں اور پاگلوں سے نقض کے ذریعہ اٹھتا معلوم ہوتا تھا اس لئے کہ تقی سے مراد مومن ہے اور بچہ اگر سمجھ والا ہے تو اس کا اسلام معقول اور مقبول ہے، اور مجنون پر جنون اگر طاری ہے تو شرعاً اس کا ایمان سابق اس کے ساتھ مانا جائے گا ورنہ ان دونوں پر حکم فطرت اسلامیہ جاری ( یعنی انھیں بہ حکم مسلمان جانیں گے ) ۔(ت)

( فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۷۸ تا ۵۸۶ )

(۴۵) اتقی کے معانی پر مزید بحث کرتے ہوئے فرمایا :

لکنی **اقول** اولاً فحمَ ماذا تصنع باللام الداخلة علی الاتقی اذقد تقرر فی الاصول انها ان لم تکن للعهد فللاستغراق[1]، ومعلوم ان من المؤمنین من یعذب ولا یجنب ولاینفع ارادة اللزوم بالصلی اذالکنایة للنار دون الصلی، ولقد اغرب من تفطن لبعض من هذا کالقاضی البیضاوی فحمل الکلام علی من یتقی الکفر والمعاصی

**اقول** نعم الاٰن یصح الاستغراق ولکن من للحصر المزعوم الذی یرتکب لاجله تاویل الاتقی، اذمن الفجار من یجنب ولا یعذب کما ذکرنا وعلی ھذا یرد النقض ایضا بالصبی والمجنون۔

و **اقول** ثانیاً اغمضنا ھذا کله وترکناکم وشانکم فاذھبوا بالکلام الی ما تشتھیه انفسکم الا انکم اغفلتم الصفة ھٰھنا غفولکم عنھا فی "الاشقیٰ الذی کذب وتولّیٰ"[2] فان اللہ سبحٰنه وتعالیٰ لم یرسل الاتقی ارسالا بل خصه "بالذی یؤتی ماله یتزکی"[3] ومعلوم ان التقی الفقیر لامال له وانه مجنب عن النار لا شك، فان کان الکلام علی الحصر کما زعمتم فالحصر لم یستقم بعد والا فما ذا یلجئکم الی التاویل والعدول عن ظاھر التنزیل، عن ھذا نقول ان الوجه ترك التکلف وصون اللفظین لاسیما الاتقی عن التغییر والتصرف لانعدام الحاجة فی احدی الاٰیتین واندفاعھا بطریق اسلم فی الاخریٰ کما یفیدہ الوجھان اللذان ذکرھما القاضی الامام مع ماشاھدنا ان التاویل یراد ولا مفاد ویقادر ولاینقاد بید أنی ماید رینی لعل الجدال یوری نارا موقدة تطلع علی الافئدة، فیقوم قائل ان وجھی القاضی ایضا یحکم علیھما بشیٔ فلا مناص من تشدید الارکان وتجدید الاعیان علیٰ حسب الامکان۔

**فاقول** وربی ولی الاحسان یستبعد علی الوجه الاوّل وصف الاتقی بانه یجنب تلك النار الکبری فان مدح اکرم القوم بانه لیس أرذل القوم مما لا یستملح۔

**اقول** والمخلص الاستخدام وھو شائع فی فصیح الکلام بل عدوہ والتوریة اشرف

---

[1] التوضیح والتلویح نورانی کتب خانہ پشاور ص ۱۳۶

[2] القرآن الکریم ۹۲/ ۱۵ و ۱۶

[3] القرآن الکریم ۹۲/ ۱۸

انواع البدیع ، بل منھم من قدمه فی الشرف علی الجمیع کما ذکر الامام العلامۃ السیوطی[1] و منه فی القرآن العظیم قوله تعالٰی "ولقد خلقنا الانسان من سلالۃ من طین ثم جعلناہ نطفۃ فی قرار مکین[2]۔"

المراد بالانسان أبونا اٰدم علیه السلام و بالضمیر ولدہ ، ومنه قوله تعالٰی "اتٰی امر اللہ فلا تستعجلوہ[3]۔"

المراد بامر اللہ بعثۃ محمد صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم علی احد الوجوہ فی تاویله اخرج ابن مردویة عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنه فی قوله تعالٰی اتی امر اللہ قال محمد صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم، والمراد بالضمیر قیام الساعة قاله العلامۃ السیوطی[4] نفعنا اللہ تعالٰی بعلومه اٰمین ۔

**اقول** فان قلت اذا ارید تم بالنار اعظم النیران المخصوص باشقی الاشقیاء، فما معنی انذار سائر الناس عنه قلت المعنی إن شاء اللہ تعالٰی ان الاشقی انما بلغ ما بلغ من کمال الشقاء وسوء الجزاء وجهد البلاء بما ثابر علیه من الکفر و العناد والاصرار والاستکبار فاحذروا انتم یایها الناس ان لم تنیبوا الی الحق ودمتم کدوامه ان تعادلوه فی الشقاء فتلقوا اثاما کمثل اثامه فکانت الاٰیة علی حد قوله تعالٰی "فان اعرضوا فقل انذرتکم صاعقة مثل صاعقة عاد وثمود[5]" فانهم انما اصابهم ما اصابهم لمثل هذا الاعراض فما ذا یؤمنکم ان مضیتم علی دابهم ان تعذبوا بعذابهم او حصل الانذار بأنه تعالٰی أخبر أن هناك عدوًا اشقی من یوجد وله جزاء اسوء ما یکون و الناس غیر دارین انه من هو، ولم یذکر اللہ من صفاته الا التکذیب والتولی ، فحق ان تنقطع قلب کل مکذب وینفلق کبد کل متول خوفا وفرقا ان یکون هو هو فمن هذا الوجه جاء الانذار لسائر الناس فاتقنه فانه من احسن السوانح بتوفیق الملك العلیم الفاتح

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثامن والخمسون دار الکتاب العربی بیروت ۲/۱۵۳
[2] القرآن الکریم ۲۳/ ۱۲، ۱۳ [3] القرآن الکریم ۱۶/ ۱
[4] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثامن والخمسون دار الکتاب العربی بیروت ۲/۱۵۴
[5] القرآن الکریم ۴۱/ ۱۳

جل جلاله وهذا الکلام یجری بعضه فی الوجه الثانی ایضا، لکن هنا دقیقة غامضة و هی أن امثال هذا الحصر الادعائی انما تناسب المقام اذا کان سوق الکلام لذم هذا الاشقی الملام، فکانه قیل انه بلغ من الشقاء مبلغًا تضمحل دونه سائر الشقاوات فکانه لایلج النار الّاهو، امّا اذا سیق مساق الانذار لجمیع الکفار أوقصد ذلک ایضا مع قصد الذم فلعلّه لایستحسن حینئذ حصر العقاب فی رجل واحد، تأمل فانه موضعه۔ والعبد الضعیف لهذا یجد نفسه ارکن الی الوجه الاول دون الثانی، وفیه الغنیة وحصول المنیة، والحمد لله معطی الامانی، ثم لما بلغت هذا المقام راجعت العزیزی بعد ما استعرته من بعض الاعزة فرأیت المولٰی عبدالعزیز تجاوز الله تعالٰی عنا وعنه تنبه لهذا الاستبعاد الذی ذکرته فی الوجه الاول وجهی القاضی و حق له ان یتنبه فانه العلم فی الذکاء والفطانة، ثم اجاب عنه بجوابین:

**الاوّل** یقارب ما قالوا من القول بالاستخدام۔

**والثانی** ان التجنیب من تلک النار المخصوصة بالکفار ایضالها عرض عریض و غایة القصوی مختصة بالاتقی وسائر المومنین وان کانوا مجنبین لکن لاکمثله[۱] انتهی معرّبا۔

**اقول** الوجه الوجه الاول وعلیه عندی المعول و امّا ماذکر من الوجه الثانی فلیس بشیئ عندی وان کان هو المرضی لدیه حتی اورد الاول بصیغة التمریض وذلک لان کون التجنیب مقولا بالتشکیک مسلم فی مطلق النار التی یمکن ان یدخلها بعض المؤمنین ومعنی العرض العریض فیه کما یسبق الیه ذهنی القاصر أن الذنوب مقتضاها الأصلی الذی لوخلیت هی وطبایعها ما أقتضت الا ایاه انما هو اصابة الجزاء الذی اوعدبه علیها وهذا ظاهر جدًّا، فکل من اذنب ذنبا ولومرة استحق بذنبه هذا أن یؤاخذه الملک جل جلاله، ولا تقبض حسناته المتکاثرة علی العزیز المقتدر اذنفع الحسنات انما یعود الیه، فکیف یمن علی الله تعالٰی بما عمله لنفع نفسه، فکیف یجعله ذریعة الی ابطال منشور الجزاء عن راسه وقد قیل له

---

[۱] فتح العزیز (تفسیر عزیزی) تحت الآیة ۱۷/۹۲ مسلم بکڈپو لال کنواں دہلی ص ۳۰۴

بأفصح بیان ان کما تدین تدان[1]، غایۃ الامران یقسم لبثہ فی الدارین علی مقدار لبثہ فی العملین کماً وکیفاً، فیجوزان تمسہ النار بما یعدل ھذا المقدار، وقد اعتقدنا نحن معشر اھل السنۃ والجماعۃ رزقنا اللہ سبحنہ وتعالٰی حظ الرحمۃ والشفاعۃ انہ تبارک وتعالٰی لہ أن یؤاخذ عبدہ کل جریمۃ ولو صغیرۃ کما ان لہ ان یتجاوز عن کل کبیرۃ، ھٰذا فضل وذٰلک عدل "وما اللہ بظلام للعبید"۔ ثم ان المولٰی جل وعلا بغایۃ عدلہ وضع الجزاء مشاکلاً للعمل ولذا ید یم تنعیم المؤمن وتعذیب الکافر اذ قد علم من نیتھما ومکنونات طویتھما أنھما عازمان علٰی ادامۃ ما فیھما من الکفر والایمان حتی لو داموا فی الدنیا لداموا علیہ الا تری الٰی قولہ تعالٰی "ولو ردوا لعادوا لما نھوا عنہ[2]" ولذٰلک لما انسلخ ابو طالب عن الکفار بشراشرہ واثبت قدمیہ علٰی تلک الملۃ الخبیثۃ نجا الدیان سبحٰنہ سائر بدنہ من النار وسلط العذاب علی قدمیہ کما فی حدیث الشیخین[3] وغیرھما فقضیۃ المشاکلۃ أن من تساوت حسناتہ وسیأتہ یساوی لبثہ فی العذاب بلبثہ فی دار الثواب ومن اذنب ذنبا واحدا اذیق اثامہ ومن الم بسیئۃ ثم انقلع عنھا فجزاءہ المشاکل ان یدنی الی النار ثم یبعد عنھا لیذوق من الفزع والغم قدر ما ذاق من اللذۃ فی اللمم ھذا حکم العدل وحکم العدل ھو الاصل لکن المولٰی الجواد الکریم الذی "کتب علٰی نفسہ الرحمۃ[4]" وجعل لھا السبقۃ علی الغضب منۃ ونعمۃ تشفع الیہ شفیعان رفیعان وجیھان حبیبان لایردان ولا یخیبان رحمتہ الکاملۃ العامۃ الشاملۃ وھذا النبی الکریم المبعوث من الحرم بفیض الجود والکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وبارک وسلم فوعد بالطاف جمیلۃ ورحمات جلیلۃ فضلا من لدیہ من دون وجوب علیہ، وحاشاہ أن یجب علیہ شئ "وھو یجیر ولا یجار علیہ[5]"

---

[1] کنز العمال حدیث ۴۳۰۳۲ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۵/ ۷۷۲

[2] القرآن الکریم ۶/ ۲۸

[3] صحیح البخاری کتاب المناقب باب قصۃ ابی طالب قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۵۴۸
صحیح مسلم کتاب الایمان باب شفاعۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم لابی طالب " " ۱/ ۱۱۵

[4] القرآن الکریم ۶/ ۱۲ [5] القرآن الکریم ۲۳/ ۸۸

و بشر "أن الحسنات يذهبن السيئات[1]" وان اللمم معفوعنا(ان شاء الله تعالیٰ) "ان ربك واسع المغفرة[2]" وان الله تجاوز لنا عنا ماهمت به انفسنا ما لم نعمل او نتکلم و أن من تعادلت کفتاه لم یدخل النار وان لا یهلك عند الله الامارد متمرد و هذا کله تفضل و تکرم من المولی الحی جلت آلاءه وتوالت نعماؤه وله الحمد کما یحب ویرضیٰ فکل من اذنب اوالم ثم جنبه المولی النار فانما جنبه علی استحقاق منه لجزاء ماعمله کما قال تبارك و تعالیٰ "ان ربك لذو مغفرة للناس علی ظلمهم[3]"، بل لامعنی للمغفرة الا التجاوز صاحب الحق عن استیفاء حقه کلاً او بعضاً فهذا تجنیب بعد تقریب و أنجاء بعد الجاء مع ما فیه ایضا من تفاوت الرتب کما لا یخفی ، اما الذی بلغ من التقوی غایته القصوی حتی تنزه عن کل مایکره وفنی عن الخلق و بقی علی الحق وارتفع شانه عن اتیان عصیان ونظر بالرضی الیٰ مایبغض الرحمٰن، فهذا محال ان یکون من النار فی شئ أوالنار منه فی شئ لاسیما اتقی الاتقیاء و أصفی الاصفیاء الذی لم یزل من الحق بعین الرضا فی جمیع احواله ، ولم یسوء النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فعلة من افعاله ، فذاك العبد ذاك العبد کلت الالسن عن شرح کماله و تاهت العقول فی تیه جلاله جالت وعالت ، فبقیت تکبو ثم رجعت فسئلت فقالت هوهو فغایة القول فیه أنه أولی العباد و أول المراد بقول الجواد "ان الذین سبقت لهم منّا الحسنیٰ اولٰئك عنها مبعدون ۝ لا یسمعون حسیسها وهم فی ما اشتهت انفسهم خالدون و لا یحزنهم الفزع الاکبر وتتلقٰهم الملٰئکة هذا یومکم الذی کنتم توعدون[4]" هذا معنی العرض العریض للتجنیب من مطلق النار علیٰ حسب ما یطیقه البیان ، و لا یتأتی مثله فی النار المخصوصة بالکفار اذ انما هی جزاء الکفر والمؤمنون کلهم متساوون فی التباعد عنه اذ الکفر والایمان لا یزیدان و لا ینقصان والمسئلة اجماعیة

---

[1] القرآن الکریم ۱۱/۱۱۴
[2] " ۵۳/۳۲
[3] " ۱۳/۶
[4] " ۲۱/۱۰۱ تا ۱۰۳

والنزاع لفظی فوجب ان یتساووا فی البُعد عن جزاء الکفر ایضًا، و امّا قوله تبارك وتعالٰی "هم للکفر یومئذٍ اقرب منهم للایمان[1]" فهذا بالنظر الی الظاهر اذ الاٰیة فی المنافقین لقوله "یقولون بافواههم مالیس فی قلوبهم ط و الله اعلم بما یکتمون[2]" یعنی أنهم کانوا یتظاهرون بالایمان فیظن الجاهل بما فی السرائر انهم مؤمنون، لما کانوا یتباعدون بالسنتهم عن الکفر ثم لما انعزلوا عن عسکر المؤمنین و قالوا "لونعلم قتالا لاتبعناکم[3]" تخرق الحجاب وغلب علی الظنون انهم لیسوا بمؤمنین مع تجویزان یکون هذا القول منهم تکاسلاً واخلادًا الی ارض الدعة، فهذا معنی القرب والبعد او المراد بالکفر و الایمان اهلوهما اذ تقلیلهم سواد المؤمنین بالانعزال عنهم تقویة للمشرکین کذا قال المفسرون هذا ما عندی، والله سبحٰنه وتعالٰی اعلم۔

لیکن میں کہتا ہوں کہ اوّلاً جب اتقی بمعنی تقی کے ٹھہرا تو اس صورت میں اس لام کے ساتھ کیا معاملہ کرو گے جو اتقی پر داخل ہے اس لئے کہ اصول میں مقرر ہو چکا ہے کہ لام اگر عہد کے لئے نہ ہوگا تو استغراق کے لئے ہوگا۔ اور یہ معلوم ہے کہ مومنوں میں وہ ہیں جنھیں عذاب ہوگا اور وہ آتشِ دوزخ سے نہ بچائے جائیں گے اور یہ مفید نہیں کہ یَصلی سے بجائے آگ میں جانے کے آگ کا لازم ہونا مراد لیا جائے اس لئے کہ یجنبھا (اس دوزخ سے دُور کیا جائے گا) میں ضمیر جہنم کی آگ کی طرف لَوٹتی ہے نہ کہ صلی مصدر کی طرف (جس کا معنٰی آگ میں جانا ہے) اور جس کا ذہن ان باتوں میں سے بعض کی طرف پہنچا اس نے عجیب وغریب کام کیا جیسے قاضی بیضاوی، تو انھوں نے کلام کو اس پر محمول کیا جو کفر اور گناہوں سے بچے لیکن اس حصرِ مزعوم کا مددگار کون جس کی وجہ سے اتقی کی تاویل کا ارتکاب کیا جاتا ہے اس لئے کہ فاجروں میں وُہ بھی ہے جو دوزخ کی آگ سے دُور رہے گا اور اسے عذاب نہ ہوگا۔

اور ثانیاً میں کہتا ہُوں کہ ہم نے ان تمام باتوں سے آنکھ میچی اور آپ کو آپ کے حال پہ چھوڑا تو کلام کو جدھر چاہئے لے جایئے مگر آپ لوگ یہاں بھی صفت سے غافل رہے جس طرح اشقی

---

[1] القرآن الکریم ۳/ ۱۶۷
[2] " ۳/ ۱۶۷
[3] " ۳/ ۱۶۷

(جس نے جھٹلایا اور مُنہ موڑا) کے معاملہ میں آپ نے صفت سے غفلت کی اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اتقی کو مطلق نہ رکھا بلکہ اسے اس کے ساتھ خاص کیا جو اپنا مال سُتھرا ہونے کو راہِ خدا میں دے، اور یہ معلوم ہے کہ تقی فقیر کے پاس مال نہیں ہے حالانکہ وہ آتشِ دوزخ سے دُور رہے گا۔ تو اگر کلام بر سبیل حصر ہے جیسا کہ آپ لوگوں کا زعم ہے تو حصر تو اب بھی درست نہیں ہوا اور اگر حصر پر بناء نہیں تو آپ کو تاویل اور ظاہر تنزیل سے عدول کی طرف کون سی چیز مضطر کرتی ہے اسی سبب سے ہم کہتے ہیں کہ صحیح طریقہ یہی ہے کہ تکلّف چھوڑا جائے اور دونوں لفظوں خصوصًا اتقی کو تصرف و تغیّر سے محفوظ رکھیں اس لئے کہ ایک آیت میں تاویل کی حاجت نہیں اور دوسری میں مسلک اسلم سے حاجت مندفع ہو جاتی ہے جیسا کہ ان دُو وجہوں نے افادہ کیا جو قاضی امام نے ذکر فرمائیں باوجودیکہ ہم نے مشاہدہ کیا ہے کہ تاویل مراد ہوتی ہے حالانکہ کوئی مفاد نہیں ہوتا اور وہ کھینچی جاتی ہے جبکہ وہ نہیں کھنچتی۔ لیکن میں کیا جانوں شاید بحث روشن آگ کو بھڑکائے جو دلوں پر چمکے تو کوئی قائل کھڑا ہو جائے اور کہے کہ قاضی کی مذکورہ دُو وجہوں پر بھی کچھ غبار ہے لہذا ارکان کو مضبوط کرنا اور اشیاء کی تجدید بقدرِ امکان ضروری ہے۔

تو میں کہتا ہوں اور میرا رب ولیِ نعمت ہے، پہلی وجہ پر اتقی کا یہ وصف بیان کرنا کہ وہ بڑی آگ سے دُور رکھا جائے گا مستبعد ہے اس لئے کہ قوم کے بزرگ ترین کے لئے یہ کہنا کہ وہ رذیل ترین نہیں ہے، اس میں کوئی ملاحت نہیں ہے۔

میں کہتا ہوں اور اس سے نجات دہندہ وہ استخدام ہے اور وہ کلام فصیح میں شائع ہے، بلکہ علماء نے استخدام و توریہ کو بدیع کی سب سے عمدہ قسم شمار کیا ہے، بلکہ بعض علماء نے استخدام کو شرف میں تمام اقسامِ بدیع پر مقدم رکھا ہے، جیسا کہ علامہ سیوطی علیہ الرحمۃ نے ذکر کیا ہے، اور اس قبیل سے قرآن عظیم میں اللہ تعالےٰ کا قول ہے: "اور بیشک ہم نے آدمی کو چُنی ہُوئی مٹّی سے بنایا پھر اسے پانی کی بُوند کیا ایک مضبوط ٹھہراؤ میں۔"

آیت میں انسان سے مراد ہم انسانوں کے باپ آدم علیہ السلام ہیں اور ضمیر سے مراد ان کی اولاد ہے، اور اسی قبیل سے اللہ تعالےٰ کا قول ہے کہ "اللہ تعالےٰ کا حکم آیا تو اس کی جلدی نہ مچاؤ۔" اس آیت میں ایک وجہ پر امر اللہ سے مراد محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت مبارکہ ہے اس تاویل کو ابن مردویہ نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ اللہ تعالےٰ کے قول "اتی امر اللہ" میں "امر اللہ" سے مراد محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہیں۔ اور ضمیر سے مراد قیامت کا قائم ہونا ہے،

یہ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ تعالےٰ نے ذکر کیا ہے اللہ تعالےٰ ہمیں ان کے علوم سے نفع بخشے، آمین!

میں کہتا ہوں اب اگر تم کہو جبکہ آپ نے آیت میں مذکور نار سے دوزخ کی سب سے بڑی آگ مراد لی جو تمام اشقیاء سے بدتر شقی کے لئے مخصوص ہے تو سب لوگوں کو اس سے ڈرانے کا کیا مقصد ہے؟ تو میں کہوں گا کہ مقصد ان شاء اللہ تعالیٰ یہ ہے کہ وہ سب سے بڑا شقی کمال شقاوت اور بُری جزا اور سخت بلا کے جس درجہ پر پہنچا اس کا سبب وُہی کُفر و عناد ہے اور اصرار اور گھمنڈ ہے جس پر وہ قائم رہا، تو اے لوگو! تم ڈرو کہ اگر تم حق کو نہ مانو اور ناحق پر جمے رہو جیسا کہ وُہ بڑا بدبخت جما رہا کہیں تم بدبختی میں اس کے برابر نہ ہو جاؤ تو اس کے عذاب جیسا عذاب پاؤ تو یہ آیت اللہ تعالےٰ کے قول "پھر اگر وہ مُنہ پھیریں تو تم فرماؤ کہ میں تمھیں ڈراتا ہوں ایک کڑک سے جیسی کڑک عاد اور ثمود پر آئی تھی" کے طور پر ہے اس لئے کہ عاد و ثمود پر جو مصیبت اُتری وہ اسی طور کے اعراض (رُوگردانی) کے سبب اُتری تو تمھیں کون سی چیز بے خوف کرتی ہے، اگر تم ان اگلوں کی عادت پر جمے رہو ان جیسا عذاب پانے سے یا سب کے لئے تنبیہ ہوگئی کہ اللہ تعالےٰ نے بتایا کہ آخرت میں اللہ تعالےٰ کا ایک دشمن نہایت بدبخت ہوگا اور اس کے لئے نہایت بدترین سزا ہے اور لوگ نہیں جانتے کہ وُہ کون ہے، اور اللہ تعالےٰ نے اس کی صفات میں سے جھٹلانے اور منہ موڑنے کے سوا کچھ ذکر نہیں کیا تو بجا ہے کہ ہر جھٹلانے والے کا دل کٹ جائے اور ہر مُنہ موڑنے والے کا کلیجہ پھٹ جائے اس ڈر سے کہ کہیں وہی نہ سب سے بڑا بدبخت ہو جس کی یہ سزا سُنائی گئی تو اس وجہ سے یہ تخویف سب لوگوں کے لئے آئی، اس نکتہ کو یاد رکھو کہ یہ بادشاہ علیم فاتح (علم والے عقدہ کھولنے والے جل جلالہٗ) کی توفیق سے ایک اچھا خیال ہے اور یہ تقریر کچھ وجہ ثانی میں بھی جاری ہے، لیکن یہاں ایک نہایت خفی نکتہ ہے اور وُہ یہ کہ ایسے حصر ادعائی موقع کے مناسب اسی وقت ہوں گے جبکہ سیاقِ کلام اس بڑے بدبخت و قابلِ ملامت کی مذمت کے لئے ہو، تو گویا یُوں فرمایا گیا کہ یہ شخص شقاوت کے اس درجہ تک پہنچا جس کے آگے سب شقاوتیں ہیچ ہیں تو گویا دوزخ میں اس کے سوا کوئی نہ جائے گا، مگر جبکہ یہ کلام تمام کافروں کی تخویف کے لئے ہو یا مذمت کے ساتھ یہ قصد بھی ہو تو شاید عذاب کو ایک شخص میں منحصر بتانا مستحسن نہیں، غور کرو کہ یہ مقامِ غور ہے اور یہ بندۂ ناتواں اسی لئے خود کو دوسری وجہ کے بجائے پہلی وجہ کی طرف زیادہ مائل پاتا ہے اور اسی میں بے نیازی اور مطلب کا حصول ہے، اور اللہ تعالےٰ کے لئے حمد ہے جو مرادیں عطا فرماتا ہے، پھر میں جب اس مقام تک پہنچا میں نے تفسیر عزیزی اپنے بعض اعزہ سے عاریۃً لے کر دیکھی تو میں نے حضرت مولانا عبدالعزیز کو (اللہ تعالےٰ ہمیں اور انھیں معاف فرمائے) دیکھا کہ وہ اس اعتراض کی طرف متنبہ ہوئے جو وجہ اوّل پر

اعلیٰحضرت نے فرمایا اور انھیں متنبّہ ہونا ہی چاہیے اس لئے کہ وُہ ذکاوت و فطانت کا پہاڑ ہیں ۔ پھر اس کے دُو۲ جواب دیئے :

**پہلا** تو وہی ہے جو علمائے نے اختیار فرمایا یعنی استخدام کا طریقہ ۔

**دُوسرا** یہ کہ اس نار سے دُور رکھا جانا جو کافروں کے ساتھ خاص ہے اس میں بڑی وسعت ہے اور اس کی آخری حد اتقی کے لئے خاص ہے اور باقی مسلمان اگرچہ وہ بھی اس آگ سے دُور رہیں گے لیکن اس کی طرح نہیں اھ ۔

میں کہتا ہُوں وجہ تو پہلی وجہ ہے اور میرے نزدیک وہی معتمد ہے ، اور جو دوسری وجہ ذکر کی وہ میرے نزدیک کوئی چیز نہیں اگرچہ شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمہ کو دُوسری پسند ہے کہ پہلی کو ایسے صیغہ سے ذکر کیا جس سے اس کے ضعف کی طرف اشارہ ہوتا ہے اس لئے کہ نار سے دُور رہنا اس کا کلی مشکک ہونا مطلق نار میں مسلّم ہے جس میں بعض مومن داخل ہو سکتے ہیں اور تجنیب (نارِ دوزخ سے دُور رہنا) میں بڑی وسعت کا معنیٰ جیسا کہ میرا ذہن قاصر اس کی طرف سبقت کرتا ہے کہ گناہوں کا وہ مقتضائے اصلی کہ گناہ اپنی طبیعت کے ساتھ چھوڑ دیئے جائیں تو اسی کا تقاضا کریں تو یہ ہے کہ بندہ کو وہ سزا ملے جس کی اسے گناہوں پر وعید سُنائی گئی ، اور یہ بہت ظاہر ہے، تو ہر وہ شخص جس نے ایک بار بھی گناہ کیا اللہ تعالےٰ کی پکڑ کا مستحق ہے اور بندہ کی بکثرت نیکیاں خدائے غالب و قدیر کو مانع نہیں ہو سکتیں اس لئے کہ نیکیوں کا نفع تو بندہ ہی کو پہنچتا ہے تو کیسے اللہ تعالےٰ کو اپنے بھلے کے لئے کئے ہُوئے کام کا احسان جتائے گا اور کیونکر اسے سزا کے دستور کو سرے سے باطل کرنے کا ذریعہ بنائے گا، حالانکہ بندہ کو خوب واضح بیان سے کہہ دیا گیا ہے کہ جیسا تُو کرے گا ویسا تجھے بدلہ دیا جائے گا ۔ غایت امر یہ ہے کہ دُنیا و آخرت میں بندہ کی مدّتِ اقامت کو نیک و بَد ہر دو عمل میں ٹھہرنے کی مقدار پر باعتبارِ قدر و کیفیت تقسیم کریں تو ممکن ہے کہ اسے آگ اتنی مدت تک چُھوئے جو اس کے مقدار عمل کے برابر ہو، اور ہم اہلسنّت وجماعت (اللہ ہمیں رحمت و شفاعت سے نصیب عطا فرمائے) کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالےٰ کو حق ہے کہ وُہ بندے سے ہر جُرم پر مواخذہ کرے اگرچہ صغیرہ ہو جس طرح کہ اس کو سزاوار ہے کہ ہر گناہ سے درگزر فرمائے اگرچہ کبیرہ ہو، اور یہ اس کا فضل ہے اور وُہ اس کا عدل، اور اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرتا ۔ اسی لئے جنّت میں مومنین کی آسائش اور جہنم میں کافر کا عذاب ہمیشہ ہوگا اس لئے کہ اللہ تعالےٰ کو ان کی نیّت اور مخفی ارادے کا علم ہے کہ یہ دونوں اپنی اپنی حالت کفر و ایمان پر قائم و دائم رہنے کا عزم کئے ہُوئے ہیں یہاں تک کہ اگر دُنیا میں ہمیشہ رہتے اپنے حال پر ہمیشہ رہتے کیا تم اللہ کے فرمان کو

نہیں دیکھتے" اور اگر واپس بھیجے جائیں تو پھر وہی کریں جس سے منع کیے گئے تھے" اور جب ابو طالب کفار سے تمام وکمال جُدا ہُوئے اور اپنے قدم اس خبیث ملت پر جمائے رکھے جزا دینے والے رب سبحٰنہ وتعالٰے نے ان کے سارے بدن کو نار سے نجات دی اور عذاب کو ان کے قدموں پر مسلط کر دیا جیسا کہ بخاری و مسلم وغیرہ کی حدیث میں ہے، تو عمل وجزاء میں مشاکلت کا مقتضٰے یہ ہے کہ جس کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہوں اس کا عذاب میں رہنا ثواب کے گھر میں رہنے کے برابر ہوا، جو ایک گناہ کرے وُہ اس کا عذاب چکھے اور جو برائی کے قریب جائے پھر اس سے جُدا رہے تو اس کی جزا مشابہ عمل یہ ہے کہ وہ نار کے قریب کیا جائے پھر اس سے دُور رکھا جائے تاکہ غم اور گھبراہٹ کا مزہ ارادۂ گناہ میں لذت کے بمقدار چکھے، یہ حکمِ عدل ہے اور حکمِ عدل ہی اصل ہے، لیکن جُود وکرم والے مولٰے نے اپنے اوپر رحمت کو لازم فرمایا اور اس کے لئے غضب پر سبقت رکھی اپنے کرم واحسان سے اس سے سفارش کی جو رفعت و وجاہت والے اور پیارے شفیعوں نے جو نہ پھیرے جائیں نہ محروم ہوں ایک اللہ تعالٰی کی رحمتِ تمام وعام اور دوسرے یہ نبی کریم جو حرم سے فیض جود وکرم کے ساتھ مبعوث ہوئے تو اللہ تعالٰے نے جمیل مہربانیوں اور جلیل رحمتوں کا وعدہ فرمایا محض اپنے فضل سے نہ اس سبب سے کہ اس پر کچھ واجب ہے اور وہ اس سے منزّہ ہے کہ اس پر کچھ واجب ہو، حالانکہ وہی پناہ دیتا ہے اور اس کے خلاف کوئی پناہ نہیں دے سکتا۔ اور اس نے خوشخبری دی کہ نیکیاں برائیوں کو دُور کر دیتی ہیں اور یہ کہ لمم (ارادۂ گناہ) پر ہمیں معافی دے دی گئی، بے شک تمہارے رب کی مغفرت وسیع ہے اور بیشک اللہ تعالٰے ان باتوں سے درگزر فرماتا ہے جن کا ارادہ ہمارے نفوس کرتے ہیں جب تک ان کو انجام نہ دیں یا انھیں نہ بولیں، اور جس کے دونوں پلّے برابر ہوں گے وُہ نار میں نہ جائے گا۔ اور یہ کہ اللہ تعالٰی کے یہاں صرف نہایت سرکش نافرمان ہی ہلاک ہوگا (یعنی کافر)، اور یہ سب مولائے غنی کریم کا فضل وکرم ہے، اس کی نعمتیں جلیل ہیں اور اس کے احسان پیہم ہیں، اور اسی کے لئے حمد ہے جیسی وہ چاہے اور پسند فرمائے، تو ہر وُہ شخص جس نے گناہ کیا یا گناہ کے پاس جاکر رُک گیا پھر اللہ تعالٰی نے اسے نار سے دُور رکھا تو اسے اس کے استحقاق کی جہت سے اس کے عمل کی جزا دینے کو دُور رکھا چنانچہ اللہ تعالٰی نے فرمایا کہ "بے شک اللہ تعالٰی لوگوں کو بخشنے والا ہے ان کے ظلم کے باوجود" بلکہ مغفرت کا معنٰی یہی ہے کہ صاحبِ حق اپنے حق کو لینے سے کُلّی یا جُزوی طور پر درگزر کرے تو یہ نار سے قریب کرکے اس سے دُور رکھنا ہے اور نار کی طرف لیجا کر اس سے بچانا ہے اس کے باوجود اس میں رُتبوں کا تفاوت ہے جیسا کہ پوشیدہ نہیں، مگر جو تقوٰی کی سب سے آخری حد تک پہنچ گیا یہاں تک کہ ہر ناپسندیدہ بات سے دُور رہا اور خلق سے فانی اور حق پر باقی ہوگیا اور اس کی شان معصیت

کے ارتکاب سے اور رحمٰن کے مبغوض کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھنے سے بلند ہوگئی، تو محال ہے کہ ایسے شخص کو نار سے علاقہ ہو یا نار کو اس سے کوئی تعلق ہو خصوصاً وہ متقیوں کا متقی اور سارے اصفیاء سے زیادہ صاف باطن جس کے تمام احوال پر حق کی چشم رضا رہی، اور نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو جس کا کوئی کام بُرا نہ لگا تو یہی وہ خدا کا بندہ ہے یہی وُہ خاص بندہ ہے زبانیں جس کے کمال کو بیان کرنے سے عاجز ہیں جس کی عظمت کے صحرا میں عقلیں گُم ہیں اس میں عقلیں دوڑیں اور گھومتی پھریں، پھر گرتی پڑتی رہیں پھر لوٹیں تو ان سے پُوچھا تو بولیں وہی وُہ ہے، تو اس خاص بندہ کے بارے میں آخری بات یہ ہے کہ وُہ سارے بندوں سے اولیٰ اور خدائے جواد کے قول " بے شک وُہ جن کے لئے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہوچکا وہ جہنم سے دُور رکھے گئے ہیں وُہ اس کی بھنک نہ سُنیں گے اور وہ اپنی من مانی خواہشوں میں ہمیشہ رہیں گے انھیں غم میں نہ ڈالے گی وُہ سب سے بڑی گھبراہٹ، اور فرشتے ان کی پیشوائی کو آئیں گے کہ یہ ہے تمھارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا " کی پہلی مراد ہے، مطلق نار سے دُور رکھنے میں جو بڑی وسعت ہے اس کا مقدور بیان کے مطابق یہی معنیٰ ہے اور ایسی بات اس نار کے بارے میں نہیں بنتی جو کفّار کے ساتھ مخصوص ہے وُہ تو کفر کی سزا ہے اور تمام مسلمان اس نار سے دُور رہنے میں برابر ہیں اس لئے کہ کفر و ایمان یہ دونوں وصف گھٹتے بڑھتے نہیں ہیں اور یہ مسئلہ (کفر و ایمان کا کم زیادہ نہ ہونا) اجماعی ہے اور اختلاف لفظی ہے تو ضروری ہے کہ مسلمان کفر کی سزا سے دُور رہنے میں بھی برابر ہوں۔ رہا اللہ تعالےٰ کا قول " اس دن وُہ ظاہری ایمان کی بہ نسبت کھلے کفر سے زیادہ قریب ہیں " تو یہ باعتبار ظاہر کے ہے اس لئے کہ آیت منافقین کے بارے میں ہے اس وجہ سے کہ اللہ تعالےٰ نے ان کے بارے میں فرمایا:

" اپنے مُنہ سے کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں اور اللہ کو معلوم ہے جو چُھپا رہے ہیں "۔ مطلب یہ ہے کہ منافقین ظاہری طور پر ایمان والے بنتے تھے تو ان کے دلوں میں چُھپی بات سے بے خبر یہ گمان کرتا تھا کہ وہ مسلمان ہیں چونکہ منافقین کفر سے دُوری ظاہر کرتے تھے پھر جب وہ مسلمانوں کے لشکر سے جُدا ہو گئے اور بولے کہ:

" اگر ہم لڑائی ہوتی جانتے تو ضرور تمھارا ساتھ دیتے " ان کا پردہ فاش ہوگیا اور گمانوں پر غالب ہوگیا کہ یہ لوگ مسلمان نہیں اس احتمال کے ساتھ کہ منافقوں کی یہ بات سُستی اور آسائش کی زمین پکڑنے کی وجہ سے ہو تو قُرب اور بُعد کا یہ معنیٰ ہے یا کفر و ایمان سے مراد صاحبانِ کفر و ایمان ہیں اس لئے کہ منافقوں کا مسلمانوں کے گروہ کو کم کرنا مسلمانوں کے لشکر سے جُدا ہو کر مشرکوں کو تقویت دینا ہے "

ایسا ہی مفسرین نے فرمایا ہے، یہ ہے وُہ جو میری رائے ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۵۸۶ تا ۰)

(۴۶) مبحث مذکور کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

وبالجملة فهبت نسائم التحقيق على ان الوجه ابقاء اللفظين على ظاهرهما وانما تحتاج الى امرين لايعد شئ منهما تكلفا و تغيرا۔

الاول ان تنكير نارا للتعظيم وهو كما ترى شائع فى الكلام الفصيح قرانا وقديما وحديثا واخذ التلظى بمعنى اشد ما يكون حملا للمطلق على فرده الكامل وهو ايضا منتشر مستطير۔

والثانى الاستخدام وهو كما سمعت اعلى اومن اعلى انواع البديع او ارجاع الضمير الى نفس الموصوف مجردا عن الصفة وهذا ليس من التاويل فى شئ على ان غرضنا يتم باية الاتقى ولامساغ فيه للتاويل بتا وقطعا هكذا ينبغى التحقيق ولى التوفيق والحمد لله رب العالمين۔

**خلاصہ** یہ کہ اب تحقیق کی ہوائیں چلیں اس پر کہ وجہ تو یہی ہے کہ دونوں لفظوں کو ان کے ظاہر پہ رکھا جائے اور تمھیں حاجت صرف دو امر کی ہوگی اور ان میں سے کوئی نہ تکلف کے شمار میں ہے نہ تغیر کی گنتی میں۔

**پہلی** بات یہ کہ "نارا" نکرہ تعظیم کے لئے ہے اور یہ اسلوب جیسا کہ تم جانتے ہو قرآن و حدیث اور قدیم و جدید کلامِ فصیح میں شائع ہے اور تلظّی (آگ کی بھڑک) مطلق کو فردِ کامل پر محمول کرتے ہوئے سخت ترین بھڑکنے کے معنیٰ میں لیا جائے اور یہ بھی خوب شائع ہے۔

اور **دوسری** بات استخدام، اور وہ جیسا کہ تم نے سُنا اقسامِ بدیع میں سب سے اعلیٰ ہے یا منجملہ اعلیٰ قسم کے ہے یا ضمیر کو نفس موصوف کی طرف بلالحاظ صفت لوٹائیں اور یہ تاویل سے کوئی لگاؤ نہیں رکھتا۔ علاوہ بریں ہماری غرض تو آیت اتقیٰ سے تمام ہوتی ہے اُس میں قطعاً تاویل کی گنجائش نہیں، اسی طرح تحقیق چاہیئے اور اللہ تعالےٰ توفیق کا مالک ہے اور ساری خوبیاں اللہ کے لئے جو مالک ہے سب جہانوں کا۔ (ت)

(فتاوی رضویہ ج ۲۸ ص ۶۰۰)

(۴۷) چند وجوہ سے شبہات کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

اذا وعيت هذا ودريت ما فيه وألقيت السمع وانت نبيه هان عليك الجواب عن هذه الشبهة الاولى بوجوه:

الاول ظاهر اللفظ واجب الحفظ الا بضرورة واين الضرورة۔

**الثانی** ماما لوا الیه لم یزدد الا قدحًا فوجب ان نضرب عنه صفحًا، وابوعبیدة فیما عانٰی لا أصاب ولا أغنٰی فکیف نترک ظاھر قول اللہ سبحٰنه وتعالٰی بقول رجل لم یکن معصوما ولا صحابیًا ولا تابعیًا ولا سنیًا ولا مصیبًا فی ما طلب ولا مجدیا فی ما الیه ھرب۔

ایھا الناس انّی سائلکم عن شئ فھل انتم مخبرون أرأیتم لوان الاٰیة وردت بلفظ التقی وفسرہ بالاتقی ابوعبیدة اللغوی فتعلقناہ بقوله وندبناکم الی قبوله ماذا کنتم فاعلین لکن الانصاف شئ عزیز ولا یؤتی الا ذا حظ عظیم۔

**الثالث** سلمنا کونه فی الاٰیة وجھًا وجیھًا لکن ھوالوجه فیھا بل وجھنا ھو الأوضح والأجلی ولا تنافی بین نجاة التقی والاتقی والقراٰن محتج به علی کل تاویل واحد الوجھین یوجب التفضیل والوجه الاٰخر لا ینافیه فوجب القبول والقول بما فیه۔

ولذٰلک نری علمائنا رحمھم اللہ تعالٰی لم یزالوا محتجین بالاٰیة الکریمة علٰی تفضیل العتیق الصدیق رضی اللہ تعالٰی عنه وھم ادری منّا ومنکم بما قاله ابوعبیدة وغیرہ، ثم ھذا لم یقعدھم عن سلوک تلک المسالک ولم ینکر علیھم احد ذٰلک فثبت ان مقصودنا بحمد اللہ حاصل ومزعومکم بحول اللہ باطل، والحمد للہ رب العٰلمین ایاہ نرجوا وبه نستعین۔

**الشبھة الثانیة** مانقله المولی الفاضل استاذ استاذی عبد العزیز بن ولی اللہ الدھلوی سامحنا اللہ وایاھما بلطفه الخفی وفضله الوفی فی تفسیر فتح العزیز ما ذکر استدلال اھل السنة والجماعة باٰیة الکریمة علی الطریق المشھور بین علماء الدھور، قال "وقال اھل التفضیل ان الاتقی محمول علی التقی منسلخ عن معنی التفضیل اذ لولاہ لشمل باطلاقه النبی صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم فیلزم ان یکون الصدیق اتقی منه صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم وھو باطل قطعًا بالاجماع قال واجاب اھل السنة والجماعة ان حمل الاتقی علی التقی یخالف اللسان العربی والقراٰن انما نزل به فحمله علی مالیس منھا غیر سدید، وما ذکروا من الضرورة مندفع بان الکلام فی سائر الناس دون الانبیاء

علیهم الصلوٰۃ والسلام لما علم من الشریعۃ ان الانبیاء اعلی کرامۃ و اشرف مکانۃ عند اللہ تبارک وتعالٰی فلایقاسون بسائر الناس ولا یقاس سائر الناس بہم فعرف الشرع حین جریان الکلام فی مقام التفاضل وتفاوت الدرجۃ یخصص امثال ھذا اللفظ بالامۃ والتخصیص العرفی اقوٰی من التخصیص الذکری کقول القائل خبز القمح احسن خبز لن یفہم منہ تفضیلہ علٰی خبز اللوز لأن استعمالہ غیر متعارف وھو خارج عن المبحث اذ الکلام انما انتظم الحبوب دون الفواکہ[1]، ھذا کلامہ فی التفسیر الفارسی اوردناہ نقلاً بالمعنٰی۔

**اقول** وباللہ التوفیق امّا ماذکر من ان یخالف اللسان العربیۃ فممنوع و مدفوع، الاتری الٰی قولہ تعالٰی "ھوالذی یبدؤا الخلق ثم یعیدہ وھو اھون علیہ[2]"، ولیس شیئ اھون علی اللہ تعالٰی من شیئ والمعنی فی نظرکم علی احد تاویلات فی عسٰی ولعل الواردین فی القراٰن، والی قولہ تعالٰی "اصحٰب الجنۃ یومئذ خیر مستقرا واحسن مقیلاً[3]" ولاخیر للغیر ولا حسن لأھل الضیر اولاٰیۃ جاریۃ علٰی سبیل التہکم بہم کما قال المفسرون لکن الأمر أن الافعل حقیقتہ فی التفضیل ولا یصار الی الانسلاخ عنہ الا لضرورۃ دعت بقرینۃ قامت کما فی الاٰیتین اللتین تلونا وحیث لاضرورۃ ولا قرینۃ مبا نحن فیہ لانقول بہ والمصیر الیہ اشبہ بالتحریف منہ بالتفسیر کما قد حققنا وھذا القدر یکفی للرد علیہم، وآما ماذکر من حدیث التخصیص عرفا فجری منہ علی تسلیم مادعی الخصم من أن اللفظ بصیغتہ یشمل الانبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام وان بغیت الحق المرصوص فلاشمول ولاخصوص لأن الاتقٰی ان عم عم افرادہ وھم المفضلون المرجحون دون المرجوحین المفضل علیہم۔

وسر المقام بتوفیق الملک العلام ان الافضل لابد لہ من مفضل ومفضل علیہ والمفضل علیہ یذکر صریحا اذا استعمل مضافا او بمن اما اذا استعمل باللام

---

[1] فتح العزیز (تفسیر عزیزی) تحت الآیۃ ۹۲/۱۷ پ عم مسلم بکڈپو لال کنواں دہلی ص ۳۰۴

[2] القرآن الکریم ۳۰/۲۷

[3] ؍؍ ۲۵/۲۴

فلا یورد فی الکلام ولکن اللام تشیر الیه علی سبیل العهد فی ضمن الاشارۃ الی المفضل لاتہ ذاتا مالہ الفضل کما ھو مفاد لفظ افعل بلا لام لاتتعین الا وقد تعین المفضل علیہ فعهدھا یستلزم عهدہ واذ لم یکن ھناك عهد فی اللفظ فالمصیر الی العهد الحکمی وقد عهد فی الشرع المطھر تفضیل بعض الامۃ علی بعض لا تفضیلهم علی الانبیاء الکرام فلا یقصدہ المتکلم ولا یفهمه السامع فلم یدخلوا حتی یخرجوا، تأمل، انه دقیق، وقد کنت أظن ھکذا من تلقاء نظری الی ان رأیت علماء النحو صرحوا بما ابدی فکری ولله الحمد۔

قال المولی السامی نور الملۃ والدین الجامی قدس الله سرہ وضعه للتفضیل الشئ علی غیرہ فلا بد فیه من ذکر الغیر الذی ھو المفضل علیه وذکرہ مع من والاضافۃ ظاھر، واما مع اللام فهو فی حکم المذکور ظاھراً لانه یشار باللام الی معین بتعیین المفضل علیه قبل لفظاً او حکماً کما اذا طلب شخص افضل من زید، قلت عمرو الافضل أی الشخص الذی قلنا انه افضل من زید، فعلی ھذا لا تکون اللام فی افعل التفضیل الا للعهد[1] انتهی۔

**قلت** وتنقیح المرام بتحقیق المقام یستدعی بسطا نحن فی غنی عنه (**لطیفتان**) بمثل ما صرّح المولی الجامی صرّح الرضی الاسترآبادی الذی لم تکن فی مصرہ عمارۃ عصرہ الا بنحوہ لکنا لم ناثر عنه لان علی قلبه أفة لاحد لها فهم من فهم ھذا ثم ان المولی الفاضل نقل فی التفسیر جواباً آخر عن بعض الجلۃ الاکابر ولعله یرید به اباہ وھو أن الاتقی ھٰهنا علی معناہ اعنی من فضل فی التقوی علی کل من عداہ نبیا کان اوغیرہ الا انه یختص بالاحیاء الموجودین فالصدیق رضی الله تعالیٰ عنه یوصف به فی آخر عمرہ حین خلافته بعد ارتحال المصطفیٰ صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وسیدنا عیسیٰ علیٰ نبینا علیه الصلوٰۃ والسلام لما کان مرفوعا الی السماء لم یبق فی حکم الاحیاء، ولا یجب للاتقی

---

[1] شرح الجامی الاسماء والافعال بحث اسم التفضیل مطبع مصطفائی لکھنؤ ص ۲۷۷

ان یکون اتقی فی جمیع الاوقات وبالنسبة الٰی کل احد من الاحیاء والاموات و الّا لم یوجد لہ فی العٰلمین مصداق اذ لا یتصوّر التقوی فی زمن الصبا وکل منصب محمود شرعًا فالعبرۃ فیہ باٰخر العمر کالعدل والصلاح والغوثیۃ والقطبیۃ والولایۃ والنبوۃ ولہٰذا یدعی بہٰذہ الاوصاف من تشرف بہا فی اواخر عمرہ وان لم یکن لہ ذٰلک من بدء امرہ، فالاتقی من فضل بالتقوی من سائر الموجودین فی اٰخر عمرہ الذی ہو وقت اعتبار الاعمال وبہ یثبت المدعی بلا تکلّف ولا تاویل[1] اھ بالتعریب وقد ارتضاہ المولی الفاضل جانحا الیہ وساکتا علیہ۔

**اقول** وان جعل اللہ الفطانۃ بمرأی العین من قلب وکیع اتقن وأیقن ان ہٰذا لا یزید علٰی تلمیع ہب ان حدیث "العبرۃ بالخواتیم[2]" حق واجب التسلیم لکن الیس العقل السلیم شہیدًا بانّہ اذا ذکر أحد من الاحیاء الموجودین بنعت من النعوت لا یفہم منہ الا اتصافہ فی الحال لا انہ یصیر ہکذا بالمآل والتبادر دلیل الحقیقۃ والافتیاق الٰی قرینۃ تصرف الافہام وتظہر المرام امارۃ المجاز فماذا یحوجنا الیہ مع استقامۃ الحقیقۃ من دون تکلف ولا تاویل، امّا علٰی طریقتنا فالأمر أبین واجلی واما علٰی طریقۃ الشیخ العزیز عبد العزیز فلان امثال تلک التخصیصات تکون مرتکزۃ فی الاذہان من دون حاجۃ الی البیان، ولیس دلالۃ ہٰذا التلویح أدون من ارشاد التصریح ولہٰذا لا ینزل العام عن درجۃ القطعیۃ کما فی الکتب الاصولیۃ واعجب من ہٰذا عدّہ تکلّفا وتاویلا مع شیوعہ فی النصوص حدیثا وتنزیلا فلو کان من باب التکلف فما اکثر التکلف فی افصح الکلام وکلام من ہو افصح الانام علیہ افضل الصلٰوۃ واکمل السلام واغرب من ہذا زعم طریقتہ بریئۃ من التکلّف مع انہا تحتاج الٰی ماہو ابرد وابعد فان الصدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ لم یکن بالحقیقۃ أتقی الموجودین

---

[1] فتح العزیز (تفسیر عزیزی) تحت الآیۃ ۹۲/۱۷ پ عم مسلم بکڈپو لال کنواں دہلی ص۲۰۵،۲۰۴
[2] صحیح البخاری کتاب القدر باب العمل بالخواتیم قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/۹۷۸
کنز العمال حدیث ۵۹۰ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱/۱۲۵

فی حین من الاحیان لحیات سیّدنا عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ والسلام علٰی ارجح الاقوال وزعم التحاقہ بالاموات لارتفاعہ الی السمٰوٰت کلمۃ ھو قائلھا ما علیھا دلیل ولا برھان، وان سلم فاین انت من سیّدنا الخضر علیہ السّلام مع أن المعتمد المختار نبوتہ وحیاتہ[۱]، فان قلت انہ مختف عن الابصار معتزل عن الامصار فالتحق بالاموات کان عذرًا أفسد من الاول فافھم علٰی أنا قد اثبتنا اطلاق الصفۃ علٰی من سیکون کذا تجوز ولا تجوز الّا بقرینۃ ولا قرینۃ الا تخصیص الانبیاء شرعًا فباتکائہ حمل الکلام علی الحقیقۃ اولٰی ام المصیر الی التجوز معتمدا علٰی تلک القرینۃ نفسھا، وقد بقی بعد خبایا فی زوایا لا نذکرھا مخافۃ للتطویل فحق الجواب والحق فی الجواب ماذکر العبد الذلیل وولی التوفیق ربی الجلیل۔

ثمّ اقول وھناک نکتۃ اخری أحق واخری بقبول النھٰی لم ار من تنبہ لھا وھی ان افعل التفضیل لامحید لہ من مفضل علیہ فالمحلی منہ باللام اما ان یکون مفادہ التفضیل علی جمیع من عھد التفاضل فیما بینھم فی امثال ھٰذا المقام کالحبوب فی قولنا خبز البر ھو الاحسن والاکثر فیما نحن فیہ، اوعلی بعضھم دون بعض اولا ولا بل احتمالا علی الاول حصل المقصود والثانی باطل بالبداھۃ الا تری الٰی قولہ تعالٰی "سبح اسم ربک الاعلٰی[۲]"، وقولہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فی دعائہ دبر الصلوٰۃ اسمع واستجب اللہ اکبر الاکبر علی روایۃ الرفع، اخرجہ ابوداؤد والنسائی[۳] وابن السنی وقول ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ بین الصفاء والمروۃ "رب اغفر وارحم انک انت الاعز الاکرم"، رواہ ابن ابی شیبۃ[۴] بل الٰی قول کل مصل فی سجودہ سبحٰن ربی الاعلٰی" وعلی الثالث

---

[۱] شرح المقاصد المقصد السادس الفصل الرابع المبحث السابع دارالمعارف النعمانیہ حیدرآباد دکن ۲/ ۳۱۱
[۲] القرآن الکریم ۸۷/ ۱
[۳] سنن ابی داؤد کتاب الصلوٰۃ باب مایقول الرجل اذا سلم آفتاب عالم پریس لاہور ۱/ ۲۱۱
عمل الیوم واللیلۃ باب مایقول فی دبر صلوٰۃ الصبح دائرۃ المعارف النعمانیہ حیدرآباد دکن ص ۳۲
[۴] المصنف لابن ابی شیبہ کتاب الحج باب ۴۶۰ حدیث ۱۵۵۵۶۰ دارالکتب العلمیہ بیروت ۳/ ۴۰۴

كانت الآية مجملة فى حق المفضل عليهم والمجمل ان لم يبين عد من المتشابهات ولم يعدها أحد منها لكنا بحمد الله وجدنا البيان من صاحب البيان عليه افضل الصلوٰة والسلام، اخرج الامام ابو عمر بن عبد البر من حديث مجالد عن شعبی قال سألت ابن عباس او سئل ای الناس اول اسلامًا قال اما سمعت قول حسان بن ثابت ؎

| | |
|---|---|
| اذا تذكرت شجوًا من اخى ثقة | فاذكر اخاك ابا بكر بما فعلا |
| خير البرية اتقاها واعدلها | بعد النبى واوفاها بما حملا |
| والثانى التالى المحمود مشهده | واول الناس من صدق الرسلا[1] انتهى |

جب یہ بات ثابت ہوگئی اور تم نے اس کے مضمون کو سمجھ لیا اور تم نے کان دھرا اور تم ذہین ہو تو تمھیں اس پہلے شبہہ کا جواب چند وجوہ سے آسان ہے:

**پہلی وجہ** یہ ہے کہ لفظ کے ظاہری معنی کی حفاظت واجب ہے یعنی لفظ کو ظاہر سے پھیرنا جائز نہیں مگر بہ ضرورت، اور ضرورت کہاں۔

**دوسری وجہ** یہ ہے کہ جس تاویل کی طرف لوگ مائل ہوئے اس سے تو قباحت ہی زیادہ ہوئی تو ضرور ہوا کہ ہم اس سے منہ پھیریں، اور ابو عبیدہ نے جو پاپڑ بیلے اس کاوش میں وہ نہ صواب کو پہنچا اور نہ کوئی مفید بات کہی تو ہم اللہ تعالٰی کے قول کے ظاہری معنی کو ایسے شخص کے کہنے سے کیسے چھوڑ دیں جو نہ معصوم تھا، نہ صحابی تھا، نہ تابعی، نہ سُنّی، نہ اپنے مطلب میں صواب کو پانے والا نہ اپنے مفر میں نفع بخش۔

اے لوگو! میں تم سے ایک بات پوچھوں تو کیا جواب دو گے، مجھے بتاؤ اگر آیت لفظ تقی کے ساتھ وارد ہوتی اور ابو عبیدہ لغوی اسے اتقی سے تفسیر کرتا تو ہم اس کے قول سے چمٹ جاتے اور تمھیں اسے قبول کرنے کی دعوت دیتے اب تم کیا کرتے، لیکن انصاف کمیاب شئی ہے اور بڑے نصیب والے ہی کو ملتا ہے۔

**تیسری وجہ** یہ ہے کہ ہم نے آیت میں اس کا وجہ وجیہ ہونا مان لیا، مگر آیت میں کیا یہی وجہ ہے، بلکہ ہماری وجہ واضح تر اور زیادہ روشن ہے اور تقی اور اتقی کی نجات میں کوئی منافات نہیں ہے اور قرآن ہر تاویل پر حجت ہے، اور دو وجہوں میں سے ایک تفصیل کی مقتضی ہے اور دوسری اس کے منافی نہیں تو قبول کرنا اور اس وجہ کے مضمون کا قائل ہونا ضروری ہے۔

اسی لئے ہمارے علماء رحمہم اللہ تعالٰی کو دیکھتے ہو کہ وہ اس آیت سے سیدنا عتیق صدیق

---

[1] الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب حرف العین ترجمہ ۱۶۵۱ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳/ ۹۳

کی فضیلت پر دلیل لاتے ہیں حالانکہ وہ ابو عبیدہ وغیرہ کے کلام کو ہم سے اور تم سے زیادہ جانتے ہیں، پھر بھی علماء کو اس بات نے ان مسالک پر چلنے سے نہ روکا، نہ کسی نے ان مسالک کو ناپسند کیا۔ اب ثابت ہوگیا کہ ہمارا مقصد بحمد اللہ تعالیٰ حاصل ہے اور تمہارا زعم اللہ تعالیٰ کی قدرت سے باطل ہے، اور سب خوبیاں اللہ کے لئے ہیں جو مالک ہے سب جہانوں کا، ہم اسی سے اُمید رکھیں اور اسی سے مدد چاہیں۔

**دُوسرا شبہہ** وُہ ہے جو میرے استاذ الاستاذ مولائے فاضل عبد العزیز بن ولی اللہ الدہلوی (اللہ تعالیٰ ہمیں اور اُنھیں اپنے لُطفِ خفی اور فضلِ کامل سے معاف فرمائے) نے تفسیر فتح العزیز میں اس آیت کریمہ سے اہلِ سُنّت وجماعت کے استدلال کو علمائے زمانہ کے درمیان مشہور طریقہ پر ذکر کرنے کے بعد نقل فرمایا، انھوں نے فرمایا کہ تفضیلیہ نے کہا کہ اتقی بمعنی تقی ہے، اور وہ (اسم تفضیل) معنی تفضیل سے مجرد ہے اس لئے کہ اگر یہ معنیٰ نہ ہو تو اسم تفضیل کے اطلاق کے سبب صدیق کی فضیلت نبی صلّے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شامل ہوگی تو لازم آئے گا کہ صدیق نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اتقی ہوں، اور یہ قطعاً اجماعی طور پر باطل ہے۔ شاہ عبد العزیز نے فرمایا کہ اہل السنت والجماعت نے جواب دیا کہ اتقی کو تقی کے معنیٰ میں لینا عربی زبان کے خلاف ہے اور قرآن تو اسی میں اُترا، تو ایسے طریقہ پر محمول کرنا جو زبان عربی کے دستور میں نہ ہو صحیح نہیں ہے اور جو ضرورت تفضیلیہ نے ذکر کی وہ مندفع ہے اس لئے کہ کلامِ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو چھوڑ کر باقی لوگوں میں ہے کیونکہ شریعت سے یہ معلوم ہے کہ انبیاء کی عظمت سب سے زیادہ ہے اور ان کا مرتبہ سب پر بلند ہے تو انھیں باقی لوگوں پر قیاس نہ کیا جائے گا، نہ باقی لوگ ان پر قیاس کئے جائیں گے، تو شریعت کا عُرف مقام فضیلت اور تفاوت مراتب کی جاری گفتگو میں ایسے الفاظ کو اُمّت کے ساتھ خاص کر دیتا ہے اور تخصیص عُرفی تخصیص ذکری سے زیادہ قوی ہے جیسے کوئی کہے کہ گیہوں کی روٹی سب سے اچھی روٹی ہے، اس سے گیہوں کی روٹی کی فضیلت بادام کی روٹی پر نہ سمجھی جائے گی اس لئے کہ اس کا استعمال متعارف نہیں ہے اور وہ بحث سے خارج ہے اس لئے کہ کلام اناج کو شامل ہے نہ کہ میووں کو — یہ شاہ عبد العزیز کا تفسیر فارسی میں کلام تھا جس کے مفہوم کو ہم نے نقل کیا۔

میں کہتا ہوں اور توفیق اللہ تعالیٰ سے ہے، رہی وہ بات جو شاہ صاحب نے ذکر کی کہ یہ (اتقی بمعنی تقی ہونا) ممنوع و مدفوع ہے، کیا تم نہیں دیکھتے اللہ تعالیٰ کا قول "اور وہی ہے کہ اوّل بناتا ہے پھر اسے دوبارہ بنائے گا اور یہی تمہاری سمجھ میں اس پر زیادہ آسان ہونا چاہیئے" حالانکہ اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی چیز دوسری چیز سے زیادہ آسان نہیں (یعنی اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر یکساں

قدرت حاصل ہے) اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ دوبارہ بنانا تمھاری نظر میں زیادہ آسان ہونا چاہئے اور یہ عسیٰ و لعل جو قرآن میں وارد ہیں ان کی تاویلات میں سے ایک تاویل کی بناء پر ہے اور کیا تم نہیں دیکھتے اللہ تعالےٰ کا یہ قول "جنت والوں کا اُس دن (سب سے) اچھا ٹھکانا اور حساب کی دوپہر کے بعد (سب سے) اچھی آرام کی جگہ" حالانکہ غیر کے لئے خیر نہیں اور خسارہ والوں کے لئے کوئی اچھائی نہیں، یا آیت کفار سے استہزاء کے طور پر جاری ہے، جیساکہ مفسرین نے فرمایا ہے۔ لیکن اصل بات یہ ہے کہ اسمِ تفضیل کا معنیٰ حقیقی تفضیل ہے اور تفضیل سے مجرد ہونے کی طرف بغیر ضرورت داعیہ بہ سبب قرینہ قائمہ نہ پھرے گی جیساکہ ان دو آیتوں میں ہے جو ہم نے تلاوت کیں اور جہاں نہ ضرورت ہو اور نہ قرینہ ہو وہاں ہم تفضیل سے مجرد ہونے کا قول نہ کریں گے اور اس طرف پھرنا تفسیر کی بہ نسبت تحریف سے زیادہ مشابہ ہے جیساکہ ہم نے تحقیق کی، اور اس قدر ان کے رَد کے لئے کافی ہے۔ اور رہی وہ تخصیص عرفی کی بات جو شاہ صاحب نے ذکر فرمائی تو مدعی کا وُہ دعویٰ کہ لفظ اپنے صیغہ کے سبب انبیاء علیہم الصّلوٰۃ والسلام کو بھی شامل ہے تسلیم کرنے کی تقدیر پر جاری ہوئی اور اگر تم حق محکم کو چاہو تو نہ شمول ہے نہ خصوص ہے اس لئے کہ اتقی اسم تفضیل اگر عام ہے تو اپنے افراد کو عام و شامل ہے، اور اس کے افراد وُہ ہیں جنھیں فضیلت و ترجیح دی گئی نہ کہ وہ مرجوح جن پر دوسروں کو فضیلت دی گئی۔

اور اس مقام میں علم والے بادشاہ کی توفیق سے راز یہ ہے کہ افضل کے لئے ایک مفضّل اور دوسرا مفضّل علیہ لازم ہے اور جب اسمِ تفضیل اضافت کے ساتھ یا مِن کے ساتھ مستعمل ہو تو مفضّل علیہ صراحۃً مذکور ہوتا ہے، لیکن جب اسمِ تفضیل الف لام کے ساتھ آتا ہے تو اس میں مفضّل علیہ کلام میں ذکر نہیں کیا جاتا لیکن لامِ تعریف بر سبیلِ عہد مفضّل علیہ کی طرف مفضل کی طرف اشارہ کے ضمن میں اشارہ کرتا ہے اس لئے کہ کوئی ذات جس کو دوسرے پر فضیلت ہو جیساکہ صیغۂ افضل کا مفاد ہے بغیر لامِ تعریف کے اسی وقت متعین ہوگی جب مفضل علیہ متعین ہو تو اس کی تعیین مفضل علیہ کی تعیین کو مستلزم اور جب کہ تعیین صراحۃً موجود نہیں تو مآلِ کار کا حکماً تعیین ماننا ہے اور شرع مطہر میں بعض اُمتیوں کی تفضیل دُوسرے اُمتیوں پر معروف ہے نہ کہ انبیاءِ کرام علیہم الصّلوٰۃ والسلام پر فضیلت ہو تو نہ متکلم کی مراد ہوتی ہے نہ مخاطب ہی یہ معنیٰ سمجھتا ہے، اب انبیائے کرام عموم میں داخل ہی نہیں کہ اس سے مستثنے کئے جائیں، اس کلام میں غور کرے، بیشک یہ دقیق ہے اور میں اپنی سمجھ سے یہی گمان کرتا تھا یہاں تک کہ میں نے نحو کے عالموں کی تصریح اپنے نتیجۂ فکر کے مطابق دیکھی وللہ الحمد۔

حضرت بلند مرتبت نور الملّۃ والدّین جامی قدس اللہ تعالےٰ سرہٗ نے فرمایا اسمِ تفضیل کی وضع

شے کی غیر پر فضیلت بتانے کے لئے ہے، لہٰذا اس میں غیر کا مفضل علیہ مذکور ہونا ضروری ہے اور مِن اور اضافت کے ساتھ تو مفضل علیہ کا مذکور ہونا ظاہر ہے۔ رہا لام تعریف کے ساتھ تو مفضل علیہ صریح مذکور کے حکم میں ہے اس لئے کہ لام تعریف سے ایک معین کی طرف اشارہ ہوتا ہے جو لفظ میں مذکور یا حکم میں موجود مفضل علیہ کی تعیین سے متعین ہوتا ہے جیسے اگر کوئی شخص زید سے افضل مطلوب ہو تو تم کہو کہ عمرو افضل ہے (لام تعریف کے ساتھ) تو مطلب یہ ہے کہ وہ شخص جسے ہم نے زید سے افضل کہا عمرو ہے، تو اس بناء پر صیغۂ افعل التفضیل میں لام عہد (تعیین) ہی کے لئے ہوگا انتہی۔

**قلت** (میں نے کہا) مقصود کی تنقیح اس بحث کی تحقیق کے ذریعہ تفصیل کو چاہتی ہے جس سے ہم بے نیاز ہیں (**دو ۲ لطیفے**) جس طرح اسم تفضیل کے بارے میں فاضل جامی نے تصریح کی ایسی ہی تصریح رضی استر آبادی نے بھی کی جس کے شہر میں اس کے زمانے میں اسی کی نہج و نحو پر عمارت قائم ہوئی، مگر ہم نے اس کا کلام نقل نہ کیا اس لئے کہ اس کے دل پر ایسی آفت ہے جس کی حد نہیں ہے، اس کو سمجھا جو سمجھا۔ پھر فاضل مولانا نے بعض گرامی قدر اکابر سے ایک اور جواب نقل کیا اور شاید ان کی مراد ان کے والد ہیں اور وہ یہ کہ اتقی اس جگہ اپنے معنیٰ پر ہے یعنی جو تقویٰ میں اپنے ماسوا سے افضل ہو خواہ نبی ہو یا غیر نبی، مگر یہ کہ اس صورت میں یہ ان کے ساتھ خاص ہوگا جو زندہ موجود ہیں۔ پھر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اتقی کے مصداق اپنی عمر کے آخری حصہ میں اپنی خلافت کے دَور میں مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے بعد ہوئے، اور سیدنا عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام جب آسمان پر اٹھا لئے گئے تو وہ زندوں کے حکم میں نہ رہے ——— اور اتقی کے لئے ضروری نہیں کہ وہ تمام اوقات میں اتقی ہو اور تمام احیاء واموات سے افضل ہو، ورنہ عالم میں کوئی اس کا مصداق نہ ہوگا کیونکہ بچپن کے زمانہ میں تقویٰ متصور نہیں، اور ہر منصب جو شرعاً محمود ہو اس میں اعتبار آخر عمر کا ہے جیسے عدل وصلاح غوثیت و قطبیت ولایت ونبوت اسی لئے جو ان اوصاف سے مشرف ہوتا ہے اسے اس کے آخری ایام میں ان اوصاف کے ساتھ موسوم کرتے ہیں اگرچہ یہ اوصاف ان لوگوں کو ابتداء سے حاصل نہیں ہوتے تو اتقی وُہ ہے جو تمام موجودین کے بیچ تقویٰ میں سب سے افضل ہو اپنی اواخر عمر میں جس وقت اعمال کا اعتبار ہوتا ہے اور اس تقریر سے صدیق کی افضلیت کا دعوٰی بے تکلف و تاویل ثابت ہو جاتا ہے۔ عربی عبارت کے ساتھ ترجمہ ختم ہوا اور اس تقریر کو فاضل مولانا نے اس کی طرف میلان اور اس پر سکوت کرتے ہوئے پسند کیا۔

**اقول** (میں کہتا ہُوں) اور اگر اللہ تعالےٰ ذہانت کو قلب کے سامنے رکھے تو وہ محکم یقین کرلے گا کہ یہ ملمع سے زیادہ نہیں، مان لیا کہ حدیث کا ارشاد ہے: "خاتمہ کا اعتبار ہے" حق واجب التسلیم ہے

لیکن کیا عقل سلیم شاہد نہیں کہ جب دُنیا میں زندہ موجود لوگوں میں سے کوئی کسی وصف کے ساتھ مذکور ہو تو اس سے اس کا فی الحال متصف ہونا ہی مفہوم ہوتا ہے نہ یہ کہ وہ ایسا آئندہ ہو جائے گا، اور تبادر (معنیٰ کی طرف سبقت فہم) معنیٰ حقیقی کی دلیل ہے اور قرینہ کی حاجت جو ذہن کو دوسرے معنیٰ کی طرف پھیرے اور مقصد ظاہر کرے مجازی معنیٰ کی علامت ہے تو ہمیں مجاز کی ضرورت کس لئے پڑی باوجودیکہ حقیقت بغیر تکلف و بغیر تاویل درست ہے ہمارے طریقے پر تو معاملہ خوب ظاہر و باہر ہے، اور شیخ عبدالعزیز کے طریقہ پر حقیقی معنیٰ کی درستگی اس لئے کہ ایسی تخصیصات عرفی اذہان میں مرتکز ہوتی ہیں جن کے بیان کی حاجت نہیں ہوتی اور عرف عام کے اس اشارہ کی دلالت صراحت کی دلالت سے کم رتبہ نہیں، اور اسی لئے عام درجۂ قطعیت (تیقن) سے نہیں گزرتا، جیسا کہ اصولِ فقہ کی کتب میں مصرح ہے، اور اس سے عجیب تر یہ ہے کہ شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمہ نے اس (تخصیص) عرفی کو تکلف و تاویل میں شمار کیا باوجودیکہ یہ قرآن و حدیث کی نصوص میں شائع ہے تو اگر یہ تکلف کے باب سے ہو تو افصح الکلام (قرآن) اور سب سے زیادہ فصیح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کلام میں کس قدر تکلف ہوگا اور اس سے زیادہ عجیب یہ ہے کہ شاہ صاحب نے اپنے پسندیدہ طریقہ کو تکلف سے بری کہا جب کہ وہ بہت دُور کی اور بہت بارد تاویل کا محتاج ہے اس لئے کہ صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کسی وقت بھی تمام موجودین سے حقیقۃً زیادہ متقی نہ تھے اس لئے کہ راجح مذہب پر سیدنا عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام دنیا میں زندہ ہیں اور آسمانوں میں حضرت عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہونے کے سبب انھیں اموات سے ملحق بتانا ایسی بات ہے جو انھوں نے کہی اور اس پر کوئی دلیل و برہان نہیں ہے۔ پھر اگر یہ بات تسلیم کرلیں تو تم سیدنا خضر علیہ السلام سے کہاں غافل ہو باوجودیکہ معتمد و مختار یہ ہے کہ وُہ نبی ہیں اور زندہ ہیں تو اگر تم کہو کہ وہ نگاہوں سے پوشیدہ اور شہروں سے جُدا ہیں اس بنا پر اموات سے ملحق ہیں تو یہ عذر پہلے سے زیادہ فاسد ہوگا تو تم سمجھ لو۔ علاوہ ازیں ہم ثابت کر چکے کہ صفت کا اطلاق ایسے شخص پر جو آئندہ صفت کا مصداق ہوگا مجاز ہے اور مجاز بغیر قرینہ کے ماننا درست نہیں اور قرینہ شرعی انبیاء کی تخصیص ہے، تو کلام کو حقیقت پر محمول کرنا اولیٰ ہے یا مجاز کی طرف اسی قرینہ پر اعتماد کی وجہ سے پھیرنا انسب ہے اور کچھ پوشیدہ باتیں گوشوں میں رہ گئی ہیں جنھیں ہم طوالت کے ڈر سے ذکر نہیں کرتے، تو جواب برحق اور جواب کا حق وہی ہے جو بندۂ ناتواں نے اپنے رب جلیل کی توفیق و اعانت سے ذکر کیا۔

**ثم اقول** (پھر میں کہتا ہوں) اس مقام میں ایک دوسرا نکتہ ہے جو عقلوں کو قبول ہونے کا زیادہ سزاوار ہے، میں نے نہ دیکھا کہ کسی کو اس نکتہ کی طرف توجہ ہوتی ہو اور وُہ نکتہ یہ ہے کہ

افضل التفضیل کے لئے مفضل علیہ ضروری ہے تو اس صیغہ پر جب لامِ تعریف داخل ہوگا تو یا تو ایسے مقام میں ان تمام افراد پر فضیلت ہوگا جن کے درمیان ایسے مواقع پر حرف میں تفاضل سمجھا جاتا ہے جیسے ناج کی قسموں میں ہمارے جملہ "گیہوں کی روٹی ہی اچھی ہے" میں اور وہی زیادہ تر مستعمل ہے اس مقام میں جس کی بابت ہم گفتگو کر رہے ہیں، یا اس صیغہ سے بعض پر فضیلت سمجھی جائے گی اور بعض پر فضیلت مفہوم نہ ہوگی یا نہ پہلی صورت ہوگی نہ دوسری، بلکہ دونوں کا احتمال ہوگا۔ پہلی تقدیر پر ہمارا مُدعا حاصل ہے اور دوسری تقدیر پر بداہتہً باطل ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے اللہ تعالےٰ کے قول "اپنے رب اعلیٰ کی پاکی بولو" کی طرف اور نماز کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قول "اے رب! دُعا سُن لے اور قبول فرما، اللہ اکبر، الاکبر" کی طرف۔ اکبر کے مرفوع ہونے کی روایت پر اس حدیث کو روایت کیا ابوداؤد، نسائی اور ابن السنی نے، اور صفا و مروہ کے درمیان ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے قول "اے رب! بخش دے اور مہر فرما بیشک تو ہی عزت والا اکرم والا ہے" کو نہیں دیکھتے۔ اسے روایت کیا ابن ابی شیبہ نے، بلکہ سجدے میں ہر نمازی کے قول "سبحان ربی الاعلیٰ" کو نہیں دیکھتے اور تیسری تقدیر پر ہر آیت مفضل علیہم کے حق میں مجمل ہوگی اور مجمل آیت کا بیان اگر نہ ہوا ہو تو وہ متشابہ آیتوں میں شمار ہوگی حالانکہ اس آیت کو کسی نے متشابہات میں شمار نہ کیا، لیکن ہم نے بحمد اللہ اس آیت کا بیان صاحبِ بیان حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پایا۔
امام ابوعمر ابن عبداللہ نے روایت کی حدیث مجالد سے اُنھوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت ابن عباس (رضی اللہ تعالےٰ عنہما) سے پُوچھا یا ابن عباس سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سب سے پہلے کون اسلام لایا۔ اُنھوں نے فرمایا: کیا تم نے حسّان بن ثابت کے یہ شعر نہ سُنے:

(ترجمۂ اشعار) جب تجھے سچّے دوست کا غم یاد آئے، تو اپنے بھائی ابوبکر کو ان کے کارناموں سے یاد کر جو نبی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) کے بعد ساری مخلوق سے بہتر، سب سے زیادہ تقویٰ اور عدل والے، اور سب سے زیادہ عہد کو پورا کرنے والے، جو نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ساتھ غار میں رہے، جو نبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے پیچھے سفرِ ہجرت میں چلے، جن کا منظر محمود ہے اور لوگوں میں سب سے پہلے جنھوں نے رسولوں کی تصدیق کی۔ (صلے اللہ تعالےٰ علےٰ سیدنا محمد وآلہ وسلم)۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۸ ص ۶۰۰ تا ۶۱۳)

(۴۸) تفضیلیہ کے آیت کریمہ "انّ اکرمکم عند اللہ اتقٰکم" پر ایک شبہہ کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

**الشبهة الثالثة** وهى تتعلق بالكبرى من قياس اهل السنة والجماعة ان

المحمول فی قوله تعالیٰ "انّ اکرمکم عند الله اتقٰکم"[1]، هو الاتقی فکان حاصل المقدمتین ان الصدیق اتقی و کل اکرم اتقی وهذا لیس من الشکل الاول فی شیٔ ولا ثانیاً ایضاً لعدم الاختلاف فی الکیف وان عکستم الکبریٰ جاءت جزئیۃ لا تصلح لکبرویۃ الشکل الاول فمفاد الاٰیتین لا یضرنا ولا ینفعکم وهٰذہ الشبهۃ هی اللتی بلغنی عن بعض المفضلۃ عرضها علیٰ بعض المتکلمین منا۔

وانا اقول وبالله التوفیق مااستخفه تشکیکا واضعفه دخلاً رکیکاً غلط ساقط باطل عاطل لا یستحق الجواب ولکن اذا قیل وسئل فلابد من ابانۃ الصواب فاعلم ان اللطیف الخفی وفقنی لازهاق هٰذا التلبیس الفلسفی باثنی عشر وجها امهاتها ثلثۃ وجوہ کل منها یکفی ویشفی۔

الاوّل لوکان لهذا القائل علم بمحاورات القراٰن اوالحدیث او بما روی العلماء فی شان النزول اوالتفسیر المرفوع الیٰ جناب الرسول صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اوکلمات العلماء والائمۃ الفحول اورزق حظا من فهم الخطاب ودرك المفاد وتنزیل الکلام علی الغرض المراد لعلم ان حمل الاکرم هوالمعتبر وصدر الکلام بتصدیر الخبر وذٰلك بوجوہ اوقفنی الله تعالیٰ علیها بمنه وعمیم کرمه۔

فاقول اوّلاً کانت الجاهلیۃ تتفاخر بالانساب وتظن ان الانسب هوالافضل فجاءت کلمۃ الاسلام یرد کلمۃ الجاهلیۃ "انّ اکرمکم عند الله اتقٰکم"[2] فالنزاع انما وقع فی موصوف الافضل لا فی صفته وهذا کما اذا سأل سائل عن الذ الاطعمۃ فقال قائل الحامض الذ فنقول ردا علیه لا بل الذها احلاها فانما ترید ان الاحلی هوالالذ والوجه ان الاتقی فی الاٰیۃ کالاحلی فی قولك هٰذہ مراٰۃ لملاحظۃ الذات والاکرم حکم علیه کالالذ وانما الخبر ما حکم به لاما حکم علیه ولقد دری من له قلیل ممارسۃ بکلام العرب ان الذهن اوّل ما تلقی الیه امثال هذا الکلام لایسبق الا الیٰ ان المراد مدح الاتقیاء والترغیب فی التقویٰ والوعد الجمیل بان من یتق یکن کریما علینا عظیماً لدینا وهٰکذا فهم المفسرون فهذا الزمخشری

---

[1] و [2] القراٰن الکریم ۴۹/ ۱۳

النکتة فی الادب الشامة فی معرفة کلام العرب یقول فی تفسیرہ "المعنی ان الحکمة التی من اجلها رتبکم علیٰ شعوب و قبائل ھی ان یعرف بعضکم نسب بعض فلا یعتزی الیٰ غیر أبائه، لا ان تتفاخروا بالأباء والاجداد وتدعوا التفاوت والتفاضل فی الانساب" ثم بیّن الخصلة التی بها یفضل الانسان غیرہ ویکتسب الشرف والکرم عند اللہ تعالیٰ فقال ان اکرمکم عند اللہ اتقٰکم" وقرئ أنّ بالفتح کانه قیل لم لایتفاخر بالانساب فقیل لان اکرمکم عند اللہ اتقاکم لا انسبکم[1] الخ وبمثله قال الامام النسفی فی المدارک[2]۔

و **اقول ثانیًا** القرآن انما نزل لبیان الاحکام التی لانطلع علیها الا باطلاع اللہ سبحٰنه وتعالیٰ کالنجاۃ والهلاک والکرامة والهوان والرد والقبول والغضب و الرضوان لا لبیان الامور الحسیة وکون الرجل تقیا او فاجرا مما یدرک بالحس ففی جعل الاکرم موضوعا کقلب الموضوع ولقد کان هذا الوجه من اول ما سبق الیه فکری حین استماع الشبهة ثم فی اثناء تحریر الرسالة لما راجعت مفاتیح الغیب رأیت الفاضل المدقق تنبه للشبهة ودندن فی الجواب حول ما اومأنا الیه حیث یقول "فان قیل الأیة دلت علیٰ ان کل من کان اکرم کان اتقی" وذٰلک لا یقتضی ان کل من کان اتقی کان اکرم، قلنا وصف کون الانسان اتقی معلوم مشاهد، ووصف کونه افضل غیر معلوم ولا مشاهد والاخبار عن المعلوم بغیر المعلوم هو الطریق الحسن، اما عکسه فغیر مفید، فتقدیر الأیة کانه وقعت الشبهة فی ان الاکرم عند اللہ من هو؟ فقیل هو الاتقیٰ، واذا کان کذٰلک کان التقدیر اتقٰکم اکرمکم عند اللہ[3] انتهی۔

**قلت** ولعلّک لا یخفی علیک ما بین التقدیرین من الفرق وما بین هٰذا الوجه ووجوهنا الباقیة من التفاوت العظیم " ذٰلک فضل اللہ یؤتیه من یشاء[4]"۔ والحمد للہ رب العٰلمین۔

---

[1] الکشاف تحت الآیة ۴۹/۱۳ دار الکتاب العربی بیروت ۴/۳۷۵
[2] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) " " " " " ۴/۱۷۳
[3] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیة ۴۹/۱۳ دار الکتب العلمیه بیروت ۳۱/۱۸۵
[4] القرآن الکریم ۵/۵۴

**ثم اقول** عسٰی ان یزعجك الوهم المسئول فیلجئك ان تقوم تقول الیس التقوٰی من افعال القلوب، قال اللہ سبحٰنہ و تعالٰی" اولٰئك الذین امتحن اللہ قلوبھم للتقوٰی[1]"؟ وقال تعالٰی" ومن یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب[2]"، وقال صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم" التقوٰی ھٰھنا، التقوٰی ھٰھنا، التقوٰی ھٰھنا، یشیر الی صدرہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم" اخرجہ مسلم[3] وغیرہ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ وعنہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم" لکل شئ معدن ومعدن التقوٰی قلوب العارفین"؛ اخرجہ الطبرانی[4] عن ابن عمر والبیھقی عن الفاروق اکبر رضی اللہ تعالٰی عنہما، فکیف قلتم انہا من المحسوسات۔

**قلت** بلٰی ان التقوی مقامہا القلب وعن ھذا قلنا ان الصدیق لما کان اتقی الامّۃ باسرھا وجب ان یکون اعرفہا باللہ تعالٰی لکن القلب امیر الجوارح فاذا استولی علیہ سلطان شئ اذعنت لہ الجوارح طرًا ولمعت علیہا اثارہ جھرًا وھذا مشاھد فی الحیاء والحزن والفرح والغضب وغیر ذٰلك من صفات القلب قال المصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم" الا وان فی الجسد مضغۃ اذا اصلحت صلح الجسد کلہ واذا فسدت فسد الجسد کلہ الا وھی القلب" اخرجہ الشیخان[5] عن نعمان ابن بشیر رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

**تیسرا شبہہ** اس کا تعلق اہلسنت وجماعت کے قیاس کے کبرٰی کے ساتھ ہے کہ اللہ تعالٰی کے قول" انّ اکرمکم عند اللہ اتقٰکم" میں محمول الاتقٰی ہے۔ تو دونوں مقدموں کا حاصل یہ ہُوا کہ صدیق اتقٰی ہیں اور ہر اکرم اتقٰی ہے، اور یہ کسی طرح شکل اوّل کے قبیل سے نہیں اور

---

[1] القرآن الکریم ۴۹/ ۳
[2] " " ۲۲/ ۳۲
[3] صحیح مسلم کتاب البر والصلۃ باب تحریم ظلم المسلم وخذلہ الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۳۱۷
[4] المعجم الکبیر حدیث ۱۳۱۸۵ المکتبۃ الفیصلیۃ بیروت ۱۲/ ۳۰۳
[5] صحیح البخاری کتاب الایمان باب فضل من استبرأ لدینہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۳
صحیح مسلم کتاب المساقات باب اخذ الحلال وترك الشبہات " " ۲/ ۲۸

شکل ثانی بھی نہیں اس لئے کہ کیف میں اختلاف نہیں ہے، اور اگر کبریٰ کا عکس کر دیا جائے اس صورت میں موجبہ جزئیہ ہوگا جو شکل اوّل کے کبریٰ بننے کے لائق نہیں، تو دونوں آیتوں کا مفاد تمہیں مضر نہیں اور تمہیں مفید نہیں، اور یہ وہی شبہہ ہے جس کے بارے میں مجھے خبر پہنچی کہ کسی تفضیلی نے ہمارے کسی عالم سے عرض کیا۔

اور میں کہتا ہوں اور توفیق اللہ ہی سے ہے، یہ کتنی سخیف تشکیک ہے اور کس قدر ضعیف اعتراض رکیک ہے جو غلط ہے ساقط ہے باطل وعاطل ہے جواب کا مستحق نہیں، لیکن یہ جب کہا گیا اور پوچھا گیا تو صواب کو ظاہر کرنا ضروری ہے، اب تم جانو کہ اللہ لطیف خفی نے اس قید فلسفی کے قلع قمع کے لئے مجھے بارہ[۱] وجوہ سے توفیق بخشی ان بارہ[۲] کی اصل تین[۳] وجہیں ہیں ان میں سے ہر ایک کافی وشافی ہے:

**پہلی** یہ کہ اگر اس معترض کو قرآن وحدیث کے محاورات یا شانِ نزول میں علماء کی روایات جناب رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طرف منسوب ومرفوع تفسیر یا علماء اور جلیل القدر ائمہ کے کلمات کا علم ہوتا یا نظمِ قرآن کی سمجھ اور مفاد ومعنی کی فہم اور کلام کو غرض مقصود پر رکھنے سے کچھ حصہ روزی دیا ہوتا تو وُہ جان لیتا کہ اکرم کو محمول بنانا ہی معتبر ہے تو کلام اس طرح صادر ہوا کہ اس میں تقدیم خبر ہے اور یہ دعویٰ چند دلیلوں سے ثابت ہے اس پر اللہ تبارک وتعالےٰ نے مجھے اپنے احسان اور لطفِ عام سے مطلع کیا۔

**فاقول** (میں کہتا ہوں) **اولاً** اہلِ جاہلیت نسب پر فخر کرتے تھے اور وہ گمان کرتے تھے کہ جس کا نسب بہتر ہے وہی افضل ہے تو اسلام کا کلمہ جاہلیت کے بول کو رَد کرتا ہُوا آیا انّ اکرمکم عند اللہ اتقٰکم (بیشک اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا وُہ ہے جو سب سے بڑا پرہیزگار ہے) تو نزاع تو اس میں ہے کہ وصف اول کا موصوف کون ہے نہ کہ صفت افضل میں۔ اور یہ ایسا ہی ہے جیسے کہ کوئی پُوچھنے والا پُوچھے کہ کھانوں میں سب سے مزیدار کھانا کون سا ہے؟ تو کوئی کہے الذّھا اخلاھا (کھٹا سب سے زیادہ مزیدار ہے) تو اس کا رَد کرنے کو تم یُوں کہو: نہیں بلکہ الذّھا احلاھا (سب سے زیادہ مزیدار میٹھی چیز ہے)۔ تو ہماری مراد یہی ہے کہ سب سے زیادہ میٹھا سب سے زیادہ مزیدار ہے، اور وجہ یہ ہے کہ اس آیت میں اتقٰی تمہارے اس قول "ذات کے ملاحظہ کے لئے یہ آئینہ ہے" میں احلی کی مثل ہے اور اکرم محکوم علیہ ہے جیسے الذ۔ اور خبر تو محکوم بہ ہوتی ہے نہ کہ محکوم علیہ۔ اور بیشک وُہ سمجھتا ہے جسے کلام عرب سے تھوڑا سا سابقہ ہو کہ جیسے ہی ایسا کلام ذہن میں آتا ہے اس کی سبقت اسی طرف ہوتی ہے کہ مراد پرہیزگاروں کی تعریف' اور تقوٰی کی رغبت دلانا ہے اور یہ وعدۂ جمیل کہ جو تقوٰی اختیار کرے گا ہمارے یہاں عزت وکرامت والا ہوگا۔ اور اسی طرح مفسرین نے سمجھا' تو یہ زمخشری جو ادب میں نکتہ کی مانند اور کلام عرب میں تِل کی مثال سے ہے اپنی تفسیر

میں قائل ہیں بیشک وہ حکمت جس کی وجہ سے تمھاری ترتیب کنبوں اور قبیلوں پر رکھی وُہ یہ ہے کہ ایک دوسرے کا نسب جان لے۔ تو اپنے آباء و اجداد کے سوا دوسرے کی طرف اپنی نسبت نہ کرے نہ یہ کہ تم آباؤ اجداد پر فخر کرو اور نسب میں فضیلت اور برتری کا دعویٰ کرو۔ پھر اللہ نے وُہ خصلت بیان کی جس سے انسان دوسرے سے برتر ہوتا ہے اور اللہ کے یہاں عزت و بزرگی کا اکتساب کرتا ہے تو اللہ نے فرمایا، اِنَّ اَکرمکم عند اللہ اتقٰکم۔ اور ایک قرارت اَنَّ فتح ہمزہ کے ساتھ ہے گویا کہ کہا گیا ہے کہ نسب پر فخر نہ کرو، تو بتایا گیا کہ اس وجہ سے کہ تم میں سب سے زیادہ عزت والا اللہ کے نزدیک وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے نہ وہ جو سب سے بڑے نسب والا ہو الخ۔ اور اسی طرح امام نسفی نے مدارک میں فرمایا۔

**اقول ثانیاً** قرآن تو ان احکام کے بیان کے لئے نازل ہوا ہے جن کا علم اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ کے اطلاع کے بغیر نہیں ہو سکتا جیسے کہ نجات و ہلاکت، عزت و دولت اور مردود و مقبول ہونا اور غضب و رضائے الٰہی، وہ محسوسات کے بیان کے لئے نہیں اُترا اور آدمی کا پرہیزگار یا مددگار ہونا ان باتوں سے ہے جن کا علم احساس سے ہوتا ہے تو اکرم کو موضوع بنانا قلب موضوع ہے اور بیشک یہ وجہ ان باتوں سے ہے جن کی طرف میری فکر نے شبہہ کو سُن کر سبقت کی، پھر اس رسالہ کی تصنیف کے دوران جب میں نے تفسیر "مفاتیح الغیب" دیکھی تو میں نے فاضل مدقق کو دیکھا کہ وہ اس شبہہ کی طرف متنبہ ہوئے اور جواب میں جس کی طرف ہم نے اشارہ کیا اس کے گرد مبہم کلام فرمایا اس لئے کہ وہ فرماتے ہیں پھر اگر کہا جائے کہ یہ آیت تو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہر وُہ شخص جو اکرم (بڑا عزت والا) ہو گا اتقٰی (بڑا پرہیزگار) ہو گا، اور یہ اس بات کا مقتضی نہیں کہ ہر وُہ شخص جو اتقٰی (بڑا پرہیزگار) ہو وہ اکرم (بڑا عزت دار) ہو۔ ہم کہیں گے کہ انسان کا اتقٰی ہونا وصفِ معلوم و محسوس ہے اور انسان کا افضل ہونا نہ وصفِ معلوم ہے اور نہ محسوس۔ اور معلوم کے بارے میں وصفِ غیر معلوم کے ذریعہ خبر دینا، یہی بہتر طریقہ ہے۔ رہا اس کا عکس، تو وُہ مفید نہیں۔ تو آیت میں عبارت مقدر ہے، گویا کہ اس بارے میں شبہہ ہوا کہ اللہ کے نزدیک اکرم کون ہے؟ تو فرمایا گیا کہ اکرم اتقٰی ہے، اور جب بات یُوں ہے تو آیت کی تقدیر یُوں ہو گی اتقٰکم اکرمکم عند اللہ (تم میں سب سے زیادہ پرہیزگار اللہ کے نزدیک تم سب میں عزت والا ہے)۔

**قلت** (میں کہتا ہوں) اور شاید تم پر پوشیدہ نہ ہو وہ فرق جو دونوں تقدیروں میں ہے اور وُہ عظیم تفاوت جو اس وجہ میں اور ہماری باقی وجوہ میں ہے یہ اللہ کے فضل میں ہے جسے چاہتا ہے دے دیتا ہے۔ اور سب تعریفیں اللہ کے لئے جو رب ہے جہان والوں کا۔

**ثم اقول** (پھر میں کہتا ہوں) قریب ہے کہ تمھیں وہم بے چین کرے پھر تمھیں مجبور کرے کہ

تم کھڑے ہوکر یہ کہو کہ کیا تقوٰی افعال القلوب سے نہیں، اللہ سبحٰنہ وتعالٰی کا ارشاد ہے: "یہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیزگاری کے لئے پرکھ لیا ہے۔" اور اللہ تعالٰی فرماتا ہے: "اور جو اللہ کے نشانوں کی تعظیم کرے تو یہ دلوں کی پرہیزگاری سے ہے۔" اور نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: "تقوٰی یہاں ہے، تقوٰی یہاں ہے، تقوٰی یہاں ہے۔ حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اپنے سینہ مبارک کی طرف اشارہ فرماتے تھے۔" اس حدیث کو مسلم وغیرہ نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا، اور حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے مروی ہے: "ہر شئے کے لئے کان ہے اور تقوٰی کی کان اولیاء کے دل ہیں۔" اس حدیث کو طبرانی نے ابن عمر سے اور بیہقی نے فاروق اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا، تو آپ نے کیسے کہہ دیا کہ تقوٰی محسوسات سے ہے۔

**قلت** (میں جواب میں کہتا ہوں) ہاں بیشک تقوٰی کا مقام قلب ہے اور اسی وجہ سے ہم نے کہا کہ بیشک جب صدیق تمام اُمت سے زیادہ پرہیزگار ہوئے تو ضروری ہوا کہ وہ سب سے زیادہ اللہ کو جاننے والے ہوں لیکن قلب اعضاء کا امیر ہے، تو جب قلب پر کسی شئے کا سلطان غالب ہوتا ہے تو تمام اعضاء اس کے تابع ہوجاتے ہیں اور اعضاء پر اس کے آثار صاف جھلکتے ہیں اور حیاء وغم، خوشی و غضب وغیرہ صفاتِ قلب میں اس کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ مصطفٰے صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم فرماتے ہیں: "خبردار! بیشک جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے جب وہ سُدھرتا ہے پورا جسم سُدھر جاتا ہے اور جب وہ بگڑتا ہے پورا جسم بگڑ جاتا ہے، سنئے! وہ قلب ہے۔" اس حدیث کو بخاری و مسلم نے نعمان ابن بشیر رضی اللہ تعالٰے عنہما سے روایت کیا۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۶۱۶ تا ۶۲۳)

(۴۹) آیت کریمہ "انّ اکرمکم عند اللہ اتقٰکم" پر ایک اور اعتراض کا منطقی انداز میں شافی جواب دیتے ہوئے فرمایا:

من وجوہ الجواب عن ھذا الارتیاب اقول بتوفیق الوھاب لئن جئنا علی المماکسۃ والاستقصاء لما ترکنا کم ان تزعموا ان الاٰیۃ لاتقتضی باکرمیۃ الاتقی وان سلمنا ان الموضوع ھو الاکرم وذٰلک لان اتقٰکم واکرمکم لایصدقان بل لایصلحان لان یصدقا الاعلی واحدٍ ولا یجوز تعددھما بمعنی الصدق مرۃ علی ھذا واخری علی ذاک فاذا ثبت اتحادھما فی الوجود کما ھو مقتضی الحمل وجب التعاکس اذلما اتحد مصداقھما وقد علمنا بطلان التعدد کانا کعلمین لجرمی واحدٍ لک ان تجعل ایھما شئت مراٰۃ لملاحظۃ وایھما شئت محمولا علیہ ولہ نظائر جمۃ تقول افضل الانبیاء اولھم خلقا

واکرم الرسل اٰخرھم بعثا، واحسن الجنّت اقربھا الی العرش، واعظم شجرۃ فی الجنۃ طوبٰی، ومنتھی جبریل سدرۃ المنتھی، وافضل الصلوات الصلوٰۃ الوسطی، وابوک ابوہ، وامک امہ، و اول من دخل اٰخر من خرج، و اقل الاعداد اول الاعداد، والشمس النیرالاعظم، واعلی الافلاک اکبرھا حجما، واخص الکلیات اقلھا افراداً، وفلک جوزھر ھو فلک القمر وسیارۃ لاتدویرلھا ذکاء والمتحیرۃ السوداء زحل، والخانس الکانس الاحمر مریخ الی غیر ذٰلک مما لا یعد ولا یحصی ومحال ان تبدی مثالاً یحمل فیہ افعل احترازعن المستعمل بمن مضافا علی افعل مضافا الی ما اضیف الیہ الاول مع جریانھما علی معناھما الحقیقی

ثم لا یصح العکس، فاذا صدقت القضیۃ بالنظر الی الواقع کفانا ھذا لانتظام القیاس واستنتاج المدعی، والسرفی ذٰلک ان الموجبات انما تنعکس الی ما لا یصلح لکبرویۃ الاول لجواز عموم المحمول و اذا کان ھناک مفھومان لیس لکل منھما الا مصداق واحد بحسب ظرف الخارج اوالذھن ایضاً بطل عمومھما بحسب ذٰلک الظرف (فلا یجوز ان یکون احدھما اعم من الاٰخر بمعنی شمولہ لہ ولغیرہ فی ذٰلک الظرف) فلم یبق باعتبارہ الا التساوی او التباین ولا ثالث لھما، فان صدقت الحملیۃ القائلۃ ان ھذا ذاک وجب صدق القائلۃ ان ذاک ھذا والجاز السلب فیتباینان فتبطل الاولی ھف فاذا بلغنا مثلاً عن رجل قولان احدھما قولہ لعمرو زید ابوک والاٰخر قولہ ابی ابوک امکن لنا ان نعمل من قولیہ شکلاً ینتج ان زیدا ابی لانہ اذا صدق قولہ ابی ابوک لزم صدق ابوک ابی والا لتعدد ابواھما فبطل الاول واذا صدقت ھذہ انتظم الشکل بان زیدا ابوک وابوک ابی فزید ابی، وافعل التفضیل مضافاً الی جماعۃ اذا کان باقیاً علیٰ معناہ الحقیقی المتبادر منہ شانہ ھذا، اذ لایکون الفرد الاکمل من جماعۃ الا واحدا ولن یصدقن ابدا قضیتان قائلتان بان ھذا اکملھم و ذٰلک اکملھم معًا و ھذا ظاھر جدا بل شان ھذا انور من شان الشمس واخواتھا فان العقل یجیز صدقھا علی افراد کثیرۃ ثبیرۃ واذا وجد لھا فی الخارج فرد لم یستبعد وجود اٰخر بخلاف افعلھم فانما یقبل الاشتراک علیٰ سبیل البدلیۃ واذا صدق فی الخارج علیٰ فرد احال العقل صدقہ علی اٰخر منحازاً عنہ کذا اسماء الاشارۃ سواء بسواء فصدق العکس ھٰھنا ابین و اجلی، واما قول اھل المیزان لاتنعکس الموجبۃ الاجزئیۃ معناہ ان کلما جعلت موضوع موجبۃ کلیۃ محمولاً

ومحمولها موضوعًا واتیت بسور الکلیة کانت القضیة کاذبة، فان الواقع یکذبه بل المعنی عدم الاطراد، وهم لا اقتصر نظرهم علی الکلیات لایعتدون الا بالمطرد المضبوط الذی لایتخلف فی مادة من المواد، وعدم الاطراد لایستلزم المراد العدم، ولا اقول انه عکس منطقی، ولا انها تلزم القضیة لزومًا عامًا لکنها تلزم فی امثال المقام لا شك، فتصدق القضیة بالنظر الی الواقع سمّاها المیزانیون عکسًا اوّلًا وهذا القدر یکفی لانتظام الشکل فان صادقین مستجمعتین للشرائط لاتنتجان الا صادقة ولا یلزم اثبات الصدق علی انها عکس منطقی لقضیة صادقة وانکار هذا من اخنی المکابرات، ثم هذا العکس لم یرشدنا الیه الا الآیة الکریمة اذهی التی دلتنا علی اتحادهما فی الوجود فاذا کان هذا فی مفهومین لا تعدد لمصداق شیٔ منهما کان ارشادا الی التعاکس قطعًا، کما اذا سمعت رجلًا یقول ابی زید جاءك ان تقول کان الرجل یقول زید ابی لان زیدا لایتعدد وابوالرجل لایتعدد فاذا کان ابوه زیدا کان زید اباه کذا هذا من دون شك ولا اشتباه والحمد لله علی نعمائه وعلیك بتسکین الهواجس یا فلسفیاه ۔

الثالث من وجوه الجواب اقول وربی هادی الصواب اخترنا عن هذا کلّه وسلمنا ان مفاد الآیة الاولیٰ قولنا کل اکرم اتقٰی وینعکس بعکس النقیض الی قولنا "من لیس باتقٰی لیس باکرم" وقد اثبتنا فیما اسلفنا عرش التحقیق علی ان المراد بالاتقٰی فی الآیة الثانیة اعنی قوله تعالیٰ "وسیجنبها الاتقٰی[1]" اتقی الصحابة جمیعًا فوجب ان لایکون احد من الصحابة اتقی منه ولا مساویًا له فی التقوٰی، اذا ثبت هذا فنقول کل صحابی فهولیس باتقی من ابی بکر ومن لیس باتقی منه لیس باکرم منه، انتج ان کل صحابی فهولیس باکرم من ابی بکر وصغری القیاس معدولة کما لوحنا الیه بتقدیم اداة الربط علی حرف السلب، ولك ان تجعلها موجبة سالبة المحمول اعنی علی قول قوم من المتاخرین ویرشدك الی ما یزیح وهمك جعل السلب فی الکبرٰی مرأة لملاحظة افراد الاوسط، وان شئت لم تعکس الآیة الاولیٰ ایضا ونسجت الشکل علی منوال الثانی بان تقول لاشئ من الصحابة اکرم

---

[1] القرآن الکریم ۹۲/ ۱۷

من ابی بکر ولعلك ان تقرره قیاساً استثنائیاً یرفع المقدم لرفع التالی فتقول لوکان احد من الامة اکرم من الصدیق لکان اتقی منه لان کل اکرم اتقی لکنهم لیسوا باتقی منه للاٰیة الثانیة فلیسوا باکرم منه وفیه المقصود۔

اس شبہہ کے جواب میں دوسری وجہ، میں اللہ وہاب کی توفیق سے کہتا ہوں اگر ہم اس بحث کا دائرہ بند کرنے پر اور حد تک پہنچانے پر آجائیں تو ہم تم کو نہ چھوڑیں کہ تم یہ کہو کہ آیت اتقٰی کی فضیلت کا تقاضا نہیں کرتی اگرچہ ہم یہ تسلیم بھی کرلیں کہ آیت میں اکرم ہی موضوع ہے' یہ اس وجہ سے کہ اتقاکم اور اکرمکم صادق نہیں آتے بلکہ ان میں صلاحیت ہی نہیں اس کی کہ وہ ایک ذات واحد پر صادق آئیں تو ان دونوں کا تعدّد جائز نہیں بایں معنی کہ کبھی اس پر صادق ہوں اور کبھی اُس پر صادق ہوں کہ جب ان کا وجود میں اتحاد ثابت ہوگیا تو دونوں کا باہم عکس ضروری ہوا اس لئے کہ جب دونوں کا مصداق ایک ہے اور ہم نے تعدد کا باطل ہونا جان لیا تو یہ دونوں ایک ذات واحد کے دو علم کی مثال ہوئے تمھیں اختیار ہے کہ جس کو چاہو ذات کے لئے مرآۃِ ملاحظہ بناؤ اور جس کو چاہو محمول علیہ بناؤ، اور اس کی بہت ساری مثالیں ہیں، تم کہتے ہو سب نبیوں سے افضل وُہ ہیں جو سب سے پہلے مخلوق ہُوئے اور سب رسولوں سے اکرم وُہ ہیں جو سب کے بعد مبعوث ہوئے۔ اور سب جنتوں سے بہتر وہ جنّت ہے جو سب سے زیادہ عرش سے قریب ہے۔ اور جنّت میں سب سے بڑا پیڑ طوبٰی ہے، اور جبریل کا منتہٰی سدرۃ المنتہٰی ہے۔ اور سب نمازوں سے بہتر بیچ کی نماز عصر ہے، اور تمھارا باپ اس کا باپ ہے اور تمھاری ماں اس کی ماں ہے۔ اور سب سے پہلے داخل ہونے والا سب کے بعد نکلنے والا ہے، اور عدد میں سب سے کمتر پہلا عدد ہے۔ اور سورج نیّرِ اعظم ہے اور سب سے اونچا فلک حجم میں سب سے بڑا ہے اور خاص تر کلی سب سے کم افراد والی ہے اور فلک جوزہر فلک قمر ہے اور وُہ سیارہ جس میں گولائی نہیں وُہ سُورج ہے اور سیارہ متحیرہ زحل ہے اور سیدھے چل کر اُلٹے پھرنے والا اور غائب ہوجانے والا سُرخ سیارہ مریخ ہے۔ اس کے علاوہ بہت ساری مثالیں جن کی گنتی اور شمار نہیں، اور محال ہے کہ تم ایسی مثال ظاہر کرو جس میں افعل التفضیل مضاف ہوکر دوسرے افعل التفضیل پر محمول ہو درانحالیکہ وہ اس کی طرف مضاف ہو جس کی طرف پہلا مضاف ہُوا ہے اور اسی کے ساتھ دونوں اپنے معنیٔ حقیقی پر جاری ہوں پھر ان دونوں کا عکس صحیح نہیں۔ تو جب قضیہ نظر بنفس الامر صادق ہے تو ہمیں نظم قیاس اور مدعا کا نتیجہ حاصل کرنے کے لئے یہی کافی ہے اور اس میں راز یہ ہے کہ موجبہ قضیے کا عکس وہ آتا ہے جو شکل اول کے کبرٰی بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا اس لئے کہ محمول کے عموم کا احتمال ہے اور جبکہ

دو مفہوم وہاں ایسے ہوں کہ جن میں سے ہر ایک کے مصداق کا اعتبار اس کے محل خارجی کے اعتبار سے ایک ہو یا ذہن میں بھی متحد ہو تو ان دونوں کے مفہوم کا عموم باعتبار اس محل کے باطل ہے تو اس کے اعتبار سے نہ رہی مگر تساوی یا تباین اور ان دونوں کا ثالث نہیں تو اگر قضیہ حملیہ جس میں یہ دعویٰ ہو کہ بیشک یہ شخص وہی ہے صادق آئے تو ضروری ہے کہ یہ قضیہ حملیہ صادق آئے کہ وہ شخص یہی ہے ورنہ اس کا سلب جائز ہو گا تو آپس میں دونوں متباین ہوں گے تو پہلا قضیہ باطل ہو جائے گا اور یہ خلاف مفروض ہے لہذا اگر ہمیں ایک شخص سے دو باتیں پہنچیں ان میں سے ایک اس کا قول عمرو سے مخاطب ہو کر کہ زید تیرا باپ ہے اور دوسرا اس کا قول کہ میرا باپ تیرا باپ ہے تو ہمیں ممکن ہے کہ ہم اس کے دونوں قول سے ایک شکل بنائیں تو وہ نتیجہ دے کہ زید میرا باپ ہے اس لئے کہ جب اس کا یہ قول کہ میرا باپ تیرا باپ ہے صادق ہے تو لازم ہے کہ یہ قول صادق ہو کہ تیرا باپ میرا باپ ہے ورنہ ان دونوں کے باپ متعدد ہوں گے تو پہلا قول باطل ہو جائے گا اور جب یہ قضیہ صادق ہے تو شکل اسی طور پر بنے گی کہ زید تیرا باپ ہے اور تیرا باپ میرا باپ ہے، نتیجہ یہ ہو گا کہ زید میرا باپ ہے۔ اور افعل التفضیل جو ایک جماعت کی طرف مضاف ہو تو جب وہ اپنے اس معنیٰ حقیقی پر باقی ہو جو اس سے متبادر ہوتے ہیں تو اس کی شان یہی ہوتی ہے اس لئے کہ کسی جماعت سے فرد اکمل ایک ہو گا اور ہرگز کبھی ایسے دو قضیے صادق نہ آئیں گے جو یہ دعویٰ کرتے ہوں کہ یہ شخص ساری جماعت سے اکمل ہے اور وہ شخص ساری جماعت سے افضل ہے، اور یہ سب ظاہر ہے بلکہ اس کا معاملہ سورج اور اس کے امثال کے ظہور سے روشن تر ہے اس لئے کہ عقل شمس وغیرہ کے مفہومات کا صادق آنا بہت سارے افراد پر جائز جانتی ہے اور جب ان مفہومات کا خارج میں کوئی فرد پایا جائے تو عقل دوسرے فرد کے وجود کو بعید نہیں جانتی بخلاف اَفْعَلُھُمْ کہ یہ تو اشتراک کو بر سبیل بدلیت قبول کرتا ہے اور جب خارج میں کسی فرد پر اس کا مصداق پایا جائے تو عقل محال جانتی ہے کہ افعل التفضیل کا مصداق دوسرے پر صادق آئے جو اس سے منفرد ہو اس کا معاملہ اسمائے اشارہ کے مانند برابر برابر ہے تو یہاں پر عکس کا صادق ہونا روشن تر اور ظاہر تر ہے۔ رہا منطق والوں کا یہ قول کہ موجبہ کا عکس نہیں ہوتا مگر جزئیہ، اس کا معنی یہ ہے کہ جب کبھی تم موجبہ کلیہ کے موضوع کو محمول بناؤ اور اس کے محمول کو موضوع بناؤ اور اس پر کلیہ کا سور لاؤ تو قضیہ کاذب ہو گا اس لئے کہ واقعہ اس بات کو جھٹلاتا ہے بلکہ معنیٰ یہ ہے کہ یہ مطرد نہیں، اور منطقیوں کی نظر چونکہ کلیات تک محدود ہوتی ہے تو وہ اعتبار نہیں کرتے مگر اس مفہوم کا جو مطرد و مضبوط ہو مواد میں سے کسی مادہ میں جس کا حکم متخلف نہ ہو اور عدمِ اطراد اطرادِ عدم کو مستلزم نہیں ہے اور میں یہ نہیں کہتا کہ یہ عکس منطقی ہے، نہ یہ دعویٰ کرتا ہوں کہ یہ قضیہ کو عام طور پر لازم ہے لیکن اس مقام کے امثال میں

بلاشبہ عکس لازم ہوتا ہے تو قضیہ منعکسہ واقعہ پر نظر کرتے ہوئے صادق ہے اہل منطق نے اس کا نام عکس اول رکھا ہے اور اتنی مقدار انتظام شکل کے لئے کافی ہے اس لئے کہ دو قضایا صادقہ جو شرائط کے جامع ہوں ایک قضیہ صادق ہی کا نتیجہ دیں گے اور صدق کا ثابت کرنا اس پر موقوف نہیں کہ وہ قضیہ صادقہ عکس منطقی ہو اور اس کا انکار نہایت بے شرمی کے مکابرات میں سے ہے۔ پھر اس عکس کی طرف آیت کریمہ نے ہی رہنمائی کی اس لئے کہ اسی نے ہم کو یہ دکھایا کہ دونوں قضیے وجوب میں متحد ہیں تو جب یہ حال ایسے دو مفہوموں میں ہے کہ ان میں سے کسی شئے کا مصداق متعدد نہیں تو یہ یقیناً دونوں قضیے کے باہم منعکس ہونے کی طرف رہنمائی ہے جیسے کہ جب تم کسی شخص کو کہتے سنو کہ میرا باپ زید ہے تو تمھیں جائز ہے کہ تم کہو گویا کہ یہ شخص یوں کہہ رہا ہے کہ زید میرا باپ ہے اس لئے کہ زید متعدد نہیں اور اس شخص کے باپ متعدد نہیں، تو جب اس کا باپ زید ہوا تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ زید اس شخص کا باپ ہے، اسی طور پر بلاشک وشبہہ یہ آیت ہے اور اللہ کے لئے اس کی نعمتوں پر حمد، اور اے فلسفی! تجھے لازم ہے کہ وساوس کو سکون دے۔

وجوہِ جواب میں سے تیسری وجہ، میں کہتا ہوں اور میرا رب راہِ صواب دکھانے والا ہے ہم نے اس سب کو اختیار کیا اور مان لیا۔ آیت اولٰے کا مفاد ہمارا یہ قول ہے کہ کل اکرم اتقی (یعنی ہر اکرم سب سے بڑا متقی ہے) اور اس کا عکس نقیض ہمارا یہ قول ہے کہ من لیس باتقٰی لیس باکرم (جو اتقی سب سے بڑا متقی نہیں ہے وہ اکرم نہیں ہے) اور ہم نے ان کلمات میں جو ہم پہلے کہہ چکے عرش تحقیق کو ثابت کر دیا کہ مراد اتقی سے آیت ثانیہ یعنی اللہ تبارک و تعالٰے کے قول وسیجنبہا الاتقی میں تمام صحابہ سے زیادہ متقی شخص مراد ہے تو ضروری ہے کہ صحابہ میں کوئی اس سے بڑھ کر متقی نہ ہو اور نہ تقوٰی میں اس کے کوئی مساوی ہو، جب یہ ثابت ہو گیا تو ہم کہتے ہیں کہ ہر صحابی ابوبکر سے بڑھ کر متقی نہیں اور جو ان سے بڑھ کر متقی نہیں وہ کرامت میں ان سے بڑھ کر نہیں۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر صحابی ابوبکر سے زیادہ عزت والا نہیں اور اس قیاس کا صغرٰی معدولہ ہے جیسا کہ ہم نے اس کی طرف اداتِ ربط کو حرفِ سلب پر مقدم کر کے اشارہ کیا اور تمھیں اختیار ہے کہ تم اس قضیہ کو موجبہ سالبۃ المحمول بناؤ یعنی متاخرین میں سے ایک قوم کے قول پر اور تمھاری رہنمائی اس بات کی طرف جو تمھارے وہم کو دور کر دے سلب کو کبرٰی میں افراد اوسط کے لئے مرآۃ ملاحظہ بنانے سے ہوگی، اور اگر تم چاہو تو آیتِ اولٰے کا عکس نہ کرو اور شکل کو آیتِ ثانیہ کے طرز پر منتظم کرو بایں طور کہ تم کہو کہ کوئی صحابی ابوبکر سے بڑھ کر عزت والا نہیں۔ اور شاید تم اس کو قیاس استثنائی کے طور پر مقرر رکھو

جو مقدم کو ارتفاع تالی کی وجہ سے مرتفع کر دے تو تم یوں کہو اُمت میں اگر کوئی صدیق سے بڑھ کر عزت والا ہوتا تو وہ ضرور صدیق سے بڑھ کر متقی ہوتا اس لئے کہ ہر اکرم اتقی ہے لیکن ساری امت صدیق سے بڑھ کر متقی نہیں بدلیل آیت ثانیہ، تو وہ صدیق سے بڑھ کر عزت والے نہیں، اور اسی میں ہمارا مقصود ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۶۵۳ تا ۶۶۰)

(۵۰) مفاتیح امام رازی سے سورۂ والضحٰی اور والّیل کے یکجا ہونے پر نکاتِ عجیبہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

**لطیفة**: قال الامام الرازی فی مفاتیح الغیب "سورة والّیل سورة ابی بکر، وسورة والضحٰی سورة محمد علیه الصّلٰوة والسلام ثم ماجعل بینهما واسطة لیعلم انه لا واسطة بین محمد صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم و ابی بکر فان ذکرت اللیل اوّلًا وهو ابوبکر ثم صعدت وجدت بعده النهار وهو محمد صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم وان ذکرت والضحٰی اولًا وهو محمد صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم ثم نزلت وجدت بعده واللیل وهو ابوبکر لیعلم انه لا واسطة بینهما[1] انتهی۔

**اقول** وکان تقدیم واللیل علٰی هٰذا التقدیر لانها جواب عن طعن الکفار فی جناب الصدیق والضحٰی جواب عن طعنهم فی سیّد المرسلین صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم وتبرئة النبی صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم لا تستلزم تبرئة الصدیق لانه صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم اعلی وبراءة الاعلی لا توجب براءة الادنی وتبرئة الصدیق رضی اللّٰه تعالٰی عنه تحکم تبرئة النبی صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم بالطریق الاولی اذا نما بریٔ لانه عبد بذلك البریٔ النقی صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم فکان فی تقدیم واللیل استعجالًا الی الجواب عن الطعنین معًا ولو اخرلتأخر الجواب عن طعن الصدیق۔

**واقول** تسمیة سورة الصدیق باللیل وسورة المصطفٰی بالضحٰی صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم ورضی اللّٰه تعالٰی عنه کانه اشارة الٰی ان النبی صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم نور الصدیق۔

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیة ۹۳/ ۱ تا ۳ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳۱/ ۱۸۹

وھداہ ووسیلة الی الله بہ یبتغی فضلہ ورضاہ والصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ راحة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ووجہ انسہ وسکونہ واطمینان نفسہ وموضع سرہ ولباس خاصتہ فقد قال تبارك وتعالیٰ " وجعلنا الیل لباسا[1] " وقال تعالیٰ " وجعل لکم الیل و النھار لتسکنوا فیہ ولتبتغوا من فضلہ ولعلکم تشکرون[2] " وتلمیح الی ان نظام عالم الدین انما یقوم بھما کما ان نظام عالم الدنیا یقوم بالملوین فلولا النھار لما کان ابصار ولولا اللیل لما حصل قرار ، فالحمد للہ العزیز الغفار۔

**لطیفہ**: فرمایا امام رازی نے مفاتیح الغیب میں کہ سورۂ والیل ابوبکر کی سورۃ ہے اور سورۂ والضحیٰ محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی سورۃ ہے، پھر اللہ تعالےٰ نے ان سورتوں کے درمیان واسطہ نہ رکھا تاکہ معلوم ہو کہ محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اور ابوبکر کے درمیان کوئی شخص واسطہ نہیں، تو اگر تم پہلے واللیل کا ذکر کرو وہ ابوبکر ہیں پھر چڑھو تو اس کے بعد دن کو پاؤ گے تو وہ محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہیں، اور اگر تم پہلے والضحیٰ کا ذکر کرو وہ محمد صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، پھر اترو تو اس کے بعد واللیل کو اور وہ ابوبکر ہیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ ان دونوں کے درمیان کوئی واسطہ نہیں۔

**اقول** اور واللیل کی تقدیم اس تقدیر پر اس لئے ہے کہ وہ جناب صدیق کے بارے میں کفار کے طعنہ کا جواب ہے اور والضحیٰ ان کے طعنہ کا جواب ہے سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں، اور نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی برا ءت صدیق کی براءت کو مستلزم نہیں اس لئے کہ حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اعلیٰ ہیں اور اعلےٰ کی براءت ادنیٰ کی براءت کو لازم نہیں کرتی اور صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی براءت بدرجۂ اولےٰ نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی براءت کا حکم کرتی ہے اس لئے کہ صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ اس لئے بری ہوئے کہ اس بری نقی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے غلام ہیں تو واللیل کی تقدیم میں ایک ساتھ دونوں طعنوں کے جواب کی حجت ہوئی، اور اگر واللیل کو مؤخر کیا جاتا تو صدیق کے طعنہ کا جواب مؤخر ہو جاتا۔

**اقول** سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی سورت کو واللیل کا نام دینا اور مصطفےٰ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی سورۃ کا نام ضحیٰ رکھنا گویا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ نبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

---

[1] القرآن الکریم ۷۸/ ۱۰

[2] " " ۲۸/ ۷۳

صدیق کا نور اور ان کی ہدایت اور اللہ کی طرف ان کا وسیلہ جن کے ذریعہ اللہ کا فضل اور اس کی رضا طلب کی جاتی ہے اور صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی راحت اور ان کے انس وسکون اور اطمینان نفس کی وجہ ہیں اور ان کے محرم راز اور ان کے خاص معاملات سے وابستہ رہنے والے اس لئے کہ اللہ تبارک وتعالٰی فرماتا ہے: "اور رات کو پردہ پوش کیا"۔ اور اللہ تعالٰی فرماتا ہے: "تمہارے لئے رات اور دن بنائے کہ رات میں آرام کرو اور دن میں اس کا فضل ڈھونڈو اور اس لئے کہ تم حق مانو"۔ اور یہ اس بات کی طرف تلمیح ہے کہ دین کا نظام ان دونوں سے قائم ہے جیسے کہ دنیا کا نظام دن رات سے قائم ہے، تو اگر دن نہ ہو تو کچھ نظر نہ آئے اور رات نہ ہو تو سکون حاصل نہ ہو۔ تو اللہ عزیز غفار ہی کے لئے حمد ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۶۷۹ تا ۶۸۱)

(۵۱) آیاتِ قرآنیہ سے افضلیتِ صدیقِ اکبر بر مولا علی رضی اللہ تعالٰی عنہ پر ایک نکتۂ عجیبہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

**لطیفۃ**: استنبط القاضی الامام ابوبکر الباقلانی من الأیات الکریمۃ وجها أخر لتفضیل سیدنا الصدیق علٰی سیدنا المرتضی لقاهما اللہ تعالٰی باحسن الرضا، انبانا السراج عن الجمال عن السندی عن الفلانی عن محمد سعید عن محمد طاهر عن ابیه ابراهیم الکردی عن القشاشی عن الرملی عن الزین زکریا عن ابن حجر عن مجد الدین الفیروزآبادی عن الحافظ سراج الدین القزوینی عن القاضی ابی بکر التفتازانی عن شرف الدین محمد بن محمد الهروی عن محمد بن عمر الرازی قال فی مفاتیح الغیب" ذکر القاضی ابوبکر الباقلانی فی کتاب الامامۃ فقال الأیۃ الواردۃ فی حق علی کرم اللہ وجهه الکریم " انما نطعمکم لوجه اللہ لا نرید منکم جزاء ولا شکورا ۝ انا نخاف من ربنا یوما عبوسا قمطریرا ۝" والأیۃ الواردۃ فی حق ابی بکر" الا ابتغاء وجه ربه الاعلٰی ولسوف یرضٰی" فدلت الأیتان علی ان کل احد منهما انما فعل ما فعل لوجه اللہ الا ان أیۃ علٰی تدل علٰی انه فعل ما فعل لوجه اللہ وللخوف من یوم القیٰمۃ علٰی ما قال" انا نخاف من ربنا یوما عبوسا قمطریرا" واما أیۃ ابی بکر فانها دلت علی انه فعل ما فعل لمحض وجه اللہ تعالٰی من غیر ان یشوبه طمع فیما یرجع الی رغبۃ فی ثواب اور هبۃ من عقاب فکان مقام ابی بکر اعلٰی واجل[1] انتهٰی۔

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۹۲/ ۲۰، ۲۱ دارالکتب العلمیہ بیروت ۳۱/ ۱۸۶ و ۱۸۷

**لطیفہ** : قاضی امام ابوبکر باقلانی نے اس آیۂ کریمہ سے حضرت سیدنا مرتضٰے پر فضیلتِ صدیق کی دوسری وجہ استنباط کی ، اللہ تبارک وتعالیٰ دونوں کو اپنی بہترین رضا سے ہمکنار کرے۔ ہمیں خبر دی سراج نے ، وہ روایت کرتے ہیں جمال سے ، وہ روایت کرتے ہیں سندی سے ، وہ روایت کرتے ہیں فلانی سے ، وہ روایت کرتے ہیں محمد سعید سے ، وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ ابراہیم کردی سے ، وہ روایت کرتے ہیں قشاشی سے ، وہ روایت کرتے ہیں رملی سے ، وہ روایت کرتے ہیں زین زکریا سے ، وہ روایت کرتے ہیں ابن حجر سے ، وہ روایت کرتے ہیں مجدالدین فیروزآبادی سے ، وہ روایت کرتے ہیں حافظ سراج الدین قزوینی سے ، وہ روایت کرتے ہیں قاضی ابوبکر تفتازانی سے ، وہ روایت کرتے ہیں شرف الدین محمد بن محمد الھروی سے ، وہ روایت کرتے ہیں محمد بن عمر رازی سے ، انھوں نے مفاتیح الغیب میں فرمایا قاضی ابوبکر باقلانی نے کتاب الامامۃ میں ذکر کیا تو انھوں نے فرمایا کہ وہ آیت جو علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے حق میں وارد ہے : "ان سے کہتے ہیں ہم تمھیں خاص اللہ کے لئے کھانا دیتے ہیں تم سے کوئی بدلہ یا شکر گزاری نہیں مانتے بیشک ہمیں اپنے رب سے ایک ایسے دن کا ڈر ہے جو بہت ترش نہایت سخت ہے۔" اور وہ آیت جو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حق میں وارد ہوئی "صرف اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے اور بیشک قریب ہے کہ وہ راضی ہوگا"۔ یہ دونوں آیتیں دلالت کرتی ہیں کہ ان دونوں میں سے ہر ایک نے نیکی اللہ کی خوشنودی کے لئے کی مگر یہ کہ سیدنا علی کے حق میں جو آیت اتری وہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ انھوں نے جو کچھ کیا وہ اللہ کی خوشنودی اور روزِ قیامت کے ڈر سے کیا اس بناء پر انھوں نے کہا : "بیشک ہمیں اپنے رب سے ایک ایسے دن کا ڈر ہے جو بہت ترش اور نہایت سخت ہے۔" اور سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حق میں اترنے والی آیت اس پر دلالت کرتی ہے کہ انھوں نے جو کچھ کیا محض اللہ کے لئے کیا بغیر اس کے کہ اس میں کچھ طمع کا شائبہ ہو اس امر میں جو ثواب میں رغبت یا عذاب میں ہیبت کی طرف لوٹتا ہے ، تو ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام اعلیٰ اور اجل ہوا انتہی۔

( فتاوٰی رضویہ ج ۲۸ ص ۶۸۱ تا ۶۸۳ )

# فتاوٰی رضویہ جلد ۲۹

( ۱ ) ترجمہ کرتے وقت کیا احتیاطیں ضروری ہیں ؟ اس بارے میں ارشاد فرمایا :

خصوصاً ترجمہ کہ وہ گویا متکلم کی طرف سے اس کی زبان کا بیان ہوتا ہے ، تو نہایت ضرور ہے کہ اس کی عظمت و شان ملحوظ رہے ، وہ لفظ لکھے جائیں جو اس کے کہنے کے ہوں ، بعض گمراہوں نے ترجمۂ قرآن مجید میں اس کا

لحاظ نہ رکھا یہ سخت سُوئے ادب ہے۔ غرض ایک ہی بات اختلافِ طرزِ بیان سے تعظیم سے توہین تک بدل جاتی ہے جیسے اوشں فرمائیے، تناول فرمائیے، نوشِ جان فرمائیے۔ کھاؤ، نگلو، ٹھورو، زہر مار کرو اور تعظیم و توہین میں کس قدر مختلف ہیں تو صرف اتنا عذر کہ ہم نے ترجمہ کیا ہے کافی نہیں ہو سکتا جبکہ طرزِ بیان بیہودہ ہو۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۰)

(۲) آیت کریمہ "ما جعل اللہ لرجل من قلبین فی جوفہ" سے ثابت ہے کہ کسی کے دُو دل نہیں ہو سکتے۔ زید کا کہنا ہے کہ کوئی شخص پیدا ہوا ہے اس کے دُو دل ہونے کی ڈاکٹروں نے تصدیق کر دی ہے۔ اور وہ اس کے جواز پر آیت کریمہ "ھو الذی یصوّرکم فی الارحام کیف یشاء" سے استدلال کرتا ہے۔ اس مسئلہ کے بارے میں فرمایا:

قلب وُہ عضو ہے کہ سلطان اقلیم بدن ومحل، عقل وفہم ومنشا قصد واختیار و رضا و انکار ہے ایک شخص کے دُو دل نہیں ہو سکتے،

دُو بادشاہ در اقلیمے نہ گنجد

(ایک سلطنت میں دُو بادشاہ نہیں ہوتے۔ ت)

آیۂ کریمہ میں رجل نکرہ ہے اور تحت نفی داخل ہے تو مفید عموم و استغراق ہے یعنی اللہ عزوجل نے کسی کے دُو دل نہ بنائے، نہ کہ فقط اس شخص خاص کی نسبت انکار فرمایا ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:

الا وان فی الجسد مضغۃ اذا صلحت صلح الجسد کلہ واذا فسدت فسد الجسد کلہ الا وھی القلب[1]

سُنتے ہو بدن میں ایک پارۂ گوشت ہے کہ وہ ٹھیک ہے تو سارا بدن ٹھیک رہتا ہے اور وہ بگڑ جائے تو سارا بدن بگڑ جاتا ہے، سُنتے ہو وہ دل ہے۔

تو اگر کسی کے دُو دل ہوں اُن میں ایک ٹھیک رہے ایک بگڑ جائے تو چاہیئے معًا ایک آن میں سارا بدن بگڑا اور سنبھلا دونوں ہوا' اور یہ محال ہے۔ جب دُو دل ہیں ایک نے ارادہ کیا یہ کام کیجئے دوسرے نے ارادہ کیا نہ کیجئے تو اب بدن ایک کی اطاعت کرے گا یا دونوں کی یا کسی کی نہیں۔ ظاہر ہے کہ دونوں کی اطاعت محال ہے، اور کسی کی نہ ہو تو ان میں کوئی قلب نہیں کہ قلب تو وہی ہے کہ بدن اسی کے ارادے سے حرکت وسکون

---

[1] صحیح البخاری کتاب الایمان باب فضل من استبرا لدینہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۳
صحیح مسلم کتاب المساقات باب اخذ الحلال وترک الشبہات " " ۲/ ۲۸

ارادی کرتا ہے اور اگر ایک کی اطاعت کرے گا دوسرے کی نہیں تو جس کی اطاعت کرے گا وہی قلب ہے اور دوسرا ایک بدگوشت ہے کہ بدن میں صورتِ قلب پر پیدا ہوگیا جیسے کسی کے پنجے میں چھ انگلیاں، اور بعض کے ایک ہاتھ میں دو ہاتھ لگے ہوتے ہیں ان میں جو کام دیتا ہے اور ٹھیک موقع پہ ہے وہی ہاتھ ہے دوسرا بدگوشت ہے۔ ڈاکٹروں کا بیان اگر سچا ہو تو اس کی یہی صورت ہوگی کہ بدن میں ایک بدگوشت بصورتِ دل زیادہ پیدا ہوگیا ہوگا۔ ہاتھ میں تو یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اصلی اور زائد دونوں ہاتھ کام دیں مگر قلب میں یہ ناممکن ہے۔ آدمی روحِ انسانی سے آدمی ہے اور اسی کے مرکب کا نام قلب ہے اور روحِ انسانی متجزی نہیں کہ آدھی ایک دل میں رہے آدھی دوسرے میں۔ تو جس سے وہ اصالۃً متعلق ہوگی تو وہی قلب ہے دوسرا سلب ہے اور آیۂ کریمہ میں یصورکم فی الارحام کیف یشاء[1] فرمایا ہے کہ ماں کے پیٹ میں تمہاری تصویر بناتا ہے جیسی وہ چاہے۔ یہ نہیں فرمایا کہ کیف تشاؤن بتخیلاتکم تخترعون جیسی تم چاہو اور اپنے خیالات میں گھڑو ویسی ہی تصویر بنادے، یہ محض باطل ہے۔ اور اس نے اپنی مشیت بتادی کہ کسی کے جوف میں میں نے دو دل نہ رکھے تو اس کے خلاف تصویر نہ ہوگی۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۹ ص ۷۶، ۷۷)

(۳) ایک رافضی نے کہا کہ آیت کریمہ "انا من المجرمین منتقمون" کے عدد ۱۲۰۲ ہیں اور یہ ہی ابوبکر و عمر و عثمان کے ہیں۔ اس کے جواب میں ارشاد فرمایا:

رافضی نے عدد غلط بتائے۔ امیر المومنین عثمٰن غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ کے نام پاک میں الف نہیں لکھا جاتا تو عدد بارہ سو ایک (۱۲۰۱) ہیں نہ کہ دو۔ ہاں او رافضی:

(۱) بارہ سو دو (۱۲۰۲) عدد کا ہے کے ہیں، ابن سینا رافضیہ کے۔

(۲) ہاں او رافضی! بارہ سو دو (۱۲۰۲) عدد ان کے ہیں: ابلیس، یزید، ابن زیاد، شیطان الطاق کلینی، ابن بابویہ قمی، طوسی حلی۔

(۳) ہاں او رافضی! اللہ عزوجل فرماتا ہے:

ان الذین فرقوا دینھم وکانوا شیعا لست منھم فی شیء۔[2]

بیشک جنھوں نے اپنا دین ٹکڑے ٹکڑے کردیا اور شیعہ ہو گئے اے نبی! تمھیں ان سے کچھ علاقہ نہیں۔

---

[1] القرآن الکریم ۳/۶

[2] ؎ ؎ ۶/۱۵۹

اس آیہ کریمہ کے عدد ۲۸۲۸ ہیں، اور یہی عدد ہیں رفاض اثنا عشریہ شیطنیہ اسمٰعیلیہ کے۔ اور اگر اپنی طرف سے اسمٰعیلیہ میں الف چاہے تو یہ ہی عدد ہیں روافض اثنا عشریہ ونصیریہ واسماعیلیہ کے۔

(۴) ہاں او رافضی! اللہ تعالےٰ فرماتا ہے:

لهم اللعنة ولهم سوء الدار[1]

ان کے لئے ہے لعنت اور اُن کے لئے ہے بُرا گھر۔

اس کے عدد چھ سو چوالیس ۶۴۴ ہیں اور یہی عدد ہیں شیطان الطاق طوسی حلی کے۔

(۵) نہیں او رافضی! بلکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

اولٰئك هم الصديقون والشهداء عند ربهم لهم اجرهم[2]

وہی اپنے رب کے یہاں صدیق وشہید ہیں ان کے لئے ان کا ثواب ہے۔

اس کے عدد چودہ سو پینتالیس ۱۴۴۵ ہیں اور یہی عدد ہیں ابوبکر، عمر، عثمٰن، علی اور سعد کے۔

(۶) نہیں او رافضی! بلکہ مولےٰ تعالےٰ فرماتا ہے:

اولٰئك هم الصديقون والشهداء عند ربهم لهم اجرهم ونورهم[3]

وہی اپنے رب کے حضور صدیق وشہید ہیں اُن کے لئے ہے اُن کا ثواب اور اُن کا نور۔

اس کے عدد ہیں ۱۷۵۲ ہیں اور یہی عدد ہیں ابوبکر وعمر وعثمٰن وعلی وطلحہ وزبیر وسعد کے۔

(۷) نہیں او رافضی! بلکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

والذين اٰمنوا بالله ورسله اولٰئك هم الصديقون والشهداء عند ربهم لهم اجرهم ونورهم[4]

جو لوگ ایمان لائے اللہ اور اس کے رسولوں پر وہی اپنے رب کے نزدیک صدیق وشہید ہیں ان کے لئے ہے ان کا ثواب اور ان کا نور۔

آیۂ کریمہ کے عدد ۳۰۱۶، اور یہی عدد ہیں صدیق، فاروق، ذوالنورین، علی، طلحہ، زبیر، سعد، سعید، ابوعبیدہ، عبدالرحمٰن بن عوف کے۔

الحمدللہ! آیۂ کریمہ کا تمام وکمال جملہ مدح بھی پورا ہوگیا اور حضرات عشرہ مبشرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم کے

---

[1] القرآن الکریم ۱۳/ ۲۵ — [2] القرآن الکریم ۵۷/ ۱۹

[3] 〃 〃 ۵۷/ ۱۹ — [4] 〃 〃 〃

اسمائے طیبہ بھی سب آگئے جس میں اصلاً تکلف وتصنع کو دخل نہیں، کچھ روزوں سے آنکھ دُکھتی ہے یہ تمام آیاتِ عذاب واسمائے اشرار و آیتِ مدح واسمائے اخیار کے عدد محض خیال میں مطابق کئے جن میں صرف چند منٹ صرف ہوئے اگر لکھ کر اعداد جوڑے جاتے تو مطابقتوں کی بہار نظر آتی مگر بعونہٖ تعالےٰ اس قدر بھی کافی ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۸۱، ۸۲)

(۴) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علمِ غیب نہیں تھا تقویۃ الایمان میں اس دعوے کے ثبوت پر کچھ قرآنی آیات سے استدلال کیا گیا اس کے جواب میں فرمایا:

علم غیب ذاتی کہ اپنی ذات سے بے کسی کے دیئے ہوئے اللہ عز وجل کے لئے خاص ہے اُن آیتوں میں یہی معنیٰ مراد ہیں کہ بے خدا کے دیئے کوئی نہیں جان سکتا اور اللہ کے بتائے سے انبیاء کو معلوم ہونا ضروریاتِ دین سے ہے، قرآن مجید کی بہت آیتیں اس کے ثبوت میں ہیں، ازانجملہ سورۂ جن میں فرماتا ہے:

عٰلم الغیب فلا یظھر علیٰ غیبہ احدا ○ الا من ارتضیٰ من رسول[1]

اللہ ہے غیب کا جاننے والا تو اپنے خاص غیب پر کسی کو مسلّط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسول کے۔

اور فرماتا ہے:

تلک من انباء الغیب نوحیھا الیک[2]

یہ غیب کی باتیں ہیں کہ ہم تمھیں بتاتے ہیں۔

اور فرماتا ہے:

وما ھو علی الغیب بضنین[3]

یہ نبی غیب کی باتیں بتانے میں بخل نہیں فرماتے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۹۲، ۹۳)

(۵) محفلِ میلاد شریف میں بوقتِ ذکرِ ولادتِ مبارکہ قیام اور خوش الحانی سے نعتیہ اشعار پڑھنے کے بارے میں فرمایا:

---

[1] القرآن الکریم ۷۲/ ۲۶، ۲۷

[2] 〃 ۱۱/ ۴۹

[3] 〃 ۸۱/ ۲۴

یہ سب باتیں جائز و مستحسن و باعثِ برکات ہیں اور ان کی اصل قرآن عظیم کے ان احکام کا ماننا ہے کہ:

اما بنعمة ربك فحدث [1]

اپنے رب کی نعمتیں لوگوں کے سامنے خوب بیان کرو۔

وذکرھم بایام اللہ [2]

انھیں اللہ کے دن یاد دلاؤ۔

قل بفضل اللہ وبرحمته فبذالك فليفرحوا [3]

تم حکم دو کہ اللہ کے فضل اور اللہ کی رحمت کی خوشی منائیں۔

لتؤمنوا باللہ ورسوله وتعزروہ وتوقروہ [4]

تاکہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کی تعظیم و توقیر کرو۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۹۷)

(۶) "محرم نامہ" نامی کتاب میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰے عنہ کے بارے میں گستاخانہ کلمات مندرج ہیں اس کے بارے میں سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

منکر اگر احادیث کو بھی نہ مانے تو قرآن عظیم کو تو مانے گا۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

لا یستوی منکم من انفق من قبل الفتح وقاتل ط اولٰئك اعظم درجة من الذین انفقوا من بعد وقاتلوا ط وکلا وعد اللہ الحسنٰی ط واللہ بما تعملون خبیر [5]

تم میں برابر نہیں جنھوں نے فتح مکہ سے پہلے خرچ و قتال کیا وہ درجے میں اُن سے بڑے ہیں جنھوں نے بعد میں خرچ و قتال کیا اور دونوں فریق سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ فرمایا اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ کہ تم کرو گے۔

اللہ عزوجل نے صحابۂ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو دو قسم فرمایا، ایک مومنین قبل فتح مکہ، دوسرے مومنین بعد فتح مکہ۔ فریقِ اوّل کو فریقِ دوم پر فضیلت بخشی اور دونوں فریق کو فرمایا کہ اللہ نے اُن سے بھلائی کا وعدہ کیا۔ عمرو بن العاص مومنین قبلِ فتح مکہ میں ہیں۔ اصابہ فی تمیز الصحابہ

---

[1] القرآن الکریم ۹۳/ ۱۱
[2] القرآن الکریم ۱۴/ ۵
[3] ؍؍ ۱۰/ ۵۸
[4] ؍؍ ۴۸/ ۹
[5] ؍؍ ۵۷/ ۱۰

میں ہے :

عمرو بن العاص بن وائل بن هاشم بن سُعَید بالتصغیر ابن سهم بن عمرو ابن هصیص بن کعب بن لوی القرشی السهمی امیر مصر یکنی اباعبدالله وابا محمد، اسلم قبل الفتح فی صفر سنة ثمان وقیل بین الحدیبیة وخیبر[1]

عمرو بن عاص بن وائل بن ہاشم بن سُعَید (تصغیر کے ساتھ) بن سہم بن عمرو بن ہصیص بن کعب بن لوی قرشی سہمی امیرِ مصر جن کی کنیت ابو عبداللہ اور ابو محمد ہے وہ فتح مکّہ سے پہلے ماہِ صفر ۸ھ ہجری میں اسلام لائے، کہا گیا ہے کہ حدیبیہ اور خیبر کے درمیان اسلام لائے۔ (ت)

اور بعد فتح توراہِ خدا میں جو اُن کے جہاد ہیں آسمان وزمین اُن کے آوازے سے گونج رہے ہیں اور اللہ عزوجل نے دونوں فریق سے بھلائی کا وعدہ فرمایا، اور مریض القلب معترضین جو اُن پر طعن کریں کہ فلاں نے یہ کام کیا فلاں نے یہ کام کیا اگر ایمان رکھتے ہوں تو ان کا منہ تتمہ آیت سے بند فرمادیا کہ واللہ بما تعملون خبیر[2] مجھے خوب معلوم ہے جو کچھ تم کرنے والے ہو مگر میں تو تم سے بھلائی کا وعدہ فرما چکا۔ اب یہ بھی قرآنِ عظیم ہی سے پوچھ دیکھئے کہ اللہ عزوجل نے جس سے بھلائی کا وعدہ فرمایا اس کے لئے کیا ہے، فرماتا ہے :

ان الذین سبقت لهم منا الحسنٰی اولٰئك عنها مبعدون ○ لا یسمعون حسیسها و هم فی ما اشتهت انفسهم خٰلدون ○ لا یحزنهم الفزع الاکبر وتتلقّٰهم الملٰئکة هٰذا یومکم الذی کنتم توعدون[3]

بیشک وُہ جن کے لئے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہو جہنم سے دُور رکھے گئے ہیں اس کی بھنک تک نہ سُنیں گے اور اپنی من مانتی نعمتوں میں ہمیشہ رہیں گے وہ قیامت سب سے بڑی گھبراہٹ انھیں غمگین نہ کرے گی اور ملائکہ ان کا استقبال کریں گے یہ کہتے ہُوئے کہ یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔

ان ارشاداتِ الٰہیہ کے بعد مسلمان کی شان نہیں کہ کسی صحابی پر طعن کرے۔ بفرضِ غلط بفرضِ باطل طعن کرنے والا جتنی بات بتاتا ہے اُس سے ہزار حصّے زائد سہی اس سے یہ کہئے ءانتم اعلم ام اللّٰہ[4]

---

[1] الاصابة فی تمییز الصحابة حرف العین ترجمہ عمرو بن العاص ۵۸۸۲ دارصادر بیروت ۲/۳
[2] القرآن الکریم ۵۷/۱۰
[3] 〃 ۲۱/۱۰۱ تا ۱۰۳
[4] 〃 ۲/۱۴۰

کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ، کیا اللہ کو ان باتوں کی خبر نہ تھی، بایں ہمہ وہ ان سے فرما چکا کہ میں نے تم سب سے بھلائی کا وعدہ فرما لیا تمھارے کام مجھ سے پوشیدہ نہیں۔ تو اب اعتراض نہ کرے گا مگر وہ جسے اللہ عزّوجل پر اعتراض مقصود ہے۔ عمرو بن عاص رضی اللہ تعالٰی عنہ جلیل القدر قریشی ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے جدامجد کعب بن لوی رضی اللہ تعالٰی عنہما کی اولاد سے، اور ان کی نسبت وہ ملعون کلمہ طعن فی النسب کا اگر کہا ہوگا تو کسی رافضی نے، پھر وہ صدیق و فاروق کو کب چھوڑتے ہیں عمرو بن عاص کی کیا گنتی، رضی اللہ تعالٰی عنہم اجمعین۔

وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون[1]

اور عنقریب ظالم جان لیں گے کہ کس کروٹ پر پلٹا کھائیں گے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۰۰ تا ۱۰۲)

(۷) بعد از وصال اولیاء اللہ کے تصرفات کے بارے میں فرمایا:

شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی تفسیر عزیزی میں زیر آیۂ کریمہ والقمر اذا اتسق لکھتے ہیں:

بعضے از خواص اولیاء اللہ را کہ آلہ جارحہ تکمیل وارشاد بنی نوع خود گردانیدہ اند دریں حالت ہم تصرف در دنیا دادہ، و استغراق آنہا بجہت کمال وسعت مدارک آنہا مانع توجہ بایں سمت نمی گردد و اویسیان تحصیل کمالات باطنی از آنہا مے نمایند و ارباب حاجات و مطالب حل مشکلات خود از انہا می طلبند و مے یابند[2]

اللہ تعالٰی کے بعض خاص اولیاء ہیں جن کو بندوں کی تربیتِ کاملہ اور راہنمائی کے لئے ذریعہ بنایا گیا ہے، انھیں اس حالت میں بھی دنیا کے اندر تصرف کی طاقت و اختیار دیا گیا ہے اور کامل وسعتِ مدارک کی وجہ سے ان کا استغراق اس طرف متوجہ ہونے سے مانع نہیں ہوتا۔ صوفیائے اویسیہ باطنی کمالات ان اولیاء اللہ سے حاصل کرتے ہیں اور غرض مند و محتاج لوگ اپنی مشکلات کا حل ان سے طلب کرتے اور پاتے ہیں۔ (ت)

نیز تفسیر عزیزی میں ہے:

---

[1] القرآن الکریم ۲۶ / ۲۲۷

[2] فتح العزیز (تفسیر عزیزی) پارہ عم تحت آیۃ والقمر اذا اتسق الخ مسلم بکڈپو لال کنواں دہلی ص ۲۰۶

سوختن گویا روح را بے مکان کردن است و دفن کردن گویا مسکنے برائے روح ساختن است بنابریں از اولیائے مدفونین و دیگر صلحائے مومنین انتفاع و استفادہ جاری ست و آنہا را افادہ و اعانت نیز متصور[1]

جلا دینا گویا کہ روح کو بے مکان کرنا ہے جبکہ دفن کرنا گویا کہ رُوح کے لئے ٹھکانا بنانا ہے۔ اسی سبب سے دفن شدہ اولیاء اللہ اور دیگر صلحائے مومنین سے نفع و فائدہ کا حصول جاری ہے اور ان کے لئے امداد و فائدہ رسانی بھی متصور ہے۔ (ت)

نیز اسی میں تفسیر سورۂ مطففین میں ہے:

مقامِ علیین بالائے ہفت آسمان ست و پایئین آں متصل بسدرۃ المنتہیٰ است و بالائے آں متصل بہ پایۂ راست عرش مجید است و ارواح نیکاں بعد از قبض در آنجا می رسند و مقربان یعنی انبیاء و اولیاء دراں مستقر می مانند، و عوام صلحاء را بر حسبِ مراتب در آسمانِ دُنیا یا درمیان آسمان و زمین، یا در چاہِ زمزم قرار می دہند و تعلقے بقبر نیز ایں ارواح را می باشد کہ بحضور زیارت کنندگان و اقارب و دیگر دوستاں بر قبر مطلع و مستانس میگردند زیرا کہ روح را قرب و بعد مکانی مانع ایں دریافت نمی شود، و مثال آں در وجود انسانی رُوحِ بصری ست کہ ستارہ ہائے ہفت آسمان درون چاہ مے تواند دید[2]۔ (ت)

مقامِ علیین ساتوں آسمانوں کے اوپر ہے، اس کا نچلا حصہ سدرۃ المنتہےٰ اور اوپر والا عرش مجید کے دائیں پائے سے ملا ہوا ہے، نیک لوگوں کی رُوحیں قبض ہونے کے بعد وہاں پہنچتی ہیں۔ مقربین یعنی انبیاء و اولیاء تو وہیں برقرار رہتے ہیں جبکہ عام صالحین کو ان کے مراتب کے مطابق آسمانِ دنیا یا آسمان و زمین کے درمیان یا چاہِ زمزم میں ٹھہراتے ہیں اور ان رُوحوں کا تعلق قبروں کے ساتھ بھی قائم رہتا ہے، چنانچہ وہ زیارت کے لئے قبر پر آنے والے عزیز و اقارب اور دوستوں سے آگاہ ہوتے ہیں اور ان سے انس حاصل کرتے ہیں کیونکہ مکانی قُرب و بُعد رُوح کے لئے اس دریافت و علم سے مانع نہیں ہوتا، اس کی مثال انسانی وجود میں رُوحِ بصری ہے جو ساتوں آسمانوں کے ستاروں کو چاہ کے اندر دیکھ سکتی ہے۔ (ت)

حیاتِ شہداء قرآن عظیم سے ثابت ہے اور شہداء سے علماء افضل۔ حدیث میں ہے:

---

[1] فتح العزیز (تفسیر عزیزی) پارہ عم سورۃ عبس استفادہ از اولیاءِ مدفونین مسلم بکڈپو لال کنواں دہلی ص ۱۴۳
[2] " " " " سورۃ مطففین مقامِ ارواحِ انبیاء و صلحاء " " " ص ۱۹۳

"روزِ قیامت شہداء کا خون اور علماء کی دوات کی سیاہی تولے جائیں گے، علماء کی دوات کی سیاہی شہدائے کے خون پر غالب آئے گی"۔[1]

اور علماء سے اولیاء افضل ہیں، تو جب شہداء زندہ ہیں اور فرمایا کہ انھیں مُردہ نہ کہو، تو اولیاء کہ بدرجہا اُن سے افضل ہیں ضرور ان سے بہتر حی ابدی ہیں۔ قرآن عظیم کے ایجازات میں یہ بھی ہے کہ امر ارشاد فرماتے ہیں اور اس سے اس کے امثال اور اس سے امثل پر دلالت فرمادیتے ہیں، جیسے،

لا تقل لهما اُفٍّ ولا تنهرهما۔[2]

اُن سے ہُوں نہ کہنا اور انھیں نہ جھڑکنا۔ (ت)

ماں باپ کو ہُوں کہنے سے ممانعت فرمائی، جو کچھ اس سے زیادہ ہو وہ خود ہی منع ہو گیا۔ اور یہیں دیکھئے حیاتِ شہداء کی تصریح فرمائی اور حیاتِ انبیاء کا ذکر نہیں کہ اعلیٰ خود ہی مفہوم ہو جائے گا۔ اس دلالۃ النص میں اولیاء بلاشبہہ داخل۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۰۳ تا ۱۰۵)

(۸) قرآن مجید کی جامعیت اور واقعہ افک سے علمِ مصطفٰی علیہ الصلٰوۃ والسلام پر استدلال کے بارے میں فرمایا:

قرآن عظیم میں بے شک سب کچھ موجود ہے مگر اُسے کوئی نہ سمجھ سکتا اگر حدیث اس کی شرح نہ فرماتی۔ قال اللہ تعالٰی:

لتبیّن للناس ما نزل الیھم۔[3]

تاکہ تم لوگوں سے بیان کر دو جو اُن کی طرف اُترا۔ (ت)

اور حدیث بھی کوئی نہ سمجھ سکتا اگر ائمہ مجتہدین اس کی شرح نہ فرماتے، ان کی سمجھ میں مدارج مختلف ہیں۔ نبی صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ربّ مبلّغ یبلغه اوعی له من سامع۔[4]

بہت سے لوگ جن تک بات پہنچائی جاتی ہے وہ سننے والے سے زیادہ اس کو یاد رکھنے والے

---

[1] کنز العمال حدیث ۲۸۷۱۵ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۰/ ۱۴۱

" " ۲۸۸۹۹ و ۲۸۹۰۲ " " ۱۰/ ۱۷۳

[2] القرآن الکریم ۱۷/ ۲۳ [3] القرآن الکریم ۱۶/ ۴۴

[4] سنن ابن ماجہ باب من بلغ علماً ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۲۱

ہوتے ہیں ۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۰۷)

(۹) مزید فرمایا :

اللہ عزوجل نے اپنے حبیب صلے اللہ تعالٰے پر قرآنِ عظیم اتارا کہ ہر چیز اُن پر روشن فرمادی۔ قال اللہ تعالٰے :

نزّلنا علیك الكتٰب تبیانا لكل شیء[1]

ہم نے تم پر یہ قرآن اتارا کہ ہر چیز کا روشن بیان ہے ۔ (ت)

قرآن عظیم تھوڑا تھوڑا کر کے تئیس ۲۳ برس میں نازل ہوا ، جتنا قرآن عظیم اُترتا گیا حضور پر غیب روشن ہوتا گیا ، جب قرآن عظیم پورا نازل ہوچکا روزِ اوّل سے روزِ آخر تک کا جمیع ماکان ومایکون کا علم محیط حضور کو حاصل ہوگیا ، تمامی نزولِ قرآن سے پہلے اگر کوئی واقعہ کسی حکمتِ الٰہیہ کے سبب منکشف نہ ہُوا تو احاطہ علمِ اقدس کا منافی نہیں معہذا زمانۂ افک میں حضور اقدس صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے سکوت فرمایا جس سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضور کو علم نہ تھا ، اپنے اہل کی براءت اپنی زبان سے ظاہر فرمانا یہ بہتر ہوتا یا یہ کہ ربّ السّمٰوٰت والارض نے قرآن کریم میں ستّرہ ۱۷ آیتیں اُن کی براءت میں نازل فرمائیں جو قیامِ قیامت تک مساجد و مجالس و مجامع میں تلاوت کی جائیں گی۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۰۸)

(۱۰) اللہ تعالٰے کو عرش پر سمجھنے کے بارے میں ایک غلط فتوٰی کا رد کرتے ہوئے فرمایا :

حاش اللہ ! ہرگز عقیدہ اہلسنت کا نہیں ۔ وہ مکان و تمکن سے پاک ہے ، نہ عرش اس کا مکان ہے نہ دوسری جگہ ۔ عرش و فرش سب حادثات ہیں ، اور وہ قدیم ازلی ابدی سرمدی ، جب تک یہ کچھ نہ تھے کہاں تھا ، جیسا جب تھا ویسا ہی اب ہے اور جیسا اب ہے ویسا ہی ابدالآباد تک رہے گا ۔ عرش و فرش سب متغیر ہیں ، حادثات ہیں ، فانی ہیں ، اور وہ اور اس کی صفات تغیّر وحدوث و فنا سب سے پاک ۔ استواء پر اجماع نقل کرنے کی کیا حاجت ۔ خود رحمٰن عزّوجل فرماتا ہے :

الرحمٰن علی العرش استوٰی[2]

وہ بڑا مہر والا اس نے عرش پر استواء فرمایا جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۱۶/ ۸۹

[2] " ۲۰/ ۵

مگر اعتقاد اہل سنّت کا وُہ ہے جو ان کے رب عزّ وجل نے راسخین فی العلم کو تعلیم فرمایا:

والراسخون فی العلم یقولون اٰمنّا بہ کل من عند ربنا وما یذکر الا اولوا الالباب[1]۔

اور وُہ پختہ علم والے کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے، سب ہمارے رب کے پاس سے ہے، اور نصیحت نہیں مانتے مگر عقل والے۔ (ت)

اعتقاد اہل سنّت کا وُہ ہے جو اُم المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:

الاستواء معلوم والکیف مجھول والایمان بہ واجب والسؤال عنہ بدعۃ[2]۔

استواء معلوم ہے اور کیفیت مجہول، اور اس پر ایمان واجب اور اس کی تفتیش گمراہی۔

اہل سنت کے دو مسلک آیاتِ متشابہات میں ہیں سلف صالح کا مسلک تفویض کا، ہم نہ ان کے معنی جانیں نہ ان سے بحث کریں جو کچھ اُن کے ظاہر سے سمجھ میں آتا ہے وہ قطعاً مراد نہیں اور جو کچھ ان کے رب عزّ وجل کی مراد ہے ہم اس پر ایمان لائے۔

اٰمنّا بہ کل من عند ربنا[3]۔

ہم سب اس پر ایمان لائے سب ہمارے رب کے پاس سے ہے۔ (ت)

دوسرا مسلک متاخرین کا کہ حفظ دین عوام کے لئے معنی محال سے پھیر کر کسی قریب معنی کی طرف لے جائیں مثلاً استواء بمعنی استیلاء بھی آتا ہے:

قد استوی بشر علی العراق    من غیر سیف ودم مھراق[4]

(تحقیق بشر عراق پر غالب آگیا تلوار کے ساتھ خون بہائے بغیر۔ ت)

(فتاوٰی رضویہ ۲۹ ج ۱۱۶، ۱۱۷)

(۱۱) آیاتِ متشابہات پر آریہ کے اعتراضات نیز وہابیہ مجسمہ کے استدلالات کا تحقیقی جواب دینے کے لئے اعلٰحضرت علیہ الرحمہ نے رسالہ "قوارع القہار علی المجسمۃ الفجار" تحریر فرمایا جس میں

---

[1] القرآن الکریم ۳/۷

[2] الدر المنثور تحت الآیۃ ۷/۵۴ دار احیاء التراث العربی بیروت ۳/۴۲۹

فتح الباری کتاب التوحید باب قولہ وکان عرشہ علی الماء دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴/۳۴۶

[3] القرآن الکریم ۳/۷

[4] فتح الباری کتاب التوحید باب قولہ وکان عرشہ علی الماء دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴/۳۴۵

الاسماء والصفات تحت الحدیث ۸۷۰ داؤد ابن رجب ص ۵۱۹

تنزیہ باری تعالیٰ سے متعلق پندرہ[۱۵] عقائد بیان کرنے کے بعد فرمایا:

محل تفصیل میں عقائد تنزیہیہ بے شمار ہیں، یہ پندرہ کہ بقدرِ حاجت یہاں مذکور ہوئے اور ان کے سوا اُن جملہ مسائل کی اصل یہی تین عقیدے ہیں جو مذکور ہوئے اور ان میں بھی اصل الاصول عقیدۂ اولیٰ ہے کہ تمام مطالب تنزیہیہ کا حاصل وخلاصہ ہے ان کی دلیل قرآن عظیم کی وہ سب آیات ہیں جن میں باری عزّ وجل کی تسبیح وتقدیس و پاکی و بے نیازی و بے مثلی و بے نظیری ارشاد ہوئی آیاتِ تسبیح خود کس قدر کثیر ووافر ہیں؛

وقال تعالیٰ:

الملك القدوس السلٰم[۱]

بادشاہ نہایت پاکی والا ہر عیب سے سلامت۔

وقال تعالیٰ:

فان الله غنی عن العٰلمین[۲]

بے شک اللہ سارے جہان سے بے نیاز ہے۔

وقال تعالیٰ:

ان الله هو الغنی الحمید[۳]

بے شک اللہ ہی بے پروا ہے سب خُوبیوں سراہا۔

وقال تعالیٰ:

لیس کمثله شیٔ[۴]

اس کے مثل کوئی چیز نہیں۔

وقال تعالیٰ:

هل تعلم له سمیا[۵]۔

کیا تُو جانتا ہے اس کے نام کا کوئی۔

وقال تعالیٰ:

ولم یکن له کفوًا احد[۶]۔

اس کے جوڑ کا کوئی نہیں۔

---

[۱] القرآن الکریم ۵۹/ ۲۳ [۲] القرآن الکریم ۳/ ۹۷ [۳] القرآن الکریم ۳۱/ ۲۶

[۴] " ۴۲/ ۱۱ [۵] " ۱۹/ ۶۵ [۶] " ۱۱۲/ ۴

ان مطالب کی آیتیں صدہا ہیں، یہ آیات محکمات ہیں، یہ اُم الکتاب ہیں، ان کے معنے میں کوئی خفاو اجمال نہیں، اصلاً دقت واشکال نہیں جو کچھ ان کے صریح لفظوں سے بے پردہ روشن وہویدا ہے بے تغیر و تبدیل بے تخصیص و تاویل اس پر ایمان لانا ضروریاتِ دینِ اسلام سے ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۲۰، ۱۲۱)

(۱۲) آیات متشابہات کے باب میں اہلسنت کا اعتقاد بیان کرتے ہوئے فرمایا:

قال اللہ تعالٰی "ھوالذی انزل علیك الکتٰب منه اٰیٰت محکمٰت ھن ام الکتٰب و اخر متشٰبھٰت ط فاما الذین فی قلوبھم زیغ فیتبعون ماتشابه منه ابتغاء الفتنة وابتغاء تاویله ۝ ومایعلم تاویله الا اللہ م والرٰسخون فی العلم یقولون اٰمنّا به کل من عند ربنا ج ومایذکر الا اولوا الالباب ۝[1]"

(موضح القرآن میں اس کا ترجمہ یوں ہے: (اللہ تعالٰی نے فرمایا:) وہی ہے جس نے اتاری تجھ پر کتاب، اس میں بعض آیتیں پکی ہیں سو جڑ ہیں کتاب کی، اور دُوسری ہیں کئی طرف ملتی، سو جن کے دل ہیں پھرے ہُوئے وہ لگتے ہیں اُن کے ڈھب والیوں سے۔ تلاش کرتے ہیں گمراہی اور تلاش کرتے ہیں ان کی کل بٹھانی، اور ان کی کل کوئی نہیں جانتا سوائے اللہ کے۔ اور جو مضبوط علم والے ہیں سو کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لائے سب کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے، اور سمجھائے وہی سمجھتے ہیں جن کو عقل ہے[2]۔

اور اس کے فائدے میں لکھا:

"اللہ صاحب فرماتا ہے کہ ہر کلام میں اللہ نے بعضی باتیں رکھی ہیں جن کے معنے صاف نہیں کھلتے تو جو گمراہ ہو اُن کے معنے عقل سے لگے پکڑنے اور جو مضبوط علم رکھے وہ اُن کے معنے اور آیتوں سے ملا کر سمجھے جو جڑ کتاب کی ہے اس کے موافق سمجھ پائے تو سمجھے اور اگر نہ پائے تو اللہ پر چھوڑ دے کہ وہی بہتر جانتے ہم کو ایمان سے کام ہے[3] انتہی"

اقول (میں کہتا ہوں۔ت) بات یہ ہے کہ اللہ تعالٰی نے قرآن مجید اتارا ہے ہدایت

---

[1] القرآن الکریم ۳/ ۷

[2] موضح القرآن ترجمہ و تفسیر شاہ عبدالقادر ۱۲۱ھ تاج کمپنی لاہور ص ۶۲

[3] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

فرمانے اور بندوں کو جانچنے آزمانے کو،

یضل بہ کثیرا ویھدی بہ کثیرا[1]۔

اسی قرآن سے بہتوں کو گمراہ فرمائے اور بہتیروں کو راہ دکھائے۔

اس ہدایت وضلالت کا بڑا منشا قرآن عظیم کی آیتوں کا دو[2] قسم ہونا ہے:

محکمات، جن کے معنے صاف بے دقت ہیں جیسے اللہ تعالٰی کی پاکی و بے نیازی و بے مثلی کی آیتیں جن کا ذکر اوپر گزرا۔

اور دوسری متشابہات، جن کے معنٰی میں اشکال ہے یا تو ظاہر لفظ سے کچھ سمجھ ہی نہیں آتا جیسے حروف مقطعات الۤمۤ وغیرہ یا جو سمجھ میں آتا ہے وہ اللہ عزوجل پر محال ہے جیسے الرحمٰن علی العرش استوٰی[2] (وہ بڑا مہر والا اس نے عرش پر استواء فرمایا۔ ت) یا ثم استوی علی العرش[3] (پھر اس نے عرش پر استواء فرمایا۔ ت) پھر جن کے دلوں میں کجی وگمراہی تھی وہ تو ان کو اپنے ڈھب کا پاکر ان کے ذریعہ سے بے علموں کو بہکانے اور دین میں فتنے پھیلانے لگے کہ دیکھو قرآن میں آیا ہے کہ اللہ عرش پر بیٹھا ہے، عرش پر چڑھا ہوا ہے، عرش پر ٹھہر گیا ہے۔ اور آیات محکمات جو کتاب کی جڑ تھیں اُن کے ارشاد دل سے بھلا دیئے حالانکہ قرآن عظیم میں تو استواء آیا ہے اور اس کے معنے چڑھنا، بیٹھنا، ٹھہرنا ہونا کچھ ضرور نہیں یہ تو تمھاری اپنی سمجھ ہے جس کا حکم خدا پر لگا رہے ہو ما انزل اللہ بہا من سلطٰن[4] (اللہ تعالٰی نے اس پر کوئی دلیل نازل نہ فرمائی۔ ت) اگر بالفرض قرآن مجید میں یہی الفاظ چڑھنا، بیٹھنا، ٹھہرنا آتے تو قرآن ہی کے حکم سے فرض قطعی تھا کہ انھیں ان ظاہری معنٰی پر نہ سمجھو جو ان لفظوں سے ہمارے ذہن میں آتے ہیں کہ یہ کام تو اجسام کے ہیں اور اللہ تعالٰی جسم نہیں مگر یہ لوگ اپنی گمراہی سے اسی معنٰی پر جم گئے انھیں کو قرآن مجید نے فرمایا: الذین فی قلوبھم زیغ[5] ان کے دل پھرے ہوئے ہیں۔ اور جو لوگ علم میں پکے اور اپنے رب کے پاس سے ہدایت رکھتے تھے وہ سمجھے کہ آیاتِ محکمات سے قطعًا ثابت ہے کہ اللہ تعالٰی مکان و جہت و جسم و اعراض سے پاک ہے، بیٹھنے، چڑھنے، ٹھہرنے سے منزّہ ہے کہ یہ سب باتیں اس بے عیب کے حق میں عیب ہیں جن کا بیان ان شاء اللہ المستعان عنقریب آتا ہے اور وہ ہر عیب

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۶
[2] القرآن الکریم ۲۰/ ۵
[3] " ۷/ ۵۴ و ۱۰/ ۳
[4] " ۱۲/ ۴۰
[5] " ۳/ ۷

23/23

پاک ہے ان میں اللہ عزوجل کے لئے اپنی مخلوقِ عرش کی طرف حاجت نکلے گی اور وہ ہر احتیاج سے پاک ہے ان میں مخلوقات سے مشابہت ثابت ہوگی کہ اٹھنا، بیٹھنا، چڑھنا، اترنا، سرکنا، ٹھہرنا اجسام کے کام ہیں اور وہ ہر مشابہت خلق سے پاک ہے تو قطعاً یقیناً ان لفظوں کے ظاہری معنے جو ہماری سمجھ میں آتے ہیں ہرگز مراد نہیں، پھر آخر معنے کیا لیں۔ اس میں یہ ہدایت والے دو روش ہو گئے۔ اکثر نے فرمایا جب یہ ظاہری معنے قطعاً مقصود نہیں اور تاویلی مطلب متعین ومحدود نہیں تو ہم اپنی طرف سے کیا کہیں، یہی بہتر کہ اس کا علم اللہ پر چھوڑیں ہمیں ہمارے رب نے آیاتِ متشابہات کے پیچھے پڑنے سے منع فرمایا اور ان کی تعیین مراد میں خوض کرنے کو گمراہی بتایا تو ہم حد سے باہر کیوں قدم دھریں، اسی قرآن کے بتائے حصے پر قناعت کریں کہ اٰمنّا به کل من عند ربنا[1] جو کچھ ہمارے مولٰی کی مراد ہے ہم اس پر ایمان لائے محکم متشابہ سب ہمارے رب کے پاس سے ہے۔ یہ مذہب جمہور ائمہ سلف کا ہے اور یہی اسلم و اولٰی ہے، اسے مسلکِ تفویض و تسلیم کہتے ہیں۔ ان ائمہ نے فرمایا: استواء معلوم ہے کہ ضرور اللہ تعالٰی کی ایک صفت ہے اور کیف مجہول ہے کہ اس کے معنے ہماری سمجھ سے وراء ہیں اور ایمان اس پر واجب ہے کہ نص قطعی قرآن سے ثابت ہے اور سوال اس سے بدعت ہے کہ سوال نہ ہوگا مگر تعیین مراد کے لئے اور تعیینِ مراد کی طرف راہ نہیں اور بعض نے خیال کیا کہ جب اللہ عزوجل نے محکم و متشابہ دو قسمیں فرما کر محکمات کو ھنّ امّ الکتٰب[2] فرمایا کہ وہ کتاب کی جڑ ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ ہر فرع اپنی اصل کی طرف پلٹتی ہے تو یہ آیہ کریمہ نے تاویل متشابہات کی راہ خود بتادی اور ان کی ٹھیک معیار ہمیں سُجھا دی کہ ان میں وُہ درست و پاکیزہ احتمالات پیدا کرو جن سے یہ اپنی اصل یعنی محکمات کے مطابق آجائیں اور فتنہ وضلال و باطل و محال راہ نہ پائیں۔ یہ ضرور ہے کہ اپنے نکالے ہوئے معنے پر یقین نہیں کرسکتے کہ اللہ عزوجل کی یہی مراد ہے مگر جب معنے صاف وپاکیزہ ہیں اور مخالفت محکمات سے بری و منزّہ ہیں اور محاوراتِ عرب کے لحاظ سے بن بھی سکتے ہیں تو احتمالی طور پر بیان کرنے میں کیا حرج ہے اور اس میں نفع یہ ہے کہ بعض عوام کی طبائع صرف اتنی بات پر مشکل سے قناعت کریں کہ ان کے معنے ہم کچھ نہیں کہہ سکتے اور جب انہیں روکا جائے گا تو خواہ مخواہ ان میں فکر کی اور حرص بڑھے گی،

ان ابن اٰدم لحریص علٰی ما منع[3] (انسان کو جس چیز سے منع کیا جائے وہ اس پر

---

[1] القرآن الکریم ۳/ ۷

[2] القرآن الکریم ۳/ ۷

[3] الفردوس بماثور الخطاب حدیث ۸۸۵ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱/ ۲۳۱

حریص ہوتا ہے ۔ ت)

اور جب فکر کریں گے فتنے میں پڑینگے گمراہی میں گریں گے، تو یہی انسب ہے کہ ان کی افکار ایک مناسب وملائم معنی کی طرف کہ محکمات سے مطابق محاورات سے موافق ہوں پھیر دی جائیں کہ فتنہ وضلال سے نجات پائیں، یہ مسلک بہت علمائے متاخرین کا ہے کہ نظر بحال عوام اسے اختیار کیا ہے اسے مسلک تاویل کہتے ہیں۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۲۱ تا ۱۲۴)

(۱۳) استواعلی العرش کے معنی میں وجوہِ تاویل بیان کرتے ہوئے فرمایا:

یہ علماء بوجوہِ کثیرہ تاویلِ آیت فرماتے ہیں: ان میں چار وجہیں نفیس و واضح ہیں،

**اوّل** استواء بمعنی قہر وغلبہ ہے، یہ زبانِ عرب سے ثابت و پیدا ہے عرش سب مخلوقات سے اُوپر اور اونچا ہے اس لئے اس کے ذکر پر اکتفا فرمایا اور مطلب یہ ہوا کہ اللہ تمام مخلوقات پر قاہر وغالب ہے۔

**دوم** استواء بمعنی علو ہے اور علو اللہ عزوجل کی صفت ہے نہ علو مکان بلکہ علو مالکیت و سلطان۔ یہ دونوں معنے امام بیہقی نے کتاب الاسماء والصفات میں ذکر فرمائے جس کی عبارات عنقریب آتی ہیں ان شاء اللہ تعالٰی۔

**سوم** استواء بمعنی قصد و ارادہ ہے، ثم استوٰی علی العرش یعنی پھر عرش کی طرف متوجہ ہوا یعنی اس کی آفرینش کا ارادہ فرمایا یعنی اس کی تخلیق شروع کی، یہ تاویل امام اہلسنت امام ابوالحسن اشعری نے افادہ فرمائی۔ امام اسمٰعیل ضریر نے فرمایا: انہ الصواب[1] یہی ٹھیک ہے، نقلہ الامام جلال الدین سیوطی فی الاتقان (اس کو امام جلال الدین سیوطی نے اتقان میں نقل کیا ہے۔ت)

**چہارم** استواء بمعنی فراغ و تمامی کار ہے یعنی سلسلہ خلق و آفرینش کو عرش پر تمام فرمایا اس سے باہر کوئی چیز نہ پائی، دُنیا و آخرت میں جو کچھ بنایا اور بنائے گا دائرۂ عرش سے باہر نہیں کہ وہ تمام مخلوق کو حاوی ہے۔ قرآن کی بہتر تفسیر وُہ ہے جو قرآن سے ہو۔ استواء بمعنی تمامی خود قرآن عظیم میں ہے، قال اللہ تعالٰی:

ولمّا بلغ اشدّہ واستوٰی[2]

جب اپنی قوت کے زمانے کو پہنچا اور اس کا شباب پُورا ہوا۔

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثالث والاربعون فی المحکم والمتشابہ داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/ ۶۰۵

[2] القرآن الکریم ۲۸/ ۱۴

اسی طرح قولہ تعالٰی :

کزرع اخرج شطئہ فاٰزرہ فاستغلظ فاستوٰی علٰی سوقہ[1]۔

جیسے پودا کہ اس کا خوشہ نکلا تو اس کو بوجھل کیا تو وہ موٹا ہوا تو وہ اپنے تنے پر درست ہوا۔ (ت)

میں استواء حالتِ کمال سے عبارت ہے ، یہ تاویل امام حافظ الحدیث ابن الحجر عسقلانی نے امام ابوالحسن علی بن خلف ابنِ بطال سے نقل کی اور یہ کلام ابوطاہر قزوینی کا ہے کہ سراج العقول میں افادہ فرمایا ، اور امام عبدالوہاب شعرانی کی کتاب الیواقیت[2] میں منقول ۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۲۴ تا ۱۲۶)

(۱۴) قرآن مجید میں لفظ استواء کے مواضع بیان کرتے ہوئے فرمایا :

**اقول** (میں کہتا ہوں ۔ ت) اور اس کے سوا یہ ہے کہ قرآن عظیم میں یہ استواء سات جگہ مذکور ہوا ، ساتوں جگہ ذکر آفرینش آسمان وزمین کے ساتھ اور بلا فصل اس کے بعد ہے ۔ سورۂ اعراف و سورۂ یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام میں فرمایا :

ان ربکم اللہ الذی خلق السمٰوٰت والارض فی ستۃ ایام ثم استوٰی علی العرش[3]۔

تمہارا رب وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا چھ دنوں میں پھر عرش پر استواء فرمایا ۔ (ت)

سورۂ رعد میں فرمایا :

اللہ الذی رفع السمٰوٰت بغیر عمد ترونھا ثم استوٰی علی العرش[4]۔

اللہ تعالٰی وہ ذات ہے جس نے آسمانوں کو بغیر ستون کے بلند کیا تم دیکھ رہے ہو پھر عرش پر استواء فرمایا ۔ (ت)

سورۂ طٰہٰ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں فرمایا :

تنزیلا ممن خلق الارض والسمٰوٰت العلٰی ○ الرحمٰن علی العرش استوٰی[5]○

قرآن نازل کردہ ہے اس ذات کی طرف سے جس نے پیدا کیا زمین کو اور بلند آسمانوں کو ، وہ رحمٰن ہے جس نے عرش پر استواء فرمایا ۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۴۸ / ۲۹
[2] الیواقیت والجواہر بحوالہ سراج العقول المبحث السابع عشر داراحیاء التراث العربی بیروت ۱ / ۱۸۲ و ۱۸۳
[3] القرآن الکریم ۱۰ / ۳
[4] القرآن الکریم ۱۳ / ۲
[5] " ۲۰ / ۴ ، ۵

سورۂ فرقان میں فرمایا:

الذی خلق السمٰوٰت والارض وما بینهما فی ستة ایام ثم استوٰی علی العرش[1]

وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو اور ان دونوں کے درمیان کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر استواء فرمایا۔ (ت)

سورۂ حدید میں فرمایا:

هو الذی خلق السمٰوٰت والارض فی ستة ایام ثم استوی علی العرش[2]

وہ ذات جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر استواء فرمایا۔ (ت)

یہ مطالب کہ اوّل سے یہاں تک اجمالاً مذکور ہوئے، صدہا ائمۂ دین کے کلماتِ عالیہ میں ان کی تصریحات جلیہ ہیں انھیں نقل کیجئے تو دفتر عظیم ہو، اور فقیر کو اس رسالہ میں التزام ہے کہ جن کتابوں کے نام مخالف گمنام نے اغوائے عوام کے لئے لکھ دئے ہیں اس کے رد میں انھی کی عبارتیں نقل کرے کہ مسلمان دیکھیں کہ وہابی صاحب کس قدر بے حیا، بیباک، مکّار، چالاک، بددین، ناپاک ہوتے ہیں کہ جن کتابوں میں ان کی گمراہیوں کے صریح رد لکھے ہیں انھی کے نام اپنی سند میں لکھ دیتے ہیں ؎

چہ دلاورست دزدے بکف چراغ دارد

(چور کیسا دلیر ہے کہ ہاتھ میں چراغ لئے ہوئے ہے۔ ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۲۶، ۱۲۷)

(۱۵) آیت کریمہ "الرحمٰن علی العرش استوی" آیاتِ متشابہات سے ہے۔ اس پر حوالہ جات پیش کرتے ہوئے فرمایا:

مباحث آئندہ میں جو عبارات اُن کتابوں کی منقول ہوں گی انھیں سے ان شاء اللہ العظیم یہ سب بیان واضح ہوجائیں گے یہاں صرف آیات متشابہات کے متعلق بعض عبارات نقل کروں جن سے مطلب سابق بھی ظاہر ہو اور یہ بھی کھل جائے کہ آیۂ کریمہ "الرحمٰن علی العرش استوٰی" آیات متشابہات سے ہے، اور یہ بھی کہ جس طرح مخالف کا مذہبِ نامہذب یقیناً صریح ضلالت اور مخالف جملہ اہل سنت ہے یونہی اجمالاً اس آیت کے معنے جاننے پر مخالف سلف صالح وجمہور ائمۂ اہلسنت وجماعت ہے۔

---

[1] القرآن الکریم ۲۵/ ۵۹

[2] " " ۵۷/ ۴

(۱) موضح القرآن کی عبارت اوپر گزری۔

(۲) معالم ومدارک وکتاب الاسماء والصفات وجامع البیان کے بیان یہاں سنئے کہ یہ پانچوں کتابیں بھی انھیں کتب سے ہیں جن کا نام مخالف نے گن دیا۔ معالم التنزیل میں ہے:

اما اھل السنۃ یقولون الاستواء علی العرش صفۃ للہ تعالٰی بلا کیف یجب علی الرجل الایمان بہ ویکل العلم فیہ الی اللہ عزوجل[1]

یعنی رہے اہلسنت، وہ یہ فرماتے ہیں کہ عرش پر استواء اللہ عزوجل کی ایک صفت بے چونی وچگونگی ہے۔ مسلمان پر فرض ہے کہ اس پر ایمان لائے اور اس کے معنے کا علم خدا کو سونپے۔

مخالف کو سوجھے کہ اسی کی مستند کتاب نے خاص مسئلہ استواء میں اہلسنت کا مذہب کیا لکھا ہے شرم رکھتا ہے تو اپنی خرافات سے باز آئے اور عقیدہ اپنا مطابق اعتقاد اہلسنت کرے۔

(۳) اسی میں ہے:

ذھب الاکثرون الی ان الواو فی قولہ "والراسخون" واو الاستئناف وتم الکلام عند قولہ "وما یعلم تاویلہ الا اللہ" وھو قول ابی بن کعب وعائشۃ وعروۃ بن الزبیر رضی اللہ تعالٰی عنھم، وروایۃ طاؤس عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنھما وبہ قال الحسن واکثر التابعین واختارہ الکسائی والفراء والاخفش (الٰی ان قال) ومما یصدق ذٰلک قراءۃ عبداللہ "ان تاویلہ الاعند اللہ والراسخون فی العلم یقولون اٰمنا" وفی حرف ابی (ویقول الراسخون فی العلم اٰمنا بہ) وقال عمر بن عبد العزیز فی ھٰذہ الاٰیۃ انتھی علم الراسخین فی العلم بتاویل القراٰن الٰی ان قالوا اٰمنا بہ کل من عند ربنا وھذا القول اقیس فی العربیۃ واشبہ بظاھر الاٰیۃ[2]

یعنی جمہور ائمہ دین وصحابہ وتابعین رضی اللہ تعالٰی عنہم اجمعین کا مذہب یہ ہے کہ والراسخون فی العلم سے جدا بات شروع ہوئی پہلا کلام وہیں پورا ہوگیا کہ متشابہات کے معنے اللہ عزوجل کے سوا کوئی نہیں جانتا، یہی قول حضرت سید قاریان صحابہ ابی بن کعب اور حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ اور عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالٰی عنہم کا ہے، اور یہی امام طاؤس نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا،

---

[1] معالم التنزیل تحت الآیۃ ۷/۵۴ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲/۱۳۷

[2] " " " ۳/۷ " " ۱/۲۱۴، ۲۱۵

اور یہی مذہب امام حسن بصری واکثر تابعین کا ہے، اور اسی کو امام کسائی وفراء واخفش نے اختیار کیا اور اس مطلب کی تصدیق حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس قراءت سے بھی ہوتی ہے کہ آیات متشابہات کی تفسیر اللہ عزوجل کے سوا کسی کے پاس نہیں، اور پکے علم والے کہتے ہیں ہم ایمان لائے، اور ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قراءت بھی اسی معنی کی تصدیق کرتی ہے۔ امیر المومنین عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ان کی تفسیر میں محکم علم والوں کا منتہائے علم بس اس قدر ہے کہ کہیں ہم ان پر ایمان لائے سب ہمارے رب کے پاس سے ہے، اور یہ قول عربیت کی رُو سے زیادہ دلنشین اور ظاہر آیت سے بہت موافق ہے۔

(۴) مدارک التنزیل میں ہے:

منه اٰیٰت محکمٰت احکمت عبارتها بان حفظت من الاحتمال والاشتباه هن ام الکتٰب اصل الکتاب تحمل المتشابهات علیها وترد الیها و" اخر متشابهٰت" مشتبهات محتملات مثال ذٰلك الرحمٰن علی العرش استوٰی فالاستواء یکون بمعنی الجلوس وبمعنی القدرة والاستیلاء ولایجوز الاول علی الله تعالٰی بدلیل المحکم وهو قوله تعالٰی لیس کمثله شیئ، فاما الذین فی قلوبهم زیغ میل عن الحق وهم اهل البدع فیتبعون ماتشابه فیتعلقون بالمتشابه الذی یحتمل مایذهب الیه المبتدع مما لایطابق المحکم ویحتمل مایطابقه من قول اهل الحق "منه ابتغاء الفتنة" طلب ان یفتنوا الناس عن دینهم ویضلوهم" وابتغاء تاویله" وطلب ان یؤولوه التاویل الذی یشتهونه" ومایعلم تاویله الا الله" ای لایهتدی الی تاویله الحق الذی یجب ان یحمل علیه الا الله[1] اھ مختصرًا۔

یعنی قرآن عظیم کی بعض آیتیں محکمات ہیں جن کے معنے صاف ہیں احتمال واشتباہ کو اُن میں گزر نہیں، یہ آیات تو کتاب کی اصل ہیں کہ متشابہات انھیں پر حمل کی جائینگی اور انکے معنی انھیں کی طرف پھیرے جائینگے، اور بعض دوسری متشابہات ہیں جن کے معنی میں اشکال واحتمال ہے جیسے کریمۂ الرحمٰن علی العرش استوٰی استواء بیٹھنے کے معنی پر بھی آتا ہے اور قدرت وغلبہ کے معنی پر بھی، اور پہلے معنی اللہ عزوجل پر محال ہیں کہ آیات محکمات اللہ تعالیٰ کو بیٹھنے سے پاک ومنزّہ بتارہی ہیں ان محکمات سے ایک آیت ہے "لیس کمثلہ شیئ" اللہ کی مثل کوئی چیز نہیں، پھر وہ جن کے دل حق سے پھرے ہوئے ہیں اور وہ بدمذہب لوگ ہوئے وہ توآیات متشابہات کے پیچھے پڑتے ہیں ایسی آیتوں کی آڑ لیتے ہیں جن میں ان کی بدمذہبی کے معنی کا احتمال ہوسکے جو آیات محکمات کے مطابق نہیں، اور اس مطلب کا بھی احتمال ہو جو محکمات کے مطابق اور اہلسنت کا مذہب ہے۔ وہ بدمذہب ان آیات متشابہات کی آڑ اس لئے لیتے ہیں کہ فتنہ اٹھائیں لوگوں کو سچے دین سے بھکائیں ان کے وہ معنی بتائیں جو اپنی خواہش کے موافق ہوں۔ اور ان کے معنی

---

[1] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) آیت ۳/۷ دارالکتاب العربی بیروت ۱/۱۴۶

تو کوئی نہیں جانتا مگر اللہ، اللہ ہی کو خبر ہے ان کے حق معنی کیا ہیں جن پر ان کا اتارنا واجب ہے اھ

گمراہ شخص آنکھیں کھول کر دیکھے کہ یہ پاکیزہ تقریر یہ آیت و تفسیر اس کی گمراہی کا کیسا رَدِّ واضح و منیر ہے والحمد للہ رب العٰلمین۔

(۵) امام بیہقی کتاب الاسماء والصفات میں فرماتے ہیں:

الاستواء فالمتقدمون من اصحابنا رضی اللہ عنہم کانوا لا یفسرونہ و یتکلمون فیہ کنحو مذہبہم فی امثال ذٰلک[1]

ہمارے اصحاب متقدمین رضی اللہ تعالٰی عنہم استواء کے کچھ معنے نہ کہتے تھے نہ اس میں اصلاً زبان کھولتے جس طرح تمام صفاتِ متشابہات میں اُن کا یہی مذہب ہے۔

(۶) اُسی میں ہے:

حکینا عن المتقدمین من اصحابنا ترک الکلام فی امثال ذٰلک، ھذا مع اعتقادھم نفی الحد والتشبیہ والتمثیل عن اللہ سبحٰنہ وتعالٰی[2]

ہم اپنے اصحاب متقدمین کا مذہب لکھ چکے کہ ایسے نصوص میں اصلاً لب نہ کھولتے اور اس کے ساتھ یہ اعتقاد رکھتے کہ اللہ تعالٰی محدود ہونے یا مخلوق سے کسی بات میں متشابہ و مانند ہونے سے پاک ہے۔

(۷) اسی میں یحیٰی بن یحیٰی سے روایت کی:

کنا عند مالک بن انس فجاء رجل فقال یا ابا عبد اللہ "الرحمٰن علی العرش استوٰی" فکیف استوٰی؟ قال فاطرق مالک رأسہ حتی علاہ الرحضاء ثم قال الاستواء غیر مجہول والکیف غیر معقول والایمان بہ واجب، والسوال عنہ بدعۃ، وما اراک الا مبتدعا فامر بہ ان یخرج[3]

ہم امام مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ کی خدمت میں حاضر تھے ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کی: اے ابو عبداللہ! رحمٰن نے عرش پر استواء فرمایا یہ استواء کس طرح ہے؟ اس کے سنتے ہی امام نے سر مبارک جھکا لیا یہاں تک کہ بدن مقدس پسینہ پسینہ ہو گیا، پھر فرمایا: استواء مجہول نہیں اور کیفیت معقول نہیں اور اس پر ایمان فرض اور اُس سے استفسار بدعت اور میرے خیال میں تو ضرور بدمذہب ہے۔ پھر حکم دیا کہ اسے نکال دو۔

(۸) اُسی میں عبداللہ بن صالح بن مسلم سے روایت کی:

سئل ربیعۃ الرائ عن قول اللہ تبارک وتعالٰی "الرحمٰن علی العرش استوٰی" کیف

---

[1] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب ماجاء فی قول اللہ تعالٰی الرحمٰن علی العرش استوٰی حدیث ۸۶۴ دار ابن رجب ص ۵۱۵

[2] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب قول اللہ تعالٰی لعیسٰی علیہ السلام انی متوفیک ؍ ؍ ۹۰۰ ؍ ؍ ؍ ؍ ۵۳۴

[3] ؍ ؍ ؍ باب ماجاء فی قول اللہ تعالٰی الرحمٰن علی العرش استوٰی ؍ ۸۶۷ ؍ ؍ ؍ ؍ ۵۱۶

استوی ؛ قال الکیف مجھول والاستواء غیر معقول ویجب علیَّ وعلیکم الایمان بذلک کلہ[1]

یعنی امام ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن استاذ امام مالک سے جنھیں بوجہ قوت عقل وکثرت قیاس ربیعۃ الرائے لکھا جاتا یہی سوال ہوا، فرمایا کیفیت مجہول ہے اور اللہ تعالیٰ کا استواء غیر معقول ہے اور مجھ پر اور تم پر ان سب باتوں پر ایمان لانا واجب ہے۔

(۹) اُسی میں بطریق امام احمد بن ابی الحواری امام سفین بن عیینہ سے روایت کی کہ فرماتے:

کل ماوصف اللہ تعالیٰ من نفسہ فی کتابہ فتفسیرہ تلاوتہ والسکوت علیہ[2]

یعنی اس قسم کی جتنی صفات اللہ عزوجل نے قرآن عظیم میں اپنے لئے بیان فرمائی ہیں ان کی تفسیر یہی ہے کہ تلاوت کیجئے اور خاموش رہئے۔

بطریق اسحٰق بن موسٰی انصاری زائد کیا:

لیس لاحد ان یفسرہ بالعربیۃ ولا بالفارسیۃ[3]

کسی کو جائز نہیں کہ عربی میں خواہ فارسی کسی زبان میں اس کے معنے کہے۔

(۱۰) اُسی میں حاکم سے روایت کی انھوں نے امام ابوبکر احمد بن اسحٰق بن ایوب کا عقد نامہ دکھایا جس میں مذہب اہل سنت مندرج تھا اس میں لکھا ہے:

الرحمٰن علی العرش استوی بلاکیف[4]

رحمٰن کا استواء بیچون وبیچگون ہے۔

(۱۱) اسی میں ہے:

والاٰثار عن السلف فی مثل ھذا کثیرۃ، وعلیٰ ھٰذہ الطریقۃ یدل مذھب الشافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ والیہا ذھب احمد بن حنبل والحسین بن الفضل البلخی ومن المتاخرین ابوسلیمٰن الخطابی[5]

یعنی اس باب میں سلف صالح سے روایات بکثرت ہیں اور اس طریقہ سکوت پر امام شافعی کا مذہب دلالت کرتا ہے اور یہی مسلک امام احمد بن حنبل وامام حسین بن فضل بلخی اور متاخرین سے

---

[1] ~~کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب ماجاء فی قول اللہ تعالیٰ الرحمٰن علی العرش استوی حدیث ۸۶۸ دار ابن رجب ص ۵۱۶ و ۵۱۷~~

[2] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب ماجاء فی قول اللہ عزوجل علی العرش استوی ؍ ؍ ۸۶۷ ؍ ؍ ؍ ۵۱۷

[3] ؍ ؍ ؍ ؍ باب ماجاء فی اثبات العین ؍ ۸۶۳ ؍ ؍ ؍ ؍ ۴۱۲

[4] و [5] ؍ ؍ ؍ ؍ باب ماجاء فی قول اللہ عزوجل الرحمٰن علی العرش الخ ؍ ؍ ۸۷۰ ؍ ؍ ؍ ؍ ۵۱۷

امام ابوسلیمٰن خطابی کا ہے۔

الحمدُ للہ امام اعظم سے روایت عنقریب آتی ہے ائمہ ثلٰثہ سے یہ موجود ہیں۔ ثابت ہوا کہ چاروں اماموں کا اجماع ہے کہ استواء کے معنی کچھ نہ کہے جائیں اس پر ایمان واجب ہے اور معنی کی تفتیش حرام۔ یہی طریقہ جملہ سلف صالحین کا طریقہ ہے۔

(۱۲) اُسی میں امام خطابی سے ہے:

ونحن احری بان لانتقدم فیما تاخرعنه من هو اکثر علما و اقدم زمانا وسنا ولکن الزمان الذی نحن فیه قد صار اهله حزبین منکر لما یروی من نوع هٰذه الاحادیث راسا ومکذبا به اصلا، وفی ذٰلك تکذیب العلماء الذین رووا هٰذه الاحادیث وهم ائمة الدین ونقلة السنن والواسطة بیننا وبین رسول الله صلی الله تعالٰی علیه وسلم، والطائفة الاخرٰی مسلمة للروایة فیها ذاهبة فی تحقیق الظاهر منها مذهبا یکاد یفضی بهم الی القول بالتشبیه ونحن نرغب عن الامرین معًا، ولا نرضی بواحد منهما مذهبا، فیحق علینا ان نطلب لما یرد من هٰذه الاحادیث اذا صحت من طریق النقل والسند، تاویلا یخرج علی معانی اصول الدین ومذاهب العلماء ولا نبطل الروایة فیها اصلا، اذا کانت طرقها مرضیة ونقلتها عدولا۔[1]

یعنی جب اُن ائمہ کرام نے جو ہم میں سے علم میں زائد اور زمانے میں مقدم اور عمر میں بڑے تھے متشابہات میں سکوت فرمایا تو ہمیں ساکت رہنا اور ان کے معنے کچھ نہ کہنا اور زیادہ لائق تھا مگر ہمارے زمانے میں دوگروہ پیدا ہوئے: ایک تو اس قسم کی حدیثوں کو سرے سے رَد کرتا اور جھوٹ بتاتا ہے، اس میں علمائے رواۃ احادیث کی تکذیب لازم آتی ہے حالانکہ وہ دین کے امام ہیں اور سُنتوں کے ناقل اور نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تک ہمارے وسائط و وسائل۔ اور دوسرا گروہ ان روایتوں کو مان کر اُن کے ظاہری معنی کی طرف ایسا جاتا ہے کہ اس کا کلام اللہ عزوجل کو خلق سے مشابہ کر دینے تک پہنچا چاہتا ہے اور ہمیں یہ دونوں باتیں ناپسند ہیں ہم ان میں سے کسی کو مذہب بنانے پر راضی نہیں تو ہمیں ضرور ہوا کہ اس باب میں جو حدیثیں آئیں اُن کی وہ تاویل کردیں جس سے اُن کے معنے اصول عقائد و آیات محکمات کے مطابق ہوجائیں اور صحیح روایتیں کہ علماء ثقات کی سند سے آئیں باطل

---

[1] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب ما ذکر فی القدم والرجل حدیث ۷۵۶ دار ابن رجب ص ۴۵۲

نہ ہونے پائیں۔

(۱۳) امام ابوالقاسم لالکائی کتاب السنہ میں سیدنا امام محمد سردارِ مذہب حنفی تلمیذِ سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی کہ فرماتے :

اتفق الفقهاء كلهم من المشرق الى المغرب على الايمان بالقرآن وبالاحاديث التي جاء بها الثقات عن رسول الله صلى الله تعالٰى عليه وسلم في صفة الرب من غير تشبيه ولا تفسير فمن فسر شيئًا من ذٰلك فقد خرج عما كان عليه النبي صلى الله تعالٰى عليه وسلم وفارق الجماعة فانهم لم يصفوا ولم يفسروا ولكن اٰمنوا بما في الكتاب والسنة ثم سكتوا۔[1]

شرق سے غرب تک تمام ائمہ مجتہدین کا اجماع ہے کہ آیاتِ قرآنِ عظیم واحادیثِ صحیحہ میں جو صفاتِ الٰہیہ آئیں اُن پر ایمان لائیں بلا تشبیہ و بلا تفسیر، تو جو ان میں سے کسی کے معنٰے بیان کرے وہ نبی صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے طریقے سے خارج اور جماعتِ علماء سے جُدا ہُوا اس لئے کہ ائمہ نے نہ ان صفات کا کچھ حال بیان فرمایا نہ اُن کے معنٰے کہے بلکہ قرآن وحدیث پر ایمان لا کر چُپ رہے۔

طرفہ یہ کہ امام محمد کے اس ارشاد و ذکرِ اجماعِ ائمہ امجاد کو خود ذہبی نے بھی کتاب العلو میں نقل کیا اور کہا محمد سے یہ اجماع لالکائی اور ابو محمد بن قدامہ نے اپنی کتابوں میں روایت کیا بلکہ خود ابن تیمیہ مخذول بھی اُسے نقل کر گیا وللہ الحمد وله الحجة السامية (حمد اللہ تعالٰی کے لئے ہے اور غالب حجت اسی کی ہے۔ ت)۔

(۱۴) نیز مدارک میں زیرِ سورۂ طٰہٰ ہے :

المذهب قول علي رضي الله تعالٰى عنه الاستواء غير مجهول والتكييف غير معقول والايمان به واجب والسوال عنه بدعة لانه تعالٰى كان ولا مكان فهو على ما كان قبل خلق المكان ثم لم يتغير عما كان۔[2]

مذہب وُہ ہے جو مولٰی علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ استواء مجہول نہیں اور اس کی چگونگی

---

[1] فتح الباری بحوالہ اللالکائی باب قولہ تعالٰی وکان عرشہ علی الماء دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴/ ۳۴۹

[2] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیۃ ۲۰/ ۵ دار الکتاب العربی بیروت ۳/ ۴۸

عقل میں نہیں آسکتی اُس پر ایمان واجب ہے اور اس کے معنے سے بحث بدعت ہے اس لئے کہ مکان پیدا ہونے سے پہلے اللہ تعالٰی موجود تھا اور مکان نہ تھا پھر وہ اپنی اُس شان سے بدلا نہیں یعنی جیسا جب مکان سے پاک تھا اب بھی پاک ہے۔

گمراہ اپنی ہی مستند کی اس عبارت کو سُوجھے اور اپنا ایمان ٹھیک کرے۔

(۱۵) اسی میں زیر سورۂ اعراف یہی قول امام جعفر صادق و امام حسن بصری و امام اعظم ابوحنیفہ و امام مالک رضی اللہ تعالٰی عنہم سے نقل فرمایا[1]

(۱۶) یہی مضمون جامع البیان سورۂ یونس میں ہے کہ:

الاستواء معلوم والکیفیۃ مجھولۃ والسؤال عنه بدعة۔[2]

استواء معلوم ہے اور اس کی کیفیت مجہول ہے اور اس سے بحث وسوال بدعت ہے۔ (ت)

(۱۷) یہی مضمون سورۂ رعد میں سلف صالح سے نقل کیا کہ:

قال السلف الاستواء معلوم والکیفیۃ مجھولۃ۔[3]

سلف نے فرمایا استواء معلوم ہے اور کیفیت مجہول ہے۔ (ت)

(۱۸) سورۂ طٰہٰ میں لکھا:

سئل الشافعی عن الاستواء فاجاب اٰمنت بلاتشبیه واتهمت نفسی فی الادراک وامسکت عن الخوض فیه کل الامساک۔[4]

یعنی امام شافعی سے استواء کے معنے پُوچھے گئے، فرمایا: میں استواء پر ایمان لایا اور وُہ معنے نہیں ہوسکتے جن میں اللہ تعالٰی کی مشابہت مخلوق سے نکلے اور میں اپنے آپ کو اُس کے معنے سمجھنے میں متہم رکھتا ہوں مجھے اپنے نفس پر اطمینان نہیں کہ اس کے صحیح معنے سمجھ سکوں لہذا میں نے اس میں فکر کرنے سے یک قلم قطعی دست کشی کی۔

(۱۹) سورۂ اعراف میں لکھا:

---

[1] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیۃ ۳/۵ دار الکتاب العربی بیروت ۲/۴۸
[2] جامع البیان محمد بن عبدالرحمٰن الشافعی ۱۰/۳ دار نشر الکتب الاسلامیہ گوجرانوالا ۱/۲۹۲
[3] 〃 〃 〃 ۱۳/۲ 〃 〃 〃 ۱/۳۴۵
[4] 〃 〃 〃 ۲۰/۵ 〃 〃 〃 ۲/۱۵، ۱۶

اجمع السلف علیٰ ان استواءہ علی العرش صفۃ لہ بلاکیف نؤمن بہ ونکل العلم الی اللہ تعالیٰ۔[1]

سلف صالح کا اجماع ہے کہ عرش پر استوا، اللہ تعالیٰ کی ایک صفت بیچون و بے چگون ہے ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس کا علم خدا کو سونپتے ہیں۔

(۲۰) طرفہ یہ کہ سورۂ اعراف میں تو صرف اتنا لکھا کہ اس کے معنے ہم کچھ نہیں جانتے اور سورۂ فرقان میں لکھا:

قد مر فی سورۃ الاعراف تفصیل معناہ۔[2]

اس کے معنی کی تفصیل سورۂ اعراف میں گزری۔

یونہی سورۂ سجدہ میں لکھا:

قد مر فی سورۃ الاعراف[3] (سورۂ اعراف میں گزرا۔ ت)

یونہی سورۂ حدید میں:

قد مر تفسیرہ فی سورۃ الاعراف وغیرھا[4] (اس کی تفسیر سورۂ اعراف وغیرہ میں گزر چکی ہے۔ ت)

دیکھو کیسا صاف بتایا کہ اس کے معنی کی تفصیل یہی ہے کہ ہم کچھ نہیں جانتے، اب تو کھلا کہ وہابیہ مجسّمہ کا اپنی سند میں کتاب الاسماء ومعالم ومدارک وجامع البیان کے نام لے دینا کیسی سخت بے حیائی تھا۔ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲۹ ص ۱۲۸ تا ۱۳۷)

(۱۶) ایک نجدی گمراہ نے اپنی تحریر میں بزعم خود عرش کو اللہ تعالےٰ کا مکان بتایا اور اس سلسلہ میں آیت کریمہ "الرحمٰن علی العرش استویٰ" اور دیگر آیات واحادیث سے استدلال کیا، اس کے رد میں فرمایا:

مسلمانو! دیکھو اس گمراہ نے ان چند سطور میں کیسی کیسی جہالتیں، ضلالتیں، تناقض، سفاہتیں، اللہ د

---

[1] جامع البیان محمد بن عبدالرحمٰن الشافعی تحت الآیۃ ۷/۵۴ دارنشر الکتب الاسلامیہ گوجرانوالا ۱/۲۲۳
[2] " " " " " " ۲۵/۵۹ " " " ۲/۸۹
[3] " " " " " " ۳۲/۴ " " " ۲/۱۵۷
[4] " " " " " " ۵۷/۴ " " " ۲/۳۳۶

رسول پر افترار، علمار و کتب پر تہمتیں بھر دی ہیں،

**اوّلاً** ادعا کیا کہ استوار علی العرش میں بیٹھنے، چڑھنے، ٹھہرنے کے سوا جو کوئی اور معنے کہے بدعتی ہے، اور اسی کی سند میں بکمال جرأت و بیحیائی اُن نو کتابوں کے نام گِن دیئے۔

**ثانیاً** زعم کیا کہ احاطۂ الٰہی صرف از رُوئے علم ہے حالانکہ اس مسئلہ کا یہاں کچھ ذکر نہ تھا مگر اس نے اس بیان سے اپنی وہ گمراہی پالنی چاہی ہے کہ اللہ تعالٰی عرش پر ہے اور عرش کے سوا کہیں نہیں۔

**ثالثاً** منہ بھر کر اُس سُبّوحِ قدوس کو گالی دی کہ اس کے لئے مکان ثابت ہے، عرش اس کا مکان ہے، اور اس ثبوت میں بزورِ زبان دو حدیثیں نقل کر دیں۔

**رابعاً** یہ تین دعوے تو منطوق عبارت تھے مفہوم استثنار سے بتایا کہ استوار علی العرش کے معنے اللہ تعالٰی کا عرش پر بیٹھنا، چڑھنا، ٹھہرنا مطابق سنت ہیں۔

**خامساً** اپنے معبود کو بٹھانے، چڑھانے، ٹھہرانے ہی پر قناعت نہ کی بلکہ ان لفظوں کے مفہوم سے کہ جن صفات سے کلام شارع ساکت ہے اُن میں سکوت لازم ہے تمام متشابہات استوار کی طرح انھیں معانی پر محمول کر لیں جو اُن کے ظاہر سے مفہوم ہوتے ہیں۔

**سادساً** باوصف ان کے اصل دعوٰی یہ ہے کہ خدا عرش کے سوا کہیں نہیں۔

ہم بھی ان چھ باتوں کی بعونہٖ تعالٰی اُسی ترتیب پر چھ تپانچوں سے خبر لیں اور ساتویں تپانچے میں دو مسئلۂ باقیہ کے متعلق اجمالی گوشمالی کریں و باللہ التوفیق۔

## پہلا تپانچہ

گمراہ نے ادعا کیا کہ اللہ تعالٰی کے بیٹھنے، چڑھنے، ٹھہرنے کے سوا جو کوئی اور معنے استوار کے کہے بدعتی ہے، اور اس پر اُن نو کتابوں کا حوالہ دیا۔

**ضرب اوّل:** فقیر نے اگر یہ التزام نہ کیا ہوتا کہ اس کی گنائی ہوئی کتابوں سے سند لاؤں گا تو آپ سیر دیکھتے کہ یہ تپانچہ اس گمراہ کو کیونکر خاک و خون میں لٹاتا مگر اجمالاً اقوال مذکورہ بالا ہی ملاحظہ ہو جائیں کہ اس گمراہ نے کس کس امام دین و سنت کو بدعتی بنا دیا، امام[1] ابو الحسن علی ابن بطال، امام[2] ابن حجر عسقلانی، امام[3] ابو طاہر قزوینی، امام[4] عارف شعرانی، امام[5] جلال الدین سیوطی، امام[6] اسمٰعیل ضریر، حتّٰی[7] کہ خود امام[8] اہلسنت سیدنا امام ابو الحسن اشعری رضی اللہ تعالٰی عنہم اجمعین، تو کم از کم اس ضرب کو سات

ضرب سمجھئے بلکہ تیرہ[۱۳] کہ امام نسفی و امام بیہقی و امام بغوی و امام علی بن محمد ابو الحسن طبری و امام ابوبکر بن فورک و امام ابو منصور بن ابی ایوب کے اقوال عنقریب آتے ہیں۔ یہ حضرات بھی اس بدعتی کے طور پر معاذ اللہ بدعتی ہوئے۔ اور بیس[۲۰] ضرب اوپر گزریں جملہ تینتیس[۳۳] ہوئیں۔ آگے چلئے اور اب صرف اس کے مستندوں سے اس کی خبر لیجئے۔

**ضرب ۳۴ :** مدارک شریف سورۂ سجدہ میں استواء علی العرش کا حاصل اس کا احداث اور پیدا کرنا لیا یہ انھیں معنی سوم کے قریب ہے جو اُوپر گزرے۔

**ضرب ۳۵ :** اس سُورۃ اور سورۂ فرقان کے سوا کہ وہاں استوار کی تفسیر سے سکوت مطلق ہے باقی پانچوں جگہ اُس کے معنے استیلاء وغلبہ و قابو بتائے۔ حدید میں ہے :

ثم استوٰی (استولی) علی العرش[۱] (پھر عرش پر استواء فرمایا۔ ت)

رعد میں ہے :

استولی بالاقتدار ونفوذ السلطان[۲]

اقتدار اور حکومت کا مالک ہوا۔ (ت)

اعراف میں ہے :

اضاف الاستیلاء الی العرش وان کان سبحٰنہ وتعالٰی مستولیا علی جمیع المخلوقات لان العرش اعظمہا واعلاہا۔[۳]

یعنی اللہ تعالٰی کا قابو اس کی تمام مخلوقات پر ہے، خاص عرش پر قابو ہونے کا ذکر اس لئے فرمایا کہ عرش سب مخلوقات سے جسامت میں بڑا اور سب سے اوپر ہے۔

**ضرب ۳۶ :** سورہ طٰہٰ میں بعد ذکر معنی استیلاء ایک وجہ یہ نقل فرمائی :

لما کان الاستواء علی العرش وھو سریر الملک ممایردف الملک جعلوہ کنایۃ عن الملک فقال استوی فلان علی العرش ای ملک وان لم یقعد علی السریر البتۃ وھذا کقولک ید فلان مبسوطۃ ای جواد وان لم یکن لہ

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱؎ مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) | تحت الآیۃ ۵۷/۴ | دار الکتاب العربی بیروت | ۴/۲۲۳ |
| ۲؎ ″ ″ ″ | ۱۳/۲ | ″ ″ ″ | ۲/۲۴۱ |
| ۳؎ ″ ″ ″ | ۷/۵۴ | ″ ″ ″ | ۲/۵۶ |

یہ سر اسا۔[1]

یعنی جبکہ تخت نشینی آثار شاہی سے ہے تو عرف میں تخت نشینی بولتے اور اس سے سلطنت مراد لیتے ہیں، کہتے ہیں فلاں شخص تخت نشین ہُوا یعنی بادشاہ ہُوا اگرچہ اصلاً تخت پر نہ بیٹھا ہو، جس طرح تیرے اس کہنے سے کہ فلاں کا ہاتھ کشادہ ہے اس کا سخی ہونا مراد ہوتا ہے اگرچہ وہ سرے سے ہاتھ ہی نہ رکھتا ہو۔

حاصل یہ کہ استواء علی العرش بمعنی بادشاہی ہے حقیقۃً بیٹھنا ہرگز لازم نہیں، جب خلق کے باب میں یہ محاورہ ہے جن کا اٹھنا بیٹھنا سب ممکن، تو خالق عزوجل کے بارے میں اُس سے معاذ اللہ حقیقۃً بیٹھنا سمجھ لینا کیسا ظلم صریح ہے۔

**ضرب ۳۷:** معالم سورۂ اعراف کا بیان تو وہ تھا کہ اہلسنت کا طریقہ سکوت ہے اتنا جانتے ہیں کہ استواء اللہ تعالٰی کی ایک صفت ہے اور اس کے معنے کا علم اللہ کے سپرد ہے، یہ طریقۂ سلف صالحین تھا سورۂ رعد میں استواء کو علو سے تاویل کیا۔ یہ معنی دوم ہیں کہ اوپر گزرے۔

**ضرب ۳۸:** امام بیہقی نے کتاب الاسماء میں دربارۂ استواء ائمۂ متقدمین کا وہ مسلک ارشاد فرمایا جس کا بیان اُوپر گزرا۔ پھر فرمایا:

وذھب ابوالحسن علی بن اسمٰعیل الاشعری الی ان اللہ تعالٰی جل ثناؤہ فعل فی العرش فعلا سمّاہ استواء کما فعل فی غیرہ فعلا سمّاہ رزقا او نعمۃ او غیرھما من افعالہ ثم لم یکیف الاستواء الا انہ جعلہ من صفات الفعل لقولہ تعالٰی "ثم استوی علی العرش" وثم للتراخی والتراخی انما یکون فی الافعال وافعال اللہ تعالٰی توجد بلا مباشرۃ منہ ایاھا ولا حرکۃ۔[2]

یعنی امام اہلسنت امام ابوالحسن اشعری نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے عرش کے ساتھ کوئی فعل فرمایا ہے جس کا نام استواء رکھا ہے جیسے من و تو زید و عمرو کے ساتھ افعال فرمائے اور ان کا نام رزق و نعمت وغیرہ رکھا اُس فعل استواء کی کیفیت ہم نہیں جانتے اتنا ضرور ہے کہ اس کے افعال میں مخلوق کے ساتھ ملنا، چھُونا، اس سے لگا ہوا ہونا یا حرکت کرنا نہیں جیسے بیٹھنے چڑھنے وغیرہ میں ہے اور استواء کے فعل ہونے پر دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالٰی نے فرمایا پھر عرش پر استواء کیا تو معلوم ہُوا کہ استواء حادث ہے

---

[1] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیۃ ۲۰/ ۵ دار الکتب العربی بیروت ۳/ ۴۸

[2] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب ما جاء فی قول اللہ تعالٰی الرحمٰن علی العرش استوی، حدیث ۸۷۰ دار ابن رجب ص ۵۱۷

پہلے نہ تھا اور حدوث افعال میں ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ کی صفات ذات حدوث سے پاک ہیں، تو ثابت ہوا کہ استواء اللہ تعالےٰ کی کوئی صفت ذاتی نہیں بلکہ اس کے کاموں میں سے ایک کام ہے جس کی کیفیت ہمیں معلوم نہیں۔

**ضرب ۳۹**: ابوالحسن علی بن محمد طبری وغیرہ ائمۂ متکلمین سے نقل فرمایا:

القدیم سبحٰنہ عال علی عرشہ لاقاعد ولاقائم ولا مماس ولا مباین عن العرش، یرید بہ مباینۃ الذات التی ھی بمعنی الاعتزال او التباعد لان المماسۃ والمباینۃ التی ھی ضدھا والقیام والقعود من اوصاف الاجسام، واللہ عزوجل احد صمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد، فلا یجوز علیہ ما یجوز علی الاجسام تبارک و تعالیٰ۔[1]

مولا تعالیٰ عرش پر علو رکھتا ہے مگر نہ اُس پر بیٹھا ہے نہ کھڑا، نہ اس سے لگا ہوا نہ اس معنیٰ پر جُدا کہ اس سے ایک کنارے پر ہو یا دُور ہو کہ لگا یا الگ ہونا اور اٹھنا بیٹھنا تو جسم کی صفتیں ہیں اور اللہ تعالےٰ احد صمد ہے، نہ جنا نہ جنا گیا، نہ اس کے جوڑ کا کوئی، تو جو باتیں اجسام پر روا ہیں اللہ عزوجل پر روا نہیں ہوسکتیں۔

**ضرب ۴۰**: امام استاذ ابوبکر بن فورک سے نقل فرمایا کہ انھوں نے بعض ائمۂ اہلسنت سے حکایت کی کہ:

استوٰی بمعنی علا ولا یرید بذٰلک علوا بالمسافۃ والتحیز والکون فی مکان متمکنا فیہ ولکن یرید معنی قول اللہ عزوجل ء امنتم من فی السماء ای من فوقھا علی معنی نفی الحد عنہ وانہ لیس مما یحویہ طبق او یحیط بہ قطر۔[2]

یعنی استوار بمعنی علو ہے اور اس سے مسافت کی بلندی یا مکان میں ہونا مراد نہیں بلکہ یہ کہ وُہ حدو نہایت سے پاک ہے، عرش و فرش کا کوئی طبقہ اُسے محیط نہیں ہوسکتا، نہ کوئی مکان اُسے گھیرے۔ اسی معنی پر قرآن عظیم میں اُسے آسمان کے اوپر فرمایا یعنی اس سے بلند و بالا ہے کہ آسمان میں سما سکے۔

امام بیہقی فرماتے ہیں:

وھو علی ھٰذہ الطریقۃ من صفات الذات وکلمۃ "ثم" تعلقت بالمستوی

---

[1] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب ما جاء فی قول اللہ تعالیٰ الرحمٰن علی العرش استوٰی حدیث ۸۷۰ دار ابن رجب ص ۵۱۸

[2] ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″ ″

فتاویٰ رضویہ جلد ۲۹

علیہ، لا بالاستواء وھو کقولہ عز و جل "ثم اللہ شھید علیٰ ما یفعلون" یعنی ثم یکون عملھم فیشھدہ وقد اشار ابوالحسن علی بن اسمٰعیل الیٰ ھٰذہ الطریقۃ حکایۃ، فقال و قال بعض اصحابنا انہ صفۃ ذات ولا یقال لم یزل مستویا علی عرشہ کما ان العلم بان الاشیاء قد حدثت من صفات الذات، ولا یقال لم یزل عالما بان قد حدثت ولما حدثت بعد[1]

حاصل یہ کہ اس طریقہ پر استواء صفات ذات سے ہوگا کہ اللہ سبحٰنہ بذاتہٖ اپنی تمام مخلوق سے بلند و بالا ہے نہ بلندیِ مکان بلکہ بلندیِ مالکیت وسلطان، اور اب پھر کا لفظ نظر بحدوث عرش ہوگا کہ وہ بلندی ذاتی ہر حادث سے اُس کے حدوث کے بعد متعلق ہوتی ہے جیسے قرآن عظیم میں فرمایا کہ پھر اللہ شاہد ہے اُن کے افعال پر، یعنی جب اُن کے افعال پیدا ہوئے تو شہودِ الٰہی ان سے متعلق ہوا جس طرح علمِ الٰہی قدیم ہے مگر یہ علم کہ چیز حادث ہوگئی اس کے حدوث کے بعد ہی متعلق ہوگا یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ ازل میں جانتا تھا کہ اشیاء پیدا ہوچکیں حالانکہ ہنوز ناپیدا تھیں۔

**ضرب ۴۱ :** پھر امام اہلسنت قدس سرہٗ سے نقل فرمایا:

وجوابی ھو الاول وھو ان اللہ مستوی علی عرشہ وانہ فوق الاشیاء بائن منھا بمعنی انھا لاتحلہ ولا یحلھا ولا یمسھا ولا یشبھھا ولیست البینونۃ بالعزلۃ، تعالی اللہ ربنا عن الحلول والمماسۃ علوا کبیرا[2]

میرا قول وہی پہلا ہے کہ اللہ عزوجل نے عرش کے ساتھ فعلِ استوار کیا اور ایک عرش ہی کیا وہ تمام اشیاء سے بالا اور سب سے جدا ہے بایں معنی کہ نہ اشیاء اس میں حلول کریں نہ وہ اُن میں، نہ وہ اُن سے مَس کرے نہ اُن سے کوئی مشابہت رکھے، اور یہ جُدائی نہیں کہ اللہ تعالیٰ اشیائ سے ایک کنارے پر ہو، ہمارا رب حلول و مَس و فاصلہ و عزلت سے بہت بلند ہے جل وعلا۔

دیکھو ائمۂ اہلسنّت بیٹھنے، چڑھنے، ٹھہرنے کی کیسی جڑ کاٹ رہے ہیں۔

**ضرب ۴۲ :** پھر امام اہلسنّت سے نقل فرمایا:

وقد قال بعض اصحابنا ان الاستواء صفۃ اللہ تعالیٰ تنفی

---

[1] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب ما جاء فی قول اللہ تعالیٰ الرحمٰن علی العرش استوٰی حدیث ۸۷۰ دار ابن رجب ص ۵۱۸

[2] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

الاعوجاج عنہ[1]

یعنی بعض ائمہ اہلسنت نے فرمایا کہ صفت استواء کے معنے ہیں کہ اللہ عزوجل کجی سے پاک ہے۔

**اقول** (میں کہتا ہوں۔ت) اس تقدیر پر استواء صفات سلبیہ سے ہوگا جیسے غنی یعنی کسی کا محتاج نہیں، یونہی مستوی یعنی اس میں کجی و اعوجاج نہیں، اور اب علٰی ظرف مستقر ہوگا اور راسی علو ملک و سلطان کا مفید، اور ثم تراخی فی الذکر کے لئے، کقولہ تعالٰی ثم کان من الذین اٰمنوا[2] (پھر ایمان والوں میں ہُوا۔ت) وقولہ تعالٰی "خلقہ من تراب ثم قال لہ کن فیکون"[3] (اس کو مٹی سے پیدا کیا پھر اس کو فرمایا ہوجا، تو وہ ہوگیا۔ت) واللہ تعالٰی اعلم۔

**ضرب ۴۳:** پھر امام استاذ ابومنصور ابن ابی ایوب سے نقل فرمایا کہ اُنھوں نے مجھے لکھ بھیجا:

ان کثیرا من متاخری اصحابنا ذھبوا الی ان الاستواء ھو القھر والغلبۃ، ومعناہ ان الرحمٰن غلب العرش وقھرہ، وفائدتہ الاخبار عن قھرہ مملوکاتہ، وانہا لم تقھرہ وانما خص العرش بالذکر لانہ اعظم المملوکات فنبہ بالاعلٰی علی الادنٰی، قال والاستواء بمعنی القھر والغلبۃ شائع فی اللغۃ کما یقال استوٰی فلان علی الناحیۃ اذا غلب اھلھا وقال الشاعر فی بشر بن مروان ؎

قد استوٰی بشر علی العراق

من غیر سیف ودم مھراق

یرید انہ غلب اھلہ من غیر محاربۃ۔[4]

یعنی بہت متاخرین علمائے اہلسنت اس طرف گئے کہ استواء بمعنی قہر وغلبہ ہے، آیت کے معنٰی یہ ہیں کہ رحمٰن عزجلالہ عرش پر غالب اور اس کا قاہر ہے، اور اس ارشاد کا فائدہ یہ خبر دینا ہے کہ مولٰی تعالٰی اپنی تمام مملوکات پر قابو رکھتا ہے مملوکات کا اس پر قابو نہیں۔ اور عرش کا خاص ذکر اس لئے فرمایا کہ وہ جسامت میں سب مملوکات سے بڑا ہے، تو اس کے ذکر سے باقی سب پر تنبیہ فرمادی، اور استواء

---

[1] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب ماجاء فی قول اللہ تعالٰی الرحمٰن علی العرش استوٰی حدیث ۸۷۰ دار ابن رجب ص ۵۱۸

[2] القرآن الکریم ۹۰/ ۱۷

[3] " " ۳/ ۵۹

[4] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب ماجاء فی قول اللہ تعالٰی الرحمٰن علی العرش استوٰی حدیث ۸۷۰ دار ابن رجب ص ۵۱۸ و ۵۱۹

بمعنی قہر و غلبہ زبان عرب میں شائع ہے، پھر نثر و نظم سے اس کی نظیریں پیش کیں کہ جب کوئی شخص کسی لبستی والوں پر غالب آجائے تو کہا جاتا ہے : استوٰی فلان علی الناحیۃ " اور شاعر نے بشر بن مروان کے بارے میں کہا :

تحقیق بشر عراق پر غالب آگیا تلوار کے ساتھ خون بہائے بغیر۔"

شاعر کی مراد یہ ہے کہ وہ جنگ کئے بغیر بستی والوں پر غالب آگیا۔ (ت)

گمراہ وہابیو! تم نے دیکھا کہ تمھاری ہی پیش کردہ کتابوں نے تمھیں کیا کیا سزائے کردار کو پہنچایا مگر تمھیں حیا کہاں!

## دوسرا تپانچہ

جاہل بے خرد نے بک دیا کہ اللہ تعالٰی کا احاطہ فقط از روئے علم ہے اس میں اللہ عزوجل کی قدرت کا بھی منکر ہوا، اللہ عزوجل کی صفتِ بصر سے بھی بے بصر ہوا، اپنی مستندہ کتابوں کا بھی خلاف کیا، خود اپنی بیہودہ تحریر سے بھی تناقض و اختلاف کیا۔ وجوہ سُنئے :

**ضرب ۴۴ :** قال اللہ تعالٰی :

الا انھم فی مریۃ من لقاء ربھم الا انہ بکل شیئ محیط۔[1]

سُنتا ہے وہ شک میں ہیں اپنے رب سے ملنے سے۔ سُنتا ہے خدا ہر چیز کو محیط ہے۔

**ضرب ۴۵ :** قال اللہ تعالٰی :

وکان اللہ بکل شیئ محیطا۔[2] اللہ ہر شے کو محیط ہے۔

**ضرب ۴۶ :** قال اللہ تعالٰی :

واللہ من ورائھم محیط۔[3] اللہ ان کے آس پاس سے محیط ہے۔

ان تینوں آیتوں میں اللہ عزوجل کو محیط بتایا ہے، احاطہ علم کی آیت جُدا ہے :

و ان اللہ قد احاط بکل شیئ علما[4]

بیشک اللہ تعالٰی کا علم ہر شے کو محیط ہے (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۴۱/ ۵۴
[2] القرآن الکریم ۴/ ۱۲۶
[3] القرآن الکریم ۸۵/ ۲۰
[4] القرآن الکریم ۶۵/ ۱۲

**ضرب ۴۷:** ترجمۂ رفیعیہ میں ہے:

"خبردار ہو تحقیق وہ بیچ شک کے ہیں ملاقات پروردگار اپنے کی سے، خبردار ہو تحقیق وہ ہر چیز کو گھیر رہا ہے"[1]

**ضرب ۴۸:** اُسی میں ہے:

"اور ہے اللہ ساتھ ہر چیز کے گھیرنے والا"[2]۔

**ضرب ۴۹:** اُسی میں ہے:

"اور اللہ اُن کے پیچھے سے گھیر رہا ہے"[3]۔

**ضرب ۵۰:** موضح القرآن میں ہے:

"سُنتا ہے وہ دھوکے میں ہیں اپنے رب کی ملاقات سے، سُنتا ہے وہ گھیر رہا ہے ہر چیز کو"[4]۔

**ضرب ۵۱:** اُسی میں زیرِ آیت ثالثہ ہے:

"اور اللہ نے اُن کے گرد سے گھیرا ہے"[5]۔

ان دونوں تیرے مستند مترجموں نے بھی یہ احاطہ خود اللہ عزوجل ہی کی طرف نسبت کیا۔

**ضرب ۵۲:** اُسی میں زیرِ آیت ثانیہ ہے:

"اللہ کے ڈھب میں ہے ہر چیز"[6]۔

یہ احاطہ از رُوئے قدرت لیا۔

**ضرب ۵۳:** جامع البیان میں زیرِ آیت اُولٰی ہے:

الکل تحت علمہ وقدرتہ[7]۔ یعنی سب اُس کے علم و قدرت کے نیچے ہیں۔

---

[1] ترجمہ شاہ رفیع الدین آیۃ ۴۱/۵۴ ممتاز کمپنی لاہور ص ۵۲۹ و ۵۳۰

[2] " " " " ۴/۱۲۶ ممتاز کمپنی لاہور ص ۱۰۹

[3] " " " " ۸۵/۲۰ " " " " ۶۵

[4] موضح القرآن ترجمہ و تفسیر شاہ عبدالقادر ۴۱/۵۴ تاج کمپنی " ۵۱۱

[5] " " " " " " " " " ۷۱۶

[6] " " " " " " " " " ۱۲۰

[7] جامع البیان لمحمد بن عبدالرحمٰن تحت الآیۃ ۴۱/۵۴ دار نشر الکتب الاسلامیہ گوجرانوالا ۲/۲۵۲

**ضرب ۵۴** : زیرِ آیتِ ثانیہ ہے :

بعلمہ وقدرتہ[1] اللہ علم وقدرت دونوں کی رُو سے محیط ہے ۔

**ضرب ۵۵** : مدارک شریف میں زیرِ آیتِ ثالثہ ہے :

عالم باحوالھم وقادر علیھم وھم لایعجزونہ[2]

یعنی اللہ اُن کے احوال کا عالم اور اُن پر قادر ہے وُہ اسے عاجز نہیں کرسکتے ۔

**ضرب ۵۶** : کتاب الاسماء میں ہے :

المحیط راجع الی کمال العلم والقدرۃ[3]

اسمِ الٰہی محیط کے معنے کمالِ علم وقدرت کی طرف راجع ہیں ۔

ان تیرے مستندوں نے احاطہ فقط از روئے علم ہونا کیسا باطل کیا ۔

**ضرب ۵۷** : اللہ عزوجل کی بصر بھی محیط ہے ، قال تعالٰی :

انّہ بکل شیئ بصیر[4] ○ اللہ تعالٰی ہر چیز کو دیکھ رہا ہے ۔

**ضرب ۵۸** : اس کا سمع بھی محیط اشیاء ہے ۔

کما حققہ عالم اھل السنّۃ مدظلہ فی منھیات سبحٰن السبوح ۔

جیسا کہ عالمِ اہلسنّت نے "سبحٰن السبوح" کے منہیات میں اس کی تحقیق فرمائی ہے (ت)

**ضرب ۵۹** : قدرت بھی محیط ہے ، قال تعالٰی :

انّ اللہ علٰی کل شیئ قدیر[5] ○ بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے ۔ (ت)

**ضرب ۶۰** : خالقیت بھی محیط ہے ، قال تعالٰی :

خالق کل شیئ فاعبدوہ[6] اللہ تعالٰی ہر شَے کا خالق ہے پس اسی کی عبادت کرو ۔ (ت)

---

[1] جامع البیان لمحمد بن عبدالرحمٰن آیۃ ۴/ ۱۲۶ دارنشر الکتب الاسلامیہ گوجرانوالا ۱/ ۱۴۶

[2] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) " ۸۵/ ۲۰ دار الکتاب العربی بیروت ۴/ ۳۴۷

[3] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی جامع ابواب ذکر الاسماء التی تتبع نفی التشبیہ الخ منہا المحیط دار ابن رجب ص ۶۴

[4] القرآن الکریم ۶۷/ ۱۹

[5] " ۲/ ۲۰ و ۲/ ۱۰۹ و ۲/ ۱۴۸

[6] " ۶/ ۱۰۲

**ضرب ۶۱:** مالکیت بھی محیط ہے، قال تعالٰی:

بیدہٖ ملکوت کل شیئ[1]

اسی کے ہاتھ میں ہر چیز کا قبضہ ہے۔ (ت)

اس بے خرد وہابی نے فقط از روئے علم کہہ کر ان تمام صفاتِ الٰہیہ کے احاطہ سے انکار کر دیا، آنکھیں رکھتا ہو تو سُوجھے کہ اپنی گھری جہالت کی گھٹا ٹوپ اندھیری میں کتنی آیتوں کا رُد کر گیا۔

بالجملہ اگر مذہبِ متقدمین لیجئے تو ہم ایمان لائے کہ ہمارے مولٰی تعالٰی کا علم محیط ہے جیسا کہ سورۂ طلاق میں فرمایا، اور احاطۂ علم کے معنے ہمیں معلوم ہیں کہ:

لایعزب عنہ مثقال ذرۃ فی السمٰوٰت ولا فی الارض[2]

اس سے غائب نہیں ذرّہ بھر کوئی چیز آسمانوں میں اور نہ زمین میں۔ (ت)

اور ہمارا مولٰی عزّوجل محیط ہے جیسا کہ سورۂ نساء، سورۂ فصّلت و سورۂ بروج میں ارشاد فرمایا اور اس کا احاطہ ہماری عقل سے وراء ہے۔

اٰمنّا بہ کل من عند ربنا[3]

ہم اس پر ایمان لائے سب ہمارے رب کے پاس سے ہے (ت)

اور اگر مسلک متاخرین چلئے تو اللہ تعالٰی جس طرح از روئے علم محیط ہے یونہی از روئے قدرت و از رُوئے سمع و از راہِ بصر و از جہت ملک و از وجہِ خلق وغیر ذٰلک، تو فقط علم میں احاطہ منحصر کر دینا ان سب صفات و آیات سے منکر ہو جانا ہے۔

**ضرب ۶۲:** بیوقوف چند سطر بعد مانے گا کہ جتنی صفتیں کلامِ شارع میں وارد ہیں ان سے سکوت نہ ہوگا، یہاں احاطۂ ذات سے سکوت کیسا، انکار کر گیا، مگر وہابی را حافظہ نباشد، یہ کیسا صریح تناقض ہے۔

# تیسرا تپانچہ

## اصل تپانچہ قیامت کا تپانچہ جس سے مجسّمی گمراہی کا سُرمہ ہو جائے

بدمذہب گمراہ نے صاف بک دیا کہ اس کا معبود مکان رکھتا ہے عرش پر بستا ہے ——

---

[1] القرآن الکریم ۳۶ /۸۳ [2] القرآن الکریم ۳۴ /۳ [3] القرآن الکریم ۳ /۷

تعالی اللہ عما یقول الظّٰلمون علوا کبیرا ۵ (اللہ تعالیٰ اس سے بہت بلند ہے جو ظالم کہتے ہیں۔ت)

**ضرب ۶۳:** وہابیہ مجسّمہ کے پیرمغاں اسمٰعیل آنجہانی علیہ ما علیہ کے دادا پیر اور استاد اور باپ یعنی جناب شاہ عبدالعزیز صاحب کا ارشاد اوپر گزرا کہ اہلسنت کے اعتقاد میں اللہ عزوجل مکان سے پاک ہے، اس کے بدعتی ہونے میں انھیں کا فتوٰی کافی۔

**ضرب ۶۴ تا ۶۷:** بحرالرائق و عالمگیری و قاضی خاں و فتاوٰی خلاصہ کی عبارتیں بھی اوپر گزریں کہ جو اللہ عزوجل کے لئے مکان مانے کافر ہے۔

یہ تو اوپر کے پانچ تھے اب اصل طرز کے لیجئے یعنی اسی کی مستند کتابوں سے اسے رگیدنا، پھر کچھ دلائل قاطعہ عقلیہ و نقلیہ کے جگردوز جوشن گزار تیروں سے مجسمیت کا کلیجا چھیدنا و باللہ التوفیق و وصول التحقیق۔

**ضرب ۶۸:** مدارک شریف سورۂ اعراف میں ہے:

انہ تعالٰی کان قبل العرش ولا مکان وھو الاٰن کما کان، لان التغیر من صفات الاکوان۔[1]

بیشک اللہ تعالٰے عرش سے پہلے موجود تھا جب مکان کا نام و نشان نہ تھا اور وہ اب بھی ویسا ہی ہے جیسا جب تھا اس لئے کہ بدل جانا تو مخلوق کی شان ہے۔

**ضرب ۶۹:** یونہی سورۂ طٰہٰ میں تصریح فرمائی کہ عرش مکانِ الٰہی نہیں، اللہ عزوجل مکان سے پاک ہے۔ عبارت سابقاً منقول ہوئی۔

**ضرب ۷۰:** سورۂ یونس میں فرمایا:

ای استولی فقد تقدس الدیان جل وعز عن المکان والمعبود عن الحدود۔[2]

استواء بمعنی استیلاء و غلبہ ہے نہ بمعنی مکانیت اس لئے کہ اللہ عزوجل مکان سے پاک اور معبود جل وعلا حد و نہایت سے منزّہ ہے۔

ہزار نفرین اُس بے حیا آنکھ کو جو ایسے ناپاک بول بول کر ایسی کتابوں کا نام لیتے ہوئے ذرا نہ جھپکے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۴۰ تا ۱۵۱)

(۱۷) مزید فرمایا:

**ضرب ۹۰: اقول** عرش زمین سے غایت بُعد پر ہے اور اللہ بندے سے نہایت قرب میں۔

---

[1] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) آیت ۷/۵۴ دار الکتاب العربی بیروت ۲/۵۶

[2] " " ۱۰/۳ " " " ۲/۱۵۳

قال اللہ تعالٰے :

نحن اقرب الیہ من حبل الورید[1]۔

ہم تمہاری شہ رگ سے زیادہ قریب ہیں (ت)

قال اللہ تعالٰے :

اذا سألك عبادی عنّی فانّی قریب[2]۔

جب تجھ سے میرے متعلق میرے بندے سوال کریں تو میں قریب ہوں۔ (ت)

تو اگر عرش پر اللہ عزوجل کا مکان ہوتا اللہ تعالٰے ہر دور تر سے زیادہ ہم سے دور ہوتا، اور وہ بنصِ قرآن باطل ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ۲۹ ص ۱۵۸)

(۱۸) مزید فرمایا :

**ضرب ۹۲ : اقول** اگر تیرے معبود کے لئے مکان ہے اور مکان و مکانی کو جہت سے چارہ نہیں کہ جہات نفس امکنہ ہیں یا حدود امکنہ، تو اب دو حال سے خالی نہیں، یا تو آفتاب کی طرح صرف ایک ہی طرف ہوگا یا آسمان کی مانند ہر جہت سے محیط۔ اوّل باطل ہے بوجوہ :

**اوّلاً** آیۂ کریمہ وکان اللہ بکل شیئ محیطا[3] (اللہ تعالٰے کی قدرت ہر چیز کو محیط ہے۔ ت) کے مخالف ہے۔

**ثانیاً** کریمۂ اینما تولوا فثم وجہ اللہ[4] (تم جدھر پھرو تو وہاں اللہ تعالٰی کی ذات ہے۔ ت) کے خلاف ہے۔

**ثالثاً** زمین کروی یعنی گول ہے اور اُس کی ہر طرف آبادی ثابت ہوئی ہے اور بحمد اللہ ہر جگہ اسلام پہنچا ہوا ہے نئی پرانی دنیائیں سب محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے کلمے سے گونج رہی ہیں شریعتِ مطہرہ تمام بقاع کو عام ہے۔

تبٰرک الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعلمین نذیرا[5]۔

---

[1] القرآن الکریم ۵۰/ ۱۶
[2] " ۲/ ۱۸۶
[3] " ۴/ ۱۲۶
[4] " ۲/ ۱۱۵
[5] القرآن الکریم ۲۵/ ۱

وہ پاک ذات ہے جس نے اپنے خاص بندے پر قرآن نازل فرمایا تاکہ سب جہانوں کے لئے ڈر سنانے والا ہو۔ (ت)

اور صحیح بخاری میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے ہے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان احدکم اذا کان فی الصلٰوۃ فان اللہ تعالٰی قبل وجھہ فلا یتنخمن احد قبل وجھہ فی الصلٰوۃ[1]

جب تم میں کوئی شخص نماز میں ہوتا ہے تو اللہ تعالٰے اس کے مُنہ کے سامنے ہے تو ہرگز کوئی شخص نماز میں سامنے کو کھکار نہ ڈالے۔

اگر اللہ تعالٰے ایک ہی طرف ہے تو ہر پارۂ زمین میں نماز پڑھنے والے کے سامنے کیونکر ہو سکتا ہے۔
(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۵۸، ۱۵۹)

(۱۹) متشابہات کے بارے میں اہل سنت کے طریق بیان کرتے ہوئے اور انھیں دو میں منحصر کرتے ہوئے فرمایا:

**ضرب ۱۱۲**: اوپر معلوم ہو چکا کہ آیاتِ متشابہات میں اہل سنت کے صرف دو طریق ہیں:

**اوّل** تفویض کہ کچھ معنے نہ کہے جائیں، اس طریق پر اصلاً ترجمے کی اجازت ہی نہیں کہ جب معنے ہم جانتے ہی نہیں ترجمہ کیا کریں، امیر المومنین عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالٰی عنہ کا ارشاد گزرا کہ ان کی تفسیر میں منتہائے علم بس اس قدر ہے کہ کہیں ان پر ایمان لائے۔ کتاب الاسماء سے گزرا کہ ہمارے اصحاب متقدمین رضی اللہ تعالٰے عنہم استواء کے کچھ معنے نہ کہتے نہ اس میں اصلاً زبان کھولتے۔

امام سفیان کا ارشاد گزرا کہ ان کی تفسیر یہی ہے کہ تلاوت کیجئے اور خاموش رہئے، کسی کو جائز نہیں کہ عربی یا فارسی زبان میں اس کے معنے کہے۔

سیدنا امام محمد رضی اللہ تعالٰی عنہ کا ارشاد گزرا کہ ان کے معنے نہ کہنا ہی رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے منقول، اور اسی پر سلف صالح کا اجماع ہے۔

**طریق دوم** کہ متاخرین نے بضرورت اختیار کیا اس کا یہ منشا تھا کہ وہ معنے نہ رہیں جن سے اللہ عزوجل کا خلق سے مشابہ ہونا متوہم ہو بلکہ اس کے جلال و قدوسیت کے معنے پیدا ہو جائیں۔

---

[1] صحیح البخاری کتاب الاذان باب ھل یلتفت لامر ینزل بہ الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۱۰۴

بیٹھنا، چڑھنا، ٹھہرنا تو خاص اجسام کے کام اور باری عزوجل کے حق میں صریح عیب ہیں تو تم نے تاویل خاک کی بلکہ اور وہم کی جڑ جمادی۔

بالجملہ یہ تینوں معانی دونوں طریقۂ اہلسنت سے دُور و مہجور ہیں ان کو مطابق سنت کہنا نام زنگی کافور رکھنا ہے اب آپ ملاحظہ ہی کریں گے کہ ائمۂ اہلسنت نے ان معانی کو کیسا کیسا رَد فرمایا ہے، دو ایک ہندیوں کے قدم نے اگر لغزش کی اور خیال نہ رہا کہ ان لفظوں سے ترجمہ ہرگز صحیح نہیں تو ان کا لکھنا ائمۂ سلف و خلف کے اجماع کو رَد نہیں کرسکتا، نہ وُہ مسلک اہلسنت قرار پاسکتا ہے مگر وہابیوں بلکہ سب گمراہوں کی ہمیشہ یہی حالت رہی ہے کہ ڈوبتا سوار پکڑتا ہے، جہاں کسی کا کوئی لفظ شاذ مہجور پکڑ لیا خوش ہوگئے اور اس کے مقابل تصریحاتِ قاہرہ سلف و خلف بلکہ ارشاداتِ صریحہ قرآن و حدیث کو بالائے طاق رکھ دیا مگر اہلِ حق بحمداللہ تعالٰی خوب جانتے ہیں کہ شاہراہِ ہدایت اتباعِ جمہور ہے جس سے سہواً خطا ہُوئی اگرچہ معذور ہے مگر اس کا وہ قول متروک و مہجور ہے، وہ جانتے ہیں کہ لکل جواد کبوۃ لکل صارم نبوۃ و لکل عالم ھفوۃ ہر تیز گھوڑا کبھی ٹھوکر کھالیتا ہے اور ہر تیغ بُراں کبھی کرجاتی ہے اور ہر عالم سے کبھی کوئی لغزش وقوع پاتی ہے، و باللہ العصمۃ۔

**ضرب ۱۱۳**: اب اپنے مستندات سے ان معانی کا رَد سُنتے جایئے جنھیں آپ نے براہِ جہالت مطابق سنّت بلکہ سنت کو انھیں میں منحصر بتایا۔ مدارک شریف سے گزرا:

الاستواء بمعنی الجلوس لایجوز علی اللہ تعالٰی[1]۔

استواء بیٹھنے کے معنے پر اللہ عزوجل کے حق میں محال ہے۔

**ضرب ۱۱۴**: کتاب الاسماء سے گزرا:

متعال عن ان یجوز علیہ اتخاذ السریر للجلوس علیہ[2]۔

اللہ عزّوجل اس سے پاک و برتر ہے کہ بیٹھنے کے لئے تخت بنائے۔

**ضرب ۱۱۵**: اسی میں امام ابوالحسن طبری وغیرہ ائمۂ متکلمین سے گزرا استواء کے یہ معنے نہیں کہ مولٰی تعالٰی عرش پر بیٹھا یا کھڑا ہے، یہ جسم کی صفات ہیں اور اللہ عزوجل ان سے پاک۔

**ضرب ۱۱۶**: اُسی میں فراء نحوی سے یہ حکایت کرکے کہ استواء بمعنی اقبال ہے، اور ابن عباس

---

[1] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیۃ ۷/۳ دار الکتاب العربی بیروت ۱/۱۴۶

[2] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی جماع ابواب ذکر اسماء التی تتبع الخ منہا المتعالی دار ابن رجب ص ۵۶

رضی اللہ تعالٰی عنہما نے چڑھنے سے تفسیر کی، فرمایا :

استوی بمعنی اقبل صحیح لان الاقبال ھو القصد والقصد ھو الارادۃ وذٰلک جائز فی صفات اللہ تعالٰی، اما ما حکی عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما فانما اخذہ عن تفسیر الکلبی والکلبی ضعیف، والروایۃ عنہ فی موضع اٰخر عن الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما استوی یعنی صعد امرہ[1] اھ ملخصا۔

یعنی استواء بمعنی اقبال صحیح کہ اقبال قصد ہے اور قصد ارادہ ہے، یہ تو اللہ سبحٰنہ کی صفات میں جائز ہے، مگر وہ جو ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے حکایت کی کہ استواء چڑھنے کے معنے پر ہے، یہ فراء نے کلبی کی تفسیر سے اخذ کیا اور کلبی ضعیف ہے اور خود ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے اس کلبی نے دوسری جگہ یوں روایت کی کہ استواء کے معنے حکم الٰہی کا چڑھنا ہے۔

**ضرب ۱۱۷:** اسی میں فرمایا :

عن محمد بن مروان عن الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما فی قولہ تعالٰی "ثم استوی علی العرش" یقول استقر علی العرش، ھذہ الروایۃ منکرۃ وقد قال فی موضع اٰخر بھذا الاسناد استوی علی العرش یقول استقر امرہ علی السریر ورد الاستقرار الی الامر، وابو صالح ھذا والکلبی ومحمد بن مروان کلھم متروک عند اھل العلم بالحدیث، لایحتجون بشیئ من روایاتھم لکثرۃ المناکیر فیھا وظھور الکذب منھم فی روایاتھم، اخبرنا ابوسعید المالینی (فذکر باسنادہ) عن حبیب بن ابی ثابت قال کنا نسمیہ "دروغ زن" یعنی اباصالح مولی ام ھانی، واخبرنا ابوعبداللہ الحافظ (فاسند) عن سفیٰن قال قال لی ابوصالح کل ماحدثتک کذب، واخبرنا المالینی (بسندہ) عن الکلبی قال قال لی ابو صالح انظر کل شیئ رویت عنی عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما فلا تروہ، اخبرنا ابوسھل احمد بن محمد المزکی ثنا ابوالحسین محمد بن حامد العطار اخبرنی ابوعبداللہ الرازی قال سمعت محمد بن اسمٰعیل البخاری یقول محمد بن مروان الکوفی صاحب الکلبی سکتوا عنہ لایکتب حدیثہ البتۃ[2] اھ مختصرًا۔

---

[1] کتاب الاسماء والصفات باب "الرحمٰن علی العرش استوٰی" حدیث ۸۷۱ و ۸۷۲ دار ابن رجب ص ۵۱۹ و ۵۲۰

[2] " " " " " " ۸۷۳ تا ۸۷۸ " " ۵۲۰ و ۵۲۱

یعنی محمد بن مروان نے کلبی سے اُس نے ابوصالح سے اُس نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ اللہ تعالیٰ کے قول "ثم استوٰی علی العرش" میں عرش پر استواء کے معنے ٹھہرنا ہے، یہ روایت منکر ہے، اور خود کلبی نے اسی سند سے دوسری جگہ یوں روایت کی کہ عرش پر استواء کے معنے حکم الٰہی کا ٹھہرنا ہے، یہاں ٹھہرنے کو حکم کی طرف پھیرا، اور یہ ابوصالح اور کلبی اور محمد بن مروان سب کے سب علمائے محدثین کے نزدیک متروک ہیں ان کی کوئی روایت حجت لانے کے قابل نہیں کہ ان کی روایتوں میں منکرات بکثرت ہیں اور ان میں ان کا جھوٹ بولنا آشکارا ہے۔ حبیب بن ابی ثابت نے فرمایا ہم نے اس ابوصالح کا نام ہی "دروغ زن" رکھ دیا تھا۔ امام سفیان نے فرمایا: خود کلبی نے مجھ سے بیان کیا کہ ابوصالح نے مجھ سے کہا جتنی حدیثیں میں نے تجھ سے بیان کی ہیں سب جھوٹ ہیں۔ نیز کلبی نے کہا مجھ سے ابوصالح نے کہا دیکھ جو کچھ تُو نے میرے واسطے سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا ہے اس میں سے کچھ روایت نہ کرنا۔ امام بخاری فرماتے ہیں کلبی کے شاگرد محمد بن مروان کوفی سے ائمہ حدیث نے سکوت کیا ہے یعنی اس کی روایات متروک کردیں اس کی حدیث کا ہرگز اعتبار نہ کیا جائے۔

**ضرب ۱۱۸**: پھر فرمایا:

وکیف یجوز ان یکون مثل ھٰذہ الاقاویل صحیحۃ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما ثم لایرویھا ولایعرفھا احد من اصحابہ الثقات الاثبات مع شدۃ الحاجۃ الی معرفتھا، وماتفرد بہ الکلبی وامثالہ یوجب الحد والحد یوجب الحدث لحاجۃ الحد الی حاد خصہ بہ والباری تعالیٰ قدیم لم یزل[1]

بھلا کیونکر ہوسکتا ہے کہ ایسی باتیں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے صحیح ہوں پھر ان کے ثقہ شاگرد محکم فہم وحفظ والے نہ اُنھیں روایت کریں نہ اُن سے آگاہ ہوں حالانکہ اُن کے جاننے کی کیسی ضرورت ہے اور یہ جو کچھ کلبی اور اس کی حالت کے اور لوگ تنہا روایت کر رہے ہیں اس سے تو اللہ عزوجل کا محدود ہونا لازم آتا ہے اور محدود ہونا حادث ہونے کو واجب کرتا ہے کہ حد کے لئے کوئی ایسا درکار ہے جو خاص اس حد معین سے اُس محدود کو مخصوص کرے اور اللہ عزوجل تو قدیم ہے ہمیشہ سے ہے۔

**ضرب ۱۱۹**: اُسی میں ہے:

---

[1] کتاب الاسماء والصفات للبیہقی باب "الرحمٰن علی العرش استوٰی" حدیث ۸۷۸ دار ابن رجب ص ۵۲۲

ان اللہ تعالیٰ لامکان له ولا مرکب وان الحرکة والسکون والانتقال والاستقرار من صفات الاجسام واللہ تعالیٰ احد صمد لیس کمثله شیئ[1] اھ باختصار۔

بے شک اللہ تعالیٰ کے لئے نہ مکان ہے نہ کوئی چیز ایسی جس پر سوار ہو اور بیشک حرکت اور سکون اور ہٹنا اور ٹھہرنا یہ جسم کی صفتیں ہیں اور اللہ تعالیٰ احد صمد ہے کوئی چیز اس سے مشابہت نہیں رکھتی اھ باختصار۔

**ضرب ۱۲۰**: مدارک شریف میں فرمایا:

تفسیر العرش بالسریر والاستواء بالاستقرار کما تقوله المشبهة باطل[2]

عرش کے معنے تخت اور استواء کے معنی ٹھہرنا کہنا جس طرح فرقہ مجسمہ کہتا ہے باطل ہے۔

دیکھا تُو نے حق کیسا واضح ہوا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۷۰ تا ۱۷۶)

(۲۰) نجدی گمراہ کی اپنی تحریر میں کئی وجوہ سے تناقض ثابت کرتے ہوئے فرمایا:

**اقول** طرفہ تماشا ہے جب اس گمراہ نے سب مصائب اپنے سر پر اوڑھ لئے اپنے معبود کو مکانی کہہ دیا، جسم مان لیا، عرش پر متمکن ٹھہرا کر جہت میں جان لیا، پھر یہ کیا خبط سُوجھا کہ اور کہیں نہیں کہہ کر طرح طرح اپنے ہی لکھے سے تناقض کیا۔

**ضرب ۱۸۳**: سچا ہے تو قرآن و حدیث سے ثبوت دے کہ اللہ تعالیٰ عرش پر تو ہے اور عرش کے سوا کہیں نہیں، یہ "اور کہیں" کون سی آیت و حدیث میں ہے؟ ام تقولون علی اللہ ما لا تعلمون[3] یا یہود کی طرح بے جانے بُوجھے دل سے گھڑ کر خدا پر حکم لگا دیتے ہو۔

**ضرب ۱۸۴**: جب تُو اس سبوح و قدوس جل جلالہ کو مکان سے پاک نہیں مانتا تو اب کوئی وجہ نہیں کہ اور آیات و احادیث جن کے ظاہر الفاظ سے اور جگہ ہونا مفہوم ہوا اپنے ظاہر سے پھیری جائیں، تیرے طور پر اُن سب کو معنی لغوی حقیقی ظاہر متبادر پر عمل کرنا واجب ہوگا، اب دیکھ کہ تُو نے کتنی آیات و احادیث کا انکار کر دیا اور کتنی بار اپنے اس لکھے سے کہ جو شرع میں وارد ہے اس سے سکوت نہ ہوگا صاف تناقض کیا سب میں پہلے تو یہی حدیث صحیح بخاری وھو مکانه[4] ہے جس میں تُو نے بزورِ زبان

---

[1] کتاب الاسماء والصفات باب "هل ینظرون الا ان یاتیهم اللہ" الخ حدیث ۹۴۹ دار ابن رجب ص ۵۵۸

[2] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیۃ ۷/ ۵۴ دار الکتاب العربی بیروت ۲/ ۵۶

[3] القرآن الکریم ۲/ ۸۰

[4] صحیح البخاری کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ وکلم اللہ موسیٰ تکلیما قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۱۱۲۰

ضمیر حضرت عزت جل شانہ کی طرف ٹھہرا دی اور پھر مکانہ سے محض زبردستی عرش مراد لے لیا حالانکہ وہاں سدرۃ المنتہٰی کا ذکر ہے تو عرش ہی پر ہونا غلط ہوا کبھی سدرہ پر بھی ٹھہرا۔

**ضرب ۱۸۵:** صحیح بخاری حدیثِ شفاعت میں انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے:

فاستاذن علٰی ربی فی دارہ فیؤذن لی علیہ[1]

میں اپنے رب پر اذن طلب کروں گا اس کی حویلی میں، تو مجھے اس کے پاس حاضر ہونے کا اذن ملے گا۔

ظاہر ہے کہ تخت کو حویلی نہیں کہتے، نہ عرش کسی مکان میں ہے، بلکہ وہ بالائے جملہ اجسام ہے، لاجرم یہ حویلی جنت ہی ہوگی۔

**ضرب ۱۸۶:** صحیحین میں ابوموسٰی اشعری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم جنتان من فضۃ اٰنیتہما وما فیہما وجنتان من ذھب اٰنیتہما وما فیہما وما بین القوم وبین ان ینظروا الٰی ربہم عزوجل الارداء الکبریاء علٰی وجہہ فی جنۃ عدن[2]

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: دو جنتیں ہیں جن کے برتن اور تمام سامان چاندی کا ہے۔ دو جنتیں ہیں جن کے برتن اور تمام سامان سونے کا ہے اللہ تعالٰی کے دیدار اور قوم کے درمیان صرف کبریائی کی چادر ہوگی جو جنتِ عدن میں اس کے چہرے پر حائل ہوگی۔ (ت)

یہاں جنت عدن میں ہونے کی تصریح ہے۔

**ضرب ۱۸۷:** بزار وابن ابی الدنیا اور طبرانی بسندِ جید قوی اوسط میں انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے حدیثِ دیدار اہل جنت ہر روزِ جمعہ میں مرفوعًا راوی:

فاذا کان یوم الجمعۃ نزل تبارک وتعالٰی من علیین علٰی کرسیہ ثم حف الکرسی بمنابر من نور وجاء النبیون حتی یجلسوا علیہا[3] الحدیث۔

---

[1] صحیح البخاری کتاب التوحید باب قول اللہ تعالٰی وجوہ یومئذ ناضرۃ الٰی ربہا ناظرۃ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۱۱۰۸

[2] صحیح البخاری کتاب التفسیر ۲/ ۷۲۴ و کتاب التوحید ۲/ ۱۱۰۹ " " " ۱۱۰۸
صحیح مسلم کتاب الایمان " " " ۱/ ۱۰۰

[3] الترغیب والترھیب فصل فی نظر اہل الجنۃ الٰی ربہم حدیث ۱۲۹ مصطفی البابی مصر ۴/ ۵۵۴
کشف الاستار عن زوائد البزار باب فی نعیم اہل الجنۃ " ۳۵۱۹ موسسۃ الرسالہ بیروت ۴/ ۱۹۵
المعجم الاوسط حدیث ۶۷۱۳ مکتبۃ المعارف الریاض ۷/ ۳۶۷

جب جمعہ کا روز ہوگا تو اللہ تبارک و تعالیٰ علیین سے کرسی پر نزول فرمائے گا پھر اس کے گرد نور کے منبر بچھائے جائیں گے، انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام تشریف لاکر ان منبروں پر جلوہ گر ہوں گے الحدیث۔ (ت)

یہاں علیین سے اُتر کر کرسی پر حلقہ انبیاء وصدیقین وشہداء وسائر اہل جنت کے اندر تجلی ہے۔

**ضرب ۱۸۸: قال تعالیٰ:**

ءامنتم من فی السماء[1] (کیا تم اس سے نڈر ہو گئے ہو جس کی سلطنت آسمان میں ہے۔ ت)

**ضرب ۱۸۹: قال تعالٰے:**

ام امنتم من فی السماء[2]۔ (کیا تم نڈر ہو گئے ہو اس سے جس کی سلطنت آسمان میں ہے۔ ت)

**ضرب ۱۹۰:** احمد و ابن ماجہ و حاکم بسندِ صحیح ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے حدیث قبض رُوح میں مرفوعًا راوی:

فلا یزال یقال لہا ذٰلک حتی ینتھی بہا الی السماء التی فیہا اللہ تبارک وتعالٰی[3]۔

روح کو یہ کہا جاتا رہے گا حتی کہ وُہ اس آسمان تک پہنچ جائے جس میں اللہ تعالیٰ ہے۔ (ت)

**ضرب ۱۹۱:** مسلم و ابوداؤد و نسائی معٰویہ بن حکم رضی اللہ تعالٰے عنہ سے حدیث جاریہ میں راوی:

قال لہا این اللہ، قالت فی السماء، قال من انا، قالت انت رسول اللہ، قال اعتقہا فانہا مؤمنۃ[4]۔

لونڈی کو فرمایا اللہ کہاں ہے؟ اس نے کہا آسمان میں، پھر پوچھا میں کون ہوں؟ تو اس نے

---

[1] القرآن الکریم ۶۷/ ۱۶
[2] " ۶۷/ ۱۷
[3] مسند احمد بن حنبل عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ دار الفکر بیروت ۲/ ۳۶۴
سُنن ابن ماجہ باب ذکر الموت والاستعداد لہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۳۲۵
کنز العمال حدیث ۴۲۴۹۶ مؤسستہ الرسالہ بیروت ۱۵/ ۶۳۰
[4] صحیح مسلم کتاب المساجد باب تحریم الکلام فی الصلوٰۃ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۲۰۴
سنن ابی داوٗد باب تشمیت العاطس فی الصلوٰۃ آفتاب عالم پریس لاہور ۱/ ۱۳۴

کہا آپ رسول اللہ ہیں۔ تو آپ نے مالک کو فرمایا اس کو آزاد کردو کیونکہ یہ مومنہ ہے۔ (ت)

**ضرب ۱۹۲:** ابوداؤد و ترمذی بافادۂ تصحیح عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ارحموا من فی الارض یرحمکم من فی السماء[1]۔

حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام نے فرمایا: زمین والوں پر رحم کرو تم پر وہ رحم کرے گا جو آسمان میں ہے۔

**ضرب ۱۹۳:** صحیح مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ ما من رجل یدعو امرأتہ الٰی فراشہا فتابٰی علیہ الا کان الذی فی السماء ساخطا علیہا حتی یرضٰی عنہا[2]۔

حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام نے فرمایا: مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے جب کوئی خاوند اپنی بیوی کو جماع کے لئے طلب کرتا ہے اور وہ انکار کرتی ہے تو وہ ذات جو آسمان میں ہے اس عورت پر ناراض ہوتی ہے حتی کہ خاوند اس سے راضی ہوجائے۔ (ت)

**ضرب ۱۹۴:** ابویعلٰی و بزار و ابونعیم بسندِ حسن ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لما القی ابراھیم فی النار قال اللّٰھم انت فی السماء واحد وانا فی الارض واحد أعبدك[3]۔

حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام نے فرمایا جب ابراہیم علیہ الصلٰوۃ والسلام کو آگ میں ڈالا گیا تو انھوں نے عرض کی اے اللہ! تو آسمان میں ایک ہے اور میں زمین میں ایک ہوں تیری عبادت کرتا ہوں۔ (ت)

**ضرب ۱۹۵:** ابویعلٰی و حکیم و حاکم و سعید بن منصور و ابن حبان و ابونعیم اور بیہقی کتاب الاسماء میں ابوسعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مرفوعاً راوی، اللہ عزوجل نے فرمایا:

یاموسٰی لوان السمٰوٰت السبع وعامرھن غیری، والارضین السبع فی کفۃ ولا الٰہ الا اللہ فی کفۃ مالت بھن

---

[1] جامع الترمذی ابواب البر والصلۃ امین کمپنی کتب خانہ رشیدیہ دہلی ۲/ ۱۴
سنن ابی داؤد کتاب الادب باب فی الرحمۃ آفتاب عالم پریس لاہور ۲/ ۳۱۹

[2] صحیح مسلم کتاب النکاح باب تحریم امتناعہا من فراش الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۴۶۴

[3] حلیۃ الاولیاء مقدمۃ المؤلف حدیث ۳۶ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱/ ۵۱
کنز العمال بحوالہ ابی یعلٰی حدیث ۳۲۲۸۶ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۱/ ۴۸۴

لا الٰہ الا اللہ[1]

اے موسٰی! اگر ساتوں آسمان اور ان میں موجود ہر چیز میرے سوا، اور ساتوں زمینیں ایک پلڑے میں ہوں اور دوسرے پلڑے میں لا الٰہ الا اللہ ہو تو لا الٰہ الا اللہ والا پلڑا سب سے بھاری ہوگا۔ (ت)

ان آیات واحادیث سے آسمان میں ہونا ثابت۔

**ضرب ۱۹۶:** ہر رات آسمانِ دنیا پر ہونے کی حدیث گزری اور احادیث اس باب میں بکثرت ہیں۔

**ضرب ۱۹۷:** قال اللہ تعالٰی:

ھو اللہ فی السمٰوٰت وفی الارض[2]

وہ اللہ آسمانوں اور زمینوں میں ہے۔ (ت)

**ضرب ۱۹۸:** قال تعالٰی:

ونحن اقرب الیہ من حبل الورید[3]

ہم اس کی شہ رگ سے زیادہ قریب ہیں۔

**ضرب ۱۹۹:** قال تعالٰی:

واسجد واقترب[4] سجدہ کر اور قریب ہو۔ (ت)

**ضرب ۲۰۰:** قال تعالٰی:

اذا سألك عبادی عنّی فانّی قریب[5]

جب آپ سے سوال کریں میرے بندے میرے متعلق تو میں قریب ہوں۔ (ت)

---

[1] مسند ابو یعلٰی حدیث ۱۳۸۹ مروی از ابوسعید خدری دارالکتب العلمیہ بیروت ۱/۵۸۰
کتاب الاسماء والصفات باب ما جاء فی فضل الکلمۃ الباقیہ حدیث ۱۸۵ دار ابن رجب ۱/۱۵۰
المستدرک للحاکم کتاب الدعاء دار الفکر بیروت ۱/۵۲۸
موارد الظمآن حدیث ۲۳۲۴ المطبعۃ السلفیہ ص ۵۷۷

[2] القرآن الکریم ۶/۳ [3] القرآن الکریم ۵۰/۱۶

[4] القرآن الکریم ۹۶/۱۹

[5] القرآن الکریم ۲/۱۸۶

**ضرب ۲۰۱ : قال تعالٰی :**

انه سمیع قریب[1] بیشک وہ سمیع و قریب ہے۔ (ت)

**ضرب ۲۰۲ : قال تعالٰی :**

ونادینٰه من جانب الطور الایمن وقربنٰه نجیا۔[2]

اور ہم نے ان کو ندا دی طور کی دائیں جانب سے اور اس کو ہم نے قریب کیا مناجات کرتے ہوئے۔ (ت)

**ضرب ۲۰۳ : قال تعالٰی :**

فلما جاءها نودی ان بورك من فی النار ومن حولها وسبحٰن الله رب العٰلمین۔[3]

جب وہاں آئے تو ندا کی گئی کہ جو آگ میں ہے اس کو برکت دی گئی اور اس کے ارد گرد والوں کو، اور پاکی ہے اللہ کو جو رب ہے سارے جہان کا۔ (ت)

معالم میں ہے :

روی عن ابن عباس وسعید بن جبیر والحسن فی قوله "بورك من فی النار" یعنی قدس من فی النار وھو الله تعالٰی عنی به نفسه علٰی معنی انه نادٰی موسٰی منها واسمعه کلامه من جهتها۔[4]

ابن عباس، سعید بن جبیر اور حسن رضی اللہ تعالٰی عنہم سے روایت کیا گیا کہ بورك من فی النار کے بارے میں، یعنی برگزیدہ ہے جو آگ میں ہے اور وہ اللہ کی ذات ہے جس نے اپنی ذات کے بارے میں فرمایا، معنی یہ ہے کہ موسٰی نے ندا کی تو اس کو اپنا کلام سنایا اس جانب سے۔ (ت)

**ضرب ۲۰۴ : قال تعالٰی :**

وھو معکم این ما کنتم[5] وہ تمھارے ساتھ ہے تم جہاں بھی ہو۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۳۴/ ۵۰
[2] القرآن الکریم ۱۹/ ۵۲
[3] القرآن الکریم ۲۷/ ۸
[4] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۲۷/ ۸ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳/ ۳۴۸
[5] القرآن الکریم ۵۷/ ۴

**ضرب ۲۰۵:** صحیحین میں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

یایھا الناس اربعوا علٰی انفسکم فانکم لا تدعون اصم و لا غائبا انکم تدعونہ سمیعا قریبا وھو معکم۔[1]

اے لوگو! اپنے آپ پر نرمی کرو کیونکہ تم کسی بہرے اور غائب کو نہیں پکارتے، تم تو پکارتے ہو سمیع قریب کو، وہ تمہارے پاس ہے۔ (ت)

اسی حدیث کی ایک اور روایت میں ہے:

والذی تدعونہ اقرب الی احدکم من عنق راحلۃ احدکم۔[2]

وہ ذات جسے تم پکارتے ہو وُہ تمہاری سواری کی گردن سے بھی قریب تر ہے (ت)

**ضرب ۲۰۶:** مسلم، ابوداؤد و نسائی ابوھریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے راوی، رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اقرب مایکون العبد من ربہ وھو ساجد فاکثروا الدعاء۔[3]

بندہ اللہ تعالےٰ کے قریب ترین ہوتا ہے جب وہ سجدہ کرتا ہے، تو دُعا زیادہ کرو (ت)

**ضرب ۲۰۷:** دیلمی ثوبان رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے راوی، رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

قال اللہ تعالٰی انا خلفك و امامك وعن یمینك وعن شمالك یا موسٰی انا جلیس عبدی حین یذکرنی وانا معہ اذا دعانی۔[4]

---

[1] صحیح البخاری کتاب الجہاد باب مایکرہ من رفع الصوت الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۴۲۰
صحیح مسلم کتاب الذکر والدعاء باب استحباب خفض الصوت الخ 〃 〃 ۲/ ۳۴۶

[2] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[3] صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ باب مایقال فی الرکوع الخ 〃 〃 ۱/ ۱۹۱
سنن ابی داؤد 〃 باب الدعاء فی الرکوع والسجود آفتاب عالم پریس لاہور ۱/ ۱۲۷
سنن النسائی اقرب مایکون العبد من اللہ عزوجل نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ۱/ ۱۷۰

[4] الفردوس بماثور الخطاب حدیث ۴۵۲۳ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۳/ ۱۹۲

اللہ تعالٰی نے فرمایا: اے موسٰی! میں تیرے پیچھے، آگے، دائیں اور بائیں ہوں۔ میں بندے کا ہم نشین ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے، اور میں اُس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے۔ (ت)

**ضرب ۲۰۸:** صحیحین میں ابوھریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ عزوجل فرماتا ہے:

انا عند ظن عبدی بی وانا معہ اذا ذکرنی[1]

میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے۔ (ت)

**ضرب ۲۰۹:** مستدرک میں بروایت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی عنہ سے حدیث قدسی ہے:

عبدی انا عند ظنك بی وانا معك اذا ذکرتنی[2]

اے بندے! میں تیرے گمان کے ساتھ ہوں جو تُو میرے متعلق کرتا ہے اور میں تیرے ساتھ ہوتا ہوں جب تُو مجھے یاد کرتا ہے (ت)

**ضرب ۲۱۰:** سعید بن منصور ابو عمارہ سے مرفوعًا راوی:

الساجد یسجد علی قدمی اللہ تعالٰی[3]

سجدہ کرنے والا اللہ تعالٰی کے قدموں پر سجدہ کرتا ہے۔ (ت)

ان آیات و احادیث سے زمین پر اور طور پر اور ہر مسجد میں اور بندے کے آگے پیچھے دہنے بائیں اور ہر ذاکر کے پاس اور ہر شخص کے ساتھ اور ہر جگہ اور ہر ایک کی شہ رگ گردن سے زیادہ قریب ہونا ثابت ہے۔

**ضرب ۲۱۱:** قال اللہ تعالٰی:

ان طھرا بیتی[4] (تم دونوں میرے گھر کو صاف کرو۔ ت) یہاں کعبے کو اپنا گھر بتایا۔

---

[1] صحیح البخاری کتاب التوحید باب قول اللہ تعالٰی ویحذرکم اللہ نفسہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۱۱۰۱
صحیح مسلم کتاب الذکر والدعاء ۲/ ۳۴۳ و کتاب التوبۃ ۲/ ۳۵۴ " " "

[2] المستدرک للحاکم کتاب الدعاء باب قال اللہ عزوجل عبدی انا عند ظنك بی دار الفکر ۱/ ۴۹۷

[3] حلیۃ الاولیاء ترجمہ حسان بن عطیۃ دار الکتب العلمیہ بیروت ۶/ ۷۲

[4] القرآن الکریم ۲/ ۱۲۵

**ضرب ۲۱۲:** معالم میں ہے مروی ہوا کہ توریت مقدس میں لکھا ہے:

جاء اللہ تعالٰی من سیناء واشرف من ساعین واستعلی من جبال فاران[1]

اللہ تعالٰی سیناء کے پہاڑ سے آیا اور ساعین کے پہاڑ سے جھانکا اور مکہ معظمہ کے پہاڑوں سے بلند ہوا۔

ذکر تحت اٰیۃ بورك (اسے آیہ بورك کے تحت ذکر کیا۔ ت)

**ضرب ۲۱۳:** طبرانی کبیر میں سلمہ بن نفیل رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی،

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انی اجد نفس الرحمٰن من ھٰھنا واشار الی الیمن[2]

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے یمن کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: بیشک میں رحمان کی خوشبو یہاں سے پاتا ہوں۔

**ضرب ۲۱۴:** مسند احمد وجامع ترمذی میں حدیث سابق ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:

والذی نفس محمد بیدہ لو انکم دلیتم بحبل الی الارض السفلی لھبط علی اللہ عزوجل، ثم قرأ ھو الاول والاٰخر والظاھر والباطن وھو بکل شیئ علیم[3]

اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں محمد (صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم) کی جان ہے اگر تم سب سے نچلی زمین تک رسّی لٹکاؤ تو وہ رسّی اللہ تعالٰی پر گرے گی۔ پھر آپ نے ھو الاول والاٰخر والظاھر والباطن وھو بکل شیئ علیم کو تلاوت کیا۔ (ت)

یہاں سے ثابت کہ سب زمینوں کے نیچے ہے۔ (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۱۸۰ تا ۱۸۸)

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۲۷/۸ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۳/۲۴۸

[2] المعجم الکبیر حدیث ۶۳۵۸ دار احیاء التراث العربی بیروت ۷/۵۲

کنز العمال " ۳۳۹۵۱ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۲/۵۰

[3] جامع الترمذی ابواب التفسیر سورۃ الحدید حدیث ۳۳۰۹ امین کمپنی دہلی ۲/۱۶۲

مسند احمد بن حنبل عن ابی ہریرہ المکتب الاسلامی بیروت ۲/۳۷۰

(۲۱) سیدنا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کے بارے میں سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:
اہلسنت کے عقیدہ میں تمام صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم کی تعظیم فرض ہے اور ان میں سے کسی پر طعن حرام اور اُن کی مشاجرت میں خوض ممنوع۔ حدیث میں ارشاد:

اذا ذکر اصحابی فامسکوا[1]

جب میرے صحابہ کا ذکر کیا جائے (بحث وخوض سے) رُک جاؤ۔ (ت)

رب عزوجل کہ عالم الغیب والشہادۃ ہے اس نے صحابہ سید عالم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی دو قسمیں فرمائیں، مومنین قبل الفتح جنھوں نے فتح مکہ سے پہلے راہِ خدا میں خرچ وجہاد کیا، اور مومنین بعد الفتح جنھوں نے بعد کو۔ فریق اول کو دوم پر تفضیل عطا فرمائی کہ:

لایستوی منکم من انفق من قبل الفتح وقاتل ط اولٰئك اعظم درجۃ من الذین انفقوا من بعد وقاتلوا[2]

تم میں برابر نہیں وہ جنھوں نے فتح مکہ سے قبل خرچ اور جہاد کیا وُہ مرتبہ میں اُن سے بڑے ہیں جنھوں نے بعد فتح کے خرچ اور جہاد کیا۔ (ت)

اور ساتھ ہی فرمادیا:

وکلاّ وعد اللہ الحسنٰی[3]

دونوں فریق سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ فرمالیا۔

اور ان کے افعال پر جاہلانہ نکتہ چینی کا دروازہ بھی بند فرمادیا کہ ساتھ ہی ارشاد ہُوا، واللہ بما تعملون خبیر[4] اللہ کو تمھارے اعمال کی خوب خبر ہے، یعنی جو کچھ تم کرنے والے ہو وہ سب جانتا ہے باینہمہ تم سب سے بھلائی کا وعدہ فرماچکا خواہ سابقین ہوں یا لاحقین، اور یہ بھی قرآن عظیم سے ہی پُوچھ دیکھئے کہ مولٰے عزوجل جس سے بھلائی کا وعدہ فرماچکا اُس کے لئے کیا ہے فرماتا ہے:

انّ الّذین سبقت لھم منّا الحسنٰی اولٰئك عنھا مبعدون۝ لا یسمعون

---

[1] المعجم الکبیر حدیث ۱۴۲۷ دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/۹۶
[2] القرآن الکریم ۵۷/۱۰
[3] " " ۵۷/۱۰
[4] " " ۵۷/۱۰

حسیسہا وھم فیما اشتھت انفسھم خٰلدون ○ لا یحزنھم الفزع الاکبر و تتلقٰھم الملٰئکۃ ط ھٰذا یومکم الذی کنتم توعدون [1]

بیشک جن سے ہمارا وعدہ بھلائی کا ہوچکا وہ جہنم سے دُور رکھے گئے ہیں اس کی بھنک تک نہ سُنیں گے اور وہ اپنی من مانتی مرادوں میں ہمیشہ رہیں گے، انھیں غم میں نہ ڈالے گی بڑی گھبراہٹ اور فرشتے ان کی پیشوائی کو آئیں گے یہ کہتے ہوئے کہ یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔

سچّا اسلامی دل اپنے رب عزّوجل کا یہ ارشادِ عام سُن کر کبھی کسی صحابی پر نہ سُوءِ ظن کرسکتا ہے نہ اس کے اعمال کی تفتیش۔ بفرضِ غلط کچھ بھی کیا تم حاکم ہو یا اللہ، تم زیادہ جانو یا اللہ، أأنتم اعلم ام اللہ [2] (کیا تمھیں علم زیادہ ہے یا اللہ تعالٰی کو۔ت) دلوں کی جاننے والا سچّا حاکم یہ فیصلہ فرما چکا کہ مجھے تمھارے سب اعمال کی خبر ہے میں تم سے بھلائی کا وعدہ فرما چکا اس کے بعد مسلمان کو اس کے خلاف کی گنجائش کیا ہے، ضرور ہر صحابی کے ساتھ حضرت کہا جائیگا ضرور رضی اللہ تعالٰی عنہ کہا جائے گا، ضرور اس کا اعزاز و احترام فرض ہے ولوکرہ المجرمون [3] (اگرچہ مجرم بُرا جانیں۔ت)۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۲۷، ۲۲۸)

(۲۲) یہ عقیدہ کیسا ہے کہ اللہ تعالٰی پر کسی کا کوئی حق واجب نہیں مگر وہ خود اپنے ذمّۂ کرم پر کچھ واجب کرے تو جائز ہے؟ اس کے جواب میں فرمایا:

صحیح است وآں وجوب نیست تفضل ست کتب ربکم علٰی نفسہ الرحمۃ [4]، وکان حقا علینا نصر المؤمنین [5]۔

یہ صحیح ہے، اور وہ وجوب نہیں بلکہ اس کا فضل ہے (فرمانِ الٰہی ہے) تمھارے رب نے اپنے ذمّۂ کرم پر رحمت لازم کرلی ہے (مزید فرمایا) اور ہمارے ذمّۂ کرم پر ہے مسلمانوں کی مدد فرمانا(ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۳۲)

---

[1] القرآن الکریم ۲۱/ ۱۰۱ تا ۱۰۳
[2] القرآن الکریم ۲/ ۱۴۰
[3] القرآن الکریم ۸/ ۸
[4] 〃 ۶/ ۵۴
[5] 〃 ۳۰/ ۴۷

(۲۳) ولایتِ مطلقہ ونبوتِ خاص میں سے کون سی افضل ہے؟ اس سوال کے جواب میں فرمایا:

نبوت مطلقہ ہر ولی غیر نبی کی ولایت سے ہزاروں درجے افضل ہے کیسے ہی اعظم مرتبہ کا ولی ہو، ہاں اس میں اختلاف ہے کہ نبی کی نبوت خود اس کی اپنی ولایت سے افضل ہے یا اس کی اپنی ولایت اس کی نبوت سے، اور اس اختلاف میں خوض کی کوئی حاجت نہیں۔ پہلی بات ضروریاتِ دین سے ہے اس کا اعتقاد مدارِ ایمان ہے جو کسی ولی غیر نبی حتی کہ صدیق کو کسی نبی سے افضل یا ہمسر ہی کہے کافر ہے کما قد نص علیہ الاکابر الائمۃ فی غیر ما کتاب (جیسا کہ اکابر اماموں نے متعدد کتابوں میں اس پر نص فرمائی ہے۔ت) صحابۂ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم سب اولیاء کرام تھے۔ قال اللہ تعالٰی:

لایستوی منکم من انفق من قبل الفتح وقاتل اولٰئک اعظم درجۃ من الذین انفقوا من بعد وقاتلوا وکلا وعد اللہ الحسنی واللہ بما تعملون خبیر[1]

تم میں برابر نہیں وہ جنھوں نے فتح مکّہ سے قبل خرچ کیا اور جہاد کیا وہ مرتبہ میں ان سے بڑے ہیں جنھوں نے بعد فتح کے خرچ کیا اور جہاد کیا، اور ان سب سے اللہ تعالٰی نے جنت کا وعدہ فرما چکا، اور اللہ تعالٰی کو تمھارے کاموں کی خبر ہے۔ (ت)

وقال اللہ تعالٰی:

ان الذین سبقت لھم منا الحسنٰی اولٰئک عنھا مبعدون ○ لایسمعون حسیسھا وھم فی ما اشتھت انفسھم خٰلدون ○ لایحزنھم الفزع الاکبر وتتلقّٰھم الملٰئکۃ ھذا یومکم الذی کنتم توعدون ○[2]

بے شک جن کے لئے ہماری طرف سے نیکی کا وعدہ پہلے ہوچکا وہ اس (جہنم) سے دور رکھے گئے ہیں وہ اس کی ہلکی سی آواز بھی نہ سنیں گے اور وُہ جہاں چاہیں گے ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔ انھیں غم میں نہ ڈالے گی وہ سب سے بڑی گھبراہٹ، اور فرشتے ان کی پیشوائی کو آئینگے یہ کہتے ہوئے کہ یہ ہے تمھارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔ (ت)

وقال اللہ تعالٰی:

والذین اٰمنوا باللہ ورسلہ اولٰئک ھم الصدیقون والشھداء عند ربھم

---

[1] القرآن الکریم ۵۷/۱۰

[2] 〃 ۲۱/۱۰۱ تا ۱۰۳

لھم اجرھم ونورھم[1]

اور وہ جو اللہ اور اس کے سب رسولوں پر ایمان لائیں وہی ہیں کامل سچے اور اوروں پر گواہ اپنے رب کے یہاں ان کے لئے ان کا ثواب اور ان کا نور ہے۔ (ت)

وقال اللہ تعالٰی :

یوم لایخزی اللہ النبی والذین اٰمنوا معہ نورھم یسعٰی بین ایدیھم وبایمانھم[2]

جس دن اللہ تعالٰی رُسوا نہ کرے گا نبی اور ان کے ساتھ کے ایمان والوں کو، ان کا نور دوڑتا ہوگا اُن کے آگے اور ان کے دائیں۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۳۳، ۲۳۴)

(۲۴) آیت کریمہ "ولوکنت اعلم الغیب" الاٰیۃ کے معنٰی اور شانِ نزول سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا :

"اگر میں اپنی ذات سے بے خدا کے بتائے غیب جانتا تو بہت سی خیر جمع کرلیتا اور مجھے کوئی بُرائی و تکلیف نہ پہنچتی، میں تو ایمان والوں کو ڈر اور خوشی سنانے والا ہوں" آیۂ کریمہ کافروں کے مہمل سوالات پر اتری تھی اس سے علمِ غیب ذاتی کی نفی ہوتی ہے کہ بے خدا کے بتائے مجھے علم نہیں ہوتا، اور خدا کے بتائے سے نہ ہونا مراد لیں تو صراحۃً قرآن مجید کا انکار اور کُھلا کفر ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۳۴)

(۲۵) تعزیہ بنانے والے کی اولاد کو حرامی اور قیامِ مولود کو بدعتِ سیئہ کہنے کے بارے میں فرمایا :

اس کی اولاد کو حرامی کہنا اس آیۂ کریمہ میں داخل ہے :

ان الذین یرمون المحصنٰت الغافلٰت المؤمنٰت لعنوا فی الدنیا والاٰخرۃ ولھم عذاب عظیم[3]

وہ جو پارسا بے خبر ایمان والیوں کو زنا کی تہمت لگاتے ہیں اُن پر دنیا اور آخرت میں

---

[1] القرآن الکریم ۵۷ / ۱۹

[2] " " ۶۶ / ۸

[3] " " ۲۴ / ۲۳

لعنت ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔

قیامِ مجلس مبارک کو بدعتِ سیئہ اور حاضریِ اعراسِ طیبہ کو لغو سمجھنا شعارِ وہابیہ سے ہے، اور وہابیہ سُنّی کیا مسلمان بھی نہیں کہ اللہ و رسول کی علانیہ توہین کرتے ہیں۔ اور اللہ عزوجل فرماتا ہے:

قل اباللہ و اٰیٰتہ و رسولہ کنتم تستھزءون ○ لا تعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم[1]

ان سے فرمادو کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ٹھٹھا کرتے ہو بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے اپنے ایمان کے بعد۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۳۷)

(۲۶) وہابیہ کی طرف سے اعلان ہوا کہ مروّج میلاد کا ثبوت قرآن سے دینے والے کو سو روپے انعام دیا جائے گا۔ اس کے جواب میں فرمایا:

(۱) اللہ تعالٰی فرماتا ہے:

واما بنعمة ربك فحدث[2]

اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

اگر وہابیہ ثبوت دے دیں کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی ولادت نعمتِ خدا نہیں، یا مجلسِ میلاد اس نعمت کا چرچا نہیں تو ۴۰ روپے انعام۔

(۲) اللہ تعالٰی فرماتا ہے:

وذکرھم بایام اللہ[3]

اُنھیں اللہ کے دن یاد دلاؤ۔

اگر وہابیہ ثبوت دے دیں کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی ولادت کا دن اللہ تعالٰی کے عظمت والے دنوں میں نہیں یا مجلسِ میلاد اُس دن کا یاد دلانا نہیں تو ۴۰ روپے انعام۔

(۳) اللہ تعالٰی فرماتا ہے:

قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذلك فليفرحوا[4]

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۶۵ و ۶۶ [2] القرآن الکریم ۹۳/ ۱۱

[3] " " ۱۴/ ۵ [4] " " ۱۰/ ۵۸

تم فرمادو کہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت ہی پر لازم ہے کہ خوشیاں مناؤ۔

اگر وہابیہ ثبوت دیں کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی ولادت اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہیں یا مجلس میلاد اس فضل و رحمت کی خوشی نہیں تو ۴۰ روپے انعام۔

(۴) اللہ تعالٰے فرماتا ہے:

وما اٰتٰکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا[۱]

اور جو کچھ رسول تمہیں عطا فرمائیں وہ لو اور جس سے وہ منع فرمائیں اس سے باز رہو۔

اگر وہابیہ ثبوت دیں کہ قرآن مجید یا حدیث شریف میں کہیں مجلس میلاد مبارک کو منع فرمایا ہے تو ۴۰ روپے انعام۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۴۷، ۲۴۸)

(۲۷) میلاد شریف منانے کے بارے میں ایک رسالہ "شمس السالکین" پر تقریظ لکھتے ہوئے فرمایا:

فقیر غفرلہ المولی القدیر نے مولانا مولوی ابو نصر حکیم محمد یعقوب صاحب حنفی قادری رامپوری کا یہ مختصر و کافی فتوٰی مسمّٰی بہ شمس السالکین مطالعہ کیا، مولٰی عزّوجل مولٰینا کی سعی جمیل قبول فرمائے اور اس فتوٰی کو حقیقۃً سالکینِ راہِ ہُدٰی کے لئے آفتاب نورانی بنائے۔ مجلس مبارک و قیام اہلِ محبت کے نزدیک تو اصلاً محتاجِ دلیل نہیں۔ اہلِ حجت میں جو انصاف پر آئیں ان کیلئے قرآن عظیم قولِ فیصل و حاکم عدل ہے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذٰلک فلیفرحوا[۲]

تم فرمادو کہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت ہی پر لازم ہے کہ خوشیاں مناؤ۔ (ت)

اور فرماتا ہے:

وذکّرھم بایّٰم اللہ[۳]

انہیں اللہ کے دن یاد دلاؤ۔ (ت)

اور فرماتا ہے:

واما بنعمۃ ربک فحدّث[۴]

اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔ (ت)

---

[۱] القرآن الکریم ۵۹/ ۷ [۲] القرآن الکریم ۱۰/ ۵۸

[۳] ؍؍ ۱۴/ ۵ [۴] ؍؍ ۹۳/ ۱۱

اور فرماتا ہے:

انا ارسلنٰک شاھدًا ومبشرا ونذیرا لتؤمنوا باللّٰہ ورسولہ وتعزّروہ وتوقروہ[1]

اے نبی! بے شک ہم نے تمھیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا تاکہ اے لوگو! تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو۔ (ت)

اور فرماتا ہے:

فالّذین اٰمنوا بہ وعزّروہ ونصروہ واتبعوا النور الذی انزل معہ اولٰئک ھم المفلحون[2]

تو وہ جو اس پر ایمان لائیں اور اس کی تعظیم کریں اور اُسے مدد دیں اور اس نور کی پیروی کریں جو اس کے ساتھ اُترا، وہی بامراد ہوئے۔ (ت)

اور فرماتا ہے:

لئن اقمتم الصلٰوۃ واٰتیتم الزکٰوۃ واٰمنتم برسلی وعزرتموھم واقرضتم اللّٰہ قرضا حسنا لاکفرن عنکم سیاٰتکم ولادخلنّکم جنّٰت تجری من تحتھا الانھٰر فمن کفر بعد ذٰلک منکم فقد ضل سواء السبیل[3]

اگر تم نماز قائم رکھو اور زکٰوۃ دو اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤ اور اُن کی تعظیم کرو اور اللہ کو قرضِ حسن دو بیشک میں تمھارے گناہ اتار دوں گا اور ضرور تمھیں باغوں میں لے جاؤں گا جن کے نیچے نہریں رواں، پھر اس کے بعد جو تم میں سے کفر کرے وہ ضرور سیدھی راہ سے بہکا۔ (ت)

پہلی تینوں آیتوں میں حکم فرماتا ہے کہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت پر شادیاں مناؤ، لوگوں کو اللہ کے دن یاد دلاؤ، اللہ کی نعمت کا خوب چرچا کرو ـــ اللہ کا کون سا فضل و رحمت، کون سی نعمت اس حبیب کریم علیہ وعلٰی آلہٖ افضل الصلٰوۃ والتسلیم کی ولادت سے زائد ہے کہ تمام نعمتیں، تمام رحمتیں، تمام برکتیں اُسی کے صدقے میں عطا ہوئیں۔ اللہ کا کون سا دن اس نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ظہورِ پُرنور کے دن سے بڑا ہے ـــ تو بلاشبہہ قرآن حکیم ہمیں حکم دیتا ہے کہ

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۸، ۹

[2] " " ۷/ ۱۵۷

[3] " " ۵/ ۱۲

ولادتِ اقدس پر خوشی کرو، مسلمانوں کے سامنے اُسی کا چرچا خوب زور شور سے کرو — اسی کا نام مجلس میلاد ہے — بعد کی تین آیتوں میں اپنے رسولوں خصوصاً سید الرسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم کی تعظیم کا حکم مطلق فرماتا ہے۔ اور قاعدہ شرعیہ ہے المطلق یجری علی اطلاقہ[1] (مطلق اپنے اطلاق پر جاری ہوتا ہے۔ ت) جو بات اللہ عزوجل نے مطلق ارشاد فرمائی وہ مطلق حکم عطا کرے گی جو جو کچھ اس مطلق کے تحت میں داخل ہے سب کو وہ حکم شامل ہے بلا تخصیص شرع جو اپنی طرف سے مطلق کو مقید کرے گا وہ کتاب اللہ کو منسوخ کرتا ہے، جب ہمیں تعظیم حضور اقدس صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا حکم مطلق فرمایا تو جمیع طرقِ تعظیم کی اجازت ہوئی جب تک کسی خاص طریقے سے شریعت منع نہ فرمائے۔ یُونہی رحمت پر فرحت، ایامِ الٰہی کا تذکرہ، نعمتِ ربّانی کا چرچا، یہ بھی مطلق ہیں جس طریقہ سے کئے جائیں سب امتثالِ امرِ الٰہی ہیں جب تک شرع مطہر کسی خاص طریقہ پر انکار نہ فرمائے۔ تو روشن ہوا کہ مجلس و قیام پر خاص دلیل نام لے کر چاہنا یا بعینہٖ اُن کا قرونِ ثلٰثہ میں وجود تلاش کرنا نِری اوندھی مَت ہی نہیں بلکہ قرآن مجید کو اپنی رائے سے منسوخ کرنا ہے۔ اللہ عزوجل تو مطلق حکم فرمائے اور منکرین کہیں کہ وہ مطلق کہا کرے ہم تو خاص وہ صُورت مانیں گے جسے بالتخصیص نام لے کر جائز کیا ہو یا جس کا بہیئتِ کذائی قرونِ ثلٰثہ میں وجود ہوا ہو، انّا للہ وانّا الیہ راجعون (ہم اللہ کے مال ہیں اور ہم کو اسی کی طرف پھرنا ہے۔ ت) عقل و دین رکھتے تو جو طریقہ اظہارِ فرحت و تذکرۂ نعمت و تعظیم سرکارِ رسالت دیکھتے اس میں یہ تلاش کرتے کہ کہیں خاص اس صورت کو اللہ و رسول نے منع تو نہیں فرمایا، اگر اُس کی خاص ممانعت نہ پاتے یقین جانتے کہ یہ اُنھیں احکام کی بجا آوری ہے جو آیاتِ کریمہ میں گزرے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۹ ص ۲۴۸ تا ۲۵۱)

(۲۸) کیا میثاقِ الست بربکم کے بعد روحیں معدوم کر دی گئی تھیں؟ اس سوال کے جواب میں فرمایا:

حاشا للہ! رُوح بعد ایجاد کبھی فنا نہ ہوگی انّما خلقتم للابد[2] (تم ہمیشہ کے لئے پیدا کئے گئے ہو۔ ت) بدن کے ساتھ حدوثِ نفس خیالِ باطل فلاسفہ ہے، قال اللہ عزوجل:

---

[1] التوضیح والتلویح فصل حکم المطلق مطبع میر محمد کراچی ۱/۱۶۹

[2] شرح الصدور باب فصل الموت خلافت اکیڈمی منگورہ سوات ص ۵

وکنتم امواتا فاحیاکم ثم یمیتکم ثم یحییکم[1]

حالانکہ تم مُردہ تھے اس نے تمھیں جِلایا پھر تمھیں مارے گا پھر تمھیں جِلائے گا۔(ت)

اگر بعد میثاق رُوحیں معدوم کر دی گئی ہوتیں تو تین موتیں ہوتیں اور یوں فرمایا جاتا:

کنتم امواتا فاحیاکم ثم اماتکم ثم احیاکم ثم یمیتکم ثم یحییکم۔

تم مُردہ تھے اس نے تمھیں زندہ کیا، پھر مارا، پھر زندہ کیا، پھر مارے گا پھر زندہ کرے گا(ت)

یہ عقیدہ اجماعی ہے مگر نہ اس درجہ پر واضح کہ جو شخص بحالِ ناواقفی اس کا خلاف کرے اُسے اہلِ سنّت سے خارج کیا جائے بلکہ غلط کار خاطی ہے وبس۔ اور اس پر یہ الزام ہے کہ بے جا نے لب کشائی کی جرأت کی۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۵۳، ۲۵۴)

(۲۹) مولانا محمد آصف صاحب کانپوری نے آیاتِ کریمہ "فمنھم شقی وسعید" اور "واما الذین سعدوا ففی الجنۃ خٰلدین فیھا مادامت السمٰوٰت والارض الا ماشاء ربک عطاء غیر مجذوذ" کی تفسیر کے بارے میں سوال بھیجا جس کے جواب میں فرمایا:

خبرِ الٰہی مثل علمِ الٰہی ہے، ان میں سے کسی کا خلاف ممکن نہیں، مگر یہ استحالہ بالغیر ہے نفیِ قدرت نہیں کرتا، علمِ الٰہی ازل میں تھا کہ زید کو فلاں وقت پیدا کرے گا، اب واجب ہوا کہ زید اس وقت پیدا ہو، اگر نہ پیدا ہو تو معاذ اللہ جہل لازم آئے، لیکن اس سے یہ لازم نہ آیا کہ مولیٰ تعالیٰ اس کو پیدا کرنے پر مجبور ہوگیا، پیدا کرنے پر قادر نہ رہا، ورنہ پھر جہل لازم آئے کہ علم میں تو یہ تھا کہ اپنی قدرت سے اسے پیدا کرے گا اور یہ نہ ہوا بلکہ معاذ اللہ مجبور ہوگیا، حاشا بلکہ زید کا وجود فنا ازلاً ابداً تحتِ قدرت ہے اور تعلق علم کے سبب جس وقت اس کا وجود علمِ الٰہی میں تھا وجود واجب ہے اور جس وقت فنا فنا واجب ہے کہ خلاف ہو تو جہل ہو اور جہل محال بالذات ہے اس محال بالذات نے ان ممکنات کو اپنے اپنے وقت میں واجب بالغیر کر دیا اس سے معاذ اللہ نہ قدرت مسلوب ہوئی نہ جہل ممکن۔ بعینہٖ یہی بات خبرِ الٰہی میں ہے اس نے خبر دی کہ اہلِ جنّت کو جنت میں ہمیشہ رکھے گا، اُن کا خلود واجب ہوگیا، اگر نہ ہو تو معاذ اللہ کذب لازم آئے مگر اس سے انقطاع پر قدرت مسلوب نہ ہوئی خلود و انقطاع دونوں ازلاً ابداً زیرِ قدرت ہیں مگر تعلق خبر نے خلود کو واجب بالغیر کر دیا اس سے نہ قدرت مسلوب ہوئی نہ معاذ اللہ کذب ممکن۔ کذب کے محال بالذات ہوتے ہی نے تو

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۸

اس ممکن کو واجب بالغیر کیا اگر اس سے کذب ممکن ہو جائے تو اسے واجب کون کرے۔ مولا عزّوجل کے وعد و وعید کسی میں تخلف ممکن نہیں، خود وعید ہی کے لئے ارشاد ہوا ہے:

مایبدل القول لدی[1]۔

میرے یہاں بات بدلتی نہیں۔ (ت)

جیسے وعدہ کو فرمایا:

لن یخلف اللہ وعدہ[2]۔

اور اللہ تعالٰی ہرگز اپنا وعدہ جھوٹا نہ کرے گا۔ (ت)

بعض کے کلام میں کہ خلف وعید کا لفظ واقع ہوا، تصریحات ہیں کہ اس سے مراد عفو ہے، یہ اگر معاذ اللہ امکانِ کذب ہو تو امکان کیسا وقوع ہوا کہ عفو یقیناً واقع ہوگا۔ اس کی مفصل بحث سبحٰن السبوح میں ہے، آیۂ کریمہ الا ماشاء ربک[3] (مگر جتنا تمھارے رب نے چاہا۔ ت) کے وہ معنی بعونہ تعالٰی ذہنِ فقیر میں ہیں جن کے بعد ہرگز ہرگز کسی تاویل کی حاجت نہیں، معنی ظاہر پر بلا تکلف مستقیم ہیں، خلودِ اہلِ دارین کو عمرِ آسمان و زمین سے مقدر فرمایا ہے مادامت السمٰوٰت والارض[4] (جب تک آسمان و زمین رہیں گے۔ ت) ظاہر ہے کہ اس سے یہ بقائے آسمان و زمین مراد نہیں جو نفخِ صور پر منقطع ہے بلکہ سماء وارض کہ روزِ قیامت اعادہ کئے جائیں گے اُن کی عمر مراد ہے جو ابدی ہے اور کچھ شک نہیں کہ اس کی مقدار جنتیوں کے جنت دوزخیوں کے دوزخ میں رہنے کی مقدار سے صدہا سال زائد ہے کہ انتہا نہ ان کو نہ اس کو، مگر اس کی ابتداء ان کی ابتداء سے سیکڑوں برس پہلے ہے۔ شروع روزِ قیامت میں آسمان و زمین پیدا ہو جائیں گے لیکن جنتی جنت اور دوزخی دوزخ میں بعد حساب جائیں گے اور باہم بھی مقداریں مختلف ہوں گی فقراء اغنیاء سے پانچسو برس پہلے جنت میں جائیں گے تو جانب ابتداء میں ان کا خلود ان سماوات وارض کے دوام سے کم ہوا کسی کا مثلاً ہزار برس کم جیسی جس کے لئے مشیت ہوگی، کسی کا دو ہزار برس کم، الٰی غیر

---

[1] القرآن الکریم ۵۰/ ۲۹

[2] " ۲۲/ ۴۷

[3] " ۱۱/ ۱۰۷ و ۱۰۸

[4] " ۱۱/ ۱۰۷ و ۱۰۸

ذٰلک، اس کو فرماتا ہے: الّا ما شاء ربّك[1] (مگر جتنا تمہارے رب نے چاہا۔ت) روایت لیاتین علیٰ جہنم[2] الخ دوزخ کے طبقۂ اولیٰ کے لئے ہے جس کا نام جہنم ہے اگرچہ مجموعہ کو بھی جہنم کہتے ہیں یہ طبقہ عصاۃ موحدین کے لئے ہے یہ بیشک ایک روز بالکل خالی ہوجائیگا جب لا الٰہ الا اللہ کہنے والا کوئی اس میں نہ رکھا جائے گا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۶۲، ۲۶۳)

(۳۰) صحابہ کرام پر طعن کرنے والوں کے بارے میں فرمایا:

اللہ عزوجل نے سورۂ حدید میں صحابۂ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم کی دو قسمیں فرمائیں:

ایک وہ کہ قبلِ فتح مکہ شریف مشرف بایمان ہوئے اور راہِ خدا میں مال خرچ کیا جہاد کیا۔

دوسرے وہ کہ بعد۔

پھر فرمایا:

وکلًّا وعد اللہ الحسنٰی۔[3]

دونوں فریق سے اللہ تعالٰے نے بھلائی کا وعدہ فرمایا۔

اور جن سے بھلائی کا وعدہ کیا ہے اُن کو فرماتا ہے: اولٰئك عنها مبعدون وہ جہنم سے دُور رکھے گئے لایسمعون حسیسها اس کی بھنک تک نہ سُنیں گے وھم فی ما اشتهت انفسهم خٰلدون ○ لا یحزنهم الفزع الاکبر اور وہ اپنی من مانتی خواہشوں میں ہمیشہ رہیں گے قیامت کی سب سے بڑی گھبراہٹ انھیں غمگین نہ کرے گی وتتلقّٰهم الملٰئکة فرشتے ان کا استقبال کریں گے ھٰذا یومکم الذی کنتم توعدون[4] یہ کہتے ہوئے کہ یہ ہے تمہارا وُہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔

رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے ہر صحابی کی یہ شان اللہ عزوجل بتاتا ہے، تو جو کسی صحابی پر طعن کرے اللہ واحد قہار کو جھٹلاتا ہے، اور اُن کے بعض معاملات جن میں اکثر حکایات کاذبہ ہیں

---

[1] القرآن الکریم ۱۱/ ۱۰۷، ۱۰۸

[2] جامع القرآن (تفسیر ابن جریر) تحت الآیۃ ۱۱/ ۱۰۷ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۲/ ۱۴۲

[3] القرآن الکریم ۵۷/ ۱۰

[4] ؍؍ ۲۱/ ۱۰۱ تا ۱۰۳

ارشاد الٰہی کے مقابل پیش کرنا اہلِ اسلام کا کام نہیں۔ رب عزوجل نے اُسی آیت میں اُس کا مُنہ بھی بند فرمادیا کہ دونوں فریق صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے بھلائی کا وعدہ کرکے ساتھ ہی ارشاد فرمایا واللہ بما تعملون خبیر[1] اور اللہ کو خوب خبر ہے جو کچھ تم کرو گے۔ بااینہمہ میں تم سب سے بھلائی کا وعدہ فرما چکا اس کے بعد کوئی بکے اپنا سر کھائے خود جہنم جائے۔ علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض شرح شفاء امام قاضی عیاض میں فرماتے ہیں :-

ومن یکون یطعن فی معاویۃ فذاك کلب من کلاب الھاویۃ[2]

جو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ پر طعن کرے وہ جہنم کے کُتّوں میں سے ایک کُتّا ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۶۴)

(۱۳۱) ایمان بالغیب کے بارے میں ایک استفتاء کہ آج کل کے سائنسی زمانے میں یہ کیسے ممکن ہے؟ کا جواب دیتے ہُوئے فرمایا :

بالجملہ اس کی لاکھوں مثالیں ہیں جو اشقیاء خود روزمرہ برت رہے ہیں، مگر اللہ واحد قہار پر اعتراض کرنے کے لئے اُن کو بھلاتے اور ناپاکی کا مُنہ پھلاتے ہیں، رب عزّوجل نے غیب پر بے دلیل ایمان لانے پر مجبور نہیں فرمایا بلکہ براہینِ قاطعہ و دلائلِ ساطعہ قائم فرمائے انبیاء بھیجے انھیں معجزات دیئے آفاق و انفس میں اپنی نشانیاں ظاہر فرمائیں ان کے ماننے کی طرف بلایا ہے، کافر سے اس کی کیا شکایت کہ اس نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھنے سے پہلے ایمان سے خالی بتایا مگر یہ کہے کہ اس واقعہ سے اس کا استدلال تحقیقاً ہے یا الزاماً، اگر تحقیقاً ہے تو خود اپنے سارے جھوٹ کو جہنم میں ڈال دیا، جہنم سے مراد دوزخ نہیں اس پر تو وہ ایمان ہی نہیں رکھتا، اس دن ایمان لائے گا یوم یدعون الٰی نار جھنّم دعا ھٰذہ النار التی کنتم بھا تکذبون ○ افسحر ھذا ام انتم لا تبصرون[3] ○ جس دن دھکے دے کر جہنم کی آگ میں ڈالے جائیں گے، یہ ہے وہ آگ جسے تم جھٹلاتے تھے، کیا یہ جادو ہے یا تمھیں سُوجھتا نہیں، بلکہ میری مراد یہ ہے کہ اس نے اپنی تمام جھوٹی خباثتوں کو بھڑکتی آگ میں ڈال کر بھسم کردیا، بے دیکھے کیونکر اعتقاد لایا کہ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا

---

[1] القرآن الکریم ۵۷/ ۱۰

[2] نسیم الریاض الباب الثالث مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات الہند ۳/ ۴۳۰

[3] القرآن الکریم ۵۲/ ۱۳، ۱۴، ۱۵

یہ واقعہ ہوا، اور اگر الزاماً ہے تو خود اس گفتگو میں تصریح ہے کہ بیشک مجھے ایمان ہے اس کی کیفیت کی قلب کو تلاش ہے کہ اس کے وقوع کا کیا طریقہ ہوگا دیکھنے سے اس کا اطمینان چاہتا ہوں اندھا سوال ہی کو دیکھے یہ عرض نہ کی کہ رب اتحی الموتی اے میرے رب! کیا تو مُردے جِلائے گا کہ معاذاللہ جلانے میں شک سمجھا جائے، بلکہ یہ عرض کی کہ رب ارنی کیف تحی الموتی[1] اے میرے رب! جس طرح تو مُردے جِلائے گا وہ صورت مجھے آنکھوں سے دکھا دے، ولکنّ الظّٰلمین باٰیٰت اللہ یجحدون[2] (مگر ظالم اللہ تعالٰی کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔ ت)۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۷۱)

(۳۲) عظمتِ صحابہ کرام، اور گستاخوں کا رُد کرتے ہُوئے فرمایا:

عزیز جبّار واحد قہار جل وعلا نے صحابۂ کرام کو دو قسم کیا: ایک وہ کہ قبل فتح مکہ جنھوں نے راہِ خدا میں خرچ و قتال کیا، دوسرے وہ جنھوں نے بعد فتح۔ پھر فرما دیا کہ دونوں فریق سے اللہ عزّوجل نے بھلائی کا وعدہ فرمایا، اور ساتھ ہی فرما دیا کہ اللہ کو تمھارے کاموں کی خوب خبر ہے کہ تم کیا کیا کرنے والے ہو، باایں ہمہ اُس نے تم سب سے حُسنیٰ کا وعدہ فرمایا۔ یہاں قرآن عظیم نے اُن دریدہ دہنوں، بیباکوں، بے ادب، ناپاکوں کے مُنہ میں پتھر دے دیا جو صحابۂ کرام کے افعال سے اُن پر طعن چاہتے ہیں وہ بشرطِ صحت اللہ عزّوجل کو معلوم تھے پھر بھی اُن سب سے حُسنیٰ کا وعدہ فرمایا، تو اب جو معترض ہے اللہ واحد قہار پر معترض ہے جنت و مدارج عالیہ اس معترض کے ہاتھ میں نہیں اللہ عزّوجل کے ہاتھ میں ہیں۔ معترض اپنا سر کھاتا رہے گا اور اللہ نے جو حُسنیٰ کا وعدہ اُن سے فرمایا ہے ضرور پورا فرمائے گا اور معترض جہنم میں سزا پائے گا، وہ آیۂ کریمہ یہ ہے:

لایستوی منکم من انفق من قبل الفتح وقاتل ط اولٰئک اعظم درجۃ من الذین انفقوا من بعد وقاتلوا ط وکلا وعد اللہ الحسنٰی ط واللہ بما تعملون خبیر[3]

اے محبوب کے صحابیو! تم میں برابر نہیں وہ جنھوں نے فتح سے پہلے خرچ و قتال کیا وہ رتبے میں بعد والوں سے بڑے ہیں، اور دونوں فریق سے اللہ نے حُسنیٰ کا وعدہ کر لیا، اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۶۰
[2] 〃 ۶/ ۳۳
[3] 〃 ۵۷/ ۱۰

تم کرنے والے ہو۔

اب جن کے لئے اللہ کا وعدہ حُسنیٰ ہو لیا اُن کا حال بھی قرآن عظیم سے سُنئے :

ان الذین سبقت لهم منّا الحسنیٰ اولٰئك عنها مبعدون ○ لایسمعون حسیسها وهم فی ما اشتهت انفسهم خٰلدون ○ لایحزنهم الفزع الاکبر وتتلقّٰهم الملٰئکة ط هٰذا یومکم الذی کنتم توعدون[۱]

بیشک جن کے لئے ہمارا وعدہ حُسنیٰ کا ہوچکا وہ جہنم سے دُور رکھے گئے ہیں اس کی بھنک تک نہ سُنیں گے اور ہمیشہ اپنی من مانتی مرادوں میں رہیں گے وہ بڑی گھبراہٹ قیامت کی ہلچل انھیں غم نہ دے گی اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے یہ کہتے ہوئے کہ یہ ہے تمھارا وہ دن جس کا تمھیں وعدہ دیا جاتا تھا۔

یہ ہے جمیع صحابۂ کرام سید الانام علیہ وعلیہم الصلٰوۃ والسلام کے لئے قرآن کریم کی شہادت، امیر المومنین مولی المسلمین علی مرتضیٰ مشکلکشا کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم قسم اول میں ہیں جن کو فرمایا: اولٰئك اعظم درجة[۲] ان کے مرتبے قسم دوم والوں سے بڑے ہیں، اور امیر معاویہ رضی اللہ تعالٰی عنہم قسم دوم میں ہیں، اور حُسنیٰ کا وعدہ اور یہ تمام بشارتیں سب کو شامل۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۷۹، ۲۸۰)

(۳۳) نبی کریم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے علمِ غیب کے منکر کے بارے میں فرمایا:

جو کہے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو علمِ غیب مطلقاً نہ تھا یا حضور کا علم اور سب آدمیوں کے برابر ہے وہ کافر ہے۔ امام حجۃ الاسلام غزالی وغیرہ اکابر فرماتے ہیں:

النبوة التی هی الاطلاع علی الغیب[۳]

نبوت کا معنی غیب پر مطلع ہونا ہے (ت)

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

عٰلم الغیب فلا یظهر علٰی غیبه احدا ○ الا من ارتضٰی من رسول[۴]

---

[۱] القرآن الکریم ۲۱/ ۱۰۱ تا ۱۰۳ [۲] القرآن الکریم ۵۷/ ۱۰

[۳] المواہب اللدنیۃ المقصد الثانی الفصل الاول المکتب الاسلامی بیروت ۲/ ۴۷

[۴] القرآن الکریم ۷۲/ ۲۶، ۲۷

غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلّط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۸۳)

(۳۴) مسئلہ تقدیر کے بارے میں تحریر کردہ رسالہ "ثلج الصدر لایمان القدر" میں فرمایا:

صاحبو! تم میں خدا نے کیا پیدا کیا؟ ارادہ و اختیار۔ تو ان کے پیدا ہونے سے تم صاحبِ ارادہ صاحبِ اختیار ہوئے یا مضطر، مجبور، ناچار۔

صاحبو! تمھاری اور پتھر کی حرکت میں فرق کیا تھا؟ یہ کہ وہ ارادہ و اختیار نہیں رکھتا اور تم میں اللہ تعالٰی نے یہ صفت پیدا کی۔ عجب عجب کہ وہی صفت جس کے پیدا ہونے نے تمھاری حرکات کو پتھر کی حرکات سے ممتاز کر دیا، اسی کی پیدائش کو اپنے پتھر ہو جانے کا سبب سمجھو۔ یہ کیسی اُلٹی مت ہے؟ اللہ تعالٰی نے ہماری آنکھیں پیدا کیں، ان میں نور خلق کیا، اس سے ہم انکھیارے ہوئے، نہ کہ معاذ اللہ اندھے۔ یونہی اس نے ہم میں ارادہ و اختیار پیدا کیا اس سے ہم اس کی عطا کے لائق مختار ہوئے، نہ کہ اُلٹے مجبور۔

ہاں یہ ضرور ہے کہ جب وقتاً فوقتاً ہر فردِ اختیار بھی اُسی کی خلق، اُسی کی عطا ہے، ہماری اپنی ذات سے نہیں، تو "مختار کردہ" ہوئے "خود مختار" نہ ہوئے۔ پھر اس میں کیا حرج ہے؛ بندے کی شان ہی نہیں کہ خود مختار ہو سکے۔ نہ جزا و سزا کے لئے خود مختار ہونا ہی ضرور۔ ایک نوعِ اختیار چاہیے، کسی طرح ہو، وہ بداہۃً حاصل ہے۔

آدمی انصاف سے کام لے تو اسی قدر تقریر و مثال کافی ہے۔ شہد کی پیالی اطاعتِ الٰہی ہے اور زہر کا کاسہ اس کی نافرمانی۔ اور وہ عالی شان حکماء انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ اور ہدایت اس شہد سے نفع پانا ہے کہ اللہ ہی کے ارادہ سے ہوگا، اور ضلالت اس زہر کا ضرر پہنچنا کہ یہ بھی اسی کے ارادہ سے ہوگا، مگر اطاعت والے تعریف کئے جائیں گے اور تمرّد (سرکشی) والے مذموم و ملزم ہو کر سزا پائیں گے۔ پھر بھی جب تک ایمان باقی ہے یغفر لمن یشاء[1] (جسے چاہے بخش دے۔ ت) باقی ہے۔

والحمد للہ ربّ العٰلمین، لہ الحکم والیہ ترجعون۔

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۸۴

اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا، حکم اُسی کا ہے اور اُسی کی طرف تمھیں لَوٹنا ہے۔ (ت)

قرآن عظیم میں یہ کہیں نہیں فرمایا کہ ان اشخاص کو زیادہ ہدایت نہ کرو ۔ ہاں یہ ضرور فرمایا ہے کہ ہدایت، ضلالت سب اس کے ارادہ سے ہے۔ اس کا بیان بھی ہوچکا اور آئندہ اِن شاء اللہ تعالیٰ اور زیادہ واضح ہوگا۔ نیز فرمایا ہے:

ان الذین کفروا سواءٌ علیھم ءانذرتھم ام لم تنذرھم لایؤمنون[1]

وہ جو علمِ الٰہی میں کافر ہیں انھیں ایک سا ہے چاہے تم ان کو ڈراؤ یا نہ ڈراؤ وہ ایمان نہ لائیں گے۔

ہمارے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تمام جہان کیلئے رحمت بناکر بھیجے گئے جو کافر ایمان نہ لاتے ان کا نہایت غم حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو ہوتا، یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے فرمایا:

فلعلّک باخع نفسک علٰی اٰثارھم ان لم یؤمنوا بھٰذا الحدیث اسفا[2]

شاید تم ان کے پیچھے اپنی جان پر کھیل جاؤ گے اس غم میں کہ وہ اِس کلام پر ایمان نہیں لاتے۔

لہذا حضور کی تسکینِ خاطرِ اقدس کو یہ ارشاد ہوا ہے کہ جو ہمارے علم میں کفر پر مرنے والے ہیں والعیاذ باللہ تعالٰی وہ کسی طرح ایمان نہ لائیں گے، تم اِس کا غم نہ کرو۔ لہذا یہ فرمایا کہ تمھارا سمجھانا نہ سمجھانا "ان کو" یکساں ہے۔ یہ نہیں فرمایا کہ "تمھارے حق میں" یکساں ہے کہ ہدایت معاذ اللہ امرِ فضول ٹھہرے۔ ہادی کا اجر اللہ پر ہے، چاہے کوئی مانے یا نہ مانے۔

وما علی الرسول الا البلاغ المبین[3]

اور رسول کے ذمہ نہیں مگر صاف پہنچا دینا (ت)

وما اسئلکم علیہ من اجر ان اجری الا علٰی رب العٰلمین[4]

اور میں تم سے اس پر کچھ اجرت نہیں مانگتا، میرا اجر تو اسی پر ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۶
[2] " ۱۸/ ۶
[3] " ۲۴/ ۵۴
[4] " ۲۶/ ۱۰۹

اللہ خوب جانتا ہے اور آج سے نہیں ازل الآزال سے کہ اتنے بندے ہدایت پائیں گے اور اتنے چاہِ ضلالت میں ڈوبیں گے، مگر کبھی اپنے رسولوں کو ہدایت سے منع نہیں فرماتا کہ جو ہدایت پانے والے ہیں اُن کے لئے سببِ ہدایت ہوں اور جو نہ پائیں گے اُن پر حجّتِ الٰہیہ قائم ہو، و للہ الحجّۃ البالغۃ (اور اللہ ہی کی حجت پوری ہے۔ ت)۔

ابن جریر عن انس رضی اللہ تعالٰی عنہ قال لما بعث اللہ تعالٰی موسٰی علیہ الصّلوٰۃ والسلام الٰی فرعون نودی لن یفعل، فِلمَ افعل؟ قال فناداہ اثنا عشر ملکا من علماء الملئکۃ امض لما امرت بہ، فانا جھدنا ان نعلم ھذا فلم نعلمہ[1]

ابن جریر نے حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا کہ جب سیدنا موسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مولٰی عزوجل نے رسول کر کے فرعون کی طرف بھیجا موسٰی علیہ السلام چلے تو ندا ہوئی مگر اے موسٰی! فرعون ایمان نہ لائے گا۔ موسٰی علیہ السلام نے دل میں کہا پھر میرے جانے سے کیا فائدہ ہے؟ اس پر بارہ[12] علماءِ ملائکہ عِظام علیہم الصّلوٰۃ والسلام نے کہا: اے موسٰی! آپ کو جہاں کا حکم ہے جائیے، یہ وہ راز ہے کہ باوصف کوشش آج تک ہم پر بھی نہ کُھلا۔

اور آخر نفعِ بعثت سب نے دیکھ لیا کہ دشمنانِ خدا ہلاک ہوئے، دوستانِ خدا نے ان کی غلامی، ان کے عذاب سے نجات پائی۔ ایک جلسے میں ستّر ہزار ساحر سجدے میں گر گئے اور ایک زبان بولے:

اٰمنّا برب العٰلمین ۝ رب موسٰی وھارون[2]

ہم اس پر ایمان لائے جو رب ہے سارے جہان کا، رب ہے مُوسٰی و ہارون کا۔

مولٰی عزوجل قادر تھا اور ہے کہ بےکسی نبی و کتاب کے تمام جہان کو ایک آن میں ہدایت فرمادے۔

ولو شاء اللہ لجمعھم علی الھدٰی فلا تکونن من الجٰھلین[3]

اور اللہ چاہتا تو انھیں ہدایت پر اکٹھا کر دیتا تو اے سننے والے! تُو ہرگز نادان نہ بن۔

مگر اس نے دنیا کو عالمِ اسباب بنایا ہے اور ہر نعمت میں اپنی حکمتِ بالغہ کے مطابق مختلف حصہ

---

[1]

[2] القرآن الکریم ۷/ ۱۲۱، ۱۲۲

[3] " ۶/ ۳۵

رکھا ہے وہ چاہتا تو انسان وغیرہ جانداروں کو بھوک ہی نہ لگتی، یا بھوک ہوتے تو کسی کا صرف اس کے نام پاک لینے سے، کسی کا ہوا سونگھنے سے پیٹ بھر جاتا۔ زمین جوتنے سے روٹی پکانے تک جو سخت مشقتیں پڑتی ہیں کسی کو نہ ہوتیں۔ مگر اس نے یونہی چاہا اور اس میں بے شمار اختلاف رکھا۔ کسی کو اتنا دیا کہ لاکھوں پیٹ اس کے دَر سے پلتے ہیں اور کسی پر اس کے اہل وعیال کے ساتھ تین تین فاقے گزرتے ہیں۔

غرض ہر چیز میں اھم یقسمون رحمۃ ربك نحن قسمنا بینھم معیشتھم فی الحیٰوۃ الدنیا[1] (کیا تمھارے رب کی رحمت وہ بانٹتے ہیں، ہم نے ان کی زلیست کا سامان دُنیا کی زندگی میں بانٹا۔ ت) کی نیرنگیاں ہیں۔ احمق بدعقل یا اجہل بددین وہ اس کے ناموس میں چُون وچرا کرے کہ یُوں کیوں کیا، یوں کیوں نہ کیا ـــــ سُنتا ہے اس کی شان ہے یفعل اللہ مایشاء[2] اللہ جو چاہے کرتا ہے ـــــ اس کی شان ہے ان اللہ یحکم ما یرید[3] اللہ جو چاہے حکم فرماتا ہے ـــــ اس کی شان ہے لایسئل عما یفعل وھم یسئلون[4] وہ جو کچھ کرے اس سے کوئی پوچھنے والا نہیں اور سب سے سوال ہوگا۔

زید نے روپے کی ہزار اینٹیں خریدیں، ۵۰۰ پانسو مسجد میں لگائیں، ۵۰۰ پانسو پاخانہ کی زمین اور قدمچوں میں۔ کیا اس سے کوئی اُلجھ سکتا ہے کہ ایک ہاتھ کی بنائی ہوئی، ایک مٹی سے بنائی ہوئی، ایک آوے کی پکی ہوئی ایک روپے کی مول لی ہوئی ہزار اینٹیں تھیں۔ اُن پانسو میں کیا خوبی تھی کہ مسجد میں صرف کیں؛ اور ان میں کیا عیب تھا کہ جائے نجاست میں رکھیں ـــــ اگر کوئی احمق اس سے پُوچھے بھی تو وہ یہی کہے گا کہ میری مِلک تھیں میں نے جو چاہا کیا۔

جب مجازی جھوٹی مِلک کا یہ حال ہے تو حقیقی سچّی مِلک کا کیا پُوچھنا۔ ہمارا اور ہماری جان ومال اور تمام جہان کا وہ ایک اکیلا پاک نرالا سچّا مالک ہے۔ اس کے کام، اس کے احکام میں کسی کو مجالِ دم زدن کیا معنیٰ! کیا کوئی ہمسر یا اس پر افسر ہے جو اس سے کیوں اور کیا کہے۔ مالک علی الاطلاق ہے، بے اشتراک ہے، جو چاہا کیا، اور جو چاہے کرے گا۔ ذلیل فقیر بے حیثیت فقیر اگر بادشاہِ جبّار

---

[1] القرآن الکریم ۴۳/ ۳۲
[2] " " ۱۴/ ۲۷
[3] " " ۵/ ۱
[4] " " ۲۱/ ۲۳

سے اُلجھے تو اس کا سر کھجایا ہے، شامت نے گھیرا ہے۔ اس سے ہر عاقل یہی کہے گا کہ او بدعقل، بے ادب! اپنی حد پر رہ۔ جب یقیناً معلوم ہے کہ بادشاہ کمالِ عادل اور جمیع کمالاتِ صفات میں یکتا و کامل ہے تو تجھے اس کے احکام میں دخل دینے کی کیا مجال! اھ

گدائے خاک نشینی تو حافظا مخروش　　　نظامِ مملکتِ خویش خسرواں دانند[1]

(تُو خاک نشین گداگر ہے اے حافظ! شورمت کر، اپنی سلطنت کے نظام کو بادشاہ جانتے ہیں۔ ت)

افسوس کہ دُنیوی، مجازی، جھوٹے بادشاہوں کی نسبت تو آدمی کو یہ خیال ہو اور ملک الملوک بادشہِ حقیقی جل جلالہ کے احکام میں رائے زنی کرے۔ سلاطین تو سلاطین اپنا برابر بلکہ اپنے سے بھی کم رتبہ شخص بلکہ اپنا نوکر یا غلام جب کسی صفت کا استاد ماہر ہو اور خود یہ شخص اس سے آگاہ نہیں تو اس کے اکثر کاموں کو ہرگز نہ سمجھ سکے گا۔ یہ اُتنا ادراک ہی نہیں رکھتا۔ مگر عقل سے حصہ ہے تو اس پر معترض بھی نہ ہوگا۔ جان لے گا کہ یہ اس کام کا استاد و حکیم ہے، میرا خیال وہاں تک نہیں پہنچ سکتا۔ غرض اپنی فہم کو قاصر جانے گا نہ کہ اس کی حکمت کو۔ پھر رب الارباب، حکیم حقیقی، عالم السرّ و الخفی عزّ جلالہٗ کے اسرار میں خوض کرنا اور جو سمجھ میں نہ آئے اس پر معترض ہونا اگر بے دینی نہیں جنون ہے۔ اگر جنون نہیں بے دینی ہے، والعیاذ باللہ ربّ العٰلمین۔

اے عزیز! کسی بات کو حق جاننے کے لئے اس کی حقیقت جاننی لازم نہیں ہوتی۔ دنیا جانتی ہے کہ مقناطیس لوہے کو کھینچتا ہے، اور مقناطیسی قوت دیا ہوا لوہا ستارۂ قطب کی طرف توجہ کرتا ہے مگر اس کی کُنہ کو کوئی نہیں بتا سکتا کہ اِس خاکی لوہے اور اُس اَفلاکی ستارے میں کہ یہاں سے کروڑوں میل دُور ہے باہم کیا الفت؟ اور کیونکر اُسے اس کی جہت کا شعور ہے؟ اور ایک یہی نہیں عالم میں ہزاروں ایسے عجائب ہیں کہ بڑے بڑے فلاسفہ خاک چھان کر مر گئے اور اُن کی کُنہ نہ پائی ـــــ پھر اس سے اُن باتوں کا انکار نہیں ہو سکتا۔ آدمی اپنی جان ہی کو بتائے وہ کیا شے ہے جسے یہ "میں" کہتا ہے، اور کیا چیز جب نکل جاتی ہے تو یہ مٹی کا ڈھیر بے حس و حرکت رہ جاتا ہے۔

---

[1] دیوانِ حافظ　ردیف شین معجمہ　سب رنگ کتاب گھر دہلی　ص ۲۵۸

اللہ جل جلالہٗ فرقانِ حکیم فرماتا ہے:
وما تشاءون الا ان یشاء اللہ رب العلمین[1]
تم کیا چاہو، مگر یہ کہ چاہے اللہ رب سارے جہان کا۔
اور فرماتا ہے:
ھل من خالق غیر اللہ[2]
کیا کوئی اور بھی کسی چیز کا خالق ہے سوا اللہ کے۔
اور فرماتا ہے:
ماکان لھم الخیرۃ[3] اختیارِ خاص اسی کو ہے۔
اور فرماتا ہے:
الا لہ الخلق والامر تبرک اللہ رب العلمین[4]
سُنتے ہو! پیدا کرنا اور حکم دینا خاص اُسی کے لئے ہے، بڑی برکت والا ہے اللہ سارے جہان کا۔

یہ آیاتِ کریمہ صاف ارشاد فرما رہی ہیں کہ پیدا کرنا، عدم سے وجود میں لانا اُسی کا کام ہے، دوسرے کو اس میں اصلاً (بالکل) شرکت نہیں، نیز اصل اختیار اسی کا ہے، نیز بے اس کی مشیّت کے کسی کی مشیّت نہیں ہو سکتی۔

اور وہی مالک و مولیٰ جلّ وعلا اسی قرآن کریم میں فرماتا ہے:
ذٰلک جزینٰھم ببغیھم وانا لصدقون[5]
یہ ہم نے ان کی سرکشی کا بدلہ انھیں دیا، اور بیشک بالیقین ہم سچے ہیں۔
اور فرماتا ہے:
وما ظلمنٰھم ولٰکن کانوا انفسھم یظلمون[6]
ہم نے اُن پر کچھ ظلم نہ کیا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

---

[1] القرآن الکریم ۸۱/ ۲۹ — [2] القرآن الکریم ۳۵/ ۳
[3] 〃 ۲۸/ ۶۸ — [4] 〃 ۷/ ۵۴
[5] 〃 ۶/ ۱۴۶ — [6] 〃 ۱۶/ ۱۱۸

اور فرماتا ہے:

اعملوا ما شئتم انہ بما تعملون بصیر[1]

جو تمھارا جی چاہے کئے جاؤ اللہ تمھارے کاموں کو دیکھ رہا ہے۔

اور فرماتا ہے:

وقل الحق من ربکم فمن شاء فلیؤمن ومن شاء فلیکفر انا اعتدنا للظلمین نارا احاط بھم سرادقھا[2]

اے نبی! تم فرمادو کہ حق تمھارے رب کے پاس سے ہے تو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے، بیشک ہم نے ظالموں کے لئے وہ آگ تیار کر رکھی ہے جس کے سراپردے انھیں گھیریں گے، ہر طرف آگ ہی آگ ہوگی۔

اور فرماتا ہے:

قال قرینہ ربنا ما اطغیتہ ولکن کان فی ضلال بعید ○ قال لا تختصموا لدی وقد قدمت الیکم بالوعید ○ ما یبدل القول لدی وما انا بظلام للعبید ○[3]

کافر کا ساتھی شیطان بولا اے رب ہمارے! میں نے اسے سرکش نہ کر دیا یہ آپ ہی دور کی گمراہی میں تھا۔ رب عزّ وجل نے فرمایا: میرے حضور فضول جھگڑا نہ کرو، میں تو تمھیں پہلے ہی سزا کا ڈر سنا چکا تھا، میرے یہاں بات بدلی نہیں جاتی اور میں بندوں پر ظلم کروں۔

یہ آیتیں صاف ارشاد فرما رہی ہیں کہ بندہ خود ہی اپنی جان پر ظلم کرتا ہے، وہ اپنی ہی کرنی بھرتا ہے وہ ایک حرام کا اختیار و ارادہ ضرور رکھتا ہے۔ اب دونوں قسم کی آیتیں قطعاً مسلمان کا ایمان ہیں۔ بے شک بے شبہہ بندہ کے افعال کا خالق بھی خدا ہی ہے، بے شک بندہ بے ارادۂ الٰہیہ کچھ نہیں کر سکتا، اور بے شک بندہ اپنی جان پر ظلم کرتا ہے، بے شک وہ اپنی ہی بداعمالیوں کے سبب مستحقِ سزا ہے۔

یہ دونوں باتیں جمع نہیں ہو سکتیں مگر یونہی کہ عقیدۂ اہلِ سنّت وجماعت پر ایمان لایا جائے،

---

[1] القرآن الکریم ۴۱/ ۴۰
[2] 〃 ۱۸/ ۲۹
[3] 〃 ۵۰/ ۲۷ تا ۲۹

وہ کیا ہے ؛ وہ جو اہلِ سنّت کے سردار و مولیٰ امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے انھیں تعلیم فرمایا۔

ابو نعیم حلیۃ الاولیاء میں بطریق امام شافعی عن یحیی بن سلیم امام جعفر صادق سے، وہ حضرت امام باقر، وہ حضرت عبد اللہ بن جعفر طیار، وہ امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی ؛

انه خطب الناس یومًا (فذکر خطبته ثم قال) فقام الیه رجل ممن کان شهد معه الجمل، فقال یا امیر المؤمنین اَخبِرنا عن القدر، فقال بحرٌ عمیق فلا تلجه، قال یا امیر المؤمنین اخبرنا عن القدر، قال سِرّ الله فلا تتکلّفه، قال یا امیر المؤمنین اخبِرنا عن القدر، قال امّا اذا ابیت فانه امر بین امرین لا جبرٌ ولا تفویض، قال یا امیر المؤمنین انّ فلانًا یقول بالاستطاعة، وهو حاضرك، فقال علیّ به فاقاموه، فلمّا راٰه سل سیفه قدر اربع اصابع، فقال الاستطاعة تملکها مع الله او من دون الله ؛ وایّاك ان تقول احدهما فترتدّ فاضرب عنقك، قال فما اقول یا امیر المؤمنین قال قل اَملکها بالله الذی ان شاء ملّکنیها۔[1]

یعنی ایک دن امیر المومنین خطبہ فرما رہے تھے، ایک شخص نے کہ واقعۂ جمل میں امیر المومنین کے ساتھ تھا کھڑے ہو کر عرض کی : یا امیر المومنین ! ہمیں مسئلۂ تقدیر سے خبر دیجئے۔ فرمایا : گہرا دریا ہے اس میں قدم نہ رکھ۔ عرض کی : یا امیر المومنین ! ہمیں خبر دیجئے۔ فرمایا : اللہ کا راز ہے زبردستی اس کا بوجھ نہ اُٹھا۔ عرض کی : یا امیر المومنین ! ہمیں خبر دیجئے۔ فرمایا : اگر نہیں مانتا تو ایک امر ہے دو امروں کے درمیان، نہ آدمی مجبورِ محض ہے نہ اختیار اُسے سپرد ہے۔ عرض کی : یا امیر المومنین ! فلاں شخص کہتا ہے کہ آدمی اپنی قدرت سے کام کرتا ہے اور وہ حضور میں حاضر ہے۔ مولیٰ علی نے فرمایا : میرے سامنے لاؤ۔ لوگوں نے اسے کھڑا کیا۔ جب امیر المومنین نے اُسے دیکھا تیغ مبارک چار انگل کے قدر نیام سے نکال لی اور فرمایا : کام کی قدرت کا تو خدا کے ساتھ مالک ہے یا خدا سے جُدا مالک ہے ؟ اور سنتا ہے خبردار ان دونوں میں سے کوئی بات نہ کہنا کہ کافر ہو جائے گا اور میں تیری گردن مار دوں گا۔ اس نے کہا، یا امیر المومنین ! پھر میں کیا کہوں ؟ فرمایا : یوں کہہ کہ اس خدا کے دیئے سے اختیار رکھتا ہوں کہ اگر وہ چاہے تو مجھے اختیار دے، بے اس کی مشیت کے مجھے کچھ اختیار نہیں۔

بس یہی عقیدۂ اہلِ سنّت ہے کہ انسان پتھر کی طرح مجبورِ محض ہے نہ خود مختار، بلکہ ان دونوں کے

---

[1] حلیۃ الاولیاء

بیچ میں ایک حالت ہے جس کی کُنہ رازِ خدا اور ایک نہایت عمیق دریا ہے ـــــ اللہ عزوجل کی بے شمار رضائیں امیرالمومنین علی پر نازل ہوں کہ دونوں الجھنوں کو دو فقروں میں نہایت صاف فرما دیا۔ ایک صاحب نے اسی بارے میں سوال کیا کہ کیا معاصی بھی بے ارادۂ الٰہیہ واقع نہیں ہوتے؟ فرمایا تو کیا کوئی زبردستی اس کی معصیت کرلے گا اَفَیُعْصٰی قَہْرًا یعنی وہ نہ چاہتا تھا کہ اس سے گناہ ہو مگر اس نے کرہی لیا تو اس کا ارادہ زبردست پڑا، معاذ اللہ خدا بھی دنیا کے مجازی بادشاہوں کی طرح ہُوا کہ وہ ڈاکوؤں، چوروں کا بہتیرا بندوبست کریں پھر بھی ڈاکو اور چور اپنا کام کر ہی جاتے ہیں۔ حاشا وہ ملک الملوک بادشاہ حقیقی قادرِ مطلق ہرگز ایسا نہیں کہ اُس کے مُلک میں بے اس کے حکم کے ایک ذرّہ جنبش کرسکے۔ وہ صاحب کہتے ہیں فکانّما اَلْقَمَنِیْ حَجَرًا[۱] مولا علی نے یہ جواب دے کر گویا میرے منہ میں پتھر رکھ دیا کہ آگے کچھ کہتے بن ہی نہ پڑا۔ عمرو ابن عُبید معتزلی کہ بندے کے افعال خدا کے ارادہ سے نہ جانتا تھا خود کہتا ہے کہ مجھے کسی نے ایسا الزام نہ دیا جیسا ایک مجوسی نے دیا جو میرے ساتھ جہاز میں تھا، میں نے کہا تو مسلمان کیوں نہیں ہوتا؟ کہا خدا نہیں چاہتا۔ میں نے کہا خدا تو چاہتا ہے مگر شیطان تجھے نہیں چھوڑتے۔ کہا میں تو شریک غالب کے ساتھ ہوں۔ اسی ناپاک شناعت کے رَد کی طرف مولیٰ علی نے اشارہ فرمایا کہ وہ نہ چاہے تو کیا کوئی زبردستی اس کی معصیت کرلے گا؟ ـــــ باقی رہا اس مجوسی کا عذر، وہ بعینہٖ ایسا ہے کہ کوئی بھوکا ہے بھوک سے دم نکلا جاتا ہے، کھانا سامنے رکھا ہے اور نہیں کھاتا کہ خدا کا ارادہ نہیں، اس کا ارادہ ہوتا تو میں ضرور کھالیتا۔ اس احمق سے یہی کہا جائے گا کہ خدا کا ارادہ نہ ہونا تُو نے کاہے سے جانا؟ اِسی سے کہ تُو نہیں کھاتا، تُو کھانے کا قصد تو کر دیکھ تو ارادۂ الٰہیہ سے کھانا ہو جائے گا ـــ ایسی اوندھی مَت اُسی کو آتی ہے جس پر موت سوار ہے ـــــ غرض مولا علی نے یہ تو اس کا فیصلہ فرمایا کہ جو کچھ ہوتا ہے بے ارادۂ الٰہیہ نہیں ہوسکتا۔

دُوسری بات کہ جزا و سزا کیوں ہے! ـــ اس کا یُوں فیصلہ ارشاد ہُوا، ابن ابی حاتم و اصبہانی و لالکائی و خلعی حضرت امام جعفر صادق وہ اپنے والد ماجد حضرت امام باقر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کرتے ہیں:

قال قیل لعلی بن ابی طالب ان ھٰھنا رجلاً یتکلم فی المشیئۃ فقال لہ علی یاعبد اللہ خلقک اللہ لما یشاء او لما شئت؟ قال بل لما یشاء قال فیمرضک اذا شاء

---

[۱] قولِ مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم

أو اذا شئت ؟ قال بل اذا شاء ، قال فيميتك اذا شاء او اذا شئت ؟ قال اذا شاء ، قال فيدخلك حيث شاء اوحيث شئت ؟ قال بل حيث يشاء ، قال واللہ لوقلت غير ذٰلك لضربت الذی فيه عيناك بالسيف ۔ ثمّ تلا علیٌّ "وما تشاءون اِلّا ان يشاء اللہ هو اهل التقوٰی و اهل المغفرۃ"۔[1]

مولیٰ علی سے عرض کی گئی کہ یہاں ایک شخص مشیت میں گفتگو کرتا ہے۔ مولیٰ علی نے اس سے فرمایا: اے خدا کے بندے! خدا نے تجھے اس لئے پیدا کیا جس لئے اس نے چاہا یا اس لئے جس لئے تو نے چاہا؟ کہا: جس لئے اس نے چاہا۔ فرمایا: تجھے جب وہ چاہے بیمار کرتا ہے یا جب تو چاہے؟ کہا: بلکہ جب وہ چاہے۔ فرمایا: تجھے اس وقت وفات دے گا جب وہ چاہے یا جب تو چاہے؟ کہا: جب وہ چاہے۔ فرمایا: تو تجھے وہاں بھیجے گا جہاں وہ چاہے یا جہاں تو چاہے؟ کہا: جہاں وہ چاہے۔ فرمایا، خدا کی قسم تو اس کے سوا کچھ اور کہتا تو یہ جس میں تیری آنکھیں ہیں (یعنی تیرا سر) تلوار سے مار دیتا۔ پھر مولیٰ علی نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی: "اور تم کیا چاہو مگر یہ کہ اللہ چاہے وہ تقوٰی کا مستحق اور گناہ عفو فرمانے والا ہے"۔

خلاصہ یہ کہ جو چاہا کیا اور جو چاہے گا کرے گا، بناتے وقت تجھ سے مشورہ نہ لیا تھا، بھیجتے وقت بھی نہ لے گا۔ تمام عالم اُس کی مِلک ہے، اور مالک سے در بارۂ مِلک سوال نہیں ہوسکتا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۲۹۲ تا ۳۰۱)

(۳۵) خالد تقدیر الٰہی پر ایمان رکھتا ہے اور تدبیرات کو کارِ دنیوی و اُخروی میں امر مستحسن و بہتر جانتا ہے۔ ولید خالد کو بوجہ مستحسن جاننے تدبیرات کے کافر کہتا ہے اور اس سے سلام وجوابِ سلام بھی ترک کر رکھا ہے۔ اس کے بارے میں حکم شرعی کی وضاحت کرتے ہوئے رسالہ "التحبیر بباب التدبیر" میں ارشاد فرمایا:

بے شک خالد سچا، اور اس کا یہ عقیدہ خاص اہلِ حق کا عقیدہ ہے۔ فی الواقع عالم میں جو کچھ ہوتا ہے سب اللہ جل جلالہ کی تقدیر سے ہے۔

قال تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا):

کل صغیر وکبیر مستطر[2] اور چھوٹی بڑی چیز لکھی ہوئی ہے۔ (ت)

---

[1] الدر المنثور بحوالہ ابن ابی حاتم واللالکائی فی السنۃ والخلعی الخ تحت الآیۃ ۲۲/۲۳ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۸/۶، ۱۹

[2] القرآن الکریم ۵۴/ ۵۳

وقال تعالیٰ (اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا):

وکل شیئ احصینٰہ فی امام مبین[1]

اور ہر چیز ہم نے گن رکھی ہے ایک بتانے والی کتاب میں۔ (ت)

وقال تعالیٰ (اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا):

ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین[2]

اور نہ کوئی تر اور نہ کوئی خشک ہے جو ایک روشن کتاب میں لکھا نہ ہو۔ (ت)

الیٰ غیر ذٰلک من الاٰیات والاحادیث (اس کے علاوہ اور بھی آیات واحادیث ہیں۔ ت)

مگر تدبیر زنہار معطل نہیں۔ دنیا عالمِ اسباب ہے۔ رب جل مجدہٗ نے اپنی حکمتِ بالغہ کے مطابق اس میں مسبّبات کو اسباب سے ربط دیا، اور سنّتِ الٰہیہ جاری ہوئی کہ سبب کے بعد مسبَّب پیدا ہو۔

جس طرح تقدیر کو بھول کر تدبیر پر پھولنا کفار کی خصلت ہے یونہی تدبیر کو محض عَبَث ومطرود و فضول ومردود بتانا کسی کھلے گمراہ یا سچے مجنون کا کام ہے جس کی رُو سے صدہا آیات واحادیث سے اعراض اور انبیاء وصحابہ وائمہ واولیاء سب پر طعن واعتراض لازم آتا ہے۔ حضرات مرسلین صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم اجمعین (اللہ کے درود وسلام ہوں ان سب پر۔ ت) سے زیادہ کس کا توکّل، اور ان سے بڑھ کر تقدیرِ الٰہی پر کس کا ایمان۔ پھر وہ بھی ہمیشہ تدبیر فرماتے اور اس کی راہیں بتاتے اور خود کسبِ حلال میں سعی کرکے رزقِ طیّب کھاتے۔

(۱) داؤد علیہ السلام زرہیں بناتے۔ قال اللہ تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا):

وعلّمنٰہ صنعۃ لبوس لکم لتحصنکم من بأسکم فھل انتم شاکرون[3]

اور ہم نے اُسے تمہارا ایک پہناوا سکھایا کہ تمہیں تمہاری آنچ سے بچائے، تو کیا تم شکر کروگے (ت)

(۲) وقال تعالیٰ (اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ت):

والنّا له الحدید ان اعمل سٰبغٰت وقدّر فی السرد واعملوا صالحا انی بما تعملون بصیر[4]

اور ہم نے اس کے لئے لوہا نرم کیا کہ وسیع زرہیں بنا اور بنانے میں اندازے کا لحاظ رکھ۔

---

[1] القرآن الکریم ۳۶/ ۱۲
[2] القرآن الکریم ۶/ ۵۹
[3] 〃 ۲۱/ ۸۰
[4] 〃 ۳۴/ ۱۰، ۱۱

اور تم سب نیکی کرو بیشک میں تمہارے کام دیکھ رہا ہوں ۔ (ت)

(۳۳) موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دس برس شعیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بکریاں اجرت پر چرائیں ۔ قال تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا ۔ ت) :

قال انی ارید ان انکحك احدی ابنتی ھاتین علی ان تأجرنی ثمانی حجج ۚ فان اتممت عشرا فمن عندك ۚ وما ارید ان اشق علیك ۚ ستجدنی ان شاء اللہ من الصّٰلحین ○ قال ذٰلك بینی وبینك ؕ ایما الاجلین قضیت فلا عدوان علیّ ؕ واللہ علی ما نقول وکیل ○ فلما قضی موسی الاجل وسار باھلہٖ[1] الاٰیۃ ۔

کہا میں چاہتا ہوں کہ اپنی دونوں بیٹیوں میں سے ایک تمہیں بیاہ دوں اس مہر پر کہ تم آٹھ برس میری ملازمت کرو ، پھر اگر پورے دس برس کر لو تو تمہاری طرف سے ہے اور تمہیں مشقت میں ڈالنا نہیں چاہتا ، قریب ہے ان شاء اللہ تم مجھے نیکوں میں پاؤ گے ۔ موسیٰ نے کہا یہ میرے اور آپ کے درمیان اقرار ہو چکا میں ان دونوں میں جو میعاد پوری کر دوں تو مجھ پر کوئی مطالبہ نہیں اور ہمارے اس کہے پر اللہ کا ذمہ ہے ۔ پھر جب موسیٰ نے اپنی میعاد پوری کر دی اور اپنی بیوی کو لے کر چلا ۔ (ت)

خود حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ام المومنین خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مال بطور مضاربت لے کر شام کو تشریف فرما ہوئے ۔ حضرت امیر المومنین عثمان غنی وحضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہما بڑے نامی گرامی تاجر تھے ۔ حضرت امام اعظم قدس سرہ الاکرم بزازی کرتے ، بلکہ ولید منکر تدبیر خود کیا تدبیر سے خالی ہوگا ؟ ہم نے فرض کیا کہ وہ زراعت ، تجارت ، نوکری ، حرفت کچھ نہ کرتا ہو آخر اپنے لئے کھانا پکاتا یا پکواتا ہوگا ۔۔۔ آٹا پیسنا ، گوندھنا ، پکانا یہ کیا تدبیر نہیں ؟ ۔۔۔ یہ بھی جانے دیجئے اگر بغیر اس کے سوال یا اشارہ و ایما کے خود بخود پکی پکائی اسے مل جاتی ہو تاہم نوالہ بنانا ، منہ تک لانا ، چبانا ، نگلنا یہ بھی تدبیر ۔۔۔ تدبیر کو معطل کرے تو اس سے بھی باز آئے کہ تقدیر الٰہی میں زندگی لکھی ہے بے کھائے جئے گا یا قدرت الٰہی سے پیٹ بھر جائے گا یا خود بخود کھانا معدے میں چلا جائیگا ورنہ ان باتوں سے بھی کچھ حاصل نہ ہوگا کہ مذہب اہلسنت میں نہ پانی پیاس بجھاتا ہے نہ کھانا بھوک کھوتا ہے ۔۔۔ بلکہ یہ سب اسباب عادیہ ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے مسببات کو مربوط فرمایا اور اپنی عادت جاریہ کے مطابق ان کے بعد سیری و سیرابی فرماتا ہے ۔۔۔ وہ نہ چاہے تو

---

[1] القرآن الکریم ۲۸ / ۲۷ تا ۲۹

گھڑے پڑھائے، دھڑیوں[1] کھا جائے کچھ مفید نہ ہوگا ــــ آخر مرضِ استسقاء و جوع البقر[2] میں کیا ہوتا ہے ــــ وہی کھانا، پانی جو پہلے سیر و سیراب کرتا تھا اب کیوں محض بیکار جاتا ہے اور اگر وہ چاہے تو بے کھائے پیئے بھوک پیاس پاس نہ آئے، جیسے زمانۂ دجال میں اہلِ ایمان کی پرورش فرمائے گا، اور ملائکہ کا بے آب و غذا زندگی کرنا کسے نہیں معلوم ــــ مگر یہ انسان میں خرقِ عادت ہے جس پر ہاتھ پاؤں توڑ کر بیٹھنا جہل و حماقت ــــ یہاں تک کہ اگر تقدیر پر بھروسے کا جھوٹا نام کرکے خورد و نوش کا عہد کرلے اور بھوک پیاس سے مرجائے، بیشک حرام موت مرے اور اللہ تعالٰی کا گنہگار ٹھہرے۔

مرگ بھی تو تقدیر سے ہے، پھر اللہ تعالٰی نے کیوں فرمایا:

(۴) ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ۔[1]

اپنے ہاتھوں اپنی جان ہلاکت میں نہ ڈالو۔

؎ گرچہ مُردن مقدر است ولے ــــ تو مرو در دہانِ اژدہا

(اگرچہ موت امرِ مقدر ہے لیکن از خود اژدہوں اور سانپوں کے منہ میں نہ جا۔ت)

ہم نے مانا کہ ولید اپنے دعوے پر ایسا مضبوط ہو کہ یک لخت ترکِ اسباب کرکے پیمانِ واثق (پکا عہد) کرلے کہ اصلاً دست و پا نہ ہلائے، نہ اشارۃً نہ کنایۃً کسی تدبیر کے پاس جائے گا، خدا کے حکم سے پیٹ بھرے تو بہتر ورنہ مرنا قبول، تاہم اللہ تعالٰی سے سوال کرے گا، یہ کیا تدبیر نہیں کہ دُعا خود مؤثرِ حقیقی کب ہے؟ صرف حصولِ مراد کا ایک سبب ہے۔ اور تدبیر کا ہے کا نام ہے؟ ــــ رب جل جلالہ فرماتا ہے:

(۵) وقال ربکم ادعونی استجب لکم[2]

تمھارے رب نے فرمایا مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا۔

---

ع۱ دھڑی: دس سیر یا پانچ سیر کا وزن ۱۲ مصباحی

ع۲ جوع البقر: اس بیماری میں کتنا بھی کھائے بھوک نہیں جاتی جس طرح استسقاء میں جس قدر بھی پیئے پیاس نہیں جاتی۔ م

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۱۹۵

[2] القرآن الکریم ۴۰/ ۶۰

وہ قادر تھا کہ بے دعا مراد بخشے، پھر اس تدبیر کی طرف کیوں ہدایت فرمائی؟ اور وہ بھی اس تاکید کے ساتھ کہ حدیث میں حضور سید عالم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:

(حدیث ۱):

مَنْ لَّمْ یَدْعُ اللہَ غَضِبَ عَلَیْہِ[1] رواہ الائمۃ احمد فی المسند وابوبکر بن ابی شیبۃ واللفظ لہ فی المصنف، والبخاری فی الادب المفرد، والترمذی فی الجامع، وابن ماجۃ فی السنن، والحاکم فی المستدرک عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

جو اللہ سے دُعا نہ کرے گا اللہ تعالٰی اس پر غضب فرمائے گا۔ (اس کو ائمہ نے روایت کیا احمد نے مسند میں، ابوبکر بن ابی شیبہ نے مصنف میں اور لفظ اسی کے مصنف میں ہیں، بخاری نے ادب المفرد میں، ترمذی نے جامع میں، ابن ماجہ نے سنن میں اور حاکم نے مستدرک میں ابوہریرہ سے، اللہ تعالٰے ان سے راضی ہو۔ ت)

بلکہ خلافت و سلطنت و قضا و جہاد و حدود و قصاص وغیرہا یہ تمام امور شرعیہ عین تدبیر ہیں کہ انتظامِ عالَم و ترویجِ دین و دفعِ مفسدین کے لئے اس عالمِ اسباب میں مقرر ہوئے۔

(۶) قال تعالٰی (اللہ تعالٰے نے فرمایا۔ ت):

اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم[2]

حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور ان کا جو تم میں حکومت والے ہیں۔ (ت)

(۷) وقال تعالٰی (اور اللہ تعالٰے نے فرمایا):

وقاتلوھم حتی لاتکون فتنۃ ویکون الدین کلہ للہ[3]

---

[1] المصنف لابن ابی شیبہ کتاب الدعاء باب فی فضل الدعاء حدیث ۲۹۱۶۰ دارالکتب العلمیہ بیروت ۶/ ۲۲
مسند احمد بن حنبل عن ابی ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ المکتب الاسلامی بیروت ۲/ ۴۴۳
جامع الترمذی ابواب الدعوات باب منہ امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۷۳
سنن ابن ماجہ ابواب الدعاء باب فضل الدعاء ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۲۸۰
المستدرک للحاکم کتاب الدعاء باب من لم یدع اللہ الخ دار الفکر بیروت ۱/ ۴۹۱

[2] القرآن الکریم ۴/ ۵۹

[3] " ۸/ ۳۹

اوران سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فساد باقی نہ رہے اور سارا دین اللہ کا ہو جائے (ت)

(۸) وقال تعالٰی (اور اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ت):

ولولا دفع اللّٰه الناس بعضهم ببعض لفسدت الارض ولٰكن اللّٰه ذو فضل على العٰلمين[1]

اور اگر اللہ لوگوں میں بعض سے بعض کو دفع نہ کرے تو ضرور زمین تباہ ہو جائے مگر اللہ سارے جہان پر فضل کرنے والا ہے (ت)

(۹) وقال تعالٰی (اور اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ت):

ولولا دفع اللّٰه الناس بعضهم ببعض لهدمت صوامع وبيع وصلوات ومسٰجد يذكر فيها اسم اللّٰه كثيرا[2]

اور اللہ اگر آدمیوں میں ایک کو دوسرے سے دفع نہ فرماتا تو ضرور ڈھا دی جاتیں خانقاہیں اور گرجے اور کلیسے اور مسجدیں جن میں اللہ کا بکثرت نام لیا جاتا ہے۔(ت)

دیکھو صاف ارشاد فرمایا جاتا ہے کہ جہاد اسی لئے مقرر ہوا کہ فتنے فرو ہوں، اور دینِ حق پھیلے، اور یہ نہ ہوتا تو زمین تباہ ہو جاتی اور مسجدیں اور عبادت خانے ڈھائے جاتے۔

(۱۰) وقال تعالٰی (اور اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ت):

اِلّا تفعلوه تكن فتنة فى الارض وفساد كبير[3]

ایسا نہ کرو گے تو زمین میں فتنہ اور بڑا فساد ہوگا۔

فتنہ کفر کی قوت، اور فسادِ کبیر ضعفِ اسلام۔

(۱۱) وقال تعالٰی (اور اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ت):

ولكم فى القصاص حيٰوة يا اولى الالباب لعلكم تتقون[4]

اور خون کا بدلہ لینے میں تمہاری زندگی ہے اے عقلمندو کہ تم کہیں بچو۔(ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۵۱
[2] " ۲۲/ ۴۰
[3] " ۸/ ۷۳
[4] " ۲/ ۱۷۹

یعنی خون کے بدلے خون لوگے تو مُفسِدوں کے ہاتھ رُکیں گے اور بے گناہوں کی جانیں بچیں گی، اور اسی لئے حد جاری کرتے وقت حکم ہوا کہ مسلمان جمع ہو کر دیکھیں تاکہ موجبِ عبرت ہو۔

(۱۲) قال تعالیٰ (اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ ت):

ولیشھد عذابھما طائفۃ من المؤمنین[1]

اور چاہئے کہ ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کا ایک گروہ حاضر ہو۔ (ت)

بلکہ اور ترقی کیجئے تو نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہا تمام اعمالِ دینیہ خود ایک تدبیر۔ اور رضائے الٰہی و ثوابِ نامتناہی ملنے، اور عذاب و غضب سے نجات پانے کے اسباب ہیں۔

(۱۳) قال تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ت):

ومن اراد الاٰخرۃ وسعیٰ لھا سعیھا وھو مؤمن فاولٰئک کان سعیھم مشکورا[2]۔

اور جو آخرت چاہے اور اس کی سی کوشش کرے اور ہو ایمان والا، تو انھیں کی کوشش ٹھکانے لگی۔ (ت)

اگرچہ ازل میں ٹھہر چکا کہ:

فریق فی الجنّۃ وفریق فی السعیر[3]

ایک گروہ جنت میں ہے اور ایک گروہ دوزخ میں۔ (ت)

پھر بھی اعمال فرض کئے کہ جس کے مقدر میں جو لکھا ہے اُسے وہی راہ آسان، اور اُسی کے اسباب مہیا ہو جائیں گے۔

قال تعالیٰ (اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ ت):

فسنیسرہ للیسرٰی[4] تو بہت جلد ہم اُسے آسانی مہیا کر دیں گے۔ (ت)

وقال تعالیٰ (اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ ت):

فسنیسرہ للعسرٰی[5]۔

تو بہت جلد ہم اُسے دشواری مہیا کر دیں گے (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲۴/ ۲
[2] القرآن الکریم ۱۷/ ۱۹
[3] القرآن الکریم ۴۲/ ۷
[4] القرآن الکریم ۹۲/ ۷
[5] القرآن الکریم ۹۲/ ۱۰

(**حدیث ۲**) اسی لئے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
"دوزخی جنتی سب لکھے ہوئے ہیں، اور صحابہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! پھر ہم عمل کاہے کو کریں، ہاتھ پاؤں چھوڑ بیٹھیں کہ جو سعید ہیں آپ ہی سعید ہوں گے اور جو شقی ہیں ناچار شقاوت پائیں گے۔ فرمایا: نہیں بلکہ عمل کئے جاؤ کہ ہر ایک جس گھر کے لئے بنا ہے اُسی کا راستہ اُسے سہل کر دیتے ہیں، سعید کو اعمالِ سعادت کا اور شقی کو افعالِ شقاوت کا۔
پھر حضور نے یہی دو آیتیں تلاوت فرمائیں۔"

اخرجه الائمة احمد والبخاری و مسلم وغیرهم عن امیر المؤمنین علی کرم الله تعالیٰ وجهه قال: کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی جنازة فاخذ شیئًا فجعل ینکت به الارض فقال ما منکم من احد الّا وقد کتب مقعده من النار و مقعده من الجنّة۔ قالوا یا رسول الله افلا نتکل علی کتابنا و ندع العمل (زاد فی روایة فمن کان من اهل السعادة فسیصیر الی عمل اهل السعادة و من کان من اهل الشقاوة فسیصیر الی عمل اهل الشقاوة) قال اعملوا فکل میسر لما خلق له امّا من کان من اهل السعادة فییسر لعمل اهل السعادة و امّا من کان اهل الشقاوة فییسر لعمل اهل الشقاوة ثمّ قرأ: فامّا من اعطٰی واتقٰی وصدّق بالحسنٰی[1] الاٰیة۔

امام احمد، بخاری اور مسلم وغیرہ نے امیر المؤمنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کی کہ نبی اکرم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم ایک جنازہ میں شریک تھے، آپ نے کوئی چیز پکڑی اور زمین کو کریدنے لگے، اور فرمایا: تم میں ایسا کوئی نہیں جس کا ٹھکانہ دوزخ میں یا اُس کا ٹھکانہ جنت میں نہ لکھا جاچکا ہو۔ صحابہ نے عرض کی: کیا ہم تحریر پر بھروسا کرکے عمل کو چھوڑ نہ دیں (ایک روایت میں یہ زائد ہے کہ جو اہلِ سعادت میں سے ہے وہ عنقریب اہلِ سعادت کے عمل کی طرف اور جو اہلِ شقاوت

---

[1] صحیح البخاری کتاب التفسیر باب قولہ وکذب بالحسنٰی قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۷۳۸
صحیح مسلم کتاب القدر باب کیفیۃ خلق الآدمی فی بطن امہ الخ " " ۲/ ۳۳۳
مسند احمد بن حنبل عن علی رضی اللہ تعالٰے عنہ المکتب الاسلامی بیروت ۱/ ۱۴۰
سنن ابن ماجہ باب فی القدر ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۹
سنن ابی داؤد کتاب السنۃ باب القدر آفتاب عالم پریس لاہور ۲/ ۲۸۸ و ۲۸۹
جامع الترمذی ابواب التفسیر تفسیر سورۃ واللیل امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۷۰

میں سے ہوگا اس کو اہلِ شقاوت کا عمل میسر ہوگا۔ فرمایا عمل کئے جاؤ ہر کسی کو وہی میسر ہوگا جس کے لئے وُہ پیدا کیا گیا، جو اہلِ سعادت میں سے ہوگا اس کو اہلِ سعادت کا عمل اور جو اہلِ شقاوت میں سے ہوگا اس کو اہلِ شقاوت کا عمل میسر ہوگا۔ پھر آپ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی: "تو وہ جس نے دیا اور پرہیزگاری کی اور سب سے اچھی چیز کو سچ مانا"۔(ت)

یہاں سے ظاہر ہوا کہ اگر تدبیر مطلقاً مُہمل (بیکار) ہو تو دین و شرائع (قوانینِ شرع) و انزالِ کتب (کتابیں اتارنا) و ارسالِ رُسُل (رسولوں کو بھیجنا) و اتیانِ فرائض (فرائض کا کرنا) و اجتنابِ محرّمات (حرام کاموں سے بچنا) معاذ اللہ سب لغو و فضول و عَبث ٹھہریں ــــ آدمی کی رسّی کاٹ کر بجار (آزاد چھوٹا ہُوا سانڈ) کر دیں۔ دین و دُنیا سب یکبارگی برہم ہو جائیں، ولاحول ولاقوۃ الّا باللہ العلی العظیم (نہ گناہ سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ ہی نیکی کرنے کی قوت مگر بلندی وعظمت والے خدا کی طرف سے۔ت)۔

نہیں نہیں بلکہ تدبیر بیشک مستحسن ہے۔ اور اس کی بہت صورتیں مندوب و مسنون ہیں ــــ جیسے دُعا و دَوا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۳۰۴ تا ۳۱۱)

(۳۶) اسی مسئلہ مذکورہ میں مزید فرمایا:

خود حضرت عزت جل مجدہٗ نے قرآن عظیم میں تلاش و تدبیر اور اللہ کی طرف وسیلہ ڈھونڈنے کی ہدایت فرمائی۔

(۱۴) قال تعالٰی (اللہ تعالٰی نے فرمایا):

وتزودوا فان خیر الزاد التقوٰی واتقون یاولی الالباب ○ لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلاً من ربکم[1]۔

اور توشہ ساتھ لو کہ سب سے بہتر توشہ پرہیزگاری ہے، اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقل والو! تم پر کچھ گناہ نہیں کہ اپنے رب کا فضل تلاش کرو۔ (ت)

یمن کے کچھ لوگ بے زادِ راہ لئے حج کو آتے اور کہتے ہم متوکل ہیں، ناچار بھیک مانگنی پڑتی۔ حکم آیا توشہ ساتھ لیا کرو ــــ کچھ اصحاب کرام نے موسمِ حج میں تجارت سے اندیشہ کیا کہ کہیں اخلاصِ نیت میں فرق نہ آئے ــــ فرمان آیا کچھ گناہ نہیں کہ تم اپنے رب کا فضل ڈھونڈو۔ اسی طرح تلاشِ فضلِ الٰہی کی آیتیں بکثرت ہیں۔

(۱۵) وقال تعالٰی (اور اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ت):

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۱۹۷، ۱۹۸

یایها الذین اٰمنوا اتقوا اللّٰه وابتغوا الیه الوسیلة وجاھدوا فی سبیله لعلکم تفلحون [1]

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو اور اس کی راہ میں جہاد کرو اس امید پر کہ فلاح پاؤ۔ (ت)

صاف حکم دیتے ہیں کہ رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈو تاکہ مراد کو پہنچو۔ اگر تدبیر و اسباب معطّل و مہمل ہوتے تو اس کی کیا حاجت تھی! (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۳۱۹)

(۳۷) ایک حدیث قدسی کے بارے میں اشکال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

حدیث اوّل میں ہرگز نامِ اقدس حضور سیّد عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نہیں بلکہ یوں ہے کہ:

علی اتقی قلب رجل واحد منکم [2]

تم میں کا جو بڑا پرہیزگار شخص ہو اس کے دل پر ہو جائیں۔

اور فرض کے لئے امکان شرط نہیں۔ قال اللہ تعالٰی:

قل ان کان للرحمٰن ولد فانا اول العابدین [3]

تم فرماؤ اگر بفرضِ محال رحمٰن کے کوئی بچّہ ہوتا تو سب سے پہلے میں پُوجتا۔ (ت)

حدیث تو لفظ لَوْ سے ہے کہ:

لو ان اولکم و اٰخرکم و انسکم و جنکم کانوا علی اتقی الخ [4]

اگر تمہارے، پہلے، پچھلے، انسان اور جِن سب سے بڑے پرہیزکے دل پر ہو جائیں الخ (ت)

اور آیہ کریمہ میں تو لفظ اِن ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۳۲۷، ۳۲۸)

(۳۸) اہلسنت وجماعت کے دس عقائد پر مشتمل رسالہ "اعتقاد الاحباب فی الجمیل والمصطفٰی والاٰل والاصحاب" تحریر فرمایا جس کے عقیدہ اُولٰی کے ضمن میں فرمایا:

مسلمان پر لا الٰه الا اللّٰه ماننا، اللہ سبحانہٗ وتعالٰی کو احد، صمد، لاشریک لہ جاننا فرض اول و مدارِ ایمان ہے کہ اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں، نہ ذات میں کہ لا الٰه الا اللّٰه (اللہ ہے جس کے سوا کوئی

---

[1] القرآن الکریم ۵/۳۵

[2] صحیح مسلم کتاب البر والصلة باب تحریم الظلم قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/۳۱۹

[3] القرآن الکریم ۴۳/۸۱

[4] صحیح مسلم کتاب البر والصلة باب تحریم الظلم قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/۳۱۹

معبود نہیں) نہ صفات میں کہ لیس کمثلہ شیء[1] اس جیسا کوئی نہیں۔ نہ اسماء میں کہ ھل تعلم لہ سمیا[2] کیا اس کے نام کا دوسرا جانتے ہو؟ نہ احکام میں کہ ولا یشرک فی حکمہ احدا[3] اور وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں کرتا، نہ افعال میں کہ ھل من خالق غیر اللہ[4] کیا اللہ کے سوا کوئی اور خالق ہے، نہ سلطنت میں کہ ولم یکن لہ شریک فی الملک[5] اور بادشاہی میں کوئی اس کا شریک نہیں۔ تو جس طرح اس کی ذات اور ذاتوں کے مشابہ نہیں یوں ہی اس کی صفات بھی صفاتِ مخلوق کے مماثل نہیں۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۳۴۲)

(۳۹) عقیدۂ اُولٰی میں مزید فرمایا:

ھو ولا موجود الا ھو آیۂ کریمہ سبحانہ و تعالٰی عما یشرکون[6] (پاکی اور برتری ہے اسے ان شریکوں سے) جس طرح شرک فی الالوہیت کو رد کرتی ہے (اور بتاتی ہے کہ خداوند قدوس کی خدائی اور اس معبود برحق کی الوہیت و ربوبیت میں کوئی شریک نہیں۔ ھو الذی فی السماء الٰہ و فی الارض الٰہ[7] وہی آسمان والوں کا خدا اور وہی زمین والوں کا خدا۔ تو نفسِ الوہیت و ربوبیت میں کوئی اس کا شریک کیا ہوتا اس کی صفاتِ کمال میں بھی کوئی اس کا شریک نہیں، لیس کمثلہ شیء[8] اس جیسا کوئی نہیں)۔

یونہی (یہ آیۂ کریمہ) اشتراک فی الوجود کی نفی فرماتی ہے (تو اس کی ذات بھی منزّہ اور اس کی تمام صفاتِ کمال بھی مبرا ان تمام نالائق امور سے جو اہلِ شرک و جاہلیت اس کی جانب منسوب کرتے ہیں۔ حق یہ ہے کہ وجود اسی ذاتِ برحق کے لئے ہے، باقی سب ظلال و پرتو)۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۳۴۴)

(۴۰) رسالۂ مذکورہ (اعتقاد الاحباب) کے عقیدۂ ثانیہ میں فرمایا:

اور مکلفین کو (جو تکلیف شرعی کے اہل، امر و نہی کے خطاب کے قابل، بالغ عاقل ہیں) اپنے فضل و عدل سے دو فرقے کر دیا، فریق فی الجنۃ[9] (ایک جنتی و ناجی جس نے حق قبول کیا) و فریق

---

[1] القرآن الکریم ۴۲/۱۱
[2] القرآن الکریم ۱۹/۶۵
[3] " ۱۸/۲۶
[4] " ۳۵/۳
[5] " ۲۵/۲
[6] " ۳۰/۴۰
[7] " ۴۳/۸۴
[8] " ۴۲/۱۱
[9] " ۴۲/۷

فی السعیر[۱] (دوسرا جہنمی وہالک، جس نے قبولِ حق سے جی چرایا) اور جس طرح پرتو وجود (موجود حقیقی جل جلالہ) سے سب نے بہرہ پایا (اور اسی اعتبار سے وہ ہست وموجود کہلایا) اسی طرح فریق جنت کو اس کے صفاتِ کمالیہ سے نصیبہ خاص ملا (دنیا وآخرت میں اس کے لئے فوز وفلاح کے دروازے کھلے اور علم وفضل خاص کی دولتوں سے اس کے دامن بھرے) دبستان (مدرسہ) علمك مالم تكن تعلم[۲] (اور دار العلوم علّم الانسان مالم يعلم[۳]) میں تعلیم فرمایا (کہ جو کچھ وہ نہ جانتا تھا اُسے سکھایا پھر) وکان فضل الله عليك عظيما[۴] نے اور رنگ آمیزیاں کیں (کہ اللہ تعالیٰ کا فضلِ عمیم اس پر جلوہ گستر رہا۔ مولائے کریم نے گوناگوں نعمتوں سے اسے نوازا۔ بے شمار فضائل ومحاسن سے اسے سنوارا۔ قالب، قالب، جسم وجان، ظاہر وباطن کو رذائل اور خصائل قبیحہ مذمومہ سے پاک صاف اور محامد واخلاقِ حسنہ سے اسے آراستہ وپیراستہ کیا۔ اور قربِ خداوندی کی راہوں پر اُسے ڈال دیا) اور یہ سب تصدق (صدقہ وطفیل) ایک ذاتِ جامع البرکات کا تھا جسے اپنا محبوب خاص فرمایا (مرتبۂ محبوبیتِ کبریٰ سے سرفراز فرمایا کہ تمام خلق حتّٰی کہ نبی ومرسل وملک مقرب جویائے رضائے الٰہی ہے اور وہ ان کی رضا کا طالب)۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲۹ ص ۳۴۵، ۳۴۶)

(۴۱) عقیدۂ خامسہ میں اصحابِ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں فرمایا:

بالجملہ ارشاداتِ خدا ورسول عزّ مجدہٗ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے (اس پاک فرقہ اہلسنت وجماعت نے اپنا عقیدہ اور) اتنا یقین کر لیا کہ سب (صحابہ کرام) اچھے اور عدل وثقہ، تقی، نقی، ابرار (خاصانِ پروردگار) ہیں۔ اور ان (مشاجرات ونزاعات کی) تفاصیل پر نظر گمراہ کرنے والی ہے، نظیر اس کی عصمتِ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء ہے کہ اہلِ حق (اہلِ اسلام، اہلِ سنت وجماعت) شاہراہِ عقیدت پر چل کر (منزل) مقصود کو پہنچے۔ اور اربابِ (غوایت واہل) باطل تفصیلوں میں خوض (وناحق غور) کر کے مغاک (ضلالت اور) بددینی (کی گمراہیوں) میں جا پڑے کہیں دیکھا وعصٰی ادم ربه فغوی[۵] (کہ اس میں عصیان اور بظاہر تعمیل حکم ربانی سے رُوگردانی کی نسبت حضرت آدم علیہ السلام کی جانب کی گئی ہے)

---

[۱] القرآن الکریم ۴۲/ ۷

[۲] القرآن الکریم ۴/ ۱۱۳

[۳] 〃 ۹۶/ ۵

[۴] 〃 ۴/ ۱۱۳

[۵] 〃 ۲۰/ ۱۲۱

کہیں سنا لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر[1] (جس سے ذنب یعنی گناہ و غفران ذنب یعنی بخشش گناہ کی نسبت کا حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی جنابِ والا کی جانب گمان ہوتا ہے)

کبھی موسٰی (علیہ السلام) و قبطی (قومِ فرعون) کا قصہ یاد آیا (کہ آپ نے قبطی کو آمادۂ ظلم پاکر ایک گھونسا مارا اور وہ قبطی قعرِ گور میں پہنچا[2])

کبھی (حضرت) داؤد (علیہ الصلوٰۃ اور اُن کے ایک اُمتی) اوریاہ کا فسانہ سُن پایا (حالانکہ یہ الزام تھا یہود کا حضرت داؤد علیہ السلام پر، جسے اُنھوں نے خوب اچھالا اور زبان زد عوام الناس ہوگیا حتّٰی کہ بربنائے شہرت، بلا تحقیق و تفتیشِ احوال بعض مفسرین نے اس واقعہ کو من و عن بیان فرمادیا، جبکہ امام رازی[3] فرماتے ہیں کہ یہ واقعہ میری تحقیق میں سراسر باطل ولغو ہے۔

غرض بے عقل بے دینوں اور بے دین بدعقلوں نے یہ افسانہ سُن پایا تو) لگے چون و چرا کرنے تسلیم و گردن نہادن کے زینہ سے اُترنے پھر ناراضیِ خدا و رسول کے سوا اور بھی کچھ پھل پایا؟ اور (الٹا) خضتم کالذی خاضوا[4] (اور تم بیہودگی میں پڑے جیسے وہ پڑے تھے اور اتباعِ باطل میں ان کی راہ اختیار کی) نے ولکن حقت کلمۃ العذاب علی الکفرین[5] (مگر عذاب کا قول کافروں پر ٹھیک اترا) کا دن دکھایا الا ان یشاء ربی شیئا[6]، ان ربک فعال لما یرید[7]

(مسلمان ہمیشہ یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کبیرہ گناہوں سے مطلقاً اور گناہِ صغیرہ کے عمداً ارتکاب، اور ہر ایسے امر سے جو خلق کے لئے باعثِ نفرت ہو اور مخلوقِ خدا ان کے باعث ان سے دُور بھاگے نیز ایسے افعال سے جو وجاہت و مروّت اور معززین کی شان و مرتبہ کے خلاف ہیں قبل نبوت اور بعد نبوت بالاجماع معصوم ہیں)

اللّٰھم نسئلک الثبات علی الھدٰی انک انت العلی الاعلٰی۔

(اے اللہ! ہم تجھ سے ہدایت پر ثابت قدمی مانگتے ہیں بے شک تُو ہی بلند و برتر ہے)

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۲ [2] القرآن الکریم ۲۸/ ۱۵

[3] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۳۸/ ۲۳ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲۶/ ۱۶۵

[4] القرآن الکریم ۹/ ۶۹ [5] القرآن الکریم ۳۹/ ۷۱

[6] " ۶/ ۸۰ [7] " ۱۱/ ۱۰۷

صحابہ کرام کے باب میں یاد رکھنا چاہئے کہ (وہ حضرات رضی اللہ تعالیٰ عنہم انبیاء نہ تھے، فرشتے نہ تھے کہ معصوم ہوں۔ ان میں سے بعض حضرات سے لغزشیں صادر ہوئیں مگر ان کی کسی بات پر گرفت اللہ و رسول کے احکام کے خلاف ہے۔

اللہ عزوجل نے سورۂ حدید میں صحابۂ سید المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی دو۲ قسمیں فرمائیں،

(۱) من انفق من قبل الفتح وقٰتل

(۲) الذین انفقوا من بعد وقاتلوا۔[۱]

یعنی ایک وہ کہ قبل فتح مکہ مشرف بایمان ہوئے راہِ خدا میں مال خرچ کیا اور جہاد کیا جب کہ ان کی تعداد بھی بہت قلیل تھی، اور وہ ہر طرح ضعیف و درماندہ بھی تھے، انھوں نے اپنے اوپر جیسے جیسے شدید مجاہدے گوارا کرکے اور اپنی جانوں کو خطروں میں ڈال ڈال کر بے دریغ اپنا سرمایہ اسلام کی خدمت کی نذر کر دیا۔ یہ حضرات مہاجرین وانصار میں سے سابقین اولین ہیں، ان کے مراتب کا کیا پوچھنا۔

دوسرے وہ کہ بعد فتح مکہ ایمان لائے، راہِ مولا میں خرچ کیا اور جہاد میں حصّہ لیا۔ ان اہل ایمان نے اس وقت اپنے اخلاص کا ثبوت جہاد مالی و قتالی سے دیا، جب اسلامی سلطنت کی جڑ مضبوط ہو چکی تھی اور مسلمان کثرتِ تعداد اور جاہ و مال ہر لحاظ سے بڑھ چکے تھے، اجر اُن کا بھی عظیم ہے لیکن ظاہر ہے کہ ان سابقون اوّلون والوں کے درجہ کا نہیں۔

اسی لئے قرآن عظیم نے ان پہلوں کو ان پچھلوں پر تفضیل دی۔

اور پھر فرمایا:

کُلًّا وعد اللہ الحسنیٰ۔[۲]

ان سب سے اللہ تعالیٰ نے بھلائی کا وعدہ فرمایا کہ اپنے اپنے مرتبے کے لحاظ سے اجر ملے گا سب ہی کو، محروم کوئی نہ رہے گا۔

اور جن سے بھلائی کا وعدہ کیا ان کے حق میں فرماتا ہے:

اولٰئك عنها مبعدون[۳] وہ جہنم سے دُور رکھے گئے ہیں، لا یسمعون حسیسها[۴] وہ جہنم

---

[۱] القرآن الکریم ۵۷/۱۰    [۲] القرآن الکریم ۵۷/۱۰

[۳] " ۲۱/۱۰۱    [۴] " ۲۱/۱۰۲

کی بھنک تک نہ سنیں گے، وھم فی ما اشتھت انفسھم خٰلدون[1] وہ ہمیشہ اپنی من مانتی جی بھاتی مرادوں میں رہیں گے، لایحزنھم الفزع الاکبر[2] قیامت کی وہ سب سے بڑی گھبراہٹ انھیں غمگین نہ کرے گی، تتلقٰھم الملٰئکۃ[3] فرشتے ان کا استقبال کریں گے، ھذا یومکم الذی کنتم توعدون[4] یہ کہتے ہوئے کہ یہ ہے تمہارا وہ دن جس کا تم سے وعدہ تھا۔

رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے ہر صحابی کی یہ شان اللہ عزوجل بتاتا ہے تو جو کسی صحابی پر طعن کرے اللہ واحد قہار کو جھٹلاتا ہے۔

اور ان کے بعض معاملات جن میں اکثر حکایات کاذبہ ہیں ارشادِ الٰہی کے مقابل پیش کرنا اہلِ اسلام کا کام نہیں۔

رب عزوجل نے اسی آیتِ حدید میں اس کا منہ بھی بند کر دیا کہ دونوں فریق صحابہ رضی اللہ تعالٰے عنہم سے بھلائی کا وعدہ کر کے۔ ساتھ ہی ارشاد فرمادیا:

واللہ بما تعملون خبیر[5]

اور اللہ کو خوب خبر ہے جو تم کرو گے۔

بایں ہمہ اس نے تمہارے اعمال جان کر حکم فرمادیا کہ وہ تم سب سے جنت بے عذاب وکرامت وثواب بے حساب کا وعدہ فرما چکا ہے۔

تو اب دوسرے کو کیا حق رہا کہ ان کی کسی بات پر طعن کرے، کیا طعن کرنے والا اللہ تعالٰے سے جدا اپنی مستقل حکومت قائم کرنا چاہتا ہے، اس کے بعد جو کوئی کچھ بکے وہ اپنا سر کھائے اور خود جہنم میں جائے۔

علامہ شہاب الدین خفاجی، نسیم الریاض شرح شفائے قاضی عیاض میں فرماتے ہیں:

"جو حضرت معاویہ رضی اللہ تعالٰے عنہ پر طعن کرے وہ جہنم کے کتوں میں سے ایک کتا ہے۔"[6]

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۳۵۹ تا ۳۶۳)

(۴۲) افضلیتِ صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالٰے عنہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

---

[1] القرآن الکریم ۲۱/ ۱۰۲ [2] القرآن الکریم ۲۱/ ۱۰۳ [3] القرآن الکریم ۲۱/ ۱۰۳

[4] " " ۲۱/ ۱۰۳ [5] " " ۵۷/ ۱۰

[6] نسیم الریاض الباب الثالث مرکز اہلسنت برکاتِ رضا گجرات الہند ۳/ ۴۳۰

وہ صدیق جس کی افضلیتِ مطلقہ پر قرآنِ کریم کی شہادت ناطقہ ہے کہ فرمایا :

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ[1]

تم میں سب سے زیادہ عزّت والا اللہ کے حضور وہ ہے جو تم سب میں اتقیٰ ہے ۔

اور دوسری آیۂ کریمہ میں صاف فرمادیا :

وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقٰی[2] ۔

قریب ہے کہ جہنّم سے بچایا جائے گا وہ اتقیٰ ۔

بشہادت آیتِ اُولیٰ ان آیاتِ کریمہ سے وہی مراد ہے جو افضل و اکرم امتِ مرحومہ ہے، اور وہ نہیں مگر اہلِ سنت کے نزدیک صدیقِ اکبر ۔ اور تفضیلیہ و روافض کے نزدیک یہاں امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔

مگر اللہ عزوجل کے لئے حمد کہ اس نے کسی تلبیس و تدلیس اور حق و باطل میں آمیزش و آویزش کو جگہ نہ چھوڑی ، آیتِ کریمہ نے ایسے وصفِ خاص سے اتقیٰ کی تعیین فرمادی جو حضرت صدیقِ اکبر کے سوا کسی پر صادق آ ہی نہیں سکتا ۔

فرماتا ہے :

وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰی[3] ۔

اس پر کسی کا ایسا احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے ۔

اور دنیا جانتی مانتی ہے کہ وہ صرف صدیقِ اکبر ہی ہیں جن کی طرف سے ہمیشہ بندگی و غلامی و خدمت و نیازمندی اور مصطفیٰ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طرف سے براہِ بندہ نوازی قبول و پذیرائی کا برتاؤ رہا یہاں تک کہ خود ارشاد فرمایا کہ : " بیشک تمام آدمیوں میں اپنی جان و مال سے کسی نے ایسا سلوک نہیں کیا جیسا ابوبکر نے کیا "[4]

جبکہ مولا علی نے مولائے کُل، سیّد الرسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کنارِ اقدس میں پرورش پائی ۔

---

[1] القرآن الکریم ۴۹ / ۱۳

[2] " " ۹۲ / ۱۷

[3] " " ۹۲ / ۱۹

[4] جامع الترمذی ابواب المناقب باب مناقب ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ امین کمپنی دہلی ۲ / ۲۰۷

حضور کی گود میں ہوش سنبھالا، اور جو کچھ پایا بظاہر حالات یہیں سے پایا۔ تو آیۂ کریمہ وما لاحد عندہ من نعمۃ تجزی[1] (اس پر کسی کا ایسا احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے) سے مولا علی قطعاً مراد نہیں ہو سکتے بلکہ بالیقین صدیق اکبر ہی مقصود ہیں، اور اسی پر اجماع مفسرین موجود۔

(فتاوی رضویہ ج ۲۹ ص ۳۷۱، ۳۷۲)

(۴۳) تقلید شخصی کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا؛

تقلید فرض قطعی ہے۔ قال اللہ تعالیٰ؛

فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون[2]

تو اے لوگو! علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں ہے۔ (ت)

وقال صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

الاسئلوا ان لم یعلموا فانما شفاء العی السؤال[3]

اگر وہ نہیں جانتے تو پوچھتے کیوں نہیں کیونکہ جہالت کی شفاء سوال کرنا ہے۔ (ت)

اگر ایک مذہب کی پابندی نہ کی جائے تو یا وقت واحد میں شے واحد کو حرام بھی جانے گا اور حلال بھی، جیسے قرارتِ مقتدی شافعیہ کے یہاں واجب اور حنفیہ کے یہاں حرام، اور وقتِ واحد میں شے کا حرام و حلال دونوں ہونا محال، یا یہ کہے گا کہ ایک وقت حلال سمجھے گا دوسرے وقت حرام، تو یہ اس آیت میں داخل ہو گا کہ؛

یحلونه عاما ویحرمونه عاما[4]۔

ایک سال اسے حلال ٹھہراتے ہیں اور ایک سال اسے حرام ٹھہراتے ہیں۔ (ت)

لاجرم پابندیِ مذہب لازم۔

(فتاوی رضویہ ج ۲۹ ص ۳۹۲، ۳۹۳)

(۴۴) راماسنگھ آریہ کے تفسیر آیاتِ قرآنیہ کے بارے میں جہالت و نافہمی اور افتراء و بے ایمانی پر مبنی ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا؛

---

[1] القرآن الکریم ۹۲/۱۹

[2] " " ۱۶/۴۳

[3] سنن ابی داؤد کتاب الطہارۃ باب المجدور یتیمم آفتاب عالم پریس لاہور ۱/۴۹

[4] القرآن الکریم ۹/۳۷

اس سوال میں آریہ نے افترا، وجہالت و نافہمی و بے ایمانی سے کام لیا۔

(۱) عبارت کہ کشاف کی طرف نسبت کی، محض بہتان ہے۔ کشاف میں اس کا پتا نہیں۔

(۲) بالفرض اگر کشاف میں ہوتی تو وہ ایک معتزلی بدمذہب بے ادب کی تصنیف ہے اس کا کیا اعتبار۔

(۳) یہ تفسیر کہ منسوب بسیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما ہے نہ اُن کی کتاب ہے نہ اُن سے ثابت۔ یہ بسند محمد بن مروان عن الکلبی عن ابی صالح مروی ہے اور ائمہ دین اس سند کو فرماتے ہیں کہ یہ سلسلۂ کذب ہے۔ تفسیر اتقان شریف میں ہے:

واوھی طرقہ طریق الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس فان انضم الٰی ذٰلک روایۃ محمد بن مروان السدی الصغیر فھی سلسلۃ الکذب[1]

اس کے طُرق میں سے کمزور ترین طریق کلبی کا ابوصالح سے اور اس کا ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کرنا ہے اگر اس کے ساتھ محمد بن مروان السدی کی روایت مل جائے تو کذب کا سلسلہ ہے۔ (ت)

(۴) اس کے ترجمے میں بھی آریہ نے تحریف کی ہے، عبارت یہ ہے:

لتقصیر الشکر علی ما انعم اللہ علیك وعلٰی اصحابك۔

یعنی اللہ عزوجل نے آپ پر اور آپ کے اصحاب پر جو نعمتیں فرمائیں ان کے شکر میں جس قدر کمی واقع ہوئی اس کے لئے استغفار فرمائیے۔

کہاں کمی اور کہاں غفلت، نعمائے الٰہیہ ہر فرد پر بے شمار حقیقۃً غیر متناہی بالفعل ہیں کما حققہ المفتی ابوالسعود فی ارشاد العقل السلیم (جیسا کہ مفتی ابوالسعود نے ارشاد العقل السلیم میں اس کی تحقیق کی ہے۔ ت) قال اللہ عزوجل:

وان تعدوا نعمۃ اللہ لاتحصوھا۔[2]

اگر اللہ کی نعمتیں گننا چاہو تو نہ گن سکو گے۔

جب اس کی نعمتوں کو کوئی گن نہیں سکتا تو ہر نعمت کا پورا شکر کون ادا کرسکتا ہے ؎

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الثمانون فی طبقات المفسرین دارالکتب العلمیہ بیروت ۲/۴۷۱

[2] القرآن الکریم ۱۴/۳۴

از دست و زباں کہ برآید　　　　کز عہدۂ شکرش بدرآید

(کس کے ہاتھ اور زبان سے ممکن ہے کہ اس کے شکر سے عہدہ برآ ہوسکے ۔ ت)

شکر میں ایسی کمی ہرگز گناہ بمعنی معروف نہیں بلکہ لازمۂ بشریت ہے نعمائے الٰہیہ ہر وقت ہر لمحہ ہر آن ہر حال میں متزائد ہیں خصوصًا خاصوں پر خصوصًا ان پر جو سب خاصوں کے سردار ہیں اور بشر کو کسی وقت کھانے پینے سونے میں مشغولی ضرور، اگرچہ خاصوں کے یہ افعال بھی عبادت ہی ہیں مگر اصل عبادت سے تو ایک درجہ کم ہیں اس کمی کو تقصیر اور اس تقصیر کو ذنب سے تعبیر فرمایا گیا۔

(۵) بلکہ خود نفسِ عبارت گواہ ہے کہ یہ جسے ذنب فرمایا گیا ہرگز حقیقۃً ذنب بمعنی گناہ نہیں، ماتقدم سے کیا مراد لیا، وحی اترنے سے پیشتر کے۔ اور گناہ کسے کہتے ہیں، مخالفتِ فرمان کو۔ اور فرمان کاہے سے معلوم ہوگا، وحی سے۔ تو جب تک وحی نہ اتری تھی فرمان کہاں تھا۔ جب فرمان نہ تھا مخالفتِ فرمان کے کیا معنی۔ اور جب مخالفتِ فرمان نہیں تو گناہ کیا۔

(۶) جس طرح ماتقدم میں ثابت ہولیا کہ حقیقۃً ذنب نہیں، یوں ہی ماتأخر میں نقدِ وقت ہے قبل ابتدائے نزولِ فرمان جو افعال جائزہ ہوئے کہ بعد کو فرمان ان کے منع پر اترا اور انھیں یوں تعبیر فرمایا گیا حالانکہ ان کا حقیقۃً گناہ ہونا کوئی معنی ہی نہ رکھتا تھا۔ یونہی بعد نزولِ وحی وظہورِ رسالت بھی جو افعال جائزہ فرمائے اور بعد کو ان کی ممانعت اتری اسی طریقے سے ان کو ماتأخر فرمایا کہ وحی بتدریج نازل ہوئی کہ دفعۃً۔

(۷) نہ ہر تفسیر معتبر نہ ہر مفسر مصیب۔ مشرک کا ظلم ہے کہ نام لے آیات کا اور دامن پکڑے نامعتبر تفسیرات کا۔ ایسا ہی ہے تو وہ لغویات وہزلیات و فحشیات کہ ایک مہذب آدمی کو انھیں بکتے بلکہ دوسرے آدمی سے نقل کرتے عار آئے جو آریہ کے ویدوں میں اہلی گہلی پھر رہی ہیں اور خود بندگانِ وید نے اس کے ترجموں میں وہی حد بھر کے گندے گھناؤنے فحش لکھے ان سے آریہ کی جان کیونکر چھوٹے گی۔ مثلاً یجروید میں ایشور کی بیماری کا حال لکھا کہ بسترِ بیماری پر پڑے پکار رہے ہیں کہ "اے سیکڑوں کی طرح عقل وعلم رکھنے والو! تمھاری سیکڑوں ہزاروں طرح کی بوٹیاں ہیں ان میں سے میرے شریر کو نروگ کرو، اے اماں جان! تو بھی ایسا ہی کر"۔ نیز یہ بھی فرما رہے ہیں کہ اے بوٹیوں کے مانند فائدہ دینے والی دیوی ماتا! میں فرزند تجھ کو بہت نصیحت کرتا ہوں"۔ ماتا جی کہتی ہیں: "اے لائق بیٹے! میں والدہ تیرے گھوڑے، گائیں، زمین، کپڑے، جان کی حفاظت وپرورش کرتی تو مجھے نصیحت مت کر"۔ اسی یجروید کے ادھیائے ۳۱ منتر اول میں ایشور کے متعلق ہے "اس کے ہزار سر ہیں

28

ہزار آنکھیں ہیں ہزار پاؤں ہیں زمین پر وہ سب جگہ ہے اُلٹا سیدھا تب بھی دس انگلی کے فاصلے پر ہر آدمی کے آگے بیٹھا ہے۔" نیز ویدوں میں اس کا نام "سروبیاپک" ہے یعنی وہ ہر جگہ سمایا ہوا، ہر چیز میں رما ہوا، ہر خلا میں گھسا ہوا ہے، ہر جانور کی مقعد، ہر مادہ کی فرج، ہر پاخانہ کی ڈھیری میں ایشور ہی ایشور ہے۔ دیانند نے محض زبردستی اُن کی کایا پلٹ کی اور انھیں فحش سے نکالا مگر اور مترجموں کا ترجمہ کہاں مٹ جائے گا مفسر تو اپنی طرف سے مطلب کہتا ہے اور مترجم خود اصل کلام کو دوسری زبان میں بیان کرتا ہے ترجمے کی غلطی اگر ہوتی ہے تو دو ایک لفظ کے معنی میں، نہ کہ سارے کا سارا کلام محض فحش سے حکمت کی طرف پلٹ دیا جائے، اور اگر سنسکرت ایسی ہی پیچیدہ زبان ہے جس کی سطروں کی سطریں چاہے فحش سے ترجمہ کر دو خواہ حکمت سے، تو وہ کلام کیا ہوا بھان متی کا گورکھ دھندا ہوا اور اس کے کس حرف پر اعتماد ہو سکتا ہے، نہیں معلوم کہ مالا جپی ہے یا گالی بکی ہے۔

(۸) استدلال بڑی ذمہ داری کا کام ہے آریہ بیچارہ کیا کھا کر اس سے عہدہ برآ ہو سکتا ہے۔

؎ نباشد بہ آئین تحقیق دال ۔۔۔ کچوری و پوری و بھجیا و دال

(کچوری، پوری، بھجیا اور دال آئین تحقیق پر دلالت نہیں کرتی ہیں)

شرط تمامی استدلال قطع ہر احتمال ہے علم کا قاعدۂ مسلمہ ہے:

اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال[1]

جب احتمال آجائے تو استدلال باطل ہو جاتا ہے۔ (ت)

سورۂ مومن و سورۂ محمد صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی آیاتِ کریمہ میں کون سی دلیل قطعی ہے کہ خطاب حضور صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے ہے۔ مومن میں تو اتنا ہے: واستغفر لذنبک[2] اے شخص! اپنی خطا کی معافی چاہ۔ کسی کا خاص نام نہیں کوئی دلیل تخصیص کلام نہیں۔ قرآن عظیم تمام جہان کی ہدایت کے لئے اترا، نہ صرف اس کے موجودین بلکہ قیامت تک کے آنے والوں سے وہ خطاب فرماتا ہے:

اقیموا الصلوٰۃ[3] نماز برپا رکھو۔

---

[1]

[2] القرآن الکریم ۴۰/ ۵۵ و ۴۷/ ۱۹

[3] " " ۲/ ۴۳

یہ خطاب جیسا صحابۂ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم سے تھا ویسا ہی ہم سے بھی ہے اور تا قیامِ قیامت ہمارے بعد آنے والی نسلوں سے بھی۔ اسی قرآن عظیم میں ہے :

لانذرکم بہ ومن بلغ [۱]

"تاکہ میں اس سے تمہیں ڈراؤں اور جن جن کو پہنچے۔ (ت)

کتب کا عام قاعدہ ہے کہ خطاب ہر سامع سے ہوتا ہے بدان اسعدک اللہ تعالٰی (تُوجان لے اللہ تعالٰی تجھے سعادتمند بنائے۔ت) میں کوئی خاص شخص مراد نہیں۔ خود قرآن عظیم میں فرمایا :

ارأیت الذی ینھٰی ۝ عبدًا اذا صلی ۝ ارایت ان کان علی الھدٰی ۝ او امر بالتقوٰی ۝ [۲]

(ابوجہل لعین نے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو نماز سے روکنا چاہا اس پر یہ آیاتِ کریمہ اُتریں) کہ کیا تُو نے دیکھا اُسے جو روکتا ہے بندے کو جب وہ نماز پڑھے، بھلا دیکھ تو اگر وہ بندہ ہدایت پر ہو یا پرہیز گاری کا حکم فرمائے۔

یہاں بندے سے مراد حضور اقدس ہیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم، اور غائب کی ضمیریں حضور کی طرف ہیں اور مخاطب کی ہر سامع کی طرف، بلکہ فرماتا ہے :

فما یکذبك بالدین [۳]

(ان روشن دلیلوں کے بعد) کیا چیز تجھے روزِ قیامت کے جھٹلانے پر باعث ہو رہی ہے۔

یہ خطاب خاص کفار سے ہے بلکہ ان میں بھی خاص منکرانِ قیامت مثل مشرکین آریہ و ہنود سے، یونہی دونوں سورۂ کریمہ میں کاف خطاب ہر سامع کے لئے ہے کہ اے سُننے والے اپنے اور اپنے سب مسلمان بھائیوں کے گناہ کی معافی مانگ۔

(۹) بلکہ آیت محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں تو صاف قرینہ موجود ہے کہ خطاب حضور سے نہیں، اس کی ابتداء یوں ہے :

---

[۱] القرآن الکریم ۶ / ۱۹

[۲] " " ۹۶ / ۹ تا ۱۲

[۳] " " ۹۵ / ۷

فاعلم انه لا الٰه الا اللّٰه واستغفر لذنبك وللمؤمنین والمؤمنٰت[1]

جان لے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اپنی اور مسلمان مردوں اور عورتوں کی معافی چاہ۔

تو یہ خطاب اس سے ہے جو ابھی لا الٰہ الا اللہ نہیں جانتا ورنہ جاننے والے کو جاننے کا حکم دینا تحصیل حاصل ہے، تو معنی یہ ہوئے کہ اے سننے والے! جسے ابھی توحید پر یقین نہیں کسے باشد توحید پر یقین لا اور اپنے اور اپنے بھائی مسلمانوں کے گناہوں کی معافی مانگ۔ تتمۂ آیت میں اس عموم کو واضح کر دیا کہ:

واللّٰه یعلم متقلبکم ومثوٰکم[2]

اللہ جانتا ہے جہاں تم سب لوگ کروٹیں لے رہے ہو اور جہاں تم سب کا ٹھکانا ہے۔

اگر فاعلم میں تاویل کرے تو ذنبك میں تاویل سے کون مانع ہے، اور اگر ذنبك میں تاویل نہیں کرتا تو فاعلم میں تاویل کیسے کر سکتا ہے، دونوں پر ہمارا مطلب حاصل، اور مدعی معاند کا استدلال زائل۔

(۱۰) دونوں آیۂ کریمہ میں صیغۂ امر ہے اور امر انشا ہے اور انشا وقوع پر دال نہیں تو حاصل اس قدر کہ بفرض وقوع استغفار واجب، نہ یہ کہ معاذ اللہ واقع ہوا، جیسے کسی سے کہنا اکرم ضیفك اپنے مہمان کی عزت کرنا، اس سے یہ مراد نہیں کہ اس وقت کوئی مہمان موجود ہے، نہ یہ خبر ہے کہ خواہی نخواہی کوئی مہمان آئے گا ہی بلکہ صرف اتنا مطلب ہے کہ اگر ایسا ہو تو یوں کرنا۔

(۱۱) ذنب معصیت کو کہتے ہیں اور قرآن عظیم کے عرف میں اطلاق معصیت عمد ہی سے خاص نہیں۔ قال اللہ تعالٰی:

وعصٰی اٰدم ربّہ[3]

آدم نے اپنے رب کی معصیت کی۔

حالانکہ خود فرماتا ہے:

فنسی ولم نجد لہ عزما[4]۔

آدم بھول گیا ہم نے اس کا قصد نہ پایا۔

---

[1] القرآن الکریم ۴۷/ ۱۹
[2] القرآن الکریم ۴۷/ ۱۹
[3] " ۲۰/ ۱۲۱
[4] " ۲۰/ ۱۱۵

لیکن سہو نہ گناہ ہے نہ اس پر مواخذہ۔ خود قرآن کریم نے بندوں کو یہ تعلیم فرمائی:

ربنا لا تؤاخذنا ان نسینا او اخطأنا۔[1]

اے ہمارے رب! ہمیں نہ پکڑ اگر ہم بھولیں یا چوکیں۔

(۱۲) جتنا قرب زائد اُسی قدر احکام کی شدت زیادہ ع

جن کے رتبے ہیں سوا ان کو سوا مشکل ہے

بادشاہ جبار جلیل القدر ایک جنگلی گنوار کی جو بات سُن لے گا جو برتاؤ گوارا کرے گا ہرگز شہریوں سے پسند نہ کرے گا شہریوں میں بازاریوں سے معاملہ آسان ہوگا اور خاص لوگوں سے سخت اور خاصوں میں درباریوں اور درباریوں میں وزراء، ہر ایک پر بار دوسرے سے زائد ہے اس لئے وارد ہوا:

حسنات الابرار سیئات المقربین[2]

نیکوں کے جو نیک کام ہیں مقربوں کے حق میں گناہ ہیں۔

وہاں ترکِ اَولےٰ کو بھی گناہ سے تعبیر کیا جاتا ہے حالانکہ ترکِ اَولیٰ ہرگز گناہ نہیں۔

(۱۳) آریہ بیچارے جن کے باپ دادا نے بھی کبھی عربی کا نام نہ سُنا، اگر نہ جانے تو ہر ادنیٰ طالب علم جانتا ہے کہ اضافت کے لئے ادنیٰ ملابست بس ہے بلکہ یہ عام طور پر فارسی، اردو، ہندی سب زبانوں میں رائج ہے مکان کو جس طرح اس کے مالک کی نسبت کریں گے یونہی کرایہ دار کی طرف۔ یونہی جو عاریۃً لے کر بس رہا ہے اس کے پاس جو ملنے آئے گا یہی کہے گا کہ ہم فلانے کے گھر گئے تھے بلکہ پیمائش کرنے والے جن کھیتوں کو ناپ رہے ہوں ایک دوسرے سے پُوچھے گا تمہارا کھیت کے جریب ہوا یہاں نہ ملک نہ اجارہ نہ عاریت، اور اضافت موجود۔ یونہی بیٹے کے گھر سے جو چیز آئے گی باپ سے کہہ سکتے ہیں کہ آپ کے یہاں سے عطا ہوا تھا، تو ذنبک سے مراد اہلبیت کی لغزشیں ہیں، اور اُس کے بعد وللمؤمنین وللمؤمنٰت تعمیم بعد تخصیص ہے یعنی شفاعت فرمایئے اپنے اہلبیت کرام اور سب مسلمان مردوں عورتوں کے لئے۔ اب آریہ کے اُس جنون کا بھی علاج ہوگیا کہ پیروؤں کا ذکر تو بعد کو موجود ہے تعمیم بعد تخصیص کی مثال خود قرآن عظیم میں ہے:

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۸۶

[2] لباب التاویل (تفسیر الخازن) تحت الآیۃ ۴۷/ ۱۹ دارالکتب العلمیہ بیروت ۴/ ۱۴۶

ارشاد العقل السلیم " " " دار احیاء التراث العربی بیروت ۸/ ۹۷

رب اغفرلی ولوالدی ولمن دخل بیتی مؤمنا وللمؤمنین والمؤمنٰت[1]

اے میرے رب! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور جو میرے گھر میں ایمان کے ساتھ آیا اور سب مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو۔

(۱۴) اسی وجہ پر آیۂ کریمہ سورۂ فتح میں لام لك تعلیل کا ہے اور ما تقدم من ذنبك تمہارے اگلوں کے گناہ اعنی سیدنا عبداللہ وسیدتنا آمنہ رضی اللہ تعالٰی عنہما سے منتہائے نسب کرام تک تمام آبائے کرام و اُمّہات طیبات باستثنائے انبیائے کرام مثل آدم وشیث ونوح وخلیل واسمٰعیل علیہم الصلوٰۃ والسلام، اور ما تاخر تمہارے پچھلے یعنی قیامت تک تمہارے اہل بیت وامت مرحومہ، تو حاصل آیۂ کریمہ یہ ہوا کہ ہم نے تمہارے لئے فتح مبین فرمائی تاکہ اللہ تمہارے سبب سے بخش دے تمہارے علاقہ کے سب اگلوں پچھلوں کے گناہ۔ والحمدللہ رب العٰلمین۔

(۱۵) ما تقدم وما تاخر سے قبل وبعد نزول وحی کا ارادہ جس طرح عبارتِ تفسیر میں مصرح تھا آیت میں قطعاً محتمل۔ اور ہم ثابت کرچکے کہ اب حقیقتِ ذنب خود مندفع، وللہ الحمد وصلی اللہ تعالٰی علٰی شفیع المذنبین وبارك وسلم الٰی یوم الدین وعلٰی اٰلہ وصحبہ اجمعین۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۳۹۵ تا ۴۰۱)

(۴۵) زید کہتا ہے کہ چونکہ عالم الغیب بالواسطہ یا بالعطا کہنا بھی جائز نہیں اور نہ ہی آپ کو کُل علمِ غیب ہے۔ اس کے رَد میں فرمایا:

مگر وہابیہ اپنی بے حیائی سے باز نہیں آتے۔ علمِ غیب عطا ہونا اور لفظ "عالم الغیب" کا اطلاق اور بعض اجلّہ اکابر کے کلام میں اگرچہ بندۂ مومن کی نسبت صریح لفظ "یعلم الغیب" وارد ہے کما فی مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح للملّا علی القاری (جیسا کہ ملا علی قاری کی مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح میں ہے۔ ت) بلکہ خود حدیث سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما میں سیدنا خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسبت ارشاد ہے:

کان رجلا یعلم علم الغیب[2]

وہ مرد کامل ہیں جو علمِ غیب جانتے ہیں۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۷۱/ ۲۸

[2] جامع البیان (تفسیر الطبری) تحت الآیۃ ۱۸/ ۶۵ داراحیاء التراث العربی بیروت ۱۵/ ۳۲۳

مگر ہماری تحقیق میں لفظ "عالم الغیب" کا اطلاق حضرت عزت عزجلالہ کے ساتھ خاص ہے کہ اس سے عرفاً علم بالذات متبادر ہے۔ کشاف میں ہے:

المراد بہ الخفی الذی لاینفذ فیہ ابتداء الاعلم اللطیف الخبیر ولھذا لایجوز ان یطلق فیقال فلان یعلم الغیب[1]

اس سے مراد پوشیدہ شئے ہے جس تک ابتداءً (بالذات) سوائے باریکی جاننے والے یا خبیر (اللہ تعالٰی) کے کسی کے علم کی رسائی نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ علی الاطلاق یوں کہنا کہ فلاں غیب جانتا ہے جائز نہیں۔ (ت)

اور اس سے انکار معنی لازم نہیں آتا۔ حضور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم قطعاً بے شمار غیوب و ماکان و مایکون کے عالم ہیں مگر عالم الغیب صرف اللہ عزوجل کو کہا جائے گا جس طرح حضور اقدس صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم قطعاً عزت جلالت والے ہیں تمام عالم میں ان کے برابر کوئی عزیز و جلیل نہ ہے نہ ہوسکتا ہے، مگر محمد عزوجل کہنا جائز نہیں بلکہ اللہ عزوجل و محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔ غرض صدق و صورت معنی کو جواز اطلاق لفظ لازم نہیں نہ منع اطلاق لفظ کو نفی صحت معنی۔

امام ابن المنیر اسکندری کتاب الانتصاف میں فرماتے ہیں:

کم من معتقد لایطلق القول بہ خشیۃ ایھام غیرہ ممالایجوز اعتقادہ فلاربط بین الاعتقاد والاطلاق۔[2]

بہت سے معتقدات ہیں کہ جن کے ساتھ قول کا اطلاق اس ڈر سے نہیں کیا جاتا کہ ان میں ایسے غیر کا ایہام ہوتا ہے جس کا اعتقاد جائز نہیں، لہٰذا اعتقاد اور اطلاق کے درمیان کوئی لزوم نہیں (ت)

یہ سب اس صورت میں ہے کہ مقید بقید اطلاق اطلاق کیا جائے یا بلاقید علی الاطلاق مثلاً عالم الغیب یا عالم الغیب علی الاطلاق، اور اگر ایسا نہ ہو بلکہ بالواسطہ یا بالعطاء کی تصریح کردی جائے تو وہ محذور نہیں کہ ایہام زائل اور مراد حاصل۔ علامہ سید شریف قدس سرہ حواشی کشاف میں فرماتے ہیں:

وانمالم یجز الاطلاق فی غیرہ تعالٰی لانہ یتبادر منہ تعلق علمہ بہ ابتداء فیکون تناقضا واما اذا قید وقیل اعلمہ اللہ تعالٰی الغیب او اطلعہ

---

[1] الکشاف تحت آیۃ ۲/۳ انتشارات آفتاب تہران ۱/۱۲۱

[2] الانتصاف

عایہ فلا محذور فیہ[1]

علم غیب کا اطلاق غیر اللہ پر اس لئے ناجائز ہے کہ اس سے غیر اللہ کے علم کا غیب کے ساتھ ابتداء (بالذات) متعلق ہونا متبادر ہوتا ہے تو اس طرح تناقض لازم آتا ہے۔ لیکن اگر علم غیب کے ساتھ کوئی قید لگادی جائے اور یوں کہا جائے کہ اللہ تعالٰی نے اس کو غیب کا علم عطا فرمایا ہے یا اس کو غیب پر مطلع فرمایا ہے تو اس صورت میں کوئی ممانعت نہیں۔ (ت)

زید کا قول کذبِ صریح و جہلِ قبیح ہے، کذب تو ظاہر کہ بے ممانعت شرعی اپنی طرف سے عدمِ جواز کا حکم لگا کر شریعت، و شارع علیہ الصّلوٰۃ والسلام اور رب العزت جل و علا پر افتراء کر رہا ہے۔

قال اللہ تعالٰی: ولا تقولوا لما تصف السنتکم الکذب ھذا حلال وھذا حرام لتفتروا علی اللہ الکذب ان الذین یفترون علی اللہ الکذب لا یفلحون ۝ متاع قلیل ولھم عذاب الیم ۝[2]

اللہ تعالٰی نے ارشاد فرمایا: اور نہ کہو اسے جو تمھاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اللہ تعالٰی پر جھوٹ باندھو، بیشک جو اللہ تعالٰی پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کا بھلا نہ ہوگا، تھوڑا برتنا ہے، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ (ت)

اور جہل فاضح یہ کہ عالم الغیب صفت مختصہ باری تعالٰی ہونے پر بالواسطہ و بالعطا کہنے کے عدمِ جواز کو متفرع کر رہا ہے شاید اس کے نزدیک علم غیب بالواسطہ و بالعطا خاصہ باری تعالٰی ہے یعنی دوسرے کے دیئے سے علم غیب خاص اللہ کو ہوتا ہے اس کے غیر کو علم غیب بالذات بلاواسطہ ہے ایسا ہے تو اس سے بڑھ کر اور کفر اشد کیا ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۰۴ تا ۴۰۶)

(۴۶) اثباتِ علم غیب کے بارے میں رسالہ "خالص الاعتقاد" میں فرمایا:

**امرِ دوم:** بندوں کو علمِ غیب عطا ہونے کی سندیں اور آیاتِ نفی کی مراد۔

انھیں عبارات سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ علمِ غیب کا خاصہ حضرتِ عزت ہونا بیشک حق ہے اور کیوں نہ ہو کہ رب عزوجل فرماتا ہے:

---

[1] حاشیہ سید الشریف علی الکشاف تحت آیۃ ۲/ ۳ انتشارات آفتاب تہران ۱/ ۱۲۸

[2] القرآن الکریم ۱۶/ ۱۱۶، ۱۱۷

قل لا یعلم من فی السمٰوٰت والارض الغیب الا اللہ[1]

تم فرما دو کہ آسمانوں اور زمین میں اللہ کے سوا کوئی عالم الغیب نہیں۔

اور اس سے مراد وہی علم ذاتی وعلم محیط ہے کہ وہی باری عزوجل کے لئے ثابت ہے اور اس سے مخصوص ہیں، علم عطائی کہ دوسرے کا دیا ہوا ہو، علم غیر محیط کہ بعض اشیاء سے مطلع بعض سے ناواقف ہو، اللہ عزوجل کے لئے ہو ہی نہیں سکتا، اس سے مخصوص ہونا تو دوسرا درجہ ہے۔ اور اللہ عزوجل کی عطا سے علوم غیب غیر محیط کا انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو ملنا بھی قطعاً حق ہے، اور کیوں نہ ہو کہ رب عزوجل فرماتا ہے:

(۱) وما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء[2]

اللہ اس لئے نہیں کہ تم لوگوں کو غیب پر مطلع کرے ہاں اللہ اپنے رسولوں سے جسے چاہتا ہے چن لیتا ہے۔

(۲) اور فرماتا ہے:

عالم الغیب فلا یظہر علٰی غیبہ احدا ۞ الا من ارتضٰی من رسول[3]

اللہ عالم الغیب ہے تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوا اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

(۳) اور فرماتا ہے:

وما ھو علی الغیب بضنین[4]

یہ نبی غیب کے بتانے میں بخیل نہیں۔

(۴) اور فرماتا ہے:

ذٰلک من انباء الغیب نوحیہ الیک[5]

اے نبی! یہ غیب کی باتیں ہم تم کو مخفی طور پر بتاتے ہیں۔

(۵) حتی کہ مسلمانوں کو فرماتا ہے:

یؤمنون بالغیب[6] ۔ غیب پر ایمان لاتے ہیں۔

---

[1] القرآن الکریم ۲۷/ ۶۵ — [2] القرآن الکریم ۳/ ۱۷۹

[3] " ۷۲/ ۲۶ و ۲۷ — [4] " ۸۱/ ۲۴

[5] " ۱۲/ ۱۰۲ — [6] " ۲/ ۳

ایمان تصدیق ہے اور تصدیق علم ہے جس شے کا اصلاً علم ہی نہ ہو اس پر ایمان لانا کیونکر ممکن۔ لاجرم تفسیر کبیر میں ہے:

(۶) لایمتنع ان تقول نعلم من الغیب مالنا علیہ دلیل[1]

یہ کہنا کچھ منع نہیں کہ ہم کو اس غیب کا علم ہے جس میں ہمارے لئے دلیل ہے۔

(۷) نسیم الریاض میں ہے:

لم یکلفنا اللہ الایمان بالغیب الا و قد فتح لنا باب غیبہ[2]

ہمیں اللہ تعالٰی نے ایمان بالغیب کا جبھی حکم دیا ہے کہ اپنے غیب کا دروازہ ہمارے لئے کھول دیا ہے۔

فقیر نے تو رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے لئے کہا تھا یہ ائمہ علماء جو اپنے لئے مان رہے ہیں معلوم نہیں کہ مخالفین ان پر کون سا حکم جڑیں۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۳۸، ۴۳۹)

(۴۷) رسالہ "خالص الاعتقاد" میں مزید فرمایا:

(۱۸ و ۱۹) تفسیر معالم و تفسیر خازن میں زیر قولہ تعالٰی "وما ھو علی الغیب بضنین"[3] ہے:

یقول انہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یاتیہ علم الغیب فلا یبخل بہ علیکم بل یعلمکم[4]

یعنی اللہ عزوجل فرماتا ہے: "میرے نبی صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو غیب کا علم آتا ہے وہ تمہیں بتانے میں بخل نہیں فرماتے ہیں بلکہ تم کو بھی اس کا علم دیتے ہیں۔

(۲۰) تفسیر بیضاوی زیر قولہ تعالٰے "و علمنٰہ من لدنا علماً"[5] ہے:

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۲/۳ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲/۲۷

[2] نسیم الریاض فصل و من ذلک ما اطلع علیہ من الغیوب مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۳/۱۵۱

[3] القرآن الکریم ۸۱/۲۴

[4] معالم التنزیل تحت الآیۃ ۸۱/۲۴ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/۴۲۲

لباب التاویل فی معانی التنزیل (تفسیر الخازن) " " " ۴/۳۹۹

[5] القرآن الکریم ۱۸/۶۵

ای ممایختص بنا ولا یعلم الّا بتوفیقنا وھو علم الغیوب[1]

یعنی اللہ عزوجل فرماتا ہے وہ علم کہ ہمارے ساتھ خاص ہے اور بے ہمارے بتائے معلوم نہیں ہوتا وہ علمِ غیب ہم نے خضر کو عطا فرمایا ہے۔

(۲۱) تفسیر ابن جریر میں حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے:

قال انک لن تستطیع معی صبرا، وکان رجلا یعلم علم الغیب قد علم ذٰلک[2]

حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے موسٰی علیہ السلام سے کہا: آپ میرے ساتھ نہ ٹھہر سکیں گے۔ خضر علمِ غیب جانتے تھے انھیں علمِ غیب دیا گیا تھا۔

(۲۲) اُسی میں ہے عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہا:

لم تحط من علم الغیب بما اعلم[3]

جو علم غیب میں جانتا ہوں آپ کا علم اسے محیط نہیں۔

(۲۳) امام قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں فرماتے ہیں:

النبوۃ التی ھی الاطلاع علی الغیب[4]

نبوت کے معنٰی ہی یہ ہیں کہ علمِ غیب جاننا۔

(۲۴) اُسی میں نبی صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے اسم مبارک نبی کے بیان میں فرمایا:

النبوأۃ ماخوذۃ من النبأ وھو الخبر ای ان اللہ تعالٰی اطلعہ علٰی غیبہ[5]

---

[1] انوار التنزیل (تفسیر البیضاوی) تحت الآیۃ ۱۸/ ۶۵ دار الفکر بیروت ۳/ ۵۱۰

[2] جامع البیان (تفسیر الطبری) " ۱۸/ ۶۷ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۵/ ۳۲۳

[3] " " " " " " " " "

[4] المواہب اللدنیہ المقصد الثانی الفصل الاول المکتب الاسلامی بیروت ۲/ ۴۷

[5] " " " " " " " ۲/ ۴۵، ۴۶

حضور کو نبی اس لئے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو اپنے غیب کا علم دیا۔

(۲۵) اُسی میں ہے:

قد اشتھر وانتشر امرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بین اصحابہ بالاطلاع علی الغیوب[۱]

بیشک صحابہ کرام میں مشہور و معروف تھا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غیبوں کا علم ہے۔

(۲۶) اُسی کی شرح زرقانی میں ہے:

اصحابہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جازمون باطلاعہ علی الغیب[۲]

صحابہ کرام یقین کے ساتھ حکم لگاتے تھے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو غیب کا علم ہے۔

(۲۷) علی قاری شرح بُردہ شریف میں فرماتے ہیں:

علمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاو لفنون العلم (الیٰ ان قال) ومنہا علمہ بالامور الغیبیۃ[۳]

رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا علم اقسامِ علم کو حاوی ہے غیبوں کا علم بھی حضور کی شاخوں سے ایک شاخ ہے۔

(۲۸) تفسیر امام طبری میں اور تفسیر در منثور میں بروایت ابوبکر بن ابی شیبہ استاذ امام بخاری و مسلم وغیرہ ائمہ محدثین سیدنا امام مجاہد تلمیذِ خاص حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ہے:

انہ قال فی قولہ تعالیٰ "ولئن سألتھم لیقولن انما کنا نخوض ونلعب" قال رجل من المنٰفقین یحدثنا محمد ان ناقۃ فلان بوادی کذا وکذا فی یوم کذا وکذا ومایدریہ بالغیب[۴]

---

[۱] المواہب اللدنیۃ المقصد الثامن الفصل الثالث المکتب الاسلامی بیروت ۳/ ۵۵۴

[۲] شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیہ " دارالمعرفۃ بیروت ۷/ ۲۰۰

[۳] الزبدۃ العمدۃ شرح البردۃ تحت شعر وواقفون لدیہ عند حدھم الخ جمعیت علماء سکندریہ خیرپور سندھ ص ۵۷

[۴] جامع البیان (تفسیر الطبری) تحت الآیۃ ۹/ ۶۵ داراحیاء التراث العربی بیروت ۱۰/ ۱۹۶
الدر المنثور بحوالہ ابن ابی شیبہ وغیرہ " " " " " " " ۴/ ۲۱۰

انھوں نے فرمایا: اللہ کے قول "ولئن سألتھم الخ" کی تفسیر میں کہ منافقین میں سے ایک شخص نے کہا کہ محمد (صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم) ہم سے بیان کرتے ہیں کہ فلاں کی اونٹنی فلاں دن فلاں فلاں وادی میں ہے۔ بھلا وہ غیب کی باتیں کیا جانیں۔ (ت)

یعنی کسی کا ناقہ گم ہوگیا ہمارا رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا کہ "وہ فلاں جنگل میں ہے"۔ ایک منافق بولا "محمد غیب کیا جانیں"۔ اسی پر اللہ عزوجل نے یہ آیتِ کریمہ اتاری کہ ان سے فرما دیجئے کہ "اللہ اور اس کے رسول اور اس کی آیتوں سے ٹھٹھا کرتے ہو، بہانے نہ بناؤ، تم کافر ہو چکے ایمان کے بعد۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۴۰ تا ۴۴۳)

(۴۸) رسالہ مذکورہ (خالص الاعتقاد) میں فرمایا:

(۳۲) تفسیر کبیر میں ہے:

قولہ ولا اعلم الغیب یدل علی اعترافہ بانہ غیر عالم بکل المعلومات[1]

یعنی آیت میں جو نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو ارشاد ہوا تم فرما دو میں غیب نہیں جانتا، اس کے یہ معنٰی ہیں کہ میرا علم جمیع معلوماتِ الٰہیہ کو حاوی نہیں۔

(۳۳ و ۳۴) امام قاضی عیاض شفا شریف اور علامہ شہاب الدین خفاجی اس کی شرح نسیم الریاض میں فرماتے ہیں:

(ھذہ المعجزۃ) فی اطلاعہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم علی الغیب (المعلومۃ علی القطع) بحیث لایمکن انکارھا او التردد فیھا لاحد من العقلاء (لکثرۃ رواتھا واتفاق معانیھا علی الاطلاع علی الغیب) و ھذا لاینافی الاٰیات الدالۃ علی انہ لایعلم الغیب الا اللہ وقولہ ولوکنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر فان المنفی علمہ من غیر واسطۃ واما اطلاعہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم باعلام اللہ تعالٰی لہ فامر متحقق بقولہ تعالٰی فلا یظھر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول[2]

رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کا معجزہ علمِ غیب یقیناً ثابت ہے جس میں کسی عاقل کو انکار یا تردد کی گنجائش نہیں کہ اس میں احادیث بکثرت آئیں اور ان سب سے بالاتفاق حضور کا علمِ غیب ثابت ہے، اور یہ ان آیتوں کے منافی نہیں جو بتاتی ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی غیب نہیں جانتا اور یہ کہ نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو اس کہنے کا حکم ہوکہ میں غیب جانتا تو اپنے لئے بہت خیر جمع کرلیتا اس لئے کہ آیتوں میں نفی اس علم کی ہے جو بغیر خدا کے بتائے ہو اور اللہ تعالٰی کے بتائے سے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو علمِ غیب ملنا تو قرآن عظیم سے ثابت ہے کہ اللہ اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسول کے۔ (ت)

---

[1] مفاتیح الغیب

[2] نسیم الریاض شرح الشفاء للقاضی عیاض ومن ذٰلک ما اطلع علیہ من الغیوب مرکز اہلسنت برکاتِ رضا ۳/۱۵۰

(۳۵) تفسیر نیشاپوری میں ہے :

لا اعلم الغیب فیہ دلالۃ علی ان الغیب بالاستقلال لا یعلمہ الا اللہ[1]
آیت کے یہ معنیٰ ہیں کہ علم غیب جو بذاتِ خود ہو وہ خدا کے ساتھ خاص ہے۔

(۳۶) تفسیر انموذج جلیل میں ہے :

معناہ لا یعلم الغیب بلا دلیل الا اللہ او بلا تعلیم الا اللہ او جمیع الغیب الا اللہ۔[2]
آیت کے یہ معنیٰ ہیں کہ غیب کو بلا دلیل و بلا تعلیم جاننا یا جمیع غیب کو محیط ہونا یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے۔

(۳۷) جامع الفصولین میں ہے :

یجاب بانہ یمکن التوفیق بان المنفی ھو العلم بالاستقلال لا العلم بالاعلام او المنفی ھو المجزوم بہ لا المظنون ویؤیدہ قولہ تعالٰی اتجعل فیھا من یفسد فیھا الأیۃ لانہ غیب اخبر بہ الملٰئکۃ ظنا منھم او باعلام الحق فینبغی ان یکفر لو ادعاہ مستقلاً لا لو اخبر بہ باعلام فی نومہ او یقظتہ بنوع من الکشف اذ لا منافاۃ بینہ وبین الأیۃ لما مرّ من التوفیق[3]
(یعنی فقہاء نے دعویٰ علم غیب پر حکم کفر کیا اور حدیثوں اور ائمہ ثقات کی کتابوں میں بہت غیب کی خبریں موجود ہیں جن کا انکار نہیں ہو سکتا)۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ان میں تطبیق یوں ہو سکتی ہے کہ فقہاء نے اس کی نفی کی ہے کہ کسی کے لئے بذاتِ خود علمِ غیب مانا جائے، خدا کے بتائے سے علمِ غیب کی نفی نہ کی، یا نفی قطعی کی ہے نہ ظنی کی، اور اس کی تائید یہ آیت کریمہ کرتی ہے فرشتوں نے عرض کی کیا تو زمین میں ایسوں کو خلیفہ کرے گا جو اس میں فساد و خونریزی کریں گے۔ ملائکہ غیب کی خبر بولے مگر ظناً یا خدا کے بتائے سے۔ تو تکفیر اس پر چاہئے کہ کوئی بے خدا کے بتائے علمِ غیب ملنے کا دعویٰ کرے نہ یوں کہ براہِ کشف جاگتے یا سوتے میں خدا کے بتائے سے، ایسا علمِ غیب آیت کے کچھ منافی نہیں۔

---

[1] غرائب القرآن (تفسیر النیسابوری) تحت آیۃ ۶/ ۵۰ مصطفی البابی مصر ۷/ ۱۱۰

[2]

[3] جامع الفصولین الفصل الثامن والثلاثون اسلامی کتب خانہ کراچی ۲/ ۳۰۲

(۳۸ و ۳۹) ردالمحتار میں امام صاحبِ ہدایہ کی مختارات النوازل سے ہے:

لو ادعی علم الغیب بنفسه یکفر[1]

اگر بذاتِ خود علمِ غیب حاصل کرلینے کا دعوٰی کرے تو کافر ہے۔

(۴۰ تا ۴۴) اسی میں ہے:

قال فی التتارخانیة و فی الحجة ذکر فی الملتقط انه لایکفر لان الاشیاء تعرض علی روح النبی صلی اللّٰه تعالٰی علیه وسلم وان الرسل یعرفون بعض الغیب قال اللّٰه تعالٰی عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه احدا الامن ارتضی من رسول اھ، قلت بل ذکروا فی کتب العقائد ان من جملة کرامات الاولیاء الاطلاع علی بعض المغیبات وردوا علی المعتزلة المستدلین بهٰذه الاٰیات علی نفیها۔[2]

تاتارخانیہ میں ہے کہ فتاوٰی حجہ میں ہے ملتقط میں فرمایا کہ "جس نے اللہ و رسول کو گواہ کرکے نکاح کیا کافر نہ ہوگا کہ اشیاء نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی روحِ مبارک پر عرض کی جاتی ہیں اور بیشک رسولوں کو بعض علمِ غیب ہے، اللہ تعالٰی فرماتا ہے: "غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا مگر اپنے پسندیدہ رسولوں کو۔ علامہ شامی نے فرمایا کہ بلکہ ائمہ اہلسنت نے کتبِ عقائد میں فرمایا کہ بعض غیبوں کا علم ہونا اولیاء کی کرامت سے ہے اور معتزلہ نے اس آیت کو اولیاء کرام سے اس کی نفی پر دلیل قرار دیا۔ ہمارے ائمہ نے اس کا رد کیا یعنی ثابت فرمایا کہ آیۂ کریمہ اولیاء سے بھی مطلقاً علمِ غیب کی نفی نہیں فرماتی۔

(۴۵) تفسیر غرائب القرآن و رغائب الفرقان میں ہے:

لم ینف الا الدرایة من قبل نفسه و ما نفی الدرایة من جهة الوحی[3]

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنی ذات سے جاننے کی نفی فرمائی ہے خدا کے بتائے سے جاننے کی نفی نہیں فرمائی۔

(۴۶ و ۴۷) تفسیر جمل شرح جلالین و تفسیر خازن میں ہے:

---

[1] ردالمحتار کتاب الجهاد باب المرتد داراحیاء التراث العربی بیروت ۳/ ۲۹۷

[2] ردالمحتار کتاب النکاح قبیل فصل فی المحرمات " " " ۲/ ۲۷۶

[3] غرائب القرآن (تفسیر النیسابوری) تحت الآیة ۴۶/ ۹ مصطفی البابی مصر ۲۶/ ۸

المعنی لا اعلم الغیب الا ان یطلعنی اللہ تعالیٰ علیہ[1]

آیت میں جو ارشاد ہوا کہ میں غیب نہیں جانتا، اس کے معنٰی یہ ہیں کہ میں بے خدا کے بتائے نہیں جانتا۔

(۴۸) تفسیر البیضاوی میں ہے:

لا اعلم الغیب مالم یوح الی ولم ینصب علیہ دلیل[2]

آیت کے یہ معنی ہیں کہ جب تک کوئی وحی یا کوئی دلیل قائم نہ ہو مجھے بذاتِ خود غیب کا علم نہیں ہوتا۔

(۴۹) تفسیر عنایۃ القاضی میں ہے:

وعندہ مفاتیح الغیب وجہ اختصاصھا بہ تعالیٰ انہ لا یعلمہا کما ھی ابتداءً الا ھو[3]

یہ جو آیت میں فرمایا کہ غیب کی کنجیاں اللہ ہی کے پاس ہیں اُس کے سوا انھیں کوئی نہیں جانتا اس خصوصیت کے یہ معنیٰ ہیں کہ ابتداءً بغیر بتائے ان کی حقیقت دوسرے پر نہیں کھلتی۔

(۵۰) تفسیر علامہ نیشاپوری میں ہے:

(قل لا اقول لکم) لم یقل لیس عندی خزائن اللہ لیعلم ان خزائن اللہ وھی العلم بحقائق الاشیاء وماھیاتہا عندہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باستجابۃ دعائہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی قولہ ارنا الاشیاء کما ھی ولکنہ یکلم الناس علی قدر عقولھم (ولا اعلم الغیب) ای لا اقول لکم ھذا مع انہ قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علمت ماکان وما سیکون[4] اھ مختصراً۔

یعنی ارشاد ہوا کہ اے نبی! فرمادو کہ میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں، یعنی یہ نہیں فرمایا کہ اللہ کے خزانے میرے پاس نہیں، بلکہ یہ فرمایا کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس ہیں، تاکہ معلوم ہو جائے کہ اللہ کے خزانے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ہیں مگر حضور لوگوں

---

[1] لباب التاویل (تفسیر الخازن) تحت الآیۃ ۷/ ۱۸۸ و ۲/ ۲۸۰ والفتوحات الالٰہیۃ (تفسیر الجمل) ۳/ ۱۵۸

[2] انوار التنزیل (تفسیر البیضاوی) " " ۶/ ۵۰ دار الفکر بیروت ۲/ ۴۱۰

[3] عنایۃ القاضی علی تفسیر البیضاوی " " ۶/ ۵۸ دار صادر بیروت ۴/ ۷۳

[4] غرائب القرآن (تفسیر النیسابوری) " " ۶/ ۵۰ مصطفی البابی مصر ۷/ ۱۱۲

سے ان کی سمجھ کے قابل باتیں فرماتے ہیں، اور وہ خزانے کیا ہیں، تمام اشیاء کی حقیقت وماہیت کا علم۔ حضور نے اسی کے ملنے کی دعا کی اور اللہ عزوجل نے قبول فرمائی۔ پھر فرمایا: میں غیب نہیں جانتا یعنی تم سے نہیں کہتا کہ مجھے غیب کا علم ہے۔ ورنہ حضور تو خود فرماتے ہیں: مجھے ماکان ومایکون کا علم ملا یعنی جو کچھ ہو گزرا اور جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے انتہی۔

الحمدللہ اس آیہ کریمہ کی کہ "فرمادو میں غیب نہیں جانتا" ایک تفسیر وہ تھی جو تفسیر کبیر سے گزری کہ احاطۂ جمیع غیوب کی نفی ہے نہ کہ غیب کا علم ہی نہیں۔

دوسری وہ تھی جو بہت کتب سے گزری کہ بے خدا کے بتائے جاننے کی نفی ہے نہ یہ کہ بتائے سے بھی مجھے علم غیب نہیں۔

اب بحمداللہ تعالٰی سب سے لطیف تر یہ تیسری تفسیر ہے کہ میں تم سے نہیں کہتا کہ مجھے علم غیب ہے اس لئے کہ اے کافرو! تم ان باتوں کے اہل نہیں ہو ورنہ واقع میں مجھے ماکان ومایکون کا علم ملا ہے۔ والحمدللہ رب العلمین۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۴۶ تا ۴۵۰)

(۴۹) مزید فرمایا:

(۷۵) تفسیر کبیر میں زیر آیہ کریمہ "وکذٰلک نری ابرٰھیم ملکوت السمٰوٰت والارض"[1] (اور اسی طرح ہم ابراہیم کو دکھاتے ہیں ساری بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔ ت) فرمایا:

الاطلاع علی اٰثار حکمۃ اللہ تعالٰی فی کل واحد من مخلوقات ھذا العالم بحسب اجناسھا وانواعھا واصنافھا واشخاصھا واحوالھا مما لا یحصل الا للاکابر من الانبیاء علیھم الصلوٰۃ والسلام ولھذا المعنی کان رسولنا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یقول فی دعائہ اللھم ارنا الاشیاء کما ھی[2]

اس عالم کی تمام جنسوں اور نوعوں اور صنفوں اور شخصوں اور جرموں ہر ہر مخلوق میں حکمت الٰہیہ کے آثار پر انھیں اکابر کو اطلاع ہوتی ہے جو انبیاء ہیں علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ اسی لئے حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے دعا فرمائی کہ الٰہی! ہم کو تمام چیزیں جیسی وہ ہیں دکھا دے اھ۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۶۰)

---

[1] القرآن الکریم ۶/ ۷۵

[2] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۶/ ۷۵ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۳/ ۳۷

(۵۰) مزید فرمایا:

(۷۶) یہی مضمون شریف تفسیر نیشاپوری میں بایں عبارت ہے:

الاطلاع علی تفاصیل اٰثار حکمۃ اللہ تعالٰی فی کل واحد من مخلوقات ھٰذہ العوالم بحسب اجناسھا وانواعھا واصنافھا واشخاصھا وعوارضھا ولواحقھا کما ھی لاتحصل الا لاکابر الانبیاء ولھذا قال صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فی دعائہ ارنی الاشیاء کما ھی۔[1]

ان عالموں کی مخلوقات میں سے ہر ایک کے تمام آثار حکمتِ الٰہیہ پر ان کی جنسوں، نوعوں، قسموں اور فردوں نیز عوارض ولواحق حقیقیہ پر مطلع ہونا اکابر انبیاء کے علاوہ کسی کو حاصل نہیں ہوتا، اسی وجہ سے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے دعاء میں عرض کیا کہ مجھے اشیاء کی حقیقتیں جیسی وہ ہیں دکھا۔ (ت)

اس میں اٰثار حکمۃ اللہ کے ساتھ تفاصیل زائد ہے اور ھٰذا العالم کی جگہ ھٰذہ العوالم ہے کہ نظر تفصیلی پر زیادہ دلالت کرتا ہے، اور اجناس وانواع واصناف و اشخاص کے ساتھ عوارض و لواحق بھی مذکور ہے کہ احاطۂ جملہ جواہر و اعراض میں تصریح تر ہو اگرچہ اجناس عالم میں عوارض بھی داخل تھے پھر ان کے ساتھ کما ھی کا لفظ اور زیادہ ہے کہ صحت علم غیر مشوب بالخطاء والوہم (غلطی اور وہم کی آلائش سے پاک۔ ت) کی تاکید ہو فجزاھم اللہ تعالٰی خیر جزاء اٰمین۔

(۷۷) نیشاپوری میں زیر آیہ کریمہ "وجئنا بك علی ھٰؤلاء شھیدا"[2] (اور اے محبوب! تمھیں ان سب پر گواہ اور نگہبان بنا کر لائیں گے۔ ت) فرمایا:

لان روحہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم شاھد علی جمیع الارواح و القلوب والنفوس لقولہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اول ما خلق اللہ روحی۔[3]

یہ جو رب عزوجل نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے فرمایا کہ "ہم تمھیں ان

---

[1] غرائب القرآن (تفسیر النیسابوری) آیۃ ۶/ ۷۵ مصطفی البابی مصر ۷/ ۱۴۱

[2] القرآن الکریم ۴/ ۴۱

[3] غرائب القرآن

سب پر گواہ بنا کر لائیں گے" اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روحِ انور تمام جہان میں ہر ایک کی رُوح، ہر ایک کے دل، ہر ایک کے نفس کا مشاہدہ فرماتی ہے (کوئی روح، کوئی دل، کوئی نفس اُن کی نظرِ کریم سے اوجھل نہیں، جب تو سب پر گواہ بنا کر لائے جائیں گے کہ شاہد کو مشاہدہ ضرور ہے) اس لئے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میری رُوحِ کریم کو پیدا کیا (تو عالم میں جو کچھ ہوا حضور کے سامنے ہی ہوا)۔

(۸ ۷) حافظ الحدیث سیدی احمد سلجماسی قدس سرہٗ اپنے شیخ کریم حضرت سیدی عبدالعزیز ابن مسعود دباغ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتاب مستطاب ابریز میں روایت فرماتے ہیں کہ انھوں نے آیہ کریمہ "وعلّم اٰدم الاسماء کلّہا"[1] (اور اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام اشیاء کے نام سکھائے۔ ت) کے متعلق فرمایا:

المراد بالاسماء الاسماء العالیۃ لا الاسماء النازلۃ فان کل مخلوق لہ اسمٌ عالٍ واسم نازل، فالاسم النازل ھو الذی یشعر بالمسمّٰی فی الجملۃ والاسم العالی ھو الذی یشعر باصل المسمّٰی ومن ایّ شیئ ھو وبفائدۃ المسمّٰی ولای شیئ یصلح الفاس من سائر ما یستعمل فیہ وکیفیۃ صنعۃ الحداد لہ فیعلم من مجرد سماع لفظۃ ھٰذہ العلوم والمعارف المتعلقۃ بالفاس وھکذا کل مخلوق، والمراد بقولہ تعالٰی "الاسماء کلھا" الاسماء التی یطیقھا اٰدم ویحتاج الیھا سائر البشر اولھم بھا تعلق، وھی من کل مخلوق تحت العرش الی ما تحت الارض، فیدخل فی ذٰلک الجنۃ والنار والسمٰوٰت السبع وما فیھن وما بینھن وما بین السماء والارض وما فی الارض من البراری والقفار والاودیۃ والبحار والاشجار فکل مخلوق فی ذٰلک ناطق او جامدٌ الّا و اٰدم یعرف من اسمہ تلک الامور الثلٰثۃ اصلہ و فائدتہ وکیفیۃ ترتیبہ ووضع شکلہ فیعلم من اسم الجنۃ من ایّ خلقت ولایّ شیئ خلقت، وترتیب مراتبھا وجمیع ما فیھا من الحور وعدد من یسکنھا بعد البعث و یعلم من

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۳۱

لفظ الناس مثل ذٰلك ويعلم من لفظ السماء مثل ذٰلك ولایّ شیٔ کانت الاولیٰ فی محلها والثانیة وهٰکذا فی کل سماء ویعلم من لفظ الملئکة من ایّ شیٔ خلقوا ولایّ شیٔ خلقوا وکیفیة خلقهم وترتیب مراتبهم وبایّ شیٔ استحق هذا الملك هذا المقام واستحق غیره مقامًا اٰخر وهٰکذا فی کل ملك فی العرش الیٰ ما تحت الارض، فهٰذه علوم اٰدم واولاده من الانبیاء علیهم الصلوٰة والسلام والاولیاء الکمل رضی الله تعالیٰ عنهم اجمعین، وانما خص اٰدم بالذکر لانه اول من علم هٰذه العلوم ومن علمها من اولاده فانما علمها بعده ولیس المراد انه لا یعلمها الا اٰدم وانما خصصناها بما یحتاج الیه وذریته وبما یطیقونه لئلا یلزم من عدم التخصص الاحاطة بمعلومات الله تعالیٰ وانما قال "تنزلت" اشارة الی الفرق بین علم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بهٰذه العلوم وبین علم اٰدم وغیره من الانبیاء علیهم الصلوٰة والسلام بها فانهم اذا توجهوا الیها یحصل لهم شبه مقام عن مشاهدة الحق سبحانه وتعالیٰ واذا توجهوا نحو مشاهدة الحق سبحانه وتعالیٰ حصل لهم شبه النوم عن هٰذه العلوم، ونبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لقوته لا یشغله هذا عن هذا فهو اذا توجه نحو الحق سبحانه وتعالیٰ حصلت له المشاهدة التامة وحصل له مع ذٰلك مشاهدة هٰذه العلوم وغیرها مما لا یطلق واذا توجه نحو هٰذه العلوم حصلت له مع حصول هذه المشاهدة فی الحق سبحٰنه وتعالیٰ فلا تحجبه مشاهدة الحق عن مشاهدة الخلق ولا مشاهدة الخلق عن مشاهدة الحق سبحٰنه وتعالیٰ۔[1]

اس کلام نورانی واعلام ربانی ایمان افروز، کفران سوز کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر چیز کے دو نام ہیں علوی وسفلی۔ سفلی نام تو صرف مسمّٰی سے صرف ایک گونہ آگاہی دیتا ہے۔ اور علوی نام سنتے ہی یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ مسمّٰی کی حقیقت وماہیت کیا ہے اور کیونکر پیدا ہوا اور کاہے سے بنا اور کس لئے بنا۔ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تمام اشیاء کے یہ علوی نام تعلیم فرمائے گئے جس سے انھوں نے حسبِ طاقت وحاجتِ بشری تمام اشیاء جان لیں، اور یہ زیرِ عرش سے زیرِ فرش

---

[1] الابریز الباب السابع دار صادر بیروت ص ۳۹۳

تک کی تمام چیزیں ہیں جس میں جنت و دوزخ و ہفت آسمان اور جو کچھ اُن میں ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور جو کچھ آسمان و زمین کے درمیان ہے اور جنگل اور صحرا اور نالے اور دریا اور درخت وغیرہ جو کچھ زمین میں ہے غرض یہ تمام مخلوقات ناطق وغیر ناطق ان کے صرف نام سننے سے آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو معلوم ہو گیا کہ عرش سے فرش تک ہر شئے کی حقیقت یہ ہے اور فائدہ یہ ہے اور اس ترتیب سے اس شکل پر ہے، جنت کا نام سنتے ہی انھوں نے جان لیا کہ کہاں سے بنی اور کس لئے بنی اور اس کے مرتبوں کی ترتیب کیا ہے اور جس قدر اس میں حوریں ہیں اور قیامت کے بعد اتنے لوگ اس میں جائیں گے۔ اسی طرح نار (دوزخ)، یوں ہی آسمان، اور یہ کہ پہلا آسمان وہاں کیوں ہوا اور دوسرا دوسری جگہ کیوں ہوا۔ اسی طرح ملائکہ کا لفظ سننے سے انھوں نے جان لیا کہ کاہے سے بنے اور کیونکر بنے اور ان کے مرتبوں کی ترتیب کیا ہے اور کس لئے یہ فرشتہ اس مقام کا مستحق ہوا اور دوسرا دوسرے کا۔ اسی طرح عرش سے زیرِ زمین تک ہر فرشتے کا حال۔ اور یہ تمام علوم صرف آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی کو نہیں بلکہ ہر نبی اور ہر ولیِ کامل کو عطا ہوئے ہیں علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ آدم کا نام خاص اس لئے لیا کہ ان کو یہ علوم پہلے ملے۔ پھر فرمایا کہ ہم نے بقدرِ طاقت وحاجت کی قید لگا کر صرف عرش تا فرش کی تمام اشیاء کا احاطہ اس لئے رکھا کہ جملہ معلوماتِ الٰہیہ کا احاطہ نہ لازم آئے اور ان علوم میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم و دیگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام میں یہ فرق ہے کہ اور جب ان علوم کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو ان کو مشاہدۂ حضرت عزت جلالہ سے ایک گونہ غفلت سی ہو جاتی ہے اور جب مشاہدۂ حق کی طرف توجہ فرمائیں تو ان علوم کی طرف سے ایک نیند سی آجاتی ہے مگر ہمارے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو ان کی کمال قوت کے سبب ایک علم دوسرے علم سے مشغول نہیں کرتا، وہ عین مشاہدۂ حق کے وقت ان تمام علوم اور ان کے سوا اور علموں کو جانتے ہیں جن کی طاقت کسی میں نہیں اور ان علوم کی طرف عین توجہ میں مشاہدۂ حق فرماتے ہیں، اور ان کو نہ مشاہدۂ حق مشاہدۂ خلق سے پردہ ہو نہ مشاہدۂ خلق مشاہدۂ حق سے۔ پاکی و بلندی اُسے جس نے اُن کو یہ علوم اور یہ قوتیں بخشیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۶۱ تا ۴۶۵)

(۵۱) رسالہ "خالص الاعتقاد" میں مزید فرمایا:

(۱۰۲) امام رازی تفسیر کبیر میں ردِ معتزلہ کے لئے حقیقتِ کراماتِ اولیاء پر دلائل قائم کرنے میں فرماتے ہیں:

الحجة السادسة لا شك انّ المتولی للافعال ھو الروح لا البدن ولھذا نری ان کل من کان اکثر علماً باحوال عالم الغیب کان اقوٰی قلباً ولھذا قال علی کرم اللہ تعالٰی وجھہ واللہ ماقلعت باب خیبر بقوۃ جسدانیۃ ولکن بقوۃ ربانیۃ وکذٰلک العبد اذا واظب علی الطاعات بلغ الی المقام الذی یقول اللہ تعالٰی کنت لہ سمعًا وبصرًا فاذا صار نور جلال اللہ تعالٰی سمعًا لہ سمع القریب و البعید واذا صار ذٰلک النور بصرًا لہ رأی القریب والبعید واذا صار ذٰلک النور یدًا لہ قدر علی التصرف فی الصعب والسھل والبعید والقریب[1]۔

یعنی اہلِ سنت کی چھٹی دلیل یہ ہے کہ بلاشبہہ افعال کی متولی تو رُوح ہے نہ کہ بدن۔ اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ جسے احوال عالمِ غیب کا علم زیادہ ہے اس کا دل زیادہ زبردست ہوتا ہے۔ و لہذا مولا علی کرم اللہ تعالٰے وجہہ نے فرمایا : خدا کی قسم میں نے خیبر کا دروازہ جسم کی قوت سے نہ اکھیڑا بلکہ ربّانی طاقت سے۔ اسی طرح بندہ جب ہمیشہ طاعت میں لگا رہتا ہے تو اس مقام تک پہنچتا ہے جس کی نسبت رب عزوجل فرماتا ہے کہ وہاں میں خود اس کے کان آنکھ ہوجاتا ہُوں تو جب اجلالِ الٰہی کا نور اس کا کان ہوجاتا ہے بندہ نزدیک دُور سب سُنتا ہے، اور جب وہ نور اس کی آنکھ ہوجاتا ہے بندہ نزدیک و دُور سب دیکھتا ہے، اور جب وہ نور اس کا ہاتھ ہوجاتا ہے بندہ سہل و دشوار و نزدیک و دُور میں تصرفات کرتا ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۷۰ ، ۴۷۱)

(۵۲) رسالہ " خالص الاعتقاد " میں مزید فرمایا :

(۱۱۵) تفسیر کبیر زیر آیہ کریمہ " عالم الغیب فلا یظھر علٰی غیبہ احدًا الّا من ارتضٰی من رسول[2] " فرمایا :

ای وقت وقوع القیٰمۃ من الغیب الذی لا یظھرہ اللہ لاحد فان قیل فاذا حملتم ذٰلک علی القیٰمۃ فکیف قال " الّا من ارتضٰی من رسول " مع انہ لا یظھر ھذا الغیب لاحد قلنا بل یظھرہ عند قرب القیٰمۃ[3] (ملخصًا)۔

---

[1] مفاتیح الغیب (تفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۱۸/ ۹ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲۱/ ۷۷

[2] القرآن الکریم ۷۲/ ۲۶ و ۲۷

[3] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت آیۃ ۷۲/ ۲۶ المطبعۃ البہیۃ المصریہ مصر ۳۰/ ۱۶۸

یعنی قیامت کے واقع ہونے کا وقت اس غیب میں سے ہے جس کو اللہ تعالیٰ کسی پر ظاہر نہیں کرتا۔ اگر کہا جائے کہ جب تم نے آیت کو علمِ قیامت پر محمول کیا تو کیسے اللہ نے فرمایا الا من ارتضی من رسول، باوجودیکہ یہ غیب اللہ کسی پر ظاہر نہیں کرے گا، ہم جواب دیں گے کہ قیامت کے قریب ظاہر کرے گا ملخصًا (ت)

اس نفیس تفسیر نے صاف معنیٔ آیت یہ ٹھہرائے کہ اللہ عالم الغیب ہے وہ وقتِ قیامت کا علم کسی کو نہیں دیتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

(۱۱۶) علامہ سعد الدین تفتازانی شرح مقاصد میں فرقۂ باطلہ معتزلہ خذلہم اللہ تعالیٰ کے کراماتِ اولیاء سے انکار اور ان کے شبہاتِ فاسدہ کے ذکر و ابطال میں فرماتے ہیں:

الخامس وھو فی الاخبار عن المغیبات قولہ تعالیٰ عالم الغیب فلا یظھر علیٰ غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول خص الرسل من بین المرتضین بالاطلاع علی الغیب فلا یطلع غیرھم و ان کانوا اولیاء مرتضین، الجواب ان الغیب ھٰھنا لیس للعموم بل مطلق او معین ھو وقت وقوع القیٰمۃ بقرینۃ السیاق و لایبعد ان یطلع علیہ بعض الرسل من الملٰئکۃ او البشر فیصح الاستثناء۔[1]

یعنی معتزلہ کی پانچویں دلیل خاص علمِ غیب کے بارے میں ہے وہ گمراہ کہتے ہیں کہ اولیاء کو غیب کا علم نہیں ہوسکتا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے "غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر مسلط نہیں کرتا مگر اپنے پسندیدہ رسولوں کو" جب غیب پر اطلاع رسولوں کے ساتھ خاص ہے تو اولیاء کیونکر غیب جان سکتے ہیں۔ ائمۂ اہلسنت نے جواب دیا کہ یہاں غیب عام نہیں جس کے یہ معنے ہوں کہ کوئی غیب رسولوں کے سوا کسی کو نہیں بتاتا جس سے مطلقًا اولیاء کے علومِ غیب کی نفی ہوسکے بلکہ یہ تو مطلق ہے (یعنی کچھ غیب ایسے ہیں کہ غیر رسول کو نہیں معلوم ہوتے) یا خاص وقت وقوعِ قیامت مراد ہے (کہ خاص اس غیب کی اطلاع رسولوں کے سوا اوروں کو نہیں دیتے) اور اس پر قرینہ یہ ہے کہ اوپر کی آیت میں غیب قیامت ہی کا ذکر ہے (تو آیت سے صرف اتنا نکلا کہ بعض غیبوں یا خاص وقتِ قیامت کی تعیین پر اولیاء کو اطلاع نہیں ہوتی، نہ یہ کہ اولیاء کوئی غیب نہیں جانتے، اس پر اگر شبہہ کیجئے کہ اللہ تو رسولوں کا استثناء فرما رہا ہے کہ وہ ان غیبوں پر مطلع ہوتے ہیں جن کو اور لوگ

---

[1] شرح المقاصد المبحث الثامن الولی ھو العارف باللہ تعالیٰ دار المعارف النعمانیہ لاہور ۲/ ۲۰۴، ۲۰۵

نہیں جانتے ، اب اگر اس سے تعیینِ وقتِ قیامت لیجئے تو رسولوں کا بھی استثناء نہ رہے گا کہ یہ تو اُن کو بھی نہیں بتایا جاتا ، اس کا جواب یہ فرمایا کہ) ملائکہ یا بشر سے بعض رسولوں کو تعیین وقت قیامت کا علم ملنا کچھ بعید نہیں تو استثناء کہ اللہ عزوجل نے فرمایا ضرور صحیح ہے۔

(۱۱۷) امام قسطلانی شرح بخاری تفسیر سورۂ رعد میں فرماتے ہیں:

لایعلم متی تقوم الساعۃ الا اللہ الا من ارتضی من رسول فانہ یطلعہ علی من یشاء من غیبہ والولی التابع لہ یاخذ عنہ[1]

کوئی غیر خدا نہیں جانتا کہ قیامت کب آئے گی سوائے اس کے پسندیدہ رسولوں کے کہ انھیں اپنے جس غیب پر چاہے اطلاع دیتا ہے (یعنی وقتِ قیامت کا علم بھی ان پر بند نہیں) رہے اولیاء وہ رسولوں کے تابع ہیں ان سے علم حاصل کرتے ہیں۔

یہاں اس خاص غیب کے علم میں بھی اولیاء کے لئے راہ رکھی ، مگر یوں کہ اصالۃً انبیاء کو ہے اور ان کو ان سے ملتا ہے ، اور حق یہی ہے کہ آیۂ کریمہ غیر رسل سے علم غیوب میں اصالت کی نفی فرماتی ہے نہ کہ مطلق علم کی۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۷۴ تا ۴۷۶)

(۵۳) نبی اکرم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے عالم ما کان وما یکون ہونے کے بارے میں تحریر کردہ رسالہ "انباء المصطفٰی بحال سر واخفٰی" میں فرمایا:

بیشک حضرت عزت عظمتہ نے اپنے حبیب اکرم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو تمامی اولین آخرین کا علم عطا فرمایا۔ شرق تا غرب ، عرش تا فرش سب انھیں دکھایا ، ملکوت السمٰوٰت والارض کا شاہد بنایا ، روزِ اول سے روزِ آخر تک سب ما کان وما یکون انھیں بتایا ، اشیائے مذکورہ سے کوئی ذرہ حضور کے علم سے باہر نہ رہا ، علمِ عظیم حبیب کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم ان سب کو محیط ہوا ، نہ صرف اجمالاً بلکہ صغیر وکبیر ، ہر رطب ویابس ، جو پتّہ گرتا ہے زمین کی اندھیریوں میں جو دانہ کہیں پڑا ہے سب کو جدا جدا تفصیلاً جان لیا ، للہ الحمد کثیراً۔ بلکہ یہ جو کچھ بیان ہوا ہرگز ہرگز محمد رسول اللہ کا پورا علم نہیں صلے اللہ تعالٰے علیہ وعلٰی آلہٖ وصحبہٖ اجمعین وکرّم ، بلکہ علمِ حضور سے ایک چھوٹا حصہ ہے ، ہنوز احاطۂ علمِ محمدی میں وہ ہزار در ہزار بحید وبے کنار سمندر لہرا رہے ہیں جن کی حقیقت کو وہ خود جانیں یا ان کا عطا کرنے والا ان کا مالک ومولٰی جل وعلا الحمد للہ

---

[1] ارشاد الساری شرح صحیح البخاری کتاب التفسیر سورۃ الرعد دار الکتاب العربی بیروت ۷/ ۱۸۶

العلیّ الاعلیٰ۔

کتبِ حدیث وتصانیفِ علمائے قدیم وحدیث میں اس کے دلائل کا بسط شافی اور بیان وافی ہے اور اگر کچھ نہ ہو تو بحمد اللہ قرآن عظیم خود شاہد عدل وحکم فصل ہے۔

## آیاتِ قرآنی

قال اللہ تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ت):

ونزلنا علیک الکتٰب تبیانًا لکل شیئ وھدی ورحمۃ وبشری للمسلمین[1]

اتاری ہم نے تم پر کتاب جو ہر چیز کا روشن بیان ہے اور مسلمانوں کے لئے ہدایت ورحمت وبشارت۔

قال اللہ تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ت):

ما کان حدیثًا یفتری ولکن تصدیق الذی بین یدیہ وتفصیل کل شیئ۔[2]

قرآن وہ بات نہیں جو بنائی جائے بلکہ اگلی کتابوں کی تصدیق ہے اور ہر شے کا صاف جدا جدا بیان ہے۔

وقال اللہ تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ت):

ما فرّطنا فی الکتٰب من شیئ۔[3]

ہم نے کتاب میں کوئی شے اٹھا نہیں رکھی۔

**اقول** وباللہ التوفیق (میں کہتا ہوں اللہ تعالیٰ کی توفیق کے ساتھ۔ ت) جب فرقان مجید میں ہر شے کا بیان ہے اور بیان بھی کیسا، روشن، اور روشن بھی کس درجہ کا، مفصل، اور اہلسنت کے مذہب میں شے ہر موجود کو کہتے ہیں، تو عرش تا فرش تمام کائنات جملہ موجودات اس بیان کے احاطے میں داخل ہوئے اور منجملہ موجودات کتابت لوحِ محفوظ بھی ہے تا بالضرورت یہ بیانات محیط، اس کے مکتوب بھی بالتفصیل شامل ہوئے۔ اب یہ بھی قرآن عظیم سے ہی پوچھ دیکھئے کہ لوحِ محفوظ میں کیا کیا لکھا ہے۔

---

[1] القرآن الکریم ۱۶/ ۸۹
[2] القرآن الکریم ۱۲/ ۱۱۱
[3] ؍؍ ؍؍ ۶/ ۳۸

قال اللہ تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ت):

وکل صغیر وکبیر مستطر[1]

ہر چھوٹی بڑی چیز لکھی ہوئی ہے۔

وقال اللہ تعالیٰ (اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ت):

وکل شیئ احصینٰہ فی امام مبین[2]

اور ہر شَے ہم نے ایک روشن پیشوا میں جمع فرمادی ہے۔

وقال اللہ تعالیٰ (اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ت):

ولا حبّۃ فی ظلمٰت الارض ولا رطب ولا یابس الّا فی کتٰب مبین[3]

کوئی دانہ نہیں زمین کی اندھیریوں میں اور نہ کوئی تر اور نہ کوئی خشک مگر یہ کہ سب ایک روشن کتاب میں لکھا ہے۔

اور اصول میں مبرہن ہوچکا کہ نکرہ حیز نفی میں مفید عموم ہے اور لفظ کُل تو ایسا عام ہے کہ کبھی خاص ہوکر مستعمل ہی نہیں ہوتا اور عام افادۂ استغراق میں قطعی ہے اور نصوص ہمیشہ ظاہر پر محمول رہیں گی۔ بے دلیل شرعی تخصیص و تاویل کی اجازت نہیں، ورنہ شریعت سے امان اُٹھ جائے، نہ احادیث احاد اگرچہ کیسے ہی اعلیٰ درجے کی ہوں، عموم قرآن کی تخصیص کرسکیں بلکہ اس کے حضور مضمحل ہوجائیں گی بلکہ تخصیص متراخی نسخ ہے اور اخبار کا نسخ ناممکن اور تخصیص عقلی عام کو قطعیت سے نازل نہیں کرتی نہ اس کے اعتماد پر کسی ظنی سے تخصیص ہوسکے تو بحمد اللہ تعالیٰ کیسے نص صحیح قطعی سے روشن ہوا کہ ہمارے حضور صاحبِ قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم کو اللہ تعالیٰ عزوجل نے تمام موجودات جملہ ماکان ومایکون الیٰ یوم القیٰمۃ جمیع مندرجاتِ لوحِ محفوظ کا علم دیا اور شرق وغرب وسما وارض وعرش وفرش میں کوئی ذرّہ حضور کے علم سے باہر نہ رہا وللہ الحجّۃ السّاطعۃ، اور جبکہ یہ علم قرآن عظیم کے تبیانًا لکل شیئ[4] (ہر چیز کا روشن بیان۔ ت) ہونے نے دیا، اور پُر ظاہر کہ یہ وصف تمام کلام مجید کا ہے، نہ ہر آیت یا سُورت کا۔ تو نزولِ جمیع قرآن شریف سے پہلے اگر بعض انبیاء علیہم الصّلوٰۃ والتسلیم کی نسبت ارشاد ہو لم نقصص علیک[5] (ان کا قصہ

---

[1] القرآن الکریم ۵۴/ ۵۳
[2] القرآن الکریم ۳۶/ ۱۲
[3] " ۶/ ۵۹
[4] " ۱۶/ ۸۹
[5] " ۴۰/ ۷۸

ہم نے آپ پر بیان نہیں کیا۔ ت) یا منافقین کے باب میں فرمایا جائے لاتعلمھم[1] (آپ ان کو نہیں جانتے۔ ت) ہرگز ان آیات کے منافی اور علمِ مصطفوی کا نافی نہیں۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۸۶ تا ۴۸۸)

(۴۵) حدیث "واللہ لا ادری مایفعل بی و لا بکم" سے وہابیہ کے غلط استدلال کا رد کرتے ہوئے فرمایا:

قطع نظر اس کے کہ حدیث اول خود احاد ہے، سلیم الحواس کو سند لانی تھی تو وہ مضمون خود آیت میں تھا اور قطع نظر اس سے کہ اس آیت و حدیث کے کیا معنی ہیں اور قطع نظر اس سے کہ یہ کس وقت کے ارشاد ہیں اور قطع نظر اس سے کہ خود قرآن عظیم واحادیثِ صحیحہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں اس کا ناسخ موجود کہ جب آیۂ کریمہ: لیغفر لك اللہ ما تقدم من ذنبك و ما تاخر[2] (تاکہ اللہ بخش دے تمھارے واسطے سے سب اگلے پچھلے گناہ) نازل ہوئی تو صحابہ نے عرض کی:

ھنیئاً لك یارسول اللہ لقد بیّن اللہ لك ماذا یُفعل بك فماذا یُفعل بنا۔[3]

یارسول اللہ! آپ کو مبارک ہو، خدا کی قسم اللہ عزوجل نے یہ تو صاف بیان فرمادیا کہ حضور کے ساتھ کیا کرے گا، اب رہا یہ کہ ہمارے ساتھ کیا کرے گا۔

اس پر یہ آیت اتری:

لیدخل المؤمنین والمؤمنٰت جنّٰت تجری من تحتھا الانھٰر خٰلدین فیھا ویکفر عنھم سیّاٰتھم وکان ذٰلك عند اللہ فوزاً عظیماً۔[4]

تاکہ داخل کرے اللہ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، ہمیشہ رہیں گے ان میں، اور مٹادے ان سے ان کے گناہ، اور یہ اللہ کے یہاں بڑی مراد پانا ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۹۰، ۴۹۱)

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۱۰۱ [2] القرآن الکریم ۴۸/ ۲

[3] صحیح البخاری کتاب المغازی ۲/ ۶۰۰ و سنن الترمذی کتاب التفسیر حدیث ۳۲۷۴ ۵/ ۱۷۶

و دلائل النبوۃ ۴/ ۱۵۸ و معالم التنزیل تحت الآیۃ ۴۸/ ۲ ۴/ ۱۷۰

و جامع البیان تحت الآیۃ ۴۸/ ۲ ۲۶/ ۸۲

[4] القرآن الکریم ۴۸/ ۵

(۵۵) اپنے خاتمے کا حال حضور اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو معلوم نہ ماننے والوں کے بارے میں فرمایا:

یونہی اس کا قول بدتر از بول کہ "اپنے خاتمے کا بھی حال معلوم نہ تھا" صریح کلمۂ کفر و خسار اور بیشمار آیات قرآنیہ و احادیثِ متواترہ کا انکار ہے۔ آیۂ کریمہ لیغفر لک اللہ مع حدیث صحیحین بخاری و مسلم کہ بحمد اللہ ان مردودوں کی خاص صف اشکنی کے لئے ہی اتری اور مروی و مدون ہوئی اوپر گزری، بعض اور سنئے۔ قال اللہ تعالٰی:

وللاٰخرۃ خیر لک من الاولٰی[1]

اے نبی! بیشک آخرت تمھارے لئے دنیا سے بہتر ہے۔

وقال اللہ تعالٰی (اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ ت):

ولسوف یعطیک ربک فترضٰی[2]

بیشک نزدیک ہے کہ تمھارا رب تمھیں اتنا عطا فرمائے گا کہ تم راضی ہوجاؤ گے۔

وقال اللہ تعالٰی (اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ ت):

یوم لا یخزی اللہ النبی والذین اٰمنوا معہ نورھم یسعٰی بین ایدیھم وبایمانھم[3]

جس دن اللہ رسوا نہ کرے گا نبی اور ان کے صحابہ کو، ان کا نور ان کے آگے اور دہنے جولان[ع] کرے گا۔

وقال اللہ تعالٰی (اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ ت):

عسٰی ان یبعثک ربک مقاما محمودا۔[4]

قریب ہے کہ تمھارا رب تمھیں تعریف کے مکان میں بھیجے گا جہاں اوّلین و آخرین سب تمھاری حمد کریں گے۔

---

ع دوڑے گا ۱۲

---

[1] القرآن الکریم ۹۳/ ۴

[2] القرآن الکریم ۹۳/ ۵

[3] " ۶۶/ ۸

[4] " ۱۷/ ۷۹

وقال اللہ تعالیٰ (اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ت) :

تبٰرك الذی ان شاء جعل لك خیرا من ذٰلك جنّٰتٍ تجری من تحتها الانھٰر و یجعل لك قصورا[1]

بڑی برکت والا ہے وہ جس نے اپنی مشیّت سے تمہارے لئے اس خزانہ و باغ سے (جس کی طلب یہ کافر کررہے ہیں) بہتر چیزیں کردیں جنتیں جن کے نیچے نہریں رواں اور وہ تمھیں بہشت بریں کے اونچے اونچے محل بخشے گا۔

علیٰ قراءۃ الرفع قراءۃ ابن کثیر وابن عامر و روایۃ ابی بکر عن عاصم، الیٰ غیر ذٰلك من الاٰیات۔

یجعل کو مرفوع پڑھنے کی تقدیر پر جو کہ ابن کثیر اور ابن عامر کی قراءۃ ہے اور ابوبکر کی عاصم سے ایک روایت ہے، اس کے علاوہ اور بھی متعدد آیات ہیں۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۵۰۴، ۵۰۵)

(۵۸) مزید فرمایا :

وہ شخص جو شیطان کے علم ملعون کو علم اقدس حضور پر نور عالم ماکان و مایکون صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے زائد کہے اس کا جواب اس کفرستانِ ہند میں کیا ہوسکتا ہے ان شاء اللہ القہار (اگر بہت قہر فرمانے والے خدا نے چاہا۔ ت) روزِ جزا وہ ناپاک ناہنجار اپنے کیفرِ کفری گفتار کو پہنچے گا، وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون[2] (اب جانا چاہتے ہیں ظالم کہ کون سی کروٹ پر پلٹا کھائیں گے۔ ت) یہاں اسی قدر کافی ہے کہ یہ ناپاک کلمہ صراحۃً محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو عیب لگانا ہے، اور حضور صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو عیب لگانا کلمۂ کفر نہ ہوا تو اور کیا کلمۂ کفر ہوگا۔

والذین یؤذون رسول اللہ لھم عذاب الیم[3]

اور جو لوگ رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں اُن کے لئے دُکھ کی مار ہے۔

---

[1] القرآن الکریم ۲۵/۱۰

[2] 〃 ۲۶/۲۲۷

[3] 〃 ۹/۶۱

انّ الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والاٰخرۃ واعدّ لھم عذابًا مھینا۔[1]

جو لوگ ایذا دیتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کو، اللہ نے ان پر لعنت فرمائی ہے دنیا اور آخرت میں، اور اُن کے لئے تیار کر رکھی ہے ذلت والی مار۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۵۰۷)

(۵۷) ثبوتِ شفاعت میں آیاتِ قرآنیہ نقل کرتے ہوئے فرمایا:

# الاٰیات

**آیتِ اُولیٰ:** قال اللہ تعالیٰ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ت):

عسٰی ان یبعثک ربّک مقاما محمودا۔[2]

قریب ہے کہ تیرا رب تجھے مقامِ محمود میں بھیجے۔

حدیث شریف میں ہے حضور شفیع المذنبین صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے عرض کی گئی: مقامِ محمود کیا چیز ہے؟

فرمایا: ھو الشفاعۃ[3] وہ شفاعت ہے۔

**آیتِ ثانیہ:** قال اللہ تعالیٰ (اللہ تعالٰے نے فرمایا۔ت):

ولسوف یعطیک ربّک فترضٰی[4]

اور قریب تر ہے تجھے تیرا رب اتنا دے گا کہ تُو راضی ہو جائے۔

دیلمی مسند الفردوس میں امیر المومنین مولےٰ علی کرم اللہ تعالٰے وجہہ سے راوی، جب یہ آیت اُتری حضور شفیع المذنبین صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:

اذًا لا ارضٰی وواحد من امتی فی النار۔[5]

---

[1] القرآن الکریم ۳۳ / ۵۷ [2] القرآن الکریم ۱۷ / ۷۹

[3] جامع الترمذی ابواب التفسیر سورۃ بنی اسرائیل امین کمپنی دہلی ۲ / ۱۴۲

[4] القرآن الکریم ۹۳ / ۵

[5] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۹۳ / ۵ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳۱ / ۲۹۱

یعنی جب اللہ تعالٰی مجھ سے راضی کر دینے کا وعدہ فرماتا ہے تو میں راضی نہ ہوں گا اگر میرا ایک اُمتی بھی دوزخ میں رہا۔

اللّٰھم صلّ وسلّم و بارك علیہ۔

طبرانی معجم اوسط اور بزار مسند میں جناب مولی المسلمین رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اشفع لامتی حتی ینادینی ربی قد ارضیت یا محمد، فاقول ای رب قد رضیت[1]

میں اپنی اُمّت کی شفاعت کروں گا یہاں تک کہ میرا رب پکارے گا اے محمد! تُو راضی ہوا؟ میں عرض کروں گا: اے رب میرے! میں راضی ہوا۔

**آیتِ ثالثہ**[3]: قال اللہ تعالٰی (اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ ت):

واستغفر لذنبك وللمؤمنین والمؤمنٰت[2]

اے محبوب! اپنے خاصوں اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگو۔

اس آیت میں اللہ تعالٰی نے اپنے حبیب کریم علیہ افضل الصلٰوۃ والتسلیم کو حکم دیتا ہے کہ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کے گناہ مجھ سے بخشواؤ۔ اور شفاعت کا ہے کا نام ہے!

**آیتِ رابعہ**[4]: قال اللہ تعالٰی (اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ ت):

ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جاءوك فاستغفروا اللہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما[3]

اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے پاس حاضر ہوں، پھر خدا سے استغفار کریں، اور رسول ان کی بخشش مانگے تو بیشک اللہ تعالٰی کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

---

[1] المعجم الاوسط حدیث ۲۰۸۳ مکتبۃ المعارف ریاض ۳/ ۴۴
الترغیب والترھیب کتاب البعث فصل فی الشفاعۃ مصطفی البابی مصر ۴/ ۴۴۶
الدر المنثور تحت الآیۃ ۵/ ۹۳ دار احیاء التراث العربی بیروت ۸/ ۴۹۸

[2] القرآن الکریم ۴۷/ ۱۹

[3] " ۴/ ۶۴

اس آیت میں اللہ تعالٰی مسلمانوں کو ارشاد فرماتا ہے کہ گناہ کرکے اس نبی کی سرکار میں حاضر ہو اور اس سے درخواستِ شفاعت کرو، محبوب تمھاری شفاعت فرمائے گا تو ہم یقیناً تمھارے گناہ بخش دیں گے۔

**آیت خامسہ۵:** قال اللہ تعالٰی (اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ ت):

واذا قیل لھم تعالوا یستغفر لکم رسول اللہ لوّوا رءوسھم[1]

جب ان منافقوں سے کہا جائے کہ آؤ رسول اللہ تمھاری مغفرت مانگیں تو اپنے سر پھیر لیتے ہیں۔

اس آیت میں منافقوں کا حال بدمآل ارشاد ہوا کہ حضور شفیع المذنبین صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے شفاعت نہیں چاہتے، پھر جو آج نہیں چاہتے وہ کل نہ پائیں گے۔ اللہ دنیا و آخرت میں ان کی شفاعت سے بہرہ مند فرمائے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۵۷۲ تا ۵۷۴)

(۵۸) میزان قیامت سے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

وہ میزان یہاں کے ترازو کے خلاف ہے وہاں نیکیوں کا پلّہ اگر بھاری ہوگا تو اوپر اُٹھے گا اور بدی کا پلّہ نیچے بیٹھے گا۔ قال اللہ عزّوجل:

الیہ یصعد الکلم الطیب والعمل الصلح یرفعہ[2]

اسی کی طرف چڑھتا ہے پاکیزہ کلام، اور جو نیک کام ہے وہ اس کو بلند کرتا ہے (ت)

جس کتاب میں یہ لکھا ہے کہ نیکیوں کا پلّہ نیچا ہوگا غلط ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۲۶)

(۵۹) ۹ سوالات پر مشتمل سوال آپ کی خدمت میں آیا جس کا سوال نمبر ۶، ۷ اور ۸ یہ ہیں۔ سبحٰن الذی الخ میں لفظ سبحان کی خصوصیت، رات کو معراج ہونے کی حکمت اور قصہ ادریس و خضر وعزیر کی تفصیل کیا ہے؟ اس کے جواب میں فرمایا:

(۶) حضرت عزت جل وعلا اپنے محبوبوں کی مدح سے اپنی حمد فرمایا کرتا ہے، اس کی ابتدار کہیں ھوالّذی سے ہوتی ہے، جیسے:

ھوالّذی بعث فی الامیّین رسولا منھم[3]

---

[1] القرآن الکریم ۶۳/۵
[2] " ۳۵/۱۰
[3] " ۶۲/۲

وہی ہے جس نے اَن پڑھوں میں اُنھی میں سے ایک رسول بھیجا۔ (ت)

هو الذی ارسل رسوله بالهدٰی و دین الحق[1]

وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچّے دین کے ساتھ بھیجا۔ (ت)

کہیں تبارك الذی سے :

تبارك الذی نزل الفرقان علٰی عبده لیکون للعٰلمین نذیرا[2]

بڑی برکت والا ہے وہ کہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندے پر جو سارے جہان کو ڈر سنانے والا ہو۔ (ت)

کہیں حمد سے، جیسے :

الحمد لله الذی انزل علٰی عبده الکتٰب و لم یجعل له عوجا[3]

سب خُوبیاں اللہ کو جس نے اپنے بندے پر کتاب اتاری اور اس میں اصلاً کجی نہ رکھی۔ (ت)

کہیں تسبیح سے ابتدار فرمائی ہے کہ :

سبحٰن الذی اسرٰی بعبده لیلاً من المسجد الحرام[4]

پاکی ہے اُسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا مسجدِ حرام سے۔ (ت)

اس میں ایک صریح نکتہ یہ ہے کہ جو بات نہایت عجیب ہوتی ہے اس پر تسبیح کی جاتی ہے، سبحٰن الذی کیسی عمدہ چیز ہے، سبحٰن کیسی عجیب بات ہے، جسم کے ساتھ آسمانوں پر تشریف لے جانا، کرۂ زمہریر طے فرمانا، کرۂ نار طے فرمانا، کروڑوں برس کی راہ کو چند ساعت میں طے فرمانا، تمام ملک و ملکوت کی سیر فرمانا۔ یہ تو انتہائی عجیب آیاتِ بیّنات ہیں ہی، اُتنی بات کہ کفارِ مکّہ پر حجّت قائم فرمانے کے لئے ارشاد ہُوئی کہ شب کو مکہ معظمہ میں آرام فرمائیں صبح بھی مکہ معظمہ میں تشریف فرما ہوں، اور رات ہی رات بیت المقدس تشریف لے جائیں اور واپس تشریف لائیں، کیا کم عجیب ہے! اس لئے

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۲۸ و ۶۱/ ۹

[2] " ۲۵/ ۱

[3] " ۱۸/ ۱

[4] " ۱۷/ ۱

سبحٰن الذی ارشاد ہوا، کفّار نے آسمان کہاں دیکھے، ان پر تشریف لے جانے کا اُن کے سامنے ذکر ایک ایسا دعوٰی ہوتا جس کی وہ جانچ نہ کرسکتے بخلاف بیت المقدس جس میں ہر سال اُن کے دو پھیرے ہوتے رحلۃ الشتاء والصیف[1] (سردی اور گرمی میں کوچ کرنا۔ ت) اور وہ خوب جانتے تھے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کبھی وہاں تشریف نہ لے گئے تو اس معجزے کی خوب جانچ کرسکتے تھے اور ان پر حجتِ الٰہی پوری قائم ہوسکتی تھی، چنانچہ بحمداللہ تعالٰی یہی ہوا کہ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا بیت المقدس تشریف لے جانا اور شب ہی شب میں واپس آنا بیان فرمایا۔ ابوجہل لعین اپنے دل میں بہت خوش ہوا کہ اب ایک صریح حجت معاذاللہ ان کے غلط فرمانے کی مل گئی، ولہٰذا ملعون نے تکذیب ظاہر نہ کی بلکہ یہ عرض کی کہ آج ہی رات تشریف لے گئے؟ فرمایا: ہاں۔ کہا: اور آج شب میں واپس آئے؟ فرمایا: ہاں۔ کہا: اوروں کے سامنے بھی ایسا ہی فرمادیجئے گا؟ فرمایا: ہاں۔ اب اس نے قریش کو آواز دی اور وہ جمع ہوئے، اور حضور سے پھر اس ارشاد کا اعادہ چاہا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اعادہ فرمادیا۔ کافر بغلیں بجاتے صدیقِ اکبر کے پاس حاضر ہوئے، یہ گمان تھا کہ ایسی ناممکن بات سُن کر وہ بھی معاذاللہ تصدیق سے پھر جائیں گے۔ صدیق سے عرض کی: آپ نے کچھ اور بھی سُنا آپ کے یار فرماتے ہیں کہ میں آج کی رات بیت المقدس میں گیا اور شب ہی میں واپس ہوا۔ صدیق اکبر نے فرمایا: کیا وہ ایسا فرماتے ہیں؟ کہا: ہاں وہ یہ حرم میں تشریف فرما ہیں۔ صدیق نے فرمایا اگر انھوں نے یہ فرمایا تو واللہ! حق فرمایا یہ تو مکّہ سے بیت المقدس تک کا فاصلہ ہے میں تو اس پر اُن کی تصدیق کرتا ہوں کہ صبح شام آسمان کی خبر اُن کے پاس آتی ہے۔ پھر کافروں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے بیت المقدس کے نشان پوچھے، جانتے تھے کہ یہ تو کبھی تشریف لے گئے نہیں کیونکر بتائیں گے۔ وہ جو کچھ پوچھتے گئے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ارشاد فرماتے گئے۔ کافروں نے کہا: واللہ! نشان تو پورے صحیح ہیں۔ پھر اپنے ایک قافلہ کا حال پوچھا جو بیت المقدس کو گیا ہوا تھا کہ وہ بھی راستہ میں حضور کو ملا تھا اور کہاں ملا تھا اور کیا حالت تھی کب تک آئے گا؟ حضور نے ارشاد فرمایا: فلاں منزل میں ہم کو ملا تھا اور یہ کہ اُتر کر ہم نے اس میں ایک پیالہ سے پانی پیا تھا اور اس میں ایک اُونٹ بھاگا اور ایک شخص کا پاؤں ٹوٹ گیا اور قافلہ فلاں دن طلوعِ شمس کے وقت آئے گا۔

---

[1] القرآن الکریم ۱۰۶/ ۲

یہ مدت جو ارشاد ہوئی منزلوں کے حساب سے قافلہ کے لئے بھی کسی طرح کافی نہ تھی۔ جب وہ دن آیا کفار پہاڑ پر چڑھ گئے کہ کسی طرح آفتاب چمک آئے اور قافلہ نہ آئے تو ہم کہہ دیں کہ دیکھو معاذ اللہ وہ خبر غلط ہوئی۔ کچھ جانبِ شرق طلوعِ آفتاب کو دیکھ رہے تھے کچھ جانبِ شام راہِ قافلہ پر نظر رکھتے تھے اُن میں سے ایک نے کہا: وُہ آفتاب چمکا، کہ اُن میں سے دوسرا بولا کہ وہ قافلہ آیا۔ یہ ہوتی ہے سچی نبوت جس کی خبر میں سرِ مُو فرق آنا محال ہے۔

قادیانی سے زیادہ تو اُن کفارِ مکہ ہی کی عقل تھی وُہ جانتے تھے کہ ایک بات میں بھی کہیں فرق پڑ جائے تو دعویٰ نبوت معاذ اللہ غلط ہو جائے گا۔ مگر یہ جھوٹا نبی ہے کہ جھوٹ کے پھنکے اڑاتا ہے اور نہ وہ شرماتا ہے اور نہ اس کے ماننے والوں کو اس کا حس ہوتا ہے بلکہ بکمال شوخ چشمی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہتا ہے کہ ہاں ہاں اگلے چارسو انبیاء کی بھی پیشگوئیاں غلط ہوئیں اور وہ جھوٹے یعنی پنجاب کا جھوٹا کذاب نبی اگر دروغ گو نکلا کیا پرواہ ہے اس سے پہلے بھی چارسو نبی جھوٹے گزر چکے ہیں۔ یہ کوئی نہیں پوچھتا کہ جب نبوت اور جھوٹ جمع ہو سکتے ہیں تو انبیاء کی تصدیق شرطِ ایمان کیوں ہوئی ان کی تکذیب کفر کیوں ہوئی،

ولکن لعنۃ اللہ علی الظّٰلمین الذین یکذبون المرسلین۔

لیکن اللہ تعالٰی کی لعنت ہو ان ظالموں پر جو رسولوں کو جھٹلاتے ہیں۔ (ت)

ان عظیم وقائع نے معراجِ مبارک کا جسمانی ہونا بھی آفتاب سے زیادہ واضح کر دیا اگر وہ کوئی روحانی سیر یا خواب تھا تو اس پر تعجب کیا۔ زید و عمرو خواب میں حرمین شریفین تک ہو آتے ہیں اور پھر صبح اپنے بستر پر ہیں۔ رؤیا کے لفظ سے استدلال کرنا اور الّا فتنۃ للناس نہ دیکھنا صریح خطا ہے۔ رؤیا بمعنی رؤیت آتا ہے، اور فتنہ و آزمائش بیداری ہی میں ہے نہ کہ خواب میں۔ ولہذا ارشاد ہوا:

سبحٰن الذی اسرٰی بعبدہٖ[1]

پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو لے گیا۔ (ت)

واللہ تعالٰی اعلم۔

(۷) رات تجلی لطفی ہے اور دن تجلی قہری۔ اور معراج کمالِ لطف ہے جس سے مافوق

---

[1] القرآن الکریم ۱۷/۱

متصور نہیں، لہٰذا تجلی لطفی ہی کا وقت مناسب تھا۔ معراج وصلِ محب و محبوب ہے اور وصال کے لئے عادۃً شب ہی انسب مانی جاتی ہے۔ معراج ایک معجزۂ عظیم قاہرہ ظاہرہ تھا۔ اور سنّتِ الٰہیہ ہے کہ ایسے واضح معجزہ کو دیکھ کر جو قوم نہ مانے ہلاک کر دی جاتی ہے اُن پر عذاب عام بھیجا جاتا ہے، جیسے اگلی امتوں میں بکثرت واقع ہوا۔ معراج کو تشریف لے جانا اگر دن میں ہوتا تو یا سب ایمان لے آتے یا سب ہلاک کئے جاتے۔ ایمان تو کفار کے مقدر میں تھا نہیں تو یہی شق رہی کہ اُن پر عذاب عام اُترتا، اور حضور بھیجے گئے سارے جہان کے لئے رحمت، جنھیں اُن کا رب فرماتا ہے:

وما کان اللہ لیعذّبھم وانت فیھم[1]

اے رحمتِ عالم! جب تک تم ان میں تشریف فرما ہو اللہ انھیں عذاب کرنے والا نہیں۔

لہٰذا شب ہی مناسب ہوئی۔

(۸) تصانیفِ علماء میں قصص الانبیاء دیکھئے اگر کوئی خاص بات دریافت کرنی ہو تو پوچھئے۔

حضرت عزیر علیہ السلام کا قصہ قرآنِ عظیم ہی میں مذکور ہے کہ اُن کی رُوح قبض فرمائی پھر سَو برس بعد زندہ فرمایا، کھانا پانی جو ساتھ تھا وہ اس سَو برس میں نہ بگڑا، اور سواری کے جانور کی ہڈیاں بھی گل چکیں اُن کی نظر کے سامنے اس کی ہڈیاں اُبھاریں اُن پر گوشت چڑھایا اسے زندہ فرمایا۔[2]

حضرت خضر علیہ السلام کا قصہ سیدنا موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ یہ بھی قرآن عظیم میں ہے۔[3]

حضرت ادریس علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دُنیا سے مع جسم بہشتِ بریں میں اُٹھالیا،

واذکر فی الکتٰب ادریس انہٗ کان صدیقا نبیا ورفعنٰہ مکانًا علیًّا۔[4]

اور کتاب میں ادریس کو یاد کرو بیشک وہ صدیق تھا غیب کی خبریں دیتا اور ہم نے اسے بلند مقام کی طرف اٹھالیا۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۳۲ تا ۶۳۶)

---

[1] القرآن الکریم ۸/ ۳۳
[2] ″ ۲/ ۲۵۹
[3] ″ ۱۸/ ۶۵ تا ۸۲
[4] ″ ۱۹/ ۵۶، ۵۷

(۶۰) کیا اولادِ فاطمہ (رضی اللہ تعالٰی عنہا) کا ہر فرد نارِ دوزخ سے بری ہے چاہے کوئی بھی مشرب رکھتا ہو؟ اس کے جواب میں فرمایا:

سید کوئی مشرب رکھتا ہو یہ لفظ بہت وسیع ہے آج کل بہت مشرب صریح کفر و ارتداد کے ہیں جیسے قادیانی، نیچری، رافضی، وہابی، چکڑالوی، دیوبندی وغیرہم۔ جو مشربِ کفر رکھتا ہو ہرگز سید نہیں،

انہ لیس من اھلک انہ عمل غیر صالح[1]

وہ تیرے گھر والوں میں سے نہیں بیشک اس کے کام بہت نالائق ہیں (ت) (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۳۹)

(۶۱) کیا کوئی مشرک داخلِ سلسلہ ہوسکتا ہے؟ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

لا الٰہ الا اللہ کوئی کافر خواہ مشرک یا موحد ہرگز نہ داخلِ سلسلہ ہوسکتا ہے نہ بے اسلام اس کی بیعت معتبر ہوسکتی ہے نہ قبل اسلام اس کی بیعت معتبر ہو اگرچہ بعد کو مسلمان ہوجائے کہ بیعت ہو یا کوئی عمل، سب کے لئے پہلی شرط اسلام ہے۔ قال تعالٰی:

وقدمنا الٰی ما عملوا من عمل فجعلنٰہ ھباء منثورا[2]

اور جو کچھ انھوں نے کام کئے تھے ہم نے قصد فرما کر انھیں باریک باریک غبار کے بکھرے ہوئے ذرّے کردیا کہ روزن کی دھوپ میں نظر آتے ہیں۔ (ت)

جو اس کے کفر پر قائم رہتے ہوئے اُسے مجاز و ماذونِ بیعت و خلیفۂ طریقت کرے اور جو اسے پیرِ رشد و ہدایت سمجھے یہ سب خود کافر ہوجائیں گے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۴۲)

(۶۲) مومن اور ولی میں نسبت سے متعلق سوال کے جواب میں فرمایا:

اگر ولایت عامہ مراد ہے تو تساوی اللہ ولی الذین اٰمنوا[3] (اللہ تعالٰی ایمان والوں کا ولی ہے۔ ت) اور خاصہ تو عموم خصوص مطلق ان اولیاؤہ الا المتقون[4] (اس کے ولی تو

---

[1] القرآن الکریم ۱۱/ ۴۶
[2] 〃 ۲۵/ ۲۳
[3] 〃 ۲/ ۲۵۷
[4] 〃 ۸/ ۳۴

پرہیزگار رہیں۔ت)۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۴۳)

(۶۳) کلمہ طیبہ کے قرآن مجید میں مذکور ہونے کے بارے میں فرمایا:

قرآن مجید سورۂ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں لا الٰہ الا اللہ[1] ہے اور اس کے متصل سورۂ فتح میں محمد رسول اللہ۔[2]

(فتاوی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۵۴)

(۶۴) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شافع محشر ہونے کا قرآن مجید سے ثبوت دیتے ہوئے فرمایا:

سورۂ بنی اسرائیل میں ہے:

عسٰی ان یبعثك ربك مقاما محمودا۔[3]

قریب ہے کہ تمہیں تمہارا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں۔(ت)

مقام محمود مقام شفاعت کا نام ہے۔سورۂ نساء پارہ ۵ رکوع ۶ میں ہے:

ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جاءوك فاستغفروا اللہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما۔[4]

اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کرلیں تو اے محبوب! تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں (ت)

رسول کا گناہگاروں کے لئے استغفار کرنا شفاعت ہی ہے۔بے علم آدمی کو کافروں سے بدمذہبوں سے الجھنا بحث کرنا سخت حرام ہے۔انھیں رسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کا یہ حکم ہے:

ایاکم وایاھم لایضلونکم ولایفتنونکم۔[5]

---

[1] القرآن الکریم ۴۷/ ۱۹

[2] " ۴۸/ ۲۹

[3] " ۱۷/ ۷۹

[4] " ۴/ ۶۴

[5] صحیح مسلم باب النہی عن الروایۃ عن الضعفاء الخ قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی ۱/ ۱۰

اُن سے دُور رہو، انھیں اپنے سے دُور کرو کہیں وہ تمھیں گمراہ نہ کر دیں کہیں وہ تمھیں فتنے میں نہ ڈال دیں۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۵۴)

(۶۵) ایمان ابوطالب کے بارے میں رسالہ "شرح المطالب فی مبحث ابی طالب" میں فرمایا:

آیاتِ قرآنیہ واحادیثِ صحیحہ متواترہ متظافرہ سے ابوطالب کا کفر پر مرنا اور دمِ واپسیں اسلام لانے سے انکار کرنا اور عاقبت کار اصحابِ نار سے ہونا ایسے روشن ثبوت سے ثابت جس سے کسی سُنّی کو مجالِ دم زدن نہیں۔ ہم یہاں کلام کو سات فصل پر منقسم کریں۔

## فصل اوّل — آیاتِ قرآنیہ

**آیتِ اُولٰی:** قال اللہ تبارک وتعالٰی (اللہ تبارک وتعالٰی نے فرمایا۔ت):

انک لاتھدی من احببت ولٰکن اللہ یھدی من یشاء وھو اعلم بالمھتدین[1]۔

اے نبی! تم ہدایت نہیں دیتے جسے دوست رکھو ہاں خدا ہدایت دیتا ہے جسے چاہے، وُہ خوب جانتا ہے جو راہ پانے والے ہیں۔

مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیۂ کریمہ ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی۔

معالم التنزیل میں ہے:

نزلت فی ابی طالب[2]

ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی۔(ت)

جلالین میں ہے:

نزل فی حرصہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم علٰی ایمان عمہ ابی طالب[3]

یہ آیت حضور اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی آپ کے چچا ابوطالب کے ایمان لانے کی حرص میں نازل ہوئی۔(ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲۸/ ۵۶

[2] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۲۸/ ۵۶ دارالکتب العلمیہ بیروت ۳/ ۳۸۷

[3] تفسیر جلالین " " اصح المطابع دہلی ص ۳۳۲

مدارک التنزیل میں ہے :

قال الزجاج اجمع المفسرون علی انہا نزلت فی ابی طالب[1]

زجاج نے کہا کہ مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیت کریمہ ابی طالب کے حق میں نازل ہوئی (ت)

کشاف زمخشری و تفسیر کبیر میں ہے :

قال الزجاج اجمع المسلمون انہا نزلت فی ابی طالب[2]

زجاج نے کہا کہ مسلمانوں کا اجماع ہے کہ یہ آیہ کریمہ ابی طالب کے حق میں نازل ہوئی (ت)

امام نووی شرح صحیح مسلم شریف کتاب الایمان میں فرماتے ہیں :

اجمع المفسرون علی انما نزلت فی ابی طالب وکذا نقل اجماعہم علی ھذا الزجاج وغیرہ[3]

مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیت کریمہ ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی، اور جیسا کہ زجاج وغیرہ نے اس پر ان کا اجماع نقل کیا ہے۔ (ت)

مرقاۃ شرح مشکوۃ شریف میں ہے :

لقولہ تعالٰی فی حقہ باتفاق المفسرین انک لاتھدی من احببت[4]

اللہ تعالٰی کے اس ارشاد کی وجہ سے جو باتفاقِ مفسرین اُس (ابوطالب) کے بارے میں ہے، "اے نبی! تم ہدایت نہیں دیتے جسے دوست رکھو۔" (ت)

**حدیث اول :** صحیح حدیث میں اس آیہ کریمہ کا سببِ نزول یُوں مذکور کہ جب حضور اقدس سید المرسلین صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے ابوطالب سے مرتے وقت کلمہ پڑھنے کو ارشاد فرمایا، صاف انکار کیا اور کہا "مجھے قریش عیب لگائیں گے کہ موت کی سختی سے گھبرا کر مسلمان ہوگیا ورنہ حضور کی خوشی کر دیتا"۔ اس پر رب العزت تبارک و تعالٰی نے یہ آیت کریمہ اتاری یعنی اے حبیب! تم اس کا غم نہ کرو تم اپنا

---

[1] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت الآیۃ ۲۸ / ۵۶ دار الکتاب العربی بیروت ۳ / ۲۴۰

[2] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) " " المطبعۃ البہیۃ مصر ۲۵ / ۲

تفسیر الکشاف " " دار الکتاب العربی بیروت ۳ / ۴۲۲

[3] شرح صحیح مسلم للامام النووی کتاب الایمان باب الدلیل علٰی صحۃ الاسلام الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱ / ۴۱

[4] مرقاۃ المفاتیح کتاب الفتن باب صفۃ النار واھلہا تحت حدیث ۵۶۶۸ مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ ۹ / ۶۴۰

منصبِ تبلیغ ادا کر چکے ہدایت دینا اور دل میں نورِ ایمان پیدا کرنا یہ تمہارا فعل نہیں اللہ عزوجل کے اختیار میں ہے اور اُسے خوب معلوم ہے کہ کسے یہ دولت دے گا کسے محروم رکھے گا۔

صحیح مسلم شریف کتاب الایمان و جامع ترمذی کتاب التفسیر میں سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لعمہ (زاد مسلم فی اخرٰی عند الموت) قل لا الٰہ الّا اللہ اشھد لک بھا یوم القیٰمۃ قال لولا ان تعیرنی قریش یقولون انما حملہ علٰی ذٰلک الجزع لاقررت بھا عینیک فانزل اللہ عزوجل انک لاتھدی من احببت ولٰکن اللہ یھدی من یشاء[1]

ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے چچا سے فرمایا (مسلم نے دوسری روایت میں یہ اضافہ کیا کہ بوقتِ موت فرمایا) لا الٰہ الّا اللہ کہہ دو میں تیرے لئے قیامت کے دن اس کی گواہی دُوں گا۔ اس نے جواب دیا: اگر یہ بات نہ ہوتی کہ قریش مجھے عار دلائیں گے کہ موت کی شدّت کے باعث مسلمان ہوگیا ہے تو میں آپ کی آنکھیں ٹھنڈی کر دیتا۔ اس پر اللہ تعالٰی نے آیت کریمہ نازل فرمائی کہ: "اے نبی! تم ہدایت نہیں دیتے جسے دوست رکھتے ہو، ہاں خدا ہدایت دیتا ہے جسے چاہے۔" (ت)

معالم و مدارک و بیضاوی و ارشاد العقل السلیم و خازن و فتوحاتِ الٰہیہ وغیرہا تفاسیر میں اسی حدیث کا حاصل اس آیت کے نیچے ذکر کیا۔

**آیتِ ثانیہ:** قال جل جلالہٗ (اللہ جلّ جلالہٗ نے فرمایا۔ ت):

ماکان للنبی والذین اٰمنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربٰی من بعد ما تبیّن لھم انھم اصحٰب الجحیم[2]

روا نہیں نبی اور ایمان والوں کو کہ استغفار کریں مشرکوں کے لئے اگرچہ وہ اپنے قرابت والے ہوں بعد اس کے کہ ان پر ظاہر ہو چکا کہ وہ بھڑکتی آگ میں جانے والے ہیں۔

---

[1] صحیح مسلم کتاب الایمان باب الدلیل علٰی صحۃ الاسلام الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۴۰
جامع الترمذی ابواب التفسیر سورۃ القصص امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۵۰

[2] القرآن الکریم ۹/ ۱۱۳

یہ آیت کریمہ بھی ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی۔

تفسیر امام نسفی میں ہے:

هم عليه الصلوٰة والسلام ان يستغفر لابی طالب فنزل ما كان للنبی[1]

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا کہ ابوطالب کے لئے استغفار کریں تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ "نبی کو یہ روا نہیں"۔ (ت)

جلالین میں ہے:

نزل فی استغفارہ صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم لعمه ابی طالب[2]

یہ آیت حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے اپنے چچا ابوطالب کے لئے استغفار کرنے کے بارے میں نازل ہوئی۔ (ت)

امام عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں:

قال الواحدی سمعت اباعثمان الحیری سمعت ابا الحسن بن مقسم سمعت ابا اسحٰق الزجاج یقول فی هٰذہ الاٰیة اجمع المفسرون انها نزلت فی ابی طالب[3]

یعنی واحدی نے اپنی تفسیر میں بسندِ خود ابواسحاق زجاج سے روایت کی کہ مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیت ابوطالب کے حق میں اتری۔

اقول هٰکذا اثرہ ههنا والمعروف من الزجاج قوله هٰذا فی الاٰیة الاولٰی کما سمعت والمذکور ههنا فی المعالم وغیرها ان الاٰیة مختلف فی سبب نزولها فلیراجع تفسیر الواحدی فلعله اراد اتفاق الاکثرین ولم یلق للخلاف بالا لکونه خلاف ماثبت فی الصحیح۔

میں کہتا ہوں یہاں تو ان سے ایسا ہی منقول ہے حالانکہ زجاج کا یہ قول پہلی آیت کے بارے میں معروف ہے جیسا کہ تو سُن چکا ہے۔ اور معالم وغیرہ میں اس مقام پر مذکور ہے کہ آیت کے سبب

---

[1] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) تحت آیۃ ۹/ ۱۱۳ دار الکتاب العربی بیروت ۲/ ۱۴۸

[2] تفسیر جلالین تحت آیۃ ۹/ ۱۱۳ اصح المطابع دہلی ص ۱۶۷

[3] عمدۃ القاری کتاب الجنائز تحت حدیث ۱۳۶۰ دار الکتب العلمیہ بیروت ۸/ ۲۶۲

نزول میں اختلاف ہے، چنانچہ تفسیر واحدی کی طرف مراجعت کی جائے۔ ہوسکتا ہے کہ اُس کی مراد اکثر مفسرین کا اتفاق ہو اور اس نے مخالفت کی اس بنیاد پر کوئی پروا نہ کی ہو کہ اس کے مخالف ہے جو صحیح میں ثابت ہوچکا ہے۔ (ت)

بیضاوی میں پہلا قول اس آیت کا نزول در بارہ ابی طالب لکھا۔ علامہ شہاب الدین خفاجی اس کی شرح عنایۃ القاضی وکفایۃ الراضی میں فرماتے ہیں،

ھوالصحیح فی سبب النزول[1] یعنی یہی صحیح ہے۔

اسی طرح اس کی تصحیح فتوح الغیب وارشاد الساری میں کی ہے اور فرمایا یہی حق ہے کما سیأتی وھذہ التصحیحات ایضًا اٰیۃ الخلاف کما لیس بخاف (جیسا کہ عنقریب آئے گا اور یہ تصحیحیں بھی مخالفت کی علامت ہیں جیسا کہ پوشیدہ نہیں۔ ت)۔

**حدیث دوم:** صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن نسائی میں ہے،

واللفظ لمحمد قال حدثنا محمود فذکر بسندہ عن سعید بن المسیب عن ابیہ رضی اللہ تعالٰی عنہما ان ابا طالب لما حضرتہ الوفاۃ دخل علیہ النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وعندہ ابوجھل فقال ای عم قل لا الٰہ الا اللہ کلمۃ احاج لك بہا عند اللہ فقال ابوجھل وعبد اللہ بن امیۃ یا ابا طالب اترغب عن ملۃ عبد المطلب فلم یزالا یکلمانہ حتی قال اٰخر شیئ کلمہم بہ علٰی ملۃ عبد المطلب (زاد البخاری فی الجنائز وتفسیر سورۃ القصص کمثل مسلم فی الایمان و ابٰی ان یقول لا الٰہ الا اللہ) فقال النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لاستغفرن لك ما لم انہ عنہ، فنزلت ما کان للنبی والذین اٰمنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربٰی من بعد ما تبین لہم انہم اصحٰب الجحیم ○ ونزلت انك لاتہدی من احببت[2]

---

[1] عنایۃ القاضی حاشیۃ الشہاب علی تفسیر البیضاوی تحت الآیۃ ۹/ ۱۱۳ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/ ۶۴۸

[2] صحیح البخاری کتاب الجنائز ۱/ ۱۸۱ و کتاب المناقب ۱/ ۵۴۸ قدیمی کتب خانہ کراچی
" " کتاب التفسیر ۲/ ۶۷۵ و کتاب التفسیر ۲/ ۷۰۳ " " "
صحیح مسلم کتاب الایمان باب الدلیل علٰی صحۃ الاسلام من حضر الموت قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۴۰
سنن النسائی کتاب الجنائز النہی عن الاستغفار للمشرکین نور محمد کارخانہ تجارت کراچی ۱/ ۲۸۶

اور لفظ محمد کے ہیں انھوں نے کہا ہم کو حدیث بیان کی محمود نے، پھر اپنی سند کے ساتھ سعید بن مسیب سے اور انھوں نے اپنے باپ سے ذکر کیا رضی اللہ تعالٰی عنہما، کہ ابو طالب جب قریب الموت ہوئے تو رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے جبکہ ابو جہل اور عبداللہ بن امیہ وہاں موجود تھے، آپ نے فرمایا: اے چچا! کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ پڑھ لو میں اس کے ذریعے اللہ تعالٰی کے ہاں تمھارے لئے جھگڑا کروں گا۔ ابو جہل اور عبداللہ بن امیہ نے کہا: اے ابو طالب! کیا عبدالمطلب کے دین سے اعراض کرلو گے؟۔ وہ دونوں مسلسل ابو طالب سے یہی بات کہتے رہے یہاں تک کہ ابو طالب نے جو آخری بات انھیں کہی وہ یہ تھی کہ میں عبدالمطلب کے دین پر قائم ہوں (امام بخاری نے جنائز اور سورۂ قصص کی تفسیر میں یہ اضافہ کیا جیسا کہ امام مسلم نے کتاب الایمان میں کیا ہے کہ ابو طالب نے لا الٰہ الا اللہ کہنے سے انکار کردیا) تو نبی کریم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک مجھے منع نہ کردیا جائے میں تیرے لئے ضرور استغفار کروں گا۔ چنانچہ یہ آیت کریمہ نازل ہوئی: "روا نہیں نبی اور ایمان والوں کو کہ استغفار کریں مشرکوں کے لئے اگرچہ وہ اپنے قرابت والے ہوں بعد اس کے کہ ان پر ظاہر ہو چکا کہ وہ بھڑکتی آگ میں جائیں گے" اور یہ آیۃ کریمہ نازل ہوئی "اے نبی! تم ہدایت نہیں دیتے جسے تم دوست رکھو" (ت)

اس حدیث جلیل سے واضح کہ ابو طالب نے وقت مرگ کلمہ طیبہ سے صاف انکار کردیا اور ابو جہل لعین کے اغوا سے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا ارشاد قبول نہ کیا۔ حضور رحمۃ للعلمین صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اس پر بھی وعدہ فرمایا کہ جب تک اللہ عزوجل مجھے منع نہ فرمائے گا میں تیرے لئے استغفار کروں گا۔ مولٰی سبحنہ وتعالٰی نے یہ دونوں آیتیں اتاریں اور اپنے حبیب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو ابو طالب کے لئے استغفار سے منع کیا اور صاف ارشاد فرمایا کہ مشرکوں دوزخیوں کے لئے استغفار جائز نہیں۔

نسأل اللہ العفو والعافیۃ، اما تزییف الزمخشری نزول الاٰیۃ فیہ بان موت ابی طالب کان قبل الھجرۃ وھذا اٰخرما نزل بالمدینۃ[1] اھ فمردود بما فی ارشاد الساری عن الطیبی عن التقریب انہ یجوز ان النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کان یستغفر لابی طالب الٰی حین نزولھا والتشدید مع

---

[1] الکشاف عن حقائق غوامض التنزیل تحت آیۃ ۹/۱۱۳ مکتبۃ الاعلام الاسلامی فی الحوزۃ العلمیۃ قم ایران ۲/۲۱۵

الکفار انما ظهر فی هذہ السورۃ[1] اھ قال اعنی القسطلانی قال فی فتوح الغیب و هذا هو الحق و روایۃ نزولها فی ابی طالب هی الصحیحۃ[2] اھ وکذا ردہ الامام الرازی فی الکبیر و قال العلامۃ الخفاجی فی عنایۃ القاضی بعد نقل کلام التقریب اعتمدہ من بعدہ من الشراح ولاینافیه قوله فی الحدیث فنزلت لامتداد استغفارہ له الی نزولها اولان الفاء للسببیۃ بدون تعقیب[3] اھ۔

ہم اللہ تعالٰی سے معافی اور عافیت کا سوال کرتے ہیں۔ رہا زمخشری کا ابوطالب کے بارے میں اس آیت کے نزول کو اس بنیاد پر ضعیف قرار دینا کہ ابوطالب کی موت ہجرت سے پہلے ہوئی جبکہ یہ آیت کریمہ آخری مرحلہ پر مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ تو وہ مردود ہے اُس دلیل کی وجہ سے جو ارشاد الساری میں طیبی سے بحوالہ تقریب مذکور ہے کہ ہوسکتا ہے نبی کریم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم اس آیت کے نزول تک استغفار کرتے رہے ہوں۔ کافروں کے ساتھ شدّت پسندی تو اس سورۃ میں ظاہر ہوئی ہے اھ امام قسطلانی نے فرمایا کہ فتوح الغیب میں ہے کہ یہی حق ہے اور اس کے ابوطالب کے بارے میں نزول والی روایت ہی صحیح ہے اھ امام رازی نے تفسیر کبیر میں یونہی زمخشری کا رُد کیا ہے اور علامہ خفاجی نے عنایۃ القاضی میں تقریب کا کلام نقل کرنے کے بعد کہا کہ بعد والے تمام شارحین نے اس پر اعتماد کیا ہے اور یہ حدیث میں وارد راوی کے قول فنزلت کے منافی نہیں اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے نزولِ آیت تک ابوطالب کے لئے استغفار میں استمرار فرمایا اس لئے کہ فا سببیت کے لئے ہے نہ کہ تعقیب کے لئے اھ۔ (ت)

**اقول** والدلیل علی الاستمرار واستدامۃ الاستغفار قول سید الابرار صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لاستغفرن لك مالم انه عنه[4] فهذا مقام الجزم دون التجویز والاستظهار، علا ان الامام الجلیل الجلال السیوطی فی کتاب

---

[1] ارشاد الساری شرح صحیح البخاری کتاب التفسیر سورۃ توبہ دار الکتاب العربیہ بیروت ۷/ ۱۵۸

[2] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[3] عنایۃ القاضی حاشیۃ الشہاب علی تفسیر البیضاوی تحت الآیۃ ۹/ ۱۱۳ 〃 〃 ۴/ ۶۴۸

[4] صحیح البخاری کتاب المناقب قصہ ابی طالب ۱/ ۵۴۸ و سورۃ التوبۃ ۲/ ۶۷۵ و سورۃ قصص ۲/ ۷۰۳
صحیح مسلم کتاب الایمان باب الدلیل علی صحۃ الاسلام الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۴۰

الاتقان[1] عقد فصلا لبیان ما نزل من اٰیات السور المکیة بالمدینة و بالعکس وذکر فیه عن بعضھم ان اٰیة ما کان للنبی اٰیة مکیة نزلت فی قولہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لابی طالب لاستغفرن لك مالم انه عنه واقرہ علیہ فعلی ھذا یزھق الاشکال من رأسه ثم ان لفظ البخاری فی کتاب التفسیر فانزل اللہ بعد ذٰلك[2] قال الحافظ فی فتح الباری الظاھر نزولھا بعدہ بمدة لروایة التفسیر[3] اھ وھذا ایضا یطیح الشبھة من رأسھا افاد ھٰذین العلامة الزرقانی فی شرح المواھب وبعد اللتیا والتی اذقد افصح الحدیث الصحیح بنزولھا فیه فکیف تزد الصحاح بالھوسات۔

میں کہتا ہوں کہ استغفار کے استمرار و دوام پر دلیل سیّد الابرار صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے کہ میں تیرے لئے ضرور استغفار کروں گا جب تک مجھے منع نہ کیا گیا۔ لہذا یہ مقامِ جزم ہے نہ کہ مقامِ تجویز و تائید۔ علاوہ ازیں امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے کتاب الاتقان میں یہ بیان کرنے کے لئے ایک فصل قائم فرمائی ہے کہ مکی سورتوں کی کون سی آیات مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں اور اس کے برعکس (یعنی مدنی سورتوں کی کون سی آیات مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہیں) اور اس میں بعض مفسرین کے حوالے سے ذکر کیا ہے کہ آیت کریمہ "ما کان للنبی" مکی ہے اور نبی کریم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے اس ارشاد کے بارے میں نازل ہوئی جو آپ نے ابو طالب سے فرمایا کہ "جب تک مجھے منع نہ کیا گیا میں تیرے لئے استغفار کروں گا۔" اور امام سیوطی نے اس کو برقرار رکھا، اس بنیاد پر تو اشکال سرے سے ہی دفع ہو جائے گا۔ پھر کتاب التفسیر میں بخاری کے لفظ یہ ہیں کہ "اس کے بعد اللہ تعالٰی نے یہ آیتِ کریمہ نازل فرمائی۔ حافظ نے فتح الباری میں کہا روایتِ تفسیر کی بنیاد پر ظاہر یہ ہے کہ اس کا نزول سرکارِ دوعالم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے ارشادِ مذکور سے کچھ مدت کے بعد ہُوا اھ یہ بھی سرے سے شبہہ کا ازالہ کر دیتا ہے۔ علامہ زرقانی نے شرح مواہب میں ان دونوں کا افادہ فرمایا۔ اس لمبی اور مختصر گفتگو کے بعد جب حدیثِ صحیح نے ابو طالب کے بارے میں نزولِ آیت کی تصریح کر دی تو خواہشات کے ساتھ صحیح حدیثوں کو کیسے رَد کیا جا سکتا ہے۔ (ت)

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن فصل فی ذکر ما استثنٰی من المکی والمدنی دار الکتاب العربی بیروت ۱/۷۳

[2] شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیۃ ذکر وفاۃ خدیجۃ و ابی طالب دار المعرفۃ بیروت ۱/۲۹۳

[3] " " " " " " " " " " " " " "

**آیت ثالثہ:** قال عزّ مجدہٗ (اللہ عزّ مجدہٗ نے فرمایا۔ت):

وھم ینھون عنہ وینأون عنہ وان یھلکون الا انفسھم وما یشعرون[1]

وہ اس نبی سے اوروں کو روکتے اور باز رکھتے ہیں اور خود اس پر ایمان لانے سے بچتے اور دُور رہتے ہیں اور اس کے باعث وُہ خود اپنی ہی جانوں کو ہلاک کرتے ہیں اور انھیں شعور نہیں۔

یعنی جان بُوجھ کر جو بے شعوروں کے سے کام کرے اُس سے بڑھ کر بے شعور کون!

سلطان المفسرین سیّدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما اور ان کے تلمیذ رشید سیدنا امام اعظم کے استاد مجید امام عطاء بن ابی رباح و مقاتل وغیرہم مفسرین فرماتے ہیں: یہ آیت ابوطالب کے باب میں اُتری۔

تفسیر امام بغوی محی السنہ میں ہے:

قال ابن عباس ومقاتل نزلت فی ابی طالب کان ینھی الناس عن اذی النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ویمنعھم وینأی عن الایمان بہ ای یبعد[2]

ابن عباس و مقاتل نے فرمایا کہ یہ آیت ابوطالب کے بارے میں نازل ہوئی، وہ لوگوں کو حضور اکرم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو تکلیف دینے سے روکتا تھا اور انھیں منع کرتا تھا اور خود حضور سیّد عالم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم پر ایمان لانے سے دُور رہتا۔ (ت)

انوار التنزیل میں ہے:

ینھون عن التعرض لرسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وینأون عنہ فلا یؤمنون بہ کابی طالب[3]

وہ لوگوں کو رسول پاک صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کا تعاقب کرنے سے روکتے اور خود آپ سے دُور رہتے، چنانچہ آپ پر ایمان نہیں لاتے جیسے ابُوطالب۔ (ت)

**حدیث سوم:** فریابی اور عبد الرزاق اپنے مصنّف اور سعید بن منصور سُنن میں اور عبد بن حمید اور ابن جریر و ابن منذر و ابن ابی حاتم و طبرانی و ابو الشیخ و ابن مردویہ اور حاکم مستدرک میں

---

[1] القرآن الکریم ۶/ ۲۶
[2] معالم التنزیل (تفسیر بغوی) تحت الآیۃ ۶/ ۲۶ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲/ ۷۵
[3] انوار التنزیل (تفسیر البیضاوی) ؍؍ ؍؍ دار الفکر بیروت ۲/ ۴۰۱

بافادۂ تصحیح اور بیہقی دلائل النبوۃ میں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے اس کی تفسیر میں راوی:

قال نزلت فی ابی طالب کان ینھی عن المشرکین ان یؤذوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ویتباعد عما جاء بہ۔[1]

یعنی یہ آیت ابوطالب کے بارے میں اُتری کہ وہ کافروں کو حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی ایذا سے منع کرتے باز رکھتے اور خود حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پر ایمان لانے سے دُور رہتے۔

قال فی مفاتیح الغیب "فیہ" قولان منھم من قال المراد انھم ینھون عن التصدیق بنبوتہ والاقرار برسالتہ وقال عطاء ومقاتل نزلت فی ابی طالب کان ینھی قریشا عن ایذاء النبی علیہ الصلٰوۃ والسلام ثم یتباعد عنہ ولایتبعہ علٰی دینہ، والقول الاول اشبہ لوجھین الاول ان جمیع الاٰیات المتقدمۃ علٰی ھٰذہ الاٰیۃ تقتضی ذم طریقتھم، فکذٰلک قولہ "وھم ینھون عنہ" ینبغی ان یکون محمولا علی امر مذموم فلوحملناہ علی ان اباطالب کان ینھی عن ایذائہ لماحصل ھٰذا النظم، والثانی انہ تعالٰی قال بعد ذٰلک "وان یھلکون الاانفسھم" یعنی بہ ماتقدم ذکرہ ولایلیق ذٰلک ان یکون المراد من قولہ "وھم ینھون عنہ" النھی عن اذیتہ لان ذٰلک حسن لایوجب الھلاک۔[2]

مفاتیح الغیب میں فرمایا اس میں دو قول ہیں، ان میں سے بعض نے کہا مراد یہ ہے کہ وہ حضور پُرنور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی نبوت کی تصدیق اور آپ کی رسالت کے اقرار سے روکتے ہیں، جبکہ عطاء اور مقاتل نے کہا کہ یہ آیت کریمہ ابوطالب کے بارے میں نازل ہوئی وہ قریش کو

---

[1] الدرالمنثور بحوالہ الفریابی وعبدالرزاق وغیرہ تحت الآیۃ ۶/ ۲۶ داراحیاء التراث العربی بیروت ۳/ ۲۳۷
جامع البیان (تفسیر طبری) 〃 〃 〃 〃 〃 ۷/ ۲۰۲
دلائل النبوۃ للبیہقی جماع ابواب المبعث باب وفاۃ ابی طالب الخ دارالکتب العلمیہ ۲/ ۳۴۱
تفسیر ابن ابی حاتم تحت آیۃ ۶/ ۲۶ مکتبہ نزار مصطفٰی الباز مکہ مکرمہ ریاض ۴/ ۱۲۷۷
[2] مفاتیح الغیب (تفسیر کبیر) 〃 〃 دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۲/ ۱۵۶

نبی کریم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی ایذارسانی سے روکتے تھے پھر خود آپ سے دُور رہتے اور دین میں آپ کی اتباع نہیں کرتے تھے۔ قولِ اول دو وجہ سے زیادہ مناسب ہے، وجہ اوّل یہ ہے کہ اس آیۂ کریمہ سے ماقبل والی تمام آیات قریش کے طریقہ کی مذمت کا تقاضا کرتی ہیں۔ اسی طرح یہ اللہ کا قول "وھم ینھون عنہ" (یعنی وہ اس سے روکتے ہیں) بھی امرِ مذموم پر محمول ہونا چاہئے۔ اگر ہم اس کو اس معنٰی پر محمول کریں کہ ابوطالب نبی کریم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی ایذارسانی سے روکتے تھے تو یہ نظم مذکور حاصل نہ ہوگا۔ وجہ ثانی یہ ہے کہ اللہ تعالٰے نے اس کے بعد فرمایا ہے کہ "وُہ خود اپنی ہی جانوں کو ہلاک کرتے ہیں"۔ اس سے مراد وہی ہے جس کا ماقبل ذکر ہوچکا ہے اور یہ مناسب نہیں کہ اللہ تعالٰی کے ارشاد "اور وہ اس سے روکتے ہیں" سے مراد نبی کریم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی ایذاء رسانی سے روکنا ہو اس لئے کہ یہ تو حسن ہے جو موجبِ ہلاکت نہیں ہوتا اھ (ت)

**اقول** اصل الذم للنأی وقد نشدد بالنھی فان الذنب بعد العلم اشد منہ حین الجھل فذکر النھی لابانۃ شدۃ مایلحقہ من الذم فی ذٰلک وعظمۃ ما یعتریہ من الوزر فیما ھنالک فان العلم حجۃ اللہ مالک وعلیک الا تری الی قولہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فی ابی طالب ولولا انا لکان فی الدرك الاسفل من النار[1] کما سیأتی مع ماعلم من حمایتہ وکفالتہ ونصرتہ ومحبتہ للنبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم طول عمرہ فانما کاد یکون فی الدرك الاسفل لولا شفاعۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لما ابی الایمان مع کمال العرفان فالاٰیۃ علی وزان قولہ تعالٰی "اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتٰب افلا تعقلون[2]" فذکر فی سیاق الذم امرھم بالبر وتلاوتھم الکتاب وانما القصد الی نسیانھم نفسھم وذکر ھٰذین للتسجیل بل قال جل ذکرہٗ یایھا الذین اٰمنوا لم تقولون مالا تفعلون ○ کبر مقتا عند اللہ ان تقولوا مالا تفعلون[3] فشدد

---

[1] صحیح البخاری مناقب الانصار باب قصۃ ابی طالب قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۵۴۸
صحیح مسلم باب شفاعۃ النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لابی طالب " " ۱/ ۱۱۵

[2] القرآن الکریم ۲/ ۴۴

[3] " ۶۱/ ۲ و ۳

النکیر علی القول من دون عمل وان کان القول خیرا فی نفسہ قال فی معالم التنزیل" قال المفسرون ان المؤمنین قالوا لو نعلم ای الاعمال احب الی اللہ عزوجل لعملناہ ولبذلنا فیہ اموالنا وانفسنا فانزل عزوجل" ان اللہ یحب الذین یقاتلون فی سبیلہ صفا" فابتلوا بذٰلک یوم احد فولوا مدبرین فانزل اللہ تعالٰی "لم تقولون ما لا تفعلون"[1] اھ و بہ ینحل الوجھان لمن انصف لاجرم ان قال الخفاجی فی العنایۃ بعد نقلہ کلام الامام فیہ نظر اھ[2] وبالجملۃ فعطاء اعلم منا ومنکم باسالیب القراٰن ونظمہ فضلا عن ھذا الحبر العظیم الذی قد فاق اکثر الامۃ فی علم القراٰن وفھمہ۔

میں کہتا ہوں اصل مذمت تو نائی یعنی دُور رہنے کی وجہ سے ہے جو نہی کے سبب سے شدید ہوگئی، کیونکہ علم کے بعد گناہ اس گناہ سے زیادہ شدید ہوجاتا ہے جو زمانہ جہالت میں کیا گیا ہو۔ چنانچہ نہی کا یہاں ذکر اس شدت وعظمت کے اظہار کے لئے جو اس سے ملحق گناہ اور بوجھ سے متعلق ہوتی ہے کیونکہ علم اللہ تعالٰی کی حجت ہے تیرے حق میں اور تیرے خلاف کیا تو ابوطالب کے بارے میں رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے اس ارشاد کو نہیں دیکھا کہ "اگر میں نہ ہوتا تو وہ جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں ہوتا"۔ جیسا کہ عنقریب آئے گا۔ ابوطالب کی طرف سے تمام عمر نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی حمایت، کفالت، نصرت اور محبت کے باوجود جو کہ معلوم ہے۔ اگر نبی اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی شفاعت نہ ہوتی تو ابوطالب جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں ہوتے کیونکہ کمال معرفت کے باوجود انھوں نے ایمان سے انکار کیا، چنانچہ آیت مذکورہ اللہ تعالٰی کے اس ارشاد کی طرز پر ہے کہ "کیا لوگوں کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور اپنی جانوں کو بھولتے ہو حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو تو کیا تمھیں عقل نہیں"۔ ان کے نیکی کا حکم دینے اور کتاب پڑھنے کو مذمت کے سیاق میں ذکر کیا۔ مقصود تو ان کا اپنی جانوں کو بھلانا ہے اور ان دونوں باتوں کا ذکر بطور تمہید ہے بلکہ اللہ تعالٰی نے فرمایا: "اے ایمان والو! کیوں کہتے ہو وہ جو نہیں کرتے، کیسی سخت ناپسند ہے اللہ کو وہ بات کہ وہ کہو جو نہ کرو"۔ تو یہاں پر قول بلا عمل پر سخت نفرت کا اظہار فرمایا اگرچہ فی نفسہ قول اچھا ہو۔ معالم التنزیل میں کہا کہ مفسرین نے فرمایا کہ مومنوں نے کہا: "اگر ہمیں معلوم ہوجائے کہ اللہ تعالٰی کی بارگاہ میں محبوب ترین عمل کون سا ہے تو ہم اس کو ضرور کریں گے اور اس میں

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت آیۃ ۶۱/۲ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/۳۰۷

[2] عنایۃ القاضی حاشیۃ الشہاب علی تفسیر البیضاوی ؍؍ ۶/۲۶ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ۴/۶۵

اپنے مال وجان قربان کردیں گے۔" تو اللہ تعالٰی نے یہ آیت نازل فرمائی کہ "بے شک اللہ دوست رکھتا ہے انھیں جو اس کی راہ میں لڑتے ہیں پرا باندھ کر۔" پھر غزوہ اُحد میں انھیں اس میں مبتلا کر دیا تو پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے تو اللہ تعالٰی نے یہ آیت نازل فرمائی کہ کیوں کہتے ہو وہ جو نہیں کرتے ہو۔" اور اس سے منصف کے لئے دونوں وجہیں کھل گئیں۔ علامہ خفاجی نے عنایہ میں امام کا کلام نقل کرنے کے بعد کہا: "اس میں نظر ہے اھ۔" خلاصہ یہ کہ سطاء قرآن مجید کے اسالیب و نظم کو ہم سے اور تم سے زیادہ جاننے والا ہے چہ جائیکہ یہ عظیم عالم متبحر جو قرآن مجید کے علم وفہم میں اکثر امت پر فوقیت رکھتا ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۶۱ تا ۶۶۳)

(۶۶) رسالہ مذکورہ "شرح المطالب" میں مزید فرمایا:

امام محمد محمد ابن امیر الحاج حلیہ شرح منیہ اواخر صلوٰۃ اس مسئلہ کے بیان میں کہ کافر کے لئے دعائے مغفرت ناجائز ہے، آیت دوم تلاوت کرکے فرماتے ہیں:

ثبت فی الصحیحین ان سبب نزول الاٰیۃ قولہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ابی طالب لاستغفرن لک مالم انہ عنک[1]

صحیحین میں ثابت ہوچکا ہے کہ نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ابوطالب کے لئے دعائے مغفرت کی تھی (یعنی یہ کہا تھا کہ جب تک مجھے منع نہ کیا گیا میں تیرے لئے استغفار کروں گا) اس پر یہ آیت اُتری۔

امام محی السنہ بغوی معالم شریف اول رکوع سورۂ بقرہ میں زیر قولہ تعالٰی ان الذین کفروا سواءٌ علیہم، پھر قاضی حسین بن دیار بکری مالکی مکی کتاب الخمیس میں فرماتے ہیں:

کفر چار قسم ہے:

کفر[1] انکار و کفر[2] جحود و کفر[3] عناد و کفر[4] نفاق۔

کفر انکار یہ کہ اللہ عزوجل کو نہ دل سے جانے اور نہ زبان سے مانے، جیسے ابلیس و یہود۔

اور کفر نفاق یہ کہ زبان سے مانے مگر دل میں نہ جانے۔

وکفر العناد ھو ان یعرف اللہ بقلبہ ویعترف بلسانہ ولا یدین بہ ککفر ابی طالب حیث یقول ؎

---

[1] حلیۃ المحلی شرح منیۃ المصلی

ولقد علمت بان دین محمد      من خیر ادیان البریة دینا

لو لا الملامة او حذار مسبّة      لوجدتنی سمحا بذاك مبینا[1]

یعنی کفرِ عناد یہ کہ اللہ تعالیٰ کو دل سے بھی جانے اور زبان سے بھی کہے مگر تسلیم و گرویدگی سے باز رہے جیسے ابو طالب کا کفر کہ یہ شعر کہے :

"واللہ! میں جانتا ہوں کہ محمد صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دین تمام جہان کے دین سے بہتر ہے ، اگر ملامت یا طعنے سے بچنا نہ ہوتا تو تُو مجھے دیکھتا کہ میں کیسی اہل دلی کے ساتھ صاف صاف اس دین کو قبول کر لیتا۔"

امام ممدوح یہ چاروں قسمیں بیان کر کے فرماتے ہیں :

جمیع ھٰذہ الاصناف سواء فی ان من لقی اللہ تعالیٰ بواحد منھا لا یغفر لہ[2]۔

یہ سب قسمیں اس حکم میں یکساں ہیں کہ جو ان میں سے کسی قسم کا کفر کر کے اللہ عزوجل سے ملے گا وہ کبھی اُسے نہ بخشے گا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۶۹۳ و ۶۹۴)

(۶۷) مزید فرمایا :

انوار التنزیل وارشاد العقل میں زیر آیۂ کریمہ "انك لا تھدی من احببت" فرمایا :

الجمھور علیٰ انھا نزلت فی ابی طالب[3]۔

جمہور ائمہ کے نزدیک یہ آیت در بارۂ ابو طالب اُتری۔

علّامہ خفاجی اس کے حاشیہ میں فرماتے ہیں :

اشارۃ الی الرد علیٰ بعض الرافضۃ اذ ذھب الیٰ اسلامہ[4]۔

یہ اشارہ ہے بعض رافضیوں کے رَد کی طرف کہ وہ اسلامِ ابو طالب کے قائل ہیں۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۷۰۳ ، ۷۰۴)

---

[1] تاریخ الخمیس    وفاۃ ابی طالب    مؤسسۃ شعبان بیروت    ۱/۳۰۱

معالم التنزیل (تفسیر البغوی)    تحت الآیۃ ۲/۶    دار الکتب العلمیہ بیروت    ۱/۲۱

[2] 〃    〃    〃    〃    〃

[3] انوار التنزیل (تفسیر البیضاوی) 〃 ۲۸/۵۶    دار الفکر بیروت    ۴/۲۹۸

[4] عنایۃ القاضی حاشیۃ الشہاب علیٰ تفسیر البیضاوی تحت الآیۃ ۲۸/۵۶ دار الکتب العلمیہ بیروت ۷/۳۰۹

(۶۸) رسالہ "شرح المطالب" میں ایمان ابی طالب سے متعلق شبہات کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:
شبہہ اُولٰی — کفالت — اقول (میں کہتا ہُوں۔ت) ہاں بالیقین مگر کفالت نبی مستلزم اطاعتِ نبی نہیں، قال اللہ تعالٰی (اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ت):

فالتقطہ اٰل فرعون لیکون لھم عدوا و حزنا[1] الآیۃ۔

تو اسے اٹھالیا فرعون کے گھر والوں نے کہ وہ ان کا دشمن اور ان پر غم ہو الآیۃ (ت)

وقال اللہ تعالٰی (اور اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ت):

قال الم نربك فینا ولیدا ولبثت فینا من عمرك سنین[2]

بولا کیا ہم نے تمھیں اپنے یہاں بچپن میں نہ پالا اور تم نے ہمارے یہاں اپنی عمر کے کئی برس گزارے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۷۰۵، ۷۰۶)

(۶۹) مزید فرمایا:

شبہہ ثالثہ — محبت — اقول بیشک مگر حدِ طبعی تک جیسے چچا کو بھتیجے سے چاہیے اور بھتیجے بھی کیسے کہ حقیقی بھائی نوجوان گزرے ہوئے کی اکلوتی نشانی، پھر اس پر جمال صورت و کمال سیرت وہ کہ اپنے تو اپنے غیر دیکھیں تو فدا ہوجائیں صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم، خاندان ہاشمی ایک اسی چراغِ محمود و شمعِ بے دُود سے روشن تھا، خاندانی حمیت ہر عاقل کو ہوتی ہے خصوصًا عرب خصوصًا قریش خصوصًا بنی ہاشم میں اس کا عظیم مادہ، ولہٰذا جب یہ آیہ کریمہ "فاصدع بما تؤمر واعرض عن المشرکین[3]" (تو اعلانیہ کہہ دو جس بات کا تمھیں حکم ہے اور مشرکوں سے منہ پھیر لو۔ت) نازل ہُوئی اور سیدِ عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے علانیہ دعوتِ اسلام شروع کی اشرافِ قریش جمع ہوکر ابو طالب کے پاس گئے اور کہا تمام عرب میں سب سے زیادہ خوبصورت اور سب سے بڑھ کر اچھی اُٹھان والا لڑکا ہم سے لو اُسے بجائے محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم پرورش کرو اور انھیں ہم کو دے دو، اور اسی ارادہ فاسد پر عمارہ بن ولید کو لے کر گئے تھے کہ ابو طالب نے مانا تو اسے انھیں دے دیں گے۔ ابو طالب نے کہا:

واللہ لبئس ما تسوموننی اتعطوننی ابنکم اغذوہ لکم واعطیکم ابنی

---

[1] القرآن الکریم ۲۸/ ۸
[2] القرآن الکریم ۲۶/ ۱۸
[3] ؍؍ ۱۵/ ۹۴

تقتلونه هذا والله مالا یکون ابداً[1] حین تروح الابل فان حنت ناقة الی غیر فصیلها دفعته الیکم۔[1]

لخصناه حدیث ابن اسحٰق ذکره بلاغا و من حدیث مقاتل ذکرہٗ فی المواھب۔[2]

خدا کی قسم کیا بُری گاہکی میرے ساتھ کر رہے ہو، کیا تم اپنا بیٹا مجھے دو کہ میں تمہارے لئے اسے کھلاؤں پرورش کروں اور میں اپنا بیٹا تمھیں دے دُوں کہ تم اُسے قتل کرو، خدا کی قسم یہ کبھی ہونی نہیں جب اُونٹ شام کو نکلتے ہیں تو اگر کوئی ناقہ اپنے بچّے کو چھوڑ کر دوسرے کی طرف میل کرتی ہو تو میں بھی تم سے اپنا بیٹا بدل لوں۔

(ہم نے اس کو حدیث ابن اسحٰق سے ملخص کیا جسے انھوں نے مفصّل بیان کیا، اور حدیث مقاتل سے جس کو مواہب میں ذکر کیا گیا ہے۔ ت)

ابوطالب نے صاف بتا دیا کہ ان کی محبت وہی ہے جو انسان تو انسان حیوان کو بھی اپنے بچّے سے ہوتی ہے، ایسی محبت ایمان نہیں، ایمان حُبِّ شرعی ہے، ابوطالب میں اس کی شان نہیں، محبت شرعی و ایمانی ہوتی تو نار کو عار پر اختیار اور دمِ مرگ کلمہ طیبہ سے انکار اور ملّتِ جاہلیت پر اصرار کیوں ہوتا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۷۰۸، ۷۰۹)

(۷۰) مزید فرمایا:

**شبہہ رابعہ — نعت شریف — اقول** یہ تو اور حجتِ الٰہیہ قائم ہونا ہے جب ایسا جانتے ہو پھر کیوں نہیں مانتے یہود عنود قبل طلوعِ شمسِ رسالت کیا کچھ نعت و مدحت نہ کرتے جب کوئی مشکل آتی مصیبت مُنہ دکھاتی حضور سے توسّل کرتے، جب دشمن کا مقابلہ ہوتا دُعا مانگتے:

اللّٰھم انصرنا علیھم بالنبی المبعوث فی اٰخر الزمان الذی نجد صفته فی التوراة۔[3]

الٰہی! ہمیں اُن پر مدد دے صدقہ آخر الزماں کا جس کی نعت ہم تورات میں پاتے ہیں۔

پھر جان کر نہ ماننے کا کیا نتیجہ ہوا یہ جو قرآن عظیم نے فرمایا:

وکانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا فلما جاء ھم ما عرفوا

---

[1] السیرة النبویة لابن ہشام مشی قریش الی ابی طالب ثالثة لعمارة ابن الولید القسم الاول دار ابن کثیر ص ۲۶۷

[2] المواہب اللدنیہ الجہر بالصلوٰة موقف قریش المکتب الاسلامی بیروت ۱/ ۲۲۳

[3] البحر المحیط تحت الآیة ۲/ ۸۹ دار الفکر بیروت ۱/ ۳۰۳

کفروا بہ فلعنۃ اللہ علی الکفرین[1]

اور اس سے پہلے وہ اس نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے، تو جب تشریف لایا ان کے پاس وُہ جانا پہچانا تو اس سے منکر ہو بیٹھے، تو اللہ کی لعنت ہو منکروں پر۔ (ت)

اصابہ میں فرماتے ہیں :

اما شھادۃ ابی طالب بتصدیق النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فالجواب عنہ وعما ورد من شعر ابی طالب فی ذٰلک انہ نظیر ما حکی اللہ تعالٰی عنہ عن کفار قریش "وجحدوا بھا واستیقنتھا انفسھم ظلما وعلوا" فکان کفرھم عنادا و منشؤہ من الانفۃ والکبر والٰی ذٰلک اشار ابو طالب بقولہ لولا ان تعیرنی قریش[2]

یعنی ابو طالب کے ان اشعار وغیرہا (جن میں تصدیق نبی کی شہادت ہے) کا جواب یہ ہے کہ وہ اسی قبیل سے ہے جو قرآن عظیم نے کفار کا حال بیان فرمایا کہ براہِ ظلم وتکبر منکر ہوتے اور دل میں خوب یقین رکھتے ہیں تو یہ کفر عناد ہوا اور اس کا منشا تکبر اور اپنے نزدیک بڑی ناک والا ہونا ہے خود ابو طالب نے اس کی طرف اشارہ کیا کہ اگر قریش کی طعنہ زنی کا خیال نہ ہوتا تو اسلام لے آتا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۷۱۱، ۷۱۲)

(۱۷) ایمانِ ابی طالب کے بارے میں ایک شبہہ کے ازالہ میں علماء کرام کے جوابات ذکر کرنے کے بعد فرمایا :

یہ اجوبہ علماء ہیں اور بحمد اللہ کافی ووافی وصافی ہیں، وانا **اقول** وباللہ التوفیق (میں اللہ تعالٰی کی توفیق سے کہتا ہوں۔ ت) :

**سادساً** ہم تسلیم کرتے ہیں کہ روایت اُنھیں احادیث صحیحین کی مثل سنداً ومتناً ہر طرح اعلٰی درجہ کی صحیح اور شہادتِ عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ بھی بروجہ کمال مقبول ونجیح، پھر بھی نہ مستدل کو نافع نہ کفرِ ابی طالب کی اصلاً دافع۔ آخر جب بحکم احادیثِ جلیلہ آیتِ قرآنیہ مشرک وناری بتارہی ہے تو یہ کسی کے مٹائے مٹتا نہیں، یہ دوسری حدیث کہ فرضاً اُسی پلّہ کی صحیح وجلیل ہے صرف اتنا بتاتی ہے کہ ابو طالب نے اخیر وقت لا الٰہ الا اللہ کہا، یہ نہیں بتاتی کہ وہ وقت کیا تھا، آخر وقت دو ہیں

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۸۹

[2] الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ حرف الطاء ترجمہ ۶۸۵ ابو طالب دار صادر بیروت ۴/ ۱۱۷

ایک وُہ کہ ہنوز پردے باقی ہیں اور یہ وقت وقتِ قبولِ ایمان ہے، دُوسرا وُہ حقیقی آخر جب حالتِ غرغرہ ہو، پردے اُٹھ جائیں جنت و نار پیشِ نظر ہو جائیں یؤمنون بالغیب کا محل نہ رہے، کافر کا اس وقت اسلام لانا بالاجماع مردود و نامقبول ہے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

فلم یك ینفعھم ایمانھم لما رأوا باسنا سنّۃ اللّٰہ الّتی قد خلت فی عبادہ وخسر ھنالك الکٰفرون[1]

تو ان کے ایمان نے انھیں کام نہ دیا جب انھوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا، اللہ کا دستور جو اس کے بندوں میں گزر چکا اور وہاں کافر گھاٹے میں ہیں (ت)

رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انّ اللّٰہ یقبل توبۃ العبد مالم یغرغر، رواہ احمد[2] والترمذی وحسنہ و ابن ماجۃ والحاکم وابن حبان والبیھقی فی الشعب کلھم عن سیدنا عبد اللّٰہ بن عمر رضی اللّٰہ تعالٰی عنھما۔

اللہ تعالٰی سکراتِ موت سے پہلے پہلے توبہ قبول فرماتا ہے۔ اس کو روایت کیا احمد نے، ترمذی نے، اور ترمذی نے اس کو حسن کہا۔ نیز روایت کیا اس کو ابن ماجہ، حاکم، ابن حبان اور امام بیہقی نے شعب میں۔ ان تمام نے سیدنا عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا۔ (ت)

اب اگر وقت اول کہنا مانتے ہیں تو آیت قرآنیہ مع اُن احادیثِ صحیحہ کے اس حدیثِ صحیح مفروض سے مناقض ہوگی اور کسی نہ کسی حدیثِ صحیح کو رَد کئے بغیر چارہ نہ ملے گا، اور اگر وقتِ دوم پر مانتے ہیں تو آیت و احادیث سب حق و صحیح ٹھہرتے ہیں اور تناقض و تعارض بے تکلف دفع ہوا جاتا ہے کلمہ پڑھا اور ضرور پڑھا مگر کب، اُس وقت جب کہ وقت نہ رہا تھا، لہذا حکمِ شرک و نار برقرار رہا۔ قال اللّٰہ تعالٰی (اللہ تعالٰی نے فرمایا۔ ت):

---

[1] القرآن الکریم ۴۰/ ۸۵

[2] جامع الترمذی ابواب الدعوات باب ماجاء فی فضل التوبۃ الخ امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۹۲
مسند احمد بن حنبل عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما المکتب الاسلامی بیروت ۲/ ۱۳۲
المستدرک للحاکم کتاب التوبۃ باب ان اللہ لیغفر لعبدہ دار الفکر بیروت ۴/ ۲۵۷

حتی اذا ادرکہ الغرق قال اٰمنت انہ لا الٰہ الا الذی اٰمنت بہ بنو اسرائیل وانا من المسلمین ۝ اٰلئن وقد عصیت قبل وکنت من المفسدین[1]

یہاں تک کہ جب اُسے ڈوبنے نے آلیا تو بولا میں ایمان لایا کہ کوئی سچا معبود نہیں سوا اس کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں مسلمان ہوں۔ کیا اب اور پہلے سے نافرمان رہا اور تو فسادی تھا۔ (ت)

صورتِ اُولٰے ظاہر البطلان، لہٰذا شق اخیر ہی لازم الاذعان، اور فی الواقع اگر یہ روایت مطابق واقع تھی تو قطعاً یہی صورت واقع ہوئی اور وہ ضرور قرینِ قیاس بھی ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ان کے قریبِ مرگ ہی جلوہ افروز ہوئے ہیں۔ اسی حالت میں کفارِ قریش سے وہ محاورات ہوئے سیدِ عالم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے بار بار باصرار دعوتِ اسلام فرمائی، کفار نے ملّتِ کفر پر قائم رہنے میں جان لڑائی، آخر پچھلا جواب وُہ دیا کہ ابوطالب ملّتِ جاہلیت پر جاتا ہے، یہاں تک بات چیت کی طاقت تھی اب سینے پر دَم آیا پردے اُٹھے غیب سامنے آیا اُس نار نے جس پر عار کو اختیار کیا تھا اپنی مہیب صورت سے منہ دکھایا، لیس الخبر کالمعاینۃ[2] (خبر مشاہدہ کی مثل نہیں۔ ت) اب کھُلا کہ یہ بلا جھیلنے کی نہیں، ڈوبتا ہُوا سوار پکڑتا ہے، اب لا الٰہ الا اللہ قدر آئی، کہنا چاہا طاقت نہ پائی، آہستہ لبوں کو جنبش ہُوئی مگر بے سُود کہ وقت نکل چکا تھا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ہم اللہ تعالٰی کے لئے ہیں اور اُسی کی طرف لَوٹ کر جانے والے ہیں، نہ گناہ سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ نیکی کرنے کی قوّت ہے مگر بلندی وعظمت والے خدا کی توفیق سے۔ (ت)

تو حضرت عباس رضی اللہ تعالٰے عنہ بھی سچے کہ کلمہ پڑھا، اور قرآن وحدیث تو قطعاً سچے ہیں کہ حکمِ کفر بدستور رہا۔ والعیاذ باللہ رب العالمین (اللہ کی پناہ جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔ ت)

**سابعاً** اس سے بھی درگزرئیے، یہ بھی مانا کہ حالتِ غرغرہ سے پہلے ہی پڑھا ہے

---

[1] القرآن الکریم ۱۰/ ۹۰

[2] مسند احمد بن حنبل عن ابن عباس رضی اللہ عنہ المکتب الاسلامی بیروت ۱/ ۲۷۱

پھر حضرت عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ تو ظاہر ہی کی گواہی دیں گے، دل کے حال کا عالم خدا ہے، کیا اگر کوئی شخص روزانہ لاکھ بار کلمہ پڑھے اور اللہ عزوجل اُسے کافر بتائے تو ہم اس کے کلمہ پڑھنے کو دیکھیں گے یا اپنے رب عزوجل کے ارشاد کو۔ ایمان زبان سے کلمہ خوانی کا نام نہیں، جب دلوں کا مالک اس کے کفر پر حاکم تو قطعاً ثابت کہ اِس کے قلب میں اذعان واسلام نہیں، آخر نہ سُنا کہ جیتے جاگتے تندرستوں کے بڑی سے بڑی قسم کھا کر نشهد انك لرسول الله[1] (ہم گواہی دیتے ہیں کہ حضور بیشک یقیناً اللہ کے رسول ہیں۔ ت) کہنے پر کیا ارشاد ہوا:

واللہ یعلم انك لرسولہ واللہ یشھد ان المنفقین لکذبون[2]

اور اللہ جانتا ہے کہ تم اس کے رسول ہو اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافق ضرور جھوٹے ہیں (ت)

عرض لاکھ جتن کیجئے آیت برأت سے برأت ملے یہ شدنی نہیں ہے ہمان آش در کاسہ (وہی قسمت وہی نصیب۔ ت) کہ:

تبین لھم انھم اصحب الجحیم[3]

کھل چکا کہ وہ دوزخی ہیں۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۲۹ ص ۴۳۷، تا ۴۳۷)

# فتاوٰی رضویہ جلد ۳۰

(۱) آیت کریمہ "وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمٰی" میں نفی واثبات کی توجیہ بیان کرتے ہوئے فرمایا:

فاذا صحت الحقیقۃ غلبت واضمحلت عندہ الصورۃ فصح نفیہ عن کاسبہ وقصر اسنادہ علٰی خالقہ وذٰلك قولہ تعالٰی "فلم تقتلوھم ولکن اللہ قتلھم وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمٰی[4]" فاثبت ونفی صورۃ ومعنی وما توفیقی الا باللہ ما تشاؤن الا ان یشاء اللہ۔

---

[1] القرآن الکریم ۶۳/ ۱
[2] القرآن الکریم ۶۳/ ۱
[3] " ۹/ ۱۱۳
[4] " ۸/ ۱۷

توجب اسناد حقیقی صحیح ہو تو وہی غالب ہو جاتی ہے، اور اسناد صوری مغلوب مضمحل، الیسی صورت میں کاسب سے اس فعل کی نفی کر کے خالق کی طرف نسبت کر دی جاتی ہے، جیسا کہ قرآن عظیم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "کافروں کو تم نے قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے قتل کیا" ——— "اور اے محبوب! آپ نے کنکری نہیں پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی"۔ پس نفی از روئے صورت ہے اور اثبات از روئے حقیقت ہے۔

وما توفیقی الا باللہ وما تشاؤن الا ان یشاء اللہ۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۸۰)

(۲) نعلین کی ایک تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا:

اب سنئے اصطلاحِ قوم میں "نعلین" "کونین" کو کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ عزوجل نے اپنے بندے موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے فرمایا:

فاخلع نعلیك انك بالواد المقدس طوی[1]

اپنے دونوں جوتے اتار ڈالو کہ تم پاکیزہ جنگل طوی میں ہو۔

مفسر علام نظام الدین حسن بن محمد قمی غرائب القرآن و رغائب الفرقان معروف بتفسیر نیشاپوری میں اس آیۂ کریمہ کی تاویل یعنی بطور اہلِ اشارات وحقائق میں فرماتے ہیں:

اترك الالتفات الی الکونین انك واصل الی جناب القدس[2]

یعنی نعلین سے "دونوں جہان" مراد ہیں انھیں اتار ڈالو یعنی ان کی طرف التفات نہ کرو کہ تم بارگاہِ اقدس میں پہنچ گئے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۸۹، ۹۰)

(۳) آپ سے پوچھا گیا کہ آیۂ کریمہ فبای اٰلاء ربکما تکذبٰن ٥ مدھا متٰن ٥ میں آیت "لا" ہے، اس پر ٹھہرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس کے جواب میں فرمایا:

ہر آیت "لا" پر وقف جائز ہے، یوں بھی سنت سے ثابت ہے۔ قُرّاء میں بھی دونوں طریقے ہیں، اور سب قراءتیں حق ہیں۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۹۳)

(۴) سوال آیا کہ سورۂ ناس میں خناسِ ٥ الذی پڑھا جائے یا خنّاسِ ٥ الّذی؟

---

[1] القرآن الکریم ۲۰/ ۱۲

[2] غرائب القرآن تحت الآیۃ ۲۰/ ۱۲ مصطفی البابی مصر ۱۶/ ۱۱۹

اس کے جواب میں فرمایا:

دونوں طرح جائز ہے، اور اصل وہی ہے کہ خنّاس کا سین الّذی کے لام میں ملا کر پڑھیں اس میں الف گر جائے گا، اور بحالتِ وصل اس کے گرانے کا ہی حکم ہے اور "س" پر وقف کر کے "الّذی" مع "ا" پڑھے جب بھی کچھ حرج نہیں، دونوں طریقے سنّت سے ثابت ہیں۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۹۴)

(۵) وقتِ ختمِ قرآن تراویح میں تین[۳] بار سورۂ اخلاص کا پڑھنا کیسا ہے؟ اس کے جواب میں فرمایا:
مستحسن ہے، فتاوٰی عالمگیری میں ہے:

قراءة قل هوالله احد ثلاث مرات عقيب الختم يستحسنها بعض المشائخ لجبر نقصان دخل فی قراءة البعض الا ان يكون ختم القرٰان فی الصلوٰة المكتوبة فلا يزيد علٰی مرة واحدة[۱]

ختمِ قرآن کے بعد تین مرتبہ قل ھو اللہ احد الخ پڑھنے کو بعض مشائخ نے مستحسن قرار دیا ہے تاکہ اس نقصان کا ازالہ ہو جائے جو بعض کے پڑھتے وقت پیدا ہوا ہے، مگر جب ختمِ قرآن فرض نماز کے اندر ہو تو صرف ایک ہی بار سورۂ اخلاص پڑھے زائد نہ پڑھے۔ (ت)

عقود الدریہ میں ہے:

والعمل بما عليه الاكثر[۲]

اس پر عمل کیا جائے جس پر اکثریت کا عمل ہو۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۹۴)

(۶) حافظ میر عبد الجلیل صاحب مارہروی نے رسم القرآن کے بارے میں آٹھ سوالات پر مشتمل ایک استفتاء، اعلٰحضرت علیہ الرحمہ کی خدمت میں بھیجا جس کا آپ نے تفصیلی جواب تحریر فرمایا۔ سوال و جواب مندرجہ ذیل ہیں:

سوال (۱) الفاظ جمع مذکر سالم مانند خاسئین، قانتون، کرھین، خیر الفاتحین و امثالھا جن کو منشی اشرف علی نے اپنے مصحف میں محذوف الالف لکھا ہے اور اکثر جگہ حوالہ

---

[۱] الفتاوی الہندیۃ کتاب الکراہیۃ الباب الرابع نورانی کتب خانہ پشاور ۵/۳۱۷

[۲] العقود الدریۃ مسائل و فوائد شتی من الحظر و الاباحۃ العمل بما علیہ الاکثر ارگ بازار، افغانستان ۲/۳۵۶

شمع قرارت اور خلاصۃ الرسوم وغیرہ کا دیا ہے اور مولوی احمد علی سہارنپوری نے الفاظ موصوفہ کو باثبات الف اپنے مصحف میں لکھا ہے بلکہ ایسے الفاظ قلیل الدور کی ایک فہرست اپنے مصحف کے ابتدار میں لکھ دی ہے کہ وُہ باثبات الف ہیں، ان کی بابت آپ کا حکم کیا ہے ؟

( ۲ ) لفظ "کلام" ملک العلام میں صرف چار جگہ ہے :

ایک جگہ سورۂ بقرہ میں یسمعون کلم اللہ[1] (وہ اللہ کا کلام سُنتے ہیں ۔ ت)

دوم سورۂ اعراف میں :

قال یاموسٰی انی اصطفیتك علی الناس برسٰلتی وبکلامی[2]

فرمایا اے موسٰی ! میں نے تجھے لوگوں سے چُن لیا اپنی رسالتوں اور اپنے کلام سے (ت)

سوم سورۂ توبہ میں :

فاجرہ حتی یسمع کلم اللہ[3]

تو اسے پناہ دو کہ وُہ اللہ کا کلام سُنے ۔(ت)

چہارم سورۃ الفتح میں ہے :

یریدون ان یبدلوا کلم اللہ[4]

وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کا کلام بدل دیں ۔ ( ت )

ان سب کو بعض مصاحف وکتب ورسم الخط میں باثبات الف لکھا ہے اور بعض میں محذوف الالف، اور بعض نے بعض کو مع الالف، اور بعض کو بغیر الف لکھا ہے ــــ آپ کی ان کے باب میں کیا رائے ہے ؟

( ۳ ) لفظ "قیام" دو مقام پر سورۂ نساء میں :

اوّلاً :

ولا تؤتوا السفھاء اموالکم التی جعل اللہ لکم قیٰما[5]

بے عقلوں کو ان کے مال نہ دو جو تمھارے پاس ہیں جن کو اللہ نے تمھاری بسر اوقات

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۷۵
[2] القرآن الکریم ۷/ ۱۴۴
[3] " " ۹/ ۶
[4] " " ۴۸/ ۱۵
[5] " " ۴/ ۵

کیا ہے۔ (ت)

دوم:

فاذکروا اللہ قیاماً وقعوداً وعلیٰ جنوبکم[1]

اللہ کی یاد کرو کھڑے بیٹھے اور کروٹوں پر لیٹے۔ (ت)

سوم سورۃ المائدہ میں:

جعل اللہ الکعبۃ البیت الحرام قیٰما للناس[2]

اللہ نے ادب والے گھر کعبہ کو لوگوں کے قیام کا باعث کیا۔ (ت)

چہارم سورۃ فرقان میں:

والذین یبیتون لربھم سُجّداً وقیاماً[3]

اور وہ جو رات کاٹتے ہیں اپنے رب کے لئے سجدے اور قیام میں۔ (ت)

پنجم سورۃ زمر میں:

ثم نفخ فیہ اخریٰ فاذا ھم قیام ینظرون[4]

پھر وہ دوبارہ پھونکا جائے گا جبھی وہ دیکھتے ہوئے کھڑے ہوجائیں گے۔ (ت)

ششم سورۃ ذاریات میں:

فما استطاعوا من قیام وما کانوا منتصرین[5]

تو وہ نہ کھڑے ہوسکا اور نہ وہ بدلہ لے سکتے تھے۔ (ت)

عام مصاحف میں یعنی مولوی احمد علی صاحب سہارنپوری اور ان کے مقلدین نے سورۃ نساء کے پہلے اور سورۃ مائدہ والے کو بدون الف لکھا ہے، اور باقی سب جگہ مع الف۔ اور یہی رسالہ "مرتع الغزلان" سے ثابت ہے مگر منشی اشرف علی نے صرف آخر کے تینوں کو باثباتِ الف اور اوّل کے تینوں کو بدون الف لکھا ہے۔

(۴) للرجال نصیب مما ترك الولدان والاقربون وللنساء نصیب مما ترك

---

[1] القرآن الکریم ۴/ ۱۰۳
[2] القرآن الکریم ۵/ ۹۷
[3] " ۲۵/ ۶۴
[4] " ۳۹/ ۶۸
[5] " ۵۱/ ۴۵

الوالدان والاقربون مما قل منه او کثر[1]

مردوں کے لئے حصہ ہے اس میں سے جو چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابت والے ، اور عورتوں کے لئے حصّہ ہے اس میں سے جو چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابت والے ترکہ تھوڑا ہو یا بہت ۔ (ت)

اور :

لکل جعلنا موالی مما ترك الوالدان[2] الآیة ۔

ہم نے سب کے لئے مال کے مستحق بنا دیئے ہیں جو کچھ چھوڑ جائیں ماں باپ ۔ (ت)

یہ سب مصاحف مروجہ ہندی میں الف اول موجود اور ثانی مفقود ہے مگر مؤلف خلاصۃ الرسوم دونوں کا حذف فرماتے ہیں اور والدین یا دونون سے سب جگہ مع الالف ہے ۔

(۵) سورۂ نساء میں : لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکٰری[3]

نشہ کی حالت میں نماز کے پاس نہ جاؤ ۔ (ت)

اور سورۂ حج میں :

وتری الناس سکٰری وما ھم بسکٰری[4]

اور تو لوگوں کو دیکھے گا جیسے نشہ میں ہیں اور وہ نشہ میں نہ ہوں گے ۔ (ت)

تینوں کو منشی اشرف علی اور مولوی ہادی علی صاحب نے اپنے مکتوب مصاحف میں محذوف الالف لکھا ہے ، اور عام مصاحف میں خاص سورۂ نساء میں بدون الف اور باقی دونوں کو مع الالف ۔ خلاصۃ الرسوم اور رسالہ نورِ سرمدی سے قولِ اوّل ثابت ہے مگر مرتع الغزلان میں لکھا ہے : ع

گر از حج دو جا سکٰری یاد[5]

یعنی محذوفات میں دو کا ذکر کیا تیسرے سے کچھ تعرض نہ کیا ۔

(۶) علامہ عمرو الدانی ارشاد کرتے ہیں :

کذالك سؤۃ وسوء تکم وسیئ وسیئت وبریئون و ھنیئا مریئا

---

[1] القرآن الکریم ۴ / ۷ [2] القرآن الکریم ۴ / ۳۳
[3] ؁ ؁ ۴ / ۴۳ [4] ؁ ؁ ۲۲ / ۲
[5] مرتع الغزلان فی رسم خط القرآن

وبریئا و شبہہ[1]

لیعنی ان سب کا ہمزہ بدون مرکز ہے لیکن کل مصاحف ہندی میں سوا انکم وغیرہ الف سے مرقوم ہے بالاتفاق کسی نے اس میں خلاف بھی بیان نہیں کیا۔

(۷) ومن خزی یومئذ سورۂ ہود[2] میں قرارت مفتوح المیم کو کتاب تیسیر میں نافع اور ابن عامر کے نام سے لکھا ہے، اور خلاصۃ الرسوم میں مرقوم ہے:

بکسر میم ست بقرارت غیر سوسی[3]۔

سوسی کے غیر کی قرارت میں میم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ (ت)

(۸) اعوذ باللہ کے باب میں روایت کتاب تحفۂ نذریہ مؤلفہ قاری عبدالرحمٰن پانی پتی یہ ہے کہ:

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم مختار جمیع قرار است[4]

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم تمام قرار کا مختار ہے (ت)

آگے بیان کرتے ہیں کہ:

اگر کسے لفظ دیگر در تعوذ گفت آنحضرت صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم ازاں لفظ منع فرمود[5]۔

اگر کسی نے کوئی دوسرا لفظ تعوذ میں کہا تو حضور انور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اس لفظ سے منع فرمایا ہے۔ (ت)

پھر لکھتے ہیں:

باوجود ایں منع وتعلیم الفاظِ دیگر ہم مروی شدہ اند پس تلفظ تعوذ باں الفاظ ہم جائز است اگرچہ مختار نیست[6]، انتہی عبارتہ بقدر ضرورت۔

اس منع وتعلیم کے باوجود کچھ دوسرے الفاظ بھی مروی ہیں، چنانچہ ان الفاظ کے ساتھ بھی تعوذ جائز ہے اگرچہ مختار نہیں ہے۔ تحفۂ نذریہ کی عبارت ختم ہوئی جس قدر ضرورت تھی۔

اس کے باب میں آپ کا کیا حکم ہے؟

---

[1] التیسیر فی قواعد علم التفسیر للامام محمد بن سلمان

[2] القرآن الکریم ۱۱/ ۶۶

[3] خلاصۃ الرسوم

[4] و [5] تحفۂ نذریہ

[6] تحفۂ نذریہ

# الجواب

(۱) یہ علم سمع ہے نہ قیاس۔ کلماتِ علمائے کرام سے دو ضابطے ملتے ہیں:

اوّل مطردہ کہ ہر جمع مذکر سالم کثیر الدور محذوف الالف ہے جبکہ اس الف پر مدنہ ہو۔

دوم اکثری یہ کہ الف پر مد ہو یعنی اس کے بعد ہمزہ یا حرفِ مشدّد آئے تو ثابت الالف ہے مگر ذوات الہمزہ میں حذف بھی بکثرت پایا گیا ہے۔ اور جمع مؤنث سالم تو مطلق محذوف الالف و الالفین ہے اگرچہ قلیل الدور ہو اگرچہ الف ممدود ہو۔ مگر گنتی کے حروف جیسے سورۂ شوریٰ میں روضٰت الجنّٰت، یونس میں اٰیاتنا بیّنٰت، اسی میں مکر فی اٰیاتنا، حٰم سجدہ میں سمٰوٰت، فاطر میں علٰی بیّنات علی الخلاف الٰی غیر ذٰلک من حروف قلائل۔

امام عمرو دانی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ مقنع میں فرماتے ہیں:

اتفقوا علی حذف الالف من جمع السالم الکثیر الدور من المذکر و المؤنث جمیعا الصّٰبرین والصّٰدقین والقٰنتین والشّٰیطین والظّٰلمون و السّٰحرون والطیبٰت والخبیثٰت والمتصدّقٰت والثیّبٰت والغرفٰت وما کان مثلہ، فان جاء بعد الالف ھمزۃ او حرف مضعف نحو السائلین والقائمین والظانین والعادین وحافین وشبھہ اثبت الالف علٰی انی تتبعت مصاحف اھل المدینۃ واھل العراق القدیمۃ فوجدت فیھا مواضع کثیرۃ مما بعد الالف فیہ ھمزۃ قد حذف الالف منھا واکثر ما وجدتہ فی جمع المؤنث لثقلہ والاثبات فی المذکر اکثر قال ابوعمرو ما اجتمع فیہ الفان من جمع المؤنث السالم فان الرسم فی اکثر المصاحف بحذفھما جمیعا سواء کان بعد الالف حرف مضعف او ھمزۃ نحو الحٰفظٰت والصّٰدقٰت والنّٰزعٰت والصّٰفّٰت والعٰدیٰت والصّٰئمٰت وغیٰبٰت وسٰئحٰت وشبھہ قد امعنت النظر فی ذٰلک فی مصاحف اھل العراق اھلیۃ اذ عدمت النص فی ذٰلک فلم ارھا مختلف فی حذف ذٰلک۔

وقال محمد بن عیسٰی اصفھانی فی کتابہ ھجاء المصاحف قوم طاغون فی والذّٰریٰت والطور وفی روضات الجنّٰت فی عسق مرسومۃ بالالف۔

وقال ابوعمرو کذا رأیتھا انا فی مصاحف اھل العراق ورأیت فی

بعضها کراماً کاتبین بالالف فی بعضها بغیر الفٍ اھ مختصرًا۔

تمام لوگوں نے جمع مذکر وسالم کثیر الدور سے الف کے حذف کرنے پر اتفاق کیا، جیسے صٰبرین، صٰدقین، قٰنتین، شیٰطین، ظٰلمون، سٰحرون، طیّبٰت، خبیثٰت، متصدّقٰت، ثیّبٰت، غرفٰت اور جو اس کے مثل ہو۔ اور الف کے بعد ہمزہ یا حرف مشدّد آئے جیسے سائلین، قائمین، ظانین، عادین، حافین اور اس کے مشابہ۔ مگر میں نے اہل مدینہ اور اہلِ عراق کے قدیم مصاحف کا تتبع کیا تو بہت سے مقامات پر جہاں الف کے بعد ہمزہ تھا وہاں سے بھی الف حذف کردیا ہے اور ایسا اکثر جمع مؤنث میں اس کے ثقل کی وجہ سے ہوا ہے۔ اور مذکر میں زیادہ طور پر الف کا اثبات ہے۔ ابو عمرو فرماتے ہیں جہاں جمع مؤنث سالم میں دو الف جمع ہو جائیں وہاں عام طور سے دونوں الف کو حذف کر دیتے ہیں اس کے بعد ہمزہ اور حرف مشدّد ہو یا نہ ہو جیسے حٰفظٰت، صٰدقٰت، نٰزعٰت، صٰفّٰت، عٰدیٰت، صٰئمٰت، غیٰبٰت، سٰئحٰت اور اس کے مثل۔ میں نے اہلِ عراق کے اصلی مصاحف میں غور سے دیکھا جہاں مجھے کوئی تصریح نہ ملی تو ہر جگہ انھیں کو محذوف پایا۔

محمد بن عیسٰے اصفہانی اپنی کتاب "ہجاء المصاحف" میں فرماتے ہیں کچھ ذاریات اور طور میں طاغون کو اور عسق میں روضات الجنّٰت کو الف سے لکھتے ہیں۔

ابو عمرو فرماتے ہیں مصاحف اہل عراق میں میں نے کراماً کاتبین کو الف اور بغیر الف دونوں طرح تحریر پایا۔ انتھی مختصراً۔

اس کے سوا جمع مذکر سالم قلیل الدور عدیم المد کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ اور خاص خاص الفاظ میں اختلافِ مصاحف ثابت۔ مقنع میں ہے[1]؛

فی بعضها فارھین وفی بعضها فرھین بغیر الف وکذلك حاذرون وحذرون۔

بعض مصاحف میں فارھین بہ الف اور بعض میں بغیر الف ہے اسی طرح حاذرون بھی دونوں طرح تحریر پایا گیا۔

اسی طرح دخان و طور و مطففین فاکھین اور یٰس کے فاکھون سب کو فرمایا کہ فی بعضها بالف وفی بعضها بغیر الف تو مطلقاً ایک حکم کلی اثبات خواہ حذف کا لگا دینا

---

[1] المقنع فی رسم المصحف

ہرگز صحیح نہیں، بلکہ ہر کلمہ میں رجوع بنقل پھر بحالتِ اتفاق اس کا اتباع لازم، اور بحالتِ اختلاف اکثر و اشہر کی تقلید کی جائے۔ اور تساوی ہو تو حذف و اثبات میں اختیار ہے۔ اور احسن یہ کہ جہاں اختلافِ قراءت بھی ہو جیسے فٰکھین اور فاکھین وہاں حذف معمول بہ رکھیں لیحتمل القراءتین۔ اور اگر نقل اصلاً نہ ملے تو ناچار رجوع بہ اصل ضرور، اور وہ اثبات ہے کہ اصل کتابت میں اتباعِ ہجار ہے۔ علامہ علم الدین سخاوی شرح عقیلہ میں زیرِ قولِ مصنف قدس سرہٗ ع وبالذی غافرعن بعضہ الف فرماتے ہیں؛

اصل ماجھل اصلہ ان یکتب بالالف علیٰ ماینطق[1]۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

جس کی اصل نہ معلوم ہو تو قاعدہ یہ ہے کہ جس طرح بہ الف پڑھا جاتا ہے اسی طرح لکھا جائے۔

(۲) امام الاقاصی والادانی فی الرسم القرآنی ابوعمرو دانی فرماتے ہیں؛

قال الغازی بن قیس العذاب والعقاب والحساب والبیان والغفار والجبار والساعۃ والنھار بالالف یعنی فی المصاحف وذٰلک علی اللفظ، قال ابوعمرو وکذٰلک رسموا کل ماکان علیٰ وزن فعال وفعال بفتح الفاء وکسرھا وعلیٰ وزن فاعل نحو ظالم وفعال نحو خوار وفعلان نحو بنیان وفعلان نحو رضوان وکذٰلک المیعاد والمیقات والمیزان وما اشبھہ مما الفہ زائد البناء وکذٰلک ان کانت منقلبۃ من یاء او واؤ حیث وقعت[2] اھ باختصار الامثلۃ۔

غازی بن قیس فرماتے ہیں کہ عذاب، عقاب، حساب، بیان، غفار، جبار، ساعۃ، نہار مصاحف میں الف کے ساتھ مرقوم ہے جیسا کہ لفظ ہے۔ ابوعمرو فرماتے ہیں یونہی تحریر کیا ہر وہ لفظ جو فَعال اور فِعال کے وزن پر ہو یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ظالم، یا فَعّال کے وزن پر ہو جیسے خوار، اور فُعلان کے وزن پر ہو جیسے بنیان، اور فِعلان کے وزن پر ہو جیسے رضوان، اور ایسے ہی میعاد، میقات، میزان اور اس کے مشابہ الفاظ جس میں الف زائد بناء کے لئے ہو۔ ایسے ہی یاء اور واؤ سے بدلا ہوا بھی جہاں کہیں ہو۔ مثالوں میں اختصار کر دیا ہے۔

یہ مبارک کلام مفید عام کل سے ابتداء اور حیث وقعت پر انتہا ہو کر تاکیدًا افادۂ عموم لایا،

---

[1] (شرح عقیلہ) الوسیلہ فی کشف العقیلہ

[2] المقنع فی رسم المصحف

اگرچہ بحکم:

مامن عام الاوقد خص منه البعض حتی هٰذه القضیة لنفسها بمثل قوله سبحٰنه "وهو بکل شئ علیم"[1] کما لا یخفی علی ذی عقل سلیم۔

کوئی عام نہیں کہ اس سے بعض کی تخصیص نہ ہو خاص اس قضیہ میں بھی اللہ تعالٰی کے قول ھو بکل شئ علیم کی طرح، جیسا کہ عقل سلیم والے پر ظاہر ہے۔

بعض مستثنیات رکھتا ہے جنھیں خود امام ممدوح نے مقنع میں مواضع متفرقہ پر افادہ فرمایا ہے مثل عٰلم الغیب والبٰلغ وبلغا والضٰلل وضٰلل ومن خٰلله وظٰلله وغیرھا[2] (مثلاً عٰلم الغیب اور بٰلغ اور بلغا اور الضٰلل اور ضٰلل اور من خٰلله اور ظٰلله وغیرھا)

ولہذا "مرتع الغزلان فی رسم خط القرآن" میں فرمایا:

وزن فعال و فاعل و فعلان ـــ هم فعال و فِعال و هم فُعلان نیز فُعلان و مفعل و فعّال ـــ هم فُعال و مفاعل و افعال هم مفاعیل و مفعل و مفعال ـــ با فعالی فواعل و فِعّال ـــ جملگی فعلها و مصدرها الف منقلب ز واؤ و ز یاء، ہمہ گی ثابت است در ہمہ جا، جز حروفے کہ گشتہ مستثنیٰ[3]

فَعال اور فاعل اور فِعلان کا وزن ـــ فَعال اور فِعال اور فَعلان کا وزن ـــ فُعلان اور مفعل اور فعّال بھی ـــ فُعال اور مفاعل اور افعال بھی ـ مفاعیل اور مفعل مفعال بھی ـ فعالی فواعل ـ فِعّال ـــ اور افعال اور تمام مصادر، جن کا الف واؤ سے بدلا ہو یا یاء سے بدلا ہو، تمام مقامات میں ایسا الف باقی اور ثابت رہے گا، البتہ چند حروف اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں۔

مگر شک نہیں کہ وہ ہمیں ایک ضابطہ نافعہ بتاتا ہے کہ مستثنیات کے سوا ایسے سب کلمے ثابتات الالف ہیں۔ تو جب تک بالخصوص نقل معتمد سے خلاف ثابت نہ ہو ثابت ہی رکھیں گے کہ وہی اصل اور وہی خود اصل رسم میں اصل۔ خلاصۃ الرسوم سے بکلمی اور یبدلوا کلام اللہ بالحذف مترشح ہے۔ اخیر کی وجہ ظاہر ہے کہ امام حمزہ و امام کسائی نے یہاں کَلِمَ

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۲۹
[2] المقنع فی رسم المصحف
[3] مرتع الغزلان فی رسم خط القرآن

بروزن کَیِّف پڑھا ہے مگر کلامی میں مثل دو باقی فقیر کے نزدیک اثبات ارجح ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

(۳) یہ کلمہ سات جگہ آیا ہے، سب سے پہلے سورۂ آل عمران میں:

لاٰیٰت لاولی الالباب ○ الذین یذکرون اللّٰہ قیاما وقعودا وعلٰی جنوبھم۔[1]
نشانیاں ہیں عقلمندوں کے لئے جو اللہ کی یاد کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور کروٹوں پر لیٹے۔ (ت)

عام مصاحف میں یہاں بھی مع الالف ہے۔ صاحبِ خلاصۃ الرسوم علامہ عثمان طالقانی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ نے صرف مائدہ کو ذکر کیا کہ:

قیمًا بحذفِ الف مرسوم است از جہت اشتمال بر ہر دو قراءت یا بنام اختصار۔[2]
قیمًا الف کے حذف کے ساتھ لکھا گیا ہے دونوں قراءات پر مشتمل ہونے کی وجہ سے یا اختصار کے لئے۔ (ت)

اور حرفِ اوّل نساء کو اگرچہ لفظاً نہ بنایا بلکہ رسماً بحذف لکھا جس سے ظاہر باقی پانچ میں اثبات ہے، اور یہی قول مرتع ع قیٰما وز ابتداء نساء وع آخر مائدہ قیٰمًا دال[3] کا مفاد ہے اور اس کی وجہ واضح ہے کہ امام نافع اور امام اجل ابن عامر نے حرف نساء جعل اللّٰہ لکم قیٰمًا[4] اور ابن عامر نے حرف مائدہ قیما للناس[5] کو بے الف پڑھا فی التیسیر، باقی سب میں اثباتِ الف ہے باتفاقِ قرّاءِ سبعہ والرسم یتبع اللفظ لاسیّما وھو فِعَال کما مر۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

(۴) مصحفِ کریم میں والِدٍ، والدین، والدیہ، والدیك، والدیّ، والدۃ، والدتی، والدتك سب بالف بعدِ واؤ مرسوم ہیں۔ اور یہی مقتضائے قاعدۂ فاعل ہے حتی کہ والدات باآنکہ جمع مؤنث سالم ہے، حذف الف میں مختلف فیہ ہے۔ والدٰن

---

[1] القرآن الکریم ۳/ ۱۹۰ و ۱۹۱
[2] خلاصۃ الرسوم
[3] مرتع الغزلان فی رسم خط القرآن
[4] القرآن الکریم ۴/ ۵
[5] 〃 ۵/ ۹۷

میں حذفِ الف تثنیہ توحسب قاعدہ مطردہ ضرور ہے، حذفِ اوّل کی کوئی وجہ ظاہر نہیں اور عبارت خلاصۃ الرسوم[1] اس نسخہ سقیمہ میں مرسوم "الولدان ہردو بحذفِ الف تثنیہ مکتوب است بعد از واؤ و دال ہمہ جا" عبارت نے تو حذفِ الف تثنیہ بتایا ہے اور ہردو سے مراد دونوں لفظ الولدان کہ اس آیۃ کریمہ میں واقع ہیں اور بعد از واؤ الف تثنیہ کے کوئی معنی نہیں۔ ظاہراً لفظ واؤ زیادت قلم ناسخ سے ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۵) فِعالیٰ کا قاعدہ مرتّع سے گزرا اور بعینہٖ یہی تخصص موضعین حج مفاد مقنع ہے۔ محذوفات نافع بیان کر کے فرماتے ہیں؛

فھٰذا جمیع ما فی روایۃ عبد اللّٰہ بن عیسٰی عن قالون عن نافع مما حذفت منہ الالف الرسو وحدثنا ابو الحسن بن غلبون قرأہ منی علیہ حدثنا ابی حدثنا محمد ابن جعفر حدثنا اسمٰعیل ابن اسحٰق القاضی القالون عن نافع بعامۃ ھٰذہ الحروف وزاد فی الکھف فلا تصٰحبنی وفی الحج سکرٰی وما ھم بسکرٰی[2] الخ۔

یہ سب عبد اللہ بن عیسٰے کی روایت قالون سے ہے اور انھوں نے نافع سے روایت کی جہاں جہاں سے رسم میں الف محذوف ہوا ابو الحسن ابن غلبون نے مجھ سے بیان کیا کہ جب میں ان پر پڑھ رہا تھا انھوں نے کہا مجھ سے میرے والد نے ان سے محمد ابن جعفر نے ان سے اسمٰعیل بن اسحٰق قاضی نے انھوں نے قالون سے اور انھوں نے امام نافع سے یہ سب روایت کی۔ اور سورہ کہف میں فلا تصٰحبنی اور حج میں سکری وما ھم بسکری کا اضافہ کیا۔

اور وہ واضح الوجہ ہے کہ حرفین حج کو امام حمزہ اور امام کسائی نے سَکْرٰی بروزن سَلْمٰی پڑھا ہے بخلاف حرفِ نساء کہ قرارت سبعہ میں بالاتفاق سکٰرٰی بروزن فُعَالٰی ہے تو قول مرتّع ہی اوضح اور اوجہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۶) مصاحفِ ہند نے اتباعِ "خلاصۃ الرسوم" کیا مگر کلام الامام امام الکلام ولا اقل دونوں مجوز ہوں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۷) تیسیر میں ھود و معارج کے خزی یومئذ[3] اور عذاب یومئذ[4] میں فتح میم کو

---

[1] خلاصۃ الرسوم
[2] المقنع فی رسم المصحف
[3] القرآن الکریم ۱۱/۶۶
[4] القرآن الکریم ۷۰/۱۱

نافع اور کسائی کی طرف نسبت فرمایا، اور اسی طرح دیگر ائمہ نے تصریح فرمائی۔ تیسیر میں ہے:

نافع والکسائی ومن خزی یومئذ وفی المعارج من عذاب یومئذ ببنیہ بفتح المیم والباقون بکسرھا[1]

نافع اور کسائی نے من خزی یومئذ اور سورۂ معارج میں من عذاب یومئذ ببنیہ کو میم کے فتحہ کے ساتھ اور باقیوں نے کسرہ کے ساتھ پڑھا۔

شاطبیہ میں ہے:

ویومئذ مع سأل فافتح (ا) تی (ر) ضا
وفی النمل (حصن) قبلہ النون (ث) ملا[2]

یومئذ کو اس سورۃ اور سورۃ معارج میں فتح میم سے پڑھ کہ وہ پسندیدہ ہو کر آیا ہے، اور سورۂ نمل میں فتح میم کوفیین اور نافع کے لئے ایک قلعہ ہے اور اس لفظ سے پہلے نون تنوین نے فتح کو سنوار دیا۔

شرح میں ہے:

امر بفتح المیم فی قولہ تعالیٰ ومن خزی یومئذ ومن عذاب یومئذ ببنیہ فی المعارج المشار الیھما بالھمزۃ والراء فی قولہ اتی رضا وھما نافع والکسائی۔ ثم اخبران المشار الیھم بحصن وھم الکوفیون ونافع قرأوا بالنمل وھم من فزع یومئذ یومئذ فتعین لمن لم یذکرہ فی الترجمتین القراءۃ بکسر اما اصلہ وھو علی الحقیقۃ الخفض فی المواضع[3] الخ۔

اللہ تعالیٰ کے قول من خزی یومئذ اور من عذاب یومئذ ببنیہ میں جو سورۂ معارج میں ہے میم کے فتحہ کا حکم دیا۔ اور ہمزہ اور راء سے مصنف کے قول "اتی رضا" میں نافع اور کسائی کی طرف اشارہ ہے۔ پھر یہ بتایا کہ لفظ حصن سے کوفیوں اور نافع کی طرف اشارہ ہے۔ ان لوگوں نے سورۂ نمل کے من فزع یومئذ کو یومئذ پڑھا، تو یہ بات ثابت

---

[1] التیسیر فی قواعد علم التفسیر للامام محمد بن سلیمان
[2] حرز الامانی ووجہ التہانی — سورۂ ہود — مصطفیٰ البابی مصر — ص ۶۲
[3] سراج القاری (شرح الشاطبیۃ) لعلی بن عثمان المعروف بابن القاصح

ہوگئی کہ دونوں ترجموں میں جن لوگوں کا ذکر نہیں ہے وہ اصل حقیقی پر تینوں جگہ مکسور پڑھتے ہیں۔

غیث النفع میں ہے :

خزی یومئذ قرأ نافع وعلی بفتح المیم والباقون بالکسر[1]

خزی یومئذ کو نافع اور علی نے بفتح میم اور باقی قراء نے بالکسر پڑھا۔

بعینہٖ اسی طرح اس کی سورۃ سأل میں ہے ان اجلّہ اکابر کی تصریحات جلیلہ پر ہی اعتماد لازم ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم

(۸) تعوّذ میں یہ صیغہ مختار قراء کرام ہونا ضرور صحیح ہے۔ امام ابوعمرو دانی تیسیر میں فرماتے ہیں :

المستعمل عند القراء الحذاق من اهل الاداء فی لفظها اعوذ بالله من الشیطٰن الرجیم دون غیره و ذٰلك لموافقة الکتاب والسنة فاما الکتاب ما جاء فی تنزیل العظیم قوله عزوجل لنبیه الکریم صلی الله تعالٰی علیه وسلم وهو اصدق القائلین "فاذا قرأت القراٰن فاستعذ بالله من الشیطٰن الرجیم" و اما السنة فما رواه نافع ابن جبیر ابن مطعم عن ابیه رضی الله تعالٰی عنهما عن النبی صلی الله تعالٰی علیه وسلم انه استعاذ قبل قرأة القراٰن بهٰذا اللفظ بعینه وبذٰلك قرأت و به اٰخذ[2]

ادائے قرآن میں ماہر قاریوں میں استعاذہ کے لئے یہی الفاظ مستعمل ہیں اور نہیں، وجہ یہ ہے کہ یہ الفاظ قرآن وحدیثِ نبوی کے موافق ہیں، اللہ تعالٰی قرآن عظیم میں فرماتا ہے جب قرآن پڑھنا ہو تو "اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم" پڑھو۔ اور حضرت نافع ابن جبیر ابن مطعم اپنے والد سے وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم تلاوتِ قرآن سے قبل خاص انھیں الفاظ میں اعوذ باللہ پڑھتے یہ حدیث سے ثابت ہوا۔ امام ابوعمرو فرماتے ہیں میں ایسا ہی پڑھتا ہوں اور یہی میرا مذہب ہے۔

غیث النفع میں ہے :

اما صیغتها فالمختار عند جمیع القراء اعوذ بالله من الشیطٰن الرجیم و کلهم یجیز غیر هٰذه الصیغة من الصیغ الواردة نحو اعوذ بالله السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم و اعوذ بالله العظیم من الشیطٰن الرجیم و اعوذ بالله من الشیطٰن الرجیم انه هو السمیع العلیم و اعوذ بالله السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم[3]

---

[1] غیث النفع القراءات السبع للامام ابی عمرو عثمان [2] التیسیر فی قواعد علم التفسیر للامام محمد بن سلیمان
[3] غیث النفع

صیغہ استعاذہ کے لئے تمام قاریوں کا مختار اور پسندیدہ لفظ "اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم" ہے، اس کے باوجود ان دوسرے صیغوں کو بھی سبھی جائز قرار دیتے ہیں جو اس باب میں وارد ہیں جیسے "اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم" وغیرہ الخ۔

حرز الامانی امام محمد قاسم شاطبی قدس سرہٗ میں ہے: ؎

اذا ما اردت الدھر تقرأ فاستعذ — جہارا من الشیطٰن باللہ مُسْجَلا
علیٰ ما اتی فی النحل یسرًا و ان تزد — لربك تنزیھا فلست مُجَھَّلا[1]

زمانہ میں جب بھی قرآن شریف پڑھنا چاہو تو اعوذ باللہ علی الاعلان پڑھو، یہ سب قاریوں کا مسلک ہے۔ جیسا کہ سورۂ نحل شریف میں وارد جو آسان ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کی کچھ تنزیہات بھی بڑھا دو تو تم جاہل نہ ہوگے۔

سراج القاری میں ہے:

قولہ مُسْجَلا ای مطلقا لجمیع القراء فی جمیع القرآن (علیٰ ما اتی فی النحل) ای استعذ علی اللفظ الذی نزل فی سورۃ النحل جاعلا مکان استعذ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم و معنی یسرًا ای میسرًا و تیسرہ قلۃ کلماتہ و زیادۃ التنزیہ ان تقول اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم انہ ھو السمیع العلیم و اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم و نحو ذٰلك و قولہ فلست مجھلا ای لست منسوبا الی الجھل لان ذٰلك کلہ صواب و مروی[2]

ماتن کا قول مُسْجَلا کا مطلب یہ ہے کہ تمام قرار قرآن کی قرارت میں ہر جگہ اسی کو راجح قرار دیتے ہیں علیٰ ما اتی فی النحل کا مطلب یہ ہے کہ سورۂ نحل شریف میں استعاذہ کے جو الفاظ وارد ہیں انھیں ڈھونڈو، اور یسرًا کے معنیٰ یہ ہیں کہ چونکہ اس استعاذہ میں کلمات کم ہیں اس لئے ان کا پڑھنا آسان ہے اور تنزیہ کے اضافہ کا مطلب یہ ہے کہ اور روایتوں میں جو سمیع علیم وغیرہ تعریف الٰہی کے کلمات وارد ہیں ان کا اضافہ کرو، فلست مجھلا کا مطلب یہ کہ ایسا کرنے پر تم جاہل نہ قرار دیئے جاؤ گے کیونکہ وہ زائد کلمات بھی درست اور مروی ہیں۔

---

[1] حرز الامانی و وجہ التہانی — باب الاستعاذۃ — مصطفی البابی مصر — ص ۱۰
[2] سراج القاری (شرح الشاطبیۃ) لعلی بن عثمان المعروف بابن القاصح

مگر دیگر الفاظ مرویہ سے بھی منع ہرگز نہیں۔ وہ سب بھی باجماعِ قرار جائز ہیں۔ غیث و شاطبیہ و شروح کی عبارات ابھی گزریں۔ امام جلال الدین سیوطی اتقان میں فرماتے ہیں:

قال الحلوانی فی جامعہ لیس للاستعاذۃ حد ینتھی الیہ من شاء زاد و من شاء نقص[1]

حلوانی نے اپنی جامع میں لکھا کہ استعاذہ کی کوئی حد نہیں ہے کہ اسی پر بس ہے۔ تو جو چاہے اضافہ کرے اور جو چاہے کم کرے۔

حضور پُرنور صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کا دیگر الفاظ سے منع فرمانا ہرگز ثابت نہ ہوا، اور اگر ثابت ہو جاتا تو کیا معنٰی تھے کہ بعدِ منعِ اقدس پھر بھی دیگر الفاظ جائز رہتے۔ قاری صاحب نے یہاں عجیب بین المتنافیین کیا ہے کہ اور الفاظ سے منع فرمانا بالجزم حضور صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی نسبت کہا، حالانکہ وہ حدیث ضعیف ہے اور ضعیف کی بہ صیغہ جزم نسبت روا نہیں۔ پھر ان الفاظ کو بھی جائز رکھا حالانکہ بعد ممانعتِ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم جواز کی طرف راہ اصلاً نہیں، بلکہ جواز وہی ہے کہ منع ثابت نہ ہُوا۔ امام شاطبی بعدِ کلامِ مذکور فرماتے ہیں:

وقد ذکروا لفظ الرسول فلم یزد
ولو صح ھذا النقل لم یبق مجملا[2]

حضور صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے الفاظ میں استعاذہ میں اضافہ نہیں ہے"
اگر یہ روایت صحیح ہوتی تو حکمِ قرآنی مجمل نہ ہوتا۔

شرح علامہ ابن قاصح میں ہے:

اشار الٰی قول ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ قرأت علٰی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فقلت اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم فقال لی قل یا ابن ام عبد اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم و روی نافع عن ابن جبیر ابن مطعم عن ابیہ رضی اللہ تعالٰی عنہما عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انہ کان یقول قبل القراءۃ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم و

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن النوع الخامس والثلاثون دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/ ۳۴۱

[2] حرز الامانی ووجہ التہانی باب الاستعاذۃ مصطفٰی البابی مصر ص ۱۰

کلا الحدیثین ضعیف، و اشار بقوله ولو صح ھذا النقل الی عدم صحة الحدیثین وقوله لم یبق مجملا ای لو صح نقل ترک الزیادة لذھب اجمال الاٰیة واتضح معناھا وتعین لفظ النحل دون غیرہ ولکنہ لم یصح فبقی اللفظ مجملا مع ذٰلک فالمختار ان یقال اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم لموافقہ لفظ الاٰیة و ان کان مجملا لورود الحدیث بہ علی الجملة وان لم یصح لاحتمال الصحة۔[1]

مصنف نے اپنے قول سے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ کی اسی حدیث کی طرف اشارہ کیا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے حضور تلاوت کی تو اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم کہا تو مجھ سے آپ نے فرمایا: اے اُمّ عبد کے لڑکے! صرف اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم کہو۔ اور نافع نے جبیر ابن مطعم سے انھوں نے اپنے باپ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم تلاوت سے قبل اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھتے تھے اور یہ دونوں حدیثیں ضعیف ہیں۔ اور مصنف نے اپنے قول ولو صح ھذا النقل سے دونوں ہی حدیثوں کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے اور مصنف کے قول "مجمل نہ رہتی" کا مطلب یہ ہے کہ اگر یہ روایت صحیح ہوتی کہ زیادتی کو ترک کیا تو آیت قرآنی کا اجمال ختم ہوجاتا اور اس کے معنی واضح ہوجاتے اور سورۂ نحل میں وارد الفاظ ہی متعین ہوجاتے، لیکن جب یہ حدیث صحیح نہیں تو آیت مجمل ہی رہی، اس کے باوجود راجح اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم ہی ہے کیونکہ یہ قرآنی الفاظ کے موافق بھی ہے اور حدیث بھی ان الفاظ کے ساتھ وارد ہے، تو اگر روایت صحیح ثابت نہ ہو احتمالِ صحت تو ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۹۵ تا ۱۱۰)

(۷) سید پرورش علی صاحب نے دھرم پورہ ضلع بلند شہر سے رسم القرآن سے متعلق بزبانِ فارسی سوال بھیجا جو کہ مع جواب مندرجہ ذیل ہے:

**سوال**: چہ می فرمایند عالمانِ کتاب مبین کہ الف ذاقا و استبقا الباب اور دعوا اللہ اور قالا الحمد خواندہ شود یا نہ؟ بیّنوا توجروا۔

کتاب مبین کے علماء کیا فرماتے ہیں کہ ذاقا و استبقا الباب، دعوا اللہ اور قالا الحمد کا الف پڑھا جائے گا یا نہیں؟ بیان فرمائیے اجر دیئے جاؤ گے۔ (ت)

---

[1] سراج القاری (شرح الشاطبیۃ) للعلامہ لعلی بن عثمان المعروف بابن القاصع

## الجواب

درسجاوندی ایں چہار فتحہ رابقدر خفیف کہ تا الف تام نہ رسد اشباع فرمودہ است، سجاوندی کتاب معتبر ست و دیگر کتب گرچہ تصریح بداں نیست خلافش نیز نیست و وجہش موجہ است کہ تمیز تثنیہ از مفرد است پس عمل بداں محذورے ندارد و نظیرش فصل خفیف در قال اللہ تعالیٰ "علیٰ ما نقول وکیل[1]" وقال النار مثوٰکم[2] وامثالہا است تا ابتدار بفاعل ملتبس نہ شود۔ واللہ تعالیٰ اعلم

سجاوندی میں ان چار فتحوں میں ہلکا سا اشباع فرمایا گیا ہے تاکہ الف تام کی حد تک نہ پہنچے۔ سجاوندی معتبر کتاب ہے۔ دوسری کتابوں میں اگرچہ اس کی تصریح نہیں ہے مگر مخالفت بھی نہیں ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سے تثنیہ مفرد سے ممتاز ہوجائے گا۔ لہذا اس پر عمل کرنے میں کوئی ممانعت نہیں ہے۔ اس کی نظیر اللہ تعالیٰ کے ارشاد علیٰ ما نقول وکیل اور قال النار مثوٰکم اور اس جیسی دیگر مثالوں میں ہلکا سا فصل ہے تاکہ مبتدار کا فاعل کے ساتھ التباس لازم نہ آئے۔ (ت) واللہ تعالیٰ اعلم (فتاویٰ رضویہ ج ۳۰ ص ۱۱۰، ۱۱۱)

(۸) کواکب خود بالطبع آسمان میں گھومتے ہیں یا بحرکت قمری بالتبع چکر کھاتے ہیں؟ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

ہمارے نزدیک کواکب کی حرکت نہ طبعیہ ہے نہ تبعیہ، بلکہ خود کواکب بامر الٰہی و تحریک ملائکہ آسمانوں میں دریا کی مچھلی کی طرح تیرتے ہیں۔

قال اللہ تعالیٰ کل فی فلک یسبحون[3]، وقال اللہ تعالیٰ "والشمس تجری لمستقر لہا ذٰلک تقدیر العزیز العلیم[4]" وقال تعالیٰ "سخر لکم الشمس و القمر دائبین[5]" وقال تعالیٰ "کل یجری الیٰ اجل مسمّی[6]"

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہر ستارہ ایک آسمان میں تیرتا ہے۔ اور اللہ عزوجل فرماتا ہے سورج اپنے مستقر کے لئے جاری ہے یہ غالب علم والے کا حساب ہے۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے سورج اور چاند کو تمھارے لئے مسخر فرمایا جو مسلسل چل رہے ہیں۔ اور فرمایا ایک

---

[1] القرآن الکریم ۲۸/۲۸ [2] القرآن الکریم ۶/۱۲۸
[3] " ۳۶/۴۰ [4] " ۳۶/۳۸
[5] " ۱۴/۳۳ [6] " ۳۱/۲۹

مقررہ وقت کے لئے سب حرکت میں ہیں۔

ہمارے نزدیک نہ زمین متحرک ہے نہ آسمان۔

قال اللہ تعالٰی "ان اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکھما من احد من بعدہ"[1]

(اللہ تعالٰی نے فرمایا) بیشک اللہ روکے ہوئے ہے آسمانوں اور زمینوں کو کہ ہٹ نہ جائیں اور جو وہ ہٹیں تو خدا کے سوا انھیں کون روکے۔

سعید بن منصور اپنی سنن، اور عبد حمید اور ابن جریر اور ابن منذر اپنی تفاسیر میں شقیق سے راوی:

قال قیل لابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہما ان کعبًا یقول ان السماء تدور فی قطبۃ مثل قطبۃ الرحا فی عمود علی منکب ملک قال کذب کعب ان اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا۔ وکفی بھا زوالا ان تدور[2]

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ کو بتایا گیا کہ حضرت کعب کا کہنا ہے کہ آسمان چکّی کے پاٹ کی طرح ایک کیل میں جو ایک فرشتے کے کندھے پر گھوم رہا ہے، آپ نے فرمایا: کعب غلط کہتے ہیں اللہ تعالٰی فرماتا ہے کہ اس نے آسمان و زمین کو ٹلنے سے روک رکھا ہے اور حرکت کے لئے ٹلنا ضروری۔

عبد بن حمید قتادہ سے راوی:

ان کعبا کان یقول ان السماء تدور علی نصب مثل نصب الرحا فقال حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ تعالٰی عنہما کذب کعب ان اللہ یمسک السمٰوٰت والارض ان تزولا[3]

حضرت کعب احبار فرماتے تھے کہ آسمان چکّی کی طرح کیلے پر گھوم رہا ہے۔ حذیفۃ الیمان رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا: (اللہ تعالٰی کا ارشاد ہے کہ) اللہ تعالٰی نے آسمان و زمین کو ٹلنے سے

---

[1] القرآن الکریم ۳۵/ ۴۱

[2] الدرالمنثور تحت آیۃ ۳۵/ ۴۱ داراحیاء التراث العربی بیروت ۷/ ۳۲

[3] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۷/ ۳۲

روک رکھا ہے۔

ان دونوں حدیثوں کا حاصل یہ ہے کہ حضرت افقہ الصحابہ بعد الخلفاء الاربعہ سیدنا عبداللہ بن مسعود اور حضرت صاحب سِرّ رسول صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم سیدنا حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالٰے عنہم سے عرض کی گئی: کعب کہتے ہیں آسمان گھومتا ہے۔ دونوں صاحبوں نے کہا: کعب غلط کہتے ہیں۔ اور وُہی آیۂ کریمہ اس کے رَد میں تلاوت فرمائی۔

اقول وان کان الزاعم ان یزعم ان الزوال بمعنی الحرکۃ الاینیۃ ولکن کبراء الصحابۃ رضی اللہ تعالٰی عنہم اعرف منا بتفسیر القرآن فلا یجوز الاستدراک علیہم عند من نور اللہ بصیرتہ جعلنا اللہ منہم بحرمتہم عندہ اٰمین!

میں کہتا ہُوں کہ کوئی شخص یہ گمان کر سکتا ہے کہ زوال تو حرکتِ اینیہ کو کہتے ہیں لیکن بزرگ ترین صحابہ ہم سے زیادہ قرآن کی تفسیر جاننے والے تھے کہ ان (رضی اللہ تعالٰی عنہم) کے کہے ہوئے کو وہ شخص رَد نہیں کرے گا جسے خدا نے نورِ بصیرت دیا۔ اللہ ان کے صدقے میں ہمیں بھی انھیں کے ساتھ کرے آمین! (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۱۱۳ تا ۱۱۵)

(9) سوال آیا کہ سبع سیارہ کا بیان کس آیت میں ہے؟ اس کے جواب میں فرمایا:

قال اللہ تعالٰی "والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ[1]"

اللہ تعالٰے فرماتا ہے: سورج، چاند اور ستارے سب اسی کے حکم کے فرمانبردار ہیں۔

اور کل فی فلک[2] سے بھی اسی طرف اشارہ ہے کہ اس میں سات حرف ہیں اپنے نفس پر دائر اور ریزین کا بیان تو بکثرت فرمایا، خاص متحیرات خمسہ کا ذکر فلا اقسم بالخنس الجوار الکنس[3] میں ہے، میں قسم یاد فرماتا ہُوں دُبک جانے والوں چلنے والوں کی۔ یہ اُن کے وقوف، استقامت و رجعت کا بیان ہے کہ سیدھے چلتے ہیں، پھر ٹھہر جاتے ہیں، پھر پیچھے ہٹتے ہیں، پھر ٹھہرتے ہیں، پھر سیدھے ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ان کو متحیرہ کہتے ہیں۔ ابن ابی حاتم تفسیر میں امیر المومنین مولٰی علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے فلا اقسم بالخنس کی تفسیر میں راوی:

---

[1] القرآن الکریم ۱۶/ ۱۲

[2] " " ۳۶/ ۴۰

[3] " " ۸۱/ ۱۵، ۱۶

قال خمسة انجم زحل وعطارد والمشتری وبہرام والزھرۃ لیس فی الکواکب شئ یقطع المجرۃ غیرھا۔[1]

فرمایا: وہ پانچ ستارے ہیں: زحل، عطارد، مشتری، مریخ، زہرہ۔ کوئی ستارہ ان کے ماسوا کہکشاں کو قطع نہیں کرتا۔

یعنی ثوابت میں جو کہکشاں پر ہیں وہ وہیں ہیں جو اس کے اِدھر اُدھر ہیں، وہ وہیں ہیں ان کی حرکت طبعیہ خفیفہ خفیہ ایسی نہیں کہ ابھی کہکشاں سے ادھر تھے چند ہی مدت میں اُس پار چلے گئے۔ یہ شان انھیں پانچ نجوم کی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم (فتاویٰ رضویہ ج ۳۰ ص ۱۱۵، ۱۱۶)

(۱۰) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے افضل المرسلین ہونے کے بارے میں تحریر کردہ رسالہ "تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین" کے ہیکل اول میں قرآنی آیات پیش کرتے ہوئے فرمایا:

**آیت اُولیٰ:** قال تبارک وتعالیٰ: واذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما اٰتیتکم من کتٰب وحکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنّہ قال ءاقررتم واخذتم علی ذٰلکم اصری ط قالوا اقررنا ط قال فاشھدوا وانا معکم من الشّٰھدین ط فمن تولّٰی بعد ذٰلک فاولٰئک ھم الفٰسقون ○[2]

**پہلی آیت:** اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: اور یاد کر اے محبوب! جب خدا نے عہد لیا پیغمبروں سے کہ جو میں تم کو کتاب وحکمت دوں، پھر تمہارے پاس آئے رسول تصدیق فرماتا اُس کی جو تمہارے ساتھ ہے تو تم ضرور ہی اس پر ایمان لانا، اور بہت ضرور اس کی مدد کرنا۔ پھر فرمایا کیا تم نے اقرار کیا، اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا۔ سب انبیاء نے عرض کی کہ ہم ایمان لائے۔ فرمایا تو ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہوں سے ہوں۔ اب جو اس کے بعد پھرے گا تو وہی لوگ بے حکم ہیں۔

امام اجل ابو جعفر طبری وغیرہ محدثین اس آیت کی تفسیر میں حضرت مولی المسلمین امیر المومنین جناب مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی:

---

[1] الدر المنثور بحوالہ ابن ابی حاتم تحت آیۃ فلا اقسم بالخنس الخ دار احیاء التراث العربی بیروت ۸/ ۳۹۵

[2] القرآن الکریم ۳/ ۸۱ و ۸۲

لو یبعث اللہ نبیا من اٰدم فمن بعدہ الا اخذ علیہ العہد فی محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لئن بعث وھو حی لیؤمنن بہ ولینصرنّہ ویاخذ العہد بذالک علٰی قومہ[1]۔

یعنی اللہ تعالٰی نے آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر آخر تک جتنے انبیاء بھیجے سب سے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بارے میں عہد لیا کہ اگر یہ اس نبی کی زندگی میں مبعوث ہوں تو وہ ان پر ایمان لائے اور ان کی مدد فرمائے اور اپنی امت سے اس مضمون کا عہد لے۔

اسی طرح حبر الامہ عالم القرآن حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہوا رواہ ابن جریر[2] وابن عساکر وغیرھما (اس کو ابن جریر اور ابن عساکر وغیرہ نے روایت کیا۔ ت) بلکہ امام بدر زرکشی وحافظ عماد بن کثیر وامام الحفاظ علامہ ابن حجر عسقلانی نے اسے صحیح بخاری[ع] کی طرف نسبت کیا۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

ونحوہ اخرج الامام ابن ابی حاتم فی تفسیرہ عن السدی کما اوردہ الامام الاجل السیوطی فی الخصائص الکبرٰی[3]۔

اور اس کی مثل امام ابن ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں سدی سے روایت کیا جیسا کہ امام اجل سیوطی علیہ الرحمہ نے خصائص کبرٰی میں نقل کیا ہے۔ (ت)

اس عہد ربانی کے مطابق ہمیشہ حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء نشر مناقب وذکر مناصب حضور سید المرسلین صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہ وعلیہم اجمعین سے رطب اللسان رہتے اور اپنی پاک مبارک مجالس ومحافل ملائک منزل کو حضور کی یاد ومدح سے زینت دیتے اور اپنی امتوں سے

---

ع قال الزرقانی قال الشامی ولم اظفر بہ فیہ[4] ۱۲ منہ

زرقانی نے کہا شامی نے فرمایا ہے کہ میں اس کو صحیح بخاری میں نہیں پاسکا۔ (ت)

[1] المواہب اللدنیۃ عن علی المقصد الاول اخذ العہد علی الانبیاء المکتب الاسلامی بیروت ۱/ ۶۶
جامع البیان (تفسیر الطبری) ۳/ ۸۱ داراحیاء التراث العربی بیروت ۳/ ۳۸۷
[2] جامع البیان
[3] الخصائص الکبرٰی باب خصوصیۃ باخذ المیثاق علی النبیین الخ مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۱/ ۸
[4] شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیۃ المقصد الاول دارالمعرفۃ بیروت ۱/ ۴۰

حضور پُرنور پر ایمان لانے اور مدد کرنے کا عہد لیتے یہاں تک کہ وہ پچھلا مژدہ رساں کنواری بتول کا ستھرا بیٹا مسیح کلمۃ اللہ علیہ صلوات اللہ مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد[1] (اس رسول کی بشارت سناتا ہوا جو میرے بعد تشریف لائیں گے ان کا نام احمد ہے۔ ت) کہتا تشریف لایا۔ اور جب سب ستارے روشن مہ پارے مکمنِ غیب میں گئے آفتاب عالمتاب خمیت مآب نے باہزاراں ہزار جاہ و جلال طلوعِ اجلال فرمایا صلی اللہ تعالٰی علیہ وعلیہم اجمعین وبارک وسلم دھر الداھرین (اللہ تعالٰی آپ پر اور دیگر تمام رسولوں پر ہمیشہ ہمیشہ درود وسلام اور برکت نازل فرمائے۔ ت)

ابن عساکر سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی:

لم یزل اللہ یتقدم فی النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم الی اٰدم فمن بعدہ ولم تزل الامم تتباشر بہ وتستفتح بہ حتی اخرجہ اللہ فی خیر امۃ، و فی خیر قرن وفی خیر اصحاب وفی خیر بلد[2]

ہمیشہ اللہ تعالٰی نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بارے میں آدم اور ان کے بعد سب انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے پیشگوئی فرماتا رہا، اور قدیم سے سب اُمتیں تشریف آوری حضور کی خوشیاں مناتیں اور حضور کے توسّل سے اپنے اعداء پر فتح مانگتی آئیں یہاں تک کہ اللہ تعالٰی نے حضور کو بہترین امم و بہترین قرون و بہترین اصحاب و بہترین بلاد میں ظاہر فرمایا صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

اور اس کی تصدیق قرآنِ عظیم میں ہے:

وکانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا فلما جاءھم ما عرفوا کفروا بہ فلعنۃ اللہ علی الکٰفرین[3]

یعنی اِس نبی کے ظہور سے پہلے کافروں پر اس کے وسیلہ سے فتح چاہتے، پھر جب وہ جانا پہچانا ان کے پاس تشریف لایا منکر ہو بیٹھے تو خدا کی پھٹکار منکروں پر۔

---

[1] القرآن الکریم ۶۱/ ۶

[2] الخصائص الکبرٰی بحوالہ ابن عساکر باب خصوصیۃ باخذ المیثاق الخ مرکز اہلسنت گجرات ہند ۱/ ۹

[3] القرآن الکریم ۲/ ۸۹

علماء فرماتے ہیں جب یہود مشرکوں سے لڑتے دُعا کرتے :

اللّٰھم انصرنا علیھم بالنبی المبعوث فی اٰخر الزمان الذی نجدُ صفتہ فی التورٰۃ۔[1]

الٰہی! مدد دے اُن پر صدقہ نبی آخر الزمان کا جس کی نعت ہم توارت میں پاتے ہیں۔

اس دُعا کی برکت سے اُنھیں فتح دی جاتی۔

اِسی پیمانِ الٰہی کا سبب ہے کہ حدیث میں آیا حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا :

والذی نفسی بیدہ لو ان موسٰی کان حیًّا الیوم ماوسعہ الا ان یتبعنی۔ اخرجہ الامام احمد[2] والدارمی والبیھقی فی شعب الایمان عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالٰی عنھما، و ابونعیم فی دلائل النبوۃ و اللفظ لہ عن امیر المؤمنین عمر الفاروق رضی اللہ تعالٰی عنہ[3]۔

قسم اُس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آج اگر موسٰی دنیا میں ہوتے تو میری پیروی کے سوا ان کو گنجائش نہ ہوتی (اس کو امام احمد، دارمی اور شعب الایمان میں بیہقی نے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالٰی عنہما سے اور ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے اور لفظ ابونعیم کے ہیں۔ ت)

اور یہی باعث ہے کہ جب آخر الزمان میں حضرت سیدنا عیسٰی علیہ الصلٰوۃ والسلام نزول فرمائیںگے باآنکہ بدستور منصب رفیع نبوت و رسالت پر ہوں گے حضور پُرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے اُمتی بن کر رہیں گے، حضور ہی کی شریعت پر عمل کریں گے، حضور کے ایک اُمتی و نائب یعنی امام مہدی کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں :

کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم و امامکم منکم۔ اخرجہ الشیخان[4] عن ابی ھریرۃ

---

[1] البحر المحیط تحت الآیۃ ۲/ ۸۹ دار الفکر بیروت ۱/ ۳۰۳

[2] مسند احمد بن حنبل عن جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ المکتب الاسلامی بیروت ۳/ ۳۸۷

[3] دلائل النبوۃ لابی نعیم الفصل الاول عالم الکتب بیروت الجزء الاول ص ۸

[4] صحیح البخاری کتاب الانبیاء باب نزول عیسٰی بن مریم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۴۹۰

صحیح مسلم کتاب الایمان ″ ″ ″ ″ ″ ۱/ ۸۷

رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

کیسا حال ہوگا تمہارا جب ابنِ مریم تم میں اتریں گے اور تمہارا امام تم میں سے ہوگا (اس کو شیخین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کیا۔ت)

اور اس عہد واثق کی پوری تائید و توکید حق عزجلالہ نے توریت مقدس میں فرمائی جس کی بعض آیتیں اِن شاء اللہ تابش اول ہیکل دوم میں مذکور ہوں گی۔

امام علامہ تقی الملۃ والدین ابوالحسن علی بن عبدالکافی سُبکی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے اِس آیت کی تفسیر میں ایک نفیس رسالہ "التعظیم والمنہ فی لتؤمنن بہٖ ولتنصرنّہ" لکھا، اور اس میں آیت مذکورہ سے ثابت فرمایا کہ ہمارے حضور صلوات اللہ تعالےٰ وسلامہ علیہ سب انبیاء کے نبی ہیں، اور تمام انبیاء و مرسلین اور اُن کی اُمتیں سب حضور کے امتی۔ حضور کی نبوت و رسالت زمانہ سیدنا ابوالبشر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روزِ قیامت تک جمیع خلق اللہ کو شامل ہے، اور حضور کا ارشاد "وکنت نبیا و اٰدم بین الروح والجسد"[1] (میں نبی تھا جبکہ آدم علیہ السلام رُوح و جسد کے درمیان تھے۔ت) اپنے معنیٰ حقیقی پر ہے۔ اگر ہمارے حضور حضرت آدم و نوح و ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہم وسلم کے زمانہ میں ظہور فرماتے اُن پر فرض ہوتا کہ حضور پر ایمان لاتے اور حضور کے مددگار ہوتے۔ اسی کا اللہ تعالےٰ نے ان سے عہد لیا تھا اور حضور کے نبی الانبیاء ہونے ہی کا باعث ہے کہ شبِ اسرٰی تمام انبیاء و مرسلین نے حضور کی اقتداء کی اور اس کا پُورا ظہور روزِ نشور ہوگا جب حضور کے زیرِ لوا آدم ومن سواہ کافہ رسل و انبیاء ہوں گے صلوات اللہ وسلامہ علیہ وعلیہم اجمعین۔ یہ رسالہ نہایت نفیس کلام پر مشتمل جسے امام جلال الدین نے خصائص کبریٰ اور امام شہاب الدین قسطلانی نے مواہب لدنیہ اور ائمہ مابعد نے اپنی تصانیف ملیحہ میں نقل کیا اور اسے نعمتِ عظمٰی و مواہبِ کبریٰ سمجھا من شاء التفصیل فلیرجع الیٰ کلماتھم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین (جو تفصیل چاہتا ہے وہ اُن کے کلمات کی طرف رجوع کرے ان سب پر اللہ تعالےٰ کی رحمت ہو۔ت)

بالجملہ مسلمان بہ نگاہِ ایمان اس آیہ کریمہ کے مفاداتِ عظیمہ پر غور کرے، صاف صریح ارشاد فرما رہی ہے،

---

[1] المستدرک للحاکم کتاب الایمان دارالفکر بیروت ۲/ ۶۰۹
کنزالعمال بحوالہ ابن سعد حدیث ۳۲۱۱۸، ۳۱۹۱۷ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۱/ ۴۰۹ و ۴۵۰
جامع الترمذی ابواب المناقب باب ماجاء فی فضل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امین کمپنی دہلی ۲/ ۲۰۱

کہ محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم اصل الاصول ہیں، محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم رسولوں کے رسول ہیں، اُمتیوں کو جو نسبت انبیاء و رسل سے ہے وہ نسبت انبیاء و رسل کو اِس سیّد الکل سے ہے، امتیوں پر فرض کرتے ہیں رسولوں پر ایمان لاؤ، اور رسولوں سے عہد و پیمان لیتے ہیں محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے گرویدگی فرماؤ۔ غرض صاف صاف جتا رہے ہیں کہ مقصود اصلی ایک وہی ہیں باقی تم سب تابع وطفیلی ع

مقصود ذاتِ اوست دگر جملگی طفیل

(مقصود ان کی ذات ہے باقی سب طفیلی ہیں۔ ت)

## آیۂ لتؤمننّ بہٖ ولتنصرنّہ کے بعض لطائف

**اقول** و باللہ التوفیق (میں اللہ تعالٰی کی توفیق کے ساتھ کہتا ہوں۔ ت) پھر یہ بھی دیکھنا ہے کہ اِس مضمون کو قرآن عظیم نے کس قدر مہتم بالشان ٹھہرایا اور طرح طرح سے مؤکّد فرمایا۔

**اوّلاً** انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام معصوم ہیں۔ زنہار حکمِ الٰہی کا خلاف اُن سے محتمل نہیں۔ کافی تھا کہ رب تبارک و تعالٰی بطریق امر اُنھیں ارشاد فرماتا کہ اگر وہ نبی تمھارے پاس آئے اس پر ایمان لانا اور اس کی مدد کرنا۔ مگر اس قدر پر اکتفاء نہ فرمایا بلکہ اُن سے عہد و پیمان لیا، یہ عہد عہدِ الست بربکم[1] (کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں۔ ت) کے بعد دوسرا پیمان تھا جیسے کلمۂ طیبہ میں لا الٰہ الا اللہ (اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ ت) کے ساتھ محمد رسول اللہ (محمد اللہ کے رسول ہیں۔ ت) تاکہ ظاہر ہو کہ تمام ماسوائے اللہ پر پہلا فرض ربوبیتِ الٰہیہ کا اذعان ہے، پھر اس کے برابر رسالتِ محمدیہ پر ایمان، صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم و بارک و شرف و مجد و عظم۔

**ثانیاً** اِس عہد کو لامِ قسم سے مؤکّد فرمایا:

لتؤمنن بہٖ ولتنصرنہ[2]

تم ضرور اس کی مدد کرنا اور ضرور اس پر ایمان لانا۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۷/ ۱۷۲

[2] " ۳/ ۸۱

جس طرح نوابوں سے بیعتِ سلاطین پر قسمیں لی جاتی ہیں، امام سبکی فرماتے ہیں شاید سوگندِ بیعت اسی آیت سے ماخوذ ہوئی ہے۔

**ثالثًا** نونِ تاکید۔

**رابعًا** وہ بھی ثقیلہ لاکر ثقلِ تاکید کو اور دوبالا فرمایا۔

**خامسًا** یہ کمالِ اہتمام ملاحظہ کیجئے کہ حضرات انبیاء ابھی جواب نہ دینے پائے کہ خود ہی تقدیم فرماکر پوچھتے ہیں: "ءَاَقْرَرْتُمْ"[1] کیا اس امر پر اقرار لاتے ہو؟ یعنی کمالِ تعجیل و تسجیل مقصود ہے۔

**سادسًا** اس قدر بھی بس نہ فرمائی بلکہ ارشاد ہوا:

"وَاَخَذْتُمْ عَلٰی ذٰلِکُمْ اِصْرِیْ"[2] خالی اقرار ہی نہیں بلکہ اس پر میرا بھاری ذمہ لو۔

**سابعًا** علیہ یا علٰی ھٰذا کی جگہ "علٰی ذٰلکم"[3] فرمایا کہ بُعدِ اشارت عظمت ہو۔

**ثامنًا** اور ترقی ہوئی کہ "فَاشْهَدُوْا"[4] ایک دوسرے پر گواہ ہوجاؤ۔ حالانکہ معاذ اللہ اقرار کرکے مکر جانا اُن پاک مقدس جانوں سے معقول نہ تھا۔

**تاسعًا** کمال یہ ہے کہ فقط ان کی گواہیوں پر بھی اکتفا نہ ہوئی بلکہ ارشاد فرمایا:

"وَاَنَا مَعَکُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ"[5]

میں خود بھی تمہارے ساتھ گواہوں سے ہوں۔

**عاشرًا** سب سے زیادہ نہایت کار یہ ہے کہ اس قدر عظیم جلیل تاکیدوں کے بعد باآنکہ انبیاء کو عصمت فرمائی، یہ سخت شدید تہدید بھی فرمادی گئی کہ:

"فَمَنْ تَوَلّٰی بَعْدَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ"[6]

اب جو اس اقرار کے بعد پھرے گا فاسق ٹھہرے گا۔

---

[1] القرآن الکریم ۳/ ۸۱
[2] القرآن الکریم ۳/ ۸۱
[3] " " ۳/ ۸۱
[4] " " "
[5] " " ۳/ ۸۱
[6] " " ۳/ ۸۲

اللہ، اللہ! یہ وہی اعتنائے تام واہتمامِ تمام ہے جو باری تعالیٰ کو اپنی توحید کے بارے میں منظور ہوا کہ ملائکہ معصومین کے حق میں ارشاد کرتا ہے:

من یقل منھم انی الٰہ من دونہ فذٰلک نجزیہ جھنم ط کذٰلک نجزی الظّٰلمین[1]

جو اُن میں سے کہے گا میں اللہ کے سوا معبود ہوں اُسے ہم جہنم کی سزا دیں گے، ہم ایسی ہی سزا دیتے ہیں ستمگاروں کو۔

گویا اشارہ فرماتے ہیں جس طرح ہمیں ایمان کے جُزءِ اوّل لا الٰہ الاّ اللہ کا اہتمام ہے یُونہی جُزءِ دوم محمد رسول اللہ سے اعتنائے تام ہے، میں تمام جہان کا خدا کہ ملائکہ مقربین بھی میری بندگی سے سر نہیں پھیر سکتے اور میرا محبوب سارے عالم کا رسول ومقتدا کہ انبیاء و مرسلین بھی اُس کی بیعت وخدمت کے محیط دائرہ میں داخل ہوئے۔

والحمد للہ ربّ العٰلمین، وصلی اللہ تعالیٰ علٰی سید المرسلین محمد و اٰلہٖ وصحبہٖ اجمعین o اشھد ان لا الٰہ الاّ اللہ وحدہٗ لا شریک لہ وان سیّدنا محمدًا عبدہٗ ورسولہ سید المرسلین وخاتم النبیین واکرم الاولین والاٰخرین صلوات اللہ وسلامہ علیہ وعلٰی اٰلہٖ واصحابہٖ اجمعین۔

سب تعریفیں اللہ تعالٰے کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔ اور اللہ تعالٰے درود نازل فرمائے رسولوں کے سردار محمد مصطفٰی پر، آپ کی آل پر اور آپ کے تمام صحابہ پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالٰے کے بغیر کوئی لائقِ عبادت نہیں وہ واحد ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اور یہ کہ ہمارے سردار محمد مصطفٰی اس کے خاص بندے اور اس کے رسول ہیں۔ وہ تمام رسولوں کے سردار، تمام نبیوں میں آخری نبی اور اگلوں اور پچھلوں سے افضل ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے درود وسلام ہوں اُن پر، اُن کی آل پر اور اُن کے تمام صحابہ پر۔ (ت)

اس سے بڑھ کر حضور کی سیادتِ عامّہ وفضیلتِ تامّہ پر کون سی دلیل درکار ہے، و للہ الحجۃ البالغۃ (اور اللہ کی حجّت پُوری ہے۔ ت)۔

**آیتِ ثانیہ:** قال عزّ مجدہ "وما ارسلنٰک الاّ رحمۃ للعٰلمین[2]"

---

[1] القرآن الکریم ۲۱/ ۲۹

[2] القرآن الکریم ۲۱/ ۱۰۷

**دوسری آیت** : اللہ تعالٰی نے فرمایا: اے محبوب! ہم نے تجھے نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے۔

عالم ماسوائے اللہ کو کہتے ہیں جس میں انبیاء و ملائکہ سب داخل ہیں۔ تو لاجرم حضور پُرنور سیّد المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اُن سب پر رحمت و نعمتِ ربّ الارباب ہوئے، اور وہ سب حضور کی سرکارِ عالی مدار سے بہرہ مند و فیضیاب۔ اسی لئے اولیائے کاملین و علمائے عاملین تصریحیں فرماتے ہیں کہ ازل سے ابدتک ارض و سماء میں اولٰی و آخرت میں دین و دنیا میں روح و جسم میں چھوٹی یا بڑی، بہت یا تھوڑی، جو نعمت و دولت کسی کو ملی یا اب ملتی ہے یا آئندہ ملے گی سب حضور کی بارگاہِ جہاں پناہ سے بٹی اور بٹتی ہے اور ہمیشہ بٹے گی، کما بیّنّاہ بتوفیق اللہ تعالٰی فی رسالتنا "سلطنۃ المصطفٰی فی ملکوت کل الورٰی" (جیسا کہ ہم نے اس کو اللہ تعالٰی کی توفیق سے اپنے رسالہ "سلطنۃ المصطفٰی فی ملکوت کل الورٰی" میں بیان کیا ہے۔ ت)۔

امام فخر الدین رازی علیہ الرحمہ نے اس آیہ کریمہ کے تحت لکھا:

لما کان رحمۃ لکل العالمین لزم ان یکون افضل من کل العلمین[1]

جب حضور تمام عالم کے لئے رحمت ہیں واجب ہوا کہ تمام ما سوائے اللہ سے افضل ہوں۔

قلت وادعاء التخصیص خروج عن الظاھر بلا دلیل وھو لا یجوز عند عاقل فضلاً عن فاضل واللہ الھادی۔

میں کہتا ہوں تخصیص کا دعوٰی کرنا ظاہر سے بلا دلیل خروج ہے اور وہ کسی عاقل کے نزدیک جائز نہیں چہ جائیکہ کسی فاضل کے نزدیک جائز ہو، اور اللہ تعالٰی ہی ہدایت دینے والا ہے۔

**آیت ثالثہ** : قال جل ذکرہ : وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ[2]

**تیسری آیت** : اللہ تعالٰی نے فرمایا: نہ بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر ساتھ زبان اس کی قوم کے۔

علماء فرماتے ہیں یہ آیہ کریمہ دلیل ہے کہ انبیائے سابقین سب خاص اپنی قوم پر رسول کرکے بھیجے جاتے۔

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۲۱/ ۱۰۷ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۹۵/۲۲

[2] القرآن الکریم ۱۴/ ۴

## اگلے انبیاء صرف اپنی قوم کے رسول ہوئے اور ہمارے رسول ہر فرد مخلوق کے لئے

**اقول** وقال اللہ تعالٰی "لقد ارسلنا نوحًا الٰی قومہ"[1]۔ وقال تعالٰی "والٰی عادٍ اخاھم ھودًا"[2]۔ وقال تعالٰی "والٰی ثمود اخاھم صٰلحًا"[3]۔ وقال تعالٰی "ولوطا اذ قال لقومہ"[4]۔ وقال تعالٰی "والٰی مدین اخاھم شعیبًا"[5]۔ وقال تعالٰی "ثم بعثنا من بعدھم موسٰی بایٰتنا الٰی فرعون وملائہ"[6]۔ وقال تعالٰی "وتلك حجتنا اٰتینٰھا ابراھیم علٰی قومہ"[7]۔ وقال تعالٰی فی یونس علیہ السلام "وارسلنٰہ الٰی مائۃ الف او یزیدون"[8]۔ وقال تعالٰی فی عیسٰی علیہ السلام "ورسولًا الٰی بنی اسرائیل"[9]۔

**اقول** (میں کہتا ہوں) اللہ تعالٰی نے فرمایا: تحقیق ہم نے نوح کو بھیجا اس کی قوم کی طرف۔ اور فرمایا اللہ تعالٰی نے کہ عاد کی طرف ان کی برادری سے ہود کو بھیجا۔ اور فرمایا کہ ثمود کی طرف ان کی برادری سے صالح کو بھیجا۔ اور فرمایا: اور لوط کو بھیجا جب اس نے اپنی قوم سے کہا۔ اور فرمایا: مدین کی طرف ان کی برادری سے شعیب کو بھیجا۔ اور فرمایا: پھر ان کے بعد ہم نے موسٰی کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا۔ اور فرمایا: اور یہ ہماری دلیل ہے کہ ہم نے ابراہیم کو اس کی قوم پر عطا فرمائی۔ اور یونس علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: اور ہم نے اسے لاکھ بلکہ اس سے زیادہ آدمیوں کی طرف بھیجا۔ اور عیسٰی علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: اور رسول ہوگا بنی اسرائیل کی طرف۔ (ت)

اسی لئے صحیح حدیث میں فرمایا:

کان النبی یبعث الٰی قومہ خاصۃ[10]۔ رواہ الشیخان عن جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

---

[1] القرآن الکریم ۷/ ۵۹ — [2] القرآن الکریم ۷/ ۶۵
[3] 〃 ۷/ ۷۳ — [4] 〃 ۷/ ۸۰
[5] 〃 ۷/ ۸۵ — [6] 〃 ۷/ ۱۰۳
[7] 〃 ۶/ ۸۳ — [8] 〃 ۳۷/ ۱۴۷
[9] 〃 ۳/ ۴۹
[10] صحیح البخاری کتاب التیمم ۱/ ۴۸ وصحیح مسلم کتاب المساجد ۱/ ۱۹۹ قدیمی کتب خانہ کراچی

نبی خاص اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا۔ (اس کو شیخین نے حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)

دوسری روایت میں آیا:

کان النبی یبعث الی قریۃ ولا یعدوھا۔ رواہ ابو یعلٰی[1] عن عوف بن مالك رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

نبی ایک بستی کی طرف مبعوث ہوتا جس کے آگے تجاوز نہ کرتا۔ (اس کو ابو یعلٰی نے حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)

اور حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے لئے فرماتا ہے:

وما ارسلنك الا کافۃ للناس بشیرا ونذیرا ولکن اکثر الناس لا یعلمون[2]۔

نہ بھیجا ہم نے تمھیں مگر سب لوگوں کے لئے خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا، پر بہت لوگ بے خبر ہیں۔

وقال تعالٰی: قل یایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا[3]۔

اللہ تعالٰی نے فرمایا: تو فرما اے لوگو! میں خدا کا رسول ہوں تم سب کی طرف۔

وقال تعالٰی: تبارك الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعلمین نذیرا[4]۔

اللہ تعالٰی نے فرمایا: بڑی برکت والا ہے وہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندے پر کہ ڈر سنانے والا ہو سارے جہان کو۔

اسی لئے خود حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ارسلت الی الخلق کافۃ۔ اخرجہ مسلم[5] عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

میں تمام مخلوقِ الٰہی کی طرف بھیجا گیا (اس کو مسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے

---

[1] الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان بحوالہ ابی یعلی حدیث ۶۳۶۵ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۹/ ۱۰۴

[2] القرآن الکریم ۳۴/ ۲۸

[3] " ۷/ ۱۵۸

[4] " ۲۵/ ۱

[5] صحیح مسلم کتاب المساجد ومواضع الصلٰوۃ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۹۹

روایت کیا ہے۔ت)

حضور کی افضلیتِ مطلقہ کی یہ دلیل حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما کے ارشادات سے ہے۔ دارمی، ابویعلٰی، طبرانی، بیہقی روایت کرتے ہیں اس جناب نے فرمایا:

ان اللہ تعالٰی فضل محمدًا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم علی الانبیاء وعلی اھل السماء۔ (بیشک اللہ تعالٰی نے محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو تمام انبیاء وملائکہ سے افضل کیا۔ت)

حاضرین نے وجہِ تفضیل پُوچھی، فرمایا:

ان اللہ تعالٰی قال وما ارسلنا من رسولٍ الّا بلسان قومہٖ، وقال لمحمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وما ارسلنٰک الّا کافۃً للناس فارسلہ الی الانس والجن[1]

یعنی اللہ تعالٰے نے اور رسولوں کے لئے فرمایا ہے ہم نے نہ بھیجا کوئی رسول مگر ساتھ زبان اس کی قوم کے۔ اور محمد صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے فرمایا: ہم نے تمھیں نہیں بھیجا مگر رسول سب لوگوں کے لئے۔ تو حضور کو تمام انس وجن کا رسول بنایا۔

علماء فرماتے ہیں، رسالتِ والا کا تمام جن وانس کو شامل ہونا اجماع ہے۔ اور محققین کے نزدیک ملٰئکہ کو بھی شامل، کما حققناہ بتوفیق اللہ تعالٰی فی رسالۃ "اجلال جبریل" (جیسا کہ ہم نے اللہ تعالٰے کی توفیق سے اس کی تحقیق رسالہ "اجلالِ جبریل" میں کی ہے۔ت) بلکہ تحقیق یہ ہے کہ حجر وشجر وارض وسما وجبال وبحار تمام ماسوا اللہ اس کے احاطۂ عامّہ ودائرۂ تامّہ میں داخل، اور خود قرآن عظیم لفظ علٰمین، اور روایت صحیح مسلم میں لفظ خلق وہ بھی مؤکّد بکلمہ کافّۃ۔ اس مطلب پر احسن الدلائل طبرانی معجم کبیر میں یعلی بن مرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے راوی، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ما من شیئ الّا یعلم انّی رسول اللہ الّا کفرۃ الجن

---

[1] الدر المنثور تحت الآیۃ ۱۴/۴ دار احیاء التراث العربی بیروت ۵/۵، ۶
شعب الایمان حدیث ۱۵۱ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱/۱۷۳
سنن الدارمی باب ما اعطی النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدیث ۴۷ دار المحاسن للطباعۃ القاہرۃ ۱/۲۹، ۳۰

والانس[1]۔

کوئی چیز نہیں جو مجھے رسول اللہ نہ جانتی ہو، مگر بے ایمان جن و آدمی۔

اب نظر کیجئے کہ یہ آیت کتنی وجہ[ع] سے افضلیتِ مطلقہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پر حجت ہے۔

اوّلاً اس موازنہ سے خود واضح ہے کہ انبیائے سابقین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم ایک ایک شہر کے ناظم تھے۔ اور حضور پُر نور سید المرسلین صلے اللہ تعالٰی وسلامہ علیہ وعلیہم اجمعین سلطانِ ہفت کشور، بلکہ بادشاہِ زمین و آسمان۔

ثانیاً اعبائے رسالت سخت گرانبار ہیں، اور اُن کا تحمّل بغایت دشوار، انّا سنلقی علیك قولاً ثقیلا[2] (بیشک عنقریب ہم تم پر ایک بھاری بات ڈالیں گے۔ ت) اسی لئے مُوسٰی و ہارون سے عالی ہمتوں کو پہلے ہی تاکید ہوئی لاتنیا فی ذکری[3] دیکھو میرے ذکر سے سُست نہ ہو جانا۔ پھر جس کی رسالت ایک قوم خاص کی طرف اس کی مشقت تو اس قدر جس کی رسالت نے انس و جن و شرق و غرب کو گھیر لیا اُس کی مؤنت کس قدر۔ پھر جیسی مشقت ویسا ہی اجر، اور جتنی خدمت اتنی ہی قدر، افضل العبادات احمزھا (سب سے افضل عبادت سب سے سخت ہوتی ہے۔ ت)۔

ثالثاً جیسا کام جلیل ہو ویسا ہی جلالت والا اس کے لئے درکار ہوتا ہے۔ بادشاہ چھوٹی چھوٹی مہموں پر افسرانِ ماتحت کو بھیجتا ہے اور سخت عظیم مہم پر امیر الامراء و سردار اعظم کو لاجرم رسالتِ خاصّہ و بعثتِ عامّہ میں جو تفرقہ ہے وہی فرقِ مراتب اُن خاص رسولوں اور اُس رسول الکل میں ہے صلّے اللہ تعالٰی علیہ وعلیہم اجمعین۔

---

ع ان میں بعض وجوہ افادۂ علماء ہیں اور اکثر بحمد اللہ استخراجِ فقیر ۱۲ منہ

---

[1] المعجم الکبیر حدیث ۶۷۲ المکتبۃ الفیصلیۃ بیروت ۲۲/ ۲۶۲
کنز العمال بحوالہ الطبرانی عن یعلٰی بن مرہ حدیث ۳۱۹۲۳ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۱/ ۴۱۱
[2] القرآن الکریم ۷۳/ ۵
[3] ؍؍ ۲۰/ ۴۲

رابعاً یُونہی حکیم کی شان یہ ہے کہ جیسے علوّشان کا آدمی ہو اُسے ویسے ہی عالیشان کام پر مقرر کریں کہ جس طرح بڑے کام پر چھوٹے سردار کا تعین اس کے سر انجام نہ ہونے کا موجب، یُونہی چھوٹے کام پر بڑے سردار کا تقرر نگاہوں میں اس کے ہلکے پن کا جالب۔

خامساً جتنا کام زیادہ اُتنا ہی اس کے لئے سامان زیادہ۔ نواب کو اپنے انتظامِ ریاست میں فوج وخزانہ اُسی کے لائق درکار۔ اور بادشاہِ عظیم خصوصاً سلطانِ ہفت اقلیم کو اس کے رتق وفتق ونظم ونسق میں اُسی کے موافق۔ اور یہاں سامان وُہ تائیدِ الٰہی وتربیتِ ربّانی ہے جو حضرات انبیاء علیہم الصّلوٰۃ والثناء پر مبذول ہوتی ہے۔ توضرور ہے کہ جو علوم ومعارف قلبِ اقدس پر القاء ہُوئے معارف وعلوم جمیع انبیاء سے اکثر واوفیٰ ہوں۔ افادہ الامام الحکیم الترمذی ونقلہ عنہ فی الکبیر الی اٰخرہٖ (امام حکیم ترمذی نے اس کا افادہ فرمایا ہے اور اس سے امام رازی نے کبیر میں نقل کیا ہے۔ ت)

اقول پھر یہ بھی دیکھنا کہ انبیاء کو ادائے امانت وابلاغِ رسالت میں کن کن باتوں کی حاجت ہوتی ہے:

(۱) حِلم، کہ گستاخیِ کفّار پر تنگ دل نہ ہوں۔

دَعۡ اَذٰىهُمۡ وَتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ[۱]

ان کی ایذاء پر درگزر فرماؤ اور اللہ پر بھروسا رکھو۔ (ت)

(۲) صبر، کہ ان کی اذیتوں سے گھبرا نہ جائیں۔

فاصبر کما صبر اولوا العزم من الرسل[۲]

توتم صبر کرو جیسا ہمت والے رسولوں نے صبر کیا۔ (ت)

(۳) تواضع، کہ اُن کی صحبت سے نفور نہ ہوں۔

واخفض جناحك لمن اتبعك من المؤمنين[۳]

اپنی رحمت کا بازو بچھاؤ اپنے پیرو مسلمانوں کے لئے۔ (ت)

---

[۱] القرآن الکریم ۳۳/ ۴۸

[۲] ؍؍ ۴۶/ ۳۵

[۳] ؍؍ ۲۶/ ۲۱۵

(۴) **رِفق ولینت**، کہ قلوب ان کی طرف راغب ہوں۔

فبما رحمة من الله لنت لهم[1]

توکیسی کچھ اللہ کی مہربانی کہ اے محبوب! تم ان کے لئے نرم دل ہوئے۔ (ت)

(۵) **رحمت**، کہ واسطۂ افاضۂ خیرات ہوں۔

رحمة للذين اٰمنوا منكم[2]

اور جو تم میں مسلمان ہیں ان کے واسطے رحمت ہیں۔ (ت)

(۶) **شجاعت**، کہ کثرتِ اعدار کو خیال میں نہ لائیں۔

انی لا یخاف لدی المرسلون[3]

بے شک میرے حضور رسولوں کو خوف نہیں ہوتا۔ (ت)

(۷) **جُود و سخاوت**، کہ باعثِ تالیفِ قلوب ہوں۔

فان الانسان عبید الاحسان وجبلة القلوب علٰی حب من احسن الیها

"ولا تجعل یدك مغلولة الٰی عنقك"[4]

کیونکہ انسان احسان کا غلام ہے اور دلوں میں خلقی طور پر احسان کرنے والوں کی محبت ڈال دی گئی ہے اور اپنا ہاتھ اپنی گردن سے بندھا ہوا نہ رکھو۔ (ت)

(۸) **عفو ومغفرت**، کہ نادان جاہل فیض پاسکیں۔

فاعف عنهم واصفح ط ان الله یحب المحسنین[5]

تو انھیں معاف کردو اور ان سے درگزر کرو بیشک احسان کرنے والے اللہ کو محبوب ہیں (ت)

(۹) **استغناء وقناعت**، کہ جہّال اس دعوئ عظمٰی کو طلبِ دُنیا پر محمول نہ کریں۔

لا تمدن عینیك الٰی ما متعنا به ازواجا منهم[6]

اپنی آنکھ اٹھاکر اس چیز کو نہ دیکھو جو ہم نے ان کے کُچھ جوڑوں کو برتنے دی۔ (ت)

(۱۰) **جمالِ عدل**، کہ تثقیف وتادیب وتربیتِ اُمّت میں جس کی رعایت کریں۔

---

[1] القرآن الکریم ۳/۱۵۹ [2] القرآن الکریم ۹/۶۱
[3] ″ ۲۷/۱۰ [4] ″ ۱۷/۲۹
[5] ″ ۵/۱۳ [6] ″ ۱۵/۸۸

وان حکمت فاحکم بینھم بالقسط۔[1]

اور اگر ان میں فیصلہ فرماؤ تو انصاف سے فیصلہ کرو۔ (ت)

(۱۱) **کمالِ عقل**، کہ اصل فضائل و منبعِ فواضل ہے، ولہذا عورت کبھی نبی نہ ہوئی۔

وما ارسلنا من قبلك الا رجالا۔[2]

اور ہم نے تم سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب مرد ہی تھے۔ (ت)

نہ کبھی اہلِ بادیہ و سکانِ دِہ کو نبوت ملی کہ جفا و غلظت ان کی طینت ہوتی ہے۔

الا رجالا نوحی الیھم من اھل القریٰ[3] ای اھل الامصار۔

جنھیں ہم وحی کرتے وہ سب شہر کے ساکن تھے۔ (ت)

حدیث میں ہے:

من بدا جفا[4] (جس نے دیہات میں رہائش اختیار کی اس نے ظلم کیا۔ ت)

اِسی نظافتِ نسب وحُسنِ سیرت وصورت سب کی صفاتِ جمیلہ کی حاجت ہے کہ ان کی کسی بات پر نکتہ چینی نہ ہو۔ غرض یہ سب انھیں خزائن سے ہیں جو اِن سلاطینِ حقیقت کو عطا ہوتے ہیں، پھر جس کی سلطنت عظیم اس کے خزائن عظیم۔ حدیث میں ہے:

ان اللہ تعالٰی ینزل المعونۃ علٰی قدر المؤنۃ و ینزل الصبر علٰی قدر البلاء۔[5]

بے شک اللہ تعالٰی ذمہ داری کے مطابق معاونت نازل فرماتا ہے اور آزمائش کے مطابق صبر نازل فرماتا ہے۔ (ت)

توضرور ہوا کہ ہمارے حضور ان سب اخلاقِ فاضلہ و اوصافِ کاملہ میں تمام انبیاء

---

[1] القرآن الکریم ۵/ ۴۲

[2] " ۱۲/ ۱۰۹

[3] " ۱۲/ ۱۰۹

[4] مسند احمد بن حنبل عن البراء المکتب الاسلامی بیروت ۴/ ۲۹۷
المعجم الکبیر حدیث ۱۱۰۳۰ داراحیاء التراث العربی بیروت ۱۱/

[5] کنز العمال بحوالہ عدو ابن لال عن ابی ھریرۃ حدیث ۱۵۹۹۲ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۶/ ۳۴۷

سے اتم واکمل واعلیٰ واجل ہوں۔ اسی لئے خود ارشاد فرماتے ہیں:

انما بعثت لاتمم مکارم الاخلاق۔ اخرجه البخاری فی الادب[1] وابن سعد والحاکم والبیہقی عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنه بسند صحیح۔

میں اخلاق حسنہ کی تکمیل کے لئے مبعوث ہوا۔ اس کو بخاری نے ادب میں اور ابن سعد، حاکم اور بیہقی نے حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا۔ت)

وہب بن منبہ فرماتے ہیں: میں نے اکہتر کتب آسمانی میں لکھا دیکھا کہ روزِ آفرینش دُنیا سے قیامِ قیامت تک تمام جہان کے لوگوں کو جتنی عقل عطا کی ہے وہ سب مل کر محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی عقل کے آگے ایسی ہے جیسے تمام ریگستانِ دُنیا کے سامنے ریت کا ایک دانہ[2]

سادسًا ہم اوپر بیان کر آئے کہ حضور کی رسالت زمانۂ بعثت سے مخصوص نہیں بلکہ اولین وآخرین سب کو حاوی۔ ترمذی جامع میں بافادہ تحسین واللفظلہ، اور حاکم وبیہقی وابونعیم ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے، اور احمد مسند اور بخاری تاریخ میں، اور ابن سعد وحاکم وبیہقی وابونعیم میسرۃ الفجر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے، اور بزار وطبرانی وابونعیم عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے اور ابونعیم بطریق صناجی امیر المومنین عمر الفاروق الاعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ، اور ابن سعد ابن ابی الجدعاء ومطرف بن عبد اللہ بن الشخیر وعامر رضی اللہ تعالٰی عنہم سے باسانید متباینہ والفاظ متقاربہ راوی حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے عرض کی گئی: متی وجبت لك النبوۃ حضور کے لئے نبوت کس وقت ثابت ہوئی؟ فرمایا، وادم بین الروح والجسد[3]

---

[1] الادب المفرد باب حسن الخلق حدیث ۲۷۳ دار الکتب العلمیہ بیروت ص ۹۰
السنن الکبرٰی کتاب الشہادات باب بیان مکارم الاخلاق دار صادر بیروت ۱۰/۱۹۲
الطبقات الکبرٰی لابن سعد ذکر مبعث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم " " " ۱/۱۹۲، ۱۹۳

[2] سبل الہدی والرشاد الباب الثالث دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱/۴۲۷

[3] التاریخ الکبیر ترجمہ ۱۶۰۶ میسرۃ الفجر دار الباز مکۃ المکرمہ ۷/۳۷۴
الجامع الصغیر حدیث ۶۴۲۴ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲/۴۰۰
جامع الترمذی کتاب المناقب باب فضل النبی صلی اللہ علیہ وسلم امین کمپنی دہلی ۲/۲۰۱
المستدرک للحاکم کتاب التاریخ دار الفکر بیروت ۲/۶۰۹
کنز العمال بحوالہ ابن سعد حدیث ۳۱۹۱۷ و ۳۲۱۱۷ موسستہ الرسالہ بیروت ۱۱/۴۰۹ و ۴۵۰

جبکہ آدم درمیان رُوح اور جسد کے تھے۔ جبل الحفظ امام عسقلانی نے کتاب الاصابہ میں حدیث میسرہ کی نسبت فرمایا : سندہٗ قوی[1] (اس کی سند قوی ہے۔ ت) ؎

آدم سر و تن باآب و گِل داشت　　کو حکم بملک جان و دل داشت

(آدم علیہ السلام ابھی گارے کا مجسمہ تھے کہ آنحضرت کی حکومت دل و جان کی مملکت میں تھی۔ ت)

اسی لئے اکابر علماء تصریح فرماتے ہیں کہ جس کا خدا خالق ہے محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔ شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں :

چوں بود خلقِ آنحضرت صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اعظم الاخلاق بعث کرد خدائے تعالٰی اُورا بسُوئے کافۂ ناس و مقصور نہ گردانید رسالتِ اُورا بر ناس بلکہ عام گردانید جن و انس را، بلکہ بر جن و انس نیز مقصور نہ گردانید تا آنکہ عام شد تمامۂ عالمین را، پس ہر کہ اللہ تعالٰی پروردگارِ اوست محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم رسولِ اُوست[2]

چونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی پیدائش تمام مخلوق سے اعظم ہے لہٰذا اللہ تعالٰی نے آپ کو تمام لوگوں کی طرف مبعوث فرمایا، آپ کی رسالت کو انسانوں میں منحصر نہیں فرمایا بلکہ جن و انس کے لئے عام کردیا بلکہ جن و انس میں بھی انحصار نہیں فرمایا یہاں تک کہ آپ کی رسالت تمام جہانوں کے لئے عام ہے۔ چنانچہ اللہ تعالٰی جس کا پروردگار ہے محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔ (ت)

اب تو یہ دلیل اور بھی زیادہ عظیم و جلیل ہوگئی کہ ثابت ہوا جو نسبت انبیائے سابقین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم سے خاص ایک بستی کے لوگوں کو ہوتی وہ نسبت اس سرکار عرش وقار سے ہر ذرۂ مخلوق و ہر فرد ماسوا اللہ یہاں تک کہ خود حضرات انبیاء و مرسلین کو ہے، اور رسول کا اپنی امت سے افضل ہونا بدیہی، والحمد للہ رب العٰلمین (اور سب تعریفیں اللہ تعالٰی کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔ ت)

**آیت رابعہ :** قال عزمن قائل تلك الرسل فضلنا بعضهم علٰی بعضٍ منهم من كلّم الله ورفع بعضهم درجٰت[3]

---

[1] الاصابۃ فی تمیز الصحابۃ　حرف المیم　ترجمہ میسرۃ الفجر ۸۲۸۲　دار الفکر بیروت　۵/۲۱۷

[2] مدارج النبوۃ　باب دوم در اخلاقِ عظیمہ　مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر　۱/۳۴

[3] القرآن الکریم　۲/۲۵۳

**چوتھی آیت**: اللہ تعالٰی نے فرمایا: یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں بعض کو بعض پر فضیلت دی کچھ اُن میں وُہ ہیں جن سے خدا نے کلام کیا، اور ان میں بعض کو درجوں بلند فرمایا۔

ائمہ فرماتے ہیں یہاں اس بعض سے حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم مراد ہیں کہ انھیں سب انبیاء پر رفعت و عظمت بخشی۔

کما نص علیہ البغوی[1] والبیضاوی[2] والنسفی[3] والسیوطی والقسطلانی والزرقانی والشامی والحلبی وغیرھم واقتصار الجلالین[4] دلیل انہ اصح الاقوال لالتزام ذلک فی الجلالین۔

جیسا کہ اس پر نص فرمائی ہے بغوی، بیضاوی، نسفی، سیوطی، قسطلانی، زرقانی، شامی اور حلبی وغیرہ نے، اور جلالین میں اس پر اقتصار اس بات کی دلیل ہے کہ یہی اصح ہے کیونکہ جلالین میں اس کا التزام کیا گیا ہے کہ اصح پر ہی اقتصار کیا جاتا ہے۔ (ت)

اور یُوں مبہم ذکر کرنے میں حضور کے ظہور افضلیت و شہرتِ سیادت کی طرف اشارہ تامّہ ہے یعنی یہ وہ ہیں کہ نام لو یا نہ لو انھیں کی طرف ذہن جائے گا اور دوسرا خیال نہ آئے گا صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

فقیر کہتا ہے اہلِ محبت جانتے ہیں کہ ابہامِ تام میں کیا لُطف و مزہ ہے ع

اے گل بتو خرسندم تو بوئے کسے داری

(اے پھُول! تجھ پر شادمانی ہے کہ تو کسی کی خوشبو رکھتا ہے۔ ت)

؎ مژدہ اے دل کہ مسیحا نفسے مے آید　　　کہ زانفاس خوشش بُوئے کسے می آید

(اے دل! خوشخبری ہو کہ مسیحا آتا ہے جس کے عمدہ سانسوں سے کسی کی خوشبو آتی ہے۔ ت)

ع　کسی کا دو قدم چلنا یہاں پامال ہوجانا

**آیت خامسہ**: قال تبارک اسمہ "ھو الذی ارسل رسولہ بالھدٰی و

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۲/ ۲۵۳ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱/ ۱۷۷

[2] انوار التنزیل (تفسیر البیضاوی) 〃 〃 دار الفکر بیروت ۱/ ۵۴۹، ۵۵۰

[3] مدارک التنزیل (تفسیر النسفی) 〃 〃 دار الکتاب العربی بیروت ۱/ ۱۲۷

[4] تفسیر جلالین 〃 〃 اصح المطابع دہلی ص ۳۹

دین الحق لیظہرہ علی الدین کلہ ط وکفی باللہ شہیدا[1]۔

**پانچویں آیت** : اللہ تعالٰی نے فرمایا : وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسول ہدایت اور سچا دین دے کر کہ اسے غالب کرے سب دینوں پر، اور خدا کافی ہے گواہ۔

اور اس امتِ مرحومہ سے فرماتا ہے :

کنتم خیر امۃ اخرجت للناس[2]۔

تم سب سے بہتر اُمت ہو کہ لوگوں کے لئے ظاہر کی گئی۔

آیاتِ کریمہ ناطق کہ حضور کا دین تمام ادیان سے اعلٰی واکمل، اور حضور کی امت سب امم سے بہتر وافضل۔ تو لاجرم اس دین کا صاحب اور اس اُمت کا آقا سب دین وامت والوں سے افضل واعلٰی۔ امام احمد وترمذی بافادہ تحسین وابن ماجہ وحاکم معٰویہ بن حیدہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں :

انکم تتمون سبعین امۃ انتم خیرھا واکرمھا علی اللہ[3]۔

تم ستر اُمتوں کو پورا کرتے ہو کہ اللہ کے نزدیک اُن سب سے بہتر و بزرگ تر تم ہو۔

**آیت سادسہ** : قال جلت عظمتہ : یاٰدم اسکن انت وزوجک الجنۃ[4]۔

**چھٹی آیت** : اللہ تعالٰی نے فرمایا : اے آدم! تو اور تیری بیوی جنت میں رہو۔ (ت)

وقال تعالٰی : ینوح اھبط بسلام منا[5]۔

اور اللہ تعالٰی نے فرمایا : اے نوح! کشتی سے اُتر ہماری طرف سے سلام کے ساتھ۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۲۸

[2] " ۳/ ۱۱۰

[3] جامع الترمذی ابواب التفسیر تفسیر سورۃ آل عمران امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۲۵
مسند احمد بن حنبل عن ابی سعید الخدری المکتب الاسلامی بیروت ۳/ ۶۱
کنز العمال حدیث ۳۴۴۶۳ و ۳۴۵۲۰ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۲/ ۱۵۶، ۱۶۹

[4] القرآن الکریم ۲/ ۳۵

[5] " ۱۱/ ۴۸

وقال تعالٰی : یا براھیم قد صدقت الرؤیا۔[1]

اور اللہ تعالٰی نے فرمایا : اے ابراہیم ! بے شک تُو نے خواب سچ کردکھایا۔ (ت)

وقال تعالٰی : یٰموسٰی اِنّی انا اللہ[2]

اور اللہ تعالٰی نے فرمایا : اے موسٰی ! بے شک میں ہی ہوں اللہ۔ (ت)

وقال تعالٰی : یٰعیسٰی انّی متوفّیك[3]

اور اللہ تعالٰی نے فرمایا : اے عیسٰی ! میں تجھے پوری عمر تک پہنچاؤں گا۔ (ت)

وقال تعالٰی : یٰداوٗد انّا جعلنٰك خلیفۃ۔[4]

اور اللہ تعالٰی نے فرمایا : اے داوٗد ! بے شک ہم نے تجھے زمین میں نائب کیا۔ (ت)

وقال تعالٰی : یٰزکریّا انّا نبشّرك[5]

اور اللہ تعالٰی نے فرمایا : اے زکریا ! ہم تجھے خوشی سناتے ہیں۔ (ت)

وقال تعالٰی : یٰیحیٰی خذ الکتٰب بقوّۃ۔[6]

اور اللہ تعالٰی نے فرمایا : اے یحیٰی ! کتاب مضبوط تھام۔ (ت)

غرض قرآن عظیم کا عام محاورہ ہے کہ تمام انبیائے کرام کو نام لے کر پکارتا ہے مگر جہاں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے خطاب فرمایا ہے حضور کے اوصافِ جلیلہ و القابِ جمیلہ ہی سے یاد کیا ہے یٰایّھا النّبی انّا ارسلنٰك[7] اے نبی ! ہم نے تجھے رسول کیا ــــ یٰایّھا الرسول بلّغ ما انزل الیك[8] اے رسول ! پہنچا جو تیری طرف اُترا ــــ یٰایّھا المزمل قم الّیل[9] اے کپڑا اوڑھے لیٹنے والے ! رات میں قیام فرما ــــ یٰایّھا المدثر۵ قم فانذر[10] اے جُھرمٹ مارنے والے ! کھڑا ہو لوگوں کو ڈر سنا ــــ یٰسٓ ۵ والقراٰن الحکیم۵ انك لمن المرسلین۵[11] اے یٰسٓ ! یا اے سردار ! مجھے قسم ہے حکمت والے قرآن کی، بیشک تُو مرسلوں

---

[1] القرآن الکریم ۳۷/۱۰۴ و ۱۰۵ [2] القرآن الکریم ۲۸/۳۰
[3] " ۳/۵۵ [4] " ۳۸/۲۶
[5] " ۱۹/۷ [6] " ۱۹/۱۲
[7] " ۳۳/۴۵ [8] " ۵/۶۷
[9] " ۷۳/۱ ۔ ۲ [10] " ۷۴/۱ ۔ ۲
[11] " ۳۶/۱ تا ۳

سے ہے ـــــ طٰہٰ ۝ ما انزلنا علیك القرآن لتشقٰی[1] اے طٰہٰ! اے پاکیزہ رہنما! ہم نے تجھ پر قرآن اس لئے نہیں اتارا کہ تو مشقت میں پڑے۔

ہر ذی عقل جانتا ہے کہ جو ان نداؤں اور ان خطابوں کو سنے گا بالبداہت حضور سید المرسلین و انبیائے سابقین کا فرق جان لے گا ؎

یا آدم ست با پدرِ انبیاء خطاب ‏ ‏ یاایھا النبی خطابِ محمد است

("اے آدم" نبیوں کے باپ کے لئے خطاب ہے، اور محمد مصطفٰی صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے لئے خطاب ہے "اے نبی"۔ ت)

امام عز الدین بن عبد السلام وغیرہ علمائے کرام فرماتے ہیں: بادشاہ جب اپنے تمام امراء کو نام لے کر پکارے، اور اُن میں خاص ایک مقرب کو یُوں ندا فرمایا کرے: اے مقرب حضرت، اے نائب سلطنت، اے صاحبِ عزت، اے سردارِ مملکت ـــــ تو کیا کسی طرح محلِ ریب و شک باقی رہے گا کہ یہ بندہ بارگاہِ سلطانی میں سب سے زیادہ عزت و وجاہت والا اور سرکار سلطانی کو تمام عمائد و اراکین سے بڑھ کر پیارا ہے۔

فقیر کہتا ہے غفر اللہ تعالٰے لہ، خصوصًا یاایھا المزمل[2] (اے کپڑا اوڑھے لیٹنے والے۔ت) و یاایھا المدثر[3] (اے جھرمٹ مارنے والے۔ ت) تو وہ پیارے خطاب ہیں جن کا مزہ اہلِ محبت جانتے ہیں۔ ان آیتوں کے نزول کے وقت سیدِ عالم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم بالاپوش اوڑھے جھرمٹ مارے لیٹے تھے، اُسی وضع و حالت سے حضور کو یاد فرما کر ندا کی گئی، بلا تشبیہ جس طرح سچا چاہنے والا اپنے محبوب کو پکارے: او بانکی ٹوپی والے، او دھانی دوپٹے والے، ع

او دامن اٹھا کے جانے والے

فسبحٰن اللہ والحمد للہ والصلوٰۃ الزھراء علی الحبیب ذی الجاہ (اللہ تعالٰے کو پاکی ہے اور تمام تعریفیں اللہ تعالٰے کے لئے ہیں اور روشن درود وجاہت والے محبوب پر۔ت)

ثم اقول (پھر میں کہتا ہوں۔ت) نہایت یہ ہے کہ اشقیائے یہودِ مدینہ و مشرکینِ مکہ جو حضور سے جاہلانہ گفتگوئیں کرتے اُن مقالاتِ خبیثہ کو بغرضِ رد و ابطال و مژدہ رسانی عذاب و

---

[1] القرآن الکریم ۲۰/ ۱، ۲

[2] القرآن کریم ۷۳/ ۱

[3] " ۷۴/ ۱

نکال بارہا نقل فرمایا گیا مگر اُن گستاخوں کی اُس بے ادبانہ ندا کا کہ نام لے کر حضور کو پکارتے، محل نقل میں بھی ذکر نہ آیا۔ ہاں جہاں انھوں نے وصفِ کریم سے ندا کی تھی اگرچہ ان کے زعم میں بطور استہزاء تھی اُسے قرآن مجید نقل کر لایا کہ :

قالوا یایها الذی نزّل علیه الذکر[۱]

بولے اے وہ جس پر قرآن اترا، صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

بخلاف حضرات انبیائے سابقین علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کہ ان کے کفار کے مخاطبے ویسے ہی منقول ہیں۔

ینوح قد جادلتنا[۲]، ءانت فعلت هذا بالهتنا یا براهیم[۳]۔ یموسٰی ادع لنا ربك بما عهد عندك[۴]۔ یصلح ائتنا بما تعدنا[۵]۔ یاشعیب ما نفقه کثیرا مما تقول[۶]

اے نوح! تم ہم سے جھگڑے، کیا تم نے ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ کام کیا اے ابراہیم۔ اے موسٰی! ہمارے لئے اپنے رب سے دُعا کرو اس عہد کے سبب جو اس کا تمھارے پاس ہے۔ اے صالح! ہم پر لے آؤ جس کا تم وعدہ دے رہے ہو۔ اے شعیب! ہماری سمجھ میں نہیں آتیں تمھاری بہت سی باتیں۔ (ت)

بلکہ اُس زمانہ کے مطیعین بھی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیم سے یونہی خطاب کرتے ہیں۔ اور قرآن عظیم نے اُسی طرح اُن سے نقل فرمائی، اسباط نے کہا :

یموسٰی لن نصبر علی طعام واحد[۷]

اے موسٰی! ہم سے تو ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ ہوگا۔ (ت)

حواریوں نے کہا :

یعیسی ابن مریم هل یستطیع ربك[۸]

اے عیسٰی بن مریم! کیا آپ کا رب ایسا کر سکتا ہے۔ (ت)

---

[۱] القرآن الکریم ۱۵/۶ [۲] القرآن الکریم ۱۱/۳۲
[۳] 〃 ۲۱/۶۲ [۴] 〃 ۷/۱۳۴
[۵] 〃 ۷/۷۷ [۶] 〃 ۱۱/۹۱
[۷] 〃 ۲/۶۱ [۸] 〃 ۵/۱۱۲

یہاں اس کا یہ بندوبست فرمایا کہ اس اُمتِ مرحومہ پر اس نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کا نامِ پاک لے کر خطاب کرنا ہی حرام ٹھہرایا۔

قال اللہ تعالیٰ: لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعضا۔[1]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: رسول کا پکارنا آپس میں ایسا نہ ٹھہرالو جیسے ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔

کہ اے زید، اے عمرو۔ بلکہ یُوں عرض کرو:

یارسول اللہ، یانبی اللہ، یاسید المرسلین، یاخاتم النبیین، یاشفیع المذنبین، صلی اللہ تعالیٰ علیک وسلم وعلیٰ اٰلک اجمعین۔

ابونعیم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے اس آیت کی تفسیر میں راوی:

قال کانوا یقولون یامحمد یاابا القاسم فنھٰھم اللہ عن ذٰلک اعظامًا لنبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، فقالوا یانبی اللہ، یارسول اللہ۔[2]

یعنی پہلے حضور کو یا محمد یاابا القاسم کہا جاتا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی تعظیم کو اس سے نہی فرمائی جب سے صحابہ کرام یانبی اللہ یارسول اللہ کہا کرتے۔

بیہقی امام علقمہ و امام اسود اور ابونعیم امام حسن بصری و امام سعید بن جبیر سے تفسیر کریمہ مذکورہ میں راوی:

لا تقولوا یامحمد ولٰکن قولوا یارسول اللہ یانبی اللہ۔[3]

یعنی اللہ تعالےٰ فرماتا ہے: یا محمد نہ کہو بلکہ یانبی اللہ یارسول اللہ کہو۔

اسی طرح امام قتادہ تلمیذ انس بن مالک سے روایت کی رضی اللہ تعالےٰ عنہم اجمعین۔

---

[1] القرآن الکریم ۲۴/ ۶۳

[2] دلائل النبوۃ لابی نعیم الفصل الاول عالم الکتب بیروت الجزء الاول ص ۷
الدرالمنثور تحت الآیۃ ۲۴/ ۶۳ داراحیاء التراث العربی بیروت ۶/ ۲۱۱

[3] تفسیر الحسن البصری " " " المکتبۃ التجاریۃ مکۃ المکرمۃ ۲/ ۱۶۴
الدرالمنثور بحوالہ عبدبن حمید " " " داراحیاء التراث العربی بیروت ۶/ ۲۱۱

ولہذا علماء تصریح فرماتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو نام لے کر ندا کرنی حرام ہے۔
اور واقعی محلِ انصاف ہے جسے اس کا مالک و مولٰی تبارک وتعالٰی نام لے کر نہ پکارے غلام کی کیا مجال کہ راہِ ادب سے تجاوز کرے۔ بلکہ امام زین الدین مراغی وغیرہ محققین نے فرمایا: اگر یہ لفظ کسی دُعا میں وارد ہو جو خود نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے تعلیم فرمائی جیسے دعائے یا محمد انی توجھت بك الٰی ربی[1] (اے محمد! میں آپ کے توسّل سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوا۔ت) تاہم اس کی جگہ یارسول اللہ، یا نبی اللہ کہنا چاہئے، حالانکہ الفاظِ دعا میں حتی الوسع تغیر نہیں کی جاتی، کما یدل علیہ حدیث نبیك الذی ارسلت ورسولك الذی ارسلت (جیسا کہ اس پر دلالت کرتی ہے حدیث مبارک "تیرا نبی جس کو تُو نے بھیجا اور تیرا رسول جس کو تُو نے بھیجا"۔ ت)۔[2]
یہ مسئلہ مہمہ جس سے اکثر اہلِ زمانہ غافل ہیں نہایت واجب الحفظ ہے۔ فقیر غفراللہ تعالٰی لہ نے اس کی تفصیل اپنے مجموعۂ فتاوٰی مسمّٰی بہ العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ میں ذکر کی وباللہ التوفیق، خیر یہ تو خود حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا معاملہ تھا، حضور کے صدقہ میں اس امتِ مرحومہ کا خطاب بھی خطابِ اُممِ سابقہ سے ممتاز ٹھہرا، اگلی اُمتوں کو اللہ تعالٰی یاایھا المساکین[3] فرمایا کرتا۔ توریتِ مقدس میں جابجا یہی لفظ ارشاد ہوا ہے، قالہ خیثمہ رواہ ابن ابی حاتم واوردہ السیوطی فی الخصائص الکبرٰی (یہ خیثمہ نے کہا جس کو ابن ابی حاتم نے روایت کیا اور امام سیوطی نے خصائصِ کبرٰی میں وارد کیا ہے۔ ت) اور اس اُمتِ مرحومہ کو جب ندا فرمائی ہے یاایھا الذین اٰمنوا[4] فرمایا گیا ہے یعنی اے ایمان والو۔ اُمتی کے لئے اس سے زیادہ اور کیا فضیلت ہوگی۔
سچ ہے پیارے کے علاقہ والے بھی پیارے۔ آخر نہ سُنا کہ فرماتا ہے:
فاتبعونی یحببکم اللہ[5]
میری پیروی کرو اللہ کے محبوب ہوجاؤ گے۔

## آیتِ سابعہ: قال جل جلالہ "لعمرك انھم فی سکرتھم

---

[1] المستدرک للحاکم کتاب صلوٰۃ التطوع دعاء ردبصر وکتاب الدعاء دار الفکر بیروت ۱/ ۳۱۳، ۵۱۹، ۵۲۶
سُنن ابن ماجۃ ابواب اقامۃ الصلوٰۃ باب ماجاء فی صلوٰۃ الحاجۃ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۱۰۰
[2] نسیم الریاض الباب الاول الفصل الثالث مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۱/ ۱۸۴
[3] القرآن الکریم ۲/ ۱۸۳ [4] القرآن الکریم ۳/ ۳۱

یعمھون[1]

**ساتویں آیت**: حق جل جلالہ اپنے حبیب کریم علیہ افضل الصلوۃ والتسلیم سے فرماتا ہے:
تیری جان کی قسم وہ کافر اپنے نشہ میں اندھے ہو رہے ہیں۔

وقال تعالٰی: لا اقسم بھذا البلد ۵ و انت حل بھذا البلد ۵[2]
اور اللہ تعالٰی نے فرمایا: میں قسم یاد کرتا ہوں اس شہر کی کہ تُو اس میں جلوہ فرما ہے۔

وقال تعالٰی: وقیلہ یٰرب ان ھٰؤلاء قوم لا یؤمنون[3]
اور اللہ تعالٰی نے فرمایا: مجھے قسم ہے رسول کے اس کہنے کی کہ اے رب میرے! یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔

وقال تعالٰی: والعصر[4]
اور اللہ تعالٰی نے فرمایا: قسم زمان برکت نشان محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی۔

اے مسلمان! یہ مرتبہ جلیلہ اس جانِ محبوبیت کے سوا کسے میسر ہوا کہ قرآنِ عظیم نے اُن کے شہر کی قسم کھائی، اُن کی باتوں کی قسم کھائی، اُن کے زمانے کی قسم کھائی، اُن کی جان کی قسم کھائی، صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔ ہاں اے مسلمان! محبوبیتِ کبرٰی کے یہی معنٰی ہیں۔ والحمد للہ رب العٰلمین (اور سب تعریفیں اللہ تعالٰی کے لئے ہیں جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا۔ ت)۔

ابن مردویہ اپنی تفسیر میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ماحلف اللہ بحیاۃ احد الا بحیاۃ محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم قال تعالٰی لعمرک انھم لفی سکرتھم یعمھون ۵ وحیاتک یا محمد۔[5]

---

[1] القرآن الکریم ۱۵/۷۲
[2] " ۹۰/۱، ۲
[3] " ۴۳/۸۸
[4] " ۱۰۳/۱
[5] الدر المنثور بحوالہ ابن مردویہ تحت الآیۃ ۱۵/۷۲ دار احیاء التراث العربی بیروت ۵/۸۰

یعنی اللہ تعالٰی نے کبھی کسی کی زندگی کی قسم یاد نہ فرمائی سوائے محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے کہ آیۂ لعمرك میں فرمایا تیری جان کی قسم اے محمد!

ابو یعلی، ابن جریر، ابن مردویہ، بیہقی، ابو نعیم، ابن عساکر، بغوی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی،

ماخلق اللہ وما ذرأ وما برأ نفسا اکرم علیہ من محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وما حلف اللہ بحیاۃ احد الا بحیاۃ محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فقال لعمرك انھم لفی سکرتھم یعمھون[1]

اللہ تعالٰی نے ایسا کوئی نہ بنایا، نہ پیدا کیا، نہ آفرینش فرمایا جو اسے محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے زیادہ عزیز ہو، نہ کبھی ان کی جان کے سوا کسی جان کی قسم یاد فرمائی کہ ارشاد کرتا ہے مجھے تیری جان کی قسم وُہ کافر اپنی مستی میں بہک رہے ہیں۔

امام حجۃ الاسلام محمد غزالی احیاء العلوم اور امام محمد بن الحاج عبدری مکی مدخل اور امام احمد محمد خطیب قسطلانی مواہب لدنیہ اور علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض میں ناقل حضرت امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ ایک حدیث طویل میں حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں،

بابی انت وامی یا رسول اللہ لقد بلغ من فضیلتك عند اللہ تعالٰی ان اقسم بحیاتك دون سائر الانبیاء ولقد بلغ من فضیلتك عندہ ان اقسم بتراب قدمیك فقال لا اقسم بھذا البلد[2]

یارسول اللہ! میرے ماں باپ حضور پر قربان بیشک حضور کی بزرگی خدا کے نزدیک اس حد کو پہنچی کہ حضور کی زندگی کی قسم یاد فرمائی نہ باقی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی، اور تحقیق حضور کی فضیلت خدا کے یہاں اس نہایت کی ٹھہری کہ حضور کی خاکِ پا کی قسم یاد فرمائی کہ ارشاد کرتا ہے مجھے قسم اس شہر کی۔

شیخ محقق رحمہ اللہ تعالٰی مدارج میں فرماتے ہیں:

ایں لفظ در ظاہرِ نظر سخت مے در آید نسبت بجناب عزت چوں گویند کہ سوگند مے خورد

---

[1] الدر المنثور بحوالہ ابی یعلی و ابن جریر و ابن مردویہ و البیہقی تحت الآیۃ ۱۵/ ۷۲ بیروت ۵/ ۸۰
جامع البیان تحت الآیۃ ۱۵/ ۷۲ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۴/ ۵۴، ۵۵
دلائل النبوۃ لابی نعیم الفصل الرابع عالم الکتب بیروت الجزء الاول ص ۱۲

[2] المواہب اللدنیہ المقصد السادس النوع الخامس الفصل الخامس المکتب الاسلامی بیروت ۳/ ۲۱۵
نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض الباب الاول الفصل الرابع مرکز اہلسنت ہند ۱/ ۱۹۶

بخاکپائے حضرت رسالت ونظر بحقیقتِ معنٰے صاف وپاک است کہ غبارے نیست برآں وتحقیق ایں سخن آنست کہ سوگند خوردن حضرت رب العزت جل جلالہٗ بچیزے غیر ذات وصفات خود برائے اظہار شرف وفضیلت وتمیز آں چیز است نزدِ مردم ونسبت بایشاں تا بدانند کہ آں امرِ عظیم و شریف است، نہ آنکہ اعظم است نسبت بوے تعالٰے الخ[1]

یہ لفظ ظاہری نظر میں اللہ رب العزت کی طرف نسبت کرنے میں سخت ہیں۔ جب یوں کہتے ہیں کہ اللہ رب العزت حضرتِ رسالتمآب کی خاکِ پا کی قسم ارشاد فرماتا ہے اور نظرِ حقیقت میں معنٰی بالکل پاک وصاف ہے کہ اس پر کوئی غبار نہیں۔ اس کی تحقیق یہ ہے کہ اللہ رب العزت کا اپنی ذات وصفات کے علاوہ کسی چیز کی قسم یاد فرمانا اس لئے ہوتا ہے کہ لوگوں کے نزدیک لوگوں کی بنسبت اس چیز کا شرف، فضیلت اور ممتاز ہونا ظاہر ہوجائے تاکہ وہ جان لیں کہ یہ چیز عظمت و شرف والی ہے۔ یہ مطلب نہیں ہوتا کہ وہ چیز اللہ تعالٰی کی بنسبت اعظم ہے الخ (ت)

## انبیائے سابقین اعتراضاتِ کفّار کے خود جواب دیتے اور حضور کی طرف سے ربّ العلمین

**آیتِ ثامنہ (آٹھویں آیت)**: قرآن عظیم میں جابجا حضرات انبیاء علیہم الصلٰوۃ والثناء سے کفّار کی جاہلانہ جدال مذکور جس کے مطالعہ سے ظاہر کہ وہ اشقیاء طرح طرح سے حضرات انبیاء میں سخت کلامی وبیہودہ گوئی کرتے اور حضرات رسل علیہ الصلٰوۃ والسلام اپنے حلمِ عظیم وفضلِ کریم کے لائق جواب دیتے۔ سیّدنا نوح علیہ الصلٰوۃ والسلام سے ان کی قوم نے کہا:

انّا لنرٰک فی ضلٰلٍ مبین[2] بیشک ہم تمھیں کھلا گمراہ سمجھتے ہیں۔

فرمایا: یٰقوم لیس بی ضلٰلۃ و لٰکنی رسول من رب العٰلمین[3]۔

اے میری قوم! مجھے گمراہی سے کچھ علاقہ نہیں، میں تو رسول ہوں پروردگارِ عالم کی طرف سے۔

سیّدنا ہود علیہ الصلٰوۃ والسلام سے عاد نے کہا:

انّا لنرٰک فی سفاھۃٍ و انّا لنظنّک من الکٰذبین[4]

یقیناً ہم تمھیں حماقت میں خیال کرتے ہیں اور ہمارے گمان میں تم بے شک جھوٹے ہو۔

---

[1] مدارج النبوۃ باب سوم دربیان فضل وشرافت مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/۶۵

[2] القرآن الکریم ۷/۶۰ [3] القرآن الکریم ۷/۶۱

[4] " " ۷/۶۶

فرمایا :

یٰقوم لیس بی سفاھۃ ولٰکنی رسول من رب العٰلمین[1]۔

اے میری قوم! مجھ میں اصلاً سفاہت نہیں، میں تو پیغمبر ہوں رب العالمین کا۔

سیدنا شعیب علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مدین نے کہا :

انا لنرٰلک فینا ضعیفا ج ولو لا رھطک لرجمنٰک وما انت علینا بعزیز[2]۔

ہم تمھیں اپنے میں کمزور دیکھتے ہیں۔ اور اگر تمھارے ساتھ کے یہ چند آدمی نہ ہوتے تو ہم تمھیں پتھروں سے مارتے، اور کچھ تم ہماری نگاہ میں عزت والے نہیں۔

فرمایا :

یٰقوم ارھطی اعزّ علیکم من اللہ واتخذ تموہ وراءکم ظھریا[3]۔

اے میری قوم! کیا میرے کنبے کے یہ معدود لوگ تمھارے نزدیک اللہ سے زیادہ زبردست ہیں اور اُسے تم بالکل بُھلائے بیٹھے ہو۔

سیدنا موسٰے علیہ الصلوٰۃ والسلام سے فرعون نے کہا :

انی لاظنّک یٰموسٰی مسحورا[4]۔

میرے گمان میں تو اے موسٰی! تم پر جادو ہوا۔

فرمایا :

لقد علمت ما انزل ھٰؤلاء الا رب السمٰوٰت والارض بصائر ج وانی لاظنّک یٰفرعون مثبورا[5]۔

تُو خوب جانتا ہے کہ انھیں نہ اتارا مگر آسمان و زمین کے مالک نے دلوں کی آنکھیں کھولنے کو، اور میرے یقین میں تو اے فرعون! تُو ہلاک ہونے والا ہے۔

مگر حضور سید المرسلین افضل المحبوبین محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلوات اللہ وسلامہ علیہ وعلی آلہٖ واصحابہٖ اجمعین کی خدمتِ لاعظمت میں کفار نے جو زبان درازی کی ہے مَلِکُ السمٰوٰت والارض جل جلالہٗ

---

[1] القرآن الکریم ۷/ ۶۷ — [2] القرآن الکریم ۱۱/ ۹۱

[3] " ۱۱/ ۹۲ — [4] " ۱۷/ ۱۰۱

[5] " ۱۷/ ۱۰۲

خود متکفل جواب ہُوا ہے، اور محبوبِ اکرم مطلوب اعظم صلّے اللہ تعالٰے علیہ وسلّم کی طرف سے آپ مدافعہ فرمایا ہے۔ طرح طرح حضور کی تنزیہ و تبریت ارشاد فرمائی۔ جابجا رفعِ الزامِ اعدائے لیام پر قسم یاد فرمائی یہاں تک کہ غنی مغنی عزّ مجدہٗ نے ہر جواب و خطاب سے حضور کو غنی کر دیا، اور اللہ تعالٰے کا جواب دینا حضور کے خود جواب دینے سے بدرجہا حضور کے لئے بہتر ہوا۔ اور یہ وُہ مرتبۂ عظمٰے ہے کہ نہایت نہیں رکھتا۔ ذٰلك فضل الله یؤتیه من یشاء ط والله ذوالفضل العظیم[1] (یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے عطا فرماتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ت)۔

(۱) کفّار نے کہا:

یاایّها الذی نزّل علیه الذکر انّك لمجنون[2]

اے وُہ جن پر قرآن اترا، بیشک تم مجنون ہو۔

حق جل وعلا نے فرمایا:

نٓ والقلم وما یسطرون ○ ما انت بنعمة ربك بمجنون[3]

قسم قلم اور نوشتہائے ملائک کی تُو اپنے رب کے فضل سے ہرگز مجنون نہیں۔

وان لك لاجرًا غیر ممنون[4]

اور بے شک تیرے لئے اجر بے پایاں ہے۔

کہ تُو اِن دیوانوں کی بدزبانی پر صبر کرتا اور حلم و کرم سے پیش آتا ہے، مجنون تو چلتی ہوا سے اُلجھا کرتے ہیں، تیرا سا حلم و صبر کوئی تمام عالَم کے عُقلاء میں تو بتا دے۔

وانّك لعلٰی خلقٍ عظیم[5]

اور بے شک تُو بڑے عظمت والے ادب تہذیب پر ہے۔

کہ ایک حِلم و صبر کیا تیری جو خصلت ہے اِس درجہ عظیم و باشوکت ہے کہ اخلاقِ عاقلانِ جہان مجتمع ہو کر اس کے ایک شمّہ کو نہیں پہنچتے۔ پھر اُس سے بڑھ کر اندھا کون جو تجھے ایسے الفاظ سے یاد کرے، مگر یہ اُن کا اندھاپن بھی چند روز کا ہے۔

---

[1] القرآن الکریم ۵۷/ ۲۱
[2] القرآن الکریم ۱۵/ ۶
[3] 〃 ۶۸/ ۱، ۲
[4] 〃 ۶۸/ ۳
[5] 〃 ۶۸/ ۴

فستبصر ویبصرون ○ بایکم المفتون[1]

عنقریب تُو بھی دیکھے گا اور وُہ بھی دیکھ لیں گے کہ تم میں سے کسے جنون ہے۔

آج اپنی بے خِردی و دیوانگی و کور باطنی سے جو چاہیں کہہ لیں، آنکھیں کھُلنے کا دن قریب آتا ہے، اور دوست و دشمن سب پر کھُلا چاہتا ہے کہ مجنون کون تھا۔

(۲) وحی اُترنے میں جو کچھ دنوں دیر لگی کافر بولے:

انّ محمدًا ودّعه ربه وقلاه[2]

بیشک محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو اُن کے رب نے چھوڑ دیا اور دشمن پکڑا۔

حق جل وعلا نے فرمایا:

والضحیٰ○ واللیل اذا سجیٰ[3]

قسم ہے دن چڑھے کی اور قسم رات کی جب اندھیری ڈالے۔

یا قسم اے محبوب! تیرے رُوئے روشن کی، اور قسم تیری زلف کی جب چمکتے رخساروں پر بکھر آئے۔

ما ودّعك ربك وما قلیٰ[4]

نہ تجھے تیرے رب نے چھوڑا اور نہ دشمن بنایا۔

اور یہ اشقیاء بھی دل میں خُوب سمجھتے ہیں کہ خدا کی تجھ پر کیسی مہر ہے، اس مہر ہی کو دیکھ دیکھ کر چلے جاتے ہیں اور حسد و عناد سے یہ طوفان جوڑتے اور اپنے جلے دل کے پھپھولے پھوڑتے ہیں مگر یہ خبر نہیں کہ:

وللاٰخرۃ خیر لك من الاولیٰ[5]

بے شک آخرت تیرے لئے دُنیا سے بہتر ہے۔

وہاں جو نعمتیں تجھ کو ملیں گی نہ آنکھوں نے دیکھیں، نہ کانوں نے سُنیں، نہ کسی بشر یا مَلک کے خطرے میں آئیں جن کا اجمال یہ ہے:

---

[1] القرآن الکریم ۶۸/ ۵،۶

[2] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۹۳/ ۳ دارالکتب العلمیہ بیروت ۴/ ۴۶۵

[3] القرآن الکریم ۹۳/ ۱،۲ [4] القرآن الکریم ۹۳/ ۳

[5] " ۹۳/ ۴

ولسوف یعطیك ربك فترضی[1]۔

قریب ہے تجھے تیرا رب اتنا دے گا کہ تُو راضی ہوجائے گا۔

اُس دن دوست دشمن سب پر کُھل جائے گا کہ تیرے برابر کوئی محبوب نہ تھا۔ خیر، اگر آج یہ اندھے آخرت کا یقین نہیں رکھتے تو تجھ پر خُدا کی عظیم، جلیل، کثیر، جزیل نعمتیں رحمتیں آج کی تو نہیں قدیم ہی سے ہیں۔ کیا تیرے پہلے احوال انھوں نے نہ دیکھے اور اُن سے یقین حاصل نہ کیا کہ جو نظرِ عنایت تجھ پر ہے ایسی نہیں کہ کبھی بدل جائے،

الم یجدك یتیمًا فاٰوٰی[2]، الٰی اٰخرالسورۃ۔

کیا اس نے تمھیں یتیم نہ پایا پھر جگہ دی (سورۃ کے آخر تک۔ت)

(۳) کفار نے کہا:

لست مرسلا[3] تم رسول نہیں ہو۔

حق جل وعلا نے فرمایا:

یٰسٓ ○ والقراٰن الحکیم○ انك لمن المرسلین[4]

اے سردار! مجھے قسم ہے حکمت والے قرآن کی، تُو بیشک مرسل ہے۔

(۴) کفّار نے حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو شاعری کا عیب لگایا۔ حق جل وعلا نے فرمایا:

وما علمنٰہ الشعر وما ینبغی لہ ط ان ھو الّا ذکر وقراٰن مبین[5]

نہ ہم نے انھیں شعر سکھایا اور نہ وہ ان کے لائق تھا۔ وہ تو نہیں مگر نصیحت اور روشن بیان والا قرآن۔

(۵) منافقین حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی شان میں گستاخیاں کرتے اور اُن میں کوئی کہتا ایسا نہ ہو کہیں اُن تک خبر پہنچے، کہتے: پہنچے گی تو کیا ہوگا، ہم سے پوچھیں گے ہم مُکر جائیں گے، قسمیں کھالیں گے، انھیں یقین آجائے گا کہ ھو اُذن[6] وہ تو کان ہیں، جیسی ہم سے

---

[1] القرآن الکریم ۹۳/ ۵
[2] القرآن الکریم ۹۳/ ۶
[3] 〃 ۱۳/ ۴۳
[4] 〃 ۳۶/ ۱ تا ۳
[5] 〃 ۳۶/ ۶۹
[6] 〃 ۹/ ۶۱

سنیں گے مان لیں گے۔

حق جل وعلا نے فرمایا:

اُذن خیر لکم[1] وہ تمہارے بھلے کے لئے کان ہیں کہ جھوٹے عذر بھی قبول کر لیتے ہیں، اور بکمال حلم وکرم چشم پوشی فرماتے ہیں، ورنہ کیا انھیں تمہارے بھیدوں اور خلوت کی چھپی باتوں پر آگاہی نہیں۔ یؤمن باللہ[2] خدا پر ایمان لاتے ہیں۔ اور وہ تمہارے اسرار سے انھیں مطلع کرتا ہے، پھر تمہاری جھوٹی قسموں کا انھیں کیونکر یقین آئے۔ ہاں ویؤمن للمؤمنین[3] ایمان والوں کی بات واقعی مانتے ہیں کہ انھیں اُن کے دل کی سچی حالتوں پر خبر ہے۔ اس لئے ورحمۃ للذین اٰمنوا منکم[4] مہربان ہیں اُن پر جو تم میں ایمان لائے کہ ان کے طفیل سے انھیں ہمیشگی کے گھر میں بڑے بڑے رُتبے ملتے ہیں، اور اگرچہ یہ بھی اُن کی رحمت ہے کہ دُنیا میں تم سے چشم پوشی ہوتی ہے۔ مگر اس کا نتیجہ اچھا نہ سمجھو کہ تمہاری گستاخیوں سے انھیں ایذا پہنچی ہے والذین یؤذون رسول اللہ لھم عذاب الیم[5] اور جو لوگ رسول اللہ کو ایذا دیں ان کے لئے دُکھ کی مار ہے۔

(۶) ابن اُبی شقی ملعون نے جب وہ کلمۂ ملعونہ کہا:

لئن رجعنا الی المدینۃ لیخرجن الاعز منھا الاذل[6]

اگر ہم مدینہ لوٹ کر گئے تو ضرور نکال باہر کرے گا عزت والا ذلیل کو۔

حق جل وعلا نے فرمایا:

وللہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین ولکن المنٰفقین لا یعلمون[7]

عزت تو ساری خدا ورسول ومومنین ہی کے لئے ہے، پر منافقوں کو خبر نہیں۔

(۷) عاص بن وائل شقی نے جو صاحبزادۂ سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم کے انتقالِ پُر ملال پر حضور کو ابتر یعنی نسل بریدہ کہا۔ حق جل وعلا نے فرمایا: انّآ اعطینٰک الکوثر[8] بیشک ہم نے تمھیں خیر کثیر عطا فرمائی، کہ اولاد سے نام چلنے کو تمہاری رفعتِ ذکر سے کیا نسبت، کروڑوں صاحبِ اولاد گزرے جن کا نام تک کوئی نہیں جانتا، اور تمہاری ثناء کا ڈنکا تو قیامِ قیامت تک

[1] القرآن الکریم ۹/ ۶۱

[2] القرآن الکریم ۹/ ۶۱

[3] " ۹/ ۶۱

[4] " ۹/ ۶۱

[5] " ۹/ ۶۱

[6] " ۶۳/ ۸

[7] " ۶۳/ ۸

[8] " ۱۰۸/ ۱

اکنافِ عالم و اطرافِ جہاں میں بجے گا اور تمہارے نام نامی کا خطبہ ہمیشہ ہمیشہ ہمیشہ اطباقِ فلک آفاق زمین میں پڑھا جائے گا۔ پھر اولاد بھی تمہیں وہ نفیس و طیب عطا ہو گی جن کی بقا سے بقائے عالم مربوط رہے گی۔ اس کے سوا تمام مسلمان تمہارے بال بچے ہیں اور تم سا مہربان اُن کے لئے کوئی نہیں، بلکہ حقیقتِ کار کو نظر کیجئے تو تمام عالم تمہاری اولادِ معنوی ہے کہ تم نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا، اور تمہارے ہی نور سے سب کی آفرینش ہوئی۔ اسی لئے جب ابوالبشر آدم تمہیں یاد کرتے یوں کہتے:

یا ابنی صورۃ و اباء معنیً[1]

اے ظاہر میں میرے بیٹے اور حقیقت میں میرے باپ۔

پھر آخرت میں جو تمہیں ملنا ہے اس کا حال تو خدا ہی جانے۔ جب اس کی یہ عنایت بے غایت تم پر مبذول ہو تو تم ان اشقیاء کی زبان درازی پر کیوں ملول ہو بلکہ فصل لربك وانحر[2] اپنے رب کے شکرانہ میں اس کے لئے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔ ان شانئك هو الابتر[3] جو تمہارا دشمن ہے وہی نسل بریدہ ہے کہ جن بیٹوں پر اسے ناز ہے یعنی عمرو و ہشام رضی اللہ تعالٰی عنہما، وہی اُس کے دشمن ہو جائیں گے۔ اور تمہارے دینِ حق میں آکر بوجہ اختلافِ دین اُس کی نسل سے جُدا ہو کر تمہارے دینی بیٹوں میں شمار کئے جائیں گے۔ پھر آدمی بے نسل ہوتا۔ تو یہی سہی کہ نام نہ چلتا۔ اس سے نامِ بد کا باقی رہنا ہزار درجہ بدتر ہے۔ تمہارے دشمن کا ناپاک نام ہمیشہ بدی و نفرین کے ساتھ لیا جائیگا اور روزِ قیامت اِن گستاخیوں کی پوری سزا پائے گا۔ والعیاذ باللہ تعالٰی۔

(۸) جب حضور اقدس صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے قریبی رشتہ داروں کو جمع فرما کر وعظ و نصیحت اور اسلام و اطاعت کی طرف دعوت کی ابولہب شقی نے کہا:

تبًّا لك سائر الیوم الھذا جمعتنا[4]

---

[1] المدخل لابن الحاج فصل فی مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم دار الکتاب العربی بیروت ۲/ ۳۴

[2] القرآن الکریم ۱۰۸/ ۲

[3] " " ۱۰۸/ ۳

[4] صحیح البخاری کتاب التفسیر باب قولہ وانذر عشیرتک الاقربین قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۷۰۲ و ۷۴۳
صحیح مسلم کتاب الایمان باب بیان من مات علی الکفر الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۱۴

ٹوٹنا اور ہلاک ہونا ہو تمھارے لئے ہمیشہ کو، کیا ہمیں اسی لئے جمع کیا تھا۔
حق جل وعلا نے فرمایا:

تبّت یدا ابی لہب وتب[1]
ٹوٹ گئے دونوں ہاتھ ابولہب کے اور وہ خود ہلاک و برباد ہوا۔

ما اغنیٰ عنہ مالہ وما کسب[2] اُس کے کچھ کام نہ آیا اس کا مال اور جو کمایا۔ سیصلیٰ ناراً ذات لہب[3] اب بیٹھا چاہتا ہے بھڑکتی آگ میں۔ وامرأتہ حمالۃ الحطب[4] اور اس کی جورو لکڑیوں کا گٹھا سر پر لئے۔ فی جیدھا حبل من مسد[5] ۝ اُس کے گلے میں مونج کی رسّی۔

بالجملہ اِس روش کی آیتیں قرآن عظیم میں صدہا نکلیں گی۔ اسی طرح حضرت یوسف و بتول مریم اور ادھر ام المومنین صدیقہ علیٰ سیدھم وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے قصے اس مضمون پر شاہد عدل ہیں۔ حضرت والد ماجد "سرور القلوب فی ذکر المحبوب" میں فرماتے ہیں:

"حضرت یوسف کو دودھ پیتے بچے، اور حضرت مریم کو حضرت عیسیٰ کی گواہی سے لوگوں کی بدگمانی سے نجات بخشی، اور جب حضرت عائشہ پر بہتان اُٹھا خود ان کی پاک دامنی کی گواہی دی اور سترہ آیتیں نازل فرمائیں، اگر چاہتا ایک ایک درخت اور پتھر سے گواہی دلواتا۔ مگر منظور یہ ہوا کہ محبوبۂ محبوب کی طہارت و پاکی پر خود گواہی دیں اور عزت امتیاز ان کا بڑھائیں[6]، انتہی۔

محلِ غور ہے کہ اراکینِ دولت و مقربان حضرت سے باغیانِ سرکش بگستاخی و بے ادبی پیش آئیں اور بادشاہ ان کے جوابوں کو انھیں پر چھوڑ دے، مگر ایک سردار بلند وقار کے ساتھ یہ برتاؤ ہو کہ مخالفین جو زبان درازی اس کی جناب میں کریں۔ حضرت سلطان اُس مقرب ذی شان کو کچھ نہ کہنے دے بلکہ بنفس نفیس اس کی طرف سے تکفل جواب کرے۔ کیا ہر ذی عقل اس معاملہ کو دیکھ کر یقین قطعی نہ کرے گا کہ سرکار سلطانی میں جو اعزاز اِس مقرب جلیل کا ہے دوسرے کا نہیں، اور جو خاص نظر اس کے حال پر ہے اوروں کا

---

[1] القرآن الکریم ۱۱۱/ ۱
[2] القرآن الکریم ۱۱۱/ ۲
[3] ر ر ۱۱۱/ ۳
[4] ر ر ۱۱۱/ ۴
[5] ر ر ۱۱۱/ ۵
[6] سرور القلوب فی ذکر المحبوب دوسرا باب آیۃ کریمہ ورفعنا لک ذکرک کی تفسیر میں نولکشور لکھنؤ ص ۳۸

حصہ اس میں نہیں۔ والحمد للہ رب العلمین۔

**آیت تاسعہ:** قال تعالٰی عظمتہ: عسٰی ان یبعثک ربک مقامًا محمودًا ۝[۱]

**نویں آیت:** اللہ تعالٰی نے فرمایا: قریب ہے تجھے تیرا رب بھیجے گا تعریف کے مقام میں۔

صحیح بخاری وجامع ترمذی میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے مروی ہے، فرمایا:

سئل رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم عن المقام المحمود فقال هو الشفاعة۔[۲]

حضرت سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے سوال ہوا مقامِ محمود کیا ہے؟ ارشاد فرمایا: شفاعت۔

اسی طرح احمد وبیہقی ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی:

سئل عنها رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یعنی قوله عسٰی ان یبعثک ربک مقاما محمودًا ۝ فقال ھی الشفاعة۔[۳]

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے اللہ تعالٰی کے قول "قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں گے" کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا: وہ شفاعت ہے۔(ت)

اور شفاعت کی حدیثیں خود متواتر ومشہور اور صحاح وغیرہ میں مروی ومسطور، جن کی بعض ان شاء اللہ تعالٰی ہیکل دوم میں مذکور ہوں گی۔

اُس دن آدم صفی اللہ سے عیسٰی کلمۃ اللہ تک سب انبیاء اللہ علیہم الصلوٰۃ والسلام نفسی نفسی فرمائیں گے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انا لہا انا لہا[۴] میں ہوں شفاعت کے لئے،

---

[۱] القرآن الکریم ۱۷/ ۷۹

[۲] صحیح البخاری کتاب التفسیر سورۃ ۱۷ باب قولہ عسٰی ان یبعثک الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۶۸۶
جامع الترمذی ابواب التفسیر سورۃ بنی اسرائیل امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۴۲
المواہب اللدنیۃ بحوالہ البخاری الشفاعۃ والمقام المحمود المکتب الاسلامی بیروت ۴/ ۶۴۱

[۳] مسند احمد بن حنبل عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ المکتب الاسلامی بیروت ۲/ ۴۴۴ و ۴۷۸
نسیم الریاض شرح شفاء القاضی عیاض بحوالہ احمد والبیہقی فصل فی تفضیلہ بالشفاعۃ ۲/ ۳۴۵

[۴] الشفاء بتعریف حقوق المصطفٰی فصل فی تفضیلہ بالشفاعۃ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱/ ۱۴۰

میں ہوں شفاعت کے لئے۔ انبیاء و مرسلین و ملائکہ مقربین سب ساکت ہوں گے اور وہ متکلم۔ سب سربگریباں، وہ ساجد و قائم۔ سب محلِ خوف میں، وہ آمن و ناعم۔ سب اپنی فکر میں، انھیں فکرِ عوالم۔ سب زیرِ حکومت، وہ مالک و حاکم۔ بارگاہِ الٰہی میں سجدہ کریں گے اُن کا رب انھیں فرمائے گا:

یا محمد ارفع رأسك وقل تُسمع وسل تعطه واشفع تشفع[1]

اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ اور عرض کرو کہ تمھاری عرض سُنی جائے گی، اور مانگو کہ تمھیں عطا ہوگا، اور شفاعت کرو تمھاری شفاعت قبول ہے۔

اُس وقت اوّلین و آخرین میں حضور (صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم) کی حمد و ثنا کا غلغلہ پڑجائیگا اور دوست، دشمن، موافق، مخالف، ہر شخص حضور (صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم) کی افضلیتِ کُبرٰی و سیادتِ عظمٰی پر ایمان لائے گا۔ والحمد للہ رب العلمین ؎

مقامِ تو محمود و نامت محمد ۔۔۔ بدینساں مقامے و نامے کہ دارد

(آپ کا مقام محمود اور نام محمد ہے، ایسا مقام اور نام کون رکھتا ہے۔ ت)

امام محی السنۃ بغوی معالم التنزیل میں فرماتے ہیں:

عن عبد اللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ قال ان اللہ عزوجل اتخذ ابراھیم خلیلا وان صاحبکم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم خلیل اللہ واکرم الخلق علی اللہ ثم قرأ "عسٰی ان یبعثك ربك مقاما محمودا" قال یجلسه علی العرش[2]۔

یعنی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی بیشک اللہ عزوجل نے ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خلیل بنایا۔ اور بیشک تمھارے آقا محمد صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم اللہ کے خلیل اور تمام خلق سے زیادہ اُس کے نزدیک عزیز و جلیل ہیں۔ پھر یہ آیت "عسٰی ان یبعثك ربك مقاما محمودا" تلاوت کرکے فرمایا: اللہ تعالٰے انھیں روزِ قیامت عرش پر بٹھائے گا۔

وعزا نحوہ فی المواھب[3] للثعلبی (اس کی مثل مواہب میں ثعلبی کی طرف منسوب ہے۔ ت)۔

---

[1] صحیح مسلم ۔ کتاب الایمان ۔ باب اثبات الشفاعۃ الخ ۔ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۰۹

[2] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) ۔ تحت الآیۃ ۱۷/ ۷۹ ۔ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳/ ۱۰۹

[3] المواہب اللدنیہ ۔ الفصل الثالث الشفاعۃ والمقام المحمود ۔ المکتب الاسلامی بیروت ۴/ ۶۴۳ و ۶۴۴

امام عبد بن حمید وغیرہ حضرت مجاہد تلمیذ رشید حضرت حبر الامہ عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہم سے اس آیت کی تفسیر میں راوی:

یُجلسه الله تعالٰی معه علی العرش[1]۔

اللہ تعالٰی انھیں عرش پر اپنے ساتھ بٹھائے گا۔

یعنی معیتِ تشریف وتکریم کہ وہ جلوس ومجلس سے پاک ومتعالی ہے ___ امام قسطلانی مواہب لدنیہ میں ناقل امام علامہ سید الحافظ شیخ الاسلام ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالٰی فرماتے ہیں مجاہد کا یہ قول نہ از روئے نقل مدفوع نہ از جہتِ نظر ممنوع، اور نقاش نے ابوداؤد صاحبِ سنن رحمہ اللہ تعالٰی سے نقل کیا، من انکر هذا القول فهو متهم[2] جو اس قول سے انکار کرے وہ متہم ہے۔ اسی طرح امام دار قطنی نے اس قول کی تصریح فرمائی، اور اس کے بیان میں چند اشعار نظم کئے، کما فی نسیم الریاض (جیسا کہ نسیم الریاض میں ہے۔ ت)۔

ابوالشیخ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی:

ان محمدا صلی الله تعالٰی علیه وسلم یوم القیٰمة یجلس علی کرسی الرب بین یدی الرب[3]۔

بیشک محمد صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم روزِ قیامت رب کے حضور رب کی کرسی پر جلوس فرمائیں گے۔

معالم میں عبد اللہ بن سلام رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے: یقعده علی الکرسی[4]،

اللہ تعالٰی انھیں کرسی پر بٹھائے گا۔ صلی الله تعالٰی علیه وسلم وعلٰی اٰله واصحابه اجمعین، والحمد لله رب العلمین (اللہ تعالٰی درود نازل فرمائے آپ پر، آپ کی آل پر اور آپ کے تمام صحابہ پر۔ اور تمام تعریفیں اللہ تعالٰی کے لئے جو کل جہانوں کا پروردگار ہے۔ ت)

**آیت عاشرہ (دسویں آیت)**: قرآن شریف کے تفصیلی ارشادات ومحاورات ونقلِ اقوال وذکرِ احوال پر نظر کیجئے تو ہر جگہ اس نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کی شان سب انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ

---

[1] المواہب اللدنیۃ عن القسطلانی المقصد العاشر الفصل الثالث المکتب الاسلامی بیروت ۴/ ۶۴۲
شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیۃ بحوالہ عبد بن حمید وغیرہ 〃 دار المعرفۃ بیروت ۸/ ۳۶۸
[2] المواہب اللدنیۃ عن القسطلانی المقصد العاشر 〃 المکتب الاسلامی بیروت ۴/ ۶۴۳
[3] 〃 〃 〃 〃 〃 ۴/ ۶۴۳، ۶۴۴
[4] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۱۷/ ۷۹ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳/ ۱۰۹

والسلام سے بلند وبالا نظر آتی ہے، یہ وہ بحرِ ذخّار ہے جس کی تفصیل کو دفتر درکار۔ علمائے دین مثل امام ابونعیم و ابن فورک و قاضی عیاض و جلال سیوطی و شہاب قسطلانی وغیرہم رحمہم اللہ تعالٰی نے ان تفرقوں سے بعض کی طرف اشارہ فرمایا۔ فقیر اول ان کے چند اخراجات ذکر کرکے پھر بعض امتیاز کہ باندک تامّل اس وقت ذہنِ قاصر میں حاضر ہوئے ظاہر کرے گا تطویل سے خوف اور اختصار کا قصد بیس[2] پر اقتصار کا باعث ہوا،

(۱) خلیل جلیل علیہ الصلٰوۃ والتبجیل سے نقل فرمایا،

ولا تخزنی یوم یبعثون[1]۔

مجھے رُسوا نہ کرنا جس دن لوگ اٹھائے جائیں۔

حبیبِ قریب صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے لئے خود ارشاد ہوا،

یوم لا یخزی اللہ النبی والذین اٰمنوا معہ[2]۔

جس دن خدا رُسوا نہ کرے گا نبی اور اس کے ساتھ والے مسلمانوں کو۔

حضور کے صدقے میں صحابہ بھی اس بشارتِ عظمٰے سے مشرف ہوئے۔

(۲) خلیل علیہ الصلٰوۃ والسلام سے تمنّائے وصال نقل کی،

انی ذاھب الٰی ربّی سیھدین[3]۔

(بیشک میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں اور وہ مجھے راہ دے گا۔ ت)

حبیب صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو خود بلاکر عطائے دولت کی خبر دی،

سبحٰن الذی اسرٰی بعبدہٖ[4]۔

(پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا۔ ت)

(۳) خلیل علیہ الصّلٰوۃ والسلام سے آرزوئے ہدایت نقل فرمائی،

سیھدین[5] (وہ مجھے راہ دے گا۔ ت)

حبیب صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے خود ارشاد فرمایا،

ویھدیک صراطًا مستقیمًا[6] (اور اللہ تعالٰی تمھیں سیدھی راہ دکھادے۔ ت)

---

[1] القرآن الکریم ۲۶/ ۸۷
[2] القرآن الکریم ۶۶/ ۸
[3] " ۳۷/ ۹۹
[4] " ۱۷/ ۱
[5] " ۳۷/ ۹۹
[6] " ۴۸/ ۲

(۴) خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے آیا فرشتے ان کے معزز مہمان ہوئے :

هل اتٰك حديث ضيف ابراهيم المكرمين[1]

اے محبوب! کیا تمہارے پاس ابراہیم کے معزز مہمانوں کی خبر آئی ؟ (ت)

جبیب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے لئے فرمایا فرشتے ان کے لشکری و سپاہی بنے :

وايدہٗ بجنود لم تروها[2]، يمددكم ربكم بخمسة الٰف من الملٰئكة مسومين[3]، والملٰئكة بعد ذٰلك ظهير[4]۔

اور ان فوجوں سے اس کی مدد کی جو تم نے نہ دیکھیں، تمہارا رب تمہاری مدد کو پانچ ہزار فرشتے نشان والے بھیجے گا، اور اس کے بعد فرشتے مدد پر ہیں۔ (ت)

(۵) کلیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو فرمایا انھوں نے خدا کی رضا چاہی :

وعجلت اليك رب لترضٰى[5]

اور تیری طرف میں جلدی کرکے حاضر ہوا کہ تو راضی ہو۔ (ت)

جبیب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے لئے بتایا خدا نے اُن کی رضا چاہی،

فلنولينك قبلة ترضٰها[6] ولسوف يعطيك ربك فترضٰى[7]

تو ضرور ہم تمھیں پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے۔ اور بیشک قریب ہے کہ تمہارا رب تمھیں اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔ (ت)

(۶) کلیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بخوفِ فرعون مصر سے تشریف لے جانا بلفظِ فرار نقل فرمایا :

ففررت منكم لما خفتكم[8]

تو میں تمہارے یہاں سے نکل گیا جبکہ تم سے ڈرا۔ (ت)

جبیب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا ہجرت فرمانا باحسن عبارات ادا فرمایا :

---

[1] القرآن الکریم ۵۱/ ۲۴
[2] القرآن الکریم ۹/ ۴۰
[3] ؍؍ ۳/ ۱۲۵
[4] ؍؍ ۶۶/ ۴
[5] ؍؍ ۲۰/ ۸۴
[6] ؍؍ ۲/ ۱۴۴
[7] ؍؍ ۹۳/ ۵
[8] ؍؍ ۲۶/ ۲۱

اذیمکربك الذین کفروا[1]

اے محبوب! یاد کرو جب کافر تمہارے ساتھ مکر کرتے تھے۔ (ت)

(۷) کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے طور پر کلام کیا اور اُسے سب پر ظاہر فرمادیا:

انا اخترتك فاستمع لما یوحی ہ اننی انا اللہ لا الٰہ الا انا فاعبدنی، واقم الصلوٰۃ لذکری[2] الی اٰخر الاٰیات۔

اور میں نے تجھے پسند کیا، اب کان لگا کر سن جو تجھے وحی ہوتی ہے، بیشک میں ہی ہوں اللہ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری بندگی کر اور میری یاد کے لئے نماز قائم رکھ۔ آیات کے آخر تک۔

حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے فوق السموٰت مکالمہ فرمایا اور سب سے چھپایا:

فاوحی الی عبدہ ما اوحی[3]

اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی۔ (ت)

(۸) داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ارشاد ہوا:

لاتتبع الھوٰی فیضلك عن سبیل اللہ[4]

خواہش کی پیروی نہ کرنا کہ تجھے بہکا دے خدا کی راہ سے۔

حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بارے میں بقسم فرمایا:

وما ینطق عن الھوٰی ○ ان ھو الا وحی یوحی[5]

کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کہتا، وہ تو نہیں مگر وحی کہ القا ہوتی ہے۔

اب فقیر عرض کرتا ہے وباللہ التوفیق۔

(۹) نوح وہود علیہما الصلوٰۃ والسلام سے دُعا نقل فرمائی:

رب انصرنی بما کذبون[6]

الٰہی! میری مدد فرما بدلا اس کا کہ انھوں نے مجھے جھٹلایا۔

محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے خود ارشاد ہوا:

---

[1] القرآن الکریم ۸/ ۳۰ [2] القرآن الکریم ۲۰/ ۱۳، ۱۴

[3] " ۵۳/ ۱۰ [4] " ۳۸/ ۲۶

[5] " ۵۳/ ۳، ۴ [6] " ۲۳/ ۲۶

وینصرك اللہ نصرا عزیزا[1]۔

اللہ تیری مدد فرمائے گا زبردست مدد۔

(۱۰) نوح وخلیل علیہما الصلوٰۃ والتسلیم سے نقل فرمایا اُنھوں نے اپنی اُمتوں کی دعائے مغفرت کی، ربنا اغفرلی ولوالدی وللمؤمنین یوم یقوم الحساب[2]۔ عـ

اے ہمارے رب! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب قائم ہوگا۔ (ت)

حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو خود حکم دیا اپنی اُمت کی مغفرت مانگو،

واستغفر لذنبك وللمؤمنین والمؤمنٰت[3]۔

اور اے محبوب! اپنے خاصوں اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگو۔ (ت)

(۱۱) خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے آیا اُنھوں نے پچھلوں میں اپنے ذکرِ جمیل کے باقی رہنے کی دُعا کی،

واجعل لی لسان صدق فی الاٰخرین[4]۔

اور میری سچی ناموری رکھ پچھلوں میں۔ (ت)

حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے خود فرمایا: ورفعنا لك ذکرك[5]۔

اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کردیا۔ (ت)

اور اِس سے اعلٰی وارفع مژدہ ملا،

عسٰی ان یبعثك ربك مقاما محمودا[6]۔

قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں۔ (ت)

کہ جہاں اولین وآخرین جمع ہوں گے حضور کی حمد وثناء کا شور ہر زبان سے جوش زن ہوگا۔

---

عـ یہ لفظ دعائے خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہیں، اور دعائے نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام ان لفظوں سے ہے،

رب اغفرلی ولوالدیّ ولمن دخل بیتی مؤمنا وللمؤمنین والمؤمنٰت[7]۔

دعائے خلیل کا حاصل اس میں خود تھا لہٰذا اختصارًا اسے دونوں حضرات کی طرف منسوب کیا۔

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۳
[2] القرآن الکریم ۱۴/ ۴۱
[3] " ۴۷/ ۱۹
[4] " ۲۶/ ۸۴
[5] " ۹۴/ ۴
[6] " ۱۷/ ۷۹
[7] " ۷۱/ ۲۸

(۱۲) خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قصہ میں فرمایا، اُنھوں نے قوم لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام سے رفعِ عذاب میں بہت کوشش کی یجادلنا فی قوم لوط[1] (ہم سے لُوط کے بارے میں جھگڑنے لگا۔ت) مگر حکم ہُوا: یاابراھیم اعرض عن ھٰذا[2] اے ابراہیم! اس خیال میں نہ پڑ۔ عرض کی: انّ فیہا لوطا[3] اس بستی میں لوط جو ہے۔ حکم ہوا نحن اعلم بمن فیہا[4] ہمیں خوب معلوم ہیں جو وہاں ہیں۔

حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے ارشاد ہوا:

ما کان اللہ لیعذبہم وانت فیہم[5]

اللہ ان کافروں پر بھی عذاب نہ کرے گا جب تک اے رحمتِ عالم! تُو ان میں تشریف فرما ہے۔

(۱۳) خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نقل فرمایا:

ربنا وتقبل دعاء[6]

الٰہی! میری دعاء قبول فرما۔

حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم اور اُن کے طفیلیوں کو ارشاد ہُوا:

قال ربکم ادعونی استجب لکم[7]

تمھارا رب فرماتا ہے مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا۔

(۱۴) کلیم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی معراج درختِ دُنیا پر ہُوئی:

نودی من شاطیء الواد الایمن فی البقعۃ المبارکۃ من الشجرۃ[8]

ندا کی گئی میدان کے دائیں کنارے سے برکت والے مقام میں پیڑ سے۔ (ت)

حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی معراج سدرۃ المنتہٰی و فردوسِ اعلٰے تک بیان فرمائی:

عند سدرۃ المنتہٰی ○ عندھا جنۃ المأوٰی[9]

سدرۃ المنتہٰی کے پاس، اس کے پاس جنّت الماوٰی ہے۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۱۱/۷۴
[2] القرآن الکریم ۱۱/۷۶
[3] 〃 ۲۹/۳۲
[4] 〃 ۲۹/۳۲
[5] 〃 ۸/۳۳
[6] 〃 ۱۴/۴۰
[7] 〃 ۴۰/۶۰
[8] 〃 ۲۸/۳۰
[9] 〃 ۵۳/۱۴، ۱۵

(۱۵) کلیم علیہ الصّلوٰۃ والتسلیم نے وقتِ ارسال اپنی دل تنگی کی شکایت کی :

ویضیق صدری ولا ینطلق لسانی فارسل الٰی ھٰرون[1]

اور میرا سینہ تنگی کرتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی تو تو ہارون کو بھی رسول کر۔ (ت)

حبیب صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو خود شرحِ صدر کی دولت بخشی، اور اس سے منتِ عظمٰی رکھی :

الم نشرح لك صدرك[2] (کیا ہم نے تمہارا سینہ کشادہ نہ کیا۔ ت)

(۱۶) کلیم علیہ الصّلوٰۃ والتسلیم پر حجابِ نار سے تجلی ہوئی :

فلما جاءھا نودی ان بورك من فی النار ومن حولھا[3]

پھر جب وہ آگ کے پاس آیا ندا کی گئی کہ برکت دیا گیا وہ جو اس آگ کی جلوہ گاہ میں ہے یعنی حضرت موسٰی علیہ الصّلوٰۃ والسلام اور وہ جو اس کے آس پاس ہیں یعنی فرشتے۔

حبیب صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جلوہ نور سے تجلی ہوئی اور وہ بھی غایت تفخیم و تعظیم کے لئے بالفاظِ ابہام بیان فرمائی گئی :

اذ یغشی السدرۃ ما یغشٰی[4]

جب چھا گیا سدرہ پر جو کچھ چھایا۔

ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، بزار، ابو یعلٰی، بیہقی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے حدیث طویل معراج میں راوی :

ثم انتھی الی السدرۃ فغشیھا نور الخلاق عزوجل فکلمہ تعالٰی عند ذٰلك فقال لہ سل[5]

پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سدرہ تک پہنچے خالق عزوجل کا نور اس پر چھایا،

---

[1] القرآن الکریم ۲۶/ ۱۳ [2] القرآن الکریم ۹۴/ ۱

[3] " " ۲۷/ ۸

[4] " " ۵۳/ ۱۶

[5] تفسیر ابن ابی حاتم تحت الآیۃ ۱۷/ ۱ مکتبہ نزارِ مصطفٰی البابی مکۃ المکرمۃ ریاض ۷/ ۲۳۱۲

جامع البیان (تفسیر طبری) " ۵۳/ ۱۶ داراحیاء التراث العربی بیروت ۲۷/ ۶۸

الدرالمنثور بحوالہ البزار وابو یعلٰی وابن حاتم وابن مردویۃ والبیہقی تحت الآیۃ ۱۷/ ۱ ۵/ ۱۲۸

اس وقت عزّجل جلالہٗ نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے کلام کیا اور فرمایا: مانگو اھ ملخصاً۔

(۱۷) کلیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے اپنے اور اپنے بھائی کے سوا سب سے برارت وقطع تعلق نقل فرمایا، جب اُنھوں نے اپنی قوم کو قتالِ عمالقہ کا حکم دیا اور انھوں نے نہ مانا، عرض کی:

ربّ انّی لا املك الّا نفسی واخی فافرق بیننا وبین القوم الفسقین[1]

الٰہی! میں اختیار نہیں رکھتا مگر اپنا اور اپنے بھائی کا، تو جدائی فرمادے ہم میں اور اس گنہگار قوم میں۔

حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ظلِّ وجاہت میں کفار تک کو داخل فرمایا:

ما کان اللہ لیعذبھم وانت فیھم[2] عسٰی ان یبعثك ربك مقاما محمودا[3]

اور اللہ کا کام نہیں کہ انھیں عذاب کرے جب تک اے محبوب! تم ان میں تشریف فرما ہو۔ قریب ہے کہ تمھارا رب تمھیں اس جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمھاری حمد کریں۔ (ت)

یہ شفاعتِ کبرٰی ہے کہ تمام اہلِ موقف موافق ومخالف سب کو شامل۔

(۱۸) ہارون وکلیم علیہما الصلوٰۃ والتسلیم کے لئے فرمایا، انھوں نے فرعون کے پاس جاتے ہوئے اپنا خوف عرض کیا:

ربّنا انّنا نخاف ان یفرط علینا او ان یطغٰی[4]

اے ہمارے رب! بیشک ہم ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا شرارت سے پیش آئے۔ (ت)

اس پر حکم ہوا:

لا تخافا انّنی معکما اسمع واریٰ[5]

ڈرو نہیں میں تمھارے ساتھ ہوں سنتا اور دیکھتا۔

حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو خود مژدۂ نگہبانی دیا:

واللہ یعصمك من الناس[6] (اور اللہ تعالٰی تمھاری نگہبانی کرے گا لوگوں سے۔ت)

---

[1] القرآن الکریم ۵/۲۵
[2] القرآن الکریم ۸/۳۳
[3] القرآن الکریم ۱۷/۷۹
[4] القرآن الکریم ۲۰/۴۵
[5] القرآن الکریم ۲۰/۴۶
[6] القرآن الکریم ۵/۶۷

(۱۹) مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حق میں فرمایا ان سے پرائی بات پر یوں سوال ہوگا:

یٰعیسی ابن مریم ءانت قلت للناس اتخذونی وامی الٰھین من دون اللہ[1]

اے مریم کے بیٹے عیسٰی! کیا تُو نے لوگوں سے کہہ دیا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے سوا دو خدا ٹھہرالو۔

معالم میں ہے اس سوال پر خوفِ الٰہی سے حضرت روح اللہ صلوات اللہ وسلامہٗ علیہ کا بند بند کانپ اُٹھے گا اور ہر بُنِ مُو سے خون کا فوارہ بہے گا[2] پھر جواب عرض کریں گے جس کی حق تعالٰی تصدیق فرماتا ہے۔ حبیب صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے جب غزوۂ تبوک کا قصد فرمایا اور منافقوں نے جھوٹے بہانے بناکر نہ جانے کی اجازت لے لی، اس پر سوال تو حضور صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے بھی ہوا مگر یہاں جو شانِ لطف ومحبت وکرم وعنایت ہے قابلِ غور ہے، ارشاد فرمایا:

عفا اللہ عنك لم اذنت لھم[3]

اللہ تجھے معاف فرمائے تُو نے انھیں کیوں اجازت دے دی۔

سبحان اللہ! سوال پیچھے ہے اور یہ محبت کا کلمہ پہلے۔ والحمد للہ رب العالمین۔

(۲۰) مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام سے نقل فرمایا انھوں نے اپنی اُمت سے مدد طلب کی:

فلما احس عیسٰی منھم الکفر قال من انصاری الی اللہ ط قال الحواریون نحن انصار اللہ[4]

پھر جب عیسٰی نے ان سے کفر پایا بولا کون میرے مددگار ہوتے ہیں اللہ کی طرف۔ حواریوں نے کہا ہم دینِ خدا کے مددگار ہیں۔

حبیب صلے اللہ تعالٰے علیہ وآلہٖ وسلم کی نسبت انبیاء ومرسلین کو حکمِ نصرت ہوا:

---

[1] القرآن الکریم ۵/ ۱۱۶

[2] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۵/ ۱۱۶ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲/ ۶۶

[3] القرآن الکریم ۹/ ۴۳

[4] " " ۳/ ۵۲

لتؤمننّ بہ ولتنصرنّہ[1]

تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا۔(ت)

غرض جو کسی محبوب کو ملا وہ سب اور اس سے افضل و اعلیٰ انھیں ملا، اور جو انھیں ملا وہ کسی کو نہ ملا ؎

حسنِ یوسف دمِ عیسٰی یدِ بیضا داری آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری[2]

(آپ یوسف (علیہ السلام) کا حُسن، عیسٰی (علیہ السلام) کی پھونک اور روشن ہاتھ رکھتے ہیں، جو کمالات وہ سارے رکھتے ہیں آپ اکیلے رکھتے ہیں۔ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۱۳۴ تا ۱۸۵)

(۱۱) نبی کریم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ارشاد "اختصرلی اختصارًا" کے مطالب بیان کرتے ہوئے فرمایا:

یا یہ کہ مجھ پر کتاب اتاری جس کے معدود ورقوں میں تمام اشیاء گزشتہ و آئندہ کا روشن مفصل بیان جس کی ہر آیت کے نیچے ساٹھ ساٹھ ہزار علم جس کی ایک آیت کی تفسیر سے ستّر ستّر اونٹ بھر جائیں۔ اس سے زیادہ اور کیا اختصار متصور۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۲۱۰، ۲۱۱)

(۱۲) رسول کریم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے آبا و اجداد کے مسلمان ہونے پر آیاتِ قرآنیہ سے استدلال کرتے ہوئے رسالہ "شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام" میں فرمایا:

اولاً (پہلی دلیل) اللہ عزّوجل فرماتا ہے:

ولعبد مؤمن خیر من مشرک[3]

بیشک مسلمان غلام بہتر ہے مشرک سے۔

اور رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

بعثت من خیر قرون بنی اٰدم قرنًا فقرنا حتی کنت من القرن الذی کنت منہ۔ رواہ البخاری[4] فی صحیحہ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

---

[1] القرآن الکریم ۳/ ۸۱

[2]

[3] القرآن الکریم ۲/ ۲۲۱

[4] صحیح البخاری کتاب المناقب باب صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۵۰۳

ہر قرن وطبقہ میں تمام قرونِ بنی آدم کے بہتر سے بھیجا گیا یہاں تک کہ اس قرن میں ہوا جس میں پیدا ہوا (اس کو امام بخاری نے اپنی صحیح میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا۔ ت)

حضرت امیر المومنین مولی المسلمین سیدنا علی المرتضٰی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم کی حدیث صحیح میں ہے،

لم یزل علی وجہ الدھر (الارض) سبعۃ مسلمون فصاعدًا فلولا ذٰلك ھلکت الارض ومن علیھا۔ اخرجہ عبد الرزاق وابن المنذر بسند صحیح علی شرط الشیخین۔

روئے زمین پر ہر زمانے میں کم سے کم سات مسلمان ضرور رہے ہیں، ایسا نہ ہوتا تو زمین و اہلِ زمین سب ہلاک ہوجاتے۔ (اس کو عبدالرزاق اور ابن المنذر نے شیخین کی شرط پر صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔ ت)

حضرت عالم القرآن حبرالامۃ سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما کی حدیث میں ہے،

ماخلت الارض من بعد نوحٍ من سبعۃٍ یدفع اللہ بھم عن اھل الارض[2]

نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد زمین کبھی سات بندگانِ خدا سے خالی نہ ہوئی جن کی وجہ سے اللہ تعالٰی اہلِ زمین سے عذاب دفع فرماتا ہے۔

جب صحیح حدیثوں سے ثابت کہ ہر قرن و طبقے میں روئے زمین پر لااقل سات مسلمان بندگانِ مقبول ضرور رہے ہیں، اور خود صحیح بخاری شریف کی حدیث سے ثابت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم جن سے پیدا ہوئے وہ لوگ ہر زمانے میں ہر قرن میں خیارِ قرن سے، اور آیتِ قرآنیہ ناطق کہ کوئی کافر اگرچہ کیسا ہی شریف القوم بالانسب ہو کسی غلام مسلمان سے بھی خیر و بہتر نہیں ہوسکتا تو واجب ہوا کہ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے آباء و اُمہات ہر قرن اور طبقہ میں انھیں بندگانِ صالح و مقبول سے ہوں ورنہ معاذ اللہ صحیح بخاری میں ارشادِ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم و قرآنِ عظیم میں ارشادِ حق جل وعلا کے مخالف ہوگا۔

**اقول** والمعنٰی ان الکافر لایستاھل شرعًا ان یطلق علیہ انہ من خیار القرن لاسیّما وھناك مسلمون صالحون۔ وان لم یرد الخیریۃ الا بحسب النسب، فافھم۔

**اقول** (میں کہتا ہوں۔ ت) کہ مراد یہ ہے کہ کافر شرعًا اس بات کا مستحق نہیں کہ اس کو خیر القرن

---

[1] شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیۃ بحوالہ عبدالرزاق وابن المنذر المقصد الاول دار المعرفۃ بیروت ۱/ ۱۷۴

[2] " " " " " بحوالہ احمد فی الزھد الخ " " " ۱/ ۱۷۴

الحاوی للفتاوی بحوالہ احمد فی الزھد والخلال فی کرامات الاولیاء دار الکتب العلمیۃ بیروت ۲/ ۲۱۲

کہا جا سکے بالخصوص جبکہ مسلمان صالح موجود ہوں اگرچہ خیریت نسب ہی کے لحاظ سے کیوں نہ ہو۔ چنانچہ تو سمجھ ۱۲۔ (ت)

یہ دلیل امامِ جلیل خاتم الحفاظ جلال الملّۃ والدّین سیوطی قدس سرہٗ نے افادہ فرمائی فاللہ یجزیہ الجزاء الجمیل (اللہ تعالٰی اُن کو اجرِ جمیل عطا فرمائے۔ت)

**ثانیًا** قال اللہ عزوجل "انما المشرکون نجس[۱]"

**دوسری دلیل،** اللہ تعالٰی نے فرمایا: کافر تو ناپاک ہی ہیں۔ (ت)

اور حدیث میں ہے حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لم یزل اللہ عزّوجل ینقلنی من الاصلاب الطیبۃ الی الارحام الطاھرۃ مصفی مھذبا لاتتشعب شعبتان الّا کنت فی خیرھما۔ رواہ ابونعیم فی دلائل[۲] النبوۃ عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنھما۔

ہمیشہ اللہ تعالٰی مجھے پاک ستھری پشتوں میں نقل فرماتا رہا صاف ستھرا آراستہ، جب دو شاخیں پیدا ہوئیں میں اُن میں بہتر شاخ میں تھا۔ (اس کو ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا ہے۔ت)

اور ایک حدیث میں ہے فرماتے ہیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم:

لَمْ اَزَلْ اُنقل من اصلاب الطاھرین الی ارحام الطاھرات[۳]۔

میں ہمیشہ پاک مردوں کی پشت سے پاک بیبیوں کے پیٹوں میں منتقل ہوتا رہا۔

دوسری حدیث میں ہے فرماتے ہیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم:

لم یزل اللہ ینقلنی من الاصلاب الکریمۃ والارحام الطاھرۃ حتی اخرجنی من بین ابوی۔ رواہ ابن ابی[۴] عمرو العدنی فی مسندہ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

---

[۱] القرآن الکریم ۹/ ۲۸

[۲] الحاوی للفتاوی بحوالہ ابی نعیم مسالک الحنفاء فی والدی المصطفٰی دارالکتب العلمیۃ بیروت ۲/ ۲۱۱
دلائل النبوۃ لابی نعیم الفصل الثانی عالم الکتب بیروت الجزء الاول ص ۱۱ و ۱۲

[۳] شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیۃ بحوالہ ابی نعیم عن ابن عباس المقصد الاول دارالمعرفۃ بیروت ۱/ ۱۷۴
الحاوی للفتاوی مسالک الحنفاء فی والدی المصطفٰی دارالکتب العلمیۃ بیروت ۲/ ۲۱۰

[۴] الشفاء بتعریف حقوق المصطفٰی فصل واما شرف نسبہ " " ۱/ ۶۰
نسیم الریاض فی شرح شفاء القاضی عیاض بحوالہ ابن عمر العدنی مرکز اہلسنت برکات رضا گجرات ہند ۱/ ۴۳۵

ہمیشہ اللہ عزوجل مجھے کرم والی پشتوں اور طہارت والے شکموں میں نقل فرماتا رہا یہاں تک کہ مجھے میرے ماں باپ سے پیدا کیا۔ (اس کو ابن ابی عمرو العدنی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے اپنی مسند میں روایت کیا۔ ت)۔

توضرور ہے کہ حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے آبائے کرام طاہرین و امہات کرام طاہرات سب اہل ایمان و توحید ہوں کہ بنص قرآن عظیم کسی کافر و کافرہ کے لئے کرم و طہارت سے حصہ نہیں۔

یہ دلیل امام اجل فخر المتکلمین علامۃ الوریٰ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے افادہ فرمائی اور امام جلال الدین سیوطی اور علامہ محقق سنوسی اور علامہ تلمسانی شارح شفاء و امام ابن حجر مکی و علامہ محمد زرقانی شارح مواہب وغیرہم اکابر نے اس کی تائید و تصویب کی۔

**ثالثًا** قال اللہ تبارک و تعالٰی: وتوکل علی العزیز الرحیم ۵ الذی یرٰنک حین تقوم ۵ وتقلبک فی السٰجدین ۵[1]

**تیسری دلیل**، اللہ تبارک و تعالٰی نے فرمایا: بھروسا کر زبردست مہربان پر جو تجھے دیکھتا ہے جب تو کھڑا ہو اور تیرا کروٹیں بدلنا سجدہ کرنے والوں میں۔

امام رازی فرماتے ہیں:

"معنی آیت یہ ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا نور پاک ساجدوں سے ساجدوں کی طرف منتقل ہوتا رہا[2]"

تو آیت اس پر دلیل ہے کہ سب آبائے کرام مسلمین تھے۔

امام سیوطی و امام ابن حجر و علامہ زرقانی[3] وغیرہم اکابر نے اس کی تقریر و تاکید و تشیید فرمائی، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے اس کے مؤید روایت ابونعیم[4] کے یہاں آئی:

وقد صرحوا ان القراٰن محتج بہ علٰی جمیع وجوھہ ولا ینفی تاویل

---

[1] القرآن الکریم ۲۶/ ۲۱۷ تا ۲۱۹

[2] مفاتیح الغیب تحت الآیۃ ۲۶/ ۲۱۹ دار الکتب العلمیہ بیروت ۲۴/ ۱۴۹

[3] شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیۃ المقصد الاول باب وفات امہ صلی اللہ علیہ وسلم دار المعرفۃ بیروت ۱/ ۱۷۴

[4] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 بحوالہ ابی نعیم 〃 〃 〃 〃 〃 〃

دلائل النبوۃ لابی نعیم الفصل الثانی ذکر فضیلتہ صلی اللہ علیہ وسلم بطیب مولدہ عالم الکتب بیروت الجزء الاول ص ۱۱، ۱۲

تاویلا ویشھد لہ عمل العلماء فی الاحتجاج بالاٰیات علیٰ احد التاویلات قدیما وحدیثا۔

علماء نے تصریح کی ہے کہ قرآن پاک کی ہر وجہ سے استدلال کیا جائے گا اور کوئی ایک تاویل دوسری تاویل کی نفی نہیں کرتی، اس کے لئے علماء کا عمل گواہ ہے کہ وہ پرانے اور نئے زمانے میں آیاتِ مبارکہ کی کئی تاویلات میں سے ایک سے استدلال کرتے رہے ہیں۔ (ت)

**رابعًا** قال المولیٰ سبحٰنہ وتعالیٰ : ولسوف یعطیک ربک فترضٰی[1]

**چوتھی دلیل**، اللہ تعالٰی نے فرمایا، البتہ عنقریب تجھے تیرا رب اتنا دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔

اللہ اکبر! بارگاہِ عزت میں مصطفٰے صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی عزت و وجاہت و محبوبیت کہ اُمّت کے حق میں تو ربّ العزّت جل وعلا نے فرمایا ہی تھا۔

سنرضیک فی امتک ولانسوؤک۔ رواہ مسلم[2] فی صحیحہ۔

قریب ہے کہ ہم تجھے تیری اُمّت کے باب میں راضی کردیں گے اور تیرا دل بُرا نہ کریں گے (اسے مسلم نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے۔ ت)

مگر اس عطاء و رضا کا مرتبہ یہاں تک پہنچا کہ صحیح حدیث میں حضور سیّد عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ابوطالب کی نسبت فرمایا:

وجدتہ فی غمرات من النار فاخرجتہ الی ضحضاح۔ رواہ البخاری[3] و مسلم عن العباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

میں نے اسے سراپا آگ میں ڈوبا پایا تو کھینچ کر ٹخنوں تک کی آگ میں کردیا (اس کو امام بخاری و امام مسلم نے عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا۔ ت)

---

[1] القرآن الکریم ۹۳/ ۵

[2] صحیح مسلم کتاب الایمان باب دعاء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لامتہ الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۱۳

[3] صحیح البخاری کتاب المناقب قصہ ابی طالب " " " ۱/ ۵۴۸

" کتاب الادب کنیۃ المشرک " " " ۲/ ۹۱۷

صحیح مسلم باب شفاعۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم لابی طالب الخ " " ۱/ ۱۱۵

تہذیب تاریخ دمشق الکبیر ترجمۃ العباس بن عبدالمطلب و عبداللہ بن حارث دار احیاء التراث العربی بیروت ۷/ ۲۲۹ و ۲۵۰

دوسری روایت صحیح میں فرمایا :

ولولا انا لکان فی الدرك الاسفل من النار۔ رواہ ایضاً[1] رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

اگر میں نہ ہوتا تو ابوطالب جہنم کے سب سے نیچے طبقے میں ہوتا (اس کو بخاری نے انہی سے روایت کیا۔ ت)

دوسری حدیث صحیح میں فرماتے ہیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم :

اھون اھل النار عذابا ابوطالب۔ رواہ عن ابن[2] عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما۔

دوزخیوں میں سب سے ہلکا عذاب ابوطالب پر ہے (امام بخاری و مسلم نے یہ حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کی۔ ت)

اور یہ ظاہر ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے جو قرب والدین کریمین کو ہے ابوطالب کو اس سے کیا نسبت؛ پھر ان کا عذر بھی واضح کہ نہ انھیں دعوت پہنچی نہ انھوں نے زمانۂ اسلام پایا، تو اگر معاذاللہ وہ اہلِ جنت نہ ہوتے تو ضرور تھا کہ ان پر ابوطالب سے بھی کم عذاب ہوتا اور وہی سب سے ہلکے عذاب میں ہوتے۔ یہ حدیث صحیح کے خلاف ہے تو واجب ہُوا کہ والدین کریمین اہلِ جنت ہیں، وللہ الحمد، اس دلیل کی طرف بھی امام خاتم الحفاظ (جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالٰی) نے اشارہ فرمایا۔

**اقول** وباللہ التوفیق (میں کہتا ہوں اور توفیق اللہ تعالٰی کی طرف سے ہے۔ ت) تقریر دلیل یہ ہے کہ صادق ومصدوق صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے خبر دی کہ اہلِ نار میں سب سے ہلکا عذاب ابوطالب پر ہے۔ اب ہم پُوچھتے ہیں کہ ابوطالب پر یہ تخفیف کس وجہ سے ہے؟ آیا حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی یاری وغمخواری وپاسداری وخدمت گزاری کے باعث یا اس لئے کہ سید المحبوبین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو ان سے محبت طبعی تھی حضور کو ان کی رعایت منظور تھی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں :

---

[1] صحیح مسلم کتاب الایمان باب شفاعۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم لابی طالب قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۱۵
صحیح البخاری کتاب المناقب باب قصۃ ابی طالب " " " ۱/ ۵۴۸
" کتاب الادب باب کنیۃ المشرک " " " ۲/ ۹۱۷

[2] صحیح مسلم کتاب الایمان باب اھون اھل النار عذابا " " " ۲/ ۱۱۵
مشکوۃ المصابیح بحوالہ البخاری کتاب الفتن باب صفۃ النار واھلھا الفصل الاول " ۲/ ۵۰۲

عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِیْہِ۔ رواہ الترمذی[1] بسند حسن عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ وعن علی والطبرانی الکبیر عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنھم۔

آدمی کا چچا اس کے باپ کے بجائے ہوتا ہے۔ اس کو امام ترمذی نے سندِ حسن کے ساتھ حضرت ابوھریرہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہما سے جبکہ طبرانی کبیر نے ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔(ت)

شقِ اول باطل ہے، قال اللہ عزوجل (اللہ عزوجل نے فرمایا):

وقدمنا الٰی ما عملوا من عمل فجعلنٰہ ھباءً منثورا[2]۔

اور جو کچھ انھوں نے کام کئے تھے ہم نے قصد فرما کر انھیں باریک باریک غبار کے بکھرے ہوئے ذرّے کردیا کہ روزن کی دھوپ میں نظر آتے ہیں۔(ت)

صاف ارشاد ہوتا ہے کہ کافر کے سب عمل برباد محض ہیں۔ لاجرم شقِ ثانی ہی صحیح ہے اور یہی ان احادیث صحیحہ مذکورہ سے مستفاد، ابوطالب کے عمل کی حقیقت تو یہاں تک تھی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے سراپا آگ میں غرق پایا، عمل نے نفع دیا ہوتا تو پہلے ہی کام آتا، پھر حضور کا ارشاد کہ"میں نے اسے ٹخنوں تک کی آگ میں کھینچ لیا، میں نہ ہوتا تو جہنم کے طبقہ زیریں میں ہوتا[3]۔"

لاجرم یہ تخفیف صرف محبوب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا پاسِ خاطر اور حضور کا اکرام ظاہر و باہر ہے اور بالبداہۃ واضح کہ محبوب صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خاطرِ اقدس پر ابوطالب کا عذاب ہرگز اتنا گراں نہیں ہوسکتا جس قدر معاذ اللہ والدین کریمین کا معاملہ، نہ اُن سے تخفیف میں حضور کی آنکھوں کی وہ ٹھنڈک جو حضرات والدین کے بارے میں، نہ اُن کی رعایت میں حضور کا وُہ اعزاز و اکرام جو حضرات والدین کے چھٹکارے میں، تو اگر عیاذًا باللہ وہ اہلِ جنت نہ ہوتے تو ہر طرح سے وہی اِس رعایت و عنایت کے زیادہ مستحق تھے، و بوجہِ آخر فرض کیجئے کہ یہ ابوطالب کے حقِ پرورش و خدمت ہی کا معاوضہ ہے تو پھر کون سی پرورش جزئیت کے

---

[1] جامع الترمذی ابواب المناقب مناقب ابی الفضل عم النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم امین کمپنی دہلی ۲/ ۲۱۷
المعجم الکبیر حدیث ۱۰۶۹۸ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۰/ ۲۹۱

[2] القرآن الکریم ۲۵/ ۲۳

[3] صحیح البخاری کتاب مناقب الانصار قصہ ابی طالب ۱/ ۵۴۸ وصحیح مسلم کتاب الایمان ۱/ ۱۱۵
مسند احمد بن حنبل عن العباس المکتب الاسلامی بیروت ۱/ ۲۰۷ و ۲۱۰

برابر ہو سکتی ہے، کونسی خدمت حمل و وضع کا مقابلہ کرسکتی ہے؟ کیا کبھی کسی پرورش کنندہ یا خدمت گزار کا حق حقِ والدین کے برابر ہوسکتا ہے جسے رب العزّت نے اپنے حقِ عظیم کے ساتھ شمار فرمایا:

ان اشکرلی ولوالدیك[1]

حق مان میرا اور اپنے والدین کا۔

پھر ابوطالب نے جہاں برسوں خدمت کی چلتے وقت رنج بھی دیا جس کا جواب نہیں، ہرچند حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے کلمہ پڑھنے کو فرمایا، نہ پڑھنا تھا نہ پڑھا، جُرم وہ کیا جس کی مغفرت نہیں۔ عمر بھر معجزات دیکھنا، احوال پر علمِ تام رکھنا اور زیادہ حجۃ اللہ قائم ہونے کا موجب ہوا بخلاف ابوین کریمین کہ نہ انھیں دعوت دی گئی نہ انکار کیا، تو ہر وجہ، ہر لحاظ، ہر حیثیت سے یقیناً انھیں کا پلّہ بڑھا ہوا ہے، تو ابوطالب کا عذاب سب سے ہلکا ہونا یونہی متصور کہ ابوین کریمین اہلِ نار ہی سے نہ ہوں وھو المقصود والحمد للہ العلی الودود (اور وہی مقصود ہے اور تمام تعریفیں بلندی و محبت والے اللہ کے لئے ہیں۔ ت)

**خامسًا، اقول** قال المولٰی عزوعلا: لا یستوی اصحٰب النار واصحٰب الجنۃ، اصحٰب الجنۃ ھم الفائزون[2]

**پانچویں دلیل، اقول** (میں کہتا ہوں کہ) مولٰی عزوعلا نے فرمایا: برابر نہیں دوزخ والے اور جنت والے، اور جنت والے ہی مراد کو پہنچے۔

حدیث میں ہے حضور پُرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اولادِ امجاد حضرت عبدالمطلب سے ایک پاک طیبہ خاتون رضی اللہ تعالٰی عنہا کو آتے دیکھا، جب پاس آئیں فرمایا:

ما اخرجك من بیتك؟

اپنے گھر سے باہر کہاں گئی تھیں؟

عرض کی:

اتیت اھل ھذا البیت فترحمت الیھم وعزیتھم بمیتھم۔

یہ جو ایک میّت ہوگئی تھی میں ان کے یہاں دعائے رحمت اور تعزیت کرنے گئی تھی۔

فرمایا:

---

[1] القرآن الکریم ۳۱/ ۱۴

[2] " ۵۹/ ۲۰

لعلكِ بلغت معھم الکدٰی۔

شاید تو اُن کے ساتھ قبرستان تک گئی۔

عرض کی:

معاذ اللہ ان اکون بلغتہا وقد سمعتك تذکر فی ذٰلك ما تذکر۔

خدا کی پناہ کہ میں وہاں جاتی حالانکہ حضور سے سُن چکی تھی جو کچھ اس باب میں ارشاد کیا۔

سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:

لو بلغتہا معھم ما رایت الجنۃ حتی یراھا جدّ ابیكِ۔

اگر تو اُن کے ساتھ وہاں جاتی تو جنّت نہ دیکھتی جب تک عبد المطلب نہ دیکھیں۔

رواہ ابوداؤد والنسائی[1] واللفظ لہ عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰی عنہما، اما ابوداؤد فتادب وکنّٰی وقال فذکر تشدیدا فی ذٰلك واما ابوعبد الرحمٰن فادّٰی لتبلیغ العلم واداء الحدیث علٰی وجھہ لکلٍّ وِّجھۃ ھو مولّیھا۔

اس کو ابوداؤد اور نسائی نے روایت کیا ہے، اور لفظ نسائی کے ہیں سیّدنا عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰی عنہما سے، امام ابوداؤد نے ازراہِ ادب بطور کنایہ اس میں تشدید کا ذکر کیا لیکن امام ابوعبد الرحمٰن نے کھُل کر علم کو پہنچایا اور حدیث کا حق ادا کیا، ہر ایک کے لئے توجّہ کی ایک سمت ہے جس کی طرف وہ منہ کرتا ہے۔ (ت)

یہ تو حدیث کا ارشاد ہے، اب ذرا عقائدِ اہلسنت پیشِ نظر رکھتے ہُوئے نگاہِ انصاف درکار، عورتوں کا قبرستان جانا غایت درجہ اگر ہے تو معصیت ہے۔ اور ہرگز کوئی معصیت مسلمان کو جنت سے محروم اور کافر کے برابر نہیں کرسکتی، اہلسنّت کے نزدیک مسلمان کا جنّت میں جانا واجب شرعی ہے اگرچہ معاذ اللہ مواخذے کے بعد، اور کافر کا جنّت میں جانا محالِ شرعی کہ ابدالآباد تک کبھی ممکن ہی نہیں، اور نصوص کو حتی الامکان ظاہر پر محمول کرنا واجب، اور بے ضرورت تاویل ناجائز، اور عصمت نوعِ بشر میں خاصہ حضراتِ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء ہے۔ ان کے غیر سے اگرچہ کیسا ہی عظیم الدرجات ہو وقوعِ گناہ ممکن و متصور۔ یہ چاروں باتیں عقائدِ اہلسنت میں ثابت ومقرر۔ اب اگر بحکم مقدمہ رابعہ مقابرتک بلوغ فرض کیجئے تو بحکم مقدمہ ثالثہ جزا کا ترتّب واجب،

---

[1] سنن النسائی کتاب الجنائز باب النعی نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ۱/ ۲۶۵، ۲۶۶

سنن ابی داؤد " باب التعزیۃ آفتاب عالم پریس لاہور ۲/ ۸۹

اور اس تقدیر پر کہ حضرت عبدالمطلب کو معاذ اللہ غیر مسلم کہئے بحکم مقدمتین اولین و نیز بحکم آیتِ کریمہ محال و باطل، تو واجب ہوا کہ حضرت عبدالمطلب مسلمان و اہلِ جنت ہوں اگرچہ مثلِ صدیق و فاروق و عثمان و علی و زہرا و صدیقہ وغیرہم رضی اللہ تعالٰی عنہم سابقین اولین میں نہ ہوں۔ اب معنیٔ حدیث بلا تکلف اور بے حاجت تاویل و تصرف عقائدِ اہلسنت سے مطابق ہیں یعنی اگر یہ امر تم سے واقع ہوتا تو سابقین اولین کے ساتھ جنت میں جانا نہ ملتا بلکہ اس وقت جبکہ عبدالمطلب داخلِ بہشت ہوں گے، ھٰکذا ینبغی التحقیق واللہ تعالٰی ولی التوفیق (یونہی تحقیق چاہئے اور اللہ تعالٰی ہی توفیق کا مالک ہے۔ ت)۔

**سادسًا، اقول** قال ربنا الاعز الاعلٰی عز وعلا : وﷲ العزۃ ولرسولہ و للمؤمنین ولکن المنٰفقین لا یعلمون[1]

وقال تعالٰی : یٰایھا الناس انا خلقنٰکم من ذکرٍ واُنثٰی وجعلنٰکم شعوبًا و قبائل لتعارفوا انّ اکرمکم عند اللہ اتقٰکم انّ اللہ علیم خبیر[2]

**چھٹی دلیل، اقول** (میں کہتا ہوں کہ) ہمارے پروردگار اعزّ و اعلٰی عزّ وعلا نے فرمایا: عزت تو اللہ و رسول اور مسلمانوں ہی کے لئے ہے مگر منافقوں کو علم نہیں۔

اور اللہ تعالٰی نے فرمایا: اے لوگو! ہم نے بنایا تمھیں ایک نر و مادہ سے اور کیا تمھیں قومیں اور قبیلے کہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو، بیشک اللہ کے نزدیک تمھارا زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے۔

ان آیاتِ کریمہ میں رب العزت جل وعلا نے عزت و کرم کو مسلمانوں میں منحصر فرما دیا اور کافر کو کتنا ہی قوم دار ہو لئیم و ذلیل ٹھہرایا، اور کسی لئیم و ذلیل کی اولاد سے ہونا کسی عزیز و کریم کے لئے باعثِ مدح نہیں، ولہذا کافر باپ دادوں کے انتساب سے فخر کرنا حرام ہوا۔ صحیح حدیث میں ہے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من انتسب الٰی تسعۃ اٰباء کفار یرید بھم عزًّا و کرمًا فھو عاشرھم فی النار۔ رواہ احمد[3] عن ابی ریحانۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ بسند صحیح۔

---

[1] القرآن الکریم ۶۳/ ۸

[2] " ۴۹/ ۱۳

[3] مسند احمد بن حنبل حدیث ابی ریحانۃ رضی اللہ عنہ المکتب الاسلامی بیروت ۴/ ۱۳۴

جو شخص عزت وکرامت چاہنے کو اپنی نو پشت کافر کا ذکر کرے کہ میں فلاں ابن فلاں ابنِ فلاں کا بیٹا ہوں ان کا دسواں جہنم میں یہ شخص ہو (اس کو امام احمد نے ابوریحانہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے صحیح سند کے ساتھ روایت فرمایا۔ ت)۔

اور احادیثِ کثیرہ مشہورہ سے ثابت کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے فضائل کریمہ کے بیان اور مقامِ رجز و مدح میں بار ہا اپنے آبائے کرام و امہات کرائم کا ذکر فرمایا۔

روزِ حنین جب ارادۂ الٰہیہ سے تھوڑی دیر کے لئے کفار نے غلبہ پایا معدود بندے رکاب رسالت میں باقی رہے، اللہ غالب کے رسولِ غالب پر شانِ جلال طاری تھی:

انا النبی لاکذب انا ابن عبد المطلب۔ رواہ احمد والبخاری[1] ومسلم والنسائی عن البراء بن عازب رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

میں نبی ہوں کچھ جھوٹ نہیں، میں ہوں بیٹا عبدالمطلب کا۔ (اس کو احمد، بخاری، مسلم اور نسائی نے سیدنا براء بن عازب رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)۔

حضور قصد فرمارہے ہے کہ تنہا ان ہزاروں کے مجمع پر حملہ فرمائیں، حضرت عباس بن عبدالمطلب و حضرت ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالٰی عنہما بغلہ شریف کی لگام مضبوط کھینچے ہوئے ہیں کہ بڑھ نہ جائے اور حضور فرمارہے ہیں:

انا النبی لاکذب، انا ابن عبدِ المطلب۔ رواہ ابوبکر[2] بن ابی شیبۃ و ابو نعیم عنہ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

میں سچا نبی ہوں اللہ کا پیارا، عبدالمطلب کی آنکھ کا تارا، صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم (اس کو ابوبکر بن ابی شیبہ اور ابونعیم نے براء بن عازب رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)۔

امیر المومنین عمر لگام روکے ہیں اور حضرت عباس دُمچی تھامے، اور حضور فرمارہے ہیں:

قدماہا، انا النبی لاکذب، انا ابن عبد المطلب۔ رواہ ابن عساکر[3] عن مصعب

---

[1] صحیح البخاری کتاب الجہاد باب من قاد دابۃ غیرہ فی الحرب قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۴۰۱
صحیح مسلم ″ باب غزوۂ حنین ″ ″ ۲/۱۰۰
[2] المصنف لابن ابی شیبہ کتاب السیر حدیث ۳۳۵۷۳ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۶/۵۳۵
کنز العمال بحوالہ ش وابی نعیم ″ ۳۰۲۰۷ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱۰/۵۴۰
[3] تاریخ دمشق الکبیر ترجمہ ۲۸۵۸ شیبۃ بن عثمان دار احیاء التراث العربی بیروت ۲۵/۱۷۲

بن شیبۃ عن ابیہ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

اسے بڑھنے دو، میں ہوں نبی صریح حق پر، میں ہوں عبدالمطلب کا پسر، صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم (اس کو ابن عساکر نے مصعب بن شیبہ سے ان کے باپ کے واسطہ سے روایت کیا ہے۔ ت)

جب کافر نہایت قریب آگئے بغلہ طیبہ سے نزولِ اجلال فرمایا، اس وقت بھی یہی فرماتے تھے:

انا النبی لاکذب، انا ابن عبد المطلب، اللّٰھم انزل نصرک۔ رواہ ابن ابی شیبۃ وابن ابی جریر عن البراء رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

میں ہوں نبی برحق سچا، میں ہوں عبدالمطلب کا بیٹا، الٰہی اپنی مدد نازل فرما! (اس کو ابن ابی شیبہ اور ابن ابی جریر نے سیدنا براء بن عازب رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)

پھر ایک مُشتِ خاک دستِ پاک میں لے کر کافروں کی طرف پھینکی اور فرمایا:

شاھتِ الوجوہ[2] بگڑ گئے چہرے۔

وہ خاک ان ہزاروں کافروں پر ایک ایک کی آنکھ میں پہنچی اور سب کے مُنہ بھر گئے، ان میں جو مشرف باسلام ہوئے وہ فرماتے ہیں جس وقت حضور اقدس صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے وہ کنکریاں ہماری طرف پھینکیں ہمیں یہ نظر آیا کہ زمین سے آسمان تک تانبے کی دیوار قائم کردی گئی اور اس پر سے پہاڑ ہم پر لڑھکائے گئے، سوائے بھاگنے کے کچھ بن نہ آئی۔

وصلی اللہ تعالٰی علی الحق المبین سید المنصورین وا ٰلہ وبارک وسلم۔

اللہ تعالٰے درود وسلام اور برکت نازل فرمائے حقِ مبین پر جو مدد کئے ہوؤں کے سردار ہیں اور آپ کی آل پر۔ (ت)

اِسی غزوہ کے رِجز میں ارشاد فرمایا:

انا ابن العواتک من بنی سُلیم۔ رواہ سعید بن منصور فی سُننہ والطبرانی فی

---

[1] کنز العمال بحوالہ ش وابن جریر حدیث ۳۰۲۰۶ مؤسستہ الرسالۃ بیروت ۱۰/ ۵۳۹ و ۵۴۰

[2] کنز العمال " حدیث ۳۰۲۱۳ " " " ۱۰/ ۵۴۲

جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت الآیۃ لقد نصرکم اللہ الخ داراحیاء التراث العربی بیروت ۱۰/ ۱۱۸

[3] کنز العمال بحوالہ ص وطب حدیث ۳۱۸۷۴ مؤسستہ الرسالہ بیروت ۱۱/ ۴۰۲

المعجم الکبیر " ۶۷۲۴ داراحیاء التراث العربی بیروت ۷/ ۱۶۹

تاریخ دمشق الکبیر باب معرفۃ امّہ وجداتہ " ۳/ ۶۰

الکبیر عن سبابۃ بن عاصم رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

میں بنی سلیم سے ان چند خاتونوں کا بیٹا ہوں جن کا نام عاتکہ تھا (اس کو سعید بن منصور نے اپنی سنن میں اور طبرانی نے معجم کبیر میں سبابہ بن عاصم رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ت)

ایک حدیث میں ہے، بعض غزوات میں فرمایا:

انا النبی لاکذب، انا ابن عبد المطلب، انا ابن العواتک۔ رواہ ابن[1] عساکر عن قتادۃ۔

میں نبی ہوں کچھ جھوٹ نہیں، میں ہوں عبدالمطلب کا بیٹا، میں ہوں ان بیبیوں کا بیٹا جن کا نام عاتکہ تھا (اس کو ابن عساکر نے حضرت قتادہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ت)

علامہ مناوی صاحب تیسیر و امام مجدالدین فیروز آبادی صاحب قاموس و جوہری صاحب صحاح و صنعانی وغیرہم نے کہا، نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی جدات میں نو بیبیوں کا نام عاتکہ تھا[2]۔ ابن بری نے کہا، وہ بارہ[۱۲] بیبیاں عاتکہ نام کی تھیں، تین[۳] سلمیات یعنی قبیلہ بنی سلیم سے، اور دو[۲] قرشیات، دو[۲] عدوانیات، اور ایک ایک کنانیہ، اسدیہ، ہذلیہ، قضاعیہ، ازدیہ۔ ذکرہ فی تاج العروس[3]

(اسے تاج العروس میں ذکر کیا گیا۔ت)

ابو عبداللہ عدوی نے کہا: وہ بیبیاں چودہ[۱۴] تھیں، تین قرشیات، چار سلمیات، دو عدوانیات اور ایک ایک ہذلیہ، قحطانیہ، قضاعیہ، ثقفیہ، اسدیہ بنی اسد خزیمہ سے۔ رواہ الامام[4] الجلال السیوطی فی الجامع الکبیر (اس کو امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ نے جامع کبیر میں روایت کیا ہے۔ت)

اور ظاہر ہے کہ قلیل نافی کثیر نہیں۔

حدیث میں آتا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے مقام مدح و بیان فضائل کریمہ میں اکیس[۲۱] پشت تک اپنا نسب نامہ ارشاد کرکے فرمایا: میں سب سے نسب میں افضل، باپ میں افضل، صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔ تو بحکم نصوص مذکورہ ضرور ہے کہ حضور کے آباء و امہات مسلمین و مسلمات

---

[1] تاریخ دمشق الکبیر باب معرفۃ امہ وجداتہ الخ دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۶۰

[2] التیسیر شرح الجامع الصغیر تحت الحدیث انا ابن العواتک مکتبۃ الامام الشافعی ریاض ۱/ ۲۷۵

الصحاح باب الکاف فصل العین تحت لفظ عاتکہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۴/ ۱۳۱۱

[3] تاج العروس باب الکاف فصل العین 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۷/ ۱۵۹

[4] تاریخ دمشق الکبیر باب معرفۃ امہ وجداتہ الخ 〃 〃 〃 〃 〃 ۳/ ۶۲

ہوں۔ وللہ الحمد (اور اللہ تعالٰی ہی کے لئے حمد ہے۔ ت)۔

**سابعًا** قال اللہ سبحٰنہ وتعالٰی: انہ لیس من اھلک انہ عمل غیر صالح[1]۔

**ساتویں دلیل**، اللہ سبحٰنہ وتعالٰی نے فرمایا: اے نوح! یہ کنعان تیرے اہل سے نہیں یہ تو ناراستی کے کام والا ہے۔ (ت)

آیہ کریمہ نے مسلم وکافر کا نسب قطع فرمادیا ولہٰذا ایک کا ترکہ دوسرے کو نہیں پہنچتا۔ اور حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

نحن بنو النضر بن کنانۃ لا ننتفی من ابینا۔ رواہ ابوداؤد[2] الطیالسی وابن سعد والامام احمد وابن ماجۃ والحارث والماوردی وسمویہ وابن قانع والطبرانی فی الکبیر وابونعیم والضیاء المقدسی فی صحیح المختارۃ عن الاشعث بن قیس الکندی رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

ہم نضر بن کنانہ کے بیٹے ہیں، ہم اپنے باپ سے اپنا نسب جُدا نہیں کرتے (اس کو ابوداؤد طیالسی، ابن سعد، امام احمد، ابن ماجہ، حارث، ماوردی، سمویہ، ابن قانع، طبرانی کبیر، ابونعیم اور ضیاء مقدسی نے صحیح مختارہ میں اشعث بن قیس الکندی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)

کفار سے نسب بحکم احکم الحاکمین منقطع ہے، پھر معاذ اللہ جُدا نہ کرنے کا کیا محل ہوتا۔

**ثامنًا وتاسعًا، اقول** قال العلی الاعلٰی تبارک وتعالٰی "ان

---

[1] القرآن الکریم ۱۱/۴۶

[2] کنز العمال بحوالہ الحارث والماوردی وسمویہ وغیرہ حدیث ۳۵۵۱۳ موسسۃ الرسالہ بیروت ۱۲/۴۲۴

سنن ابن ماجہ ابواب الحدود باب من نفی رجلا من قبیلتہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۱۹۲

مسند احمد بن حنبل حدیث الاشعث بن قیس الکندی المکتب الاسلامی بیروت ۵/۲۱۱، ۲۱۲

المعجم الکبیر حدیث ۲۱۹۰، ۲۱۹۱ داراحیاء التراث العربی بیروت ۲/۲۸۶

مسند ابی داؤد الطیالسی احادیث الاشعث بن قیس حدیث ۱۰۴۹ دارالکتب العلمیۃ بیروت ۱/۵۸۷

الطبقات الکبرٰی لابن سعد ذکر من انتمی الیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دار صادر بیروت ۱/۲۳

دلائل النبوۃ للبیہقی باب ذکر شرف اصل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دارالکتب العلمیہ بیروت ۱/۱۷۳

الذین کفروا من اھل الکتب والمشرکین فی نار جہنم خلدین فیھا اولئك ھم شر البریۃ ○ ان الذین اٰمنوا وعملوا الصلحت اولٰئك ھم خیر البریۃ[1]

**آٹھویں اور نویں دلیل**، میں کہتا ہوں علی اعلٰی تبارک وتعالٰی نے فرمایا: بیشک سب کافر کتابی اور مشرک جہنم کی آگ میں ہیں ہمیشہ اس میں رہیں گے' وہ سارے جہان سے بدتر ہیں، بیشک وُہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے وہ سارے جہان سے بہتر ہیں۔

اور حدیث میں ہے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

غفر اللہ عزوجل لزید بن عمرو ورحمہ فانہ مات علی دین ابراھیم۔[2] رواہ البزار والطبرانی عن سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ تعالٰی عنھما۔

اللہ عزوجل نے زید بن عمرو کو بخش دیا اور اُن پر رحم فرمایا کہ وہ دینِ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر تھے (اس کو بزار اور طبرانی نے سیدنا سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)

اور ایک اور حدیث میں ہے رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ان کی نسبت فرمایا:

رأیتہ فی الجنۃ یسحب ذیولا۔ رواہ ابن سعد[3] والفاکھی عن عامر بن ربیعۃ رضی اللہ تعالٰی عنھما۔

میں نے اسے جنّت میں ناز کے ساتھ دامن کشاں دیکھا (اس کو ابن سعد اور فاکہی نے حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا۔ ت)

اور بیہقی و ابن عساکر کی حدیث میں بطریق مالک عن الزہری عن انس رضی اللہ تعالٰی عنہ ہے' رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں وھذہ روایۃ البیھقی (اور یہ بیہقی کی روایت ہے۔ ت):

انا محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ھاشم بن عبد مناف

---

[1] القرآن الکریم ۹۸/ ۶ و ۷

[2] فتح الباری بحوالہ البزار والطبرانی کتاب المناقب حدیث زید بن عمرو دارالکتب العلمیۃ بیروت ۸/ ۱۲۲

الطبقات الکبرٰی لابن سعد ترجمہ سعید بن زید دار صادر بیروت ۳/ ۳۸۱

[3] فتح الباری بحوالہ ابن سعد والفاکہی کتاب المناقب حدیث زید بن عمرو بن نفیل دارالکتب العلمیۃ بیروت ۸/ ۱۲۲

بن قصی بن کلاب بن مرۃ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر بن مالك بن النضر بن کنانۃ بن خزیمۃ بن مدرکۃ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ، ما افترق الناس فرقتین الا جعلنی اللہ فی خیرھما فاخرجت من بین ابوین فلم یصبنی شئ من عھد الجاھلیۃ وخرجت من نکاح ولم اخرج من سفاح من لدن اٰدم حتی انتھیت الی ابی وامی فانا خیرکم نفسا وخیرکم اباً[1] ، وفی لفظ فانا خیرکم نسباً وخیرکم اباً۔[2]

میں ہوں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ۔ کبھی لوگ دو گروہ نہ ہوئے مگر مجھے اللہ تعالٰی نے بہتر گروہ میں کیا تو میں اپنے ماں باپ سے ایسا پیدا ہوا کہ زمانۂ جاہلیت کی کوئی بات مجھ تک نہ پہنچی اور میں خالص نکاحِ صحیح سے پیدا ہوا آدم سے لے کر اپنے والدین تک ، تو میرا نفسِ کریم تم سب سے افضل اور میرے ماں باپ تم سب کے آباء سے بہتر۔

اس حدیث میں اول تو نفی عام فرمائی کہ عہدِ جاہلیت کی کسی بات نے نسبِ اقدس میں کبھی کوئی راہ نہ پائی ، یہ خود دلیل کافی ہے اور امرِ جاہلیت کو خصوص زنا پر حمل کرنا ایک تو تخصیص بلا مُخصِّص ، دوسرے لغو کہ نفیِ زنا صراحۃً اس کے متصل مذکور۔

ثانیاً ارشاد ہوتا ہے کہ میرے باپ تم سب کے آباء سے بہتر۔ ان سب میں حضرت سعید بن زید بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہما بھی قطعاً داخل ، تو لازم کہ حضرت والدِ ماجد حضرت زید سے افضل ہوں اور یہ بحکم آیت بے اسلام ناممکن۔

**عاشراً، اقول** قال اللہ عزوجل : اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ۔[3]

**دسویں دلیل** ، میں کہتا ہوں اللہ عزوجل نے فرمایا : خدا خوب جانتا ہے جہاں رکھے اپنی پیغمبری۔

آیۂ کریمہ شاہد کہ رب العزۃ عزوعلا سب سے زیادہ معزز و محترم موضع وضعِ رسالت کے لئے

---

[1] دلائل النبوۃ باب ذکر اصل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دار الکتب العلمیہ بیروت ۱/ ۱۷۴ تا ۱۷۹
تاریخ دمشق الکبیر باب ذکر معرفۃ نسبہ داراحیاء التراث العربی بیروت ۳/ ۲۹

[2] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۳/ ۳۰

[3] القرآن الکریم ۶/ ۱۲۴

انتخاب فرماتا ہے ولہذا کبھی کم قوموں رذیلوں میں رسالت نہ رکھی، پھر کفر و شرک سے زیادہ رذیل کیا شے ہوگی، وہ کیونکر اس قابل کہ اللہ عزوجل نورِ رسالت اس میں ودیعت رکھے۔ کفار محلِ غضب و لعنت ہیں اور نورِ رسالت کے وضع کو محلِ رضا و رحمت درکار۔

حضرت اُم المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا پر ایک بار خوف و خشیت کا غلبہ تھا گریہ و زاری فرمارہی تھیں، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما نے عرض کی: یا اُم المومنین! کیا آپ یہ گمان رکھتی ہیں کہ رب العزت جل وعلا نے جہنم کی ایک چنگاری کو مصطفٰے صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا جوڑا بنایا؟ ام المومنین نے فرمایا:

فرجت عنی فرج اللہ عنك[1]

تم نے میرا غم دُور کیا اللہ تعالٰی تمہارا غم دُور کرے۔

خود حدیث میں ہے، حضور سید یوم النشور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اللہ ابی لی ان اتزوج أو ازوج الا اھل الجنۃ۔ رواہ ابن[2] عساکر عن ھند بن ابی ھالۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

بے شک اللہ عزوجل نے میرے لئے نہ مانا کہ میں نکاح میں لائے یا نکاح میں دینے کا معاملہ کروں مگر اہل جنت سے۔ (اس کو ابن عساکر نے ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)

جب اللہ عزوجل نے اپنے حبیب اکرم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے لئے پسند نہ فرمایا (کہ غیر مسلم عورت آپ کے نکاح میں آئے) خود حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا نورِ پاک معاذ اللہ محلِ کفر میں رکھنا یا حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا جسمِ پاک عیاذًا باللہ خونِ کفار سے بنانے کو پسند فرمانا کیونکر متوقع ہو۔

یہ بحمد اللہ دس دلیل جلیل ہیں، پہلی چار ارشادِ ائمہ کبار اور چھ اخیر فیضِ قدیر حصہ فقیر، تلك عشرۃ کاملۃ (یہ دس کامل ہوئیں۔ ت)۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۲۶۸ تا ۲۸۴)

(۱۳) "تمہیدِ ایمان بآیاتِ قرآن" میں فرمایا:

تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے:

انا ارسلنك شاھدا و مبشرا و نذیرا ٥ لتؤمنوا باللہ و رسولہ وتعزروہ

---

[1] کتاب الآثار لابی یوسف حدیث ۹۳۴ دار الکتب العلمیہ بیروت ص ۲۱۰

[2] تاریخ دمشق الکبیر رملۃ بنت ابی سفیان صخر بن حرب الخ دار احیاء التراث العربی بیروت ۷۳/ ۱۱۰

وتوقروہ وتسبحوہ بکرۃ واصیلا[1]

اے نبی! بیشک ہم نے تمھیں بھیجا گواہ اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا، تاکہ اے لوگو! تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم وتوقیر کرو اور صبح وشام اللہ کی پاکی بولو۔

مسلمانو! دیکھو دینِ اسلام بھیجنے قرآن مجید اتارنے کا مقصود ہی تمھارے مولیٰ تبارک وتعالیٰ کا تین باتیں بتانا ہے:

**اوّل** یہ کہ لوگ اللہ و رسول پر ایمان لائیں۔

**دوم** یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تعظیم کریں۔

**سوم** یہ کہ اللہ تعالےٰ کی عبادت میں رہیں۔

مسلمانو! ان تینوں جلیل باتوں کی جمیل ترتیب تو دیکھو سب میں پہلے ایمان کو فرمایا اور سب میں پیچھے اپنی عبادت کو اور بیچ میں اپنے پیارے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کو، اس لئے کہ بغیر ایمان تعظیم بکار آمد نہیں، بہتیرے نصاریٰ ہیں کہ نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تعظیم وتکریم اور حضور پر سے دفع اعتراضات کافرانِ لئیم میں تصنیفیں کر چکے، لکچر دے چکے مگر جبکہ ایمان نہ لائے کچھ مفید نہیں کہ یہ ظاہری تعظیم ہوئی، دل میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچی عظمت ہوتی تو ضرور ایمان لاتے، پھر جب تک نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی سچی تعظیم نہ ہو عمر بھر عبادتِ الٰہی میں گزارے سب بیکار و مردود ہے، بہتیرے جوگی اور راہب ترکِ دنیا کرکے اپنے طور پر ذکر و عبادتِ الٰہی میں عمر کاٹ دیتے ہیں بلکہ ان میں بہت وہ ہیں کہ لا الٰہ الا اللہ کا ذکر سیکھتے اور ضربیں لگاتے ہیں مگر ازانجاکہ محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تعظیم نہیں، کیا فائدہ! اصلاً قابلِ قبول بارگاہِ الٰہی نہیں۔ اللہ عزوجل ایسوں ہی کو فرماتا ہے:

وقدمنا الیٰ ماعملوا من عملٍ فجعلنٰہ ھبآء منثورا[2]

جو کچھ اعمال انھوں نے کئے ہم نے سب برباد کر دیئے۔

ایسوں ہی کو فرماتا ہے:

عاملۃ ناصبۃ ۝ تصلیٰ نارًا حامیۃ ۝[3]

عمل کریں مشقتیں بھریں اور بدلہ کیا ہوگا یہ کہ بھڑکتی آگ میں بیٹھیں گے ـــــ والعیاذ باللہ تعالےٰ۔

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۸، ۹
[2] القرآن الکریم ۲۵/ ۲۳
[3] ؍؍ ۸۸/ ۳، ۴

مسلمانو! کہو محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی تعظیم مدارِ ایمان و مدارِ نجات و مدارِ قبولِ اعمال ہوئی یا نہیں، کہو ہوئی اور ضرور ہوئی۔

تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے:

قل ان کان اٰباءکم و ابناءکم و اخوانکم و ازواجکم و عشیرتکم و اموال اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا و مسٰکن ترضونھا احب الیکم من اللہ و رسولہ وجہاد فی سبیلہ فتربصوا حتّٰی یاتی اللہ بامرہٖ ط واللہ لایھدی القوم الفٰسقین[1]

اے نبی! تم فرمادو کہ اے لوگو! اگر تمہارے باپ، تمہارے بیٹے، تمہارے بھائی، تمہاری بیبیاں، تمہارا کنبہ، تمہاری کمائی کے مال اور وہ سوداگری جس کے نقصان کا تمہیں اندیشہ ہے اور تمہاری پسند کے مکان، ان میں کوئی چیز بھی اگر تم کو اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں کوشش کرنے سے زیادہ محبوب ہے تو انتظار رکھو یہاں تک کہ اللہ اپنا عذاب اتارے، اور اللہ تعالٰے بے حکموں کو راہ نہیں دیتا۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ جسے دُنیا جہان میں کوئی معزز، کوئی عزیز، کوئی مال، کوئی چیز اللہ و رسول سے زیادہ محبوب ہو وُہ بارگاہِ الٰہی سے مردود ہے اسے اللہ اپنی طرف راہ نہ دے گا، اُسے عذابِ الٰہی کے انتظار میں رہنا چاہئے، والعیاذ باللہ تعالٰی۔

تمہارے پیارے نبی صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لایؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہٖ وولدہٖ والناس اجمعین[2]

تم میں کوئی مسلمان نہ ہوگا جب تک میں اُسے اُس کے ماں باپ، اولاد اور سب آدمیوں سے زیادہ پیارا نہ ہوں، صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم۔

یہ حدیث صحیح بخاری و صحیح مسلم میں انس بن مالک انصاری رضی اللہ تعالٰے عنہ سے ہے اس نے تو یہ بات توصاف فرمادی کہ جو حضور اقدس صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے زیادہ کسی کو عزیز رکھے ہرگز مسلمان نہیں۔

مسلمانو! کہو محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو تمام جہان سے زیادہ محبوب رکھنا مدارِ ایمان و

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۲۴

[2] صحیح البخاری کتاب الایمان باب حب الرسول صلی اللہ علیہ وسلم من الایمان قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۷
صحیح مسلم 〃 باب وجوب محبۃ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۱/ ۴۹

مدارِ نجات ہُوا یا نہیں۔ کہو ہُوا اور ضرور ہوا۔ یہاں تک تو سارے کلمہ گو خوشی خوشی قبول لیں گے کہ ہاں ہمارے دل میں محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی عظیم عظمت ہے ہاں ہاں ماں باپ اولاد سارے جہان سے زیادہ ہمیں حضور کی محبت ہے۔ بھائیو! خدا ایسا ہی کرے مگر ذرا کان لگا کر اپنے رب کا ارشاد سنو۔ تمھارا رب عزّوجل فرماتا ہے:

الٓمّٓ ۝ احسب الناس ان یترکوا ان یقولوا اٰمنّا وھم لا یفتنون ۝[1]

کیا لوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ اتنا کہہ لینے پر چھوڑ دیے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور ان کی آزمائش نہ ہوگی۔

یہ آیت مسلمانوں کو ہوشیار کر رہی ہے کہ دیکھو کلمہ گوئی اور زبانی ادعائے مسلمانی پر تمھارا چھٹکارا نہ ہوگا، ہاں ہاں سنتے ہو آزمائے جاؤ گے آزمائش میں پُورے نکلے تو مسلمان ٹھہرو گے۔ ہر شے کی آزمائش میں یہی دیکھا جاتا ہے کہ جو باتیں اس کے حقیقی واقعی ہونے کو درکار ہیں وہ اس میں ہیں یا نہیں۔ ابھی قرآن وحدیث ارشاد فرما چکے کہ ایمان کے حقیقی وواقعی ہونے کو دو۲ باتیں ضرور ہیں:

(۱) محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم۔

(۲) اور محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کو تمام جہان پر تقدیم۔

تو اس کی آزمائش کا یہ صریح طریقہ ہے کہ تم کو جن لوگوں سے کیسی ہی تعظیم، کتنی ہی عقیدت، کتنی ہی دوستی، کیسی ہی محبت کا علاقہ ہو، جیسے تمھارے باپ، تمھارے استاد، تمھارے پیر، تمھاری اولاد، تمھارے بھائی، تمھارے احباب، تمھارے بڑے، تمھارے اصحاب، تمھارے مولوی، تمھارے حافظ، تمھارے مفتی، تمھارے واعظ وغیرہ وغیرہ کسے باشد، جب وہ محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں گستاخی کریں اصلاً تمھارے قلب میں اُن کی عظمت اُن کی محبت کا نام ونشان نہ رہے فوراً ان سے الگ ہو جاؤ، ان کو دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دو، اُن کی صورت اُن کے نام سے نفرت کھاؤ۔ پھر نہ تم اپنے رشتے، علاقے، دوستی، الفت کا پاس کرو، نہ اس کی مولویت، مشیخت، بزرگی، فضیلت کو خطرے میں لاؤ کہ آخر یہ جو کچھ تھا محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کی غلامی کی بنا پر تھا جب یہ شخص اُنھیں کی شان میں گستاخ ہُوا پھر ہمیں اس سے کیا علاقہ رہا، اُس کے جُبّے عمامے پر کیا جائیں، کیا بہتیرے یہودی جُبّے نہیں پہنتے عمامے نہیں باندھتے، اس کے نام علم وظاہری فضل کو لے کر کیا کریں۔ کیا بہتیرے پادری، بکثرت فلسفی بڑے بڑے علوم وفنون نہیں جانتے۔ اور

---

[1] القرآن الکریم ۲۹/ ۱، ۲

اگر یہ نہیں بلکہ محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے مقابل تم نے اس کی بات بنانی چاہی اُس نے حضور سے گستاخی کی اور تم نے اس سے دوستی نباہی، یا اُسے ہر بُرے سے بدتر بُرا جانا یا اُسے بُرا کہنے پر بُرا مانا یا اسی قدر کہ تم نے اس امر میں بے پروائی منائی یا تمہارے دل میں اُس کی طرف سے سخت نفرت نہ آئی تو للہ اب تمہیں انصاف کرلو کہ تم ایمان کے امتحان میں کہاں پاس ہوئے، قرآن وحدیث نے جس پر حصولِ ایمان کا مدار رکھا تھا اس سے کتنی دُور نکل گئے۔ مسلمانو! کیا جس کے دل میں محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی تعظیم ہوگی وہ ان کے بدگو کی وقعت کرسکے گا اگرچہ اُس کا پیر یا اُستاد یا پدر ہی کیوں نہ ہو، کیا جسے محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم تمام جہان سے زیادہ پیارے ہوں وہ ان کے گستاخ سے فوراً سخت شدید نفرت نہ کرے گا اگرچہ اس کا دوست یا برادر یا پسر ہی کیوں نہ ہو۔ للہ اپنے حال پر رحم کرو اور اپنے رب کی بات سنو، دیکھو وہ کیونکر اپنی رحمت کی طرف بلاتا ہے۔ دیکھو رب عزوجل فرماتا ہے،

لا تجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الاخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ ولو کانوا اٰباءھم او ابناءھم او اخوانھم او عشیرتھم ط اولٰئک کتب فی قلوبھم الایمان وایدھم بروح منہ ط ویدخلھم جنّٰت تجری من تحتھا الانھٰر خٰلدین فیھا ط رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ ط اولٰئک حزب اللہ ط الا ان حزب اللہ ھم المفلحون [1]

تُو نہ پائے گا انھیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ اور قیامت پر کہ اُن کے دل میں ایسوں کی محبت آنے پائے جنھوں نے خدا اور رسول سے مخالفت کی، چاہے وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا عزیز ہی کیوں نہ ہوں۔ یہ ہیں وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان نقش کر دیا اور اپنی طرف کی روح سے ان کی مدد فرمائی اور انھیں باغوں میں لے جائے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ہمیشہ رہیں گے ان میں، اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی، یہی لوگ اللہ والے ہیں، سُنتا ہے اللہ والے ہی مراد کو پہنچے۔

اس آیت کریمہ میں صاف فرمادیا کہ جو اللہ یا رسول کی جناب میں گستاخی کرے مسلمان اُس سے دوستی نہ کرے گا جس کا صریح مفاد ہُوا کہ جو اس سے دوستی کرے گا وہ مسلمان نہ ہوگا۔ پھر اس کا حکم قطعاً عام ہونا بالتصریح ارشاد فرمایا کہ باپ، بیٹے، بھائی، عزیز سب کو گنایا یعنی کوئی کیسا ہی تمھارے زعم میں معظم یا کیسا ہی تمھیں بالطبع محبوب ہو ایمان ہے تو گستاخی کے بعد اُس سے محبت نہیں رکھ سکتے اس کی وقعت نہیں مان سکتے ورنہ مسلمان نہ رہو گے۔ مولٰی سبحٰنہ وتعالٰی کا اتنا فرمانا

---

[1] القرآن الکریم ۵۸ / ۲۲

یہی مسلمان کے لئے بس تھا مگر دیکھو وہ تمھیں اپنی رحمت کی طرف بلاتا اپنی عظیم نعمتوں کا لالچ دلاتا ہے کہ اگر اللہ و رسول کی عظمت کے آگے تم نے کسی کا پاس نہ کیا کسی سے علاقہ نہ رکھا تو تمھیں کیا کیا فائدے حاصل ہوں گے:

(۱) اللہ تعالٰی تمھارے دلوں میں ایمان نقش کردے گا جس میں ان شاء اللہ تعالٰی حسنِ خاتمہ کی بشارتِ جلیلہ ہے کہ اللہ کا لکھا نہیں مٹتا۔

(۲) اللہ تعالٰی روح القدس سے تمھاری مدد فرمائے گا۔

(۳) تمھیں ہمیشگی کی جنتوں میں لے جائے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہیں۔

(۴) تم خدا کے گروہ کہلاؤ گے خدا والے ہوجاؤ گے۔

(۵) منہ مانگی مرادیں پاؤ گے بلکہ امید و خیال و گمان سے کروڑوں درجے افزوں۔

(۶) سب سے زیادہ یہ کہ اللہ تم سے راضی ہوگا۔

(۷) یہ کہ فرماتا ہے میں تم سے راضی تم مجھ سے راضی۔ بندے کے لئے اس سے زائد اور کیا نعمت ہوتی کہ اس کا رب اس سے راضی ہو، مگر انتہائے بندہ نوازی یہ کہ فرمایا: اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی۔

مسلمانو! خدا لگتی کہنا کہ آدمی کروڑ جانیں رکھتا ہو اور وہ سب کی سب ان عظیم دولتوں پر نثار کردے تو واللہ کہ مفت پائیں پھر زید و عمرو سے علاقۂ تعظیم و محبت یک لخت قطع کردینا کتنی بڑی بات ہے، جس پر اللہ تعالٰی ان بے بہا نعمتوں کا وعدہ فرمارہا ہے اور اس کا وعدہ یقیناً سچا ہے۔ قرآن عظیم کی عادتِ کریمہ ہے کہ جو حکم فرماتا ہے جیسا کہ اس کے ماننے والوں کو اپنی نعمتوں کی بشارت دیتا ہے، نہ ماننے والوں پر اپنے عذابوں کا تازیانہ بھی رکھتا ہے کہ جو پست ہمت نعمتوں کے لالچ میں نہ آئیں سزاؤں کے ڈر سے راہ پائیں، وہ عذاب بھی سن لیجئے۔

تمھارا رب عزوجل فرماتا ہے:

یٰایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا اٰباءکم و اخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ؕ ومن یتولھم منکم فاولٰئک ھم الظٰلمون[1]

اے ایمان والو! اپنے باپ اپنے بھائیوں کو دوست نہ بناؤ اگر وہ ایمان پر کفر پسند کریں اور تم میں جو ان سے رفاقت کریں تو وہی لوگ ستمگار ہیں۔

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۲۳

اور فرماتا ہے:

یاایہا الذین اٰمنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء (الیٰ قولہ تعالیٰ) تسرون الیہم بالمودۃ وانا اعلم بما اخفیتم وما اعلنتم ط ومن یفعلہ منکم فقد ضل سواء السبیل (الیٰ قولہ تعالیٰ) لن تنفعکم ارحامکم ولا اولادکم یوم القیمۃ ج یفصل بینکم ط واللہ بما تعملون بصیر[1]

اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم چھپ کر اُن سے دوستی کرتے ہو اور میں خوب جانتا ہوں جو تم چھپاتے اور جو ظاہر کرتے ہو اور تم میں جو ایسا کرے گا وہ ضرور سیدھی راہ سے بہکا تمہارے رشتے اور تمہارے بچے تمھیں کچھ نفع نہ دیں گے قیامت کے دن، اللہ تم میں اور تمہارے پیاروں میں جدائی ڈال دے گا کہ تم میں ایک دوسرے کے کچھ کام نہ آسکے گا اور اللہ تمہارے اعمال کو دیکھ رہا ہے۔

اور فرماتا ہے:

ومن یتولہم منکم فانہ منہم ط ان اللہ لا یہدی القوم الظّٰلمین[2]

جو تم میں اُن سے دوستی کرے گا تو بیشک وہ انھیں میں سے ہے۔ بے شک اللہ ہدایت نہیں کرتا ظالموں کو۔

پہلی دو آیتوں میں تو اُن سے دوستی کرنے والوں کو ظالم و گمراہ ہی فرمایا تھا اس آیۂ کریمہ نے بالکل تصفیہ فرمادیا کہ جو اُن سے دوستی رکھے وہ بھی انھیں میں سے ہے اُنھیں کی طرح کافر ہے اُن کے ساتھ ایک رسّی میں باندھا جائے گا۔ اور وُہ کوڑا بھی یاد رکھئے کہ تم چھُپ چھپ کر اُن سے میل رکھتے ہو اور میں تمہارے چھُپے ظاہر سب کو خوب جانتا ہوں۔ اب وُہ رسّی بھی سُن لیجئے جس میں رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں گستاخی کرنے والے باندھے جائیں گے۔

تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے:

والذین یؤذون رسول اللہ لہم عذاب الیم[3]

جو رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں اُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔

---

[1] القرآن الکریم ۶۰/ ۱ تا ۳
[2] " " ۵/ ۵۱
[3] " " ۹/ ۶۱

اور فرماتا ہے :

ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والاٰخرۃ واعدّ لھم عذابا مھینا۔[۱]

بیشک جو لوگ اللہ و رسول کو ایذا دیتے ہیں اُن پر اللہ کی لعنت ہے دُنیا اور آخرت میں اور اللہ نے ان کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

اللہ عزوجل ایذا سے پاک ہے اُسے کون ایذا دے سکتا ہے مگر حبیب صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کو اپنی ایذا فرمایا۔

ان آیتوں میں اُس شخص پر جو رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بدگویوں سے محبت کا برتاؤ کرے سات کوڑے ثابت ہوئے :

( ۱ ) وہ ظالم ہے۔

( ۲ ) گمراہ ہے۔

( ۳ ) کافر ہے۔

( ۴ ) اس کے لئے دردناک عذاب ہے۔

( ۵ ) وہ آخرت میں ذلیل و خوار ہوگا۔

( ۶ ) اس نے اللہ واحد قہار کو ایذا دی۔

( ۷ ) اس پر دونوں جہان میں خدا کی لعنت ہے۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

اے مسلمان، اے مسلمان، اے اُمتیِ سیدالانس والجان صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ! خدا را ذرا انصاف کر، سات بہتر ہیں جو اِن لوگوں سے یک لخت علاقہ ترک کر دینے پر ملتے ہیں کہ دل میں ایمان جم جائے، اللہ مددگار ہو، جنت مقام ہو، اللہ والوں میں شمار رہو، مرادیں ملیں، خدا تجھ سے راضی ہو، تو خدا سے راضی ہو۔ یا یہ سات بھلے ہیں جو اُن لوگوں سے تعلق لگا رہنے پر پڑیں گے کہ ظالم گمراہ، کافر جہنمی ہو آخرت میں خوار ہو، خدا کو ایذا دے، خدا دونوں جہان میں لعنت کرے۔ ہیہات ہیہات کون کہہ سکتا ہے کہ یہ سات اچھے ہیں، کون کہہ سکتا ہے کہ وہ سات چھوڑنے کے ہیں، مگر جانِ برادر ! خالی یہ کہہ دینا تو کام نہیں دیتا وہاں تو امتحان کی ٹھہری ہے، ابھی آیت سُن چکے الٓمّٓ احسب الناس کیا اس بھلاوے میں ہو کہ بس زبان سے کہہ کر چھوٹ جاؤ گے امتحان نہ ہوگا — ہاں یہی امتحان کا وقت ہے — دیکھو یہ اللہ واحد قہار کی طرف سے تمھاری

---

[۱] القرآن الکریم ۳۳ / ۵۷

جانچ ہے۔ دیکھو وہ فرمارہا ہے کہ وہ تمہارے رشتے علاقے قیامت میں کام نہ آئیں گے مجھ سے توڑ کر کس سے جوڑتے ہو۔ دیکھو وہ فرما رہا ہے کہ میں غافل نہیں میں بے خبر نہیں تمہارے اعمال دیکھ رہا ہوں، تمہارے اقوال سُن رہا ہوں، تمہارے دلوں کی حالت سے خبردار ہوں۔ دیکھو بے پروائی نہ کرو پرائے پیچھے اپنی عاقبت نہ بگاڑو، اللہ و رسول کے مقابل ضد سے کام نہ لو۔ دیکھو وہ تمہیں اپنے سخت عذاب سے ڈراتا ہے اُس کے عذاب سے کہیں پناہ نہیں۔ دیکھو وہ تمہیں اپنی رحمت کی طرف بلاتا ہے بے اس کی رحمت کے کہیں نباہ نہیں۔

دیکھو اور گناہ تو نرے گناہ ہوتے ہیں جن پر عذاب کا استحقاق ہو مگر ایمان نہیں جاتا عذاب ہو کر خواہ رب کی رحمت حبیب کی شفاعت سے بے عذاب ہی چھٹکارا ہو جائے ہو سکتا ہے مگر یہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تعظیم کا مقام ہے اُن کی عظمت اُن کی محبت مدارِ ایمان ہے، قرآن مجید کی آیتیں سُن چکے کہ جو اس معاملہ میں کمی کرے اس پر دونوں جہان میں خدا کی لعنت ہے۔ دیکھو جب ایمان گیا پھر اصلاً ابدالآباد تک کبھی کسی طرح ہرگز اصلاً عذابِ شدید سے رہائی نہ ہوگی گستاخی کرنے والے جن کا تم یہاں کچھ پاس لحاظ کرو وہاں وہ وُہ اپنی بھگت رہے ہوں گے تمہیں بچانے نہ آئیں گے اور آئیں گے تو کیا کر سکتے ہیں پھر ایسوں کا لحاظ کر کے اپنی جان کو ہمیشہ ہمیشہ غضبِ جبّار و عذابِ نار میں پھنسا دینا کیا عقل کی بات ہے۔ للہ للہ ذرا دیر کو اللہ و رسول کے سوا سب این و آں سے نظر اٹھا کر آنکھیں بند کرو اور گردن جھکا کر اپنے آپ کو اللہ واحد قہار کے سامنے حاضر سمجھو اور نرے خالص سچے اسلامی دل کے ساتھ محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی عظیم عظمت، بلند عزت، رفیع وجاہت جو ان کے رب نے انھیں بخشی اور ان کی تعظیم ان کی توقیر پر ایمانُ اسلام کی بنا رکھی اُسے دل میں جما کر انصاف و ایمان سے کہو کیا جس نے کہا کہ شیطان کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخرِ عالم کی وسعتِ علم کی کون سی نص قطعی ہے[1] اس نے محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی نہ کی؟ کیا اس نے ابلیس لعین کے علم کو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علمِ اقدس پر نہ بڑھایا؟ کیا وہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی وسعتِ علم سے کافر ہو کر شیطان کی وسعتِ علم پر ایمان نہ لایا؟

مسلمانو! خود اسی بدگو سے اتنا ہی کہہ دیکھو کہ "او علم میں شیطان کے سر!" دیکھو تو وہ بُرا مانتا ہے یا نہیں، حالانکہ اُسے تو علم میں شیطان سے کم بھی نہ کہا بلکہ شیطان کے برابر ہی بتایا پھر کم کہنا کیا توہین نہ ہوگی۔ اور اگر وہ اپنی بات پالنے کو اس پر ناگواری ظاہر نہ کرے اگرچہ دل میں

---

[1] البراہین القاطعۃ بحث علم غیب مطبع لے بلاسا ڈھور ص ۵۱

قطعاً ناگوار مانے گا تو اسے چھوڑیئے اور کسی معظم سے کہہ دیکھئے اور پورا ہی امتحان مقصود ہو تو کیا کچہری میں جا کر آپ کسی حاکم کو انھیں لفظوں سے تعبیر کر سکتے ہیں، دیکھئے ابھی ابھی کھلا جاتا ہے کہ توہین ہوئی اور بیشک ہوئی، پھر کیا رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلّم کی توہین کرنا کفر نہیں، ضرور ہے اور بالیقین ہے۔ کیا جس نے شیطان کی وسعتِ علم کو نص سے ثابت مان کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے وسعتِ علم ماننے والے کو کہا تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے[۱]۔ اور کہا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے[۲] اس نے ابلیس لعین کو خدا کا شریک مانا یا نہیں، ضرور مانا کہ جو بات مخلوق میں ایک کے لئے ثابت کرنا شرک ہو گی وہ جس کسی کے لئے ثابت کی جائے قطعاً شرک ہی رہے گی کہ خدا کا شریک کوئی نہیں ہو سکتا جب رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے لئے یہ وسعتِ علم ماننی شرک ٹھہرائی جس میں کوئی حصہ ایمان کا نہیں تو ضرور اتنی وسعت خدا کی وہ خاص صفت ہوئی جس کو خدائی لازم ہے جب تو نبی کے لئے اس کا ماننے والا مشرک ہوا اور اس نے وہی وسعت وہی صفت خود اپنے منہ ابلیس کے لئے ثابت مانی تو صاف شیطان کو خدا کا شریک ٹھہرا دیا۔

مسلمانو! کیا یہ اللہ عزوجل اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دونوں کی توہین نہ ہوئی، ضرور ہوئی۔ اللہ کی توہین تو ظاہر ہے کہ اس کا شریک بنایا، اور وہ بھی کسے، ابلیس لعین کو۔ اور رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین یوں کہ ابلیس کا مرتبہ اتنا بڑھا دیا کہ وہ تو خدا کی خاص صفت میں حصہ دار ہے اور یہ اس سے ایسے محروم کہ ان کے لئے ثابت مانو تو مشرک ہو جاؤ۔

مسلمانو! کیا خدا اور رسول کی توہین کرنے والا کافر نہیں، ضرور ہے۔ کیا جس نے کہا کہ بعض علومِ غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور (یعنی نبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) کی کیا تخصیص ہے ایسا علمِ غیب تو زید و عمرو بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے[۳] کیا اس نے محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو صریح گالی نہ دی۔ کیا نبی صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو اتنا ہی علمِ غیب دیا گیا تھا جتنا ہر پاگل اور چوپائے کو حاصل ہے۔

مسلمان مسلمان اے محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے اُمتی! تجھے اپنے دین و ایمان کا واسطہ، کیا اس ناپاک ملعون گالی کے صریح ہونے میں تجھے کچھ شبہہ گزر سکتا ہے، معاذ اللہ کہ محمد رسول اللہ

[۱] و [۲] البراہین قاطعہ   بحث علمِ غیب   مطبع لے بلاساڈھور   ص ۵۱
[۳] حفظ الایمان   جواب سوال سوم   کتب خانہ اعزازیہ دیوبند یہ سہارنپور بھارت   ص ۷
حفظ الایمان مع تغیر العنوان   ‌‌‌″   ″   محمد عثمان تاجر الکتب فی دریبہ کلاں دہلی   ص ۷ و ۱۷

صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی عظمت تیرے دل سے ایسی نکل گئی ہو کہ اس شدید گالی میں بھی ان کی توہین نہ جانے۔ اور اگر اب بھی تجھے اعتبار نہ آئے تو خود انھیں بدگویوں سے پوچھ دیکھ کہ آیا تمھیں اور تمھارے استادوں پیرجیوں کو کہہ سکتے ہیں کہ اے فلاں! تجھے اتنا ہی علم ہے جتنا سور کو ہے، تیرے استاد کو ایسا ہی علم تھا جیسا کتے کو ہے، تیرے پیر کو اسی قدر علم تھا جس قدر گدھے کو ہے۔ یا مختصر طور پر اتنا ہی ہو کہ او علم میں اُلّو، گدھے، کتے، سور کے ہمسرو! دیکھو، تو وہ اس میں اپنی اور اپنے استاد و پیر کی توہین سمجھتے ہیں یا نہیں، قطعاً سمجھیں گے اور قابو پائیں تو سر ہو جائیں، پھر کیا سبب ہے کہ جو کلمہ اُن کے حق میں توہین و کسرِ شان ہو محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی توہین نہ ہو، کیا معاذ اللہ اُن کی عظمت اِن سے بھی گئی گزری ہے، کیا اسی کا نام ایمان ہے، حاشَ للہ حاشَ للہ!

کیا جس نے کہا "کیونکہ ہر شخص کو کسی نہ کسی ایسی بات کا علم ہوتا ہے جو دوسرے سے مخفی ہے تو چاہئے کہ سب کو عالم الغیب کہا جاوے پھر اگر زید اس کا التزام کر لے کہ ہاں میں سب کو عالم الغیب کہوں گا تو پھر علمِ غیب کو منجملہ کمالاتِ نبویہ شمار کیوں کیا جاتا ہے جس امر میں مومن بلکہ انسان کی بھی خصوصیت نہ ہو وہ کمالاتِ نبوت سے کب ہو سکتا ہے اور اگر التزام نہ کیا جائے تو نبی غیرنبی میں وجہِ فرق بیان کرنا ضرور ہے[1]" انتہی۔ کیا رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم اور جانوروں پاگلوں میں فرق نہ جاننے والا حضور کو گالی نہیں دیتا، کیا اس نے اللہ عزوجل کے کلام کا صراحۃً رد و ابطال نہ کر دیا۔ دیکھو تمھارا رب عزوجل فرماتا ہے:

وعلّمك مالم تكن تعلم ط وكان فضل الله عليك عظيما[2]

اے نبی! اللہ نے تم کو سکھایا جو تم نہ جانتے تھے اور اللہ کا فضل تم پر بڑا ہے۔

یہاں نامعلوم باتوں کا علم عطا فرمانے کو اللہ عزوجل نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے کمالات و مدائح میں شمار فرمایا۔

اور فرماتا ہے:

وانّه لذو علمٍ لما علّمنٰه[3]

بیشک یعقوب ہمارے سکھائے سے علم والا ہے۔

---

[1] حفظ الایمان جواب سوال سوم کتب خانہ اعزازیہ دیوبندیہ سہارنپور بھارت ص ۷
،، مع تغییر العنوان ،، محمد عثمان تاجر الکتب فی دریبہ کلاں دہلی ص ۷ و ۱۷

[2] القرآن الکریم ۴/ ۱۱۳ [3] القرآن الکریم ۱۲/ ۶۸

اور فرماتا ہے:

و بشروہ بغلٰم علیم[1]

ملائکہ نے ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کو ایک علم والے لڑکے اسحٰق علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بشارت دی۔

اور فرماتا ہے:

وعلمنٰہ من لدنا علما[2]

اور ہم نے خضر (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کو اپنے پاس سے ایک علم سکھایا۔

وغیرہا آیات جن میں اللہ تعالٰی نے علم کو کمالاتِ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام میں گنا۔ اب زید کی جگہ اللہ عزوجل کا نام پاک لیجئے اور علمِ غیب کی جگہ مطلق علم جس کا ہر چوپائے کو ملنا اور بھی ظاہر ہے، اور دیکھئے کہ اس بدگوئے مصطفٰے صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی تقریر کس طرح اللہ عزوجل کا رد کر رہی ہے یعنی یہ بدگو خدا کے مقابل کھڑا ہو کر کہہ رہا ہے کہ آپ (یعنی نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اور دیگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ذاتِ مقدسہ پر علم کا اطلاق کیا جانا اگر بقولِ زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس علم سے مراد بعض علم ہے یا کل علوم، اگر بعض علوم مراد ہیں تو اس میں حضور (اور دیگر انبیاء) کی کیا تخصیص ہے ایسا علم تو زید و عمرو بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے کیونکہ ہر شخص کو کسی نہ کسی بات کا علم ہوتا ہے تو چاہیئے کہ سب کو عالم کہا جائے پھر اگر زید اس کا التزام کرلے کہ ہاں میں سب کو عالم کہوں گا تو پھر علم کو منجملہ کمالاتِ نبویہ شمار کیوں کیا جاتا ہے جس امر میں مؤمن بلکہ انسان کی بھی خصوصیت نہ ہو وہ کمالاتِ نبوت سے کب ہو سکتا ہے اور اگر التزام نہ کیا جاوے تو نبی اور غیر نبی میں وجہ فرق بیان کرنا ضرور ہے، اور اگر تمام علوم غیب مراد ہیں اس طرح کہ اس کی ایک فرد بھی خارج نہ رہے تو اس کا بطلان دلیلِ عقلی و نقلی سے ثابت ہے[3]" انتہے، پس ثابت ہوا کہ خدا کے وہ سب اقوال اسی کی اسی دلیل سے باطل ہیں۔

مسلمانو! دیکھا کہ اس بدگو نے فقط محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہی کو گالی نہ دی بلکہ ان کے رب جل وعلا کے کلاموں کو بھی باطل و مردود کر دیا۔

---

[1] القرآن الکریم ۵۱/ ۲۸ [2] القرآن الکریم ۱۸/ ۶۵

[3] حفظ الایمان جواب سوال سوم کتب خانہ اعزازیہ دیوبندیہ سہارنپور بھارت ص ۸

حفظ الایمان مع تغییر العنوان " محمد عثمان تاجر الکتب فی دریبہ کلاں دہلی ص ۷ و ۱۷

مسلمانو! جس کی جرأت یہاں تک پہنچی کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے علمِ غیب کو پاگلوں اور جانوروں کے علم سے ملادے اور ایمان واسلام وانسانیت سب سے آنکھیں بند کرکے صاف کہہ دے کہ نبی اور جانور میں کیا فرق ہے اُس سے کیا تعجب کہ خدا کے کلاموں کو رَد کردے، باطل بتائے، پسِ پُشت ڈالے، زیرِ پا ملے، بلکہ جو یہ کچھ سب کلام اللہ کے ساتھ کرچکا وہی رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ساتھ اس گالی پر جرأت کرسکے گا مگر ہاں اس سے دریافت کرو کہ آپ کی یہ تقریر خود آپ اور آپ کے اساتذہ میں جاری ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو کیوں، اور ہے تو کیا جواب۔ ہاں ان بدگویوں سے کہو کیا آپ حضرات اپنی تقریر کے طور پر جو آپ نے محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شان میں جاری کی خود اپنے آپ سے اس دریافت کی اجازت دے سکتے ہیں کہ آپ صاحبوں کو عالم فاضل مولوی مُلّا چنین چنان فلاں فلاں کیوں کہا جاتا ہے اور حیوانات و بہائم مثلاً کُتّے سوّر کو کوئی ان الفاظ سے تعبیر نہیں کرتا۔ ان مناصب کے باعث آپ کے اتباع واذناب آپ کی تعظیم تکریم توقیر کیوں کرتے، دست و پا پر بوسہ دیتے ہیں اور جانوروں مثلاً اُلّو گدھے کے ساتھ کوئی یہ برتاؤ نہیں برتتا، اس کی کیا وجہ ہے، کُل علم تو قطعاً آپ صاحبوں کو نہیں اور بعض میں آپ کی کیا تخصیص، ایسا علم تو اُلّو، گدھے، کُتّے، سوّر سب کو حاصل ہے تو چاہیئے کہ ان سب کو عالم وفاضل چنین وچنان کہا جائے، پھر اگر آپ اس کا التزام کریں کہ ہاں ہم سب کو علماء کہیں گے تو پھر علم کو آپ کے کمالات میں کیوں شمار کیا جاتا ہے جس امر میں مومن بلکہ انسان کی بھی خصوصیت نہ ہو گدھے، کُتّے، سوّر سب کو حاصل ہو وہ آپ کے کمالات سے کیوں ہوا اور اگر التزام نہ کیا جائے تو آپ ہی کے بیان سے آپ میں اور گدھے، کُتّے، سوّر میں وجہِ فرق بیان کرنا ضرور ہے فقط۔

مسلمانو! یُوں دریافت کرتے ہی بعونہٖ تعالےٰ صاف کُھل جائے گا کہ ان بدگویوں نے محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو کیسی صریح شدید گالی دی اور اُن کے رب عزوجل کے قرآن مجید کو جابجا کیسا رَد و باطل کہہ دیا۔

مسلمانو! خاص اس بدگو اور اس کے ساتھیوں سے پوچھو ان پر خود ان کے اقرار سے قرآن عظیم کی یہ آیات چسپاں ہوئیں یا نہیں۔

تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے:

ولقد ذرأنا لجھنم کثیرا من الجن والانس صلے لھم قلوب لا یفقھون بھا ولھم اعین لایبصرون بھا ولھم اٰذان لایسمعون بھا ط اولٰئك کالانعام بل ھم اضل ط اولٰئك ھم الغٰفلون[1]

---

[1] القرآن الکریم ۷/ ۱۷۹

اور بیشک ضرور ہم نے جہنم کے لئے پھیلا رکھے ہیں بہت سے جن اور آدمی، ان کے وہ دل ہیں جن سے حق کو نہیں سمجھتے اور وہ آنکھیں ہیں جن سے حق کا راستہ نہیں سوجھتے اور وہ کان ہیں جن سے حق بات نہیں سنتے، وہ چوپاؤں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی بڑھ کر بھٹکے ہوئے، وہی لوگ غفلت میں پڑے ہیں۔

اور فرماتا ہے:

ارءیت من اتخذ الٰھہ ھوٰنہ ط افانت تکون علیہ وکیلا ۝ ام تحسب ان اکثرھم یسمعون او یعقلون ط ان ھم الا کالانعام بل ھم اضل سبیلا ۝[1]

بھلا دیکھو تو جس نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنا لیا تو کیا تو اس کا ذمہ لے گا یا تجھے گمان ہے کہ ان میں بہت سے کچھ سنتے یا عقل رکھتے ہیں وہ تو نہیں مگر جیسے چوپائے بلکہ وہ تو ان سے بھی بڑھ کر گمراہ ہیں۔

ان بدگویوں نے چوپاؤں کا علم تو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے علم کے برابر مانا اب ان سے پوچھئے کیا تمہارا علم انبیاء یا خود حضور سید الانبیاء علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والثناء کے برابر ہے، ظاہراً اس کا دعویٰ نہ کریں گے۔ اور اگر کہہ بھی دیں کہ جب چوپاؤں سے برابری کر دی آپ تو دوپائے ہیں برابری ماننے کیا مشکل ہے، تو یوں پوچھئے کہ تمہارے استادوں، پیروں، ملاؤں میں کوئی بھی ایسا گزرا جو تم سے علم میں زیادہ ہو یا سب ایک برابر ہوئے آخر کہیں تو فرق نکالیں گے تو ان کے وہ استاد وغیرہ تو ان کے اقرار سے علم میں چوپاؤں کے برابر ہوئے اور یہ اُن سے علم میں کم ہیں جب تو ان کی شاگردی کی اور جو ایک مساوی سے کم ہو دوسرے سے بھی ضرور کم ہوگا تو یہ حضرات خود اپنی تقریر کی رو سے چوپاؤں سے بڑھ کر گمراہ ہوئے اور ان آیتوں کے مصداق ٹھہرے۔

کذٰلک العذاب ط ولعذاب الاٰخرۃ اکبر م لو کانوا یعلمون[2]

مار ایسی ہوتی ہے اور بیشک آخرت کی مار سب سے بڑی، کیا اچھا تھا اگر وہ جانتے۔ (ت)

مسلمانو! یہ حالتیں تو ان کلمات کی تھیں جن میں انبیائے کرام و حضور پرنور سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ہاتھ صاف کئے گئے پھر ان عبارات کا کیا پوچھنا جن میں اصالۃً بالقصد رب العزۃ عزجلالہ کی عزت پر حملہ کیا گیا ہو۔ خدارا انصاف! کیا جس نے کہا کہ میں نے کب کہا ہے کہ میں وقوع کذب باری کا قائل نہیں ہوں[3]

---

[1] القرآن الکریم ۲۵/ ۴۳ و ۴۴

[2] القرآن الکریم ۶۸/ ۳۳

[3]

یعنی وہ شخص اس کا قائل ہے کہ خدا بالفعل جھوٹا ہے جھوٹ بولا جھوٹ بولتا ہے اس کی نسبت یہ فتویٰ دینے والا کہ اگرچہ اس نے تاویلِ آیات میں خطا کی مگر تاہم اس کو کافر یا بدعتی ضال کہنا نہیں چاہیے[1] جس نے کہا کہ اس کو کوئی سخت کلمہ نہ کہنا چاہیے[2] جس نے کہا کہ اس میں تکفیرِ علمائے سلف کی لازم آتی ہے حنفی شافعی پر طعن و تضلیل نہیں کر سکتا[3] یعنی خدا کو معاذ اللہ جھوٹا کہنا بہت سے علمائے سلف کا بھی مذہب تھا یہ اختلاف حنفی شافعی کا سا ہے کسی نے ہاتھ ناف سے اوپر باندھے کسی نے نیچے، ایسا ہی اسے بھی سمجھو کہ کسی نے خدا کو سچا کہا کسی نے جھوٹا، لہٰذا ایسے کو تضلیل و تفسیق سے مامون کرنا چاہیے[4] یعنی جو خدا کو جھوٹا کہے اسے گمراہ کیا معنی گنہگار بھی نہ کہو۔ کیا جس نے یہ سب تو اس مکذبِ خدا کی نسبت بتایا اور یہیں خود اپنی طرف سے باوصف اس بے معنی اقرار کہ قدرۃ علی الکذب مع امتناع الوقوع مسئلہ اتفاقیہ ہے[5] صاف صریح کہہ دیا کہ وقوعِ کذب کے معنی درست ہو گئے[6] یعنی یہ بات ٹھیک ہو گئی کہ خدا سے کذب ہوا۔ کیا یہ شخص مسلمان رہ سکتا ہے، کیا جو ایسے کو مسلمان سمجھے خود مسلمان ہو سکتا ہے۔

مسلمانو! خدارا انصاف، ایمان نام کاہے کا تھا، تصدیقِ الٰہی کا۔ تصدیق کا صریح مخالف کیا ہے، تکذیب۔ تکذیب کے کیا معنیٰ ہیں، کسی کی طرف کذب منسوب کرنا۔ جب صراحۃً خدا کو کاذب کہہ کر بھی ایمان باقی رہے تو خدا جانے ایمان کس جانور کا نام ہے۔ خدا جانے مجوس و ہنود و نصاریٰ و یہودیوں کافر ہوئے، ان میں تو کوئی صاف صاف اپنے معبود کو جھوٹا بھی نہیں بتاتا۔ ہاں معبودِ برحق کی باتوں کو یوں نہیں مانتے کہ انھیں اس کی باتیں ہی نہیں جانتے یا تسلیم نہیں کرتے، ایسا تو دنیا کے پردے پر کوئی کافر سا کافر بھی شاید نہ نکلے کہ خدا کو خدا مانتا، اس کے کلام کو اس کا کلام جانتا اور پھر بے دھڑک کہتا ہو کہ اس نے جھوٹ کہا اس سے وقوعِ کذب کے معنی درست ہو گئے۔ غرض کوئی ذی انصاف شک نہیں کر سکتا کہ ان تمام بدگویوں نے منہ بھر کر اللہ و رسول کو گالیاں دی ہیں، اب یہی وقتِ امتحانِ الٰہی ہے، واحد قہار جبار عز جلالہ سے ڈرو اور

---

[1]

[2]

[3]

[4]

[5]

[6] امطار الحق رشید احمد گنگوہی کا عقیدہ وقوع کذب باری تعالیٰ مطبع دت پرشاد بمبئی انڈیا ص ۳۱

وہ آیتیں کہ اوپر گزریں پیش نظر رکھ کر عمل کرو۔ آپ تمہارا ایمان تمہارے دلوں میں تمام بدگویوں سے نفرت بھر دے گا ہرگز اللہ و محمد رسول اللہ جل وعلا و صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کے مقابل تمھیں ان کی حمایت نہ کرنے دے گا تم کو ان سے گھن آئے گی نہ کہ ان کی پچ کرو اللہ و رسول کے مقابل ان کی گالیوں مہمل وبیہودہ تاویل گھڑو۔

للہ انصاف! اگر کوئی شخص تمہارے ماں باپ، استاد، پیر کو گالیاں دے اور نہ صرف زبانی بلکہ لکھ لکھ کر چھاپے، شائع کرے، کیا تم اس کا ساتھ دو گے یا اس کی بات بنانے کو تاویلیں گھڑو گے یا اس کے بکنے سے بے پروائی کرکے اس سے بدستور صاف رہو گے، نہیں نہیں۔ اگر تم میں انسانی حمیت ماں باپ کی عزت حرمت عظمت محبت کا نام نشان بھی لگا رہ گیا ہے تو اس بدگو دشنامی کی صورت سے نفرت کرو گے، اس کے سایہ سے دور بھاگو گے، اس کا نام سن کر غیظ لاؤ گے جو اس کے لئے بناوٹیں گھڑے اس کے بھی دشمن ہو جاؤ گے۔ پھر خدا کے لئے ماں باپ کو ایک پلے میں رکھو اور اللہ واحد قہار و محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم کی عزت و عظمت پر ایمان کو دوسرے پلے میں۔ اگر مسلمان ہو تو ماں باپ کی عزت کو اللہ و رسول کی عزت سے کچھ نسبت نہ مانو گے ماں باپ کی محبت و حمایت کو اللہ و رسول کی محبت و خدمت کے آگے ناچیز جانو گے تو واجب واجب لاکھ لاکھ واجب سے بڑھ کر واجب کہ ان کے بدگو سے وہ نفرت و دوری و غیظ و جدائی ہو کہ ماں باپ کے دشنام دہندہ کے ساتھ اس کا ہزاروں حصّہ نہ ہو۔ یہ ہیں وہ لوگ جن کے لئے ان سات نعمتوں کی بشارت ہے۔

مسلمانو! تمہارا یہ ذلیل خیر خواہ امید کرتا ہے کہ اللہ واحد قہار کی ان آیات اور اس بیان شافی واضح البینات کے بعد اس بارہ میں آپ سے زیادہ عرض کی حاجت نہ ہو تمہارے ایمان خود ہی ان بدگویوں سے وہی پاک مبارک الفاظ بول اٹھیں گے جو تمہارے رب عز وجل نے قرآن عظیم میں تمہارے سکھانے کو قوم ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے نقل فرمائے۔

تمہارا رب عز وجل فرماتا ہے:

قد كانت لكم اسوة حسنة فى ابراهيم والذين معه ج اذ قالوا لقومهم انّا برءٰؤا منكم ومما تعبدون من دون الله كفرنا بكم وبدا بيننا وبينكم العداوة والبغضاء ابدا حتى تؤمنوا بالله وحده (الى قوله تعالى) لقد كان لكم فيهم اسوة حسنة لمن كان يرجوا الله واليوم الاخرط ومن يتول فان الله هو الغنى الحميد[1]

---

[1] القرآن الكریم ۶۰/ ۴ تا ۶

بیشک تمہارے لئے ابراہیم اور اس کے ساتھ والے مسلمانوں میں اچھی ریس ہے جب وہ اپنی قوم سے بولے بیشک ہم تم سے بیزار ہیں اور ان سب سے جن کو تم خدا کے سوا پوجتے ہو ہم تمہارے منکر ہوئے اور ہم میں اور تم میں دشمنی اور عداوت ہمیشہ کو ظاہر ہو گئی جب تک تم ایک اللہ پر نہ لاؤ بیشک ضرور ان میں تمہارے لئے عمدہ ریس تھی اُس کے لئے جو اللہ اور قیامت کی امید رکھتا ہو اور جو منہ پھیرے تو بیشک اللہ ہی بے پروا سراہا گیا ہے۔

یعنی وُہ جو تم سے یہ فرما رہا ہے کہ جس طرح میرے خلیل اور اُن کے ساتھ والوں نے کیا کہ میرے لئے اپنی قوم کے صاف دشمن ہو گئے اور تنکا توڑ کر ان سے جُدائی کرلی اور کھول کر کہہ دیا کہ ہمیں تم سے کچھ علاقہ نہیں ہم تم سے قطعی بیزار ہیں تمہیں بھی ایسا ہی کرنا چاہیئے یہ تمہارے بھلے کو تم سے فرمارہے ہیں۔ مانو تو تمہاری خیر ہے نہ مانو تو اللہ کو تمہاری کچھ پروا نہیں جہاں وُہ میرے دشمن ہُوئے اُن کے ساتھ تم بھی سہی میں تمام جہان سے غنی ہوں اور تمام خُوبیوں سے موصوف، جل عُلا و تبارک و تعالٰے۔

یہ تو قرآن عظیم کے احکام تھے، اللہ تعالٰے جس سے بھلائی چاہے گا ان پر عمل کی توفیق دے گا، مگر یہاں دو فرقے ہیں جن کو ان احکام میں عذر پیش آتے ہیں:

**فرقہ اوّل**: بے علم نادان۔ ان کے عذر دو قسم کے ہیں:

**عذرِ اوّل**: فلاں تو ہمارا اُستاد یا بزرگ یا دوست ہے، اس کا جواب تو قرآن عظیم کی متعدد آیات سے سُن چکے کہ رب عزوجل نے بار بار بتکرار صراحۃً فرمادیا کہ غضبِ الٰہی سے بچنا چاہتے ہو تو اس باب میں اپنے باپ کی بھی رعایت نہ کرو۔

**عذرِ دوم**: صاحب یہ بدگو لوگ بھی تو مولوی ہیں، بھلا مولویوں کو کیونکر کافر یا بُرا مانیں، اس کا جواب تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے:

افرءیت من اتخذ الٰھہ ھوٰہ واضلہ اللہ علٰی علم وختم علٰی سمعہ وقلبہ وجعل علٰی بصرہ غشٰوۃ ط فمن یھدیہ من بعد اللہ ط افلا تذکرون[1]

بھلا دیکھ تو جس نے اپنی خواہش کو خدا بنالیا اور اللہ نے علم ہوتے ساتے اسے گمراہ کیا اور اُس کے کان اور دل پر مُہر لگادی اور اس کی آنکھ پر پٹی چڑھادی تو کون اُسے راہ پر لائے اللہ کے

---

[1] القرآن الکریم ۴۵/ ۲۳

بعد، کیا تم دھیان نہیں کرتے۔

اور فرماتا ہے:

مثل الذین حمّلوا التورٰىۃ ثم لم یحملوھا کمثل الحمار یحمل اسفارا ط بئس مثل القوم الذین کذّبوا باٰیٰت اللّٰہ ط واللّٰہ لا یھدی القوم الظّٰلمین[1]

وہ جن پر توارت کا بوجھ رکھا گیا پھر انھوں نے اسے نہ اٹھایا اُن کا حال اُس گدھے کا سا ہے جس پر کتابیں لدی ہوں، کیا بُری مثال ہے اُن کی جنھوں نے خدا کی آیتیں جُھٹلائیں اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔

اور فرماتا ہے:

واتل علیھم نبأ الذی اٰتینٰہ اٰیٰتنا فانسلخ منھا فاتبعہ الشیطٰن فکان من الغٰوین ٥ ولو شئنا لرفعنٰہ بھا ولکنّہ اخلد الی الارض واتبع ھوٰیہ ج فمثلہ کمثل الکلب ج ان تحمل علیہ یلھث او تترکہ یلھث ط ذٰلک مثل القوم الذین کذبوا باٰیٰتنا فاقصص القصص لعلھم یتفکرون ٥ سآء مثلاَۨ القوم الذین کذبوا باٰیٰتنا وانفسھم کانوا یظلمون ٥ من یھد اللّٰہ فھو المھتدی ج ومن یضلل فاولٰئک ھم الخٰسرون[2] ٥

انھیں پڑھ کر سنا خبر اُس کی جسے ہم نے اپنی آیتوں کا علم دیا تھا وہ ان سے نکل گیا تو شیطان اس کے پیچھے لگا کہ گمراہ ہوگیا اور ہم چاہتے تو اُس علم کے باعث اُسے گرے سے اُٹھا لیتے مگر وہ تو زمین پکڑ گیا اور اپنی خواہش کا پیرو ہوگیا تو اُس کا حال کُتّے کی طرح ہے تو اس پر حملہ کرے تو زبان نکال کر ہانپے اور چھوڑ دے تو ہانپے، یہ اُن کا حال ہے جنھوں نے ہماری آیتیں جھُٹلائیں تو ہمارا یہ ارشاد بیان کر کہ شاید لوگ سوچیں کیا بُرا حال ہے اُن کا جنھوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں اور اپنی ہی جانوں پر ستم ڈھاتے تھے جسے خدا ہدایت کرے وہی راہ پائے اور جسے گمراہ کرے تو وہی سراسر نقصان میں ہیں۔

یعنی ہدایت کچھ علم پر موقوف نہیں خدا کے اختیار میں ہے یہ آیتیں ہیں اور حدیثیں جو گمراہ عالموں کی مذمت میں ہیں اُن کا تو شمار ہی نہیں یہاں تک کہ ایک حدیث میں ہے دوزخ کے فرشتے بُت پرستوں سے پہلے انھیں پکڑیں گے یہ کہیں گے کیا ہمیں بُت پوجنے والوں سے بھی پہلے لیتے ہو؟ جواب ملے گا لیس من یعلم کمن لا یعلم[3]

---

[1] القرآن الکریم ۵/۶۲

[2] " ۷/۱۷۵ تا ۱۷۸

[3] شعب الایمان حدیث ۱۹۰۰ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۲/۳۰۹

جاننے والے اور انجان برابر نہیں۔

بھائیو! عالم کی عزت تو اس بنا پر تھی کہ وہ نبی کا وارث ہے نبی کا وارث وہ جو ہدایت پر ہو اور جب گمراہی پر ہے تو نبی کا وارث ہوا یا شیطان کا، اس وقت اس کی تعظیم نبی کی تعظیم ہوتی، اب اس کی تعظیم شیطان کی تعظیم ہوگی۔ یہ اس صورت میں ہے کہ عالم کفر سے نیچے کسی گمراہی میں ہو جیسے بد مذہبوں کے علماء۔ پھر اس کا کیا پوچھنا جو خود کفر شدید میں ہو اُسے عالم دین جاننا ہی کفر ہے نہ کہ عالم دین جان کر اس کی تعظیم۔

بھائیو! علم اُس وقت نفع دیتا ہے کہ دین کے ساتھ ہو ورنہ پنڈت یا پادری کیا اپنے یہاں کے عالم نہیں، ابلیس کتنا بڑا عالم تھا پھر کیا کوئی مسلمان اس کی تعظیم کرے گا، اسے معلم الملکوت کہتے ہیں یعنی فرشتوں کو علم سکھاتا تھا جب سے اس نے محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم سے منہ موڑا حضور کا نور کہ پیشانی آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام میں رکھا گیا اُسے سجدہ نہ کیا اُس وقت سے لعنتِ ابدی کا طوق اس کے گلے میں پڑا، دیکھو جب سے اُس کے شاگردانِ رشید اُس کے ساتھ کیا برتاؤ کرتے ہیں ہمیشہ اس پر لعنت بھیجتے ہیں، ہر رمضان میں مہینہ بھر اُسے زنجیروں میں جکڑتے ہیں قیامت کے دن کھینچ کر جہنم میں دھکیلیں گے۔ یہاں سے علم کا جواب بھی واضح ہوگیا اور اُستاذی کا بھی۔

بھائیو! کروڑ کروڑ افسوس ہے اُس ادعائے مسلمانی پر کہ اللہ واحد قہار اور محمد رسول اللہ سید الابرار صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے زیادہ استاد کی وقعت ہو، اللہ و رسول سے بڑھ کر بھائی یا دوست یا دنیا میں کسی کی محبت ہو۔ اے رب! ہمیں سچا ایمان دے صدقہ اپنے حبیب کی سچی عزت سچی رحمت کا، صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم، آمین!

---

؏ تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی ج ۲ ص ۵۵۴ زیر قولہ تعالیٰ تلک الرسل فضلنا: ان الملٰئکۃ امروا بالسجود لاٰدم لاجل ان نور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی جبھۃ اٰدم[1]۔

تفسیر نیشاپوری ج ۳ ص ۷: سجود الملئکۃ لاٰدم انما کان لاجل نور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الذی کان فی جبھتہ[2]۔

دونوں عبارتوں کا حاصل یہ ہے کہ فرشتوں کا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سجدہ کرنا اس لئے تھا کہ ان کی پیشانی میں نورِ محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم تھا ۱۲ منہ

---

[1] مفاتیح الغیب (التفسیر الکبیر) تحت الآیۃ ۲/۲۵۳ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۶/۱۶۹

[2] غرائب القرآن و رغائب الفرقان " " مصطفے البابی مصر ۳/۷

**فرقہ دوم**: معاندین و دشمنانِ دین کہ خود انکارِ ضروریاتِ دین رکھتے ہیں اور صریح کفر کرکے اپنے اوپر سے نامِ کفر مٹانے کو اسلام و قرآن و خدا و رسول کے ساتھ تمسخر کرتے اور براہِ اغوار و تلبیس شیوۂ ابلیس وہ باتیں بناتے ہیں کہ کسی طرح ضروریاتِ دین ماننے کی قید اُٹھ جائے اسلام فقط طوطے کی طرح زبان سے کلمہ رَٹ لینے کا نام رہ جائے، بس کلمہ کا نام لیتا ہو پھر چاہے خدا کو جھوٹا کذاب کہے چاہے رسول کو سڑی سڑی گالیاں دے اسلام کسی طرح نہ جائے۔

بل لعنهم الله بكفرهم فقليلا ما يؤمنون۝[1]

بلکہ اللہ نے ان پر لعنت کی ان کے کُفر کے سبب تو ان میں تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔ (ت)

یہ مسلمانوں کے دشمن، اسلام کے عدو عوام کو چھلنے اور خدائے واحد قہار کا دین بدلنے کے لئے چند شیطانی مکر پیش کرتے ہیں:

**مکرِ اوّل**: اسلام نام کلمہ گوئی کا ہے، حدیث میں فرمایا:

**من قال لا اله الا الله دخل الجنة۔**[2]

جس نے لا الٰہ الا اللہ کہہ لیا جنت میں جائے گا۔

پھر کسی قول یا فعل کی وجہ سے کافر کیسے ہو سکتا ہے۔ مسلمانو! ذرا ہوشیار، خبردار، اس مکر ملعون کا حاصل یہ ہے کہ زبان سے لا الٰہ الا اللہ کہہ لینا گویا خدا کا بیٹا بن جانا ہے، آدمی کا بیٹا اگر اُسے گالیاں دے جُوتیاں مارے، کچھ کرے، اس کے بیٹے ہونے سے نہیں نکل سکتا۔ یُونہی جس نے لا الٰہ الا اللہ کہہ لیا اب وُہ چاہے خدا کو جھوٹا کذّاب کہے چاہے رسول کو سڑی سڑی گالیاں دے اس کا اسلام نہیں بدل سکتا۔

اس مکر کا **جواب** ایک تو اسی آیۂ کریمہ الم۝ احسب الناس[3] میں گزرا کیا لوگ اس گھمنڈ میں ہیں کہ نرے ادعائے اسلام پر چھوڑ دیئے جائیں گے اور امتحان نہ ہوگا۔ اسلام اگر فقط کلمہ گوئی کا نام تھا تو وہ بیشک حاصل تھی پھر لوگوں کا گھمنڈ کیوں غلط تھا جسے قرآنِ عظیم رَد فرما رہا ہے، نیز تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے:

---

[1] القرآن الکریم ۲/ ۸۸

[2] المعجم الکبیر حدیث ۶۳۴۸ داراحیاء التراث العربی بیروت ۷/ ۴۸

المستدرک للحاکم کتاب التوبۃ والانابۃ دارالفکر بیروت ۴/ ۲۵۱

[3] القرآن الکریم ۲۹/ ۱، ۲

قالت الاعراب اٰمنا ط قل لم تؤمنوا ولکن قولوا اسلمنا و لمّا یدخل الایمان فی قلوبکم ط[1]

یہ گنوار کہتے ہیں ہم ایمان لائے، تم فرمادو ایمان تو تم نہ لائے ہاں یوں کہو کہ ہم مطیع اسلام ہوئے ایمان ابھی تمہارے دلوں میں کہاں داخل ہوا۔

اور فرماتا ہے:

اذا جاءک المنٰفقون قالوا نشھد انک لرسولہ م واللہ یعلم انک لرسولہ ط واللہ یشھد ان المنٰفقین لکٰذبون ۵[2]

منافقین جب تمہارے حضور حاضر ہوتے ہیں کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ بیشک حضور یقیناً خدا کے رسول ہیں، اور اللہ خوب جانتا ہے کہ بیشک تم ضرور اس کے رسول ہو اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بیشک یہ منافق ضرور جھوٹے ہیں۔

دیکھو کیسی لمبی چوڑی کلمہ گوئی، کیسی کیسی تاکیدوں سے مؤکد، کیسی کیسی قسموں سے مؤید، ہرگز موجب اسلام نہ ہوئی، اور اللہ واحد قہار نے ان کے جھوٹے کذاب ہونے کی گواہی دی تو من قال لا الٰہ الا اللہ دخل الجنۃ کا یہ مطلب گھڑنا صراحۃً قرآن عظیم کا رد کرنا ہے۔ ہاں جو کلمہ پڑھتا اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہو ہم اسے مسلمان جانیں گے جب تک اس سے کوئی کلمہ کوئی حرکت کوئی فعل منافی اسلام نہ صادر ہو، بعد صدور منافی ہرگز کلمہ گوئی کام نہ دے گی۔

تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے:

یحلفون باللہ ما قالوا ط ولقد قالوا کلمۃ الکفر وکفروا بعد اسلامھم[3]

خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے نبی کی شان میں گستاخی نہ کی اور البتہ بیشک وہ یہ کفر کا بول بولے اور مسلمان ہوکر کافر ہوگئے۔

ابن جریر و طبرانی و ابوالشیخ و ابن مردویہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایک پیڑ کے سایہ میں تشریف فرما تھے ارشاد فرمایا: عنقریب

---

[1] القرآن الکریم ۴۹/ ۱۴

[2] ؍؍ ۶۳/ ۱

[3] ؍؍ ۹/ ۷۴

ایک شخص آئے گا کہ تمھیں شیطان کی آنکھوں سے دیکھے گا وہ آئے تو اس سے بات نہ کرنا۔ کچھ دیر نہ ہوئی تھی کہ ایک کرنجی آنکھوں والا سامنے سے گزرا، رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اسے بلا کر فرمایا، تو اور تیرے رفیق کس بات پر میری شان میں گستاخی کے لفظ بولتے ہیں۔ وہ گیا اور اپنے رفیقوں کو بلا لایا سب نے آکر قسمیں کھائیں کہ ہم نے کوئی کلمہ حضور کی شان میں بے ادبی کا نہ کہا۔ اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت اتاری کہ خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے گستاخی نہ کی اور بیشک ضرور وہ یہ کفر کا کلمہ بولے اور تیری شان میں بے ادبی کرکے اسلام کے بعد کافر ہو گئے[1]

دیکھو اللہ گواہی دیتا ہے کہ نبی کی شان میں بے ادبی کا لفظ کلمۂ کفر ہے اور اس کا کہنے والا اگرچہ لاکھ مسلمانی کا مدعی کروڑ بار کا کلمہ گو ہو، کافر ہو جاتا ہے۔

اور فرماتا ہے :

ولئن سألتهم ليقولنّ انما كنّا نخوض ونلعب ط قل اباللّٰه واٰيٰته ورسوله كنتم تستهزءون ۝ لا تعتذروا قد كفرتم بعد ايمانكم ط[2]

اور اگر تم اُن سے پُوچھو تو بیشک ضرور کہیں گے کہ ہم تو یُونہی ہنسی کھیل میں تھے، تم فرمادو کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ٹھٹھا کرتے تھے بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے اپنے ایمان کے بعد۔

ابن ابی شیبہ و ابن ابی جریر و ابن المنذر و ابن ابی حاتم و ابوالشیخ امام مجاہد تلمیذ خاص سیّدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہم سے روایت فرماتے ہیں :

انه قال فى قوله تعالٰى "ولئن سألتهم ليقولن انما كنّا نخوض ونلعب" قال رجل من المنافقين يحدثنا محمد ان ناقة فلان بوادى كذا وكذا وما يدريه بالغيب۔

یعنی کسی شخص کی اُونٹنی گم ہوگئی اس کی تلاش تھی رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا اونٹنی فلاں جنگل میں فلاں جگہ ہے۔ اس پر ایک منافق بولا محمد (صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم) بتاتے ہیں کہ اونٹنی فلاں جگہ ہے محمد غیب کیا جانیں۔ اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت کریمہ اتاری کہ کیا اللہ و رسول

---

[1] الدر المنثور بحوالہ ابن جریر والطبرانی وابن مردویہ تحت الآیۃ ۹/ ۷۴ دار احیاء التراث العربی بیروت ۴/ ۲۱۹

[2] القرآن الکریم ۹/ ۶۵، ۶۶

سے ٹھٹھا کرتے ہو بہانے نہ بناؤ تم مسلمان کہلا کر اس لفظ کے کہنے سے کافر ہوگئے۔

(دیکھو تفسیر امام ابن جریر مطبع مصر جلد دہم ص ۱۰۵ و تفسیر[1] درمنثور امام جلال الدین سیوطی جلد سوم ص ۲۵۴)

مسلمانو! دیکھو محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی شان میں اتنی گستاخی کرنے سے کہ "وہ غیب کیا جانیں" کلمہ گوئی کام نہ آئی اور اللہ تعالٰی نے صاف فرمادیا کہ بہانے نہ بناؤ تم اسلام کے بعد کافر ہوگئے۔ یہاں سے وہ حضرات بھی سبق لیں جو رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے علوم غیوب سے مطلقاً منکر ہیں، دیکھو یہ قول منافق کا ہے اور اس کے قائل کو اللہ تعالٰی نے اللہ و قرآن و رسول سے ٹھٹھا کرنے والا بتایا اور صاف صاف کافر مرتد ٹھہرایا، اور کیوں نہ ہو کہ غیب کی بات جاننی شان نبوت ہے جیسا کہ امام حجۃ الاسلام محمد غزالی و امام احمد قسطلانی و مولٰنا علی قاری و علامہ محمد زرقانی وغیرہم اکابر نے تصریح فرمائی جس کی تفصیل رسائل علم غیب میں بفضلہ تعالٰی بروجہ اعلٰی مذکور ہوئی۔ پھر اس کی سخت شامت کمال ضلالت کا کیا پوچھنا جو غیب کی ایک بات بھی خدا کے بتائے سے بھی نبی کو معلوم ہونا محال و ناممکن بتاتا ہے[عہ۱] اس کے نزدیک اللہ سے سب چیزیں غائب ہیں اور اللہ کو اتنی قدرت نہیں کہ کسی کو ایک غیب کا علم دے سکے، اللہ تعالٰی شیطان کے دھوکوں سے پناہ دے آمین! ہاں بے خدا کے بتائے کسی کو ذرہ بھر کا علم ماننا ضرور کفر ہے۔ اور جمیع معلومات الٰہیہ کو علم مخلوق کا محیط ہونا بھی باطل اور اکثر علماء[عہ۲] کے خلاف ہے، لیکن روز ازل سے روز آخرت تک کا ماکان و مایکون اللہ تعالٰی کے معلومات سے وہ نسبت بھی نہیں رکھتا جو ایک ذرّے کے لاکھویں کروڑویں

---

عہ۱: اس نئے شاخسانے کے رد میں بفضلہ تعالٰی چار رسالے ہیں، ازاحۃ[1] العیب جوانح الغیب، الجلاء[2] الکامل ابرار[3] المجنون، مُمیل[4] الھداۃ، جن میں پہلا ان شاء اللہ مع ترجمہ عنقریب شائع ہوگا اور باقی تین بھی بعونہٖ تعالٰی اس کے بعد و باللہ التوفیق ۱۲

عہ۲: اکثر کی قید کا فائدہ رسالہ "الفیوض المکیۃ لمحب الدولۃ المکیۃ" میں ملاحظہ ہوگا ان شاء اللہ تعالٰی ۱۲

---

[1] الدرالمنثور بحوالہ ابن ابی شیبۃ و ابن المنذر و ابن ابی حاتم و ابی الشیخ عن مجاہد تحت الآیۃ ۹/۶۵ بیروت ۴/۲۱۰

جامع البیان (تفسیر ابن جریر) تحت الآیۃ ۹/۶۵ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۰/۱۹۶

حصے برابر تری کو کروڑہا کروڑ سمندروں سے ہو بلکہ یہ خود علوم محمدیہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہے۔ ان تمام امور کی تفصیل الدولۃ المکیہ وغیرہا میں ہے۔ خیر یہ تو جملہ معترضہ تھا اور ان شاء اللہ العظیم بہت مفید تھا، اب بحث سابق کی طرف عود کیجئے۔

اس فرقہ باطلہ کا **مکر دوم** یہ ہے کہ امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کا مذہب یہ ہے کہ لا نکفر احدا من اھل القبلۃ[1] ہم اہل قبلہ میں سے کسی کو کافر نہیں کہتے۔

اور حدیث میں ہے:

"جو ہماری سی نماز پڑھے اور ہمارے قبلے کو منہ کرے اور ہمارا ذبیحہ کھائے وہ مسلمان ہے"۔[2]

مسلمانو! اس مکر خبیث میں ان لوگوں نے نری کلمہ گوئی سے عدول کرکے اب صرف قبلہ روئی کا نام "ایمان" رکھ دیا یعنی جو قبلہ رو ہو کر نماز پڑھ لے مسلمان ہے اگرچہ اللہ عزوجل کو جھوٹا کہے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو گالیاں دے کسی صورت کسی طرح ایمان سے نہیں ٹلتا،

ع چوں وضوئے محکم بی بی تمیز

(بی بی تمیز کے مضبوط وضو کی طرح۔ ت)

**اولاً** اس مکر کا جواب، تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے:

لیس البر ان تولوا وجوھکم قبل المشرق والمغرب ولکن البر من اٰمن باللہ والیوم الاٰخر والملٰئکۃ والکتٰب والنبیٖن[3]

اصل نیکی یہ نہیں ہے کہ اپنا منہ نماز میں پورب یا پچھم کو کرو بلکہ اصل نیکی یہ ہے کہ آدمی ایمان لائے اللہ اور قیامت اور فرشتوں اور قرآن اور تمام انبیاء پر۔

دیکھو صاف فرمادیا کہ ضروریاتِ دین پر ایمان لانا ہی اصل کار ہے بغیر اس کے نماز میں قبلہ کو منہ کرنا کوئی چیز نہیں —— اور فرماتا ہے:

وما منعھم ان تقبل منھم نفقٰتھم الا انھم کفروا باللہ وبرسولہٖ ولا یأتون الصلوٰۃ الا وھم کسالٰی ولا ینفقون الا وھم کٰرھون[4]

---

[1] منح الروض الازھر شرح الفقہ الاکبر عدم جواز تکفیر اھل القبلۃ دار البشائر الاسلامیۃ بیروت ص ۴۲۹

[2] صحیح البخاری کتاب الصلوٰۃ باب فضل استقبال القبلۃ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۵۶
کنز العمال حدیث ۳۹۸ مؤسسۃ الرسالہ بیروت ۱/۹۲

[3] القرآن الکریم ۲/ ۱۷۷ [4] القرآن الکریم ۹/ ۵۴

وہ جو خرچ کرتے ہیں اس کا قبول ہونا بند نہ ہوا مگر اسی لئے کہ انھوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا اور نماز کو نہیں آتے مگر جی ہارے، اور خرچ نہیں کرتے مگر بُرے دل سے۔

دیکھو اُن کا نماز پڑھنا بیان کیا اور پھر انھیں کافر فرمایا، کیا وہ قبلہ کو نماز نہیں پڑھتے تھے، فقط قبلہ کیسا، قبلۂ دل و جان و کعبۂ دین و ایمان سرورِ عالمیان صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے جانبِ قبلہ نماز پڑھتے تھے۔

اور فرماتا ہے:

فان تابوا واقاموا الصّلٰوۃ واٰتوا الزّکٰوۃ فاخوانکم فی الدین ط ونفصل الاٰیٰت لقوم یعلمون ○ وان نکثوا ایمانھم من بعد عھدھم وطعنوا فی دینکم فقاتلوا ائمۃ الکفر لا انھم لا ایمان لھم لعلھم ینتھون ○[1]

پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز برپا رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو تمھارے دینی بھائی ہیں اور ہم پتے کی باتیں صاف بیان کرتے ہیں علم والوں کے لئے، اور اگر قول و قرار کر کے پھر اپنی قسمیں توڑیں اور تمھارے دین پہ طعن کریں تو کفر کے پیشواؤں سے لڑو ان کی قسمیں کچھ نہیں شاید وہ باز آئیں۔

دیکھو نماز و زکوٰۃ والے اگر دین پر طعنہ کریں تو انھیں کفر کا پیشوا کافروں کا سرغنہ فرمایا۔ کیا خدا و رسول کی شان میں وہ گستاخیاں دین پر طعنہ نہیں، اس کا بیان بھی سنئے۔

تمھارا رب عزوجل فرماتا ہے:

من الذین ھادوا یحرّفون الکلم عن مواضعہ ویقولون سمعنا وعصینا واسمع غیر مسمع وراعنا لیّا بالسنتھم وطعنا فی الدین ط ولو انھم قالوا سمعنا واطعنا واسمع وانظرنا لکان خیرالھم واقوم لا ولٰکن لعنھم اللّٰہ بکفرھم فلا یؤمنون الّا قلیلا ○[2]

کچھ یہودی بات کو اس کی جگہ سے بدلتے ہیں اور کہتے ہیں ہم نے سُنا اور نہ مانا اور سُنئے آپ سُنائے نہ جائیں اور راعنا کہتے ہیں زبان پھیر کر اور دین پر طعنہ کرنے کو۔ اور اگر وہ کہتے ہم نے سُنا اور مانا اور سُنئے اور ہمیں مہلت دیجئے تو ان کے لئے بہتر اور بہت ٹھیک ہوتا لیکن اُن کے کفر کے سبب

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۱۱، ۱۲

[2] " " ۴/ ۴۶

اللہ نے ان پر لعنت کی ہے تو ایمان نہیں لاتے مگر کم۔

کچھ یہودی دربار نبوت میں حاضر آتے اور حضور اقدس صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے کچھ عرض کرنا چاہتے تو یوں کہتے سنئے آپ سنائے نہ جائیں جس سے ظاہر تو دعا ہوتی یعنی حضور کو کوئی ناگوار بات نہ سنائے اور دل میں بددعا کا ارادہ کرتے کہ سنائی نہ دے، اور جب حضور اقدس صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کچھ ارشاد فرماتے اور یہ بات سمجھ لینے کے لئے مہلت چاہتے تو راعنا کہتے جس کا ایک پہلوئے ظاہر یہ کہ ہماری رعایت فرمائیے اور مراد خفی رکھتے رعونت والا۔ اور بعض کہتے ہیں زبان دبا کر راعینا کہتے یعنی ہمارا چرواہا۔ جب پہلودار بات دین میں طعنہ ہوئی تو صریح صاف کتنا سخت طعنہ ہوگی بلکہ انصاف کیجئے تو ان باتوں کا صریح بھی ان کلمات کی شناعت کو نہ پہنچتا، بہرا ہونے کی دعا یا رعونت یا بکریاں چرانے کی طرف نسبت کو ان الفاظ سے کیا نسبت کہ شیطان سے علم میں کمتر یا پاگلوں چوپاؤں سے علم میں ہمسر اور خدا کی نسبت وہ کہ جھوٹا ہے جھوٹ بولتا ہے جو اسے جھوٹا بتائے مسلمان سنی صالح ہے والعیاذ باللہ رب العلمین۔

(فتاوی رضویہ ج ۳۰ ص ۳۰۸ تا ۳۲۳)

(۱۴) رسالہ "تمہید ایمان" میں مزید فرمایا:

اس فرقۂ بے دین کا **مکر سوم** یہ ہے کہ فقہ میں لکھا ہے جس میں ننانوے ۹۹ باتیں کفر کی ہوں اور ایک بات اسلام کی تو اس کو کافر نہ کہنا چاہئے۔

**اولاً** یہ مکر خبیث سب مکروں سے بدتر و ضعیف جس کا حاصل یہ کہ جو شخص دن میں ایک بار اذان دے یا دو ۲ رکعت نماز پڑھ لے اور ننانوے ۹۹ بار بت پوجے، سنکھ پھونکے، گھنٹی بجائے وہ مسلمان ہے کہ اس میں ننانوے ۹۹ باتیں کفر کی ہیں تو ایک اسلام کی بھی ہے یہی کافی ہے، حالانکہ مومن تو مومن کوئی عاقل اسے مسلمان نہیں کہہ سکتا۔

**ثانیاً** اس کی رو سے سوا دہریے کے کہ سرے سے خدا کے وجود ہی کا منکر ہو تمام کافر، مشرک، مجوس، ہنود، نصاریٰ، یہود وغیرہم دنیا بھر کے کفار سب کے سب مسلمان ٹھہرے جاتے ہیں کہ اور باتوں کے منکر سہی آخر وجود خدا کے تو قائل ہیں ایک یہی بات سب سے بڑھ کر اسلام کی بات بلکہ تمام اسلامی باتوں کی اصل الاصول ہے خصوصاً کفار فلاسفہ و آریہ وغیرہم کہ بزعم خود توحید کے بھی قائل ہیں، اور یہود و نصاریٰ تو بڑے بھاری مسلمان ٹھہریں گے کہ توحید کے ساتھ اللہ تعالےٰ کے بہت سے کلاموں اور ہزاروں نبیوں اور قیامت و حشر و حساب و ثواب و عذاب و جنت و نار وغیرہا بکثرت اسلامی باتوں کے قائل ہیں۔

**ثالثاً** اس کے رَد میں قرآن عظیم کی وُہ آیتیں کہ اُوپر گزریں کافی دوافی ہیں جن میں بادصف کلمہ گوئی ونماز خوانی صرف ایک ایک بات پر حکمِ تکفیر فرمادیا، کہیں ارشاد ہوا :

کفروا بعد اسلامھم[1]

وہ مسلمان ہوکر اس کلمے کے سبب کافر ہوگئے۔

کہیں فرمایا :

لاتعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم[2]

بہانے نہ بناؤ تم کافر ہوچکے ایمان کے بعد۔

حالانکہ اس مکرِ خبیث کی بناء پر جب تک ۹۹ سے زیادہ کفر کی باتیں جمع نہ ہوجاتیں صرف ایک کلمہ پر حکمِ کفر صحیح نہ تھا، ہاں شاید اس کا یہ جواب دیں کہ یہ خدا کی غلطی یا جلد بازی تھی کہ اس نے دائرۂ اسلام تنگ کردیا کلمہ گویوں اہلِ قبلہ کو دھکے دے دے کر صرف ایک ایک لفظ پر اسلام سے نکالا اور پھر زبردستی یہ کہ لاتعتذروا عذر بھی نہ کرنے دیا نہ عذر سُننے کا قصد کیا۔ افسوس ہے خدا نے پیر نیچر یا ندویہ لکچریان کے ہمخیال کسی وسیع الاسلام ریفارمر سے مشورہ نہ لیا الا لعنۃ اللّٰہ علی الظّٰلمین[3]

(ارے ظالموں پر خدا کی لعنت۔ ت)۔

**رابعاً** اس مکر کا جواب،

تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے :

افتؤمنون ببعض الکتٰب وتکفرون ببعض ج فما جزاء من یفعل ذٰلک منکم الا خزی فی الحیٰوۃ الدنیا ویوم القیٰمۃ یردون الی اشد العذاب ط وما اللّٰہ بغافلٍ عما تعملون ○ اولٰئک الذین اشترو الحیٰوۃ الدنیا بالاٰخرۃ ز فلا یخفف عنھم العذاب ولا ھم ینصرون ○[4]

توکیا اللہ کے کلام کا کچھ حصہ مانتے ہو اور کچھ حصے سے منکر ہو، تو جو کوئی تم میں سے ایسا کرے

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۷۴
[2] 〃 ۹/ ۶۶
[3] القرآن الکریم ۱۱/ ۱۸
[4] 〃 ۲/ ۸۵، ۸۶

اس کا بدلہ نہیں مگر دُنیا کی زندگی میں رُسوائی اور قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب کی طرف پلٹے جائیں گے اور اللہ تمھارے کوتکوں سے غافل نہیں، یہی لوگ ہیں جنھوں نے عقبےٰ بیچ کر دنیا خریدی تو نہ اُن پر سے کبھی عذاب ہلکا ہو نہ ان کو مدد پہنچے۔

کلامِ الٰہی میں فرض کیجئے اگر ہزار باتیں ہوں تو اُن میں سے ہر ایک بات کا ماننا ایک اسلامی عقیدہ ہے، اب اگر کوئی شخص ۹۹۹ مانے اور صرف ایک نہ مانے تو قرآن عظیم فرمارہا ہے کہ وہ ان ۹۹۹ کے ماننے سے مسلمان نہیں بلکہ صرف اُس ایک کے نہ ماننے سے کافر ہے، دنیا میں اس کی رُسوائی ہوگی اور آخرت میں اس پر سخت تر عذاب جو ابد الآباد تک کبھی موقوف ہونا کیا معنے ایک آن کو ہلکا بھی نہ کیا جائیگا نہ کہ ۹۹ کا انکار کرے اور ایک کو مان لے تو مسلمان ٹھہرے، یہ مسلمانوں کا عقیدہ نہیں بلکہ بشہادتِ قرآنِ عظیم خود صریح کفر ہے۔

**خامسًا** اصل بات یہ ہے کہ فقہاءِ کرام پر ان لوگوں نے جتنا افتراء اٹھایا اُنھوں نے ہرگز کہیں ایسا نہیں فرمایا بلکہ انھوں نے ہرگز کہیں ایسا نہ فرمایا بلکہ اُنھوں نے بخصلتِ یہود یحرفون الکلم عن مواضعہ[1] یہودی بات کو اس کے ٹھکانوں سے بدلتے ہیں تحریف تبدیل کر کے کچھ کا کچھ بنالیا، فقہاء نے یہ نہیں فرمایا کہ جس شخص میں ننانوے[99] باتیں کفر کی ہوں اور ایک اسلام کی ہو وہ مسلمان ہے، حاشا للہ بلکہ تمام امت کا اجماع ہے کہ جس میں ننانوے[99] ہزار باتیں اسلام کی اور ایک کفر کی ہو وہ یقیناً قطعاً کافر ہے۔ ننانوے[99] قطرے گلاب میں ایک بوند پیشاب پڑ جائے سب پیشاب ہوجائے گا، مگر یہ جاہل کہتے ہیں کہ ننانوے قطرے پیشاب میں ایک بوند گلاب ڈال دو سب طیب طاہر ہوجائے گا، حاشا کہ فقہاء تو فقہاء کوئی ادنیٰ تمیز والا بھی ایسی جہالت بکے۔ بلکہ فقہائے نے یہ فرمایا ہے کہ جس مسلمان سے کوئی لفظ ایسا صادر ہو جس میں سَو پہلو نکل سکیں اُن میں ننانوے[99] پہلو کفر کی طرف جاتے ہوں اور ایک اسلام کی طرف، تو جب تک ثابت نہ ہوجائے کہ اس نے خاص کوئی پہلو کفر کا مراد رکھا ہے ہم اُسے کافر نہ کہیں گے کہ آخر ایک پہلو اسلام کا بھی تو ہے، کیا معلوم شاید اس نے یہی پہلو مراد رکھا ہو، اور ساتھ ہی فرماتے ہیں کہ اگر واقع میں اس کی مراد کوئی پہلوئے کفر ہے تو ہماری تاویل سے اُسے فائدہ نہ ہوگا وُہ عنداللہ کافر ہی ہوگا۔ اس کی مثال یہ ہے کہ مثلاً زید کہے عمرو کو علم قطعی یقینی غیب کا ہے اس کلام میں اتنے پہلو ہیں؛

---

[1] القرآن الکریم ۴/ ۴۶

(۱) عمرو اپنی ذات سے غیب داں ہے، یہ صریح کفر و شرک ہے۔

قل لایعلم من فی السمٰوٰت والارض الغیب الا اللہ [1]

تم فرماؤ غیب نہیں جانتے جو کوئی آسمانوں اور زمینوں میں ہیں مگر اللہ۔ (ت)

(۲) عمرو آپ تو غیب داں نہیں مگر جن علم غیب رکھتے ہیں اُن کے بتانے سے اسے غیب کا علم یقینی ہوجاتا ہے، یہ بھی کفر ہے۔

تبینت الجن ان لو کانوا یعلمون الغیب ما لبثوا فی العذاب المھین [2]

جنوں کی حقیقت کُھل گئی، اگر غیب جانتے ہوتے تو اس خواری کے عذاب میں نہ ہوتے۔ (ت)

(۳) عمرو نجومی ہے۔

(۴) رمّال ہے۔

(۵) سامندرک جانتا ہاتھ دیکھتا۔

(۶) کوّے وغیرہ کی آواز۔

(۷) حشرات الارض کے بدن پر گرنے،

(۸) کسی پرندے یا وحشی چرندے کے دہنے یا بائیں نکل کر جانے،

(۹) آنکھ یا دیگر اعضاء کے پھڑکنے سے شگون لیتا ہے۔

(۱۰) پانسہ پھینکتا ہے۔

(۱۱) فال دیکھتا ہے۔

(۱۲) حاضرات سے کسی کو معمول بنا کر اُس سے احوال پُوچھتا ہے۔

(۱۳) مسمریزم جانتا ہے۔

(۱۴) جادو کی میز،

(۱۵) روحوں کی تختی سے حال دریافت کرتا ہے۔

(۱۶) قیافہ داں ہے۔

(۱۷) علم زایرجہ سے واقف ہے ان ذرائع سے اُسے غیب کا علم قطعی یقینی ملتا ہے یہ سب بھی کفر ع

---

ع یعنی جبکہ ان کی وجہ سے غیب کے علم قطعی یقینی کا ادعا کیا جائے جیسا کہ نفسِ کلام میں مذکور ہے ۱۲ منہ

---

[1] القرآن الکریم ۲۷ / ۶۵

[2] القرآن الکریم ۳۴ / ۱۴

ہیں۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من اتی عرافا او کاھنا فصدقہ بما یقول فقد کفر بما انزل علی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، رواہ احمد[1] والحاکم بسند صحیح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ولاحمد وابی داؤد عنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقد بریٔ مما انزل علی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔[2]

جو شخص نجومی اور کاہن کے پاس جائے اور اس کے بیان کو سچا جانے تو اس نے اس کا انکار کیا جو محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پر نازل ہوا ہے۔ امام احمد وحاکم نے بسند صحیح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کیا اور امام احمد اور ابوداؤد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کیا: تو وہ قرآن اور دینِ اسلام سے الگ ہوگیا۔ (ت)

(۱۸) عمرو پر وحی رسالت آتی ہے اس کے سبب غیب کا علم یقینی پاتا ہے جس طرح رسول کو ملتا تھا، یہ اشد کفر ہے۔

ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین ط وکان اللہ بکل شیئ علیما۔[3]

ہاں (محمد) اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے، اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔ (ت)

(۱۹) وحی تو نہیں آتی مگر بذریعہ الہام جمیع غیوب اس پر منکشف ہوگئے ہیں اُس کا علم تمام معلوماتِ الٰہی کو محیط ہوگیا، یہ یُوں کفر ہے کہ اس نے عمرو کو علم میں حضور پُر نور سیّد عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پر ترجیح دے دی کہ حضور کا علم بھی جمیع معلوماتِ الٰہی کو محیط نہیں،

قل ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون۔[4]

تم فرماؤ کیا برابر ہیں جاننے والے اور انجان۔ (ت)

من قال فلان اعلم منہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقد عابہ فحکمہ حکم

---

[1] المستدرک علی الصحیحین کتاب الایمان التشدید فی اتیان الکاہن مکتب المطبوعات الاسلامیہ ۱/۸
مسند احمد بن حنبل سند ابی ہریرۃ المکتب الاسلامی بیروت ۲/۴۲۹
[2] سنن ابی داؤد کتاب الکہانت والتطیر باب النہی عن اتیان الکہان آفتاب عالم پریس لاہور ۲/۱۸۹
[3] القرآن الکریم ۳۳/۴۰
[4] ؍؍ ۳۹/۹

الساب (نسیم الریاض)[1]۔
جس نے کہا کہ فلاں شخص نبی کریم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے زیادہ علم والا ہے اس نے آپ پر عیب لگایا، لہٰذا اس کا حکم شاتم جیسا ہے۔ (نسیم الریاض)۔ (ت)

(۲۰) جمیع کا احاطہ نہ سہی مگر جو علوم غیب اسے الہام سے ملے اُن میں ظاہراً باطناً کسی طرح کسی رسول انس وملک کی وساطت و تبعیت نہیں اللہ تعالٰے نے بلا واسطہ رسول اصالۃً اسے غیوب پر مطلع کیا، یہ بھی کفر ہے۔

وما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء[2]

اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگو! تمہیں غیب کا علم دے دے ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے۔ (ت)

عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا ۵ الا من ارتضی من رسول[3]
غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔ (ت)
(فتاوی رضویہ ج ۳۰ ص ۳۳۹ تا ۳۴۴)

(۱۵) رسالہ "تمہید ایمان" میں مزید فرمایا:
**مکر چہارم:** انکار یعنی جس نے ان بدگویوں کی کتابیں نہ دیکھیں اُس کے سامنے صاف مکر جاتے ہیں کہ ان لوگوں نے یہ کلمات کہیں نہ کہے، اور جو اُن کی چھپی ہوئی کتابیں تحریریں دکھا دیتا ہے اگر ذی علم ہوا تو ناک چڑھا کر منہ بنا کر چل دیئے یا آنکھوں میں آنکھیں ڈلل کر بکمال بیحیائی صاف کہہ دیا کہ آپ معقول بھی کر دیجئے تو میں وہی کہے جاؤں گا۔ اور بیچارہ بے علم ہوا تو اس سے کہہ دیا ان عبارتوں کا یہ مطلب نہیں، اور آخر ہے کیا، یہ در بطن قائل، اس کے جواب کو وہی آیت کریمہ کافی ہے کہ:
یحلفون باللہ ما قالوا ط ولقد قالوا کلمۃ الکفر وکفروا بعد اسلامھم[4]۔
خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے کہا حالانکہ بیشک ضرور وہ یہ کفر کے بول بولے اور مسلمان

---

[1] نسیم الریاض فی شرح الشفاء الباب الاول مرکز اہلسنت گجرات الہند ۴/۳۳۵
[2] القرآن الکریم ۳/۱۷۹
[3] القرآن الکریم ۷۲/ ۲۶ و ۲۷
[4] " " ۹/۷۴

ہوئے پیچھے کافر ہو گئے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۳۴۹)

(۱۶) رسالہ "الامن والعلی" کے باب اوّل میں فرمایا:

وجہ اوّل پر نصوص سُنئے، اس میں چھ[۶] آیتیں اور ساٹھ[۶۰] حدیثیں، جملہ چھیاسٹھ[۶۶] نص ہیں۔

## فصل اوّل آیاتِ کریمہ میں

**آیت ۱:** قال اللہ عزّوجل:

وما کان اللہ لیعذبھم وانت فیھم[1]

اللہ ان کافروں پر عذاب نہ فرمائے گا جب تک اے محبوب! تُو ان میں تشریف فرما ہے۔

سُبحان اللہ! ہمارے حضور دافع البلاء صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کفّار پر سے بھی سبب دفعِ بلا ہیں پھر مسلمانوں پر تو خاص رؤف ورحیم ہیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

**آیت ۲:**

وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین[2]

ہم نے نہ بھیجا تمھیں مگر رحمت سارے جہان کے لئے۔

پُر ظاہر کہ رحمت سبب دفعِ بلا و زحمت (خُوب ظاہر ہے کہ رحمت سبب ہے مصیبت و زحمت کی دُوری کا۔ ت)

**آیت ۳:**

ولو انّھم اذ ظلموا انفسھم جاءوک فاستغفروا اللہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما[3]

اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے بخشش چاہیں اور معافی مانگیں ان کے لئے رسول، تو بیشک اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

آیۂ کریمہ صاف ارشاد فرماتی ہے کہ حضور پُر نور عفوّ غفور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں

---

[1] القرآن الکریم ۸/ ۳۳

[2] ״ ״ ۲۱/ ۱۰۷

[3] ״ ״ ۴/ ۶۴

حاضری سببِ قبولِ توبہ و دفعِ بلائے عذاب ہے بلکہ آیت بیماردلوں پر اور بھی بلا و عذاب کہ رب العزت قادر تھا یونہی گناہ بخش دے، مگر ارشاد ہوتا ہے کہ توبہ قبول ہونا چاہو تو ہمارے پیارے کی سرکار میں حاضر ہو صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و الحمد للہ رب العالمین۔

## آیت ۴:

ولولا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض لھدمت صوامع[1]۔ الآیۃ

اگر اللہ تعالے آدمیوں سے آدمیوں کو دفع نہ فرمائے تو ہر ملت و مذہب کی عبادت گاہ ڈھادی جائے۔

معلوم ہوا کہ مجاہدین آلہ و واسطہ دفعِ بلا ہیں۔

## آیت ۵:

ولولا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض لفسدت الارض ولکن اللہ ذو فضل علی العلمین[2]

اگر نہ ہوتا دفع کرنا اللہ عزّ وجل کا لوگوں کو ایک دوسرے سے تو بیشک تباہ ہوجاتی زمین مگر اللہ فضل والا ہے سارے جہان پر۔

ائمہ مفسرین فرماتے ہیں: اللہ تعالےٰ مسلمانوں کے سبب کافروں اور نیکوں کے باعث بدوں سے بلا دفع کرتا ہے۔

## آیت ۶:

ولولا رجال مؤمنون ونساء مؤمنٰت لم تعلموھم ان تطئوھم فتصیبکم منھم معرۃ بغیر علم لیدخل اللہ فی رحمتہ من یشاء لو تزیّلوا لعذبنا الذین کفروا منھم عذابا الیما[3]

اور اگر نہ ہوتے ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں جن کی تمھیں خبر نہیں کہیں تم انھیں روندڈالو تو ان سے تمھیں انجانی میں مشقت پہنچے تاکہ اللہ جسے چاہے اپنی رحمت میں لے لے،

---

[1] القرآن الکریم ۲۲ / ۴۰

[2] " ۲ / ۲۵۱

[3] " ۴۸ / ۲۵

وہ اگر الگ ہو جاتے تو ہم ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب دیتے۔

یہ فتح مکہ سے پہلے کا ذکر ہے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عمرے کے لئے مکہ معظمہ تشریف لائے ہیں اور کافروں نے مقام حدیبیہ میں روکا شہر نہ جانے دیا صلح پر فیصلہ ہوا ظاہر کی نظر میں اسلام کے لئے ایک دبتی ہوئی بات تھی اور حقیقت میں ایک بڑی فتح نمایاں تھی جسے اللہ عزوجل نے انا فتحنا لك فتحًا مبینًا[1] (بیشک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرمادی ت) فرمایا، اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی تسکین کو یہ آیت نازل فرمائی کہ اس سال تمھیں داخل مکہ نہ ہونے دینے میں کئی حکمتیں تھیں مکہ معظمہ میں بہت مرد و عورت مغلوبی کے سبب خفیہ مسلمان ہیں جن کی تمھیں خبر نہیں تم قہراً جاتے تو وہ بھی تیغ و بند کے روندنے میں آجاتے اور اُن کے سوا ابھی وہ لوگ ہیں جو ہنوز کافر ہیں اور عنقریب اللہ تعالیٰ انھیں اپنی رحمت میں لے گا اسلام دے گا اُن کا قتل منظور نہیں، ان وجوہ سے کفار مکہ پر سے عذاب قتل و قہر موقوف رکھا گیا یہ سب لوگ الگ ہو جاتے تو ہم ان کافروں پر عذاب فرماتے۔ کیسا صریح روشن نص ہے کہ اہل اسلام کے سبب کافروں پر سے بھی بلا دفع ہوتی ہے و للہ الحمد۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳۰ ص ۳۷۹ تا ۳۸۱)

(۱۷) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دافع البلاء ہونے کے ثبوت میں تحریر کردہ رسالہ "الامن والعلیٰ" کے باب دوم میں فرمایا:

وجہ دوم پر نصوص لیجئے اور بحمد اللہ تعالیٰ کیسے نصوص نجدیت شکن، جانِ وہابیت پر برق افگن، اس میں چوالیس ۴۴ آیتیں اور دو سو چالیس ۲۴۰ حدیثیں ہیں۔

# فصلِ اوّل آیاتِ شریفہ میں

## آیت ۷: قال ربنا تبارک و تعالیٰ:

و مانقموا الا ان اغنٰھم اللہ و رسولہ من فضلہ[2]

اور انھیں کیا بُرا لگا یہی نا کہ انھیں دولتمند کر دیا اللہ اور اللہ کے رسول نے اپنے

---

[1] القرآن الکریم ۴۸/ ۱

[2] " " ۹/ ۷۴

ہاں یہ جگہ ہے کہ غیظ میں کٹ جائیں بیمار دل۔ اللہ تعالٰی فرماتا ہے کہ اللہ اور اللہ کے رسول نے دولتمند کردیا اپنے فضل سے۔

اے اللہ کے رسول! مجھے اور سب اہلسنت کو دین و دُنیا کا دولتمند فرما اپنے فضل سے۔

صلی اللہ علیك وسلم ؎

میں گدا تُو بادشاہ بھر دے پیالہ نور کا
نور دن دونا ترا دے ڈال صدقہ نور کا[1]

## آیت ۸:

ولو انھم رضوا ما اٰتاھم اللہ ورسولہ وقالوا حسبنا اللہ سیؤتینا اللہ من فضلہ ورسولہ انّا الی اللہ راغبون[2]۔

اور کیا خوب تھا اگر وُہ راضی ہوتے خدا اور رسول کے دیئے پر، اور کہتے ہمیں اللہ کافی ہے اب دے گا اللہ ہمیں اپنے فضل سے اور اس کا رسول، بیشک ہم اللہ کی طرف رغبت والے ہیں۔

یہاں رب العزت جل وعلا نے اپنے ساتھ اپنے رسول صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو بھی دینے والا فرمایا، اور ساتھ ہی یہ بھی ہدایت کی کہ اللہ و رسول سے امید لگی رکھو کہ اب ہمیں اپنے فضل سے دیتے ہیں جل جلالہ وصلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

## آیت ۹:

انعم اللہ علیہ وانعمت علیہ[3]۔

اللہ نے اُسے نعمت بخشی، اور اے نبی! تُو نے اُسے نعمت دی۔

## آیت ۱۰:

لہ معقّبٰت من بین یدیہ ومن خلفہ یحفظونہ من امر اللہ[4]۔

آدمی کے لئے بدلی والے ہیں اس کے آگے اور اس کے پیچھے کہ اس کی حفاظت

---

[1] حدائق بخشش مکتبہ رضویہ آرام باغ کراچی ۲/۳

[2] القرآن الکریم ۹/ ۵۹

[3] " " ۳۳/ ۳۷

[4] " " ۱۳/ ۱۱

کرتے ہیں اللہ کے حکم سے۔

بدلی والے یہ کہ صبح کے محافظ عصر کو بدل جاتے ہیں اور عصر کے صبح کو، وللہ الحمد۔

## آیت ۱۱:

ویرسل علیکم حفظة۔[1]

اللہ بھیجتا ہے تم پر نگہبانوں کو۔

ان آیات میں مولیٰ سبحنہ وتعالیٰ فرشتوں کو ہمارا حافظ ونگہبان فرماتا ہے۔

## آیت ۱۲:

یایها النبی حسبك الله ومن اتبعك من المؤمنين۔[2]

اے نبی! کافی ہے تجھے اللہ اور جو مسلمان تیرے پیرو ہوئے۔

یہاں رب تبارک وتعالیٰ اپنے نام پاک کے ساتھ صحابۂ کرام کو ملا کر فرماتا ہے: اے نبی! اب کہ عمر اسلام لے آیا تجھے اللہ اور یہ چالیس مسلمان کفایت کرتے ہیں۔

فی الجلالین حسبك الله وحسبك من اتبعك۔[3]

جلالین میں ہے، کافی ہے تجھے اللہ تعالیٰ اور وہ جس نے تیری پیروی کی۔ (ت)

ترجمۂ شاہ ولی اللہ میں ہے:

اے پیغامبر کفایت ست ترا خدا وآنانکہ پیروی تو کردہ اند از مسلمانان۔[4]

اے پیغمبر! کافی ہے تجھے خدا اور وہ مسلمان جنھوں نے تیری پیروی کی۔ (ت)

## آیت ۱۳: یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

انه ربی احسن مثوای۔[5]

بیشک عزیزِ مصر میرا رب ہے اس نے مجھے اچھی طرح رکھا۔

فی الجلالین انه ای الذی اشترانی ربی سیدی۔[6]

---

[1] القرآن الکریم ۶/ ۶۱ [2] القرآن الکریم ۸/ ۶۴

[3] تفسیر جلالین تحت الآیۃ ۸/ ۶۴ اصح المطابع دہلی ص ۱۵۳

[4] فتح الرحمٰن فی ترجمۃ القرآن (ترجمہ شاہ ولی اللہ) مطبع ہاشمی دہلی ص ۱۷۸

[5] القرآن الکریم ۱۲/ ۲۳

[6] تفسیر جلالین تحت الآیۃ ۱۲/ ۲۳ اصح المطابع دہلی ص ۱۹۱

بہ تفسیر جلالین میں ہے بیشک وُہ جس نے مجھے خریدا وہ میرا رب یعنی میرا آقا ہے۔ (ت)

**آیت ۴۱ :**

اما احدکما فیسقی ربہ خمرا۔[1]

اے زندان کے ساتھیو! تم میں ایک تو اپنے رب کو شراب پلائے گا۔

**آیت ۴۲ :**

وقال للذی ظن انہ ناج منہما اذکرنی عند ربک۔[2]

اور یوسف نے کہا اس سے جسے اُن دونوں میں چھٹکارا پاتا سمجھا کہ اپنے رب کے پاس میرا چرچا کیجیو۔

یعنی بادشاہِ مصر کے سامنے۔

**آیت ۴۲ :** اس پر مولٰی تبارک وتعالٰی فرماتا ہے :

فانسٰہ الشیطٰن ذکر ربہ۔[3]

تو اُسے بھلادیا شیطان نے اپنے رب بادشاہِ مصر کے آگے یوسف کا ذکر کرنا۔

فی الجلالین ای الساقی الشیطٰن ذکر یوسف عند ربہ۔[4]

جلالین میں ہے یعنی ساقی کو شیطان نے یوسف علیہ السلام کا ذکر اس کے رب کے آگے کرنا بھلادیا۔ (ت)

**آیت ۵۰ :**

قال ارجع الی ربک فسئلہ ما بال النسوۃ التی قطعن ایدیھن۔[5]

یوسف نے کہا پلٹ جا اپنے رب کے پاس سو اس سے پوچھ کیا حال ہے ان عورتوں کا جنھوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے۔

---

[1] القرآن الکریم ۱۲/ ۴۱

[2] 〃 ۱۲/ ۴۲

[3] 〃

[4] تفسیر جلالین تحت الآیۃ ۱۲/ ۴۲ اصح المطابع دہلی ص ۱۹۳

[5] القرآن الکریم ۱۲/ ۵۰

سبحان اللہ! بادشاہ وغیرہ کو تو مجازی پرورش کے باعث اس کا رب، تیرا رب، میرا رب کہنا صحیح ہو یہ اللہ فرمائے اللہ کا رسول فرمائے اور مصطفے صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دافع البلا کہنا شرک۔

**آیت ۱۸**: رب جل وعلا اپنے مبارک بندے عیسےٰ ابن مریم علیہما الصلوٰۃ والسلام سے فرماتا ہے،

واذ تخلق من الطین کھیئۃ الطیر باذنی فتنفخ فیہا فتکون طیرًا باذنی و تبرئ الاکمہ والابرص باذنی واذ تخرج الموتیٰ باذنی [۱]

اور جب تو بناتا مٹی سے پرند کی شکل میری پروانگی سے، پھر پھونک مارتا اس میں تو وہ ہوجاتی پرند میری پروانگی سے، اور تو اچھا کرتا مادر زاد اندھے اور سفید داغ والے کو میری پروانگی سے، اور جب تو قبروں سے مُردے نکالتا میری پروانگی سے۔

دفعِ بلائے مرض و ابرائے اکمہ و ابرص میں کتنا فرق ہے۔

**آیت ۱۹**: حضرت مسیح علیہ الصلوٰۃ والتسلیم فرماتے ہیں:

انی اخلق لکم من الطین کھیئۃ الطیر فانفخ فیہ فیکون طیرا باذن اللہ وابرئ الاکمہ والابرص واحی الموتیٰ باذن اللہ وانبئکم بما تاکلون وما تدخرون فی بیوتکم (الیٰ قولہ) ولاحل لکم بعض الذی حرم علیکم [۲]

میں بناتا ہوں تمہارے لئے مٹی سے پرند کی مورت پھر پھونکتا ہوں اس میں تو وہ ہوجاتی ہے پرند اللہ کی پروانگی سے، اور میں شفا دیتا ہوں مادر زاد اندھے اور بدن بگڑے کو، اور میں زندہ کرتا ہوں مُردے اللہ کی پروانگی سے، اور میں تمھیں خبر دیتا ہوں جو تم کھاتے اور جو گھروں میں بھر رکھتے ہو تاکہ میں حلال کردوں تمہارے لئے بعض چیزیں جو تم پر حرام تھیں۔

سُبحان اللہ! عیسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام جو فرما رہے ہیں میں خلق کرتا ہوں، شفا دیتا ہوں، مُردے جلاتا ہوں، بعض حراموں کو حلال کئے دیتا ہوں۔ ان اسنادوں کی نسبت کیا حکم ہوگا!

**آیت ۲۰**:

وانکحوا الایامیٰ منکم والصالحین من عبادکم وامائکم [۳]

---

نکاح کردو اپنی بے شوہر عورتوں اور اپنے نیک بندوں اور کنیزوں کا۔

[۱] القرآن الکریم ۵/ ۱۱۰

[۲] " ۳/ ۴۹ و ۵۰

[۳] " ۲۴/ ۳۲

یہاں مولا عزوجل ہمارے غلاموں کو "ہمارا بندہ" فرما رہا ہے ۔ اللہ کی شان زید کا بندہ، عمرو کا بندہ، اُس کا بندہ، اِس کا بندہ اللہ فرمائے رسول فرمائے صحابہ فرمائیں ائمہ فرمائیں مگر محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا بندہ کہا اور شرک فروشوں نے حُکمِ شرک جڑا، شاید ان کے نزدیک زید و عمرو خدا کے شریک ہو سکتے ہیں ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔

## آیت ۲۱ :

الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندھم فی التورٰاۃ والانجیل یأمرھم بالمعروف وینھٰھم عن المنکر ویحل لھم الطیبٰت ویحرم علیھم الخبٰئث ویضع عنھم اصرھم والاغلٰل التی کانت علیھم[1]

وہ لوگ کہ پیروی کریں گے اُس بھیجے ہوئے غیب کی باتیں بتانے والے بے پڑھے کی جسے لکھا پائیں گے اپنے پاس توریت و انجیل میں، وہ انھیں حکم دے گا بھلائی کا اور روکے گا برائی سے، اور حلال کرے گا اُن کے لئے ستھری چیزیں اور حرام کرے گا اُن پر گندی چیزیں اور اتارے گا اُن پر سے اُن کا بھاری بوجھ اور سخت تکلیفوں کے طوق جو اُن پر تھے (صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم)۔

جانِ جہان و جہانِ جان اُس جانِ جان و جانِ ایمان صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے پاک مبارک ہاتھوں پر قربان جس کے ہماری پیٹھوں سے بھاری بوجھ اتار لئے ہماری گردنوں سے تکلیفوں کے طوق کاٹ دیئے۔ للہ انصاف! اور دافع بلا کسے کہتے ہیں، صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ۔

## آیت ۲۲ : سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے رب عزوجل سے عرض کی :

ربنا وابعث فیھم رسولاً منھم یتلوا علیھم اٰیٰتك ویعلمھم الکتٰب والحکمۃ ویزکیھم انك انت العزیز الحکیم[2]

اے رب ہمارے! اور اُن میں اُنھیں میں سے ایک پیغمبر بھیج کہ اُن پر تیری آیتیں پڑھے اور انھیں کتاب و حکمت سکھائے اور وہ پیمبر انھیں گناہوں سے پاک کر دے، بیشک تُو ہی ہے غالب حکمت والا۔

---

[1] القرآن الکریم ۷/ ۱۵۷

[2] " ۲/ ۱۲۹

یہ ہمارے نبی حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہوئے کہ :

انا دعوۃ ابی ابراھیم[1]

میں اپنے باپ ابراہیم کی دعا ہوں (صلی اللہ تعالٰی علیہما وسلم)۔

**آیت ۲۳ :** خود رب العزۃ جل وعلا فرماتا ہے :

کما ارسلنا فیکم رسولًا منکم یتلوا علیکم اٰیٰتنا ویزکیکم ویعلمکم الکتٰب و الحکمۃ ویعلمکم مالم تکونوا تعلمون[2]

جس طرح بھیجا ہم نے تم میں سے ایک رسول تمھیں سے کہ تم پر ہماری آیتیں تلاوت کرتا اور تمھیں پاکیزہ بناتا اور تمھیں قرآن وعلم سکھاتا اور اُن باتوں کا تم کو علم دیتا ہے جو تم نہ جانتے تھے۔

**آیت ۲۴ :**

لقد من اللہ علی المؤمنین اذ بعث فیھم رسولًا من انفسھم یتلوا علیھم اٰیٰتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتٰب والحکمۃ وان کانوا قبل لفی ضلٰل مبین[3]۔

بیشک اللہ کا بڑا احسان ہوا ایمان والوں پر جبکہ بھیجا اُن میں ایک رسول اُنھیں میں سے کہ پڑھتا ہے اُن پر آیتیں اللہ کی اور پاک کرتا ہے اُنھیں گناہوں سے اور علم دیتا ہے انھیں قرآن وحکمت کا اگرچہ تھے اس سے پہلے بیشک کھلی گمراہی میں۔

**آیت ۲۵ :**

ھو الذی بعث فی الامیّٖن رسولًا منھم یتلوا علیھم اٰیٰتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتٰب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین ○ واٰخرین منھم لمّا یلحقوا بھم وھو العزیز الحکیم ○ ذٰلك فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم ○[4]

---

[1] دلائل النبوۃ باب ذکر مولد المصطفٰی الخ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱/ ۸۱
الدر المنثور تحت الآیۃ ۲/ ۱۲۹ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/ ۳۰۳، ۳۰۴
[2] القرآن الکریم ۲/ ۱۵۱
[3] " ۳/ ۱۶۴
[4] " ۶۲/ ۲ تا ۴

اللہ ہے جس نے بھیجا ان پڑھوں میں ایک رسول انھیں میں سے کہ اُن پر آیاتِ الٰہیہ پڑھتا اور انھیں ستھرا کرتا اور انھیں کتاب وحقائق کا علم بخشتا ہے اگرچہ وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے نیز پاک کرے گا اور علم عطا فرمائے گا اُن کی جنس کے اور لوگوں کو جو اب تک اُن سے نہیں ملے اور وہی غالب حکمت والا ہے، یہ خدا کا فضل ہے جسے چاہے عطا فرمائے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

الحمدُ للہ! اس آیۂ کریمہ نے بیان فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا عطا فرمانا، گناہوں سے پاک کرنا، ستھرا بنانا صرف صحابۂ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم سے خاص نہیں بلکہ قیامِ قیامت تک اُمتِ مرحومہ حضور کی ان نعمتوں سے محظوظ اور حضور کی نظرِ رحمت سے ملحوظ ہے، والحمد للہ ربّ العٰلمین۔

بیضاوی شریف میں ہے:

هم الذین جاء وا بعد الصحابة الٰی یوم الدین[1]

یعنی یہ دوسرے جنہیں مصطفٰی صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم علم دیتے اور خرابیوں سے پاک کرتے ہیں تمام مسلمان ہیں کہ صحابہ کرام کے بعد قیامت تک ہوں گے۔

معالم شریف میں ہے:

قال ابن زید هم جمیع من دخل فی الاسلام بعد النبی صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم (الٰی یوم القیٰمة) وهی روایة ابن نجیح عن مجاهد[2]

ابن زید نے فرمایا، یہ دوسرے لوگ تمام اہلِ اسلام ہیں کہ مصطفٰی صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے بعد قیامت تک اسلام میں داخل ہوں گے۔ اور یہی معنی امام مجاہد شاگرد حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما سے ابن ابی نجیح نے روایت کئے۔

الحمدُ للہ! قرآنِ عظیم میں حضور پرنور سیّدِ عالم صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی ان تعریفوں کا اس قدر اہتمام ہے کہ چار جگہ یہ اوصاف بیان فرمائے، دو جگہ سورۂ بقرہ، تیسرے آلِ عمران، چوتھے سورۂ جمعہ، اور اس کے آخر میں تو وہ جانفزا کلمے ارشاد ہوئے جنھوں نے ہم خفتہ بختوں کی

---

[1] انوار التنزیل (تفسیر بیضاوی) تحت الآیۃ ۶۲/ ۳ دار الفکر بیروت ۵/ ۳۳۷
[2] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) ؍؍ ؍؍ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۴/ ۳۱۱

تقدیر جگا دی بیمار دلوں پہ بجلی گرا دی، والحمد للہ رب العٰلمین ۔

**آیت ۲۶ :** جب ابولبابہ وغیرہ بعض صحابہ رضی اللہ تعالٰی عنہم نے، غزوۂ تبوک میں ہمراہِ رکاب سعادت حاضر نہ ہوئے تھے، اپنے آپ کو مسجد اقدس کے ستونوں سے باندھ دیا کہ جب تک حضور والاصلوات اللہ تعالٰی وسلامہ علیہ نہ کھولیں گے نہ کھلیں گے، آیت اتری :

خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم وتزکیھم بھا وصل علیھم ان صلوتک سکن لھم[1]

اے نبی! لے لو ان توبہ کرنے والوں کے مالوں سے صدقہ کہ تم پاک کرو انھیں اور تم ستھرا کردو انھیں گناہوں سے اس صدقے کے سبب، اور دعائے رحمت کرو ان کے حق میں کہ تمھاری دعا ان کے دلوں کا چین ہے ۔

دیکھو حضور دافع البلاء صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے انھیں گناہوں سے پاک کیا اور حضور نے بلائے گناہ ان کے سروں سے ٹالی، اور جب حضور کی دعا ان کے دلوں کا چین ہوا تو یہی دفع الم ہے صلی اللہ تعالٰی علی دافع البلاء والالم وعلٰی اٰلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم ۔

**آیت ۲۷ :**

لا یملکون الشفاعۃ الا من اتخذ عند الرحمٰن عھدا[2] ۔

اللہ عزّوجل کے یہاں شفاعت کے مالک وہی ہیں جنھوں نے رحمٰن کے ساتھ عہد و پیمان کر رکھا ہے ۔

**آیت ۲۸ :**

ولا یملک الذین یدعون من دونہ الشفاعۃ الا من شھد بالحق وھم یعلمون[3]

جنھیں مشرکین اللہ کے سوا پوجتے ہیں ان میں شفاعت کے مالک صرف وہی ہیں جنھوں نے حق کی گواہی دی اور وہ علم رکھتے ہیں (یعنی عیسٰی وعزیر و ملائکہ علیہم الصلوۃ والسلام) ۔

---

[1] القرآن الکریم ۹/ ۱۰۳

[2] " ۱۹/ ۸۷

[3] " ۴۳/ ۸۶

ان آیات میں مولیٰ تعالیٰ اپنے محبوبوں کو شفاعت کا مالک بناتا ہے اور عہد و پیمان مقرر ہو جانے سے تقویۃ الایمان کی اس بدلگامی کا منہ بھی سی دیا کہ شفاعت میں کسی کی خصوصیت نہیں جسے چاہے گا کھڑا کر دے گا۔

## آیت ۲۹:

ولا تؤتوا السفھاء اموالکم التی جعل اللہ لکم قیامًا وارزقوھم فیھا واکسوھم وقولوا لھم قولا معروفا۔[1]

نادانوں کو اپنے مال کہ خدا نے تمہاری ٹیک بنائے ہیں نہ دو اور انھیں ان میں سے رزق دو اور کپڑے پہناؤ اور اُن سے اچھی بات کہو۔

## آیت ۳۰:

واذا حضر القسمۃ اولوا القربیٰ والیتامیٰ والمساکین فارزقوھم منہ وقولوا لھم قولاً معروفا۔[2]

جب ترکہ بانٹتے وقت قرابت والے اور یتیم اور مسکین آئیں تو انھیں اس میں سے رزق دو اور ان سے اچھی بات کہو۔

ان آیات میں بندوں کو حکم فرماتا ہے کہ تم رزق دو۔

## آیت ۳۱:

اذ یوحی ربک الی الملٰئکۃ انّی معکم فثبتوا الذین اٰمنوا۔[3]

جب وحی بھیجی تیرے رب نے فرشتوں کو کہ میں تمہارے ساتھ ہوں تم ثابت قدمی دو ایمان والوں کو۔

## آیت ۳۲:

فالمدبّرات امرًا۔[4]

قسم ہے ان فرشتوں کی کہ تمام کاروبارِ دنیا اُن کی تدبیر سے ہے۔

یہ صفت بھی بالذات ذاتِ الٰہی جل وعلا کی ہے۔ قال اللہ تعالیٰ:

---

[1] القرآن الکریم ۴/۵
[2] ″ ۴/۸
[3] ″ ۸/۱۲
[4] ″ ۷۹/۵

يدبّر الامر[1] (اللہ تعالٰی کام کی تدبیر فرماتا ہے۔ ت)

خازن و معالم التنزیل میں ہے :

قال ابن عباس ھم الملٰئکۃ وُکّلوا باموراعرفھم اللہ عزوجل العمل بھا قال عبد الرحمٰن بن سابط یدبرالامرفی الدنیا اربعۃ جبریل ومیکائیل و ملک الموت واسرافیل علیھم السلام، امّا جبریل فموکل بالریاح والجنود و امّا میکائیل فموکّل بالمطر والنبات و امّا ملک الموت فموکل بقبض الانفس و امّا اسرافیل فھو ینزل علیھم بالامر[2]

یعنی عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا: یہ مدبّرات الامر ملائکہ ہیں کہ اُن کاموں پر مقرر کیے گئے جن کی کارروائی اللہ عزّوجل نے انھیں تعلیم فرمائی۔ عبدالرحمٰن بن سابط نے فرمایا: دنیا میں چار فرشتے کاموں کی تدبیر کرتے ہیں جبریل، میکائیل، عزرائیل، اسرافیل علیہم السلام۔ جبریل تو ہواؤں اور لشکروں پر موکل ہیں (کہ ہوائیں چلانا، لشکروں کو فتح و شکست دینا ان کے متعلق ہے)، اور میکائیل باراں و روئیدگی پر مقرر ہیں (کہ مینہ برساتے اور درخت اور گھاس اور کھیتی اُگاتے ہیں)، اور عزرائیل قبضِ ارواح پر مسلّط ہیں، اسرافیل ان سب پر حکم لے کر اُترتے ہیں علیہم السلام اجمعین۔

اللہ اکبر! قرآن عظیم وہابیہ پر ایک سے ایک سخت تر آفت ڈالتا ہے۔

حدیث میں فرمایا :

القراٰن ذو وجوہ۔ رواہ ابونعیم[3] عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

قرآن متعدد معانی رکھتا ہے (اس کو ابونعیم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے انھوں نے نبی اکرم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے روایت کیا۔ ت)

---

[1] القرآن الکریم ۳۲/ ۵

[2] لباب التاویل (تفسیر الخازن) تحت الآیۃ ۷۹/ ۵ دارالکتب العلمیۃ بیروت ۴/ ۳۹۱

معالم التنزیل (تفسیر البغوی) " " " " " ۴/ ۴۱۱

[3] کنز العمال بحوالہ ابی نعیم عن ابن عباس حدیث ۲۴۶۹ مؤسسۃ الرسالۃ " ۱/ ۵۵۱

علماء فرماتے ہیں قرآن عظیم اپنے ہر معنے پر حجت ہے۔

ولم یزل الائمة یحتجون بہٖ علٰی وجوھہ و ذٰلک من اعظم وجوہ اعجازہ وقد فصلنا ھذا الامر فی رسالتنا الزُّلَالِ الاَنْقٰی من بحر سبقۃ الاتقٰی۔

ائمہ کرام ہمیشہ قرآن کے تمام معانی سے استدلال کرتے رہے ہیں۔ اور یہ بات قرآن مجید کے وجوہِ اعجاز میں سے عظیم ترین وجہ ہے۔ اس کی تفصیل ہم نے اپنے رسالہ "الزلال الانقی من بحر سبقة الاتقی" میں بیان کردی ہے۔ (ت)

اب اسی آیۂ کریمہ کے دوسرے معنی لیجئے۔ تفسیر بیضاوی شریف میں ہے؛

اوصفات النفوس الفاضلۃ حال المفارقۃ فانھا تنزع عن الابدان غرقا ای نزعاً شدیدًا من اغراق النازع فی القوس وتنشط الٰی عالم الملکوت وتسبح فیہ وتسبق الٰی حظائر القدس فتصیر لشرفھا وقوتھا من المدبرات[1]

یعنی یا ان آیاتِ کریمہ میں اللہ عزوجل ارواحِ اولیاءِ کرام کا ذکر فرماتا ہے جب وہ اپنے مبارک بدنوں سے انتقال فرماتی ہیں کہ جسم سے بقوتِ تمام جُدا ہوکر عالمِ بالا کی طرف سبک خرامی اور دریائے ملکوت میں شناوری کرتی حظیرہائے حضرتِ قدس تک جلد رسائی پاتی ہیں پس اپنی بزرگی وطاقت کے باعث کاروبارِ عالم کے تدبیر کرنے والوں سے ہوجاتی ہیں۔

اب تو بحمد اللہ تعالٰی اولیاءِ کرام بعد وصال عالم میں تصرف کرتے اور اس کے کاموں کی تدبیر فرماتے ہیں، فللہ الحجۃ البالغۃ۔

علامہ احمد بن محمد شہاب خفاجی عنایۃ القاضی وکفایۃ الراضی میں امام حجۃ الاسلام محمد غزالی قدس سرہ العالی وامام فخر رازی رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ سے اس معنی کی تائید میں نقل فرماتے ہیں؛

ولذا قیل اذا تحیرتم فی الامور فاستعینوا من اصحاب القبور الا انہ لیس بحدیثٍ کما توھم ولذا اتفق الناس علٰی زیارۃ مشاھد السلف والتوسل بھم الی اللہ وان انکرہ بعض الملاحدۃ فی عصرنا والمشتکٰی الیہ ھو اللہ[2] لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

---

[1] انوار التنزیل (تفسیر البیضاوی) تحت الآیۃ ۷۹/ ۵ دار الفکر بیروت ۵/ ۴۴۵

[2] عنایۃ القاضی وکفایۃ الراضی (حاشیۃ الشہاب علی البیضاوی) ،، دار الکتب العلمیۃ بیروت ۹/ ۳۹۹

یعنی اس لئے کہا گیا کہ جب تم کاموں میں متحیر ہو تو مزاراتِ اولیاء سے مدد مانگو، مگر یہ حدیث نہیں ہے جیسا کہ بعض کو وہم ہوا۔ اور اسی لئے مزاراتِ سلف صالحین کی زیارت اور انھیں اللہ عزّ وجل کی طرف وسیلہ بنانے پر مسلمانوں کا اتفاق ہے اگرچہ ہمارے زمانے میں بعض ملحد بے دین لوگ اس کے منکر ہوئے، اور خدا ہی کی طرف ان کے فساد کی فریاد ہے۔

ولاحول ولاقوۃ الّاباللہ العلی العظیم ہاں میں نے کہا تھا کہ یہ صفت حضرت عزّت کی ہے، نہیں نہیں یہ خاص صفت اسی کی ہے۔ رب عزّ وجل فرماتا ہے:

قل من یرزقکم من السماء والارض امن یملك السمع والابصار ومن یخرج الحی من المیت ویخرج المیت من الحی ومن یدبر الامر فسیقولون اللہ ج فقل افلا تتقون[1]

اے نبی! ان کافروں سے فرماؤ وہ کون ہے جو تمھیں آسمان و زمین سے رزق دیتا ہے یا کون مالک ہے کان اور آنکھوں کا، اور کون نکالتا ہے زندہ کو مُردے سے اور نکالتا ہے مُردے کو زندہ سے، اور کون تدبیر کرتا ہے کام کی، اب کہہ دیں گے کہ اللہ، تو فرما پھر ڈرتے کیوں نہیں۔

قرآن عظیم خود ہی فرماتا ہے کہ یہ صفت اللہ عزّ وجل کے لئے ایسی خاص ہے کہ کافر مشرک تک اس کا اختصاص جانتے ہیں اُن سے بھی پوچھو کہ کام کی تدبیر کرنے والا کون ہے، تو اللہ ہی کو بتائیں گے دُوسرے کا نام نہ لیں گے۔ اور خود ہی اس صفت کو اپنے مقبول بندوں کے لئے ثابت فرماتا ہے کہ: "قسم ان محبوبانِ خدا کی جو عالم میں تدبیر و تصرف کرتے ہیں"۔ ایمان سے کہنا وہابیت کے دھرم پر قرآن عظیم شرک سے کیونکر بچا۔ آئے ناپاک طائفے کی سنگت والو! جب تک ذاتی اور عطائی کے فرق پر ایمان نہ لاؤ گے کبھی قرآن و حدیث کے قہروں سے پناہ نہ پاؤ گے، اور اس پر ایمان لاتے ہی یہ تمھاری شرکیات کے راگ متعلقہ تدبیر و تصرف و استمداد و استعانت و دافع البلا و حاجت روا و مشکلکشا و علم غیب و ندا وغیرہا سب کافور ہو جائیں گے اور اللہ تعالٰی کے مبارک منصور (نصرت دیئے گئے، مدد دیئے گئے) بندے آنکھوں دیکھے منصور نظر آئیں گے۔

الا ان حزب اللہ ھم الغٰلبون۔

---

[1] القرآن الکریم ۱۰/ ۳۱

توبیشک اللہ ہی کا گروہ غالب ہے۔ (ت)

آیت ۳۳:

قل یتوفّٰکم ملك الموت الذی وکّل بکم [1]

تُو فرما تمھیں موت دیتا ہے وہ مرگ کا فرشتہ جو تم پر مقرر ہے۔

آیت ۳۴:

توفّتہ رسلنا [2]

موت دی اسے ہمارے رسولوں نے۔

حالانکہ خود فرماتا ہے:

اللہ یتوفی الانفس [3]

اللہ ہے کہ موت دیتا ہے جانوں کو۔

آیت ۳۵:

لاھب لك غلٰمًا زکیّا [4]

(جبریل نے مریم سے کہا) کہ میں عطا کروں تجھے ستھرا بیٹا، صلے اللہ تعالٰی علیہم وسلم۔ اللہ اللہ اب تو جبریل بیٹا دے رہے ہیں، بھلا نجدیہ کے یہاں اس سے بڑھ کر اور کیا شرک ہوگا! ولاحول ولا قوۃ الّا باللہ العلی العظیم۔

وہابیہ تو اسی کو روتے تھے کہ محمد بخش، احمد بخش نام رکھنا شرک ہے، یہاں قرآنِ عظیم سیّدنا عیسٰی علیہ الصلٰوۃ والتسلیم کو جبریل بخش بتا رہا ہے وللہ الحجّۃ السّامیۃ۔

آیت ۳۶:

فان اللہ ھو مولٰہ وجبریل وصالح المؤمنین والملٰئکۃ بعد ذٰلك ظھیر [5]

---

[1] القرآن الکریم ۳۲/ ۱۱
[2] " ۶/ ۶۱
[3] " ۳۹/ ۴۲
[4] " ۱۹/ ۱۹
[5] " ۶۶/ ۴

بیشک اللہ اپنے نبی کا مددگار ہے اور جبریل اور نیک مسلمان اور اس کے بعد سب فرشتے مدد پر ہیں۔

حدیث میں ہے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا:

صالح المؤمنین ابوبکر وعمر۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر[1] وابن مردویۃ والخطیب عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

یہ نیک مسلمان ابوبکر صدیق و عمر فاروق ہیں رضی اللہ تعالےٰ عنہما (طبرانی نے کبیر میں اور ابن مردویہ اور خطیب نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کو روایت کیا۔ ت)

بلکہ سیدنا اُبی بن کعب رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی قراءت میں یوں ہی تھا:

وصالح المؤمنین ابوبکر وعمر والملئکۃ بعد ذٰلک ظھیر[2]

نیک مسلمان ابوبکر و عمر اور اس کے بعد فرشتے مدد پر ہیں (ت)

یہاں اللہ عزوجل اپنے نام مبارک کے ساتھ اپنے محبوبوں کو فرماتا ہے اللہ اور جبریل اور ابوبکر و عمر مددگار ہیں۔

آیت ۳۷:

انی وجدت امرأۃ تملکھم واوتیت من کل شیئ ولھا عرش عظیم[3]

(ہُدہُد نے ملکِ سبا سے آکر سیدنا سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کی) میں نے ایک عورت پائی کہ وُہ اُن کی مالک ہے اور اسے سب کچھ دیا گیا ہے اور اس کا بڑا تخت ہے۔

یہاں بادشاہ کو رعایا کا مالک فرمایا تو رعایا کہ آزاد و غلام سب اس کے مملوک ہوئے مگر کوئی اگر محبوبانِ خدا کو اپنا مالک اور اپنے آپ کو اُن کا بندہ مملوک کہے وہابیہ کے دین میں شرک ٹھہرے۔

---

[1] المعجم الکبیر حدیث ۱۰۴۷۷ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱۰/ ۲۰۶

[2] الدر المنثور بحوالہ ابن مردویہ وابی نعیم تحت الآیۃ ۶۶/ ۴ دار احیاء التراث العربی بیروت ۸/ ۲۰۸ و ۲۰۹

[3] القرآن الکریم ۲۷/ ۲۳

## آیت ۳۸ :

ومن احیاھا فکانّما احیا الناس جمیعًا۔[1]

جس نے ایک جان کو زندہ کیا اس نے گویا سب آدمیوں کو جِلا لیا۔

یہ آیت اُس کے بارے میں ہے جس نے کسی کے قتلِ ناحق سے احتراز کیا یا قاتل سے قصاص نہ لیا چھوڑ دیا اسے فرماتا ہے کہ اس نے اس شخص کو زندہ کیا اور ایک اُسی کو کیا گویا تمام آدمیوں کو جلا لیا۔

معالم شریف میں ہے :

ومن احیاھا وتورّع عن قتلھا۔[2]

اور جس نے ایک جان کو زندہ کیا اور اس کے قتل سے اجتناب کیا (ت)

اُس میں ہے :

ومن احیاھا ای عفا عمّن وجب علیہ القصاص لہٗ فلو یقتلہ۔[3]

اور جس نے اسے زندہ کیا یعنی جو قصاص اس پر واجب ہو چکا تھا وہ معاف کر دیا اور قصاص میں اس کو قتل نہیں کیا۔ (ت)

وہابی صاحب بتائیں کہ دفعِ بلا زیادہ ہے یا زندہ کرنا، جِلا لینا، حیات دینا۔

## آیت ۳۹ :

اَلا ترون انّی اُوف الکیل وانا خیر المنزلین۔[4]

یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے بھائیوں سے فرمایا کیا تم دیکھتے نہیں کہ میں پورا پیمانہ عطا فرماتا ہوں اور میں سب سے بہتر اتارنے والا ہوں کہ جو میرے سایۂ رحمت میں اُترتا ہے اسے وہ راحت بخشتا ہوں کہ کہیں نہیں ملتی۔

یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تو یہ فرمایا، اور رب عزوجل نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام

---

[1] القرآن الکریم ۵ / ۳۲

[2] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۵ / ۳۲ دار الکتب العلمیۃ بیروت ۲ / ۲۵

[3] 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

[4] القرآن الکریم ۱۲ / ۵۹

سے فرماتا ہے :

وقل رب انزلنی منزلا مبارکا وانت خیر المنزلین[1]

اے نوح! جب تو اور تیرے ساتھ والے کشتی پر ٹھیک بیٹھ لیں تو میری حمد بجالانا اور یوں عرض کرنا کہ اے رب میرے! مجھے برکت والا اتارنا اتار اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے ۔

یہ اللہ عزوجل کی خاص صفت نبی صدیق علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے لئے کیسی ثابت فرمائی اور جب نبی صدیق صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سب سے بہتر اتارنے والے راحت و نعمت بخشنے والے ہوئے تو دافع البلاء سے بھی بڑھ کر ہوئے کما لا یخفی (جیساکہ پوشیدہ نہیں۔ ت)۔

## آیت ۴۰ :

انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلوۃ ویؤتون الزکوۃ وھم راکعون[2]

یعنی اے مسلمانو! تمھارا مددگار نہیں مگر اللہ اور اس کا رسول اور وہ ایمان والے جو نماز قائم رکھتے اور زکوۃ دیتے اور وہ رکوع کرنے والے ہیں ۔

**اقول** (میں کہتا ہوں۔ ت) یہاں اللہ اور رسول اور نیک بندوں میں مدد کو منحصر فرمادیا کہ بس یہی مددگار ہیں تو ضرور یہ مدد خاص ہے جس پر نیک بندوں کے سوا اور لوگ قادر نہیں عام مددگاری کا علاقہ تو ہر مسلمان کے ساتھ ہے ۔ قال تعالی :

والمؤمنون والمؤمنت بعضھم اولیاء بعض[3]

مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے مددگار ہیں ۔

حالانکہ خود ہی دوسری جگہ فرماتا ہے :

مالھم من دونہ ولی[4]

اللہ کے سوا کسی کا کوئی مددگار نہیں ۔

---

[1] القرآن الکریم ۲۳ / ۲۹

[2] " ۵ / ۵۵

[3] " ۹ / ۷۱

[4] " ۱۸ / ۲۶

معالم میں ہے:

(مالھم) ای مالاھل السمٰوٰت والارض (من دونہ) ای من دون اللہ (من ولیّ) ناصر[1]

نہیں ہے ان کے لئے یعنی آسمان اور زمین والوں کے لئے سوا اُس کے یعنی سوا اللہ تعالٰی کے کوئی ولی یعنی مددگار۔ (ت)

وہابی صاحبو! تمہارے طور پر معاذ اللہ کیسا کھلا شرک ہُوا کہ قرآن نے خدا کی خاص صفت امداد کو رسول وصلحا کے لئے ثابت کیا جسے قرآن ہی جابجا فرماچکا تھا کہ یہ اللہ کے سوا دوسرے کی صفت نہیں، مگر بحمداللہ اہلِ سنّت دونوں آیتوں پر ایمان لاتے اور ذاتی اور عطائی کا فرق سمجھتے ہیں، اللہ تعالٰی بالذات مددگار ہے، یہ صفت دوسرے کی نہیں، اور رسول واولیاء اللہ کے قدرت دینے سے مددگار ہیں وللہ الحمد۔ اب اتنا اور سمجھ لیجئے مدد کاہے کے لئے ہوتی ہے؟ دفعِ بلاء کے واسطے۔ توجب رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اور اللہ کے مقبول بندے بنصِ قرآن مسلمانوں کے مددگار ہیں تو قطعاً دافع البلاء بھی ہیں، اور فرق وہی ہے کہ اللہ سبحانہ، بالذات دافع البلاء ہے اور انبیاء واولیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بعطائے خدا، والحمدللہ العلی الاعلٰی۔

## پنج آیت از توراۃ وانجیل وزبورِ مقدسہ

**آیت ۴۱، توراۃ شریف:** امام بخاری حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہما اور دارمی وطبرانی ویعقوب بن سفیان حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی کہ توراۃ مقدس میں حضور پُرنور دافع البلاء صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی صفت یُوں ہے:

یاایھا النبی انا ارسلنٰک شاھدًا ومبشرا ونذیرا وحرزا للامیین (الٰی قولہ تعالٰی) یعفو ویغفر[2]

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۱۸/ ۲۶ دار الکتب العلمیہ بیروت ۳/ ۱۳۲

[2] سنن الدارمی باب صفۃ النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فی الکتب قبل مبعثہ دار المحاسن للطباعۃ قاہرہ ۱/ ۱۴
دلائل النبوۃ للبیہقی باب صفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی التوراۃ والانجیل دار الکتب العلمیہ بیروت ۱/ ۳۷۶
صحیح البخاری کتاب البیوع ۱/ ۲۸۵ وکتاب التفسیر سورۃ الفتح ۲/ ۷۱۷ قدیمی کتب خانہ کراچی
الخصائص الکبرٰی باب ذکرہ فی التوراۃ والانجیل الخ مرکز اہلسنت گجرات الہند ۱/ ۱۰
الطبقات الکبرٰی لابن سعد ذکر صفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی التوراۃ والانجیل دار صادر بیروت ۱/ ۳۶۰ و ۳۶۲

اے نبی! ہم نے تجھے بھیجا گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا اور بے پڑھوں کے لئے پناہ (الیٰ قولہ تعالیٰ) معاف فرماتا ہے اور مغفرت فرماتا ہے۔

حِرز بھی رب العزت جل وعلا کی صفات سے ہے۔ حدیث میں ہے:

یا حِرز الضعفاء یا کنز الفقراء[1]

اے ضعیفوں کی پناہ، اے غریبوں کے خزانے!۔

علامہ زرقانی شرح مواہب شریفہ میں فرماتے ہیں:

جعله نفسه حِرزاً مبالغة لحفظه لهم فی الدارین[2]

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پناہ دینے والے ہیں مگر رب تبارک وتعالیٰ نے حضور کو بطور مبالغہ خود پناہ کہا (جیسے عادل کو عدل یا عالم کو علم کہتے ہیں اور اس وصف کی وجہ یہ ہے کہ) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا وآخرت میں اپنی امت کے محافظ ونگہبان ہیں۔

والحمد للہ رب العلمین۔

**آیت ۴۲، از توراۃ:** ہاں ہاں خبردار ہوشیار، اے نجدیانِ نابکار، ذرا کمسن نو پیدا عیارہ خام پارہ وہابیت ناکارہ کے ننھے سے کلیجے پر ہاتھ دھر لینا توراۃ وزبور کی دو۲ آیتیں تلاوت کی جائیں گی نوخیز وہابیت کی نادان جان پر قہر الٰہی کی بجلیاں گرائیں گی افسوس تمہیں توراۃ وزبور کی تکذیب کرتے کیا لگتا تھا جب تم قرآن کی نہ سنو اللہ کا کذب تم ممکن گنو مگر جان کی آفت گلے کا غُل تو یہ ہے کہ یہ آیات جناب شاہ عبدالعزیز صاحب نے نقل فرمائیں کلام الٰہی بتائیں، یہ امام الطائفہ کے نسب کے چچا، شریعت کے باپ، طریقت کے دادا۔ اب انہیں نہ مشرک کہے بنتی ہے نہ کلام الٰہی پر ایمان لانے کو نُوڈھی وہابیت ملتی ہے، نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن (نہ رہنے کا یارا، نہ چلنے کی تاب۔ ت) ؎

دوگونہ رنج وعذاب است جانِ لیلیٰ را — بلائے صحبتِ مجنوں و فرقتِ مجنوں

(لیلیٰ کی جان کو دو۲ قسم کا دکھ اور عذاب ہے، مجنوں کی صحبت اور اس کی جدائی کی مصیبت۔ ت)

---

[1]

[2] شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیۃ

ہاں اب ذرا گھبرائے دلوں، شرماتی چِتونوں سے لجاتی انکھڑیاں اُوپر اُٹھائیے اور بحمد اللہ وہ سُنئے کہ ایمان نصیب ہو تو سُنّی ہو جائیے۔ جناب شاہ صاحب تحفہ اثنا عشریہ میں لکھتے ہیں توراۃ کے سفر چہارم میں ہے:

قال اللہ تعالیٰ لابراھیم انّ ھاجرۃ تلد ویکون من ولدھا من یدہ فوق الجمیع وید الجمیع مبسوطۃ الیہ بالخشوع [۱]

اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے فرمایا بیشک ہاجرہ کے اولاد ہوگی اور اس کے بچّوں میں وُہ ہوگا جس کا ہاتھ سب پر بالا ہے اور سب کے ہاتھ اس کی طرف پھیلے ہیں عاجزی اور گڑگڑانے میں۔

وہ کون؟ —— محمد رسول اللہ سیّد الکون معطی العون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم —— قربان تیرے اے بلند ہاتھ والے، اے دو جہان کے اُجالے۔ حمد اس کے وجہِ کریم کو جس نے ہماری عاجزی و محتاجی کے ہاتھ ہر لئیم بے قدرت سے بچائے، اور تجھ جیسے کریم رؤف ورحیم کے سامنے پھیلائے، والحمد للہ ربّ العٰلمین ۔

اُسے حمد جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا
ہمیں بھیک مانگنے کو ترا آستاں بتایا [۲]

**آیت ۴۳، از زبور مقدس:** نیز تحفہ میں زبور شریف سے منقول:

یا احمد فاضت الرحمۃ علیٰ شفتیک من اجل ذٰلک اُبارِک علیک فتقلد السیف فانّ بہائک وحمدک الغالب (الیٰ قولہ) والامم یخرون تحتک کتاب حق جاء اللہ بہ من الیمن والتقدیس من جبل فاران وامتلاءت الارض من تحمید احمد وتقدیسہ وملک الارض ورقاب الامم [۳]

اے احمد! رحمت نے جوش مارا تیرے لبوں پر، مَیں اس لئے تجھے برکت دیتا ہوں، تُو اپنی تلوار حمائل کر کہ تیری چمک اور تیری تعریف غالب ہے، سب اُمتیں تیرے قدموں میں گریں گی،

---

[۱] تحفہ اثنا عشریہ باب ششم در بحثِ نبوت و ایمان انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سہیل اکیڈمی لاہور ص ۱۶۹

[۲] حدائقِ بخشش مکتبہ رضویہ کراچی حصہ دوم ص ۵۳

[۳] تحفہ اثنا عشریہ باب ششم در بحث نبوت و ایمان انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سہیل اکیڈمی لاہور ص ۱۶۹

سچی کتاب لایا اللہ برکت و پاکی کے ساتھ مکّہ کے پہاڑ سے، بھر گئی زمین احمد کی حمد اور اس کی پاکی بولنے سے، احمد مالک ہوا ساری زمین اور تمام امتوں کی گردنوں کا، صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم۔

اے احمد پیارے صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے مملوکو! خوشی وشادمانی ہے تمھارے لئے، تمھارا مالک پیارا سراپا کرم سراپا رحمت ہے، والحمد للہ رب العٰلمین ؎

عہد ما با لب شیریں دہناں بست خدا ئے　　ما ہمہ بندہ و ایں قوم خداوندانند[1]

(ہمارا عہد وپیمان اللہ تعالٰی نے میٹھے منہ والوں کے لبوں کے ساتھ باندھ دیا ہے
ہم سب غلام ہیں اور یہ قوم مالکوں کی ہے۔ ت)

؎ میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا[2]

ولہذا حضرت امام اجل عارف باللہ سیدی سہل بن عبداللہ تستری رضی اللہ تعالٰی عنہ، پھر امام اجل قاضی عیاض شفا شریف، پھر امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں نقلاً و تذکیراً، پھر علامہ شہاب الدین خفاجی مصری نسیم الریاض، پھر علامہ محمد بن عبدالباقی زرقانی شرح مواہب میں شرحاً وتفسیراً فرماتے ہیں:

من لم یر ولایۃ الرسول علیہ فی جمیع احوالہ ویر نفسہ فی ملکہ لایذوق حلاوۃ سنتہ[3]

جو ہر حال میں نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو اپنا والی اور اپنے آپ کو حضور کی مِلک نہ جانے وہ سنتِ نبی صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی حلاوت سے اصلاً خبردار نہ ہوگا۔

والعیاذ باللہ رب العٰلمین۔

---

[1]

[2] حدائق بخشش　مکتبہ رضویہ آرام باغ کراچی　حصہ اول　ص ۲

[3] الشفاء بتعریف حقوق المصطفٰی　الباب الثانی لزوم محبتہ صلے اللہ علیہ وسلم　دارالکتب العلمیۃ بیروت　۲/ ۱۳

نسیم الریاض فی شرح الشفاء القاضی عیاض　〃　〃　〃　مرکز اہلسنت گجرات ہند ۳/ ۳۴۶، ۳۴۷

المواہب اللدنیۃ　المقصد السابع　المکتب الاسلامی بیروت　۳/ ۲۹۹، ۳۰۰

شرح الزرقانی علی المواہب اللدنیۃ　الفصل الاول　دارالمعرفۃ بیروت　۶/ ۳۱۳

فوائد فقیر صاحب حاشیہ

**فائدہ عظیمہ:** الحمدُ للہ سُنّیوں کی اقبالی ڈگری۔ ان آیاتِ توراۃ وزبور پر فقیر غفراللہ تعالیٰ لہ کو دو آیت تورات و انجیل مبارک مع چند احادیث کے یاد آئیں مگر ان کے ذکر سے پہلے امام الطائفہ کے ایک انجان پنے کا اقرار سُن لیجئے۔ تقویۃ الایمان فصل ثانی اشراک فی العلم کے شروع میں لکھا:

"جس کے ہاتھ میں کُنجی ہوتی ہے قفل اسی کے اختیار میں ہوتا ہے جب چاہے کھولے جب چاہے نہ کھولے"۔[1] انتہیٰ

بھولا نادان لکھتے تو لکھ گیا مگر ؎

کیا خبر تھی انقلابِ آسماں ہو جائے گا
دینِ نجدی پائمالِ سُنّیاں ہو جائے گا

غریب مسکین کیا جانتا تھا کہ وُہ تو چند ورق بعد یہ کہنے کو ہے کہ:

"جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں"۔[2]

یہاں اس کے قول سے تمام عالم پر محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اختیارِ تام ثابت ہو جائے گا۔ بیچارے مسکین عزیز کے دھیان میں اُس وقت یہی لوہے پیتل کی کنجیاں تھیں جو جامع مسجد کی سیڑھیوں پر بساطی[ف] پیسے پیسے بیچتے، اس کی خواب میں بھی خیال نہ تھا کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رب جل وعلا نے اس بادشاہِ جبار جلیل الاقتدار عظیم الاختیار صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کیا کیا کنجیاں عطا فرمائی ہیں، ہاں ہم سے سُن اور وُہ سُن کہ سُنّی ہو جا۔

## آیات و احادیث عطائے مفاتیح عالم بحضور پُرنور مولائے اعظم صلی اللہ علیہ وسلم

**آیت ۴۴، از توراۃ شریف:** بیہقی و ابونعیم دلائل النبوۃ میں حضرت ام الدرداء سے راوی میں نے کعب احبار سے پوچھا: تم توراۃ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت

---

ف: بساطی، خردہ فروش، ضرورت کی چھوٹی موٹی چیزیں بیچنے والا۔

---

[1] تقویۃ الایمان الفصل الثانی مطبع علیمی اندرون لوہاری دروازہ لاہور ص ۱۴
[2] 〃 الفصل الرابع 〃 〃 〃 〃 〃 〃 ۲۸

کیا پاتے ہو؟ کہا: حضور کا وصف توراتِ مقدس میں یوں ہے:

محمد رسول الله اسمه المتوکل لیس بفظٍ ولا غلیظ ولا سخاب فی الاسواق واعطی المفاتیح لیبصّر الله به اَعینا عورًا ویسمع به اٰذانا صُمًّا ویقیم به اَلسِنة معوجة حتی یشهد وان لا اله الا الله وحده لا شریك له یعین المظلوم ویمنعه من ان یستضعف[1]

محمد اللہ کے رسول ہیں ان کا نام متوکل ہے، نہ درشت خو ہیں نہ سخت گو، نہ بازاروں میں چلّانے والے، وہ کنجیاں دیئے گئے ہیں تاکہ اللہ تعالٰی ان کے ذریعہ سے پھوٹی آنکھیں بینا اور بہرے کان شنوا اور ٹیڑھی زبانیں سیدھی کردے یہاں تک کہ لوگ گواہی دیں کہ ایک اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اس کا ساجھی نہیں، وہ نبی کریم ہر مظلوم کی مدد فرمائیں گے اور اسے کمزور سمجھے جانے سے بچائیں گے۔

**آیت ۴۵، از انجیل جلیل:** حاکم بافادۂ تصحیح اور ابن سعد و بیہقی و ابونعیم روایت کرتے ام المومنین و محبوبۂ محبوب رب العالمین حضرت عائشہ صدیقہ صلی اللہ تعالٰی علٰی بعلہا و ابیہا و علیہا وسلم فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی صفت و ثنا انجیل پاک میں مکتوب ہے:

لا فظ ولا غلیظ ولا سخاب فی الاسواق واعطی المفاتیح[2] الخ مثل ما مرّ سواءً بسواءٍ۔

نہ سخت دل ہیں، نہ درشت خو، نہ بازاروں میں شور کرتے، انھیں کنجیاں عطا ہوئی ہیں۔ باقی عبارت مثلِ توراتِ مبارک ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۶۰۵ تا ۶۲۷)

---

[1] الخصائص الکبرٰی باب ذکرہ فی التوراۃ والانجیل مرکز اہلسنت گجرات الہند ۱/ ۱۱
دلائل النبوۃ للبیہقی باب صفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی التوراۃ والانجیل دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱/ ۳۷۷
[2] الخصائص الکبرٰی باب ذکرہ فی التوراۃ والانجیل الخ مرکز اہلسنت گجرات الہند ۱/ ۱۱
المستدرک للحاکم کتاب التاریخ کان اجود الناس بالخیر دار الفکر بیروت ۲/ ۶۱۴
الطبقات الکبرٰی لابن سعد ذکر صفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی التوراۃ والانجیل دار صادر بیروت ۱/ ۳۶۳

(۱۸) رسالہ "الامن والعلی" میں مزید فرمایا:

**حدیث ۸۷:** آیہ کریمہ:

قل لا اسئلکم علیہ اجرًا الا المودۃ فی القربٰی[1]

تم فرماؤ میں اس پر تم سے کچھ اُجرت نہیں مانگتا مگر قرابت کی محبت (ت)

کے اسبابِ نزول میں مروی انصار کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے حضور عاجزی کرتے ہوئے گھٹنوں کے بل کھڑے ہوئے اور عرض کی:

اموالنا و ما فی ایدینا للہ و رسولہ۔ ابناء جریر[2] و ابی حاتم و مردویۃ عن عن مِقسَم عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما۔

ہمارے مال اور ہمارے ہاتھوں میں جو کچھ ہے سب اللہ و رسول کا ہے (ابن جریر اور ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے مقسم سے اُنھوں نے ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا۔ ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۴۳۸ و ۴۳۹)

(۱۹) رسالہ مذکورہ (الامن والعلی) میں مزید فرمایا:

**اقول** نہ صرف صحابہ بلکہ تمام اہلِ اسلام اولین و آخرین سب ایسے ہی ہیں جنھیں اللہ عزّوجل نے نعمت دی اور رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے نعمت دی۔ پاک کر دینے سے بڑھ کر اور کیا نعمت ہوگی جس کا ذکر آیاتِ کریمہ میں سُن چکے کہ یُزکّیھم[3] یہ نبی انھیں پاک اور سُتھرا کر دیتا ہے بلکہ لا واللہ تمام جہان میں کوئی شے ایسی نہیں جس پر اللہ کا احسان نہ ہو اللہ کے رسول کا احسان نہ ہو۔ فرماتا ہے:

وما ارسلنٰک الا رحمۃً للعٰلمین[4]

---

[1] القرآن الکریم ۴۲/ ۲۳

[2] جامع البیان (تفسیر طبری) تحت الآیۃ ۴۲/ ۲۳ دار احیاء التراث العربی بیروت ۲۵/ ۳۲
تفسیر ابن ابی حاتم 〃 〃 مکتبۃ نزار مصطفٰی الباز مکۃ المکرمۃ ۱۰/ ۳۲۷۶
الدر المنثور بحوالہ ابن جریر و ابن ابی حاتم و ابن مردویہ 〃 دار احیاء التراث العربی بیروت ۷/ ۲۹۹

[3] القرآن الکریم ۲/ ۱۲۹

[4] 〃 ۲۱/ ۱۰۷

ہم نے نہ بھیجا تمھیں مگر رحمت سارے جہان کے لئے۔

جب وہ تمام عالم کے لئے رحمت ہیں تو قطعاً سارے جہان پر ان کی نعمت ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اہلِ کفر و اہلِ کفران اگر نہ مانیں تو کیا نقصان ؎

راست خواہی ہزار چشم چناں　　　کور بہتر کہ آفتابِ سیاہ

(اگر سچ چاہیے تو ایسی ہزار آنکھوں کا اندھا ہونا بہتر ہے نہ کہ آفتاب کا سیاہ ہونا۔ ت) (فتاویٰ رضویہ ج ۳۰ ص ۴۸۱)

(۲۰) اُسی میں مزید فرمایا:

ملائکہ مدبرات الامر کہ تمام نظم و نسقِ عالم جن کے ہاتھوں پر ہے محمد رسول اللہ خلیفۃ اللہ الاعظم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے دائرۂ حکم سے باہر نہیں نکل سکتے۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ارسلت الی الخلق کافۃ۔ رواہ مسلم[1] عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

میں تمام مخلوقِ الٰہی کی طرف رسول بھیجا گیا (اس کو مسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ ت)

قرآن فرماتا ہے:

تبٰرک الذی نزّل الفرقان علیٰ عبدہٖ لیکون للعٰلمین نذیرا۔[2]

برکت والا ہے وہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندے پر کہ تمام اہلِ عالم کو ڈر سنانے والا ہو۔

اہلِ عالم میں جمیع ملائکہ بھی داخل ہیں علیہم الصلوٰۃ والسلام۔

سیدنا سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نمازِ عصر گھوڑوں کے ملاحظہ میں قضا ہوئی حتّٰی توارت بالحجاب[3] یہاں تک کہ سورج پردے میں جا چھپا ارشاد فرمایا ردّوھا علیّ[4] پلٹا لاؤ میری طرف۔ امیر المؤمنین مولیٰ علی کرّم اللہ وجہہ الکریم سے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں مروی کہ سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس قول میں ضمیر آفتاب کی طرف ہے اور خطاب اُن ملائکہ سے

---

[1] صحیح مسلم　کتاب المساجد و موضع الصلوٰۃ　قدیمی کتب خانہ کراچی　۱/۱۹۹

[2] القرآن الکریم ۲۵/۱

[3] 〃 ۳۸/۳۲

[4] 〃 ۳۸/۳۳

جو آفتاب پر متعین ہیں یعنی نبی اللہ سلیمان نے اُن فرشتوں کو حکم دیا کہ ڈوبے ہوئے آفتاب کو واپس لے آؤ، وہ حسب الحکم واپس لائے یہاں تک کہ مغرب ہو کر پھر عصر کا وقت ہو گیا اور سیدنا سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نماز ادا فرمائی۔ معالم التنزیل شریف میں ہے:

حُکِیَ عن علی رضی اللہ تعالٰی عنہ انہ قال معنٰی قولہ ردّوھا علیّ یقول سلیمٰن علیہ الصّلوٰۃ والسلام بامر اللہ عزّوجل للملٰئکۃ الموکّلین بالشمس ردّوھا علیّ یعنی الشمس فردّوھا علیہ حتّٰی صلی العصر فی وقتھا۔[1]

سیدنا سلیمٰن علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نوابانِ بارگاہِ رسالت علیہ افضل الصّلوٰۃ والتحیۃ سے ایک جلیل القدر نائب ہیں پھر حضور کا حکم تو حضور کا حکم ہے صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۴۸۷، ۴۸۸)

(۲۱) رسالہ "منیۃ اللبیب ان التشریع بید الحبیب" کی تذییل و تکمیل میں فرمایا:

**اقول** وباللہ التوفیق (میں کہتا ہوں اور توفیق اللہ تعالٰے سے ہے۔ ت) احکامِ الٰہی ۲ دو قسم ہیں:

تکوینیہ[1] مثل احیا و اماتت و قضائے حاجت و دفعِ مصیبت و عطائے دولت و رزق و نعمت و فتح و شکست وغیرہا عالم کے بندوبست۔

دوسرے تشریعیہ[2] کہ کسی فعل کو فرض یا حرام یا واجب یا مکروہ یا مستحب یا مباح کر دینا مسلمانوں کے سچّے دین میں ان دونوں حکموں کی ایک ہی حالت ہے کہ غیر خدا کی طرف بروجہ ذاتی احکام تشریعی کی اسناد بھی شرک۔

قال اللہ تعالٰی "ام لھم شرکاء شرعوا لھم من الدین مالم یأذن بہ اللہ۔"[2]

اللہ تعالٰے نے فرمایا کیا اُن کے لئے خدا کی الوہیت میں کچھ شریک ہیں جنھوں نے اُن کے واسطے دین میں اور راہیں نکال دی ہیں جن کا خدا نے انھیں حکم نہ دیا۔

اور بروجہ عطائی امورِ تکوین کی اسناد بھی شرک نہیں۔ قال اللہ تعالٰے:

فالمدبّرات امرًا۔[3]

قسم ان مقبول بندوں کی جو کاروبارِ عالم کی تدبیر کرتے ہیں۔

---

[1] معالم التنزیل (تفسیر البغوی) تحت الآیۃ ۳۸/ ۳۳ دار الکتب العلمیہ بیروت ۴/ ۵۲

[2] القرآن الکریم ۴۲/ ۲۱ [3] القرآن الکریم ۷۹/ ۵

مقدمۂ رسالہ میں شاہ عبدالعزیز کی شہادت سُن چکے کہ:

حضرت امیر و ذریۂ طاہرہ او را تمام اُمت بر مثال پیران و مرشدان می پرستند و امورِ تکوینیہ را بایشاں وابستہ میدانند[1]

حضرت امیر (مولا علی کرّم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم) اور ان کی اولاد کو تمام اُمّت اپنے مرشد جیسا سمجھتی ہے اور امورِ تکوینیہ کو ان سے وابستہ جانتی ہے۔ (ت)

(فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۵۱۱)

(۲۲) احکامِ تشریعیہ حضورِ اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے اختیارات کے بارے میں قرآنی آیات سے استدلال کرتے ہُوئے فرمایا:

اور اب اس قسم کی خاص دو آیتوں کا ذکر بھی محمود، اگرچہ آیاتِ گزشتہ سے بھی دو آیتوں میں یہ مطلب موجود، اور ان کے ذکر سے جب عدد آیات انصاف عقود سے متجاوز ہوگا تو تکمیل عقد کے لئے تین آیتوں کا اور بھی اضافہ ہو کہ پچاس کا عدد پُورا ہو جس طرح احادیث میں بعونہٖ تعالٰی پانچ خمسین یعنی ڈھائی سَو کا عدد کامل ہوگا، ورنہ استیعاب آیات[ع] میں منظور، نہ احادیث میں مقدور، واللہ

---

ع مثلاً یہی احکامِ تشریعیہ کی آیات بکثرت ہیں جن سے دو ہی یہاں مذکور، یُونہی اس مضمون میں کہ خلائق کو موت فرشتے دیتے ہیں، صرف دو آیتیں اُوپر گزریں، قرآن پاک میں پانچ آیتیں اس مضمون کی اور ہیں ہم ان پانچ کو یہاں ذکر کردیں کہ اوّل پانچ آیتیں کتبِ سابقہ سے مذکور ہوئی ہیں ان کے سبب پچاس پوری صرف قرآن عظیم سے ہو جائیں:

**آیت ۱:**

انّ الذین توفّٰھم الملٰئکۃ۔[2]

بیشک وہ لوگ جنھیں موت دی فرشتوں نے۔

**آیت ۲:**

جاءتھم رسلنا یتوفّونھم۔[3]

ہمارے رسول ان کے پاس آئے انھیں موت دینے کو۔

(باقی برصفحہ آئندہ)

---

[1] تحفہ اثنا عشریہ باب ہفتم در امامت سہیل اکیڈمی لاہور ص ۲۱۴

[2] القرآن الکریم ۴/ ۹۷

[3] القرآن الکریم ۷/ ۳۷

الهادی الی منائر النور، ہم پہلے وہ تین۳ آیتیں تلاوت کریں کہ پھر احکامِ تشریعیہ کا بیان آیات و احادیث سے مسلسل رہے وباللہ التوفیق۔

**آیت ۶ ۴ :**

ان کل نفس لمّا علیھا حافظ۔[۱]

کوئی جان نہیں جس پر ایک نگہبان متعین نہ ہو۔

یعنی ملائکہ ہر شخص کے حافظ و نگہبان رہتے ہیں۔

**آیت ۷ ۴ :**

الٓرٰ کتٰب انزلنٰہ الیك لتخرج الناس من الظلمٰت الی النور باذن

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

**آیت ۳ :**

ولو ترٰی اذ یتوفی الذین کفروا الملٰئکۃ۔[۲]

کاش تم دیکھو جب کافروں کو موت دیتے ہیں فرشتے۔

**آیت ۴ :**

ان الخزی الیوم والسوء علی الکٰفرین○ الذین تتوفّٰھم الملٰئکۃ ظالمی انفسھم۔[۳]

بیشک آج کے دن رسوائی اور مصیبت کافروں پر ہے جنھیں موت فرشتے دیتے ہیں اس حال میں کہ وہ اپنی جانوں پر ستم ڈھائے ہوئے ہیں۔

**آیت ۵ :**

کذٰلك یجزی اللہ المتقین○ الذین تتوفّٰھم الملٰئکۃ طیبین۔[۴]

ایسا ہی بدلہ دیتا ہے اللہ پرہیزگاروں کو جنھیں موت فرشتے دیتے ہیں پاکیزہ حالت میں۔

جعلنا اللہ منھم بفضل رحمتہ بھم اٰمین (اللہ تعالٰی ہمیں اپنے فضل و رحمت سے انھیں میں سے کر دے۔ آمین۔ ت)

---

[۱] القرآن الکریم ۸۶/ ۴ [۲] القرآن الکریم ۸/ ۵۰

[۳] 〃 ۱۶/ ۲۷، ۲۸ [۴] 〃 ۱۶/ ۳۱، ۳۲

ربھم الی صراط العزیز الحمید[1]

یہ کتاب ہم نے تمھاری طرف اتاری تاکہ تم اے نبی! لوگوں کو اندھیریوں سے نکال لو روشنی کی طرف اُن کے رب کی پروانگی سے غالب سراہے گئے کی راہ کی طرف۔

آیت ۴۸:

ولقد ارسلنا موسٰی بایٰتنا ان اخرج قومك من الظلمٰت الی النور[2]

اور بیشک بالیقین ہم نے موسٰی کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا کہ اے موسٰی! تو نکال لے اپنی قوم کو اندھیریوں سے روشنی کی طرف۔

**اقول** اندھیریاں کفر و ضلالت ہیں اور روشنی ایمان و ہدایات جسے غالب سراہے گئے کی راہ فرمایا۔ اور ایمان و کفر میں واسطہ نہیں، ایک سے نکالنا قطعاً دوسرے میں داخل کرنا ہے۔ تو آیاتِ کریمہ صاف ارشاد فرمارہی ہیں کہ بنی اسرائیل کو موسٰی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کفر سے نکالا اور ایمان کی روشنی دے دی، اس امت کو مصطفٰے صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کفر سے چھڑاتے ایمان عطا فرماتے ہیں۔ اگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا یہ کام نہ ہوتا انھیں اس کی طاقت نہ ہوتی تو رب عزوجل کا انھیں یہ حکم فرمانا کہ کفر سے نکال لو معاذ اللہ تکلیف مالایطاق تھا۔

الحمدللہ! قرآن عظیم نے کیسی تکذیب فرمائی امام وہابیہ کے اس حصر کی کہ:

"پیغمبرِ خدا نے بیان کردیا کہ مجھ کو نہ قدرت ہے نہ کچھ غیب دانی، میری قدرت کا حال تو یہ ہے کہ اپنی جان تک کے نفع و نقصان کا مالک نہیں تو دوسرے کا تو کیا کرسکوں، غرض کہ کچھ قدرت مجھ میں نہیں، فقط پیغمبری کا مجھ کو دعوٰی ہے اور پیغمبر کا اتنا ہی کام ہے کہ بُرے کام پر ڈرا دیوے اور بھلے کام پر خوشخبری سُنا دیوے، دل میں یقین ڈال دینا میرا کام نہیں، انبیاء میں اس بات کی کچھ بڑائی نہیں کہ اللہ نے عالم میں تصرف کی کچھ قدرت دی ہو کہ مرادیں پوری کردیویں یا فتح و شکست دے دیویں یا غنی کردیویں یا کسی کے دل میں ایمان ڈال دیویں، ان باتوں میں سب بندے بڑے اور چھوٹے برابر ہیں عاجز اور بے اختیار اھ ملخصا۔[3]

---

[1] القرآن الکریم ۱۴/۱ [2] القرآن الکریم ۱۴/۵

[3] تقویۃ الایمان الفصل الثانی فی رد الاشراک فی العلم مطبع علیمی اندرون لوہاری دروازہ لاہور ص ۱۴

مسلمانو! اس گمراہ کے ان الفاظ کو دیکھو اور ان آیتوں اور حدیثوں سے کہ اب تک گزریں ملاؤ دیکھو یہ کس قدر شدت سے خدا و رسول کو جھٹلا رہا ہے، خیر اُسے اس کی عاقبت کے حوالے کیجئے، شکر اس اکرم الاکرمین کا بجالائیے جس نے ہمیں ایسے کریم اکرم دائم الکریم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ہاتھ سے ایمان دلوایا ان کے کرم سے امید واثق ہے کہ بعونہٖ تعالٰی محفوظ بھی رہے ؎

تو نے اسلام دیا تو نے جماعت میں لیا

تو کریم اب کوئی پھرتا ہے عطیہ تیرا[1]

ہاں یہ ضرور ہے کہ عطائے ذاتی خاصہ خدا ہے انك لاتھدی من احببت[2] (بیشك یہ نہیں کہ تم جسے اپنی طرف سے چاہو ہدایت کردو۔ ت) وغیرہا میں اسی کا تذکرہ ہے کچھ ایمان کے ساتھ خاص نہیں پیسہ کوڑی بھی بے عطائے خدا کوئی بھی اپنی ذات سے نہیں دے سکتا ع

تا خدا ندہد سلیماں کے دہد

(جب تك خدا نہ دے سلیماں کیسے دے سکتا ہے۔ ت)

یہی فرق ہے جسے گم کرکے تم ہر جگہ بھکے اور افتؤمنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض[3] (اور خدا کے کچھ حکموں پر ایمان لاتے ہو اور کچھ سے انکار کرتے ہو۔ ت) میں داخل ہوئے۔

نسأل اللّٰه العافیة وتمام العافیة ودوام العافیة والحمد للّٰه رب العٰلمین۔

ہم اللہ تعالٰی سے کامل دائمی عافیت کا سوال کرتے ہیں اور تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں۔ (ت)

## آیت ۹۴:

قاتلوا الذین لایؤمنون باللّٰه ولا بالیوم الاٰخر ولا یحرمون ما حرم اللّٰه ورسوله[4]

لڑو ان سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ اور نہ پچھلے دن پر، اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جسے

---

[1] حدائق بخشش وصل اول مکتبہ رضویہ کراچی حصہ اول ص ۳

[2] القرآن الکریم ۲۸/ ۵۶

[3] 〃 〃 ۲/ ۸۵

[4] 〃 〃 ۹/ ۲۹

حرام کر دیا ہے اللہ اور اس کے رسول محمد صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے۔

## آیت ۵۰:

ماکان لمؤمن ولا مؤمنة اذا قضی اللہ ورسولہ امرًا ان یکون لھم الخیرة من امرھم ومن یعص اللہ ورسولہ فقد ضل ضلٰلاً مبینا۔[1]

نہیں پہنچتا کسی مسلمان مرد نہ کسی مسلمان عورت کو کہ جب حکم کریں اللہ و رسول کسی بات کا کہ انھیں کچھ اختیار رہا پنے معاملے کا اور جو حکم نہ مانے اللہ و رسول کا وہ صریح گمراہی میں بہکا۔

یہاں سے ائمہ مفسرین فرماتے ہیں حضور سید المرسلین صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے قبل طلوعِ آفتابِ اسلام زید بن حارثہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کو مول لے کر آزاد فرمایا اور متبنّٰی بنایا تھا، حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالٰی عنہا کہ حضور سید عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی پھوپھی اُمیمہ بنت عبد المطلب کی بیٹی تھیں سید عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے انھیں حضرت زید رضی اللہ تعالٰی عنہ سے نکاح کا پیغام دیا، اول تو راضی ہوئیں اس گمان سے کہ حضور اپنے لئے خواستگاری فرماتے ہیں، جب معلوم ہوا کہ زید رضی اللہ تعالٰی عنہ کے لئے طلب ہے انکار کیا اور عرض کر بھیجا کہ یا رسول اللہ! میں حضور کی پھوپھی کی بیٹی ہوں ایسے شخص کے ساتھ اپنا نکاح پسند نہیں کرتی۔ اور ان کے بھائی عبد اللہ بن جحش رضی اللہ تعالٰی عنہ نے بھی اسی بناء پر انکار کیا۔ اس پر یہ آیۂ کریمہ اتری، اسے سن کر دونوں بہن بھائی رضی اللہ تعالٰی عنہما تائب ہوئے اور نکاح ہو گیا۔[2]

ظاہر ہے کہ کسی عورت پر فرض نہیں کہ فلاں سے نکاح پر خواہی نخواہی راضی ہو جائے خصوصاً جبکہ وہ اس کا کفو نہ ہو خصوصاً جبکہ عورت کی شرافتِ خاندان کو اکبِ ثریّا سے بھی بلند و بالاتر ہو، بایں ہمہ اپنے حبیب صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا دیا ہوا پیام نہ ماننے پر رب العزۃ جل جلالہ نے بعینہٖ وہی الفاظ ارشاد فرمائے جو کسی فرض الٰہی کے ترک پر فرمائے جاتے اور رسول کے نام پاک کے ساتھ اپنا نام اقدس بھی شامل فرمایا یعنی رسول جو بات تمھیں فرمائیں وہ اگرچہ ہمارا فرض نہ تھی تو اب اُن کے فرمانے سے فرض قطعی ہو گئی مسلمانوں کو اس کے نہ ماننے کا اصلاً اختیار نہ رہا جو نہ مانے گا صریح گمراہ ہو جائے گا

---

[1] القرآن الکریم ۳۳/ ۳۶

[2] الجامع لاحکام القرآن (امام قرطبی) تحت الآیۃ ۳۳/ ۳۶ دار الکتاب العربی بیروت ۱۴/ ۱۶۵
الدر المنثور تحت الآیۃ ۳۳/ ۳۶ دار احیاء التراث العربی بیروت ۶/ ۵۲۷، ۵۲۸

دیکھو رسول کے حکم دینے سے کام فرض ہو جاتا ہے اگرچہ فی نفسہ خدا کا فرض نہ تھا ایک مباح و جائز امر تھا، ولہذا ائمۂ دین خدا و رسول کے فرض میں فرق فرماتے ہیں کہ خدا کا کیا ہوا فرض اُس فرض سے اقویٰ ہے جسے رسول نے فرض کیا ہے۔ اور ائمہ محققین تصریح فرماتے ہیں کہ احکام شریعت حضور سید عالم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو سپرد ہیں جو بات چاہیں واجب کر دیں جو چاہیں ناجائز فرمادیں، جس چیز یا جس شخص کو جس حکم سے چاہیں مستثنیٰ فرمادیں۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۵۱۴ تا ۵۱۸)

(۲۳) رسالہ مذکورہ (منیۃ اللبیب) میں فرمایا:

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیم کو بعطائے الٰہی بھی اطلاع علی الغیب کا مرتبہ نہ ملنا صریح مخالفِ قرآن ہے۔ قال اللہ تعالےٰ:

وما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء[1]

اللہ اس لئے نہیں کہ تمھیں غیب پر اطلاع کا منصب دے ہاں اپنے رسولوں سے چُن لیتا ہے جسے چاہے۔

وقال تعالےٰ:

عٰلم الغیب فلا یظہر علیٰ غیبہ احدا ۝ الا من ارتضیٰ من رسول[2]

غیب کا جاننے والا تو کسی کو اپنے غیب پر غالب و مسلّط نہیں کرتا مگر اپنے پسندیدہ رسولوں کو۔

یہاں لا یظہر غیبہ علیٰ اَحَدٍ نہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنا غیب کسی پر ظاہر نہیں فرماتا کہ اظہارِ غیب تو اولیائے کرام قدست اسرارہم پر بھی ہوتا ہے اور بذریعہ انبیاء و اولیاء علیہم الصلوٰۃ و السلام ہم پر بھی، بلکہ فرمایا، لا یظہر علیٰ غیبہ احدًا اپنے غیب خاص پر کسی کو ظاہر و غالب و مسلّط نہیں فرمایا مگر رسولوں کو۔ ان دونوں مرتبوں میں کیسا فرق عظیم ہے اور یہ اعلیٰ مرتبہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء کو عطا ہونا قرآن عظیم سے کیسا ظاہر ہے۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۵۶۸)

---

[1] القرآن الکریم ۳/ ۱۷۹
[2] 〃 ۷۲/ ۲۶، ۲۷

(۲۴) ایک وہم کا ازالہ کرتے ہوئے فرمایا:

**اقول** عموم حدیث میں حضرات خلفائے ثلثہ رضی اللہ تعالٰی عنہم بھی داخل، اور تخصیص کی اصلاً حاجت نہیں کہ ناصر کا منصور سے افضل ہونا کچھ ضرور نہیں۔ قال تعالٰی:

ینصرون اللہ ورسولہ [1]

مہاجرین اللہ و رسول کی مدد کرتے ہیں۔

وقال تعالٰی:

فان اللہ ھو مولٰہ وجبریل [2] (الآیۃ)۔

نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا مددگار اللہ ہے اور جبریل و ابوبکر و عمر و ملائکہ علیہم الصلٰوۃ والسلام۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۶۱۱)

(۲۵) نورانیتِ مصطفٰے صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بارے میں فرمایا:

حضورِ والا کا نور ہونا مسلمان کا تو ایمان ہے، حاجتِ بیان حجت نہیں مگر تبکیتِ معاندین کے لئے اس قدر اشارہ ضرور کہ حضرت حق سبحٰنہ و تعالٰی فرماتا ہے:

یٰایھا النبی انا ارسلنٰک شاھدًا و مبشرًا ونذیرًا ۝ وداعیًا الی اللہ باذنہ وسراجًا منیرًا [3]

اے نبی! ہم نے تمھیں بھیجا گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا اور خدا کی طرف بلانے والا اور چراغ چمکتا۔

یہاں سراج سے مراد چراغ ہے یا ماہ یا مہر، سب صورتیں ممکن ہیں۔ اور خود قرآنِ عظیم میں آفتاب کو سراج فرمایا:

وجعل القمر فیھن نورًا وجعل الشمس سراجًا [4]

اور بنایا پروردگار نے چاند کو نور آسمانوں میں اور بنایا سورج کو چراغ۔ (ت)

---

[1] القرآن الکریم ۵۹/۸
[2] " ۶۶/۴
[3] " ۳۳/۴۵
[4] " ۷۱/۱۶

اور فرماتا ہے :

قد جاءکم من اللہ نور وکتب مبین[1]

تحقیق آیا تمھارے پاس خدا کی طرف سے ایک نور اور کتاب روشن ۔

علماء فرماتے ہیں : یہاں نور سے مراد محمد صلے اللہ تعالے علیہ وسلم ہیں ۔

اسی طرح آیۂ کریمہ والنجم اذا ھوٰی[2] (اس پیارے چمکتے تارے محمد کی قسم جب یہ معراج سے اُترے ۔ ت) میں امام جعفر صادق اور آیۂ کریمہ وما ادرٰك ما الطارق النجم الثاقب[3] (اور کچھ تم نے جانا وہ رات کو آنے والا کیا ہے، چمکتا تارا ۔ ت) میں بعض مفسرین نجم اور نجم الثاقب سے ذاتِ پاک سیدِ لولاک مراد لیتے ہیں صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۳۰ ص ۷۰۶ و ۷۰۷)

---

[1] القرآن الکریم ۵/۱۵

[2] " ۵۳/۱

[3] " ۸۶/ ۲، ۳